TEXT PROBLEM WITHIN THE BOOK ONLY

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224237
UNIVERSAL
LIBRARY

رجسٹرڈ نمبر اے ۱۱۰۴



قیمت
ایک روپیہ ۸ آنہ

نرخنامہ اُجرت اشتہار

ایک سال	۶ ماہ	۳ ماہ	ایک ماہ
ایک صفحہ — ۱۰۰ روپیہ	۵۰ روپیہ	۲۵ روپیہ	۱۰ روپیہ
آدھ صفحہ — ۵۰ ″	۲۵ ″	۱۳ ″	۸ روپیہ
چوتھائی صفحہ — ۲۵ ″	۱۳ ″	۷ ″	۴ روپیہ

اُردو شاعری

یعنی جنوری ۱۹۳۵ء کا نگار جس میں اُردو شاعری کی تاریخ، اسکی عہد بعہد ترقی اور ہر زمانہ کے شعراء پر بسیط نقد و تبصرہ کیا گیا ہے معہ انتخاب کلام، اس کی موجودگی میں آپ کو کسی اور تذکرہ دیکھنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ اور جس میں سات مضامین اڈیٹر نگار کے لکھے ہوئے ہیں۔ حجم ۲۵۶ صفحات۔ قیمت ۴ عہ علاوہ محصول

ہندی شاعری

یعنی جنوری ۱۹۳۶ء کا نگار جس میں ہندی شاعری کی تاریخ اور اس کے تمام ادوار کا بسیط تذکرہ موجود ہے، اس میں تمام مشہور ہندو شعراء کے کلام کا انتخاب مع ترجمہ کے درج ہے۔ ہندی شاعری کی اصل قدر و قیمت کا اندازہ مقصود ہو تو اُردو میں آپ کے لئے صرف یہی ایک مجموعہ کافی ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک

تصانیف نیاز فتحپوری

نگارستان

حضرت نیاز کے بہترین ادبی مقالات اور افسانوں کا مجموعہ نگار ستان نے ملک میں جو وقیع قبول حاصل کیا اُس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اس کے متعدد مضامین غیر زبانوں میں منتقل کئے گئے۔

قیمت دو روپیہ (عہ) علاوہ محصول۔

جمالستان

اڈیٹر نگار کے مقالات ادبی کا دوسرا مجموعہ جس میں ۱۳ افسانے ۱۹۳۳ء تک کے درج ہیں۔ زبان قدرت بیان اعلیٰ تخیل اور پاکیزگی خیال کے بہترین شاہکار کے علاوہ بہت سے اجتماعی و سماجی مسایل کا حل بھی آپ کو اس مجموعہ میں نظر آئیگا۔ ہر افسانہ اور ہر مقالہ اپنی جگہ معجزۂ ادب کی حیثیت رکھتا ہے۔

قیمت چار روپیہ (للعہ)

علاوہ محصول

خریداران نگار سے ایک روپیہ کم

مکتوبات نیاز

اڈیٹر نگار کے تمام وہ خطوط جو نگار میں شائع ہوئے ہیں نیز وہ جو شائع نہیں ہوئے۔ جذبات نگاری اور سلاست بیان رنگینی اور دلچسپی کے لحاظ سے فن انشا میں یہ بالکل پہلی چیز ہے جس کے سامنے خطوط غالب بھی پھیکے معلوم ہوتے ہیں معہ تصویر حضرت نیاز ۲۰۰ پونڈ کے کاغذ پر مجلد شایع ہوئی ہے۔

قیمت دو روپیہ آٹھ آنے (عہ) علاوہ محصول۔

شہاب کی سرگزشت

حضرت نیاز کا وہ عدیم المثیل افسانہ جو اردو زبان میں بالکل پہلی مرتبہ سیرت نگاری کے اصول پر لکھا گیا ہے۔ اس کی زبان اس کی تخیل اس کی نزاکت بیان اس کی بلندی مضمون اور اسکی آرزوئے عالیہ سحر حلال کے درجہ تک پہونچتی ہے۔

قیمت ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول

ملی برقی قوام (قیمتی فی تولہ ۴ھ) صرف شیخ خورشید علی پرفیومر نظیر آباد لکھنؤ کے پتہ سے ملسکتا ہے

نگار

اڈیٹر:- نیاز فتحپوری
معاون:- جلیل عظیمی

جلد ۳۳	فہرست مضامین جنوری سنہ ۱۹۳۸ء	شمارہ ۱

ملاحظات ---------- نیاز فتحپوری ---------- ب
تمہارے لئے (نظم) ---------- شاہزادہ والاشان معظم جاہ بہادر ---- ج
تاریخ اسلامی ہند ---------- نیاز فتحپوری ---------- ۱ — ۱۲۶
خلافت و امامت ---------- ایک آزاد خیال شیعی ---------- ۱۲۷ — ۱۵۲
نغمۂ کارواں ---------- نیاز فتحپوری ---------- ۱۵۳ — ۱۶۰

ملاحظات

افسوس ہے کہ اس ماہ ملاحظات کے صفحات مجبوراً حذف کرنے پڑے مجبوری یہ کہ اگر رسالہ کی موجودہ ضخامت میں ایک صفحہ کا وزن بھی زیادہ ہو جاتا تو محصول ڈاک دوچند ادا کرنا پڑتا اور افسوس اسلئے کہ مجھے اصحاب کانگریس سے بعض نہایت ضروری باتیں کرنا تھیں، جواب فروری تک ٹل گئیں۔ قارئین نگار کو معلوم ہے کہ میں کانگرس کا حامی ہوں اور مسلم لیگ کو نہ عمومی طور پر ملک کے لئے مفید سمجھتا ہوں اور نہ خصوصی طور پر مسلمان کے لئے، لیکن اس کے یہ معنے نہیں ہیں کہ کانگرس کا موجودہ نظام یکسر نقایص سے پاک ہے اور کانگرس کی دنیا فرشتوں کی دنیا ہے جہاں گناہ و معصیت کا گزر نہیں

اسوقت مسلمانوں کی ایک بڑی جماعت کانگرس سے مطمئن نہیں ہے اور اگر ہم سیاسیات کے اُس بلند معیار کو نظر انداز کر دیں جو ملک کی آزادی کے لئے لوگوں سے صرف دیوانگی و جنون کا طلبگار ہے اور جو آسمانی مذہب سے لیکر دنیاوی تمدن تک ہر چیز کی قربانی ہم سے چاہتا ہے۔ تو ہم کو کانگرس کے ارباب حل و عقد میں اور اُن کی سیاسی تدابیر میں بعض ایسی مثالیں بھی نظر آئیں گی، جن سے یقیناً مسلمانوں کو بدگمان ہونا چاہیئے ـــــ اسوقت تک بہ سلسلۂ سیاسیات جو کچھ میں نے لکھا اس میں میرا روئے سخن صرف مسلمانوں کی طرف تھا اور میں نے اُنکو ہمیشہ یہی سمجھایا کہ مسلم لیگ سے نجات و فلاح کی توقع رکھنا بالکل بے سود ہے اور وہ بہ حالات موجودہ ایک جھوٹے ہتھیار سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی، لیکن چونکہ میں کانگرس کو کسی خاص قوم و جماعت کی ملکیت نہیں سمجھتا اس لئے اب میں ہندؤں کو مخاطب کر کے بتانا چاہتا ہوں کہ اگر مسلمانوں میں یہ خیال عام طور پر پھیلتا جاتا ہے کہ کانگرس اور ہندویت دونوں مترادف چیزیں ہیں تو اسکی ذمہ داری صرف ہندؤں پر عاید ہوتی ہے اور اگر انھوں نے کوئی توجہ نہیں کی تو کبھی ان کو یہ توقع نہ رکھنا چاہئے کہ مسلمان انکا ساتھ دے سکیں گے، خواہ اسکا نتیجہ ملک کے لئے کتنا ہی خراب کیوں نہ نکلے۔ آیندہ مہینے کے ملاحظات میں اس موضوع پر اپنے خیالات تفصیل کے ساتھ پیش کرونگا۔

اس ماہ کے رسالہ کا بڑا حصہ "اسلامی ہند کی تاریخ" کے لئے وقف ہے جس میں فتوحات سندھ سے لیکر عہد غزنوی تک کا حصہ شامل ہے۔ اس کتاب میں مغلوں کی آمد تک کے حالات درج ہونگے اور میں نہیں کہہ سکتا کہ اس کا حجم کیا ہوگا۔ اس خیال سے کہ یہ سلسلہ منقطع نہ ہونے پائے ہر ماہ ایک جزو اس کا شایع ہوتا رہے گا اور نمبر صفحات اس پر علٰحدہ ڈالدئے جائیں گے تاکہ جب یہ سلسلہ ختم ہو تو تمام اوراق کو رسالہ سے علٰحدہ کر کے کتابی صورت میں منتقل کر لیا جائے ـــــ دوسرا مسلسل مضمون جو اس ماہ سے شروع ہوتا ہے "نغمۂ کارواں" کا ہے، اس کا سلسلہ بھی برابر قایم رہیگا اور بالکل اسی طرح کہ آخر میں ایک مکمل کتاب آپ کے ہاتھ آجائے ـــــ خلافت و امامت کے متعلق "شیعی نقطۂ نظر" سے جو مضمون درج کیا جاتا ہے وہ گویا سوال و جواب کی آخری کڑی ہے جس میں اب سوائے میری تحریر کے کسی اور کڑی کے اضافہ کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ سو اس کا انتظار کیجئے، جن حضرات کو اس بحث کے تمام مضامین کے یکجا دیکھنے کا شوق ہو وہ دفتر نگار سے "خلافت و امامت" کے تینوں رسالے طلب کر لیں، جن میں ہر نام کے مضمون سے لیکر آزاد خیال شیعی عالم کے مقالہ تک تمام مضامین یکجا فراہم کر دئے گئے ہیں۔

نیاز

اسلامی ہند

نیاز فتحپوری

تمہید

تہذیب ہند کی قدامت

اگر تہذیب و مدنیت کی دنیا میں، افریقہ اپنے دریائے نیل کی وادیوں پر اور مشرق ادنیٰ دجلہ و فرات سے سیراب ہونے والی زمین پر فخر کرنے کا اہل ہے، تو مشرق بعید بھی، مصر و بابل کے دوش بدوش، ہندوستان کے ان میدانوں اور کوہستانوں کو پیش کر سکتا ہے، جہاں آریہ قوم، عہد قدیم کے اس دور میں، جب یونان و روما کی تہذیب، مستقبل البعید کی تاریکی میں معدوم تھی، جب طرائی اور مسنا کی بنیاد کو بھی زمین نے قبول نہ کیا تھا، جب داؤد کے نغموں سے دنیا ناآشنا تھی، جب ہومر کے گیتوں سے زمانہ آگاہ نہ تھا، جب کہ مسیح کے پیدا ہونے کو پورے چار ہزار برس باقی تھے، جبکہ ابراہیم خلیل اللہ کسی تبکدہ کو توڑ کر دین حنیف کی بنیاد ڈالنے کے لئے دنیا میں نہ آئے تھے، ہاں اس نہایت قدیم عہد میں بھی، اگر آریہ قوم کے مرد ایک طرف لوائے فتح و نصرت بلند کئے ہوئے تھے تو دوسری طرف ان کی عورتیں اپنے بچوں کو وہ لوریاں سنایا کرتی تھیں، جو بعد کو روما و یونان کے عہد زریں میں ان کے علم الاصنام کے لئے بیش بہا سرمایہ ثابت ہوئیں۔

تاریخ ہند کے ساتھ اہل مغرب کا سلوک

پھر ظاہر ہے کہ جو ملک اپنی تاریخی حیثیت سے اس قدر قدیم ہوگا جس کی آبادی اپنی تہذیب و شائستگی کے اعتبار سے اس درجہ پیش رو ہوگی، اس کی تاریخ کا سراغ آج جبکہ تقریباً چھ ہزار برس کا زمانہ گزر گیا ہے، کیا کچھ دلچسپ نہ ہوگا اور اس کی داستان اپنے اندر کیا کیا عجائب و غرائب نہ رکھتی ہوگی۔ لیکن دنیا کا کیسا افسوسناک واقعہ ہے کہ مغرب جسے عہد حاضر میں اپنی ترقی علم و حکمت پر ہزاروں ناز ہیں اور جو اپنی تحقیق و تنقید کے زعم پر ہر غیر معلوم شے کو احاطۂ علم میں لے آنے کا مدعی ہے اس وقت تک ہندوستان کو اس سے زیادہ نہ سمجھ سکا کہ وہ "ایک معمہ ہے ناقابل فہم" اور "ایک راز ہے سربستہ"

حقیقت یہ ہے کہ مسائلِ شرقیہ میں مغرب کی تحقیق جستجو ہے، مادہ کی روحانیت کی دُنیا میں، اور اسلئے اس دورِ مادہ پرستی میں یورپ شاید وہ نگاہِ حقیقت شناس جس سے دنیا کے صحیح اخلاق دیکھے جا سکتے ہیں، پیدا نہیں کرسکتا۔ مغرب کے نزدیک نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام مشرق جہل و تاریکی کی دنیا ہے، اور اُسے یہاں سوائے اجوبہ پرستی کے اور کچھ نظر نہیں آتا

یورپ کے اکثر نفوس نے، اپنے ملک کے معمولی ناول نویس اور فسانہ نگار حضرات کی وساطت سے جو حالت و صورت مشرق اور خصوصیت کے ساتھ مسلمان بادشاہوں کی اپنے ذہن میں مرتسم کی ہے، وہ صرف یہ ہے کہ ایک خونخوار ہستی جس کا دل جذبات سفاکی و بیرحمی سے لبریز ہے، سریر آرائے سلطنت ہے چاروں طرف تملق و خوشامد کرنے والے اس کا احاطہ کئے ہوئے ہیں، رعایا کو تباہ کرکر کے خزانہ بھر اجارہا ہے، لہو و لعب، سیر و تفریح، یا حرم کی اندرونی زندگی پر بے دریغ دولت صرف کی جارہی ہے، درباریوں نے اپنی زمیں بوسی اور جبہ سائیوں سے اس کے آستانہ کو بارگاہ خداوندی سے ملادیا ہے، اور وہ اگر کبھی شراب کے نشہ سے چونک پڑتا ہے تو سوائے جور و ظلم کے اُس سے اور کوئی حرکت سرزد نہیں ہوتی، نہ اس کے پاس دماغ ہے نہ دل، نہ وہ سوچ سکتا ہے نہ محسوس کرسکتا ہے، روحانیت سے اسے سروکار نہیں، ارتقاء ذہنی سے اُسے واسطہ نہیں، نہ اُسے علوم و فنون کی ترقی کی طرف توجہ ہے نہ ملک کی فلاح و بہبودی کا خیال۔ الغرض وہ جہل و غرور، بیدردی و بیرحمی، خونخواری و سفاکی کا ایسا زبردست مجسمہ ہے جسکی نظیر دنیا کا کوئی ملک پیش نہیں کرسکتا۔

لیکن کیا وہ شخص جس نے مشرق کی تاریخ کا غائر مطالعہ کیا ہے اس خاکہ میں کسی جگہ اصلی خط و خال کی جھلک پاسکتا ہے؟ اور کیا یورپ کا عدمِ علم یا اس کا تعصب ایک حقیقت اور صداقت کو نیست و نابود کردے سکتا ہے؟

تاریخ ہندوستان کے تین دَور

اگر غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہوسکتا ہے کہ بہ لحاظِ تاریخ اس وقت تک ہندوستان پر تین دور گزر چکے ہیں۔ پہلا دَور وہ جس میں دو قومیں بحیثیت قوم ہونے کے باہم متصادم ہوئیں۔ دوسرا دور وہ جب دو مذہب ایک دوسرے سے ٹکرائے اور تیسرا دَور وہ جب ہندوستان نے قومیت و مذہب کے مسئلہ کو بالائے طاق رکھ کر ایک اجنبی قوم کی تجارتی و اقتصادی اغراض پورے کرنے کے لئے تمام ذرایع پیش کردئے اور اپنی بہترین نعمتیں اپنے اوپر حرام کرلیں اور یقیناً ان تینوں زمانوں کی تاریخ بہت دلچسپ ہے۔

دَورِ اول، جب آریہ قوم نے ہندوستان کی قدیم آبادی کو مفتوح کیا اور دورِ ثالث، جب سے مغرب نے اپنا اقتدار قایم کرنا شروع کیا، ہمارے موضوع سے خارج ہے۔ البتہ دورِ ثانی، جب مسلمانوں نے یہاں آکر سلسلۂ فتوحات قایم کیا اس تالیف کا موضوع صحیح ہے اور اسی عہد کی تاریخ میں پیش کر رہا ہوں۔

ترتیب کی موجودہ صورت

ممکن تھا کہ میں ۱۵ھ سے (جب خلیفۂ ثانی کے عہد میں حکم بن العاص نے اول مرتبہ ساحلِ ہند پر قبضہ کرکے تانہ (تھانہ[1]) کو فتح کیا یا ۹۲ھ سے (جب محمد ابن قاسم نے اولین مرتبہ سندھ پر حملہ کرکے ہندوستان میں حکومت اسلام کی بنیاد قائم کی) اس تالیف کو شروع کرکے زوالِ سلطنت تیموریہ تک فتوحات اسلامی و دیگر واقعاتِ تاریخی کو یکجا کرکے اپنے فرض سے سبکدوش ہوجاتا، لیکن میرے نزدیک اس نوع کی ترتیب سے اصل مقصود حاصل نہ ہوسکتا اور میں اُس حصۂ تاریخ کو خصوصیت کے ساتھ نمایاں نہ کرسکتا، جس کا نمایاں کرنا مقصود ہے۔ اس لئے میں نے جو صورتِ ترتیب رکھی ہے وہ اس سے مختلف ہے جس کے حسن و قبح کا آپ خود اندازہ کرسکتے ہیں۔

مسلمانوں کا حملہ اور فضاءِ ہند میں اک نیا انقلاب

یہ ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے کہ ہندوستان پر مسلمانوں کے حملہ نے نہ صرف یہاں کی معاشرتی و سیاسی فضاء کو بدلدیا، بلکہ ذوق علم و تہذیب میں بھی ایسا زبردست انقلاب پیدا کردیا کہ آج تک اس کے نشانات سرزمینِ ہند پر ہر جگہ بکھرے ہوئے نظر آتے ہیں۔

ہندوستان کی اس زمین نے، جہاں ویدکے بھجنوں اور مواعظِ بودھ کے سوا اور کوئی اخلاقی یا مذہبی آواز پیدا نہ ہوئی تھی، مسلمانوں کے حملہ کے ساتھ ایک تیسری آواز کو بھی اپنی فضا میں جگہ دی اور یہ آواز اُس کلمۂ توحید کی تھی جو اس سے قبل نہ صرف ریگ زارِ عرب بلکہ دنیا کے ہر گوشہ میں اپنی فلسفیانہ صداقت تسلیم کرا چکا تھا

مسلمان فرمانرواؤں کا طرزِ حکومت

ہم نہیں کہتے کہ مسلمانوں نے ہندوستان میں آکر اسلام کی تعلیمات سے سرمو انحراف نہیں کیا، ہم اس کے بھی قایل نہیں کہ یہاں کا ہر مسلمان فرمانروا اپنے عہد کا جنید و شبلی تھا، اور اس نے کبھی کوئی ظلم و ستم نہیں کیا۔ لیکن اس میں بھی کلام نہیں کہ جو کچھ مسلمان فرمانرواؤں نے ہند اور اہلِ ہند کے ساتھ کیا، جس حد تک انھوں نے ہندوستان کے ساتھ رواداری کا ثبوت دیا اور جسقدر اسباب ترقی باشندگان ہند کے لئے اُنھوں نے فراہم کئے، وہ اگر مسلمانوں کی طرف سے بصورتِ افتخار پیش نہیں کئے جاسکے تو دوسری حکمران قوموں کے لئے کم از کم قابلِ تقلید ضرور ہیں

تسلط سے قبل مسلمانوں کی سختی ضروری تھی

یقیناً جب ہمالیہ کی طرف سے مسلمانوں کے حملے شروع ہوئے تو ہندوستان کو سخت نقصان اُٹھانا پڑا اور اہلِ ہند کے جذبات کو بھی شدید صدمہ پہونچا۔ ان کے قدیم مدارس و معابد تباہ ہوئے، ان کے اسلاف کی بہت سی یادگار چیزیں فنا ہوئیں، ان کے امن و سکون میں اک ہیبت ناک زلزلہ پڑگیا۔ لیکن ظاہر ہے کہ اُس وقت تک مسلمانوں کی

---

[1] مضافات بمبئی کا مشہور مقام

مستقل حکومت ہندوستان میں قائم نہ ہوئی تھی اور وہ زمانہ جو حملہ اور قیام سلطنت کے درمیان بسر ہوتا ہے، ہمیشہ اسی نوع کی تکالیف و مصائب کا ہوا کرتا ہے۔

مسلمان ہندوستان کو فتح کرنا چاہتے تھے۔ اہل ہند مقابلہ کر رہے تھے۔ مسلمان جو ہندوؤں کے مذہب سے بالکل مختلف مذہب رکھتے تھے بالکل جدید خیالات و اعتقادات کو روشناس کرنا چاہتے تھے اور ہندو ان سے سخت متنفر تھے۔ پھر ظاہر ہے کہ دو مختلف عناصر کے تصادم میں ہمیشہ شور و ہنگامہ ہی ہوا کرتا ہے اور اس کا علاج مسلمانوں کے پاس کچھ نہ تھا۔ اگر کبھی ہندو بھارت ماتا کی آغوش چھوڑ کر باہر نکلتے، اگر ان کا فاتحانہ عزم انھیں بھی دیگر ممالک کی طرف لے جاتا تو غالباً وہ بھی وہی کرتے جو اول اول مسلمانوں کی طرف سے ظاہر ہوا۔

مرہٹے سرزمین مہاراشٹر سے خروج کر کے صرف دکن تک پہونچتے ہیں اور وہ سب کچھ کر دکھاتے ہیں جو دنیا میں ایک ظالم ترین قوم کی طرف سے ظاہر ہو سکتا ہے۔ لیکن محمود کی بت شکنی آج یورپ کی بدولت ہر بچہ کی زبان پر ہے اور مسلمان عورتوں کی وہ آبرو ریزیاں جن کی یاد تقریباً دکن کی ہر مقدس مسجد کی تاریخ کے ساتھ وابستہ ہے کسی کو نہیں معلوم

قیام سلطنت کے بعد مسلمانوں کی رواداری

وہ شخص جس نے تاریخ ہند کا مطالعہ کیا ہے سمجھ سکتا ہے کہ جب ڈیڑھ دو صدی کے بعد مسلمانوں کا تسلط اچھی طرح قایم ہو گیا، جب حقیقی معنی میں اسلامی سلطنت کی بنیاد ہندوستان میں مستحکم ہو گئی تو پھر وہی امن و سکون عود کر آیا جو کبھی پایا جاتا تھا اور ہندوؤں کو تمام وہ مراعات دی گئیں جو ایک غیر متعصب اور انسان فرمانروا کی طرف سے روا رکھی جاتی ہیں۔ انکے معابد محفوظ رکھے گئے۔ ان کی جاگیریں بحال کی گئیں، ان کے مدارس کو سرکاری امداد دی گئی، نظام حکومت میں انھیں نمایاں حصہ دیا گیا، ان کے جذبات مذہبی کا خاص لحاظ رکھا گیا اور میدان ترقی میں فاتح و مفتوح، حاکم و محکوم کے درمیان کوئی امتیاز نہیں پیدا کیا گیا۔ پھر کیا عہد حاضر کی مہذب سے مہذب قوم، شایستہ سے شایستہ حکومت اپنی تاریخ کا کوئی واقعہ ایسا پیش کر سکتی ہے جس میں غیر اقوام کے ساتھ وہی رواداری جائز رکھی گئی ہو جو بعض مسلمان فرمانرواؤں کی طرف سے ہندوستان میں ظاہر ہوئی؟ سیاست حاضرہ کے جاننے والے اور موجودہ انقلابات کے فلسفۂ تاریخ کو سمجھنے والے اس کا بہتر فیصلہ کر سکتے ہیں اور شاید وہ وقت بھی دور نہیں جب ایک عالم اس حقیقت سے آگاہ ہو جائے۔

مقدمہ

ہندوستان پر حملہ کی ابتدا

قبل اس کے کہ میں تفصیل کے ساتھ بحث کروں اجمالاً یہ بتا دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ ہندوستان میں کس وقت سے مسلمانوں کی حکومت شروع ہوئی اور کیونکر یکے بعد دیگرے ایک خاندان مٹ کر سلطنت دوسرے خاندان میں منتقل ہوئی۔

یہ بالکل صحیح ہے کہ ہندوستان کا کوئی قابل ذکر حصہ براہ راست خلافتِ عرب سے متعلق نہیں رہا۔ ہرات فتح ہونے کے بعد ہی اہلِ عرب کابل کی طرف بڑھے (۶۶۴ء/۴۴ھ) اور وہاں سے ملتان تک آگئے، لیکن اس فوج کشی کا نتیجہ یہ نہیں ہوا کہ مسلمانوں کی کوئی مستقل سلطنت یہاں قایم ہو جاتی۔

محمد قاسم سندھ میں

آغاز عہدِ اسلام میں بحری تاخت دریائے سندھ (Indus) کے دہانہ پر کئی بار ہوئی یہاں تک کہ ۷۱۱ء/۹۲ھ میں محمد قاسم (حجاج ابن یوسف گورنر بصرہ کے بھتیجے) نے سندھ کو ساحلِ بحرِ ہند سے لے کر ملتان تک فتح کیا اور ہر چند اس حصۂ ملک کو زیادہ وسیع کرنے کی کوشش نہیں کی گئی تاہم اس صوبہ پر عرب گورنروں کی حکومت دو صدی تک قایم رہی لیکن ہندوستان کا مسلمانوں کے ہاتھوں سے فتح ہونا حقیقتاً سندھ سے کوئی تعلق نہیں رکھتا بلکہ یہ فخر صرف افغانستان کو حاصل ہے۔

فتح ہندوستان عربوں کا کارنامہ نہیں

کوہ ہندوکش کے جنوب میں جو سنگستانی علاقہ ہے، اس پر جب اول اول مسلمانوں نے قبضہ کیا ہے تو وہ قبضہ عارضی تھا۔ البتہ سب سے پہلے یعقوب بن لیث صفاری (سجستان) نے کابل میں اسلامی سلطنت مستقل طور سے قایم کی۔ اس کے بعد جب یعقوب صفاری کا خاندان ختم ہوا، تو پھر سامانی گورنروں نے اس ملک پر قبضہ حاصل کر لیا اور اس طرح سب سے

پہلے الپ تگین نے جو آلِ سامان کا گورنر تھا غزنی میں ایک مستقل اسلامی حکومت قائم کی

حکومت غزنی کا قیام

اس کے بعد غزنی دو صدی تک اُس خاندان کا دارالسلطنت قائم رہا جسے غزنوی خاندان سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اسی خاندان کے بعض حکمراں افراد نے لاہور میں مستقل قیام کیا اور حقیقی معنی میں یہی ابتدا ہے اسلامی حکومت ہند کی۔

پنجاب میں قیام سلطنت

اس کے بعد خاندانِ غور نے حکومت کی اور پھر غلام، خلجی، تغلق، سید، لودی وغیرہ کا زمانہ آیا یہاں تک کہ مغل بابر نے حملہ کیا اور ہندوستان میں جو طوائف الملوکی پھیل رہی تھی وہ مٹ گئی اور مختلف چھوٹی چھوٹی اسلامی ریاستیں سلطنتِ مغلیہ میں شامل ہوگئیں

ان ترکی غلاموں میں۔ سے جنھیں سامانی فرمانرواؤں نے اپنے ملک میں گورنری کے عہدوں پر ممتاز کیا تھا، ایک شخص الپ تگین بھی تھا۔ عبدالملک اس سے بہت مانوس تھا اور اس کی بڑی عزت کرتا تھا، یہاں تک کہ یہ رفتہ رفتہ افواجِ خراسان کا سرعسکر بنا دیا گیا۔ لیکن جب عبدالملک کا انتقال ہوا تو یہ اس عہدے سے معزول کر دیا گیا اور الپ تگین برہم ہوکر ۳۵۱ھ/۹۶۲ء میں غزنی چلا آیا جو کوہِ سلیمان کے قلب میں واقع تھا، اور جہاں الپ تگین کا باپ

خاندان غزنی (۳۵۱-۵۸۲ھ / ۹۶۲-۱۱۸۶ء)

فہرست فرمانروایان خاندان غزنوی

نمبر شمار	نام سلاطین	سن ہجری وعیسوی	نمبر شمار	نام سلاطین	سن ہجری وعیسوی
۱	الپ تگین	۳۵۱ھ / ۹۶۲ء	۱۰	مودود شہاب الدولہ	۴۳۲ھ / ۱۰۴۰ء
۲	اسحاق	۳۵۲ھ / ۹۶۳ء	۱۱	مسعود ثانی	۴۴۰ھ / ۱۰۴۸ء
۳	بلکاتگین	۳۵۵ھ / ۹۶۶ء	۱۲	علی ابوالحسن بہاء الدولہ	۴۴۰ھ / ۱۰۴۸ء
۴	پیری	۳۶۲ھ / ۹۷۲ء	۱۳	عبدالرشید عزالدولہ	۴۴۰ھ / ۱۰۴۹ء
۵	سبکتگین	۳۶۶ھ / ۹۷۶ء	۱۴	طغرل (غاصب)	۴۴۴ھ / ۱۰۵۲ء
۶	اسماعیل	۳۸۷ھ / ۹۹۷ء	۱۵	فرخ زاد جمال الدولہ	۴۴۴ھ / ۱۰۵۲ء
۷	محمود یمین الدولہ	۳۸۸ھ / ۹۹۸ء	۱۶	ابراہیم ظاہر الدولہ	۴۵۱ھ / ۱۰۵۹ء
۸	محمد جلال الدولہ	۴۲۱ھ / ۱۰۳۰ء	۱۷	مسعود ثالث علاء الدولہ	۴۹۲ھ / ۱۰۹۹ء
۹	مسعود اول ناصر دین اللہ	۴۲۱ھ / ۱۰۳۰ء	۱۸	شیرزاد کمال الدولہ	۵۰۸ھ / ۱۱۱۴ء


(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۸ پر ملاحظہ ہو)

اس سے قبل گورنر رہ چکا تھا۔ الپ تگین یہاں ایک سال تک سامانی حکومت کی برہمی کا مقابلہ کرتا رہا لیکن اپنی حدودِ حکومت کو وسیع نہ کرسکا۔ اس کے بعد اس کا بیٹا اسحٰق اور اس کا غلام بلکا تگین بھی کوئی زیادہ قوۃ حاصل نہ کرسکا یہانتک کہ الپتگین کے ایک اور غلام سبکتگین نے جو الپ تگین کا داماد بھی تھا زمام حکومت اپنے ہاتھ میں لی۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۸)

نمبر شمار	نام سلاطین	سن ہجری وعیسوی	نمبر شمار	نام سلاطین	سن ہجری وعیسوی
۱۹	ارسلان، سلطان الدولہ	۵۰۹ھ ۱۱۱۵ء	۲۱	خسرو شاہ معزالدولہ	۵۴۷ھ ۱۱۵۲ء
۲۰	بہرام شاہ یمین الدولہ	۵۱۲ھ ۱۱۱۸ء	۲۲	خسرو ملک تاج الدولہ	۵۵۵ھ ۱۱۶۰ء ۵۸۲ھ ۱۱۸۶ء

شجرۂ نسب فرمانروایان غزنی



سبکتگین کا حملہ ہندوستان کی طرف

اس نے سب سے پہلے غزنوی خاندان کی حکومت کو وسیع و مستحکم بنایا اور پھر نہ صرف ہندوستان میں راجپوتوں کو شکست دے کر پشاور میں حکومت قائم کی بلکہ خراسان کو بھی مسخر کر لیا۔

ہر چند خراسان پر خود مختارانہ قبضہ کر لینے کے بعد بھی یہ ازراہ اطاعت و وفاشعاری ہمیشہ اپنے کو سامانی حکومت ہی کا ماتحت کہتا تھا، لیکن یہ ماتحتی بالکل برائے نام تھی اور اس کی سلطنت خود سامانی حکومت سے زیادہ قوی ہو گئی تھی۔ ۳۸۷ھ/۹۹۷ء میں اس کا انتقال ہو گیا۔

محمود غزنوی کی حکومت

سبکتگین کے بعد اس کے چھوٹے بیٹے اسمٰعیل نے اپنی حکومت قائم کرنا چاہی لیکن محمود غزنوی نے جو تاریخ اسلام کی نہایت مشہور ہستی ہے اپنے چھوٹے بھائی اسماعیل کو شکست دی اور سامانی حکومت کے ضعیف فرمانرواؤں کے اثر سے بالکل آزاد ہو کر خراسان اور غزنی پر حکومت کرنے کے حقوق براہ راست خلیفۂ بغداد (القادر باللہ) سے حاصل کر لئے۔[1]

یہ وقت وہ تھا جب سامانی حکومت کا چراغ گل ہو رہا تھا اور ایلک خاں[2] کی اولاد اس سلطنت پر قابض ہو جانا چاہتی تھی لیکن محمود نے ان کو شکست دیکر اور اس طرف سے مطمئن ہو کر ہندوستان کا عزم کیا اور ۳۹۲ھ/۱۰۰۱ء سے

---

[1] عام طور سے بیان کیا جاتا ہے کہ محمود نے اس کے بعد سلطان کا لقب اختیار کر لیا، جو اس سے قبل کسی نے اختیار نہیں کیا تھا لیکن اسکا ثبوت اس کے سکوں سے نہیں ملتا کیونکہ ان میں وہ اپنے کو صرف امیر، سید، (اور بہت کم ملک) ظاہر کرتا ہے سلطان کا لفظ کسی سکہ میں نہیں ہے۔ ابوریحان بیرونی نے اپنی کتاب تحقیق الہند میں جہاں محمود کا ذکر کیا ہے وہاں صرف لفظ امیر لکھا ہے۔ سلطان کا لفظ کسی جگہ نہیں پایا جاتا۔ غزنوی خاندان میں سب سے پہلا شخص جس نے سلطان کا لقب اختیار کیا ابراہیم تھا، اس نے اس مسئلہ میں سلاجقہ کا تتبع کیا کیونکہ سب سے پہلے سلجوقیوں ہی نے اپنے آپ کو سلطان لکھا جس کا ثبوت ان کے سکوں سے ملتا ہے۔

[2] اس خاندان کے تاریخی حالات بہت کم دستیاب ہوئے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے مشرقی فرغانہ میں ترکوں کی آبادی کو چوتھی صدی ہجری کے آغاز میں مغلوب کر لیا اور یہی زمانہ ان کے مسلمان ہونے کا تھا۔ پہلے ان کی حکومت کاشغر تک محدود تھی لیکن جب ۳۸۹ھ/۹۹۹ء میں سامانی حکومت سے ماوراء النہر لے لیا تو ایک نصر نے باقاعدہ اپنی قوم پر حکمرانی شروع کی۔ یہ لوگ بحر جرجان یا بحر خضر (Caspian sea) کے ساحل سے لیکر حدود چین تک پھیلے ہوئے تھے۔ انھوں نے یہ بھی کوشش کی تھی کہ ماوراء النہر کے جنوب میں جو علاقہ ہے اُسے بھی سامانی حکومت سے چھین لیں۔ لیکن محمود غزنوی نے ۳۹۸ھ/۱۰۰۷ء میں ان کو سخت شکست دی اور اس طرح ایلک خانی جماعت کی حکومت صرف ماوراء النہر، کاشغر، اور مشرقی تاتار میں محدود ہو گئی ـــــ اس خاندان کے عہد حکومت میں کئی قوموں نے ماوراء النہر میں اپنے قدم جمانے کی کوشش کی جو بعد کو فارس کی طرف ہٹا دی گئیں۔ انھیں قوموں میں ایک قوم سلاجقہ کی بھی تھی، جنھوں نے دُنیا میں کافی شہرت حاصل کی۔

۴۱۵ھ/۱۰۲۴ء تک مسلسل سترہ حملے کئے۔

محمود کے سترہ حملے محمود، کوہستان سے نیچے اُتر کر پہلے کشمیر اور پنجاب تک آیا اور پھر ۴۰۸ھ/۱۰۱۷ء میں متھرا اور قنوج پر حملہ کیا۔ اس کے بعد ۴۱۵ھ/۱۰۲۴ء میں سومناتھ اور انہلواڑہ پر، جو گجرات کا پایۂ تخت تھا، قابض ہوگیا۔

ہرچند یہ حملے کسی مستقل حکومت کے قیام کی غرض سے نہ تھے۔ لیکن اس میں کلام نہیں کہ اس طرح ہندوستان کا راستہ صاف ہوگیا اور پنجاب، غزنوی حکومت کا ایک جزو ہوگیا۔

محمود کی کامیابی وسط ایشیا میں ہندوستان پر حملہ کرنے کے علاوہ، محمود نے ایلک خاں کو پسپا کیا اور غور کو ۴۰۱ھ/۱۰۱۰ء میں مسخر کرکے ماوراء النہر کے مشہور مقامات سمرقند و بخارا پر بھی ۴۰۷ھ/۱۰۱۷ء میں قابض ہوگیا۔

محمود کو اپنے عہد آخریں میں، سلجوقیوں کی بڑھتی ہوئی قوۃ کی طرف سے اندیشہ پیدا ہوگیا تھا اور ہرچند اسنے طغرل و چغربیگ کو ۴۲۹ھ/۱۰۳۷ء میں بظاہر مغلوب بھی کرلیا، لیکن وہ ان کی طرف سے مطمئن نہ تھا۔ الغرض وہ اسی غیر مطمئن حالت میں زندگی بسر کر رہا تھا کہ ۴۲۱ھ/۱۰۳۰ء کے موسم بہار میں (جب وہ اصفہان فتح کرکے واپس آیا) بمقام غزنی اس کا انتقال ہوگیا۔

عہد غزنوی میں علوم و فنون کی ترقی علم و ادب، فنون و حکمت کو جس قدر ترقی اس کے عہد میں ہوئی اسے تمام مورخین نے تسلیم کیا ہے۔ اس نے غزنی میں ایک دارالعلوم قائم کیا اور ملک کے تمام اہل کمال اس کے دربار میں کھنچ کھنچ کر جمع ہونے لگے۔ غزنی کو جو ترقی اس کے عہد میں ہوئی وہ اس وقت کسی اور شہر کو نصیب نہیں ہوئی اس نے یہاں مسجدیں، سڑکیں، پُل، مکانات، محلات وغیرہ کثرت سے تعمیر کرائے اور بہت سے اُمور عامہ جن کا تعلق صرف رعایا کے فلاح و آسائش سے تھا انجام کو پہونچے۔

محمود غزنوی کے سلطنت کی وسعت ہرچند محمود نے اپنی سلطنت کو لاہور سے اصفہان و سمرقند تک وسیع کرلیا تھا، لیکن اُس کے بعد یہ وسعت تنگ ہوتی گئی۔ کیونکہ اسکے چند سال بعد ہی (۴۲۹ھ/۱۰۳۷ء ـ ۴۳۷ھ/۱۰۴۵ء) سلاجقہ نے محمود کے بیٹے مسعود کو مرو کے قریب شکست دے کر تمام مغربی صوبے بلخ اور خوارزم سے لے کر اصفہان و رے تک فتح کرلئے۔

غوریوں کا خروج اب چونکہ غزنوی حکومت وسط ایشیا سے تقریباً معدوم ہوچکی تھی، اس لئے شاہان غزنی نے اپنی امیدوں کو مشرق کے ساتھ وابستہ کیا اور آخر کار، رجب ۵۵۶ھ/۱۱۶۱ء میں غزنی کو غوریوں نے فتح کرلیا تو شاہانِ غزنی نے لاہور کو اپنا پایۂ تخت قرار دیا اور کوشش کی کہ جو نقصانات مغرب میں ہوئے ہیں

اُن کی تلافی قبضۂ ہندوستان سے ہوجائے لیکن افسوس ہے کہ اُن کی یہ آرزو بھی پوری نہ ہوئی اور غوریوں نے بہت جلد آلِ سبکتگین کا استیصال کرکے خود اپنی حکومت قایم کرلی اور اس طرح تقریباً ڈھائی صدی تک سلطنت کرنے کے بعد غزنوی خاندان صفحۂ تاریخ سے محو ہوگیا۔

خاندان غور (۵۴۳-۶۱۲ھ)

قدیم زمانہ[1] سے غور کا کوہستانی علاقہ، ہرات و غزنی کے درمیان ایک مختصر سی خود مختار جماعت کے قبضہ میں چلا آرہا تھا اور فیروزکوہ کا قلعہ اس کی جائے پناہ تھا۔

محمود غزنوی کی فتوحات غورستان میں

ظاہر ہے کہ محمود غزنوی جس کے کشور کشائیاں اسقدر عام تھیں علاقۂ غور کو جو بالکل قریب تھا آزاد و خود مختار نہ دیکھ سکتا تھا، اسلئے اس نے ۴۰۱ھ/۱۰۱۰ء میں جب کہ محمد سوری اس جماعت کا سردار تھا اسکو بھی مغلوب کرکے اپنی سلطنت میں شامل کرلیا اس کے بعد سے محمد بن سوری کی اولاد فرمانروایان غزنی کے ماتحت فیروزکوہ اور بامیان میں حکومت کرتی رہی اور غزنی و غور خاندانوں میں باہم ازدواجی تعلقات قایم ہوگئے۔

قطب الدین کا قتل

جب قطب الدین محمد کو اس کے خسر بہرام شاہ غزنوی نے قتل کردیا تو مقتول کے بھائی سیف الدین سوری نے جو اس وقت غور کا حکمراں تھا ۵۴۳ھ/۱۱۴۸ء میں غزنی پر قبضہ کرلیا لیکن دوسرے سال بہرام شاہ پھر غزنی میں داخل ہوا اور سیف الدین کو ایذائیں دے دے کر مار ڈالا۔ جب اس کی خبر تیسرے بھائی علاؤالدین کو معلوم ہوئی تو اس نے پھر غزنی پر حملہ کیا اور قتل عام کرکے سارے شہر میں آگ لگادی۔ اس کے بعد علاؤالدین نے ہرات، و بلخ پر بھی قبضہ کرلیا، لیکن چند دن گزرے تھے کہ سلطان سنجر (خراسان کے سلجوقی بادشاہ) نے اُسے مقید کرلیا۔ ہرچند کچھ زمانہ گزرنے کے بعد سلطان سنجر نے اسے آزاد کردیا اور سلطنتِ غور اُس کے سپرد کردی[2]، لیکن پھر اس کی طرف سے کوئی کارنامہ ایسا ظاہر نہیں ہوا جو تاریخی نقطۂ نظر سے زیادہ اہم سمجھا جاتا ہو

فہرست[1] سلاطین غور

۱- قطب الدین محمد (ملک الجبال)		۴- سیف الدین محمد	۵۵۶ھ / ۱۱۶۱ء — ۵۶۱ھ / ۱۱۶۶ء
۲- سیف الدین سوری	۵۴۳ھ / ۱۱۴۸ء — ۵۴۸ھ / ۱۱۵۳ء	۵- غیاث الدین ابن سام	۵۵۸ھ / ۱۱۶۳ء — ۵۶۳ھ / ۱۱۶۷ء
۳- علاء الدین حسین (جہانسوز)	۵۴۴ھ / ۱۱۴۹ء — ۵۴۹ھ / ۱۱۵۴ء	۶- شہاب الدین معزالدین محمد غوری	۵۶۹ھ / ۱۱۷۳ء — ۵۷۴ھ / ۱۱۷۸ء

فتح ہندوستان ۵۷۵ھ / ۱۱۷۹ء

(غیاث الدین کے بعد شہاب الدین، غور میں ۵۹۹ھ / ۱۲۰۲ء سے ۶۰۲ھ / ۱۲۰۶ء تک حکمراں رہا)

[1] بعض انگریزی مورخین کا بیان ہے کہ وہ بحالت قید ۵۵۶ھ / ۱۱۶۱ء میں مرگیا۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔

اتراک غز کا قبضہ افغانستان پر

یہ وہ زمانہ تھا جب اتراک غز تمام افغانستان پر پھیل گئے تھے اور کچھ عرصہ کے لئے غزنوی اور غوری دونوں خاندانوں کو ضعیف و باطل کر دیا تھا۔ لیکن چونکہ اتراکِ غز کا سیلاب چند دن بعد ہی فارس کی طرف بڑھ گیا، اس لئے علاؤالدین غوری کے دو بھتیجے اپنے خاندان کے سردار ہو گئے جن میں بڑا غیاث الدین بن سام تھا۔

غیاث الدین کا قبضہ غزنی پر

اس نے ۵۶۹ھ/۱۱۷۳ء میں غزنی کو لے لیا اور دو سال بعد ہرات کو بھی اپنی حکومت میں شامل کر کے ۵۹۹ھ/۱۲۰۲ء تک بظاہر اپنے خاندان کا حکمراں تسلیم کیا گیا۔ کیونکہ حقیقی حکومت تو اس کا چھوٹا بھائی شہاب الدین محمد غوری کر رہا تھا، جس نے نہ صرف سلاجقہ سے خراسان کا ایک حصہ لے لیا بلکہ ہندوستان پر بھی مسلسل حملے کر کے ۵۷۱ھ/۱۱۷۵ء میں سندھ اور ملتان پر قابض ہو گیا۔

شہاب الدین غوری کا حملۂ ہند

اس نے ۵۷۱ھ/۱۱۸۶ء میں غزنوی خاندان کو پھر مغلوب کیا اور فرمانروائے اجمیر پرتھی راج کے مقابلہ کیلئے بڑھا ہر چند اس کا پہلا حملہ ۵۸۷ھ/۱۱۹۱ء میں سخت ناکامیاب رہا لیکن دوسرے سال تھانیسر کے میدان میں اس نے راجپوتوں کو شکست دی اور پرتھی راج قتل ہوا۔ اس کے بعد قنوج، گوالیار، بندیلکھنڈ، بہار، بنگال، یکے بعد دیگرے محمد غوری کے سرداروں نے فتح کر لئے اور اس طرح اول مرتبہ ہندوستان کا بڑا حصہ باقاعدہ حکومت اسلام کے تحت میں آگیا۔

ہندوستان میں حکومتِ اسلام کی ابتداء

جب تک اس کا بھائی غیاث الدین زندہ رہا محمد غوری نے ہمیشہ ایک وفاشعار نائب کی طرح خدمت انجام دی۔ جب اسکی موت پر ۵۹۹ھ/۱۲۰۲ء میں وہ حکمراں ہوا تو ملک کی حالت یہ تھی کہ خوارزم والوں نے سارے فارس کو پائمال کر رکھا تھا۔ اور افغانستان کی طرف بڑھتے ہوئے نظر آتے تھے۔ محمد غوری اسی انتظام میں مصروف تھا کہ گکھڑوں کی ایک جماعت نے ۶۰۲ھ/۱۲۰۶ء میں اُسے قتل کر دیا۔

محمد غوری کے بعد اس کا خاندان زیادہ عرصہ تک حکمراں نہیں رہا، اس کا بھتیجا محمود اگرچہ تمام مفتوحہ ملک میں عام طور پر خود مختار بادشاہ تسلیم کیا گیا لیکن اس میں کلام نہیں کہ وہ شیرازہ جو محمد غوری کے عہد میں قایم تھا منتشر ہو گیا اور رفتہ رفتہ ترکی غلاموں نے جو محمد غوری کی ماتحتی میں فوجی جنرل تھے خود مختاری کا اعلان کر دیا اور اس طرح قطب الدین ایبک دہلی میں، ناصر الدین قباچہ سندھ میں اور یلدوز، غزنی میں حکمراں بن بیٹھے۔

غوری خاندان کا اصل حکمراں اسوقت اپنے پایۂ تخت فیروزکوہ میں بیٹھا ہوا صرف مغربی افغانستان (غور و ہرات) اور خراسان کے ایک حصہ پر قابض تھا، لیکن خوارزم شاہی فوجوں نے ۶۱۲ھ/۱۲۱۵ء میں اُسے یہاں سے بھی نکال دیا۔ اسکے بعد غوری خاندان کے چند افراد نے ہرات میں ایک مختصر سی ریاست قایم کر لی اور اسی پر عرصہ تک قانع زندگی بسر کرتے رہے۔

سلاطین دہلی

قطب الدین ایبک کی حکومت


جب محمد غوری، شمالی ہند کو دہانۂ گنگ تک فتح کر چکا، تو اس نے اپنے غلام قطب الدین ایبک کو دہلی کا وائسرائے مقرر کیا لیکن جب محمد غوری کا انتقال ہوا تو ۶۰۲ھ/۱۲۰۶ء میں قطب الدین نے اپنی خود مختاری کا اعلان کر دیا اور اس طرح سب سے پہلے ہندوستان کے اندر ایک مسلمان حکمران خاندان کی ابتدا ہوئی۔ اسوقت تک ہندوستان، حکومت غزنی کا ایک صوبہ سمجھا جاتا تھا اور یہاں جداگانہ حکومت قایم نہ تھی۔

فہرست فرمانروایان خاندان غلام

قطب الدین ایبک	۶۰۲ھ / ۱۲۰۶ء	معزالدین بہرام شاہ	۶۳۷ھ / ۱۲۳۹ء
آرام شاہ	۶۰۷ھ / ۱۲۱۰ء	علاء الدین مسعود شاہ	۶۳۹ھ / ۱۲۴۱ء
شمس الدین التمش	۶۰۷ھ / ۱۲۱۰ء	ناصر الدین محمود شاہ	۶۴۴ھ / ۱۲۴۶ء
رکن الدین فیروز شاہ	۶۳۳ھ / ۱۲۳۵ء	غیاث الدین بلبن	۶۶۴ھ / ۱۲۶۵ء
سلطان رضیہ	۶۳۴ھ / ۱۲۳۶ء	معزالدین کیقباد	۶۸۶ھ / ۱۲۸۷ء

شجرۂ خاندان غلام

(۱) قطب الدین ایبک (محمد غوری کا غلام)



التمش کی حکومت

غلام خاندان میں التمش خاص شہرت رکھتا ہے اس نے سندھ کے گورنر ناصرالدین قباچہ کو بھی مغلوب کیا اور بنگال کے وائسرائے سے بھی سلطنت دہلی کی سیادت کو تسلیم کرایا۔ اس کے زمانہ میں یلدوز نے کوشش کی کہ اپنی حکومت کو ہندوستان تک وسیع کرلے، لیکن التمش نے اسے کامیاب نہیں ہونے دیا۔ اور کوہستان وندھیاچل کے شمال میں اپنی سلطنت کو نہایت کامیابی کے ساتھ قائم رکھا۔ سب سے پہلی مرتبہ التمش ہی کو خلیفۂ بغداد کی طرف سے سندِ اعزاز و خود مختاری عطا ہوئے۔

رضیہ کا عہدِ حکومت

التمش کے بعد اس کی بیٹی رضیہ تخت نشین ہوئی اور ہندوستان کی تاریخ میں یہی ایک عورت ایسی گزری ہے جو تخت دہلی پر متمکن ہوئی۔ رضیہ کے بعد جو بادشاہ اس خاندان میں ہوئے ان کا عہد شورش اور ہنگامہ کا تھا۔ کیونکہ ہندوؤں کی جو جرأت و بسالت محمد غوری اور التمش کے عہد میں نابود ہوگئی تھی اس میں پھر آثار حیات پیدا ہوئے اور چونکہ بلبن نے غلاموں کو عہدۂ گورنری دینا ترک کردیا تھا اس لئے بغاوتیں شروع ہوگئیں، جنھیں بلبن نے نہایت دقت سے فرو کیا۔

خلجیوں کا عہدِ حکومت

غلام خاندان کے بعد خلجی[1] ترکوں کا عہد شروع ہوا اور انھوں نے کوہستان وندھیاچل سے لے کر دکن تک سلطنت کو وسیع کرلیا۔ علاؤالدین محمد نے ۶۹۴ھ/۱۲۹۴ء میں گجرات کو فتح کیا اور ۷۰۲ھ/۱۳۰۳ء میں چتوڑ پر قبضہ کرکے راجپوتوں کو بھی مغلوب کرلیا۔ اس کا ایک سردار ملک کافور (خواجہ سرا) تھا اسنے

فہرست[1] فرمانروایان خاندان خلجی

جلال الدین فیروز شاہ	۶۸۹ھ / ۱۲۹۰ء	شہاب الدین عمر شاہ	۷۱۵ھ / ۱۳۱۵ء
رکن الدین ابراہیم شاہ	۶۹۵ھ / ۱۲۹۵ء	قطب الدین مبارک شاہ	۷۱۶ھ / ۱۳۱۶ء
علاء الدین محمد شاہ	۶۹۵ھ / ۱۲۹۵ء	ناصرالدین خسرو شاہ	۷۲۰ھ / ۱۳۲۰ء

شجرۂ خاندان خلجی

خلجی

(نامعلوم) — فیروز (۱۱)

محمد (۱۳) — ابراہیم (۱۲)

مبارک شاہ (۱۵) — عمر (۱۴)

خضر (۱۶)

دیوگر اور ورنگل کو فتح کیا۔ اور صوبۂ دکن کو سلطنت دہلی سے ملحق کر دیا۔ چونکہ اب سلطنت بہت وسیع ہوگئی تھی اس لئے تفریق کے آثار پیدا ہونے لگے تھے۔


تغلق خاندان کی ابتداء اسی زمانہ میں حکومت تغلق[1] خاندان میں منتقل ہوئی اور غیاث الدین پہلا بادشاہ اس خاندان کا ہوا۔ اس کے بعد جب محمد تغلق کا دور شروع ہوا تو اس نے یہ دیکھ کر کہ دہلی میں بیٹھ کر دکن پر حکومت نہیں کی جا سکتی، کوشش کی کہ دیوگر میں (جس کا نام اس نے دولت آباد رکھا تھا) پایۂ تخت کو منتقل کر دے لیکن وہ اس سے اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوا اور جو طوائف الملوکی ملک میں پھیل رہی تھی اس کا انسداد نہ ہو سکا۔ تمام صوبوں میں بغاوت برپا تھی اور وہ کسی جگہ چین سے نہ بیٹھ سکتا تھا آخر کار محمد تغلق کے

---

[1] فہرست فرمانروایان خاندان تغلق

غیاث الدین تغلق شاہ	۷۲۰ھ / ۱۳۲۰ء	سکندر شاہ	۷۹۵ھ / ۱۳۹۲ء
محمد بن تغلق	۷۲۵ھ / ۱۳۲۴ء	محمود شاہ	۷۹۵ھ / ۱۳۹۲ء
فیروز شاہ	۷۵۲ھ / ۱۳۵۱ء	نصرت شاہ	۷۹۷ھ / ۱۳۹۴ء
تغلق شاہ	۷۹۰ھ / ۱۳۸۸ء	(تخت سلطنت خالی رہا)	
ابوبکر شاہ	۷۹۱ھ / ۱۳۸۸ء	محمود شاہ (بار دگر)	۸۰۲ھ / ۱۳۹۹ء
محمد شاہ	۷۹۲ھ / ۱۳۸۹ء	دولت خاں لودی	۸۱۵ھ / ۱۴۱۲ء

شجرۂ خاندان تغلق



بعد جو حکمراں ہوئے ان کے عہد میں صوبے یکے بعد دیگرے علٰحدہ ہونے لگے اور ساری سلطنت کا شیرازہ درہم برہم ہوگیا

تیمور کا حملہ اسی زمانہ میں تیمور نے حملہ کیا اور ۸۰۰ - ۸۰۱ھ / ۱۳۹۸-۹۹ء میں تمام شمالی ہندوستان کے اندر قتل عام کرکے زوالِ سلطنتِ دہلی کو انجام تک پہونچایا۔

سیدوں اور لودیوں کی حکومت تغلق خاندان کے بعد سیدوں[1] اور لودیوں[2] کا زمانہ آیا لیکن ان کی حکومت سارے ہندوستان پر نہیں ہوئی بلکہ ایک مختصر حصہ ان کے قبضہ میں رہا۔ بنگال، جونپور، مالوہ، اور گجرات میں خود مختار مسلم حکومتیں قایم تھیں اور راجپوتوں اور دکن کے ہندوؤں نے

---

[1] فہرست فرمانروایان خاندان سیّد

خضر خاں	۸۱۷ھ / ۱۴۱۴ء		محمد شاہ	۸۳۷ھ / ۱۴۳۴ء	
معزالدین مبارک شاہ	۸۲۴ھ / ۱۴۲۱ء		عالم شاہ	۸۴۷ھ / ۱۴۴۳ء	

شجرۂ خاندان سیّد

خضر (۲۸)

فرید — مبارک (۲۸)

محمد (۲۹)

عالم (۳۰)

[2] فہرست فرمانروایان خاندانِ لودی

بہلول لودی	۸۵۵ھ / ۱۴۵۱ء		ابراہیم بن سکندر (بابر کا حملہ اور ابراہیم کا قتل)	۹۲۳ھ / ۱۵۱۷ء	
سکندر بن بہلول	۸۹۴ھ / ۱۴۸۸ء			۹۳۲ھ / ۱۵۲۶ء	

شجرۂ خاندان لودی

بہلول

سکندر (۳۲)

ابراہیم (۳۳)

بہت کچھ اپنے کھوئے ہوئے مقبوضات واپس لے لئے تھے۔

بابر کا حملۂ ہند ہر چند اس کے بعد بابر کی سرکردگی میں مغلوں نے حملہ کر کے تمام شمالی ہند پر اپنا تسلط پانچ سال کے اندر (۹۳۲-۹۳۷ھ / ۱۵۲۶-۳۰ء) قایم کر لیا، لیکن سلطنت علاؤالدین خلجی کے منتشر اجزاء کو باہم ملا دینے کے لئے اس کا زمانہ بہت قلیل ثابت ہوا۔

شیر شاہ اور بنگال کے افغانوں کا عروج بابر کے بعد شیر شاہ[۱] اور بنگال کے پٹھانوں نے ۹۴۶-۴۰ھ / ۱۵۳۹ء میں مغلوں کو ہندوستان سے باہر کر دیا اور افغان فاتحوں نے کوشش کی کہ پھر وہی گزشتہ عظمت قایم ہو جائے لیکن صوبہ کی حکومتوں نے انحراف ترک نہ کیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۹۶۲ھ / ۱۵۵۴ء میں بابر کا بیٹا ہمایوں پھر واپس آیا اور اس کے بیٹے شہنشاہ اکبر کے عہد میں سلطنتِ مغلیہ کی بنیاد قائم ہو گئی۔

سلطنتِ مغلیہ کی بنیاد بابر[۲] کا سلسلۂ نسب، جو مغلوں میں اولین فاتحِ ہندوستان تھا، پانچ واسطوں سے تیمور سے ملتا ہے۔ اس کی ولادت ۸۸۸ھ / ۱۴۸۲ء میں بمقام فرغانہ ہوئی جہاں اسکا باپ گورنر تھا۔

فہرست[۱] خاندان افاغنۂ بنگال

شیر شاہ	۹۴۶ھ / ۱۵۳۹ء	ابراہیم سور	۹۶۱ھ / ۱۵۵۳ء
اسلام شاہ	۹۵۲ھ / ۱۵۴۵ء	سکندر شاہ	۹۶۲ھ / ۱۵۵۴ء
محمد عادل شاہ	۹۶۰ھ / ۱۵۵۲ء	———	———

۲ شاہان مغلیہ

ظہیر الدین بابر	۹۳۲ھ / ۱۵۲۶ء	اعظم شاہ	۱۱۱۸ھ / ۱۷۰۷ء
نصیر الدین ہمایوں	۹۳۷ھ / ۱۵۳۰ء	کام بخش	۱۱۱۹-۲۰ھ / ۱۷۰۸ء
جلال الدین اکبر	۹۶۳ھ / ۱۵۵۶ء	قطب الدین شاہ عالم بہادر شاہ اول	۱۱۱۹ھ / ۱۷۰۷ء
نور الدین جہانگیر	۱۰۱۴ھ / ۱۶۰۵ء	معز الدین جہاندار	۱۱۲۴ھ / ۱۷۱۲-۱۳ء
داور بخش	۱۰۳۷ھ (غاصب و باغی) / ۱۶۲۷-۲۸ء	فرخ سیر	۱۱۲۴ھ / ۱۷۱۲ء
شہاب الدین شاہجہاں	۱۰۳۷ھ / ۱۶۲۸ء	شمس الدین رفیع الدرجات	۱۱۳۱ھ / ۱۷۱۹ء
مراد بخش (گجرات)	۱۰۶۸ھ (غاصب و باغی) / ۱۶۵۸ء	رفیع الدولہ شاہجہاں ثانی	۱۱۳۱ھ / ۱۷۱۹ء
شجاع (بنگال)	۱۰۶۸-۷۰ھ (غاصب و باغی) / ۱۶۵۸-۶۰ء	نیکوسیر	۱۱۳۱ھ / ۱۷۱۹ء (غاصب)
اورنگ زیب محی الدین عالمگیر	۱۰۶۹ھ / ۱۶۵۹ء	ابراہیم	۱۱۳۲ھ / ۱۷۲۰ء (غاصب)

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۸ پر ملاحظہ ہو)

بابر کی غریب الوطنی اور ترقی

بابر کو شیبانی کے ازبکوں نے چونکہ وطن سے نکالدیا تھا اسلئے اسکا انتقام بابر نے افغانستان کو مغلوب کرکے لیا۔ اس نے ۹۰۹ھ/۱۵۰۳ء میں بدخشاں کو فتح کیا، دوسرے سال کابل پر قبضہ کیا، اور ۹۱۳ھ/۱۵۰۷ء میں قندھار بھی لے لیا۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۷)

محمد ناصر الدین — ۱۱۳۱ھ/۱۷۱۹ء
احمد — ۱۱۶۱ھ/۱۷۴۸ء
عزیز الدین عالمگیر ثانی — ۱۱۶۷ھ/۱۷۵۴ء
شاہجہاں ثالث — ۱۱۷۳-۱۱۷۴ھ/۱۷۵۹-۶۰ء (غاصب)

جلال الدین شاہ عالم
بیدار بخت
محمد اکبر ثانی
بہادر شاہ ثانی (غاصب)

۱۱۷۳ھ/۱۷۵۹ء
۱۲۰۲-۳ھ/۱۷۸۸-۸۹ء (غاصب)
۱۲۲۱ھ/۱۸۰۶ء
۱۲۵۳ھ/۱۸۳۷ء — ۱۲۷۵ھ/۱۸۵۷ء

شجرہ خاندان مغلیہ

بابر (۱)
ہمایوں (۲)

محمد حاکم (گورنر بنگال) — اکبر (۳)
جہانگیر (۴)

شہریار — جہاندار — شاہ جہاں (۵) — پرویز — خسرو

مراد بخش — اورنگ زیب (۶) — شجاع — دارا

کام بخش — شاہ عالم بہادر شاہ (۷) — اعظم — محمد

کام بخش — اکبر
محی السنۃ — نیکوسیر
شاہجہاں ثالث

شاہ عالم بہادر شاہ (۷)

جہاندار (۸) — رفیع الشان — عظیم الشان
عالمگیر ثانی (۱۴)
شاہ عالم (۱۵)
محمد اکبر ثانی (۱۶)
بہادر شاہ ثانی (۱۷)
فرخ سیر (۹)

مجستہ اختر — جہاندار (۸)
محمد (۱۲)
احمد (۱۳)
بیدار بخت

رفیع الشان

ابراہیم — رفیع الدرجات (۱۰) — رفیع الدولہ (۱۱)

حملۂ ہندوستان اس کے بعد وہ کئی سال تک حملۂ ہندوستان کا قصد کرتا رہا حتےٰ کہ ۹۳۲ھ/۱۵۲۵ء میں اس نے پنجاب پر حملہ کیا اور لاہور پر قابض ہوگیا۔

۱۲ رجب ۹۳۲ھ (۱۹ اپریل ۱۵۲۶ء) کو اس نے پانی پت کے میدان میں ابراہیم لودی (سلطان دہلی) کی فوج کو شکست دی اور دہلی و آگرہ پر قبضہ کرکے ہندوستان کا تمام شمالی حصہ دریائے سندھ سے لیکر حدودِ بنگال تک اس کے قبضہ میں آگیا۔

بابر کی وفات بابر ۹۳۷ھ/۱۵۳۰ء میں مرگیا اور بنگال، گجرات، مالوہ، اور دکن فتح کرنے کی حسرت اپنے ساتھ لے گیا۔

ہمایوں کا عہدِ حکومت اس کا بیٹا ہمایوں اسوقت صرف ۱۹ سال کا تھا لیکن اس نے کوشش کی کہ اپنے باپ کی تمناؤں کو پورا کرے، جس میں وہ کامیاب نہیں ہوا۔ گجرات و مالوہ پر مہمیں روانہ کی گئیں لیکن بیکار ثابت ہوئیں اور آخرکار بنگال کے افغانوں نے شیر شاہ کی سیادت میں جو بہار کا حکمراں تھا غریب ہمایوں کو ہندوستان سے نکل جانے پر مجبور کردیا۔

ہمایوں کی فراری قنوج میں جو جنگ شیر شاہ اور ہمایوں کے درمیان واقع ہوئی، اس نے ہمایوں کو مجبور کردیا کہ وہ پہلے سندھ اور پھر فارس کی طرف جاکر پناہ لے۔ اس واقعہ سے شیر شاہ کی حکومت تمام ہندوستان میں قایم ہوگئی۔ لیکن قبل اس کے کہ وہ مکمل انتظام کرچکتا اس کی عمر ختم ہوگئی۔ اور پندرہ سال بعد پھر ہمایوں نے ہندوستان پر حملہ کرکے ۹۶۲ھ/۱۵۵۵ء میں دہلی پر قبضہ کرلیا اور ۹۶۳ھ/۱۵۵۶ء میں مرگیا۔

اکبر کا عہدِ حکومت اس کا بیٹا اکبر اس وقت صرف ۱۴ سال کا بچہ تھا لیکن اس کے محافظ و نگراں بیرم خاں نے ہندوستان کی فوجوں کو جو ہیمو کی سیادت میں مقابلہ کو آئی تھیں پانی پت کے میدان میں (اُسی جگہ جہاں اکبر کے دادا نے فتح حاصل کی تھی) شکست دی۔ اور اس طرح اکبر ہندوستان کے بڑے حصہ کا مالک ہوگیا۔ ہرچند اکبر ابھی کمسن تھا لیکن عنانِ حکومت اس نے اپنے ہاتھ میں لے لی۔ دہلی اور آگرہ پر تو جنگِ پانی پت کے بعد ہی قبضہ ہوگیا تھا، لیکن ۹۶۶ھ/۱۵۵۸ء میں گوالیار پر اور ۹۷۰ھ/۱۵۶۲ء میں جونپور پر بھی تسلط قایم ہوگیا۔

سلطنت اکبر کی وسعت اسی کے ساتھ مالوہ اور خاندیس پر بھی تاخت عمل میں آئی، اور ۹۷۵ھ/۱۵۶۷ء میں چیتور کے فتح ہونے سے سارا راجپوتانہ مغلوب ہوگیا اور ۹۸۰ھ/۱۵۷۲ء میں گجرات بھی زیرنگیں آگیا۔ بنگال، جس نے اس وقت تک مغل حکومت کو برائے نام تسلیم کیا تھا، باغی ہوگیا لیکن ۹۸۳-۹۸۴ھ/۱۵۷۵-۱۵۷۷ء میں یہ بھی مسخر ہوگیا۔ ۹۸۵ھ/۱۵۷۸ء میں کشمیر بھی لے لیا اور اس کے چھ سال بعد قندھار بھی سلطنت مغلیہ میں شامل ہوگیا۔

اکبر کی فتوحات دکن کی طرف اکبر، دکن کی طرف متوجہ نہیں ہوا اس نے صرف اس امر کی کوشش کی

کہ جنوب کی طرف سے اس کی سلطنت پر حملہ نہ ہو سکے۔ اس غرض سے اس نے خاندیس کو اپنی حکومت میں شامل کرکے برہانپور کو اس صوبہ کا صدر مقام بنایا اور احمد نگر و برار کو بھی لے لیا۔ علاوہ اس کے شاہان بیجاپور اور گولکنڈہ نے بھی خراج پیش کیا۔ اس سے زیادہ دکن کی طرف اکبر نے بڑھنا پسند نہیں کیا۔ ۱۰۱۴ھ/۱۶۰۵ء میں اکبر کا انتقال ہو گیا۔

اورنگ زیب دکن میں دکن کا خواب دیکھنے میں محمد بن تغلق کا صحیح جانشین، اورنگ زیب تھا جب شاہجہاں کے زمانہ میں اورنگ زیب صرف گورنر کی حیثیت رکھتا تھا اسی وقت اس نے صوبۂ دکن پر اقتدار قایم کرکے اُسے (دولت آباد، خاندیس، تلنگانہ، برار) کو چار حصوں میں منقسم کر دیا تھا اور گولکنڈہ کے حکمراں کو بھی اس نے ۱۰۶۶ھ میں اپنا مطیع کر لیا تھا

اورنگ زیب کی حکومت جب ۱۰۶۹ھ/۱۶۵۹ء میں اورنگ زیب کو حصول سلطنت و تاج و تخت کے لئے خود اپنے بھائیوں سے مقابلہ کرنا پڑا تو چند سال تک وہ دکن کی طرف توجہ نہ کر سکا۔ جب وہ مطمئن ہو گیا تو ۱۰۹۲ھ/۱۶۸۱ء میں دکن کی طرف مہمیں روانہ کیں اور یہ سلسلہ برابر ۲۶ سال تک جاری رہا حتےٰ کہ وہ مر گیا۔ اس نے ۱۰۹۶ھ/۱۶۸۶ء میں بیجاپور اور ۱۰۹۸ھ/۱۶۸۷ء میں گولکنڈہ پر قبضہ کرکے عادل شاہی اور قطب شاہی خاندانوں کو ہمیشہ کیلئے ختم کر دیا

مرہٹوں کا خروج اسی اثنا، میں دکن کے مرہٹوں نے سر اُٹھایا اور باوجود اس کے کہ کثرت سے فوجیں روانہ کی گئیں اور بہت سے قلعے فتح کر لئے گئے لیکن یہ فتنہ فرو نہ ہو سکا اور اس صحرائی جنگ جو جماعت کا استیصال دشوار ہو گیا۔ جسوقت اورنگ زیب کا انتقال ہوا تو اس کی سلطنت کابل سے دہانۂ ہگلی تک اور سورت سے مدراس تک وسیع تھی اور سارا ہندوستان اس کے قبضہ میں تھا۔

سلطنتِ مغلیہ کا زوال اورنگ زیب کی وفات پر سلطنت مغلیہ میں ضعف پیدا ہونے لگا کیونکہ اس کے جانشین کمزور تھے اور سکھوں، جاٹوں، اور مرہٹوں کی قوتیں شباب پر تھیں، چنانچہ نادر شاہ اور احمد شاہ دُرّانی کے حملے اسی ضعفِ سلطنت کی وجہ سے عمل میں آئے۔

مرہٹوں کا نشو و نما وفاتِ اورنگ زیب کے ۵۰ سال بعد مرہٹوں کی قوۃ جنوب میں بہت بڑھ گئی اور تمام دکن پر سوائے اس حصہ کے جہاں نظام کا خاندان حکمراں تھا اُن کا اقتدار قایم ہو گیا۔ علاوہ انکے راجپوتوں نے بھی انحرافِ اختیار کر لیا۔ سکھ بھی پنجاب پر قابض ہونے لگے، اور آگرہ کے قریب جاٹ بھی خود مختار ہو گئے اور پہلے ہی سے گویا ایک جدا ملک ہو گیا تھا اور یہی حال بنگال کا تھا

جنگ پلاسی و بکسر پلاسی کی لڑائی نے ۱۷۵۷ء میں اور بکسر کی جنگ نے ۱۷۶۴ء میں مغل سلطنت کو حقیقی معنی میں ختم کر دیا گو برائے نام اس کا وجود ۱۸۵۷ء تک رہا۔

سلطنتِ مغلیہ کا اختتام آخری تین تاجدار مغلیہ خاندان کے برطانیہ کے پنشن خوار تھے اور بہادر شاہ آخری تاجدار رنگون کی طرف جلاوطن کر دیا گیا۔ جہاں وہ ۱۸۶۲ء میں مر گیا۔

ہندوستان کی چھوٹی چھوٹی اسلامی حکومتیں

عہدِ تغلق میں انتشارِ حکومت

محمد بن تغلق کے سلطنت میں نہ صرف سارا ہندوستان بلکہ تلنگانہ اور دکن کے اضلاع بھی شامل تھے، لیکن اس کی موت سے قبل ہی دور دراز کے صوبے خود مختار ہونے لگے اور دسویں صدی ہجری شروع ہونے سے پہلے اس کے ملک کا بہت بڑا حصہ متعدد خود مختار خاندانوں کی حکومت میں منتقل ہو گیا۔ جن کی تفصیل یہ ہے :-

(۱) گورنران و شاہان بنگال ۵۹۹-۹۸۴ھ / ۱۲۰۲-۱۵۷۶ء
(۲) مشرقی شاہان جونپور ۷۹۶-۹۰۵ھ / ۱۳۹۴-۱۵۰۰ء
(۳) شاہان مالوہ ۸۰۴-۹۳۷ھ / ۱۴۰۱-۱۵۳۰ء
(۴) شاہان گجرات ۷۹۹-۹۸۰ھ / ۱۳۹۶-۱۵۷۲ء
(۵) شاہان کشمیر ۷۳۵-۹۹۵ھ / ۱۳۳۴-۱۵۸۷ء
(۶) فاروقی شاہان خاندیس ۸۰۱-۱۰۰۸ھ / ۱۳۹۹-۱۵۹۹ء
(۷) بہمنی شاہان گلبرگہ ۷۴۸-۹۳۳ھ / ۱۳۴۷-۱۵۲۶ء

جب بہمنی خاندان کو زوال ہوا تو حسب ذیل پانچ خاندانوں میں حکومت تقسیم ہو گئی :-

(۱) عماد شاہی (برار) ۸۹۰-۹۸۰ھ / ۱۴۸۴-۱۵۷۲ء
(۲) نظام شاہی (احمدنگر) ۸۹۶-۱۰۰۴ھ / ۱۴۹۰-۱۵۹۵ء
(۳) برید شاہی (بیدر) ۸۹۷-۱۰۱۸ھ / ۱۴۹۲-۱۶۰۹ء
(۴) عادل شاہی (بیجاپور) ۸۹۵-۱۰۹۷ھ / ۱۴۸۹-۱۶۸۶ء
(۵) قطب شاہی (گولکنڈہ) ۹۱۸-۱۰۹۸ھ / ۱۵۱۲-۱۶۸۷ء

بعد کو جب مغلوں کا عہد شروع ہوا تو ہندوستان کی حکومتیں عہد اکبر میں، اور دکن کی ریاستیں عہد اورنگ زیب میں سلطنت مغلیہ کا جزو بن گئیں۔

گورنران[1] و شاہان بنگال

بنگال کا اولین مسلمان گورنر

محمد بختیار فاتح بنگال نے (موجودہ صوبۂ بنگال کے لحاظ سے) صرف ایک مختصر سا حصہ اس کا فتح کیا تھا جس کا دارالحکومت لکھنوتی تھا۔ چھٹی صدی کے آخر اور ساتویں صدی کی ابتدا میں سونارگاؤں اور ساتگاؤں میں گورنروں کا قیام رہتا تھا اور دیوکالہ سے یہی دونوں

[1] گورنران بنگال

محمد بختیار خلجی	۵۹۹ھ / ۱۲۰۲ء	علاؤالدین مردان	۶۰۵ھ / ۱۲۰۸ء
عزالدین محمد شران	۶۰۲ھ / ۱۲۰۵ء	غیاث الدین عوض	۶۰۸ھ / ۱۲۱۱ء

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۲۲ پر ملاحظہ ہو)

مقام بشمول لکھنوتی مراد لئے جاتے تھے۔

بنگال کا دارالحکومت ۸۵۰ھ/۱۴۴۶ء تک فیروزآباد (پانڈوا) اس صوبہ کا پایۂ حکومت رہا اس کے بعد پھر لکھنوتی دارالحکومت ہوگیا، جسے اس سے قبل گور کہتے تھے۔ اس کے بعد یہ فخر ٹانڈا کو حاصل ہوا۔ بعض گورنران بنگال نے بہار، چٹگام، اور اڑیسہ پر بھی اپنا قبضہ کرلیا تھا۔

گورنران بنگال کی خودمختاری جب شاہانِ دہلی کمزور ہوگئے تو گورنران بنگال خودمختار ہوگئے اور کئی خاندان ان میں سے ایسے ہوئے جنھوں نے شاہانہ اختیارات حاصل کرلئے۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۲۱)

ناصرالدین محمود	۶۲۴ھ/۱۲۲۶ء
علاؤالدین جانی	۶۲۷ھ/۱۲۲۹ء
سیف الدین ایبک	۶۲۷ھ/۱۲۲۹ء
عزالدین طغرل طوغان خاں	۶۳۱ھ/۱۲۳۳ء
قمرالدین تمرخاں قیران	۶۴۲ھ/۱۲۴۴ء
اختیارالدین (مغیث الدین) یوزبک	۶۴۴ھ/۱۲۴۶ء
جلال الدین مسعود ملک جانی	۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء
عزالدین بلبن	۶۵۷ھ/۱۲۵۸ء
خمدارسلان تاتارخاں	۶۵۹ھ/۱۲۶۰ء ؟
شیرخاں	
امین خاں	
مغیث الدین طغرل	۶۷۷ھ/۱۲۷۸ء
ناصرالدین بغراخاں	۶۸۱ھ/۱۲۸۲ء
رکن الدین کیکاؤس	۶۹۱ھ/۱۲۹۱ء
شمس الدین فیروزشاہ	۷۰۲ھ/۱۳۰۲ء
شہاب الدین بغراخاں	۷۱۸ھ/۱۳۱۸ء (مغربی بنگال)
غیاث الدین بہادر شاہ	۷۱۰ھ/۱۳۱۰ء (مشرقی بنگال)
ایضاً	۷۱۹ھ/۱۳۱۹ء (تمام بنگال)
ناصرالدین	۷۲۳-۷۲۶ھ/۱۳۲۳-۱۳۲۵ء (لکھنوتی)
بہادرشاہ وبہرام	۷۲۵-۷۳۱ھ/۱۳۲۴-۱۳۳۰ء (مشرقی بنگال)
بہرام شاہ	۷۳۱-۷۳۹ھ/۱۳۳۰-۱۳۳۸ء
قدرخاں	۷۲۶-۷۴۰ھ/۱۳۲۵-۱۳۳۹ء (لکھنوتی)
عزالدین اعظم الملک	۷۲۴-۷۴۰ھ/۱۳۲۳-۱۳۳۹ء (ساناگانوں)

(شاہان بنگال)

فخرالدین مبارک شاہ	۷۳۹-۷۵۰ھ/۱۳۳۸-۱۳۴۹ء (مشرقی بنگال)
اختیارالدین غازی خاں	۷۵۰-۷۵۳ھ/۱۳۴۹-۱۳۵۲ء (مشرقی بنگال)
علاءالدین علی شاہ	۷۴۰-۷۴۶ھ/۱۳۳۹-۱۳۴۵ء (مغربی بنگال)

(خاندان الیاس)

شمس الدین الیاس شاہ	۷۴۰-۷۴۶ھ/۱۳۳۹-۱۳۴۵ء مغربی بنگال میں مصروف پیکار رہا۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۲۳ پر دیکھئے)

مغلوں کا اثر بنگال میں ہمایوں، بنگال پر ۹۴۴ھ سے ۹۴۶ھ تک قابض رہا لیکن جب ۹۴۶ھ میں شیر شاہ نے مغلوں کو شکست دی تو پھر یہاں خود مختار حکومتیں قایم ہوگئیں اور یہ حالت اسوقت تک قایم رہی جب تک ۹۸۲ھ میں بہار کو اکبر نے فتح نہیں کرلیا اور ۹۸۴ھ/۱۵۷۶ء میں مغلوں کا اثر بنگال میں عام نہیں ہوگیا۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۲۲)

شمس الدین الیاس شاہ ۷۴۶ھ/۱۳۴۵ء (مغربی بنگال)

ایضاً ۷۵۳-۷۵۹ھ/۱۳۵۰-۱۳۵۸ء (تمام بنگال)

سکندر شاہ بن الیاس ۷۵۹-۷۹۲ھ/۱۳۵۸-۱۳۸۹ء

غیاث الدین اعظم شاہ بن سکندر شاہ ۷۹۲ھ/۱۳۸۹ء (۱۳۹۰ء میں بغاوت کی اور ۱۳۹۱ء سے حکومت پر قابض ہوگیا)

سیف الدین حمزہ شاہ بن اعظم شاہ ۷۹۹ھ/۱۳۹۶ء

شمس الدین بن حمزہ ۸۰۹ھ/۱۴۰۶ء

(خاندان راجہ کنس)

شہاب الدین بایزید شاہ (بیعت راجہ کنس) ۸۱۲ھ/۱۴۰۹ء

جلال الدین محمد شاہ بن راجہ کنس ۸۱۷ھ/۱۴۱۴ء

شمس الدین احمد شاہ بن محمد ۸۳۵ھ/۱۴۳۱ء

(خاندان الیاس باردگر)

ناصر الدین محمود شاہ اول ۸۴۶ھ/۱۴۴۲ء

رکن الدین باربک شاہ بن محمود شاہ ۸۶۴ھ/۱۴۵۹ء

شمس الدین یوسف شاہ بن باربک شاہ ۸۷۹ھ/۱۴۷۴ء

سکندر شاہ بن یوسف شاہ ۸۸۶ھ/۱۴۸۱ء

جلال الدین فتح شاہ بن محمود شاہ اول ۸۸۶ھ/۱۴۸۱ء

(حبشی النسل)

سلطان شاہزادہ باربک ۸۹۲ھ/۱۴۸۶ء

سیف الدین فیروز شاہ اول ۸۹۲ھ/۱۴۸۶ء

ناصر الدین محمود شاہ ثانی بن فتح شاہ (خاندان الیاس) ۸۹۵ھ/۱۴۸۹ء

شمس الدین ابو النصر مظفر شاہ ۸۹۶ھ/۱۴۹۰ء

(خاندان حسین شاہ)

علاء الدین حسین شاہ ۸۹۹ھ/۱۴۹۳ء

ناصر الدین نصرت شاہ بن حسین شاہ ۹۲۵ھ/۱۵۱۸ء

علاء الدین فیروز شاہ بن نصرت شاہ ۹۳۹ھ/۱۵۳۲ء

غیاث الدین محمود شاہ ثالث بن حسین ۹۳۹ھ/۱۵۳۲ء

فتوحات ہمایوں ۹۴۴ھ/۱۵۳۷ء

(خاندان محمد سور)

شمس الدین محمد سور غازی شاہ ۹۶۰ھ/۱۵۵۲ء

بہادر شاہ (خضر) بن محمد سور ۹۶۲ھ/۱۵۵۴ء

غیاث الدین جلال شاہ بن محمد سور ۹۶۸ھ/۱۵۶۰ء ۹۷۱ھ/۱۵۶۳ء

(خاندان سلیمان کرارانی)

سلیمان خاں فرارانی (بہار و بنگال) ۹۷۱ھ/۱۵۶۳ء

بایزید شاہ بن سلیمان ۹۸۰ھ/۱۵۷۲ء

داؤد شاہ بن سلیمان ۹۸۰ھ/۱۵۷۲ء

شاہان مغلیہ ۹۸۴ھ/۱۵۷۶ء

شرقی شاہان جونپور[1]

سلطنتِ جونپور کی ابتدا خواجہ جہان، محمد تغلق کا وزیر تھا لیکن اپنے نوجوان و کمسن آقا کو چھوڑ کر اس نے ایک خود مختار حکومت جونپور میں قایم کی اور یہیں سے اس نے اور اس کے جانشینوں نے کچھ زمانہ تک بہار، اودھ، قنوج، بہرائچ پر بھی اپنا اثر قایم کر لیا۔ انھوں نے دو مرتبہ دہلی کا محاصرہ بھی کیا لیکن کامیابی نہیں ہوئی۔ شاہان مالوہ سے بھی بارہا ان کا مقابلہ ہوا۔

شرقی سلطنت کا محو ہو جانا ۸۷۹ھ/۱۴۷۴ء، یا (بعض مورخین کے بیان کے مطابق) ۸۸۱ھ/۱۴۷۶ء میں سکندر بن بہلول لودی نے جونپور کو فتح کیا اور پھر سلطنت دہلی سے ملا لیا۔

شاہان مالوہ[2]

سلطنت مالوہ کی ابتدا مالوہ قدیم راجپوت سلطنت میں شامل تھا اور وہ عرصہ تک مسلمانوں کے حملہ کا مقابلہ کرتا رہا۔ جب یہ صوبہ سلطان بلبن کے عہد میں مفتوح ہوا تو اس کے حدود یہ تھے دریائے نربدا جنوب میں۔ دریائے چنبل شمال میں۔ گجرات و بندلکھنڈ مغرب و مشرق میں۔

---

[1] فہرست شاہان شرقی

خواجہ جہان	۸۹۶ھ/۱۳۹۴ء	محمد شاہ بہ شرکت محمود شاہ	۸۶۱ھ/۱۴۵۶ء
مبارک شاہ	۸۰۲ھ/۱۳۹۹ء	حسین شاہ بن محمود	۸۶۳ھ/۱۴۵۸ء
شمس الدین ابراہیم شاہ شرقی بن مبارک	۸۰۳ھ/۱۴۰۰ء	(۸۸۱ھ/۱۴۷۶ء میں بنگال بھاگ گیا اور ۹۰۵ھ/۱۵۰۰ء میں مرگیا)	
محمود شاہ بن ابراہیم	۸۴۴ھ/۱۴۴۰ء		

[2] شاہان مالوہ

(خاندان غور)		محمود شاہ اول (خلجی)	۸۳۹ھ/۱۴۳۵ء
دلاور خاں	۸۰۴ھ/۱۴۰۱ء	غیاث شاہ بن محمود	۸۸۰ھ/۱۴۷۵ء
ہوشنگ (الپ خاں) بن دلاور خاں	۸۰۸ھ/۱۴۰۵ء	ناظر شاہ بن غیاث	۹۰۶ھ/۱۵۰۰ء
محمد غزنی خاں بن ہوشنگ	۸۳۸ھ/۱۴۳۴ء	محمود ثانی بن ناصر	۹۱۶ھ/۱۵۱۰ء
(خاندان خلجی)		شاہان گجرات	۹۳۷ھ/۱۵۳۰ء

شاہانِ خلجی کے زمانہ میں ہوشنگ آباد، اجمیر، ایچ پور، اسی صوبہ میں شامل تھے اور کبھی کبھی چتور سے بھی خراج وصول کیا جاتا تھا۔

اس صوبہ کا اسلامی پایہ تخت شہر مانڈو تھا جسے ہوشنگ غوری نے بنایا تھا۔ ایک وسیع مرتفع میدان میں یہ شہر تعمیر کیا گیا۔ اس کے چاروں طرف بڑی بڑی چٹانیں تھیں اور یہ شہر اپنی مساجد اور اپنی محلات کی وجہ سے مشہور تھا۔ اس کے کھنڈرات بھی موجود ہیں

مالوہ میں غوری اور خلجی خاندانوں کی حکومت

مالوہ میں دو مسلمان خاندان نے حکومت کی پہلا خاندان دلاور خاں غوری کا تھا جو سلطنتِ دہلی کی طرف سے یہاں کا گورنر تھا۔ اس خاندان کے صرف تین افراد (دلاور خاں اس کے بیٹے اور پوتے) نے مالوہ میں حکومت کی۔ دوسرا خاندان محمد خلجی کا تھا جو دلاور خاں کے پوتے کا وزیر تھا۔ جب ۹۳۷ھ/۱۵۳۰ء میں شاہان گجرات نے سلطنتِ مالوہ کو بھی لے لیا تو اس خاندان کا خاتمہ ہوگیا۔

چونکہ خلجی ایک جنگ جو قوم تھی اس لئے مالوہ کی فوجیں شمال میں دہلی تک اور جنوب میں بدر تک پہونچ گئیں اور چتور کے راجپوتوں اور چندیریوں کے ساتھ بھی انھوں نے برابر لڑائیاں قایم رکھیں۔

شاہان گجرات[1]

گجرات میں اسلامی حکومت کی ابتداء

گجرات، عرصہ تک ہندوستان کے مسلمان سلاطین کے قبضہ میں نہیں آیا اور اس کی وجہ صرف یہ تھی کہ صوبۂ گجرات پہاڑوں اور وسیع ریگستانوں کے حائل ہوجانے سے ناقابل تسخیر تھا اور صرف سمندر کی طرف سے اس پر حملہ ہوسکتا تھا۔

---

[1] فہرست شاہان گجرات

مظفر شاہ اول ظفر خاں	۷۹۹ھ/۱۳۹۶ء	داؤد شاہ	۸۶۳ھ/۱۴۵۸ء
احمد شاہ اول	۸۱۴ھ/۱۴۱۱ء	محمود شاہ اول بیقراہ	۸۶۳ھ/۱۴۵۸ء
محمد کریم شاہ	۸۴۶ھ/۱۴۴۳ء	مظفر شاہ ثانی	۹۱۷ھ/۱۵۱۱ء
قطب الدین	۸۵۵ھ/۱۴۵۱ء	سکندر شاہ	۹۳۲ھ/۱۵۲۵ء

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۲۶ پر ملاحظہ ہو)

ساتویں صدی کے آخر میں علاء الدین خلجی نے اس کو سلطنتِ دہلی کا ایک صوبہ بنایا لیکن آٹھویں صدی کے اختتام پر وہ پھر خود مختار ہوگیا مگر فرق یہ تھا کہ اب اس کے حکمران مسلمان تھے۔

گجرات کی خود مختار حکومت کی بنیاد

ظفر خاں ایک مسلمان راجپوت کا لڑکا ۷۹۴ھ/۱۳۹۲ء میں گجرات کا گورنر مقرر کیا گیا اور ۷۹۹ھ/۱۳۹۶ء میں اس نے خود مختاری کا اعلان کر دیا۔ اسوقت دشمن چاروں طرف سے اس کا احاطہ کئے ہوئے تھے۔ ایک طرف راجپوت اور دوسری طرف بھیل کی وحشی قوم پہاڑوں اور سمندر کے درمیان صرف ایک پتلا سا ٹکڑا صوبۂ گجرات کا اس کے قبضہ میں تھا لیکن ساحلی حصہ

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۲۵)

ناصر خاں	محمود ثانی	۹۳۲ھ / ۱۵۲۵ء	احمد شاہ ثانی
بہادر شاہ		۹۳۰ھ / ۱۵۲۶ء	مظفر شاہ ثالث حبیب
میران شاہ فاروقی (خاندیسی)		۹۴۳ھ / ۱۵۳۶ء	شاہانِ مغل
محمود شاہ ثالث		۹۴۴ھ / ۱۵۳۷ء	

۹۶۱ھ / ۱۵۵۳ء	
۹۶۹ھ / ۱۵۶۱ء	
۹۸۰ھ / ۱۵۷۲ء	

شجرہ شاہانِ گجرات

مظفر اول (۱)
تاتار خاں
احمد اول (۲)

محمد اول (۳) — داؤد (۵)

محمود اول (۶) — قطب الدین (۴)
مظفر ثانی (۷)

عادل خاندیسی = لڑکی — لطیف خاں — بہادر (۱۰) — محمود ثانی (۹) — سکندر (۸)
میران محمد (۱۱)
محمود ثالث (۱۲)
مظفر ثالث (۱۳)

ضرور سورت تک اس میں شامل تھا اس لئے اس نے ایدر اور ڈیو فتح کرکے اپنی مملکت کو وسیع کیا اور ۸۱۰ھ/۱۴۰۷ء میں مالوہ کو بھی لے لیا۔

شہر احمد آباد کی تعمیر احمد شاہ اول اس کے بیٹے نے احمد آباد بنایا جو اس خاندان کا پایۂ حکومت رہا اور مغلوں کے زمانہ میں ایک صوبہ ہوگیا۔ اب بھی احمد آباد ہندوستان کے مشہور شہروں میں شمار کیا جاتا ہے۔

فتوحات شاہانِ گجرات محمود شاہ نے نہ صرف مالوہ اور خاندیس سے جنگ جاری رکھی بلکہ قلعۂ جوناگڈھ (کاٹھیاواڑ) اور چمپانیر کو بھی لے لیا۔ اسی کے ساتھ اس نے ایک بڑا بیڑہ جہازوں کا بحری ڈاکوؤں کو مغلوب کرنے اور پرتگالیوں پر حملہ کے لئے قایم کیا، جنھیں بہادر شاہ فاتح مالوہ نے ڈیو میں ایک کارخانہ بنانے کے حقوق دیدئے تھے، اور جن کے ہاتھ سے وہ مارا گیا۔ اس خاندان کے آخری بادشاہ مفسد و خود غرض امراء کی وجہ سے بالکل بے دست و پا ہوگئے تھے یہاں تک کہ ۹۸۰ھ/۱۵۷۲ء میں اکبر نے اس صوبہ کو بھی فتح کرلیا۔

شاہانِ خاندیس[1]

خاندیس کا اولین مسلمان فرمانروا ناصر خاں، خاندیس کا پہلا مسلمان فرمانروا تھا جو سلطنت دہلی سے آزاد ہوکر خود مختار ہوا۔ یہ اپنے کو خلیفۂ ثانی کی نسل سے ظاہر کرتا تھا اور ازدواجی سلسلہ سے شاہانِ گجرات کا رشتہ دار تھا، اس کا دار الحکومت برہان پور

---

[1] فہرست فرمانروایانِ خاندیس

ملک راجہ	۷۷۲ھ/۱۳۷۰ء	میران محمد شاہ اول	۹۲۶ھ/۱۵۲۰ء
ناصر خاں	۸۰۱ھ/۱۳۹۹ء	میران مبارک ثانی	۹۷۲ھ/۱۵۳۵ء
میران عادل خاں اول	۸۴۱ھ/۱۴۳۷ء	میران محمد ثانی	۹۷۴ھ/۱۵۶۶ء
میران مبارک اول	۸۴۴ھ/۱۴۴۱ء	علی خاں	۹۸۴ھ/۱۵۷۶ء
عادل خاں ثانی	۸۶۱ھ/۱۴۵۷ء	بہادر شاہ	۱۰۰۵ھ/۱۵۹۶ء = ۱۰۰۸ھ/۱۵۹۹ء
داؤد خاں	۹۰۹ھ/۱۵۰۳ء		شاہانِ مغلیہ
عادل خاں ثالث	۹۱۶ھ/۱۵۱۰ء		

قلعۂ اسیر گڈھ کے پاس تھا۔ اکبر نے ۹۶۹ھ/۱۵۶۲ء میں برہان پور کو لے لیا اور وہاں کے فرمانروا نے اطاعت اختیار کر لی۔

حکومتِ خاندیس کا شمول سلطنتِ مغلیہ میں

لیکن حقیقتاً صوبۂ خاندیس اسوقت تک سلطنتِ مغلیہ میں شامل نہیں ہوا، جب تک ۱۰۰۸ھ/۱۵۹۹ء میں چھ ماہ کے محاصرہ کے بعد اسیر گڑھ فتح نہیں ہوگیا۔

۱۰ بہمنی خاندان دکن

دکن میں اسلامی فتوحات

(دکن کا ایک حصہ سب سے پہلے علاء الدین محمد خلجی نے فتح کیا تھا اس نے ۶۹۳ھ/۱۲۹۴ء میں "دیوگر" اور "ایچ پور" پر قبضہ کرکے ایک نیا صوبہ کوہستان "ست پڑا" کے جنوب میں قائم کیا۔ محمد بن تغلق نے ۷۲۱ھ/۱۳۲۱ء میں تلنگانہ پر حملہ کرکے صوبۂ دکن کو وسیع کر لیا اور کچھ زمانہ تک دیوگر کو (جس کا دوسرا نام دولت آباد تھا) دار الحکومۃ قرار دیا۔ اس کے دورِ حکومت میں متعدد بغاوتیں ہوئیں اور سب سے پہلے جس صوبہ نے خود مختاری اختیار کی وہ صوبۂ دکن ہی تھا، جہاں ۷۴۸ھ/۱۳۴۷ء سے تقریباً دو صدی بعد تک گلبرگہ، ورنگل اور بیدر کے بہمنی فرمانروا دکن کے شمالی نصف حصہ پر حکمراں رہے۔

بہمنی خاندان کا مورثِ اعلیٰ

ان کا مورثِ اعلیٰ حسن کانگو ایک افغان تھا، جس کا مورثِ اعلیٰ فارس کا مشہور بادشاہ بہمن تھا[۲]۔ تغلق سلاطین کے زمانہ میں اس نے ترقی کرکے ظفر خاں کا خطاب حاصل کیا۔ جب دکن میں محمد بن تغلق کے خلاف بغاوت شروع ہوئی تو حسن نے شاہی فوجوں کو ملک سے

---

۱۰ فہرست فرمانروایان بہمنی خاندان

حسن کانگو علاء الدین ظفر خاں	۷۴۸ھ/۱۳۴۷ء	شمس الدین	۷۹۹ھ/۱۳۹۷ء
محمد شاہ اول	۷۵۹ھ/۱۳۵۸ء	تاج الدین فیروز شاہ	۸۰۰ھ/۱۳۹۷ء
مجاہد شاہ	۷۷۶ھ/۱۳۷۵ء	احمد شاہ	۸۲۵ھ/۱۴۲۱ء
داؤد شاہ	۷۸۰ھ/۱۳۷۸ء	علاء الدین احمد شاہ ثانی	۸۳۸ھ/۱۴۳۵ء
محمود شاہ اول	۷۸۰ھ/۱۳۷۸ء	علاء الدین ہمایوں شاہ	۸۶۲ھ/۱۴۵۷ء
غیاث الدین	۷۹۹ھ/۱۳۹۷ء	نظام شاہ	۸۶۵ھ/۱۴۶۱ء

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۲۹ پر ملاحظہ ہو)

۲؎ فرشتہ نے غلط لکھا ہے کہ وہ کانگو نامی برہمن کے یہاں ملازم تھا۔ قلعہ گلبرگہ میں ایک کتبہ ملا ہے جس میں اس کا نام حسن کانگو شاہ بہمن لکھا ہے


نکال دیا اور علاء الدین حسن کانگو بہمن شاہ کے نام سے گلبرگہ کے تخت پر قابض ہوگیا۔ اس کا ملک شمال میں برار تک، مشرق میں تلنگانہ تک، جنوب و مغرب میں دریائے کرشنا اور سمندر تک وسیع تھا۔ علاوہ اس کے اس نے تلنگانہ اور وجیانگر کے راجاؤں کو بھی بارہا خراج دینے پر مجبور کیا۔

بہمنی حکومت کی وسعت علاء الدین احمد ثانی کے زمانہ میں خاندیس اور گجرات کے فرمانرواؤں کو بھی شکست ہوئی۔ ۸۷۶ھ/۱۴۷۱ء میں محمد شاہ ثانی، اوڑیسہ تک بڑھتا ہوا چلا گیا، کانجی درم پر

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۲۸)

محمد شاہ ثانی	۸۶۷ھ / ۱۴۶۳ء	علاء الدین شاہ	۹۲۷ھ / ۱۵۲۰ء
محمود شاہ ثانی	۸۸۷ھ / ۱۴۸۲ء	ولی اللہ شاہ	۹۲۹ھ / ۱۵۲۲ء
احمد شاہ ثالث	۹۲۴ھ / ۱۵۱۸ء	کلیم اللہ شاہ	۹۳۲ھ / ۱۵۲۵ء = ۹۳۳ھ / ۱۵۲۶ء

شجرہ شاہان بہمنی



قبضہ کرلیا اور جنوب میں راجہ بلگاؤں سے جنگ کی، یہاں تک کہ بہمنی فرمانرواؤں کا اثر میسور کے شمال تک تقریباً تمام دکن میں پھیل گیا چونکہ ملک بہت وسیع ہوگیا تھا اس لئے اس کے مختلف صوبے قرار دئے گئے اور آخرکار صوبوں کے گورنر بعد کو مطلق العنان ہوگئے۔

بہمنی حکومت کا تجزیہ یوسف عادل شاہ، محمد شاہ ثانی کے جنرل نے بیجاپور میں خود مختاری کا اعلان کردیا، نظام الملک نے اپنے مقبوضہ کو علیحدہ کرلینے کی تیاریاں شروع کیں۔ عماد الملک برار کا بادشاہ ہوگیا۔ یہاں تک کہ رفتہ رفتہ برار میں عماد شاہوں کی احمد نگر میں نظام شاہیوں کی بدر میں برید شاہیوں کی بیجاپور میں

۱۔ عماد شاہی (برار)

فتح اللہ	۸۹۰ھ / ۱۴۸۴ء		برہان	۹۶۸ھ / ۱۵۶۰ء	
علاء الدین	۹۱۰ھ / ۱۵۰۴ء		طفیل (غاصب)	۹۷۶ھ = ۹۸۰ھ / ۱۵۶۸ء = ۱۵۷۲ء	
دریا	۹۳۶ھ / ۱۵۲۹ء				

۲۔ نظام شاہی (احمد نگر)

احمد اول بن نظام شاہ	۸۹۶ھ / ۱۴۹۰ء		اسماعیل	۹۹۷ھ / ۱۵۸۹ء	
برہان اول	۹۱۴ھ / ۱۵۰۸ء		برہان ثانی	۹۹۹ھ / ۱۵۹۰ء	
حسین	۹۶۱ھ / ۱۵۵۳ء		ابراہیم	۱۰۰۳ھ / ۱۵۹۴ء	
مرتضےٰ	۹۷۲ھ / ۱۵۶۵ء		احمد ثانی	۱۰۰۴ھ / ۱۵۹۴ء	
میران حسین	۹۹۶ھ / ۱۵۸۸ء		بہادر	۱۰۰۴ھ / ۱۵۹۵ء	شاہان مغلیہ

۳۔ برید شاہی (بدر)

قاسم اول	۸۹۷ھ / ۱۴۹۲ء		قاسم ثانی	۹۹۷ھ / ۱۵۸۹ء	
امیر اول	۹۱۰ھ / ۱۵۰۴ء		مرزا علی	۱۰۰۰ھ / ۱۵۹۲ء	
علی	۹۴۵ھ / ۱۵۳۹ء		امیر ثانی	۱۰۱۸ھ / ۱۶۰۹ء	
ابراہیم	۹۹۰ھ / ۱۵۸۲ء				

عادل شاہیوں[۱] کی اور گولکنڈہ میں قطب شاہیوں[۲] کی حکومت قایم ہوگئی اور بہمنی سلطنت کے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے۔

۱۔ عادل شاہی (بیجاپور)

یوسف عادل شاہ	۸۹۵ھ / ۱۴۸۹ء	ابراہیم ثانی	۹۸۷ھ / ۱۵۷۹ء		
اسماعیل	۹۱۶ھ / ۱۵۱۱ء	محمد	۱۰۳۵ھ / ۱۶۲۶ء		
مَلّو	۹۴۱ھ / ۱۵۳۴ء	علی ثانی	۱۰۷۰ھ / ۱۶۶۰ء = ۱۰۹۷ھ / ۱۶۸۶ء		
ابراہیم اول	۹۴۱ھ / ۱۵۳۵ء				
علی اول	۹۶۵ھ / ۱۵۵۷ء				

۲۔ قطب شاہی (گولکنڈہ)

سلطان قُلی	۹۱۸ھ / ۱۵۱۲ء	محمد قلی	۹۸۶ھ / ۱۶۰۸۱ء		
جمشید	۹۴۰ھ / ۱۵۴۳ء	عبداللہ	۱۰۲۰ھ / ۱۶۱۱ء		
سبحان قُلی	۹۵۷ھ / ۱۵۵۰ء	ابوالحسن	۱۰۸۳ھ / ۱۶۷۲ء = ۱۰۹۸ھ / ۱۶۸۷ء		
ابراہیم	۹۵۷ھ / ۱۵۴۳ء				

باب اول

سندھ میں مسلمانوں کی حکومت

بعد رحلتِ رسالتمآب اہلِ عرب نے جس تیزی کے ساتھ، صرف بیس سال کے اندر شام و فلسطین، مصر و ایران کو مغلوب کرکے اپنی حکومت وہاں قایم کردی، وہ تاریخ کا خواہ کتنا ہی حیرت ناک واقعہ کیوں نہ ہو لیکن اسمیں کسی کو کلام نہیں ہوسکتا کہ ایسا ہوا اور سب کو اس کا اعتراف ہے

ہمارے موضوع سے یہ بحث بالکل جدا ہے کہ وہ کیا اسباب تھے جنھوں نے عرب کے وحشیوں میں یہ شاہانہ عزم پیدا کردیا اور وہ کیا انقلاب تھا، جس نے ایک سوئی ہوئی بستی، اک پست و ذلیل قوم کو دفعتہً بیدار کرکے نکبت و غلامی کی ادنیٰ سطح سے اُٹھاکر حکومت و فرمانروائی کی بلند سطح تک پہونچا دیا، تاہم یہ کہنا پڑتا ہے کہ جس جماعت نے ایشیا میں اکاسرۂ عجم کے طنطنۂ ملوکانہ کو یوں دفعتہً مٹاکر رکھدیا، اس کے عزائم کا تقاضا یہی ہونا چاہئے تھا کہ وہ اپنی فاتحانہ پیشقدمی کو جاری رکھے۔ چنانچہ ہندوستان بھی اس سے محروم نہیں رہا اور اُسی وقت جبکہ اسلام کے سیلابِ فتوحات سے دنیا کے اور بہت سے ممالک سیراب ہو رہے تھے، سرزمین ہند بھی یہ شرف حاصل کرنے میں پیچھے نہیں رہی۔

جب پہلی صدی ہجری میں اہلِ عرب چاروں طرف منتشر ہوگئے، تو اُنھوں نے اپنے مقبوضات وسیع کرنے میں کوئی دقیقہ کوشش کا اُٹھا نہیں رکھا اور اُس وقت تک وہ اپنے فاتحانہ اقدام سے باز نہیں آئے جب تک خود فطرت نے ان کے سامنے ناقابل تسخیر حجابات پیدا نہیں کردئے۔ وہ شمالی افریقہ میں پھیل گئے اور کون کہہ سکتا ہے کہ کہاں جاکر ٹھہرتے اگر خشک و گرم ریگستان مانع نہ آجاتا۔ اسی طرح جب انھوں نے ہسپانیہ کو زیر نگیں کیا تو اپنی حدودِ سلطنت کو وسیع کرنے کے لئے وہ اس وقت تک مضطرب رہے، جب تک ان کے سامنے

فتح سندھ کا مختصر بیان

بحر اطلانطک (Atlantic Ocean) کی موجوں نے ایک خطِ فاصل نہیں کھینچ دیا۔ یہی صورت بالکل مشرق میں بھی پیش آئی کہ وہ فارس کو فتح کر کے آگے بڑھے لیکن ہندوکش کے برف پوش سنگین دیواروں نے انھیں ہندوستان آنے سے روک دیا۔ اور اس لئے تسخیرِ ہندوستان کا فخرِ حقیقی معنی میں مشرق ہی کے مسلمانوں کو حاصل ہوا جن کے اندر عربوں نے مذہبی تعلیم کے ساتھ اپنا سارا فاتحانہ جوش بھی منتقل کر دیا تھا

ہر چند اہلِ عرب اُن دولتوں سے پوری طرح آگاہ نہ تھے جن سے سمندر کی گہرائیاں مالا مال ہیں، تاہم وہ مغربی ہند کے سواحل سے بے خبر نہ تھے جہاں زمانۂ قدیم سے عرب کے تاجروں کی آمد و رفت پائی جاتی تھی، یہ لوگ خلیج فارس کو عبور کر کے دریائے سندھ کے دہانہ تک اور وہاں سے سیرا اور کمبایت (Cambay) اور کبھی کبھی کالی کٹ (Calicut) و ساحلِ مالابار کی دیگر بندرگاہوں تک پہونچ گئے

انھوں نے اپنے وطن واپس جا کر ہندوستان کی دولت، ہندوستان کی پیداوار، اور یہاں کی بت پرستی وغیرہ کا حال، بیان کیا اور اسی کا نتیجہ تھا کہ خلیفہ عثمانی کے عہد میں ایک فوجی مہم ۱۵ھ میں ساحلِ ہند پر روانہ کی گئی جو (بمبئی کے قریب) تھانہ پر قابض ہو کر بھروچ تک پہونچ گئی۔ اس کے بعد بھی خلیج فارس کے عربوں نے جو بڑے ڈی حوصلہ اور دلیر لوگ تھے، متعدد بار ساحلِ ہند پر اپنی فوجیں پھیلا دیں، لیکن ان سب کا شمار "فوجی تاخت" میں تھا۔ باقاعدہ جنگ سے انھیں کوئی واسطہ نہ تھا اور مقصود بھی صرف اشاعتِ اسلام تھا نہ کہ کسی سلطنت کی بنیاد ڈالنا

عربوں کا سب سے پہلا باقاعدہ حملہ ہندوستان پر مکران کی طرف سے ہوا جو انتہائے مشرق میں خلافت کا ایک دور دراز صوبہ تھا اور چونکہ سرحدِ ہند پر کوئی قدرتی مانع موجود نہ تھا، اسلئے مکران کے گورنروں نے متعدد بار حملے کئے لیکن حقیقت یہی ہے کہ ان حملوں نے بھی ہندوستان میں کسی سلطنت کی بنیاد نہیں ڈالی اور نہ عرب سپاہ اندرونِ ملک میں اقتدار حاصل کر سکی

آخر کار خلافتِ بنی امیہ میں وہ زمانہ آیا جب حجاج نے اس جانب توجہ کی اور اس نے ایک طرف حدودِ تاتار میں اشاعتِ اسلام کے لئے قتیبہ کو نامزد کیا اور دوسری طرف محمد قاسم کو ہندوستان کی طرف روانہ کیا

محمد قاسم کے حملۂ سندھ کا افسانہ حقیقتاً ایک تاریخی رومان (Romance) ہے۔ ہندوستان کی حالت یہ تھی کہ اسوقت تک عربوں کا یہاں کہیں گزر نہیں ہوا تھا، آبادی سخت جنگجو تھی اور اس کے اخلاق و اطوار مذہبی عقاید، اور معاشرتی خصایل عربوں کے عادات و معتقدات سے مختلف تھے۔ مرکزِ خلافت اور اُس کے درمیان کوہستانوں، دریاؤں، اور صحراؤں کا غیر متناہی سلسلہ حایل تھا۔ لیکن اس کی کچھ پرواہ نہیں کی گئی اور ایک نوجوان عرب جس کی عمر صرف سترہ سال کی تھی، جس کو نبرد آزمائی کا کوئی خاص تجربہ نہ تھا، اِس اہم خدمت پر

پر مامور کر دیا گیا اور اس کے پُر شباب حوصلوں اور مذہبی ولولوں نے مطلقاً ان موانع کی پرواہ نہیں کی اور وہ صرف چند ہزار سواروں کے ساتھ لوائے اسلام لئے ہوئے ہندوستان کی اس زمین میں داخل ہو گیا جہاں اس سے قبل کسی عرب جماعت نے مستقل قبضہ کرنے کا خیال پیدا نہیں کیا تھا

جس وقت محمد قاسم مکران ہوتا ہوا ساحلِ فارس پر پہونچا تو وہاں کا گورنر بھی اپنی سپاہ لے کر شریک ہو گیا اور منجنیقیں بھی محاصرہ کے لئے دریا کے راستہ سے دیبل پہونچ گئیں

سنہ ۹۳ھ / ۷۱۲ء کے موسم بہار میں محمد قاسم نے خندقیں کھود کر منجنیقیں نصب کیں اور محاصرہ شروع کر دیا۔ بلاذری نے اس محاصرہ کا مفصل حال لکھا ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عرب نیزہ بازوں کے مختلف دستے اپنے اپنے جھنڈوں کے نیچے خندقوں کے کنارے قائم کر دئے گئے تھے، اور سب سے بڑی منجنیق سر کرنے کے لئے جس کا نام عروس تھا ۵۰ آدمی متعین کئے گئے۔ شہر دیبل کے اندر ایک بہت بڑا مندر تھا اور اس پر سُرخ جھنڈا لہرا رہا تھا

۱؎ ایک ساتھ ۶ ہزار سوار تھے اور اتنی ہی جماعت شتر سواروں کی تھی علاوہ ان کے تین ہزار اونٹ اور تھے جن پر فوج کا سامان رکھا جاتا تھا۔

۲؎ دیبل، کراچی، ٹھٹہ، لاہوری بندر۔ میر معصوم نے دیبل، ٹھٹہ، اور لاہوری بندر، کو ایک ہی مقام قرار دیا ہے۔ اسی طرح فرشتہ نے بھی لکھا ہے کہ قدیم دیبل موجودہ ٹھٹہ ہے۔ موجودہ عہد کے مورخین بھی اسی طرف گئے ہیں۔ چنانچہ ایرانی بھی ٹھٹہ کے شمال کو "شمالِ دیبل" کہتے ہیں لیکن کیا یہ خیال صحیح ہے؟ یہ امر ذرا بحث طلب ہے

دیبل یا دیول کے معنی ہیں مندر یا پرستش گاہ کے اور اس سے ظاہر ہے کہ یہاں کوئی مندر رہا ہوگا۔ پھر چونکہ مندر کے لئے ہمیشہ کوئی نمایاں اور مرتفع مقام اور وہ بھی خصوصیت کے ساتھ کسی ساحل پر منتخب کیا جاتا تھا (جیسے دوارکا، سومنات) اس لئے ظاہر ہے کہ وہ بھی ساحل پر واقع ہوگا۔ اس کا ثبوت اس سے بھی ملتا ہے کہ جب سراندیپ کے جہاز حجاج کے پاس تحائف لئے جا رہے تھے تو وہ مخالف ہوا کی وجہ سے ساحل دیبل پر پہونچ گئے تھے۔ پھر ٹھٹہ جو ساحل سے پچاس میل کے فاصلہ پر واقع ہے کیونکر دیبل قرار دیا جا سکتا ہے

بلاذری نے بھی خلیج دیبل کا ذکر کرتے ہوئے ان جہازوں کا یہاں آنا بیان کیا ہے جو سپاہیوں اور منجنیقوں کو لیکر خلیج فارس سے سندھ پہونچے تھے۔ اسی طرح ابن حوقل نے بیان کیا ہے کہ دیبل سمندر کے ساحل پر ایک بڑا بندر ہے۔ صاحب مراصد الاطلاع نے بھی تحریر کیا ہے کہ دیبل ساحلِ بحرِ ہند کا مشہور بندر اور بڑی تجارت گاہ ہے۔ یہ اس جگہ واقع ہے جہاں لاہور اور ملتان کے دریا سمندر میں گرتے ہیں

اس سے یہ امر بالکل صاف ہو گیا کہ دیبل ساحل پر واقع تھا اور چونکہ ٹھٹہ ساحل سے بہت دور واقع ہے اس لئے دیبل اور ٹھٹہ دو جُدا مقامات قرار دئے جائیں گے۔ (بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۳۵ پر دیکھئے)

انتظام یہ تھا کہ اس حملہ کے متعلق تمام خبریں روزانہ حجاج کے پاس بھیجی جاتی تھیں اور وہاں سے ہدایات موصول ہوتی رہتی تھیں۔ چنانچہ جب محاصرہ کی یہ صورت قایم ہوگئی تو حجاج نے حکم بھیجا کہ منجنیق کی بلندی کو ذرا کم کر دیا جائے اور مندر کے اوپر جو جھنڈا ہے اُسے سب سے پہلے اُڑا دیا جائے۔ اس کی تعمیل کی گئی اور مندر کا جھنڈا منجنیق سے گرا دیا گیا چونکہ یہ جھنڈا بہت متبرک خیال کیا جاتا تھا اس لئے ہندوؤں میں اس کے گر جانے سے بد دلی پیدا ہوگئی مسلمان زینہ لگا کر قلعہ پر چڑھ گئے اور شہر کے اندر پہونچکر قبضہ کر لیا۔ یہاں کا حاکم تو بھاگ گیا لیکن جنگ جو آبادی قتل کی گئی اور اسی وقت ایک مسجد کی طرح بھی وہاں ڈالی گئی

اس کے بعد محمد قاسم نے چار ہزار سپاہی دیبل میں چھوڑے اور خود بقیہ سپاہ کے ساتھ دریائے سندھ کی داہنے ساحل پر دشمن کی مرکزی فوج کی فکر میں روانہ ہوا۔ آگے بڑھ کر معلوم ہوا کہ دشمن کی چوکیاں دوسری طرف ہیں۔ اس لئے اس نے بہت سی کشتیاں ایک دوسرے سے باندھ کر پل سا تیار کرایا اور ان میں تیر اندازوں کو بٹھا کر دوسری طرف پہونچایا۔ دشمن نے کوشش کی کہ اسلامی فوج ساحل پر نہ اُتر سکے لیکن کامیابی نہیں ہوئی اور مجبوراً اور تک پسپا ہو جانا پڑا جہاں سب سے پہلے عربوں نے ہندو سرداروں کی کثیر جماعت (جو آہن پوش ہاتھیوں پر سوار تھی) مقابلہ کے لئے آمادہ دیکھی داہر راجہ ان سب کا سردار تھا۔ محمد قاسم نے حکم دیا کہ پتھروں کے ذریعہ سے روغن لفظ ہاتھیوں پر پھینکا جائے۔ اس ترکیب سے ہاتھی ڈر کر بھاگے، ہودوں میں آگ لگ گئی اور راجہ داہر مارا گیا۔ داہر کی بہن نے تمام عورتوں کو جمع کیا اور گھروں میں آگ لگا کر سب کی سب وہیں جل کر خاک ہوگئیں۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۳۴)

اس بنا پر بعض کا خیال ہے کہ دیبل، ٹھٹہ تو نہیں ہو سکتا لیکن ممکن ہے کہ وہ لاہوری بندر ہو چنانچہ تحفۃ الکرام میں صاف صاف لکھا ہے کہ جسے اب لاہوری بندر کہتے ہیں اُسے پہلے دیبل کہتے تھے، لیکن صاحب تحفۃ الکرام کا بیان تعیین مقا کے مسئلہ میں کوئی سند نہیں ہو سکتا۔ اور نہ وہ ایسے مسائل میں زیادہ تحقیق سے کام لیتا ہے، اس لئے صرف اس کے پر اعتماد نہیں ہو سکتا علی الخصوص اسوقت جبکہ دیگر حالات اس کے منافی ہوں۔ بیرونی نے لکھا ہے کہ خلیج توران اور دیبل کے درمیان واقع ہے اور خلیج توران سے ہٹ کر دریائے سندھ کے دو دہانے ہیں۔ چھوٹا دہانہ شہر لہوراتی کے پاس ہے اور بڑا دہانہ کچھ کے قریب۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دیبل اور لہوراتی (جو بعد کو لاہوری بندر کہلایا جانے لگا) دو جدا مقامات تھے۔

اس لئے جب دیبل، ٹھٹہ اور لاہوری بندر نہیں ہو سکتا تو حسب تحقیق مسٹر الیٹ سوائے موجودہ کراچی کے اور کوئی مقام ایسا نہیں ہے جو قدیم جغرافیہ دانوں کے بیان کے مطابق دیبل قرار دیا جا سکے۔

برہمن آباد و ملتان کی فتح

اس کے بعد دوسری فتح برہمن[1] آباد میں ہوئی اور اب ملتان کا راستہ صاف ہوگیا، جہاں محاصرہ کرکے اس کو بھی مفتوح کرلیا۔ چونکہ ملتان فتح ہوجانے سے دریائے سندھ کی وادی پر پورا اقتدار مسلمانوں کا قائم ہوچکا تھا اور ہندو فرمانرواؤں نے وہاں کے لوگوں پر بہت مظالم کر رکھے تھے اس لئے

---

[1] برہمن آباد، منصورہ، محفوظہ۔ فتوحات عرب سے قبل زیریں حصہ سندھ کا دارالحکومت برہمن آباد تھا۔ اس مقام کا قدیم نام حسب روایت بیرونی، بہمنی، یا بہمنوا تھا۔ اشکال البلاد میں "بامی دان" لکھا ہے ابن حوقل "تامی رامان" اور "مامی وان" لکھتا ہے۔ ادریسی نے "میرمان" مصنف چچ نامہ نے "بین واہ" اور مصنف تاریخ طاہری نے "بین واہ" تحریر کیا ہے

عہد قدیم میں "دیبل" اور "نیرون" بھی حکومت برہمن آباد سے متعلق تھے لیکن اب سوال یہ ہے کہ برہمن آباد کہاں تھا اور اب بھی اس کے آثار کہیں پائے جاتے ہیں یا نہیں۔ آئین اکبری میں ابوالفضل نے لکھا ہے کہ برہمن آباد کے قلعہ میں کسی وقت چودہ سو برجیاں تھیں اور اب بھی اس کے کچھ نشانات باقی ہیں۔ لیکن سمت و مقام کا کوئی تعین نہیں کیا ہے

بعض محققین کا خیال ہے کہ برہمن آباد سے مراد کالاکوٹ ہے۔ چچ نامہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ دریائے سندھ کے مشرقی جانب آباد تھا اس لئے حسب تحقیق مسٹر الیٹ، کالاکوٹ اور ٹھٹھہ کا قیاس غلط ہے بلکہ برہمن آباد وہیں یا اس کے قریب کسی جگہ پر واقع تھا جہاں اب حیدرآباد ہے

بلاذری کا بیان ہے کہ منصورہ، برہمن آباد سے دو فرسنگ کے فاصلہ پر واقع تھا۔ اور محمد قاسم کے عہد میں برہمن آباد مٹ کر جنگل ہوگیا تھا اس لئے گمان غالب ہے کہ منصورہ میں برہمن آباد کے کھنڈروں کا ایک حصہ ضرور شامل ہوگیا ہوگا چونکہ حیدرآباد ۸۰ فٹ مرتفع سطح کی پہاڑی پر واقع ہے اور اس سے زیادہ نمایاں مقام تعمیر دارالحکومت کے لئے اور کوئی نہ ہوسکتا تھا اس لئے یہ ظن یقین میں تبدیل ہوجاتا ہے کہ برہمن آباد، منصورہ اور موجودہ حیدرآباد (سندھ) ایک ہی چیز ہیں۔ یا یہ کہ ایک ہی قطعہ زمین میں یہ تینوں شہر تعمیر ہوئے

حال ہی میں حیدرآباد سے ۴ میل شمال مشرق کی طرف ایک کھنڈر زمین سے برآمد ہوا ہے جسکی نسبت آثاریین کا خیال ہے کہ یہ برہمن آباد کی مسماریاں ہیں بہت سے سکے بھی منصور، عبدالرحمن، محمد، عبداللہ اور عمر کے عہد کے دستیاب ہوئے ہیں۔ لیکن چونکہ کوئی ہندؤں کا سکہ برآمد نہیں ہوا ہے اس لئے اس کو برہمن آباد یقین کرنے میں تامل ہوسکتا ہے

محفوظہ کا صحیح مقام نہیں معلوم ہوسکا سوائے اس کے کہ ابن حوقل اور بیرونی اس کے جائے وقوع کو دریائے سندھ کی مشرقی دلدل سے اور منصورہ کو مغربی دلدل سے متعلق کرتے ہیں۔ سلطان فیروز شاہ کے عہد میں امیر ناصر نے ایک شہر ناصرپور کے نام سے سندھ میں تعمیر کرایا تھا۔ اور خیال کیا جاتا ہے کہ ناصرپور یا تو محفوظہ ہی کا دوسرا نام ہے یا اسی جگہ دوسرا شہر تعمیر کرا کے اس کا نام ناصرپور رکھدیا گیا۔

جاٹ،[1] میند اور دوسری قومیں اظہار اطاعت میں ڈھول اور گھنٹیاں بجاتی ہوئی حاضر آئیں اور مطیع ہوگئیں محمد قاسم نے ان کے ساتھ وہی سلوک کیا جو اسلام کا حکم ہے، یعنی ان سے جزیہ وصول کرکے ان کے جان و مال کی حفاظت کی ذمہ داری لی گئی اور ان کے تمام معابد بدستور باقی رکھے گئے علاوہ اس کے برہمنوں کو بڑے بڑے عہدے دئے گئے اور جزیہ وصول کرنے والے، وہیں کی آبادی سے مقرر کئے گئے

محمد قاسم نے اپنے تمام افسران کو نہایت سختی سے حکم دیا کہ راعی و رعایا کے درمیان پوری ایمانداری کا طرز عمل اختیار کیا جائے جو جس کا حصہ ہے دیانت سے دیا جائے، محصول اتنا مقرر نہ کیا جائے جو لوگوں کے لئے بار ہو، اور نہ کسی کو کوئی تکلیف پہونچائی جائے۔

اسی زمانہ میں حجاج کا انتقال ہوگیا اور خلافت بھی بدل گئی جو حجاج کی مخالف تھی، اس لئے محمد قاسم کو واپس جانا پڑا اور نہایت فرمانبرداری کے ساتھ اس نے اپنی ہلاکت کے حکم کو منظور کرلیا

اس میں شک نہیں کہ عربوں کا سندھ فتح کرلینا تاریخ ہند کے اہم واقعات میں سے ہے، لیکن افسوس ہے کہ اس کا کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوسکا اس کی وجہ سوائے اس کے کچھ نہ تھی کہ خود مرکز خلافت میں اختلاف باہمی کی وجہ سے ضعف پیدا ہوگیا تھا اور محمد قاسم کے بعد کوئی مہم اس طرف ایسی روانہ نہیں کی گئی، جو فتوحات کے سلسلہ کو سندھ کے ریگستانوں سے آگے بڑھا دیتی۔ بالآخر جو جماعت مسلمانوں کی یہاں رہ گئی تھی اس میں بھی اس قدر ضعف پیدا ہوگیا کہ بیس سال بعد انھیں خود اپنی حفاظت و پناہ کے لئے ایک خاص شہر محفوظہ کے نام سے بنانا پڑا اور خلفاء بغداد نے سندھ کے قبضہ کو غیر مفید سمجھ کر اس طرف توجہ نہ کی

مسلمانوں کی واپسی

محمد قاسم کی واپسی

---

[1] جاٹوں اور میندیوں کا حال ۔ جب مسلمان اول اول سندھ میں آئے تو یہاں دو قومیں کثرت سے آباد تھیں جاٹ اور میند اور ان دونوں میں سخت اختلاف تھا۔ میندوں کا اصلی مسکن پنجاب تھا اور جاٹوں کا سندھ (ہر چند اب جاٹ پنجاب کے ہر حصہ میں پائے جاتے ہیں اور تقریباً اکثر مسلمان ہیں)

میندوں کا ذکر عرب مورخین نے اکثر جگہ کیا ہے۔ مجمل التواریخ میں جاٹ اور میند قوموں کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ وہ حام بن نوح کی اولاد میں سے شمار کئے جاتے تھے اور دریائے سندھ کے ساحل پر آباد تھے میندیوں اور جاٹوں میں اکثر لڑائی رہا کرتی تھی مجبوراً رفع فساد کی غرض سے ان دونوں نے اتحاد کرکے دریودھن بادشاہ ہستناپور کے پاس ایک وفد روانہ کیا کہ کوئی حکمران اُن اوپر مقرر کرے چنانچہ اس نے اپنی بہن دھالا کو وہاں حکومت کرنے کے لئے متعین کیا، اسی سلسلہ میں تیس ہزار برہمن بھی ہندوستان سے منتقل ہو کر سندھ میں آباد ہوگئے۔

حکومت سندھ کا زوال

بعد کو مستعمرین عرب نے یہاں ملتان اور منصورہ میں علیحدہ علیحدہ خود مختار حکومتیں قایم کرلیں۔ اور جب چوتھی صدی ہجری کے ابتدا میں مسعودی[1] یہاں آیا ہے تو قبیلۂ قریش کا ایک خاندان اس جگہ حکمراں تھا۔ اس کے چند دن بعد ایک اور سیاح ابن حوقل[2] سندھ میں آیا اس نے لکھا ہے کہ "اس وقت سندھ میں عربی اور سندھی زبان بولی جاتی تھی اور ہندو مسلمانوں کے درمیان برادرانہ تعلق پایا جاتا تھا"

اس کے بعد جب مصر میں خلفاء کا عروج ہوا تو قرامطہ وہاں سے بھاگ کر یہاں آئے اور ملتان میں پناہ گزیں ہوئے لیکن محمود غزنوی کے حملہ نے ان کی قوۃ کو بھی گھٹا دیا اور اس طرح سندھ کی تاریخ کو بھی اپنے کارناموں میں شامل کرلیا جو ہندوستان کے اندر عجیب وغریب انقلاب پیدا کرنے والے تھے

یہ تھا اجمالی بیان مسلمانوں کے حملۂ سندھ کا۔ اب ہم ذرا تفصیل کے ساتھ بتائیں گے کہ حملہ کی ابتدا سے یہاں کون کون سے گورنر خلافت کی طرف سے متعین کئے گئے یہاں کی حکومتِ اسلام میں کیونکر آہستہ آہستہ زوال شروع ہوا اور اس کے اسباب کیا تھے۔

---

[1] مروج الذہب (مسعودی)۔ کے مصنف کا نام ابوالحسن ہے اور مسعودی کے نام سے اس لئے مشہور ہے کہ اسکے مورثِ اعلیٰ کا نام مسعود تھا (وہی مسعود جن کے لڑکے عبداللہ نے آنحضرت کے ساتھ مکہ سے مدینہ کو ہجرت کی تھی) مسعودی کی زندگی زیادہ تر سیر وسیاحت میں بسر ہوئی۔ قریب قریب تمام وہ مقامات جہاں مسلمانوں کی حکومت تھی اس نے جاکر دیکھے۔ وہ خود بیان کرتا ہے کہ اس نے مغرب (مراکش وہسپانیہ) کا سفر اس قدر کیا کہ مشرق کو بھول گیا اور مشرق (چین) میں اتنی سیاحت کی کہ مغرب فراموش ہوگیا۔ یہ فطرتاً نہایت غایر مطالعہ کرنے والا سیاح تھا۔ اسی کی سیاحت کا نتیجہ "مروج الذہب" ہے۔ ابن خلدون لکھتا ہے کہ "مسعودی نے مشرق ومغرب کے ان اقوام وممالک کے حالات لکھے ہیں جو اس کے زمانہ (یعنی ۳۳۰ھ میں پائے جاتے تھے) اس نے اقوام کے مراسم، ممالک کا جغرافیہ، وہاں کے پہاڑوں، دریاؤں، سمندروں سلطنتوں اور مشہور خاندانوں کے حالات لکھے ہیں۔ اور تمام مورخین مابعد اس کا تتبع کرتے ہیں"

[2] اشکال البلاد یا کتاب المسالک والممالک (ابن حوقل)۔ ابن حوقل کا اصلی نام محمد ابوالقاسم تھا۔ یہ بغداد کا رہنے والا تھا۔ اس کے کم سنی ہی زمانہ میں خلافتِ بغداد ختم ہوکر ترکوں کے قبضہ میں جاچکی تھی۔ جب یہ جوان ہوا تو اس نے معلوم کیا کہ اس کی تمام جائداد ضایع ہوچکی ہے اس لئے اس نے سیاحت وتجارت کو اپنا کسب معاش کا ذریعہ قرار دیا۔ اس نے ۳۳۱ھ میں بغداد کو خیرباد کہا اور بہت سی مسلمان حکومتوں کی سیاحت کرکے ۳۵۸ھ میں اپنے وطن واپس گیا۔ اس کے دوسرے سال زہ افرا پہنچ گیا اور ۳۶۶ھ میں اس نے اپنی تصنیف مکمل کی۔ اس نے بھی اپنی کتاب کا وہی نام رکھا جو اصطخری نے رکھا تھا ابن حوقل لکھتا ہے کہ "اصطخری کی تصنیف ہر جگہ میرے ساتھ رہی ہے"

خلفاء راشدین کے عہد میں حملہ سندھ کی طیاریاں

(۲)

جب خلیفۂ دوم حضرت عمر فاروق (۱۳-۲۳ھ / ۶۳۴-۶۴۴ء) نے عثمان ابن ابی العاص ثقفی کو بحرین و عمان کا حاکم مقرر کیا تو انھوں نے اپنے بھائی حکم (ثقفی) کو بحرین کی حکومت سپرد کرکے حکم دیا کہ ساحل ہند پر حملہ کریں چنانچہ آپ نے کشتیوں کے ذریعہ سے دریائی سفر کی سخت و صعب منزلیں طے کرکے سب سے پہلے ۱۵ھ / ۶۳۶ء میں تھانہ[1] پر حملہ کیا اور اس کے بعد بہروچ پر جو اس زمانہ میں نیل اور لاکھ کی تجارت کی وجہ سے ہندوستان کا سب سے پُر رونق بندر[2] تھا۔ تاخت کے علاوہ اس نے اپنے بھائی مغیرہ کو دیبل کی طرف روانہ کیا جو سندھ کا مشہور مقام تھا یہ تینوں حملے ۱۵ھ اور ۱۶ھ کے درمیان ہوئے

صاحب[3] "فتوح البلدان" کا بیان ہے کہ "ان حملوں میں مسلمانوں کو کامیابی ہوئی"۔

---

[1] فتوح البلدان (بلاذری) میں اس کو تانہ لکھا ہے اب تھانہ مضافات بمبئی کا مشہور مقام ہے لیکن اسوقت بمبئی کا وجود کہیں نہ تھا۔ بلکہ تھانہ (تانہ) ہی بارونق و آباد بندر تھا۔

[2] معجم البلدان (حموی) اور دوسری عربی کتابوں میں بہروچ کو بروج اور بروص لکھا ہے۔

[3] فتوح البلدان کے مصنف کا نام احمد بن یحیٰی بن جابر تھا۔ اس کی عرفیت ابو جعفر اور ابو الحسن تھی لیکن عام طور سے بلاذری کے نام سے مشہور ہے۔ یہ تیسری صدی ہجری میں عباسی خلیفہ المتوکل کے دربار سے متعلق تھا اور شاہزادگان کی خدمت اتالیقی اس کے سپرد تھی۔ اس کا انتقال ۲۷۹ھ / ۸۹۲ء میں ہوا۔ ابو المحاسن کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ عہد خلیفہ المعتمد میں بھی بغداد میں رہتا تھا۔ اس کتاب میں (جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے) عربوں کی وہ فتوحات درج ہیں جو شام و عراق، مصر و ایران، آرمینیا و اوراء النہر، افریقہ و ہسپانیہ و سندھ میں انھیں حاصل ہوئیں۔ یہ کتاب عربی کی قدیم ترین تاریخوں میں شمار کی جاتی ہے تاریخ طبری اس کے بعد بغداد ہی میں تحریر ہوئی لیکن معلوم ہوتا ہے کہ طبری اس سے واقف نہیں تھا کیونکہ بہت کچھ جو بلاذری میں درج ہے تاریخ طبری میں نظر نہیں آتا۔ علاوہ بلاذری کے واقدی نے بھی، ان فتوحات کے متعلق ایک کتاب لکھی ہے جو بہ تاریخ واقدی کے نام سے مشہور ہے۔ لیکن واقدی کی فتوح السندھ البتہ کمیاب ہے، بلاذری نے واقدی کا حوالہ کہیں کہیں دیا ہے۔

بلاذری خود سندھ نہیں آیا، بلکہ یہاں کے حالات اس نے دیگر معتبر مصنفین کی کتابوں سے حاصل کئے اور کچھ زبانی روایات سے انھیں لوگوں میں سے ایک شخص ابو الحسن علی بن محمد المدائنی تھا جس سے خود بلاذری نے مل کر گفتگو کی تھی۔ بلاذری نے منصور ابن حاتم اور اس کی تاریخ سندھ کا بھی ذکر کیا ہے اور ابن الکلبی کی تاریخ کا بھی حوالہ دیا ہے۔ علاوہ فتوح البلدان کے بلاذری نے کتاب انساب البلدان بھی لکھی اور اقوام عرب کے سلسلۂ نسب پر بھی ایک کتاب تصنیف کی اور علاوہ ان کے، متعدد کتابیں فارسی سے بھی ترجمہ کیں۔ بلاذری شاعر بھی تھا۔ ابن حوقل و مسعودی وغیرہ (قدیم ماہرین جغرافیہ عرب) نے بحیثیت شاعر ہونے کے اس کا ذکر کیا ہے، لیکن اس کی تاریخ کا ذکر کہیں نہیں کیا ہے۔ البتہ ابن اثیر نے ۸۹ھ اور ۹۵ھ کے واقعات درج کرتے ہوئے بلاذری کی تاریخ کا ذکر کیا ہے۔ اسکو بلاذری اس لئے کہتے ہیں کہ وہ بلاذر (ایک منشی چیز) کا عادی تھا۔

چچ نامہ[1] میں لکھا ہے کہ "مغیرہ شہید ہوئے" (یہاں یہ ذکر کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ سندھ کی دوسری تاریخیں

---

[1] چچ نامہ، عام طور سے اس کتاب کو کہتے ہیں، جس میں چچ برہمن کی حکومت اور عربوں کی فتوحات سندھ کا حال درج ہے۔ اصل کتاب کی ابتدا و اخیر میں اس مجموعہ کو فتح نامہ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ مسٹر الفنسٹن نے اپنی تاریخ میں اس کا نام تاریخ ہند و سندھ رکھ لیا ہے اور نور الحق مصنف زبدۃ التواریخ اور نظام الدین احمد مصنف طبقات اکبری، اسے منہاج المسالک کہتے ہیں۔

اصل کتاب عربی میں تھی جسے محمد علی بن حامد بن ابوبکر کوفی نے ناصر الدین قباچہ کے عہد میں فارسی زبان میں منتقل کیا مترجم کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مصائب زمانہ سے گھبرا کر اپنے وطن چھوڑنے اور اوچ آنے پر مجبور ہوا۔ ۶۱۳ھ میں اس کی عمر ۵۸ سال کی تھی اور صرف چند کتابیں اس کی انیس تھیں۔ اسی خلوت نشینی کے زمانے میں اُسے محمد قاسم کی فتوحات سندھ پر ایک کتاب لکھنے کا خیال پیدا ہوا اور الور و بھکر گیا۔ یہاں پہونچ کر یہ اسماعیل بن علی سے ملا جو عثمان ثقفی کی اولاد میں سے تھے۔ یہ اپنے عہد کے بڑے فاضل شخص تھے انھوں نے کہا کہ میرے پاس ایک کتاب فتوحات عرب کے متعلق عربی زبان میں موجود ہے جو میرے کسی بزرگ کی لکھی ہوئی ہے۔ چونکہ یہ کتاب معلومات سے لبریز تھی اس لئے محمد بن علی بہت خوش ہوا اور اس کا ترجمہ فارسی میں کر کے قباچہ کے وزیر کے نام منسوب کیا جس کا نام وہ پورے خطابات و مناقب کے ساتھ "صدر جہاں، دستور صاحبقران، عین الملک حسین ابن ابوبکر بن محمد الاشعری" لکھتا ہے چونکہ اسی وزیر کے اجداد میں ابو موسیٰ اشعری فاتح خراسان و عجم بھی تھے، اس لئے ظاہر ہے کہ عین الملک سے زیادہ موزوں اور کوئی شخص اس انتساب کے لئے نہ ہو سکتا تھا۔ محمد عوفی نے اپنی مشہور کتاب لباب الالباب کو بھی اسی وزیر (عین الملک) نام سے منسوب کیا ہے۔

افسوس ہے کہ مترجم نے اپنے ترجمہ میں جن مقامات کا ذکر کیا ہے ان کی کوئی تشریح نہیں کی جس سے ان کا جائے وقوع معلوم ہو سکے۔ اس نے اوچ، الور، اور بھکر وغیرہ میں اپنا پایا جانا بیان کیا ہے، جو غالباً دریائے سندھ کے زیریں حصہ کے شہر تھے لیکن اب اُن کی جگہ متعین کرنا بہت دشوار ہے۔

اصل عربی کتاب کے متعلق نہیں کہا جا سکتا کہ وہ کس زمانہ میں مرتب کی گئی تھی لیکن تاریخ کے لحاظ سے اس کی صحت میں کوئی کلام نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ کتاب قاضی اسماعیل کے پاس سے دستیاب ہوئی تھی جو کہ سلسلۂ نسب عثمان ثقفی سے ملتا ہے اور فاتح سندھ بھی اسی قبیلہ سے متعلق تھا (قبیلۂ ثقیف، طائف کا نہایت مشہور قبیلہ تھا) چونکہ اس کتاب میں شہر منصورہ کا کوئی ذکر نہیں ہے جو خلیفہ منصور کے عہد میں (۱۳۶ھ) میں تعمیر کیا گیا تھا، اس لئے ظاہر ہے کہ یہ تصنیف ۱۳۶ھ سے قبل ہوئی ہوگی۔

اس کتاب میں فتوحات محمد قاسم کو نہایت تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے اور کثرت سے اس عہد کے مختلف شہروں کے نام دئے گئے ہیں جو ماہرین جغرافیہ کے لئے کافی اسباب جستجو رکھتے ہیں۔

نظام الدین احمد، نور الحق، فرشتہ، میر معصوم وغیرہ نے فتوحات سندھ کے متعلق اس سے بہت مدد لی ہے۔

مثلاً تحفۃ الکرام[1]، تاریخ معصومی[2]، تاریخ طاہری[3]، بیگ لر نامہ[4]، ترخان نامہ (ارغون نامہ) چونکہ اکثر و بیشتر چچ نامہ سے

---

[1] تحفۃ الکرام (مصنفہ علی شیر قانع) کی تین جلدیں ہیں۔ اول جلد کے پہلے حصہ میں انبیاء و ملوک کے علاوہ عہد نبوی کے علماء و حکماء کا ذکر کیا گیا ہے۔ دوسرے حصہ میں عہد نبوی و خلفائے راشدین کے حالات سے بحث کی گئی ہے اور تیسرے حصہ میں خلفاء بنی امیہ و بنی عباس کا بیان ہے۔ دوسری جلد میں ایک عمومی بحث تمام امراء و ملوک، وزراء علماء وغیرہ سے کی ہے تیسری جلد میں سندھ کی تاریخ لکھی ہے۔

ہر چند ابتدائی تاریخ سندھ کے متعلق اس میں میر معصوم کی تاریخ سندھ کی طرح مفصل طور سے بحث نہیں کی گئی ہے لیکن پھر بھی بہت سی ایسی باتیں اس میں ملتی ہیں جو تاریخ معصومی میں نہیں ہیں۔

تحفۃ الکرام میں تاریخ سندھ کی ابتداء اُن برہمنوں کے حالات سے کی گئی ہے جو قبل فتوحات عرب وہاں پائے جاتے تھے اس کے بعد فتوحات کا ذکر کیا ہے جو بالکل چچ نامہ سے ماخوذ ہے اس کے بعد اُن سمرا اور سما خاندان کے گورنروں کا حال ہے جو فرمانروایان دہلی کی طرف سے یہاں مامور تھے پھر قبایل ترخان اور ارغون کی تاریخ درج کی ہے اور اس کے بعد گورنرانِ تیموریہ و خاندان کلہوارہ کا حال لکھ کر نصف جلد میں تاریخ سندھ کو ختم کر دیا ہے۔ باقی نصف حصہ میں اس عہد کے مشایخ و سادات، اولیاء و علماء کا ذکر ہے۔

تاریخ اختتام تصنیف ایک جگہ سنہ ۱۱۸۱ھ درج کی گئی ہے اور دوسری جگہ سنہ ۱۱۸۸ھ اور یہی صحیح ہے کیونکہ اس سنہ کے حالات اس میں پائے جاتے ہیں۔

مصنف تحفۃ الکرام نے جواہر الاولیاء، حدیقۃ الاولیاء، معلومات الآفاق، کا حوالہ دیا ہے، ایک کتاب اسی نام کی جلال الدین سیوطی کی بھی ہے جو اس سے بالکل جدا تصنیف ہے۔

[2] (تاریخ معصومی)۔ سندھ کی تمام تاریخوں میں تاریخ معصومی سب سے زیادہ مفصل تاریخ سمجھی جاتی ہے کیونکہ اس میں نہ صرف فتوحاتِ اہلِ عرب کا حال درج ہے بلکہ عہد اکبری تک کی تاریخ سندھ اس میں پائی جاتی ہے۔ اس کتاب کے چار طبقے ہیں۔ طبقۂ اول میں راجہ داہر کی وفات تک کا حال درج ہے دوسرے طبقہ میں سندھ کی تاریخ زیر حکومت شاہانِ دہلی لکھی ہے۔ ہارون الرشید اور محمود غزنوی کے درمیان جو دو صدی کا زمانہ گزرا ہے اس کے متعلق کچھ نہیں لکھا کہ سندھ کا کیا حال تھا۔ اسی طبقہ میں حملۂ تیمور کے بعد سمرا اور سما خاندانوں کا بھی ذکر کیا ہے تیسرے طبقہ میں ارغون خاندان کی تاریخ درج ہے اور ہمایوں جب آگرہ سے بھاگ کر سندھ پہونچا تھا، اس کا ذکر بھی کیا ہے۔ چوتھے طبقہ میں وہ حالات لکھے ہیں جن کی بنا پر سندھ اکبر کے قبضہ میں آیا۔ اسی طبقہ میں اُس نے اپنی اور اکبر کی ملاقات اور ضلع بھکر میں عطائے جاگیر کا بھی ذکر کیا ہے۔

(بقیہ فٹ نوٹ نمبر ۲-۴-۵ صفحہ ۱۴۲ پر ملاحظہ ہو)

ماخوذ ہیں اس لئے ان سب کا بیان وہی سمجھنا چاہیئے جو چچ نامہ کا ہے۔) یہ وہ زمانہ تھا جب سندھ میں

(بقیہ فٹ نوٹ صفحۂ ۴۱)

محمد معصوم المتخلص بہ نامی، بھکر میں پیدا ہوا جو سندھ کا ایک شہر تھا۔ اس کا باپ صفائی حسینی باشندۂ کرمان تھا۔ یہ نہایت قابل شخص تھا اور عہد اکبر و جہانگیر میں اس نے کچھ امتیاز بھی حاصل کر لیا تھا یہ اپنے عہد کا اچھا تاریخ داں اور مشہور خوشنویس تھا

محمد معصوم نے تاریخ سندھ، ۱۶۰۰ء میں مرتب کی اور فتوحات اعراب کے متعلق صرف چچ نامہ کو اپنا ماخذ قرار دیا۔ بعد کو مورخین (مثلاً بدایونی، حیدر رازی، صاحب ماثر الامراء، تحفۃ الکرام، باغ مانی و مراۃ دولت عباسی نے) تاریخ معصومی سے استفادہ کیا ہے۔

۳۔ تاریخ طاہری کا مصنف میر طاہر محمد نسیانی ابن سید حسین ساکن ٹھٹا تھا مصنف کا خاندان ارغون اور ترخان خاندانوں سے سلسلۂ ملازمت رکھتا تھا۔ چنانچہ طاہر محمد نے اپنی کتاب کو شاہ محمد بیگ عادل خاں کے نام سے منسوب کیا ہے جو شاہ بیگ عادل خاں ارغون گورنر قندھار کا بیٹا تھا (صاحب تحفۃ الکرام کا بیان ہے کہ شاہ بیگ ارغون نہیں تھا بلکہ ترخانی تھا اور اسی کے نام سے تاریخ طاہری منسوب کی گئی تھی)

مصنف نے جو دیباچہ میں اپنے اور اپنے خاندانوں کے حالات لکھے ہیں اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ء میں جب قندھار پر فارسیوں نے حملہ کیا تو طاہر محمد اپنی تعلیم پوری کرنے کے لئے ٹھٹا آیا (اسوقت اس کی عمر ۲۵ سال کی تھی) اور مولانا اسحاق کا شاگرد ہو گیا جو اسوقت کے مشہور عالم و صوفی تھے۔

جب ہمایوں، شیر شاہ سے شکست کھا کر بھاگا تو اُس کے نانا عمر شاہ اور ماموں داؤد سہٹا نے جو دور بیلا میں رہتے تھے، ہمایوں کو بہت مدد دی اور ہمایوں نے خوش ہو کر ایک پروانہ لکھا کہ اگر میں کامیاب ہو کر پھر تخت نشین ہوا تو دور بیلا اور کی جاگیر میں دیدیا جائے گا لیکن افسوس ہے کہ محمود خاں گورنر بھکر کے اشارہ سے عمر شاہ ایک کھال کے اندر بند کر کے دریا میں ڈال دیا گیا اور داؤد بھی قتل کیا گیا۔ اس خاندان کے بقیہ افراد ڈر کے مارے احمد آباد بھاگ گئے اور یہ پروانہ ضایع ہو گیا۔

طاہر محمد نے شکایت کی ہے کہ بس عہد کی وہ تاریخ لکھنا چاہتا تھا اس کے ابتدائی حالات کے متعلق اُسے کوئی کتاب باوجود تلاش کے دستیاب نہیں ہوئی۔ لیکن بعد کے حالات اُس نے تفصیل سے لکھے ہیں جو اُسے اپنے باپ کے ذریعہ سے معلوم ہوئے۔

تاریخ طاہری ۱۰۳۰ھ/۱۶۲۰ء میں ختم ہوئی جبکہ مصنف کی عمر چالیس سال کی تھی بیان کیا جاتا ہے کہ وہ دس طبقات میں تمام ہوئی ہے لیکن صرف سات طبقات کا اس وقت تک پتہ چلا ہے۔ طبقۂ اول جو صرف ۱۶ صفحات کا ہے سمرا خاندان سے متعلق ہے۔ دوسرا دس صفحات کا سما خاندان سے، تیسرا تیس صفحات کا ارغون خاندان سے اور باقی طبقات میں ترخان خاندان کے حالات اسوقت تک کے درج ہیں جب مرزا غازی بیگ کو ۱۰۵۱ھ میں بمقام قندھار زہر دیکر مار ڈالا گیا اور ترخانیوں کی حیثیت صرف جاگیرداروں کی سی رہ گئی۔ سندھ میں عرب حکومت کا کوئی حال اس کتاب میں درج نہیں ہے۔ (بقیہ فٹ نوٹ نمبر ۴۔ ۵۔ صفحۂ ۴۳ پر ملاحظہ ہوں)

چچ برہمن حکمراں تھا اس کے چند دن بعد ابو موسیٰ اشعری جو صحابۂ رسول میں سے تھے گورنر عراق (بصرہ) مقرر ہوئے

(بقیہ فٹ نوٹ نمبر ۴-۵ صفحہ ۴۱-۴۲)

۴ (بیگ لر نامہ) شاہ قاسم خاں ولد امیر سید قاسم بیگ کے نام سے منسوب ہے اسی لئے اس کو بیگ لر نامہ کہتے ہیں۔ یہ بالکل نہیں معلوم ہوسکا کہ اس کا مصنف کون تھا، سوائے اس کے کہ وہ اپنے مربی، بیگ لر کا ملازم تھا۔ بیگ لر، شاہ قاسم خاں کے خاندان کا موروثی لقب تھا۔ اس لئے ترکی اور فارس کا وہ خاندان بیگ لر بیگ جس کے اکثر افراد اسوقت گورنری کے عہدوں پر ممتاز تھے دوسرا تھا۔ خاندان بیگ لر کئی پشتوں تک ترمز میں رہا، وہاں سے سمرقند آیا اور پھر یہاں سے سندھ آگیا۔ اس خاندان کا سلسلہ نسب حضرت علی مرتضےٰ سے ملتا ہے چونکہ بیگ لر خاندان کے بعض افراد کا قیام اتفاق سے ایک ہی جگہ ہوگیا تھا۔ اس لئے ان دونوں خاندانوں میں ارتباط قایم ہوگیا۔

ایرشید قاسم بیگ، شاہ حسین ارغون کے عہد میں، سمرقند سے سندھ آیا اور رانا امرکوٹ کی بھتیجی سے شادی کرلی۔ اس مواصلت سے شاہ قاسم پیدا ہوا اور اُسی کے نام یہ کتاب منسوب کی گئی۔

بیگ لر نامہ میں پہلے مختصر بیان عربوں کی فتوحاتِ سندھ کا کیا گیا ہے۔ اس کے بعد ارغون خاندان کے حالات مختصر بیان کئے گئے ہیں اور پھر امیر قاسم بیگ کے مفصل حالات سے بحث کی ہے۔ عہدِ امیر قاسم میں جو لڑائیاں ہوئی ہیں اور جو جو واقعات پیش آئے اُن کو نہایت شرح وبسط کے ساتھ بیان کیا ہے، صحیح تاریخ تصنیف کی کوئی معلوم نہیں ہوسکی۔

۵ ترخان نامہ کو ارغون نامہ بھی کہتے ہیں، اس کا مصنف سید جمال ابن میر جلال الدین حسین شیرازی تھا یہ کتاب ۱۰۶۵ھ/۵-۱۶۵۴ء میں لکھی گئی۔ اس تصنیف میں ارغون اور ترخان (مغل خاندانوں) کے حالات سے بحث کی گئی ہے اور مرزا محمد صالح کے نام سے منسوب ہے جو ترخان خاندان سے متعلق تھا۔

مرزا محمد صالح چاہتا تھا کہ مغل خاندانوں سے واقف ہوجائے اور خصوصیت کے ساتھ اپنے خاندان کے حالات معلوم کرے اس لئے اس نے سید جمال سے کہا کہ ترخان نامہ مہیا کرنا چاہیئے (معلوم ہوتا ہے کہ اس سے قبل اس نام کی کوئی کتاب مرتب ہوچکی تھی) لیکن باوجود تلاش کے ایسی کوئی کتاب نہیں ملی اور سید جمال نے یہ کتاب مرتب کی جس میں طبری، روضۃ الصفا، ظفر نامۂ تاریخ ہمایوں، اکبر نامہ، نگارستان، تاریخ طاہری، منتخباتِ بے بدل یوسفی، تاریخ گزیدہ، اور مجمع الانساب، وغیرہ سے مدد لی گئی ہے اور تاریخ معصومی کو خاص طور سے ماخذ بنایا گیا ہے۔

مرزا محمد صالح، مرزا عیسیٰ ترخان کا بیٹا تھا (مرزا عیسیٰ ترخان پوتا تھا اس کا جو ترخان خاندان سندھ کا مورثِ اعلیٰ تھا) مرزا عیسیٰ ۱۰۱۲ھ میں اکبر کے سامنے پیش کیا گیا اور اس کی بہت عزت کی گئی۔ جب شاہجہاں کا عہد آیا تو اس کو ایک لاکھ روپیہ کی رقم معہ نوبت کے جو نشان اعزاز ہے مرحمت ہوئی۔ بعد کو گجرات کا صوبہ دار بنادیا گیا اور ۱۰۶۱ھ/۱-۱۶۵۱ء میں اس کا انتقال ہوگیا۔

(بقیہ فٹ نوٹ نمبر ۵ و نمبر ۱ صفحہ ۴۴ پر دیکھئے)

اور خلیفۂ دوم نے ان سے ہندوستان کے حالات دریافت کئے انھوں نے کوئی امید افزا جواب نہیں دیا۔ اور

(بقیہ فٹ نوٹ نمبر ۵ و نمبر ۱ صفحۂ ۴۳)

مرزا محمد صالح کو بھی اس کے بعد اپنے باپ کی عزت کا کچھ حصہ ملا اور اس خاندان کے اور لوگوں کی بھی جاگیر مقرر ہوگئی۔

ترخان نامہ میں سب سے پہلے محمد صالح کا شجرۂ نسب درج ہے جو نوح تک پہونچتا ہے اس کے بعد خواتینِ ترکستان اور چنگیز خاں کے مختصر تاریخ درج کر کے ارغون اور ترخان خاندان کے حالات مرزا عیسیٰ ترخاں کی وفات تک درج کئے گئے ہیں۔

۱؎ چچ ایک معمولی برہمن تھا جو ساہسی فرمانروائے سندھ کے دربار میں ملازم ہوگیا تھا۔ رفتہ رفتہ اس کا اقتدار بڑھتا گیا یہاں تک کہ ساہسی کے مرنے پر اس نے ساہسی کی بیوی سے شادی کرلی اور سندھ کی حکومت اپنے ہاتھ میں لیلی۔ چونکہ فرمانروائے جے پور دیاچتو ساہسی کا عزیز تھا اس لئے اس نے چچ کے خلاف لشکر کشی کی۔ مگر چچ نے مکر و فریب سے کام لے کر کامیابی حاصل کرلی اور بدستور سندھ کا حکمراں رہا۔

تحقیق طلب یہ ہے کہ چچ کس زمانہ میں تھا۔ ایک جگہ چچ نامہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ۲ھ کے قریب (چچ کی تخت نشینی کے چوتھے سال) چچ نے یہ معلوم کر کے کہ فارس میں ایک عورت حکمراں ہے کرمان کی طرف فوج کشی کی تھی۔ دوسری جگہ لکھا ہے کہ جب مغیرہ نے ۱۳ھ اور ۱۶ھ کے درمیان حملہ کیا تو چچ کی حکومت کو ۳۵ سال ہو چکے تھے اور جب چچ ۴۰ سال تک حکومت کر چکا تو اس کا بھائی چندر حکمراں ہوا جو صرف آٹھ سال کے بعد مرگیا۔ اس کے بعد اس کا بھتیجا داہر تخت نشین ہوا جو ۹۳ھ میں محمد قاسم (مشہور فاتح سندھ) کے مقابلہ میں مارا گیا۔

تحفۃ الکرام لکھتا ہے کہ (۱) چچ راجہ چتور کو قتل کرنے کے بعد ۱۰ھ میں تخت نشین ہوا اور کل چالیس سال تک اس نے حکومت کی (۲) اس کے بعد چندر حکمراں ہوا اور اپنی حکومت کے آٹھویں سال مرگیا (۳) اس کے بعد داہر حکمراں ہوا جو ۳۳ سال حکومت کرنے کے بعد ۹۳ھ میں مارا گیا (۴) اس برہمن خاندان نے سندھ میں ۹۲ سال تک حکومت کی۔ اس بیان کی غلطی ظاہر ہے کیونکہ حساب سے صرف ۸۱ سال ہوتے ہیں۔

اس غلطی کا ازالہ صرف اس طرح ہو سکتا ہے کہ چچ نامہ میں جو یہ لکھا ہے کہ "مغیرہ کے حملہ کے وقت چچ کی حکومت کو ۳۵ سال ہو چکے تھے" اس میں بجائے ۳۵ کے ۳ یا ۵ پڑھا جائے اور چچ کے حملۂ کرمان کے وقت جو سنہ درج کیا گیا ہے وہ بجائے دو کے دہ (۱۰) قرار دیا جائے۔ اس امر کا ثبوت کہ یہاں ۲ھ کے بجائے ۱۰ھ صحیح ہے اس سے بھی ملتا ہے کہ ۲ھ میں تخت ایران پر کوئی عورت حکمراں نہ تھی۔ خود چچ نامہ میں لکھا ہے کہ یہ ملک کسرائے بن ہرمز (یعنی خسرو پرویز) کی جانشین تھی اور یہ صحیح ہے کہ خسرو کے بعد اسکی دو بیٹیوں (دخت زنان و توران دخت) نے دو تین سال تک حکومت کی۔ لیکن طبری نے دخت زنان کا عہد حکومت ۱۳ھ اور صاحب روضۃ الصفا نے توران دخت کا زمانۂ حکمرانی ۱۴ھ لکھا ہے۔ (بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۴۵ پر ملاحظہ ہو)

حضرت عمرؓ نے نہ صرف ہندوستان کی طرف پیشقدمی کی ممانعت کردی بلکہ تمام بحری تاختوں کو ممنوع قرار دیا۔[۱]

جب حضرت عثمان (۲۳-۳۵ھ / ۶۴۳-۶۵۵ء) خلیفہ ہوئے اور بجائے ابوموسیٰ اشعری کے عبداللہ بن عامر گورنر بصرہ مقرر کئے گئے تو انھوں نے خلیفہ سے اجازت لے کر حاکم بن جبلہ کو ملک ہند و سندھ کا حال دریافت کرنے کے لئے مامور کیا لیکن انھوں نے بھی واپسی میں مایوس کن حالات بیان کئے اور اس طرف بڑھنے کا خیال ترک کر دیا گیا۔[۲]

خلافت حضرت علی (۳۵-۴۰ھ / ۶۵۵-۶۶۰ء) میں البتہ تاغر بن داعر[۳] کی سرکردگی میں ایک مہم (آخر ۳۸ھ میں) روانہ کی گئی جو بہرجہ اور کوہ پایہ کی طرف سے، راستہ میں فتوحات و مال غنیمت حاصل کرتی ہوئی کوہ قیقان[۴] یا قیقانان پہونچی دشمنوں نے بیس ہزار کی جمعیت سے مقابلہ کیا لیکن حارث بن مرہ نے جو لشکر اسلام کا ایک بڑا جوانمرد افسر تھا دشمنوں کو شکست دی۔[۵]

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۴۴)

اس لئے ظاہر ہے کہ جب چچ نے کرمان پر حملہ کیا ہوگا تو ان دونوں عورتوں میں سے کسی کا زمانۂ حکومت رہا ہوگا۔ اس لئے تاریخ وار حسب ذیل نقشہ کو صحیح سمجھنا چاہئے:-

چچ کی تخت نشینی سندھ میں	۱۰ھ	چچ کی وفات (۴۰ سال حکومت کرنے کے بعد)	۵۱ھ
کرمان پر حملہ	۱۴ھ	چندر کی وفات (تخت نشینی کے آٹھویں سال)	۵۹ھ
مغیرہ کا حملہ	۱۵ھ	داہر کی وفات (۳۳ سال حکومت کرنے کے بعد)	۹۳ھ

۱ چچ نامہ صفحہ ۷۰ — ۲ تحفۃ الکرام صفحہ ۹ و بلاذری - ۱ - ۱۱۶ —

۳ بلاذری نے بھی اسی مہم کا ذکر کیا ہے لیکن افسر فوج حارث بن مرہ کو قرار دیا ہے۔

۴ قیقانان، قیقان، کیکانان — چچ نامہ میں درج ہے کہ رائے خاندان کی حکومت چچ برہمن سے پہلے سندھ میں قروان اور قیقانان کے پہاڑوں تک وسیع تھی۔ اس کے بعد ۳۸ھ میں بہروچ اور کوہ پایہ ہوئے عربوں کا قیقانان تک پہونچنا ظاہر کیا گیا ہے جہاں انھیں شکست ہوئی۔ بلاذری لکھتا ہے کہ قیقان، خراسان کی طرف سندھ کا ایک حصہ ہے دوسری جگہ قیقان کو ترکوں کا مستقر ظاہر کرتے ہوئے ملتان اور کابل کے درمیان واقع ہونا ظاہر کرتا ہے۔ ابن حوقل وغیرہ کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ قیقان ضلع تورآن کا ایک شہر تھا جس میں قصدآن کا گورنر رہا کرتا تھا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قیقان شہر بھی تھا اور ایک صوبہ کا بھی نام تھا۔ بعض چینی سیاحوں کے بیان سے واضح ہے کہ قیقان کابل کے جنوب میں واقع تھا۔ ان تمام بیانات سے یہ امر ثابت ہے کہ وہ مشرق میں حدود ملتان تک وسیع تھا اور دوسری طرف اس کا سلسلہ کوہ سلیمان تک پہونچتا تھا۔

۵ بلاذری نے بھی اس فتح کا حال لکھا ہے لیکن آخر میں لکھتا ہے کہ ۴۲ھ میں تمام مسلح افواج کوہ قیقان کے قریب کام آئی۔

اسی وقت حضرت علی کی شہادت وقوع میں آئی اور امیر معاویہ کا دور حکومت شروع ہوا۔[1]

بنو امیہ میں سب سے پہلے حکمراں امیر معاویہ ہوئے ہیں (۴۱-۶۰ھ / ۶۶۱-۶۷۹ء) ان کے زمانہ میں سلطنت اسلام بہت وسیع ہوئی اور سندھ پر زیادہ اثر قایم ہوگیا۔ چنانچہ سب سے پہلے (۴۴ھ / ۶۶۴ء) میں مہلب نے سندھ پر حملہ کیا اور بنّا اور الہوار (لاہور) تک بڑھتے چلے گئے جو ملتان و کابل کے درمیان واقع ہیں۔ لیکن یہ قتل ہوئے[2] اس کے بعد ۴۶ھ میں عبداللہ بن سوار اور بعض روایت کے مطابق عبداللہ ابن عامر مامور کئے گئے۔ قیقان میں ان کو فتح حاصل ہوئی اور مال غنیمت لے کر خلیفہ کے پاس گئے، لیکن جب پھر واپس آئے تو ترکوں نے ان کو قتل کر دیا اس کے بعد متعدد فوجیں مختلف اوقات میں اس طرف روانہ کی گئیں اور مکران پر مسلمانوں کا قبضہ ہوگیا۔

یزید اول (۶۰-۶۴ھ / ۶۷۹-۶۸۳ء) اور معاویہ ثانی (۶۴ھ / ۶۸۳ء) کے عہد میں بھی مسلسل کئی بار حدود ہند پر تاخت کی گئی مروان اول کے زمانہ میں (۶۴-۶۵ھ / ۶۸۳-۶۸۴ء) مسلمانوں نے راجپوتانہ پر سندھ کے راستہ سے حملہ کیا اور مانک رائے راجہ اجمیر مع اپنے اکلوتے بیٹے کے مارا گیا[3] جب مروان کے بعد عبدالملک (۶۵-۸۶ھ / ۶۸۴-۷۰۵ء) تخت نشین ہوا تو عراق کی گورنری اس نے حجاج ابن یوسف کے سپرد کی۔ حجاج نے مکران کی حکومت سعید بن اسلم کلبی کو تفویض کی۔ لیکن علافیوں نے اُسے مار ڈالا۔ حجاج نے عبدالرحمن بن اشعث کو مامور کیا مگر یہ بھی علافیوں کے ہاتھ سے مارا گیا۔ اس کے بعد مجاعۃ بن سعید مامور ہوا اس نے سرحدی اضلاع پر کامیابی سے تاخت کی۔ لیکن یہ اسی سال مرگیا اور محمد بن ہارون متعین کیا گیا

جب ولید اول (۸۶-۹۶ھ / ۷۰۵-۷۱۵ء) میں تخت نشین ہوا تو محمد بن ہارون کو حکم دیا گیا کہ وہ علافیوں کو تلاش کر کے قتل کرے۔ چنانچہ وہ پانچ سال تک مسلسل مختلف شہروں پر تاخت کرتا رہا اور ایک علافی کا سر بھی اس نے حجاج کے پاس بھیجا۔ حجاج بڑے عزم و جرأت کا گورنر تھا وہ چاہتا تھا کہ مشرق میں فتوحات اسلامی کو بہت وسیع کرے، چنانچہ اس نے ایک لشکر قتیبہ کی سرکردگی میں روانہ کر کے خوارزم، بخارا، خجند، سمرقند، فرغانہ کو فتح کیا اور ایک لشکر کابل کے راجہ سے مقابلہ کرنے کے لئے روانہ کیا اتفاق سے اس زمانہ میں راجہ سراندیپ (لنکا) نے حجاج کے پاس آٹھ جہازوں میں بہت سے تحایف روانہ کئے[4] ان میں لونڈی غلام بھی تھے اور کچھ مسلمان ایسے

عہد بنی امیہ میں عرب و سندھ کے تعلقات (۴۱-۱۳۲ھ / ۶۶۱-۷۵۰ء)

---

[1] کرنل ٹاڈ نے اپنی کتاب راجستھان میں یہی لکھا ہے کہ خلافت علی میں مسلمانوں کا سلسلۂ فتوحات سندھ میں شروع ہوگیا تھا، جو وفات حضرت علی کے بعد منقطع ہوگیا۔ [2] بلاذری۔ ۱-۱۱۶ و ۱۱۷۔ تحفۃ الکرام۔ ۹۔ چچ نامہ ۷۲-۸۰۔

[3] راجستھان کرنل ٹاڈ۔ جلد دوم صفحہ ۴۴۴ —— [4] یہ بیان فتوح البلدان، چچ نامہ اور فرشتہ کا ہے لیکن میر معصوم نے اپنی تاریخ سندھ میں اس سے اختلاف کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ خلیفہ عبدالملک نے کچھ لوگ یہاں لونڈیاں و دیگر اشیاء خریدنے کے لئے روانہ کئے تھے یہی لوگ جہازوں میں واپس آرہے تھے کہ ساحل دیبل پر قزاقوں نے لوٹ لیا۔ ان جہازوں پر چند شامی تجار بھی بیٹھے ہوئے تھے جو لنکا سے اپنے وطن کو واپس جارہے تھے۔

بھی تھے جو حج کے ارادہ سے سوار ہو گئے تھے۔ راستہ میں باد مخالف نے ان جہازوں کو ساحل دیبل پر پہونچا دیا اور یہاں بحری قزاقوں[1] نے ان کو لوٹ لیا

حجاج نے داہر کو لکھا کہ "وہ گرفتار شدہ مردوں اور عورتوں کو فوراً آزاد کر دے"۔ داہر نے جواب دیا کہ "یہ حرکت قزاقوں کی ہے۔ اور مجھ کو ان پر مطلق اقتدار حاصل نہیں"

حجاج نے خلیفہ سے بدقت تمام اجازت حاصل کر کے عبید اللہ کو ایک فوج لے کر دیبل روانہ کیا لیکن یہ کامیاب نہیں ہوا اور مارا گیا۔

اس کے بعد حجاج نے حاکم عمان کو ہدایت کی کہ مکران کے راستہ سے سندھ پر حملہ کرے اور عبداللہ بن قحطان کو حکم دیا گیا کہ وہ بھی عمان جا کر شامل ہو جائے چنانچہ نیرون[2] کے مقام پر دونوں مل گئے اور راجہ داہر کی فوج سے مقابلہ ہوا، مسلمانوں کو شکست ہوئی اور بہت سے آدمی گرفتار ہوئے ——— تحفتہ الکرام اور فتوح البلدان کا بیان ہے کہ یہ جنگ نیرون میں نہیں بلکہ دیبل میں ہوئی تھی۔ بہرحال جہاں کہیں ہوئی ہو مسلمان ناکامیاب رہے۔ جب مسلمانوں کو شکست ہوئی تو اہل نیرون ڈرے کہ کہیں حجاج ہم سے بدلہ نہ لے، چنانچہ یہاں کے حاکم نے جو بودھ مذہب کا تھا داہر سے چھپا کر اپنے معتمدوں کو حجاج کے پاس روانہ کیا اور اپنی بے قصوری ظاہر کرتے ہوئے آیندہ سے خراج ادا کرنے کا وعدہ کیا۔ حجاج نے نیرون والوں کے لئے نامۂ امان لکھدیا اور اب سندھ پر حملہ کرنے کے لئے محمد قاسم کا انتخاب عمل میں آیا۔ جو حجاج کا بھتیجا تھا۔

تمام فارسی مورخین اسے محمد قاسم لکھتے ہیں "بلاذری" محمد بن قاسم ثقفی" اور ابوالفداء "محمد بن القاسم" تحریر کرتا ہے۔ اس وقت محمد قاسم کی عمر صرف سترہ سال کی تھی۔ عنفوان شباب کا عالم تھا اس لئے لوگوں کو حیرت تھی کہ کیوں

---

[1] یہ قزاق کس قوم کے تھے اس کے متعلق مورخین کا اختلاف ہے فتوح البلدان میں ان کا نام میڈ لکھا ہے چچ نامہ میں تنکامرا تحفتہ الکرام میں کہیں تنکامرا اور کہیں ناگامرا تحریر ہے عبداللہ ابن علیسیٰ شارح دیوان جریر نے انھیں کرک کے نام سے تعبیر کیا ہے ابن اثیر نے بھی ۱۵۱ھ کے واقعات بیان کرتے ہوئے کرک قوم کا ذکر کیا ہے جنکی نسبت خیال کیا ہے کہ شاید وہ کرگ (مشرقی بنگلور) کے رہنے والی ہو۔

[2] نیرون۔ جب رائے خاندان کی حکومت تھی تو یہ مقام سلطنت برہمن آباد میں شامل تھا۔ جب عربوں نے سندھ پر حملہ کیا تو یہاں کے باشندوں نے امن چاہی تھی اور دیبل فتح کرنے کے بعد محمد قاسم نے اپنے حملہ کا رخ اسی طرف کیا تھا اور دیبل سے چلکر ساتویں دن یہاں پہونچا تھا اصطخری اور ابن حوقل کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ نیرون مابین دیبل و منصورہ واقع تھا لیکن منصورہ سے قریب تھا اور وہاں تک پہونچنے کے لئے دریائے سندھ کا عبور کرنا ضروری تھا۔ ابوالفداء نے اس کا فاصلہ منصورہ سے ۱۲ فرسنگ قرار دیا ہے اور بیرونی کی مشہور کتاب قانون مسعودی کی سند سے اس کا عرض البلد ۲۶ طول البلد ۷۰ تحریر کیا ہے

حجاج نے ایسا اہم کام اُس کے سپرد کیا، لیکن قسام ازل نے فتح سندھ کی غیر فانی شہرت اسی کے نام لکھدی تھی اور نتیجہ نے ثابت کر دیا کہ اس سے زیادہ موزوں شخص اس مہم کے لئے اور کوئی ہو ہی نہیں سکتا تھا۔

محمد قاسم سندھ کی وادیوں میں

محمد قاسم نے جس عزم و حسنِ انتظام کے ساتھ سندھ کی تمام وادی کو فتح کیا، وہ محمد قاسم کی کمسنی کو دیکھتے ہوئے حقیقتاً تاریخ کا عجیب و غریب افسانہ ہے۔ فتوح البلدان، چچ نامہ، اور تحفۃ الکرام وغیرہ میں نہایت تفصیل کے ساتھ اس کے جزئیات درج کئے گئے ہیں اور مختصر ابتدائی صفحات میں ہم نے بھی اس کا حال درج کر دیا ہے اور ان سب کا خلاصہ یہ ہے کہ محمد قاسم نے نہایت غیر معمولی طریقہ سے اپنی ہمت و شجاعت، اور اپنے عزم و فراست کا سکہ ایک ایک کے دل میں قایم کرا دیا اور ساری دنیا نے تسلیم کر لیا کہ حجاج سے زیادہ نبض شناس سیاست اور کوئی نہیں ہو سکتا تھا جس نے اس مہم کے لئے محمد قاسم کا انتخاب کیا۔ یہ بھی عجیب اتفاق ہے کہ جس وقت محمد قاسم، سندھ کی وادیوں کو اپنی نبرد آزمائیوں اور فتوحات کا مرکز بنائے ہوئے تھا اسی وقت طارق، اسپین فتح کرتا ہوا فرانس کی طرف بڑھ رہا تھا اور دوسری طرف ایشیا میں خوارزم اسلام کے وسیع و پُر عظمت سلطنت کا ایک حصہ بننے کے لئے آمادہ تھا۔

محمد قاسم کی پیشقدمی

تمام فارسی مورخین چچ نامہ کا تتبع کرتے ہوئے ظاہر کرتے ہیں کہ محمد قاسم قنوج تک پہونچ گیا تھا چونکہ اسوقت مملکت قنوج اجمیر تک وسیع تھی اس لئے اجمیر تک پہونچ جانا بھی قنوج تک پہونچ جانا کہلایا جا سکتا ہے۔ لیکن اگر وہ واقعی شہر قنوج تک پہونچ گیا ہو تو بھی حیرت نہ کرنی چاہئے۔ کیونکہ حجاج نے اُس سے کہدیا تھا کہ "تم اسوقت تک دم نہ لینا جس وقت تک اسلام کا جھنڈا چین کے پہاڑوں پر نہ لہرانے لگے"۔

فرشتہ کے بیان پر اعتماد کرتے ہوئے عام طور سے یہی یقین کیا جاتا ہے کہ صرف چھ ہزار سپاہیوں کی مدد سے سندھ فتح کیا گیا۔ لیکن مورخین عرب کا بیان اس باب میں زیادہ قابل وثوق ہے۔ یہ لکھتے ہیں کہ علاوہ اس فوج کے جو بطور مقدمۃ الجیش کے ابوالاسود کی سرکردگی میں حدود سندھ پر محمد قاسم سے مل گئی تھی ۶ ہزار سوار شام و عراق کے اور اور ۶ ہزار مسلح شتر سوار بھی تھے علاوہ ان کے تین ہزار اونٹ بار برداری کے تھے جن کے بجائے میر معصوم تین ہزار پیادہ فوج ظاہر کرتا ہے۔

مکران میں محمد ہارون بھی اپنی لگی فوج کے ساتھ شریک ہو گیا تھا اور پانچ منجنیق مع دیگر ضروری سامان کے جہازوں کے ذریعہ سے دیبل تک پہونچائی گئی تھیں۔ ایک ایک منجنیق اتنی بڑی تھی کہ اس کے چلانے کے لئے ۵۰۰ آدمیوں کی ضرورت ہوتی تھی اس لئے ظاہر ہے کہ کم از کم ڈھائی ہزار سپاہی جہازوں کے ذریعہ سے منجنیقوں کے ہمراہ آئے ہونگے اس طرح کل جمعیۃ تقریباً ۱۵ ہزار تھی جس کی مدد سے محمد قاسم نے سندھ کو فتح کیا۔

جب محمد قاسم کی کامیابی کی خبر دمشق میں پہونچی تو اور تازہ فوج روانہ کی گئی اسلئے جب وہ ملتان سے، دیبل پور کی طرف چلا ہے تو پچاس ہزار سپاہ اس کے پرچم کے ساتھ تھی اور وہ جمعیۃ اسکے علاوہ تھی جو سندھ کے مفتوحہ قلعوں میں چھوڑ دی گئی تھی

ہند فتح کیا۔ ابن قتیبہ ۹۳ھ ظاہر کرتا ہے۔ طبری کے بیان کا خلاصہ یہ ہے کہ "۹۰ھ (غالباً کتابت کی غلطی ہے) میں محمد قاسم نے سندھ کے بادشاہ داہر ابن ساسا کو قتل کیا، ۹۴ھ میں ہند فتح کیا اور ۹۵ھ میں ہندوستان کا اور زیادہ مشرقی حصہ مسخر کر لیا"

اگرچہ محمد قاسم نے شیراز ۹۲ھ میں چھوڑ دیا تھا لیکن دیبل پہونچنا ۹۳ھ کی ابتدا میں معلوم ہوتا ہے فتح دیبل کی کوئی صحیح تاریخ معین نہیں ہو سکتی، لیکن چونکہ حجاج نے اس فتح کا اعلان ۲۰ رجب ۹۳ھ (یکم مئی ۷۱۲ء) کو کیا تھا۔ اور سندھ سے پایۂ خلافت تک سات دن میں خبر پہونچتی تھی اس لئے ظاہر ہے کہ دیبل شروع رجب ۹۳ھ میں فتح ہوا ہوگا۔

اس کے بعد رمضان میں الور فتح ہوا یہاں سے پھر مورخین نے اختلاف کیا ہے۔ فتوح البلدان کا بیان ہے کہ، محمد قاسم ملتان سے آگے نہ بڑھا تھا کہ حجاج کی موت کی خبر پہونچی اور وہ واپس چلا گیا۔ لیکن چچ نامہ ظاہر کرتا ہے کہ محمد قاسم حدود کشمیر میں اس جگہ تک پہونچ گیا تھا جہاں دریائے جیلم پہاڑوں سے نکل کر زمین کو بہت سے چھوٹے چھوٹے جزائر میں تقسیم کرتا ہوا متعدد چشموں کی صورت میں تبدیل ہو جاتا ہے[1]۔ چچ نامہ میں اس خطۂ زمین کا نام "پنج مائیات" یعنی (پنجاب) بتایا ہے اور یہ چچ کی سلطنت کی آخری حد تھی۔

حجاج کے چھ ماہ بعد خلیفہ ولید کا بھی انتقال ہو گیا۔ جمادی الاول ۹۶ھ۔ جنوری ۷۱۵ء) اور محمد قاسم واپس بلا لیا گیا۔ اس لئے ظاہر ہے کہ محمد قاسم سندھ و پنجاب میں سوا تین سال سے زائد نہ رہ سکا۔

محمد قاسم کی واپسی اور قتل

محمد قاسم کے اسباب قتل کے متعلق مورخین میں اختلاف ہے۔ چچ نامہ اور اسکے تمام متبع مورخین کا بیان ہے کہ ولید ہی نے اس کو قتل کرایا تھا[2]۔ فتوح البلدان کا بیان ہے کہ خلیفہ سلیمان کے حکم سے محمد قاسم قتل کیا گیا اور اسکی داستان

---

[1] "کنٹس کرٹیس" نے اس جگہ کا ذکر کرتے ہوئے جہاں سکندر نے راجہ پورس کے مقابلہ میں فتح حاصل کی تھی بالکل یہی نقشہ کھینچا ہے۔

[2] اس قتل کی دو اور بیان کی جاتی ہے کہ جب داہر کی دو لڑکیاں خلیفہ ولید کے پاس پہونچیں اور خلیفہ نے ان کو خلوت میں بلایا تو انھوں نے محمد قاسم کی شکایت کی کہ وہ ان کی عصمت خراب کر چکا ہے خلیفہ بہت برہم ہوا اور حکم دیا کہ محمد قاسم جہاں ہو فوراً ایک گائے کے چمڑے میں بند کر کے سی دیا جائے اور اسی حال میں یہاں لایا جائے۔ چنانچہ اسکی تعمیل ہوئی جب محمد قاسم کی لاش لڑکیوں کے سامنے پہونچی (ان میں سے ایک کا نام سوریج دیوی اور دوسری کا پرمل دیوی تھا) تو انھوں نے بیان کیا کہ ہم نے تو صرف محمد قاسم سے اپنے باپ کا بدلہ لینے کے لئے ایسا کہا تھا" تو یہ سن کر ولید بہت برہم ہوا اور لڑکیوں کو گھوڑے کی دم سے بندھوا کر ہلاک کرا دیا اور لاشیں دجلہ میں پھکوا دیں۔ میر معصوم نے بھی یہی لکھا ہے۔ لیکن چچ نامہ اور میر معصوم کا یہ بیان بالکل غلط معلوم ہوتا ہے، کیونکہ کھال کے اندر بند کر کے ہلاک کرنے کا طریقہ صرف تاتاریوں میں رائج تھا اور عرب اس سے واقف نہ تھے علاوہ اس کے یوں بھی خلیفہ ولید اپنے اخلاق کے لحاظ سے ایسا نہ تھا کہ وہ اتنے بڑے جنرل کو ایسی معمولی سی بات پر ایسی سخت سزا دیکر فتوحات اسلام کے سلسلہ کو دفعتاً روک دیتا۔

اس طرح بیان کی جاتی ہے کہ چونکہ خلیفۂ ولید کے بعد خلافتِ سلیمان میں تمام پچھلے انتظامات منسوخ کئے جا رہے تھے اور خلیفۂ سلیمان، حجاج کے تمام ساتھیوں کو چن چن کر قتل کر رہا تھا اس لئے اس نے محمد قاسم کو بھی طلب کیا اور ہلاک کر ڈالا۔ کہا جاتا ہے کہ محمد قاسم ہندوستان میں ایسا ہر دلعزیز تھا کہ جب وہ واپس بلایا گیا ہے تو یہاں کے لوگ روتے تھے اور یہ محبت و عظمت اس حد تک پہونچ گئی تھی کہ کیرآج میں بُت تیار کر کے لوگ اس کی پرستش کرنے لگے۔

محمد قاسم کے بعد عہدی اسیم میں سندھ کے حالات

خلیفۂ سلیمان کے عہد میں (۹۶-۹۹ھ / ۷۱۵-۷۱۷ء) محمد قاسم کے بعد یزید، حاکم سندھ مقرر کیا گیا۔ لیکن یہاں پہونچنے پر ۱۸ دن کے بعد اُس کا انتقال ہوگیا۔ اس کے بعد حبیب ابن مہلب متعین کیا گیا، تاکہ جن راجاؤں نے محمد قاسم کے قتل سے فایدہ اُٹھاکر سرکشی اختیار کی تھی اُن کو زیر کرے[1]۔ حبیب نے ساحلِ دریائے سندھ پر دشمنوں کی ایک جماعت کو شکست دی اور اَلور کے باشندوں کو مطیع کر لیا۔ عہد سلیمان میں ایک اور گورنر عامر بن عبداللہ کا بھی یہاں آنا بیان کیا جاتا ہے[2]

خلیفۂ سلیمان کے بعد عمر بن عبدالعزیز کا عہد شروع ہوا (۹۹-۱۰۱ھ / ۷۱۷-۷۲۰ء) انھوں نے ہندوستان کے تمام سلاطین و امراء کو خطوط لکھے "کہ اسلام لے آؤ تاکہ تم کو بھی وہی حقوق ملیں جو اور مسلمانوں کو حاصل ہیں۔ تم ہمارے ساتھ متحد ہو جاؤ تاکہ ہم بھی تمھاری حفاظت کے ذمہ دار ہو جائیں"۔ چنانچہ داہر کا بیٹا جیسیا مع دیگر امراء کے مسلمان ہوگیا۔ عمر بن مسلم یہاں کی سرحد پر نائب خلیفہ تھا اس نے بھی ہندوؤں کے متعدد صوبوں پر مختلف حملے کئے اور فتح حاصل کی[3]۔ لیکن خلیفۂ یزید (۱۰۱-۱۰۵ھ / ۷۲۰-۷۲۴ء) کے عہد میں جنید بن عبدالرحمٰن المری سرحد ہند[4] کا حاکم مقرر ہوا۔ اور خلیفہ ہشام بن عبدالملک (۱۰۵-۱۲۵ھ / ۷۲۴-۷۴۳ء) کے عہد میں بھی یہ بحال رہا۔ جنید نے تمام باغی سلاطین ہند کے خلاف فوج روانہ کی اور مختلف مقامات فتح کئے (مثلاً کیراج، مرماد، مندل، ولہج، بروس (بھڑوچ) اُزین (اُجین) مالبا (مالوہ) وغیرہ) ان فتوحات کا ثبوت ہندو اور چینی تاریخوں سے بھی ملتا ہے[5]۔

---

[1] مورخین سندھ کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ محمد قاسم کے بعد دو سال کے اندر ہندوستان کے راجاؤں نے بغاوت کر کے اپنا ملک بہت کچھ واپس لے لیا چنانچہ جیسیا داہر کے بیٹے نے بھی برہمن آباد پر قبضہ کر لیا تھا۔ [2] تاریخ سندھ ۳۷۔ تحفۃ الکرام - ۱۸۔ [3] تحفۃ الکرام ۱۸

[4] "سرحد ہند" کے الفاظ سے ثابت ہوتا ہے کہ محمد قاسم کے بعد عربوں کا تسلط اندرون ملک پر قایم نہ ہو سکا تھا۔ وہ امراء جو مسلمان ہو چکے تھے عربوں کو آگے بڑھنے سے روکتے تھے۔ چنانچہ جب جنید دیبل کی طرف بڑھا تو داہر کے بیٹے نے جو وہاں حکمران تھا اور مسلمان ہو چکا تھا کہلا بھیجا کہ ہم مسلمان ہو چکے ہیں اور خلیفہ عمر بن عبدالعزیز نے ہمیں یہاں کا فرمانروا تسلیم کر لیا ہے۔ لیکن جنید نہیں مانا اور جنگ کر کے اس کو قتل کر ڈالا اس کے بعد اس کا بھائی سسس عراق کی طرف چلا کہ اس بے عنوانی کی شکایت وہاں کے حاکم سے کرے لیکن یہ بھی جنید کے اشارہ سے راستہ میں قتل کر دیا گیا۔

[5] راجستھان (کرنل ٹاڈ) جلد اول صفحہ ۲۳۱، ۲۴۲، ۲۵۰، ۲۸۱۔

۱۰۷ھ میں جنید کے بعد تمیم بن زید العتبی یہاں کا حاکم مقرر ہوا۔ یہ ایک کمزور دل و دماغ کا شخص تھا لیکن بے انتہا سخی تھا۔ اس نے ایک کروڑ اسی لاکھ تاتاری درہم جو خزانۂ سندھ میں جمع تھے لوگوں کو تقسیم کر دئے۔

تمیم کے بعد خالد گورنر عراق نے سندھ کی حکومت حکم الکلبی کے سپرد کی اب اہل ہند نے پھر بت پرستی شروع کر دی تھی۔ حکم نے محفوظہ شہر تعمیر کرایا اور عمرو بن محمد بن قاسم کی سرکردگی میں متعدد فتوحات حاصل ہوئیں۔ جب حکم کے بعد عمرو یہاں کا حاکم ہوا تو اس نے منصورہ تعمیر کرایا۔[1]

اس کے بعد اور بھی چند گورنر آئے لیکن بلاذری نے ان کا نام نہیں بتایا لیکن تحفۃ الکرام میں اس آخری عہد کی بابت لکھا ہے کہ "سلیمان ابن خلیفہ ہشام بھی سندھ کا حاکم مقرر کیا گیا تھا جس نے یہاں نہ صرف بنو امیہ کے آخری خلیفہ مروان (۱۲۷-۱۳۲ھ / ۷۴۴-۷۵۰ء) کے عہد تک کامیابی کے ساتھ حکومت کی، بلکہ عباسیہ خاندان کے خلیفۂ اول (ابوالعباس سفاح) کے عہد میں بھی کچھ زمانہ تک یہاں کا فرمانروا رہا۔ تحفۃ الکرام سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مروان ایک شخص اور ابوالخطاب[2] کو بھی سندھ کا حاکم مقرر کیا۔ آخری گورنر (بنو امیہ کی طرف سے) یہاں منصور تھا۔[3]

جب ابوالعباس سفاح خلیفہ مقرر ہوا (۱۳۲-۱۳۶ھ / ۷۵۰-۷۵۴ء) تو ابومسلم خراسانی نے سندھ کی حکومت پر عبدالرحمٰن کو مامور کیا عبدالرحمٰن اور منصور (آخری گورنر عہد بنی امیہ) سے لڑائی ہوئی جس میں عبدالرحمٰن کو شکست ہوئی۔ اسکے بعد ابومسلم نے موسیٰ بن کعب التمیمی کو مامور کیا۔ منصور نے اس سے بھی مقابلہ کیا لیکن آخر میں اس کو شکست ہوئی اسکا ایک بھائی مارا گیا اور وہ خود بھی صحرا میں شدت تشنگی سے مر گیا۔

موسیٰ نے فتح حاصل کرنے کے بعد منصورہ کی مرمت کرائی، مسجد کو وسیع کیا۔ اور ہندؤں کے مقابلہ میں کئی بار فتح حاصل کی۔ تحفۃ الکرام کا بیان ہے کہ عہد بنی امیہ کے آخری گورنر کو داؤد ابن علی کے لشکر نے شکست دی تھی۔

سفاح کے بعد خلیفۂ منصور کے عہد میں (۱۳۶-۱۵۸ھ / ۷۵۴-۷۷۵ء) ہشام، سندھ کا گورنر مقرر ہوا اور اُس نے تمام ان شہروں کو فتح کیا جو اسوقت تک مسلمانوں کے اقدام میں حائل تھے اس نے عمرو بن جمل کو ایک بیڑہ بوارج[4] (جنگی جہازوں)

خلفائے بنی عباس کے عہد میں سندھ کی حالت

---

[1] بلاذری کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے زمانہ میں گورنرانِ سندھ کا صدر مقام یہی تھا۔

[2] ممکن ہے یہ وہی ابوالخطاب ہو جو عہد مروان میں اسپین کا گورنر تھا۔

[3] ابن خلدون نے لکھا ہے کہ منصور کو سفاح نے مقرر کیا تھا لیکن یہ صحیح نہیں ہے برہمن آباد کے کھنڈرمیں سے جو سکے برآمد ہوئے ہیں ان میں بعض سکے منصور کے بھی ہیں اور انکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بنو امیہ کے آخری خلیفہ مروان کی طرف سے وہاں مامور تھا۔

[4] جمع ہے بارجہ کی بلاذری نے اس لفظ کا استعمال جنگی جہازوں کے لئے کیا ہے وہ جہاز جو جزیرۂ سراندیپ سے حجاج کے پاس روانہ ہوئے تھے اور ساحل دیبل پر لوٹے گئے تھے ان کو بھی بلاذری نے بوارج لکھا ہے اسکی ایک صدی بعد بیرونی نے بھی کچھ اور سومنات میں بوارج کے لنگرانداز ہونے کا حال بیان کیا ہے۔ قاموس میں لکھا ہے کہ بارجہ ایک بڑے جنگی جہاز کو کہتے ہیں۔ انگریزی کا لفظ (Barge) اسی سے ماخوذ ہے

کا سپہ سالار کر کے برودہ[1] روانہ کیا اور ایک فوج مملکت ہند کی طرف روانہ کی جو کشمیر[2] تک پہونچ گئی اور بہت سے قیدی اس کے ہاتھ آئے اور تمام صوبہ ملتان پر مسلمانوں کا قبضہ ہوگیا اور قندابیل سے ایک جماعت کو (جن پر علویین ہونے کا شبہ تھا) باہر نکال دیا[3]۔ اس زمانہ میں سندھی اعراب نے قندھار[4] کو بھی فتح کیا اور بت خانہ مسمار کر کے ایک مسجد تعمیر کرائی ہشام کے بعد عمرو بن حفص بن عثمان گورنر مقرر ہوا[5] یہ تقرری ۱۵۱ھ سے پہلے ہوئی۔ کیونکہ ۱۵۱ھ میں عمرو بن حفص حکومت افریقیہ پر تبدیل کیا گیا اور ۱۵۴ھ میں وہیں وہ مارا گیا۔

عمرو بن حفص کے بعد افریقیہ کا حاکم یزید بن حاتم مقرر ہوا اور سندھ میں یزید کا بھائی روح متعین کیا گیا۔

خلیفہ ہارون الرشید کے عہد میں (۱۷۰-۱۹۳ھ / ۷۸۶-۸۰۹ء) افریقہ و سندھ کے گورنروں میں بہت تبدیلی وقوع میں آئی اس سے مقصود صرف یہ تھا کہ وہ ایک جگہ زیادہ دن رہنے سے خودسر ہو جائیں گے اور ملک پر ان کا اقتدار قایم ہو کر خلافت کا اثر ضعیف ہو جائے گا۔ ہارون کے زمانہ میں داؤد بن یزید مہلبی ۱۸۴ھ کے قریب سندھ کا گورنر مقرر کیا گیا لیکن وہ جلد مرگیا۔ سندھ کی مقامی تاریخوں سے معلوم ہوتا ہے کہ داؤد سے قبل حاجی ترابی یا ابو تراب گورنر مقرر کیا گیا تھا اس نے ضلع ساکورہ میں قلعۂ تہرا اور مغربی سندھ میں بلاد بکر اور بھم پور کو فتح کیا اس کا مقبرہ جس پر ۱۷۱ھ منقوش ہے ٹھٹھہ سے آٹھ میل شمال مغرب کی طرف مابین گوجا و کوری زیارت گاہ عوام ہے[6]۔ ہارون الرشید کے عہد میں ایک گورنر ابو العباس بھی ہوا ہے جو عرصہ تک سندھ پر حکومت کرتا رہا۔

مامون الرشید کے زمانہ میں (۱۹۸-۲۱۸ھ / ۸۱۳-۸۳۳ء) بشر بن داؤد سندھ کے حاکم اعلےٰ نے بغاوت اختیار کی خراج

---

[1] بارند، بارید بھی اس کو پڑھ سکتے ہیں۔ غالباً اس سے مراد جیتوار ہے جو ساحل گجرات پر واقع ہے۔ بیرونی نے اس کا نام بارد لکھا ہے ابن اثیر اور طبری سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۶۰ھ میں خلیفہ مہدی نے بھی ایک فوج اس جگہ روانہ کی تھی یہ شہر فتح تو ہوگیا لیکن فوج میں ہیضہ پھیل جانے سے بہت نقصان ہوا اور جو فوج بچ رہی تھی وہ واپسی میں ساحل فارس کے قریب غرق ہوگئی۔

[2] اس سے مراد شہر کشمیر نہیں ہے بلکہ پہلے پنجاب بھی سلطنت کشمیر میں شامل تھا اس لئے سلطنت کشمیر کی حدود میں کسی جگہ یہ فتح حاصل ہوئی ہوگی۔

[3] ابو الفدا۔ ۲-۲۰۔

[4] بعض مستشرقین نے خلیج کمبایت (Gulf of Cambay) کے قریب اس شہر کا واقع ہونا ظاہر کیا ہے بعض کا خیال ہے کہ اس سے مراد گندھارا (بالائی حصۂ سندھ کا ایک شہر) ہے سٹرالیٹ کہتے ہیں کہ اس کا صحیح نام کہنداوار ہے جو جزیرہ نمائے کاٹھیاوار کا ایک مقام ہے۔

[5] طبری و ابو الفدا کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ ہشام عمر بن حفص کے بعد گورنر سندھ مقرر ہوا تھا۔ [6] تحفۃ الکرام ۱۹-۲۳۴۔

بھیجنا بند کر دیا۔ غسان بن عباد کوفی جو خلیفہ کا عزیز بھی تھا ۲۱۳ھ میں اس کی سرکوبی کے لئے روانہ کیا گیا۔ بشر نے ہتھیار ڈال دئے اور غسان اسے بغداد لے گیا لیکن خلیفہ نے اس کا قصور معاف کر دیا۔[1]

غسان بغداد جاتے وقت موسیٰ بن یحییٰ برمکی کو جو فضل اور جعفر برمکی کا چھوٹا بھائی تھا سندھ کی حکومت سپرد کر گیا تحفۃ الکرام کا بیان ہے کہ موسیٰ بن یحییٰ برمکی ہارون الرشید کے زمانہ میں سندھ کا حاکم مقرر ہوا تھا لیکن اس نے زر خراج صرف کر ڈالا اس لئے علٰحدہ کر دیا گیا اور اس کے بعد علی بن عیسےٰ ہامان[2] مقرر ہوا) موسےٰ عرصۂ دراز تک سندھ کا حاکم رہا جب ۲۲۱ھ میں اس کا انتقال ہوا تو عہد "معتصم باللہ" میں اس کا بیٹا عمران گورنر مقرر ہوا اس نے قیقان کو فتح کیا جو جاٹوں کے قبضہ میں تھا اور شہر "البیضاء" کی بنیاد ڈال کر اسے ایک فوجی مرکز قرار دیا۔ اس کے بعد وہ منصورہ واپس آیا اور پھر قندابیل[3] پہونچا۔ یہاں محمد بن خلیل فرمانروا تھا۔ شہر پر قبضہ کر کے یہاں کے خاص خاص لوگوں کو "قصدار" لے گیا۔ اس کے بعد اس نے میدیوں کو مغلوب کر کے ایک بندہ یہاں تعمیر کرایا۔ اس کے بعد دریائے اُل پر خیمہ زن ہو کر جاٹوں سے جزیہ وصول کیا۔

خلافتِ عباسیہ کا زوال المستعصم باللہ کے عہد سے شروع ہو گیا تھا اور ترکی سپاہ خود مختار ہوتی جاتی تھی اس لئے المعتمد (۲۵۶-۲۷۹ھ / ۸۷۰-۸۹۲ء) اور المقتدر (۲۹۵-۳۲۰ھ / ۹۰۸-۹۳۲ء) کے عہد میں شیرازہ اور زیادہ پراگندہ ہو گیا۔ المعتمد نے یعقوب بن لیث صفاری کو حکومت سندھ سپرد کر دی تھی یعقوب نے ۲۶۵ھ میں انتقال کیا اور اس کے بعد ملتان اور منصورہ میں دو مستقل سلطنتیں قائم ہو گئیں۔

مسعودی ۳۰۳ و ۳۰۴ھ / ۹۱۵ء میں یہاں آیا تھا۔ اس نے ان دونوں سلطنتوں کا حال اپنی کتاب "مروج الذہب" میں لکھا ہے کہ:۔ ملتان کی سلطنت خراسان تک وسیع تھی۔ قریش خاندان کا ایک امیر یہاں حکمراں تھا اور قنوج بھی اسی سلطنت کا ایک صوبہ تھا۔ ملتان میں ایک سورج کا مندر تھا۔ اس کی آمدنی کا بڑا حصہ اسی مندر سے حاصل ہوتا تھا، کیونکہ زائرین دور دور سے آتے تھے اور قیمتی تحائف مندر پر چڑھاتے تھے۔ منصورہ میں بھی ایک

---

[1] ابو الفدا ۲ — ۱۵۰ — [2] تحفۃ الکرام — ۱۸ — [3] قندابیل۔ تاریخ سندھ میں قندابیل کا نام اکثر آتا ہے۔ چچ نامہ میں قندابیل کو قندہار بھی بتایا ہے، لیکن یہ بیان صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ کیونکہ بلاذری جو اس باب میں زیادہ قابل اعتبار ہے، ان دونوں مقامات کو الگ الگ ظاہر کرتا ہے۔ اسی طرح ابن حوقل، اصطخری، اور صاحب اشکال البلاد، قندابیل کی جائے وقوع صحرا کے اندر منصورہ سے ۸ منزل کے فاصلہ پر (قندہار سے علٰحدہ) ظاہر کرتے ہیں۔ اس لئے ظاہر ہے کہ یہ دونوں مقامات الگ الگ واقع تھے علاوہ اس کے یوں بھی اب یہ بات پایۂ تحقیق کو پہونچ گئی ہے کہ قندابیل وہیں تھا جہاں اب گنڈاوہ (صوبہ کچھ کا صدر مقام) پایا جاتا ہے گنڈاوہ کے چاروں طرف اب بھی فصیل پائی جاتی ہے اور اب بھی قلات و شکارپور کے درمیان وہ بہت مشہور مانا جاتا ہے۔

قریشی نسل کا سردار ابو المنذر بن عبداللہ حکمران تھا۔ ریاست منصورہ سمندر سے الور تک وسیع تھی۔ اس میں تین لاکھ گاؤں تھے اور امیر منصورہ کے پاس ۸۰ ہزار مسلح ہاتھی تھے"

خلیفہ المطیع باللہ (۳۳۴-۳۶۳ھ / ۹۴۵-۹۷۴ء) اور خلیفہ القادر باللہ (۳۸۱-۴۲۲ھ / ۹۹۱-۱۰۳۱ء) کے عہد میں ابن حوقل، ہندوستان آیا تھا اس نے بھی چشم دید حالات یہاں کے بیان کئے ہیں وہ لکھتا ہے کہ "ملتان منصورہ سے چھوٹا شہر ہے، امیر ملتان شہر سے باہر رہتا ہے، صرف جمعہ کے روز ہاتھی پر سوار ہو کر جامع مسجد میں نماز کے لئے جاتا ہے۔ یہاں کا کوئی خاص سکہ نہیں ہے۔ تاتاری اور قندہاری درہم کا رواج ہے۔ مسلمانوں اور بت پرستوں کے لباس میں کوئی فرق نہیں ہے، دونوں ڈھیلے کپڑے پہنتے ہیں۔ ملتان اور منصورہ دونوں آزاد سلطنتیں ہیں اور خلیفۂ بغداد کو اپنا روحانی پیشوا تسلیم کرتے ہیں۔ الور[1] جو ہندوؤں کا قدیم دارالسلطنت تھا اس کی فصیل دوہری ہے اور حکومت منصورہ میں شامل ہے۔ سندھ میں سوائے ان دو اسلامی سلطنتوں کے چھوٹی چھوٹی اور ریاستیں بھی ہیں۔ ایک ریاست تورآن ہے جس کا حاکم ابو القاسم باشندۂ بصرہ ہے، دوسری ریاست قُصدار اس کا حاکم ایک عرب نژاد معین بن احمد ہے، تیسری ریاست مکران ہے اور اس کا دارالریاست قیز ہے جو آبادی میں ملتان سے نصف ہے۔ اس کا حاکم عیسیٰ بن معدان ہے۔ چوتھی ریاست مشکی مکران کی سرحد پر ہے۔ منصورہ، ملتان اور دیگر اضلاع میں عربی و سندھی زبانیں بولی جاتی ہیں، مکران میں مکرانی اور فارسی زبان"

ابن حوقل نے قرامطہ کا ذکر نہیں کیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کا اثر، سندھ میں بعد کو قایم ہوا۔ ابو الفدا کا بیان ہے کہ قرامطہ کو سنہ ۳۶۰ھ و سنہ ۳۶۳ھ میں مصر کے اندر سخت شکست حاصل ہوئی۔ قیاس کہتا ہے کہ اس شکست کے بعد ہی انھوں نے سندھ کی طرف قسمت آزمائی کی ہوگی اور چونکہ سارا سندھ منتشر حالت میں تھا اس لئے انھوں نے منصورہ و ملتان پر قبضہ کر لیا ہوگا جہاں سے ان کو محمود غزنوی نے نکالا۔


ابن اثیر اور دیگر تواریخ سندھ سے معلوم ہوتا ہے کہ محمود نے بھی سندھ میں سلسلۂ فتوحات قایم کیا تھا۔

---

[1] الور۔ اس کا نام مختلف طریقوں سے لکھا گیا ہے۔ مسعودی نے "الرور" لکھا ہے ابن خرداذبہ نے "الدور" ظاہر کیا ہے اصطخری "الروز" لکھتا ہے اور ادریسی "دور"۔ اس شہر کے کھنڈر "بھکر" اور "خیرپور" کے درمیان پائے جاتے ہیں۔ اور "الور" کے نام سے مشہور ہیں۔ لفٹنٹ میکلاگن لکھتے ہیں کہ اسے "ارور" بھی کہتے ہیں۔ اور وہ "بندھ" جسے عمران گورنر نے تعمیر کرایا تھا، اسکے آثار ایک محراب دار پل کی صورت میں اب بھی پائے جاتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ اصل نام اس مقام کا اور تھا اور "ال" عربی کا زاید ہے۔ اب بھی انھیں کھنڈروں کے متصل ایک قصبہ "اوری" کے نام سے موجود ہے جسے اُسی قدیم "الرور" یا "رور" کی یادگار سمجھنا چاہیئے۔

اگرچہ عام طور سے مورخین اس کا ذکر نہیں کرتے لیکن ایسا ہونا یقینی ہے کیونکہ جب قصدار اور ملتان اسکے قبضہ میں آگیا تھا تو پھر کوئی چیز اس کی پیشقدمی کے لئے مانع نہ تھی۔ چونکہ یہ امر بالکل یقینی ہے کہ سومنات میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد چند روز تک اس نے دریائے سندھ کے کنارے کنارے کوچ کیا اس لئے ابن اثیر کا یہ بیان کہ "۴۱۶ھ میں محمود نے منصورہ پر قبضہ کیا اور وہاں ایک مسلمان شہزادہ کو تخت نشین کیا" بالکل صحیح معلوم ہوتا ہے اور اسی سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ اس سے قبل جو فرمانروا وہاں کا تھا مسلمان نہ تھا بلکہ قرامطہ میں سے تھا جنھوں نے تین صدی کی حکومت کو سندھ سے بالکل نیست و نابود کر دیا تھا۔

ہذا صورۃ بلاد السند



نقشہ سندھ مرتبہ "ابن حوقل"

۳۶۶ھ
۹۷۶ء

باب دوم

حکومتِ سندھ کے عروج و زوال پر ایک تبصرہ

یہاں تک ہم نے اختصار مگر سلسلہ کے ساتھ بتا دیا ہے کہ عربوں نے کب سندھ پر حملہ کیا اور خلافتِ عباسیہ کے آخری زمانہ میں وہ کیونکر غزنی کی حکومت سے متعلق ہوگیا۔ اس میں شک نہیں کہ محمود جب حملۂ سومنات کے بعد منصورہ میں اپنا نائب مقرر کرکے غزنی واپس گیا ہے، تو یہاں علی الترتیب سمرا، سما، ارغون، و ترخان خاندانوں[1] کی حکومتیں مختلف اقطاع سندھ میں قایم ہوئیں۔ یہاں تک کہ شہنشاہ اکبر نے اس طوائف الملوکی کو مٹا کر سندھ کو اپنی سلطنت میں شامل کرلیا۔

سوائے اس امر کے کہ صحرا، و ریگستان ہونے کے لحاظ سے سندھ و عرب میں ایک اشتراکِ آب و ہوا تو فی الجملہ ضرور پایا جاتا ہے اور کوئی بات ایسی نہ تھی جو ان دونوں جگہ کے باشندوں کو ایک دوسرے سے ملا دیتی۔ اگر اور کوئی

---

[1] سمرا خاندان کے ابتدائی حالات بہت کچھ پردۂ خفا میں ہیں۔ میر معصوم کا بیان ہے کہ عبدالرشید سلطان مسعود کے عہد میں (۴۴۳ھ/۱۰۵۱ء) سمرا قوم نے غزنوی حکومت سے بغاوت کی اور سندھ کے تخت پر ایک شخص سمرا نامی کو بٹھا دیا۔ ابوالفضل نے آئین اکبری میں صرف اس قدر لکھا ہے کہ سمرا خاندان کے ۳۶ فرمانرواؤں نے ۵۰۰ سال تک حکومت کی۔ فرشتہ کا بیان ہے کہ محمد قاسم کی وفات کے بعد ایک قبیلۂ عرب نے جس کا تعلق انصاریوں سے تھا اپنی حکومت سندھ میں قایم کی اور اس کے بعد ۵۰۰ سال تک سمرا زمینداروں نے سلطنت کی (جن کا حال معلوم نہیں ہوسکا)۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۵۸ پر ملاحظہ کیجئے)

اختلاف نہ ہوتا تو بھی اختلافِ مذہب ایک ایسا زبردست پردہ تھا جو سندھیوں اور عربوں کے درمیان پڑا ہوا تھا لیکن باوجود اس اختلافِ مذہب وطبایع، اس تباینِ تہذیب واخلاق کے فاتحین عرب نے سندھ والوں کے اُن حقوق کا بہت لحاظ کیا جو فطری طور سے حاکم ومحکوم، راعی ورعایا کے درمیان قایم ہوتے ہیں۔ ممکن تھا کہ عربوں کی فتحمند جماعت سندھیوں کو بالکل بے دست وپا کرکے ہمیشہ کے لئے نیست ونابود کردیتی۔ لیکن اُنھوں نے ایسا نہیں کیا بلکہ ملک کا سارا انتظام جو اُن کے حملہ سے قبل پایا جاتا تھا علےٰ حالہ قائم رہنے دیا اور ایک سندھی کو بھی اسکی جگہ سے نہیں ہٹایا۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۵۷)

اس کے بعد سما خاندان آیا جس نے جام کا لقب اختیار کیا۔ ان خاندانوں کے زمانہ میں شاہان غزنی وغور وسلاطین دہلی سندھ پر حملہ کرتے رہے اور بہت سے شہروں پر قبضہ کرکے اپنے گورنر مقرر کردئے۔

تاریخ طاہری میں لکھا ہے کہ سمرا ایک ہندو خاندان تھا جس نے ۷۰۰ھ سے ۸۴۳ھ تک حکومت کی۔ بیگ لرنامہ نے بھی وہی لکھا ہے جو فرشتہ نے بیان کیا ہے۔ محمد یوسف نے منتخب التواریخ میں میر معصوم کے بیان کا تتبع کرتے ہوئے سمرا خاندان کے ۱۹ بادشاہوں کا نام لکھا ہے جن میں سے اول سمرا اور آخری بھونگر ثالث ہے۔ ان میں بعض نام ایسے ہیں جن سے ان کے مسلمان ہونے کا قیاس ہوتا ہے مثلاً محمد طور، عمر سمرا۔ تحفۃ الکرام کا بیان ہے کہ سمرا قوم اعراب سامرہ سے پیدا ہوئی جو دوسری صدی ہجری میں سندھ آئے تھے۔ جب خاندان غزنی وغور کا اثر حکومتِ سندھ میں قایم ہونے لگا اور ان خاندانوں کے گورنر بھی متعین ہوئے اُسوقت سمرا خاندان کے افراد، سندھ کے بعض حصوں میں خود مختار فرمانروا تھے۔ دوسری جگہ سمرا خاندان کا ذکر کرتے ہوئے صاحب تحفۃ الکرام نے لکھا ہے کہ جب غازی ملک ۷۲۰ھ/۱۳۲۰ء میں ملتان اور سندھ کی افواج مجتمع کرکے دہلی روانہ ہوا اور خسرو خاں کو شکست دیکر غیاث الدین تغلق شاہ کا لقب اختیار کیا تو سمرا قوم نے سندھ میں ایک شخص سمرا نامی کو اپنی ہی قوم میں سے منتخب کرکے اپنا حکمران بنالیا اور پھر اس کی اولاد عرصہ تک حکمران رہی، حتےٰ کہ ۷۵۲ھ/۱۳۵۱ء میں سما قوم نے خروج کیا اور سمرا خاندان کے آخری فرمانروا ارمیل کو ہلاک کرکے حکومتِ سندھ چھین لی۔

الغرض سمرا خاندان کے صحیح حالات پردۂ خفا میں ہیں اور اس وقت تک یقین کے ساتھ نہیں کہا جاسکتا کہ یہ لوگ کس خاندان سے تھے اور کب سے کب تک اُنھوں نے سندھ میں حکومت کی۔ یورپین محققین میں بھی سخت اختلاف ہے۔ مسٹر الفنسٹن انھیں مسلمان راجپوت بتاتے ہیں اور ڈاکٹر برڈ ابوالہب کی اولاد ظاہر کرتے ہیں۔

سما خاندان کی حکومت سندھ میں سمرا کے بعد قایم ہوئی۔ اس کا زمانۂ حکومت ۷۵۲ھ/۱۳۵۱ء سے ۹۲۷ھ/۱۵۲۱ء تک رہا یہاں تک کہ ارغون خاندان نے اس کو شکست دے کر اپنی حکومت قایم کرلی۔ بیگ لرنامہ، سما خاندان کی حکومت کا اختتام ۹۲۸ھ/۱۵۲۱ء میں ظاہر کرتا ہے۔ تاریخ طاہری میں ۸۴۳ھ/۱۴۳۹ء درج ہے اور تحفۃ الکرام میں ۹۲۷ھ تحریر ہے۔ اس لئے اس خاندان کی حکومت کم ازکم ۸۴ سال اور زیادہ سے زیادہ ۱۹۳ سال تک قایم رہی، لیکن تحفۃ الکرام کا بیان زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے جسکی تصدیق سراج عفیف کے بیان سے بھی ہوتی ہے۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۵۹ پر ملاحظہ ہو)

جب داہر قتل ہوا تو محمد قاسم نے اس کے وزیر کو بدستور بحال رکھا تاکہ جو حقوق رعایا کے پہلے سے قائم تھے ان کی حفاظت کرے اور ٹیکس وصول کرنے کے لئے صرف سندھ کے برہمنوں کو مامور کیا اور ایک عرب کو بھی یہ خدمت سپرد نہیں کی گئی۔

مسلمان جب کسی شہر پر حملہ کرنے والے ہوتے تھے تو پہلے وہاں کے باشندوں کے سامنے اسلام پیش کرتے۔ اگر وہ اسلام قبول کر لیتے تو خیر ورنہ پھر جزیہ طلب کرتے۔ اگر اس سے بھی انکار ہوتا تو پھر حملہ کرتے۔ اسلام لانے کی صورت میں سارے امتیازات اُٹھ جاتے اور مساوات قائم ہو جاتی۔ اگر وہ جزیہ ادا کرتے تو ملک اُنھیں کے قبضہ میں رہتا۔ حملہ کے وقت بھی اس کا خاص لحاظ رکھا جاتا کہ صرف مسلح سپاہیوں سے مقابلہ کیا جائے، کاشتکاروں اور تاجروں سے مطلق کوئی تعرض نہیں کیا جاتا تھا۔

حکومت میں رعایا کے مساویانہ حقوق

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۵۸)

اس خاندان کے فرمانروا جام کے لقب سے مشہور ہیں اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ یہ جمشید کی اولاد میں سے تھے بعض کا بیان ہے کہ ان کا سلسلہ ابوجہل سے ملتا تھا اور بعض سام بن نوح سے متعلق کرتے ہیں۔ چچ نامہ میں درج ہے کہ جس وقت محمد قاسم نے حملہ کیا ہے تو دریائے سندھ کے ساحلی زمینوں کے باشندوں نے اطاعت اختیار کی۔ اسوقت اس جماعت کا سردار ایک شخص سمبا تھا جو ہند کی طرف سے دیبل کا گورنر بھی تھا۔ یہ لوگ ہندو تھے اور کرشن جی کے بیٹے سمبا سے ان کا سلسلۂ نسب ملتا تھا اور ساحلِ دریائے سندھ پر سمانگر ان کا دارالحکومت تھا۔ یہ لوگ غالباً ۳۵۲ھ میں مسلمان ہوئے۔ چچ نامہ کے اس بیان سے ظاہر ہے کہ سما خاندان یہی تھا جو پہلے راجپوت تھا اور بعد کو مسلمان ہو گیا۔

خاندان ارغون — ہلاکو (چنگیز خاں کا پوتا) کے ایک پوتے کا نام ارغون خاں ترخان تھا۔ اور یہ خاندان اس کی نسل سے ہے۔ اس خاندان کی حکومت ۹۳۰ھ سے ۱۰۱۳ھ تک قائم رہی۔ اور ۹۶۲ھ/۱۵۵۴ء میں ختم ہو گئی۔ آخری حکمران شاہ حسین تھا جس نے اپنے بعد کوئی اولاد نہیں چھوڑی۔

خاندان ترخان — اس خاندان کے متعلق بعض کا بیان ہے کہ چنگیز خاں نے ایک نوجوان شخص کو اس کی بعض خدمات کے معاوضہ میں ترخان کا لقب دیا تھا اور یہ خاندان اسی کی اولاد میں سے تھا بعض اس واقعہ کو تیمور سے متعلق کرتے ہیں۔ لیکن قرینِ قیاس یہی ہے کہ یہ ارغون خاں کی اولاد میں سے تھے۔ یہ خاندان صرف ۳۸ سال تک سندھ کا حکمران رہا۔ اس کے آخری فرمانروا مرزا جانی بیگ نے ۱۰۰۰ھ میں اپنی خود مختاری، اکبر کے جنرل خان خانان کے سپرد کر دی۔ تاریخ طاہری نے ۱۰۲۲ھ تک اس خاندان کا زمانۂ حکومت تحریر کیا ہے کیونکہ غازی بیگ ترخان اسی سال قندھار میں مرا تھا لیکن چونکہ غازی بیگ کی حیثیت صرف ایک جاگیردار کی سی تھی، اس لئے اس خاندان کی حکومت کا اختتام تو حقیقتاً ۱۰۰۰ھ ہی میں ہو گیا تھا اور سندھ اسی وقت تیموریہ سلطنت میں شامل ہو گیا تھا۔

مالگذاری کا تعین

مفتوحہ ممالک میں مالگذاری پیداوار پر قایم کی گئی، اُس زمین میں جہاں نہروں کے ذریعہ سے آبپاشی ہوتی، جو اور گیہوں پر ۱/۵ حصہ متعین کیا گیا اور اُس زمین میں جس کا ذریعۂ آب پاشی نہر نہ تھا (بلکہ کنویں یا جھیل وغیرہ سے چرخی لگاکر پانی دیا جاتا) ۱/۴ حصہ مقرر کیا گیا۔ اُسی زمین پر جس کی پیداوار صرف بارش پر منحصر تھی ۱/۱۰ حصہ مالگذاری میں لیا جاتا اگر قابل کاشت زمین غیر مزروعہ رہتی تو قانبس سے فی جریب ایک درہم معاوضہ وصول کیا جاتا۔ باغوں کی پیداوار میں ۱/۱۰ حصہ سلطنت کا مقرر تھا اور دیگر ذرائع آمدنی پر (مثلاً مچھلی کا شکار موتیوں کا نکالنا) عام طور سے ایک خمس لیا جاتا۔ پیشہ وحرفہ پر بھی اسی طرح کچھ ٹیکس قایم تھا[1]۔ پھر زمین کے رقبہ کا اندازہ مسلمان خود نہیں کرتے، بلکہ مالکان دیہ کے بیان پر اعتماد کرلیتے تھے اور اس صورت میں ظاہر ہے کہ یہ اندازہ کتنا صحیح ہوتا ہوگا اور مسلمانوں کو کیا آمدنی ہوتی ہوگی۔

سندھ کی تجارتی ترقی

تجارت کے متعلق بھی عربوں نے بہت وسعت نظر سے کام لیا۔ سندھ اس سے قبل بھی تجارتی ملک تھا لیکن عربوں کی حکومت نے تجارت کو بہت ترقی دی۔ خراسان اور سندھ کے درمیان کابل کے راستہ سے تجارتی قافلوں کی آمدرفت شروع ہوگئی اور غزنی اور قندہار کی راہ سے زابلستان[2] و سجستان تک سندھی تجار پہونچنے لگے۔ یہ راستہ خشکی کا تھا لیکن بحری راستہ سے بھی تجارت جاری تھی اور چین و سراندیپ وغیرہ کا اسباب تجارت سندھ ہوکر اسی ذریعہ سے قسطنطنیہ تک جاتا تھا۔ عرب سے گھوڑے وغیرہ بھی سندھ تک دریا کے راستہ سے آتے تھے۔

ہندوؤں کے ساتھ مذہبی رواداری

مذہبی معاملات میں بھی عربوں نے سندھیوں کے ساتھ حد درجہ نرمی کا طرز عمل اختیار کیا۔ یہاں کے لوگوں کو عام اجازت دی گئی کہ وہ اپنے مندروں کی مرمت کرائیں۔ آزادی سے پرستش کریں اور ملک کی آمدنی میں سے ۴ فیصدی کے حساب سے جو حقوق پجاریوں کے مقرر تھے وہ بھی بحال رکھے گئے۔ اس میں شک نہیں کہ دیبل، نیرون، ملتان وغیرہ میں بعض مندر مسمار بھی کئے گئے۔ مساجد بھی تعمیر ہوئیں لیکن یہ اس وقت ہوا جب حملہ جاری تھا، اور پوری طرح تسلط قایم نہ ہوا تھا۔ قیام سلطنت و حکومت کے بعد کوئی زیادتی نہیں کی گئی اور تمام رعایا کے ساتھ اُسی رواداری کا اظہار کیا گیا جو اسلام کا مخصوص شیوہ رہا ہے۔ ملتان میں سورج دیوتا کا ایک طلائی بُت تھا۔ محمد قاسم کو اس کے سرداروں نے بہت مجبور کیا کہ اسے توڑ ڈالے، لیکن اس نے ایسا نہیں کیا اور جب تک عربوں کی حکومت ملتان میں قائم رہی یہ بُت بھی بدستور اپنی جگہ نصب رہا۔

---

[1] Biog: Dictionary C. N. K. V. Almamun.

[2] مسعودی، زابلستان کا حال بیان کرتا ہے کہ اس میں بڑے بڑے قلعے پائے جاتے تھے۔ یہاں آبادی مختلف قوموں کی تھی۔ سجستان کے متعلق لکھتا ہے کہ وہاں دریائے ہندمند کے دونوں طرف ساحل پر کثرت سے باغات اور کھیت پائے جاتے اور دریا کے اندر کثرت سے کشتیاں پائی جاتی تھیں اور آب پاشی زیادہ تر ہوائی چرخیوں کے ذریعہ سے ہوتی تھی۔

مسلمانوں کے حملہ سے قبل سندھ میں بعض ایسے قوانین جاری تھے کہ انھوں نے قوموں میں امتیاز پیدا کردیا تھا بعض جماعتوں کے لئے گھوڑے کی سواری، نفیس کپڑوں کا استعمال، ممنوع تھا اور ان کے لئے لازم تھا کہ جب قافلے ان آبادیوں کی طرف گزریں تو رہنمائی کے لئے اپنے آدمی مقرر کریں۔ مسلمانوں نے ان قوانین کو بدستور قایم رکھا اور کوئی تغیر نہیں کیا۔

جب کوئی جماعت کسی ملک میں فاتحانہ طریقہ سے داخل ہوتی ہے، تو فطرتاً اس میں جذباتِ تفوق و برتری پیدا ہوجاتے ہیں اور ان جذبات کے زیر اثر وہ مفتوح جماعتوں کے ساتھ ضرور سختی کرنے لگتی ہے۔ چونکہ اسلام میں یہ طرزِ عمل ممنوع ہے، اس لئے سردارانِ عرب نے کبھی اس کی اجازت نہیں دی کہ مسلمان فوجیں شہروں کے اندر رہیں کیونکہ اس صورت میں ضرور رعایا کو تکلیف پہونچتی، بلکہ ان کے قیام کے لئے الگ نوآبادیاں بنائیں جن کو جنود و امصار کہتے تھے اور سخت تاکید تھی کہ وہ عام رعایا سے تعلقات قایم نہ کریں (منصورہ، قندابیل، بیضار، محفوظہ اور ملتان وغیرہ انھیں امصارِ عسکری میں سے تھے)۔

جب مسلمان کسی ملک میں پہونچتے ہیں تو شریعتِ اسلام اپنے ساتھ لے جاتے ہیں۔ کیونکہ ان کا قانون وہی ہے اور وہ کسی دوسرے قانون کو فیصلہ کا ذریعہ بنا ہی نہیں سکتے۔ چنانچہ سندھ میں بھی یہی قانون رائج کیا گیا اور قاضی مقرر کئے گئے کہ وہ شرع کے مطابق معاملات کو طے کریں لیکن ہندو مجبور کئے گئے کہ وہ بھی اس قانون کو تسلیم کریں چنانچہ وہ اپنے تمام معاملات و نزاعات جن کا تعلق حکومت سے نہ ہو تا پنچائت کے ذریعہ طے کرنے کے مجاز تھے۔

فوج میں اہل سندھ کو بھی آزادی کے ساتھ جگہ دی گئی۔ اس سے ایک فایدہ تو یہ ہوا کہ یہاں کا جنگ آزمودہ عنصر غالب ان کا طرفدار ہوگیا اور دوسرے یہ کہ جب کبھی عربوں نے سرکشی کی تو ان سے کام لے کر اُن کو دبایا گیا۔ علاوہ اس کے سندھی افواج کو ملک سے باہر بھی دور دراز مقامات میں روانہ کیا گیا، چنانچہ جب ۱۵۰ھ میں سلطنت بازنطائن پر مسلمانوں نے حملہ کیا تو افواجِ شام میں سندھی دستے بھی موجود تھے۔

عربوں نے جس شان کے ساتھ سندھ پر حملہ کیا اور جیسی نمایاں کامیابی حاصل کی، اس کا اقتضا یہ تھا کہ مسلمانوں کی پیشقدمی اور زیادہ جاری رہتی۔ لیکن ایسا نہیں ہوا بلکہ صرف سندھ کے اندر ان کی حکومت قایم ہوئی اور وہ بھی تین صدی کے اندر ہی اندر رفتہ رفتہ کمزور ہوکر نیست و نابود ہوگئی اس کے اسباب پر جس قدر غور کیا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس کا بڑا سبب وہ نفاق تھا جو قبائل عرب میں باہم پیدا ہوگیا تھا۔ اگر خلیفۂ اول یا دوم کے زمانہ میں سندھ فتح ہوگیا ہوتا تو اس میں کلام نہیں کہ آج ہندوستان کی تاریخ کسی اور نہج سے مرتب کی جاتی اور نہیں کہا جاسکتا کہ مسلمانوں کی سلطنت یہاں کس حد تک وسیع ہوگئی ہوتی۔ لیکن افسوس ہے کہ سندھ، بنو امیہ کے عہد میں مسلمانوں کے قبضہ میں آیا، جب عرب دو جماعتوں میں تقسیم ہوگیا تھا اور تمام وہ اندرونی سازشیں جو ایک ملک کو تباہ کردیتی ہیں، آہستہ آہستہ مستحکم ہوتی جارہی

تھیں۔ اگر محمد قاسم اس قبیلہ پرستی کی بنا پر سندھ سے بلاکر قتل نہ کر دیا جاتا تو یہ بالکل یقینی ہے کہ اس کا سلسلۂ فتوحات چین تک پہونچ جاتا جیسا کہ حجاج ابن یوسف کا خیال تھا۔ پھر وقت یہ تھی کہ ہر نئے خلیفہ کے اصول حکومت اپنے پیش رو سے بالکل جدا ہوتے تھے، اور ہر جدید حکمران کے ساتھ ساری دنیا نئی ہو جاتی تھی اس لئے کبھی کوئی گورنر اطمینان و سکون کے ساتھ نہ سندھ میں حکومت کر سکا اور نہ سلسلۂ فتوحات کو بڑھا سکا۔ اگر کسی نے اصلاحات شروع کیں اور آگے بڑھنے کے اسباب فراہم کئے تو بدقسمتی سے خلافت بدل گئی اور اس غریب کو بھی معزول ہو جانا پڑا۔ اس کا نتیجہ رفتہ رفتہ یہ ہوا کہ گورنرانِ سندھ کا مرکز خیال بدل گیا اور پایۂ تخت سے ہمدردی اُٹھ جانے کی وجہ سے خود مختاری و خودسری کے جذبات پیدا ہونے لگے۔ پھر چونکہ سندھ میں عرب کے مختلف قبایل کے لوگ آکر آباد ہو گئے تھے، اس لئے جب عرب میں قبایل کے درمیان کوئی اختلاف پیدا ہوتا تھا تو یہاں کے قبایل بھی ایک دوسرے کے مخالف ہو جاتے تھے۔

عہد بنی عباس میں بعض خلفاء ایسے ہوئے کہ یہ اختلاف قبائل چند دن کے لئے انھوں نے مٹا دیا اور اُن کے زمانہ میں سندھ کی حالت بھی بہتر ہو گئی لیکن خلیفہ معتصم کے زمانہ میں یمنی و نزاری نزاعات شروع ہو گئیں اور پھر سندھ انھیں نزاعات کا شکار ہو گیا۔

ظاہر ہے کہ جب مرکز حکومت ضعیف ہو جائے گا تو اس کا اثر نزدیک و دور تمام مملکت میں ہر جگہ پڑے گا، چونکہ عہد عباسیہ میں ہارون الرشید ہی کے وقت سے عجمیوں کا اقتدار قائم ہو گیا تھا جو رفتہ رفتہ بڑھتا گیا اس لئے تمام اُن مقامات میں جہاں خالص عرب حکومتوں کا تعلق تھا، ضعف پیدا ہونے لگا یہاں تک کہ ایک وقت وہ آیا، جب خوارج و قرمطہ ملاحدہ اور روافض وغیرہ نے ساری سلطنت کے شیرازہ کو درہم و برہم کر دیا، اور ہر جگہ حکومت کی عمارت متزلزل ہو گئی چونکہ سندھ پایۂ تخت سے بہت دور واقع تھا اور تمام شورش پسند جماعتوں کے لئے ایک اچھی جائے پناہ بن سکتا تھا۔ اس لئے یہاں خوارج و زنادقہ، ملاحدہ و علویین نے کافی قوت حاصل کر لی اور تمام کمران و سندھ میں پھیل کر سلطنت کو تباہ و برباد کر دیا۔ چنانچہ اب تک بہت سے خاندان سیدوں کے سندھ میں ایسے باقی ہیں جو انھیں علویین کی اولاد میں سے ہیں۔ انھوں نے نہ صرف سندھ کے اندر اپنے مستقل شہر قایم کئے بلکہ مشرقی ہندوستان تک بڑھ آئے۔ چنانچہ اکثر موجودہ خاندان سادات انھیں علویین کی ذریات میں سے ہیں جو کسی وقت وادی سندھ میں آکر ٹھٹہ اور بھکر پر مستولی ہو گئے تھے۔

حملۂ عرب کے وقت اہل سندھ کا مذہب

یہ بالکل یقینی ہے کہ جب عربوں نے سندھ پر حملہ کیا، اس وقت یہاں بودھ مذہب عام طور سے رائج تھا۔ بلاذری نے ملتان میں سورج کے مندر کا ذکر کرتے ہوئے اس کا نام بد لکھا ہے جس سے مراد غالباً بت نہیں بلکہ بودھ ہے دیبل میں جو مندر تھا وہ بھی بودھ ہی کا تھا۔ اس کے متعلق تحفۃ الکرام کا بیان ہے کہ اس کی بلندی ۱۲۰ فٹ تھی اور اس کے اوپر ایک قبہ یا گنبد بنا ہوا تھا۔ ممکن ہے کہ یہ بودھ کا ٹوپ رہا ہو۔ جیسا کہ سانچی وغیرہ میں پایا جاتا ہے۔

اگرچہ چچ جس نے دیبل میں قبضہ کرلیا تھا برہمن تھا، لیکن بت پرستی کے لحاظ سے برہمن قوم ایسی نہیں ہے جو بودھ کی پرستش کو منع کرتی یا خود اس طرف مائل نہ ہوجاتی، اس لئے بالکل ممکن ہے کہ چچ اور داہر، بودھ کے اس مندر کو عظمت کی نگاہوں سے دیکھتے ہوں اور فی الجملہ بودھ ہوگئے ہوں۔

اس امر کا ثبوت کہ اسوقت بودھ مذہب کا رواج تھا، نہ صرف چینی سیاحوں اور ابن خورداذبہ[1] کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے بلکہ خود عربوں کے بیان سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے مثلاً بلاذری کا بیان ہے کہ "سندھ کے پجاریوں کو سمنی کہتے تھے"۔ سمنی سنسکرت لفظ سرمن سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں مذہبی بھکاری، اور مذہبی بھکاری خصوصیت کے ساتھ بودھ مذہب ہی میں زیادہ پائے جاتے ہیں۔ اسی طرح چچ نامہ میں لکھا ہے کہ جب محمد قاسم نے دیبل فتح کیا تو وہاں کے ایک ہزار برہمنوں نے استدعا کی کہ انھیں اپنے مراسم قدیم پر قایم رہنے کی اجازت دی جائے۔ ان کی یہ استدعا قبول کی گئی اور وہ بدستور ہر صبح اٹھکر ہاتھوں میں کاسۂ گدائی لئے ہوئے بھیک مانگا کرتے تھے اور یہ طریقہ بودھ مذہب والوں ہی کا ہے۔ اس کے ساتھ اگر اس امر پر غور کیا جائے کہ اس وقت تاریخوں میں کہیں گائے کی پوجا یا ستی وغیرہ کا ذکر نہیں ہے (جو ہندوؤں کے ساتھ مخصوص ہے) تو یہ امر اور زیادہ محقق ہوجاتا ہے کہ اس وقت سندھ میں بودھ مذہب ہی رائج تھا۔

---

[1] "کتاب المسالک والممالک" کا مصنف ابوالقاسم عبیداللہ بن عبداللہ بن خورداذبہ تھا جو عام طور سے "ابن خورداذبہ" کے نام سے مشہور ہے۔ "خورداذبہ" کا جد اعلےٰ مذہباً آتش پرست تھا جو بعد کو مسلمان ہوگیا۔

ابن خورداذبہ (ابوالقاسم) نے خلفائے عباسیہ کے وقت میں بہت عزت حاصل کی اور مختلف ممالک کی جغرافی تحقیقات کرنے کے بعد یہ کتاب تصنیف کی۔ سنہ ۳۰۰ھ میں اس نے انتقال کیا۔

کچھ زمانہ قبل ابن خورداذبہ کا تشخص مابہ النزاع امر تھا بعض کہتے تھے کہ ابواسحاق اصطخری اور یہ دونوں ایک ہی شخص ہیں لیکن جب سے اصطخری کی کتاب جداگانہ شایع ہوگئی ہے، اس وقت سے یہ امر صاف ہوگیا ہے کہ یہ دونوں ہستیاں الگ الگ تھیں۔

باب سوم

فرماں روایان خاندان غزنوی

حکومت ہندوستان کی ابتدا

یہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ عربوں کا حملہ ہندوستان کے مغربی ساحل پر زیادہ بار آور ثابت نہیں ہوا اور ریگستان سندھ سے آگے بڑھ کر ان کی حکومت اندرونِ ملک میں وسیع نہ ہو سکی، جس کا بڑا سبب صرف یہ تھا کہ مرکزِ خلافت اس تحریک و پیشقدمی کی طرف سے غافل تھا اور اس نے کوئی توجہ اس طرف نہیں کی۔ اسلئے ہندوستان کی اسلامی حکومت حقیقتاً عربوں کی تاریخ سے بالکل جدا چیز ہے اور اس کا تعلق صرف ترکوں سے ہے، جنھوں نے وسطِ ایشیا سے نکل کر مختلف ملکوں اور زمانوں میں اپنے فتوحات کے سیلاب سے ایک ہنگامہ برپا کر دیا۔ اور ساری دنیا کو زیر و زبر کر کے رکھ دیا۔

مرکزِ خلافت میں ایرانی و عربی کشمکش

خلافتِ بنی امیہ کے بعد جب مرکزِ خلافت بجائے دمشق کے بغداد قرار پایا تو اسی کے ساتھ جو اہم اور تاریخ خیز تغیر نظامِ سلطنت میں پیدا ہوا، یہ تھا کہ خالص عربی حکومت میں ایرانی اثرات غالب ہونے لگے اور رفتہ رفتہ ایرانیوں نے عربوں کو ہٹا کر ان کی تمام ممتاز خدمتیں خود اختیار کر لیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب خلافت زیادہ ضعیف ہو گئی تو تمام ایرانی امرا جو دور دراز صوبوں میں عامل مقرر تھے، خود مختار بننے کی کوشش کرنے لگے۔ چنانچہ ان ہی خود مختار حکومتوں میں سے ایک نہایت مشہور حکومت سامانی[1] خاندان کی بھی تھی۔

---

[1] اس خاندان کا نام سامانی اس لئے ہے کہ اس کے مورثِ اعلیٰ کا نام سامان تھا۔ یہ بلخ کا ایرانی النسل امیر تھا جس نے اسد بن عبداللہ گورنرِ خراسان کی فیض صحبت سے زردشتی مذہب ترک کر کے اسلام اختیار کیا اور اپنے بیٹے کا نام گورنرِ خراسان کے نام پر اسد رکھا۔

اسد کے چار بیٹے تھے جنھوں نے خلفاء بنی عباس (خلیفہ مامون الرشید سے خلیفہ معتضد) کے عہد میں نمایاں خدمات انجام دیں اور ۲۰۴ھ/۸۱۹ء میں انکو مختلف صوبوں کی گورنری دی گئی۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۶۵ پر ملاحظہ کیجیے)

جب حکومتِ خلافت میں ایرانی اثرات کے ساتھ ساتھ عربوں کی بے چینیاں بڑھیں اور اندرونی نزاعات نے زیادہ خطرناک صورت اختیار کی، تو خلفاء کو خود اپنی حفاظت کے لئے اِک ایسی جماعت کی ضرورت ہوئی جو عربوں اور ایرانیوں سے علٰحدہ ہو۔ چنانچہ اس غرض کے لئے وہ تُرک غلام منتخب کئے گئے جو فتوحاتِ شمال کا یغمائے جمیل شمار کئے جاتے تھے۔

اس میں شک نہیں کہ ترک غلاموں کی حفاظت میں جو بے انتہا شجاع تھے، خلفاءِ بغداد، عربوں اور ایرانیوں کے خطرہ سے تو بالکل مطمئن ہو گئے، لیکن وہ یہ نہ سمجھے کہ اس طرح وہ ایک تیسرے خطرہ کی پرورش کر رہے ہیں، جو عربوں اور ایرانیوں کے خطرہ سے کہیں زیادہ تباہ کن ثابت ہونے والا ہے۔ چند دن تک تو تُرک خاموش رہے لیکن اس کے بعد اُنھوں نے اپنی آرزوؤں کو وسیع کرنا شروع کیا، حتٰی کہ خلیفہ کا عزل و نصب بھی انھوں نے اپنے ہاتھ میں لے لیا اور مصر سے لیکر سمرقند تک تمام سلطنتِ اسلام میں ہر جگہ جلوۂ تُرکانہ نظر آنے لگا۔ اور اپنے بھائیوں کے اس عروج و زوال کو دیکھ کر تمام ترک جماعتیں کوہستانوں سے نکل کر سارے ایران پر چھا گئیں۔ یہی وہ زمانہ تھا جب ایران کی سامانی حکومت دو صدی کے بعد پاش پاش ہو گئی اور یہی وہ ہنگامہ تھا جس نے سب سے پہلے حملۂ ہندوستان کی بنیاد کوہستان غزنی میں قائم کی۔

حکومتِ سامانی کا زوال — ترک غلاموں کا عروج — حکومتِ خلافت میں ایرانی اثرات

(بقیہ نوٹ صفحہ ۶۴)

نوح کو سمرقند کا حاکم بنایا گیا، احمد کو فرغانہ دیا گیا، یحییٰ کو شاش [illegible] الیاس کو ہرات۔ ان میں سے احمد نے بہت ترقی کی۔ یہ نوح کے بعد نہ صرف سمرقند کا حاکم قرار پایا بلکہ اس نے کاشغر کو بھی اپنے حدودِ حکومت میں شامل کر لیا۔ اس کے ایک بیٹے اسماعیل نے ۲۹۰ھ/۹۰۳ء میں صفاریوں سے خراسان لے لیا۔ محمد بن زید نے طبرستان کے علوی فرمانروا کو شکست دی، اور ایک طرف حدودِ ہند سے بغداد تک اور دوسری طرف صحرائے رگستان سے خلیج فارس تک اپنے قلمرو کو وسیع کر لیا۔ لیکن چونکہ ماوراء النہر اس کی حکومت کا خاص مرکز تھا اس لئے سمرقند و بخارا چند دن میں تعلیم و تہذیب کا گہوارہ بن گئے۔

اس کے جانشین ایسے کامیاب ثابت نہ ہوئے کیونکہ ایک طرف خراسان و سجستان میں بغاوتیں رونما ہونے لگیں اور دوسری طرف بویہ خاندان کی ترقی نے اس کے عروج کو صدمہ پہونچایا، یہاں تک کہ نصف صدی میں حدودِ سلطنت صرف ماوراء النہر تک رہ گئے اور یہاں بھی ترکی غلاموں اور ترکی امراء نے جو دربارِ سامانی کے روحِ رواں بنے ہوئے تھے، آلِ سامان کی گزشتہ شوکت و جبروت کو بہت جلد خاک میں ملا دیا۔ انھیں تُرک غلاموں میں سے ایک الپ تگین تھا جس نے غزنوی خاندان کی طرح ڈالی اور ۳۵۱ھ/۹۶۱ء میں دریائے جیحون کے جنوبی حصۂ ماوراء النہر پر بھی قبضہ کر لیا۔ شمال کا علاقہ ترکستان کے "الک خانیوں" نے دبا رکھا تھا۔ جو فرغانہ سے لیکر حدودِ چین تک ترکی قبائل پر اقتدار رکھتے تھے اور جنھوں نے آخرکار ۳۸۰ھ/۹۹۰ء میں ماوراء النہر پر حملہ کر کے اور بخارا پر قابض ہو کر ۳۸۹ھ/۹۹۹ء میں آلِ سامان کی حکومت کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا۔ آلِ سامان کے خاندان نے ۲۶۱ھ/۸۷۴ء سے ۳۸۹ھ/۹۹۹ء تک حکومت کی۔

الپ تگین کی ترقی

انھیں ترک سرداروں میں جو حقیقتاً ایک غلام کی حیثیت سے بڑھ کر آقا کے درجہ تک پہونچ گئے ایک الپ تگین[1] بھی تھا جس نے صرف دو ہزار سواروں کی مدد سے قلعۂ غزنی پر قبضہ کرکے (۳۵۱ھ/۹۶۲ء) اپنی مستقل حکومت قائم کرلی اور اسی الپ تگین کا غلام سبکتگین تھا جس نے سب سے پہلی مرتبہ ہندوستان پر حملہ کیا اور پھر بعد کو اُس کے بیٹے محمود فاتح سومنات نے حکومتِ ہندوستان کے راستہ کو مسلمانوں کے لئے صاف اور آسان بنا دیا۔

سبکتگین کے ابتدائی حالات

سبکتگین کے متعلق منہاج سراج نے بروایت امام ابوالفضل بیہقی[2] لکھا ہے کہ عبدالملک نوح، سامانی فرمانروا کے عہد میں ایک سوداگر نصر حاجی نامی اس کو ترکستان سے خرید کر بخارا لایا تھا۔ اور الپ تگین نے جو اس وقت امیر حاجب کے درجہ پر ممتاز تھا اس کو مول لے لیا تھا۔

---

[1] نصر اول سامانی فرمانروا کا غلام، جو بعد کو آزاد کر دیا گیا۔ بعض مورخین امیر نوح سامانی کا غلام ظاہر کرتے ہیں۔ ۳۰۱ھ/۸۷۶ء اسکا سنہ ولادت ہے۔ بعد کو یہ امیر نوح سامانی کے عہد میں امیر حاجب کے درجہ تک پہونچ گیا۔

[2] الپ تگین، عبدالملک ابن نوح کے عہد میں (جو سامانی خاندان کا پانچواں بادشاہ تھا) خراسان کا گورنر تھا۔ جب عبدالملک کا انتقال ہوا تو امرار بخارا نے الپ تگین کے پاس قاصد روانہ کرکے پوچھا کہ اب آل سامان میں تخت کس کو دیا جائے۔ الپ تگین نے جواب میں لکھا کہ عبدالملک کا بیٹا منصور ہنوز کمسن ہے، اس لئے اس کے چچا کو فرمانروا منتخب کرنا چاہئے۔ ابھی یہ قاصد بخارا نہ پہونچا تھا کہ امرار نے اتفاق کرکے منصور کو تخت نشین کر دیا۔ جب الپ تگین کا جواب پہونچا تو منصور بہت برہم ہوا اور الپ تگین کو حکومت خراسان سے معزول کرکے اپنے پاس طلب کیا۔ مگر یہ ایسا نادان نہ تھا کہ چلا جاتا۔ سیدھا غزنی پہونچا اور یہاں کے حاکم امیر الونک کو شکست دیکر خود قبضہ کر لیا۔ اسکے بعد منصور نے دو بار الپ تگین کے خلاف لشکر بھیجا لیکن کامیابی نہیں ہوئی اس نے پندرہ سال تک نہایت شان و شوکت کے ساتھ افغانستان میں حکومت کی ۳۶۵ھ/۹۷۶ء اس کی تاریخ وفات ہے۔

[3] مصنف کا پورا نام ابوالفضل بن الحسن البیہقی ہے۔ اور کتاب کا نام تاریخ آلِ سبکتگین، جسے تاریخ بیہقی اور مجلدات بیہقی بھی کہتے ہیں۔ صاحب تاریخ وصاف نے ابوالفضل بیہقی سے ایک کتاب تاریخ ناصری بھی منسوب کی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی وقت تاریخ آلِ سبکتگین کے اس حصہ کو جو امیر ناصر الدین سبکتگین کے حالات کے متعلق تھا تاریخ ناصری کہتے تھے، جس طرح مسعود کے حالات کی جلدیں تاریخ مسعودی کہلاتی ہیں۔ قصاید عنصری سے معلوم ہوتا ہے کہ محمود سے متعلق جو حصہ تاریخ کا تھا اُسے تاج الفتوح کہتے تھے۔

خود مصنف کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ ۴۵۱ھ میں اس کی عمر ۶۰ سال کی تھی۔ اور حالات ۴۵۱ھ/۱۰۵۹ء تک کے لکھے ہیں۔ اس سے ظاہر ہے کہ ابوالفضل بیہقی کی عمر ستر سے بھی متجاوز تھی۔ خاکی شیرازی نے اُن کی تاریخ وفات ۴۷۰ھ/۱۰۷۷ء متعین کی ہے۔

حاجی خلیفہ نے لکھا ہے کہ یہ کتاب خاندانِ غزنی کی نہایت مفصل تاریخ ہے میر خوند نے روضۃ الصفا میں لکھا ہے کہ اس کی تیس جلدیں تھیں فرشتہ نے بھی محمود کے حالات میں مجلداتِ ابوالفضل کا حوالہ دیا ہے لیکن یہ یقین سے نہیں کہا جا سکتا کہ فرشتہ نے اُسے خود دیکھا بھی تھا۔ کیونکہ محمود کے حالات لکھنے میں تو قطعاً اس سے مدد نہیں لی گئی اور بہت سے اہم واقعات ترک کر دئے گئے ہیں۔ تاریخ گزیدہ میں بھی اس کتاب کا حوالہ دیا گیا ہے اور ضیا برنی و ابوالفضل نے بھی امام بیہقی کا ذکر کیا ہے۔ افسوس ہے کہ یہ تاریخ اب ناپید ہے اور اسکے صرف چند اجزا کہیں کہیں دستیاب ہوتے ہیں جن سے مسٹر الیٹ نے اپنی مشہور تاریخ میں مدد لی ہے۔

چونکہ سبکتگین کے اطوار و عادات سے حد درجہ فراست و ذہانت پیدا تھی اس لئے الپتگین نے اس کو بہت جلد لشکر کا سپہ سالار بنا دیا۔ اور بعض مورخین کا بیان ہے کہ اپنی لڑکی سے شادی بھی کر دی[1]۔

سبکتگین کے سلسلۂ نسب کے متعلق طبقات ناصری میں بہ روایت ابو القاسم حمادی (مصنف تاریخ مجدول) تحریر ہے کہ جب یزدجرد، شہریار ایران، حضرت عثمان کی خلافت میں بمقام مرو ہلاک ہوا، تو اس کے ساتھی ترکستان چلے آئے۔ اور یہاں قرابت پیدا کر لی۔ اس لئے پانچ واسطوں[2] سے سبکتگین کا سلسلۂ نسب یزدجرد سے ملتا ہے۔

سبکتگین کا مورثِ اعلیٰ، یزدجرد ہو یا کوئی اور، اس میں کلام نہیں کہ پانچ پشتوں کے بعد اُس کو سوائے ترکی النسل کہنے کے اور کچھ نہیں کہا جا سکتا اور اس میں جو شجاعت و جلادت پائی جاتی تھی اُس کا تعلق ترکستان ہی کی آب و ہوا سے تھا نہ کہ یزدجرد کے ایرانی خون سے۔

جب الپتگین کا انتقال ہوا تو اس کا بیٹا اسحاق تخت نشین ہوا۔ لیکن ایک سال بعد یہ بھی مر گیا اور بلکاتگین (جو اُس وقت جماعتِ اتراک میں سب سے زیادہ بزرگ تھا اور الپتگین کے ساتھ نسبت غلامی بھی رکھتا تھا) اس کا جانشین ہوا۔ یہ بھی صرف دو سال زندہ رہا اور اس کے بعد امیر پیری حکمران ہوا۔ چونکہ یہ فسادی اور ظالم شخص تھا، اس لئے غزنی کی ایک جماعت نے ابو علی انوک کو جو پہلے یہاں کا حاکم تھا اور جسے الپتگین نے نکال دیا تھا) دعوت دی۔ لیکن سبکتگین نے اسے آنے نہیں دیا۔

اس کے بعد چونکہ لوگ امیر پیری سے تنگ آ گئے تھے اس لئے بالاتفاق سبکتگین کو بتاریخ ۲۷ شعبان ۳۶۶ھ / ۹۷۶ء فرمانروا تسلیم کیا گیا[3]۔

حکومتِ غزنی گو الپتگین ہی کے وقت سے بالکل علٰحدہ تھی، تاہم خفیف سا تعلق سامانی حکومت سے باقی تھا اور غزنی کا فرماں روا فی المعنی سلطنتِ بخارا کا ماتحت سمجھا جاتا تھا لیکن جب سبکتگین یہاں کا فرمانروا ہوا تو اس نے حقیقی معنی میں غزنی کی حکومت کو بالکل علٰحدہ کر لیا اور سامانی حکومت، جو خود بھی اپنی زیست کے آخری لمحات سے گزر رہی تھی، پھر افغانستان کو اپنے ساتھ شامل نہ کر سکی۔

سبکتگین نے تخت نشین ہوتے ہی حدودِ سلطنت کو وسیع کرنے کی فکریں شروع کیں۔ اتفاق سے اسی زمانہ میں بُست کے فرمانروا، طغا نے سبکتگین کی امداد چاہی اور وعدہ کیا کہ اگر اس کی مدد سے وہ دوبارہ بُست پر قابض ہو گیا تو ہمیشہ مطیع رہے گا۔ سبکتگین نے اس کو مدد دی، اور باتور کو جو وہاں قابض ہو گیا تھا نکال کر طغا کو حکمراں

---

[1] فرشتہ۔ ۱۸ — [2] سبکتگین ابن جوق قراجکم، ابن قراسلان، ابن قرامت، بن قرانعمان، بن فیروز، بن یزدجرد شاہ ایران۔

[3] طبقات ناصری۔ ۷۔ فرشتہ نے ۳۶۷ھ تحریر کیا ہے۔

بنایا۔ لیکن طغا نے بعد کو دھوکا دیا۔ اس لئے سبکتگین نے قلعۂ بُست پر قبضہ کرلیا۔ اس قبضہ سے چاہے کچھ فایدہ نہ ہوا ہو، لیکن ابوالفتح علی بن محمد کا ہاتھ آجانا جو بُست میں خانہ نشین تھا، سبکتگین کے لئے بڑی نعمت تھی۔ یہ شخص بہت سے فنون کا ماہر تھا اور فن کتابت میں تو نظیر نہ رکھتا تھا۔[1] جب بُست پر قبضہ ہوگیا تو سبکتگین نے قصدار کی طرف توجہ کی۔

بُست و قصدار کی فتح

قصدار غزنی کے قریب واقع تھا اور یہاں کا فرمانروا اس وقت تک تختِ غزنی کا ماتحت سمجھا جاتا تھا۔ یہاں کے فرمانروا نے سبکتگین سے بغاوت کی کیونکہ اس کے نزدیک کوہستان کے سخت راستوں کو طے کرنا اور وہاں کے ناقابل تسخیر قلعہ پر قابض ہوجانا امیر سبکتگین کے بس کی بات نہ ہوگی۔ لیکن تجربہ نے اس کے خیال کو غلط ثابت کردیا۔ کیونکہ امیر سبکتگین نے بغاوت کی خبر سنتے ہی حملہ کردیا اور بہت جلد قصدار پر قابض ہوگیا۔[2]

سبکتگین کا حملہ ہندوستان پر

فتح بُست و قصدار کے بعد امیر سبکتگین حدودِ ہندوستان کی طرف متوجہ ہوا اور چند ایسے مقامات پر قابض ہوگیا جن کا تعلق حکومت پنجاب سے تھا۔ جب یہاں راجہ جے پال کو خبر پہونچی تو ایک بڑی فوج کے ساتھ جس میں بہت سے ہاتھی بھی تھے، بڑھا اور کئی دن جنگ[3] باری رہی۔ اتفاق سے اسی زمانہ میں سخت برف باری ہوئی[4] اور جے پال کی فوج، جو کبھی اس منظر سے آشنا نہ تھی، خائف ہوکر بددل ہوگئی۔ جے پال نے اطاعت اختیار کی اور بہت کچھ زرِ فدیہ[5] دینے کا وعدہ کرکے واپس ہوا۔

جے پال کا کروفریب

محمود نے اول اول اس اظہارِ اطاعت کی مخالفت کی لیکن سبکتگین، جو خونریزی کو پسند نہ کرتا تھا مان گیا اور چند معتبر آدمی جے پال کے ساتھ کئے گئے تاکہ اس کے صداقتِ وعدہ کا حال معلوم ہوجائے

جب جے پال دور نکل آیا تو وہ اپنے وعدہ سے منحرف ہوگیا اور امیر سبکتگین کے بھیجے ہوئے آدمیوں کو اس نے قید کرلیا۔

جس وقت یہ خبر غزنی پہونچی تو امیر سخت برہم ہوا اور دوبارہ حملہ کرنے کی غرض سے ملتان کی طرف بڑھا۔ جے پال نے بھی کالنجر، قنوج، اجمیر وغیرہ کے راجاؤں کو لکھا اور وہاں سے امدادی فوجیں کثرت سے آئیں۔ اس جنگ کا نتیجہ جے پال کے خلاف ہوا اور اسے بھاگنا پڑا۔ سبکتگین کا اس فتح سے دریائے اٹک تک قبضہ ہوگیا۔ اور

---

[1] فرشتہ - ۱۹ - روضۃ الصفا - ۴ - ۲۸ —— [2] تاریخ یمینی - ۲ - ۱۸ -

[3] عتبی کا بیان ہے کہ محمود بھی اپنے باپ سبکتگین کے ساتھ اس جنگ میں شریک تھا۔

[4] عتبی اور جوامع الحکایات وغیرہ۔ اس برف باری کے متعلق ایک عجیب حکایت لکھی ہے کہ یہاں پہاڑ میں ایک چشمہ تھا اسکے متعلق مشہور تھا کہ اگر اس میں کوئی نجس چیز ڈالدیجائے تو برف کا طوفان پیدا ہوجاتا ہے چنانچہ امیر محمود نے اسی ترکیب سے یہ طوفان پیدا کرکے اپنے دشمن کو خائف کیا

[5] دس لاکھ سکۂ طلائی اور پچاس ہاتھی زرِ فدیہ قرار پایا۔

لمغان[1] کی افغان و خلجی آبادی بھی مطیع ہوگئی اس کے بعد امیر سبکتگین نے پشاور کو ہندوستان کے اس صوبہ کا صدر مقام قرار دیکر اپنی فوج وہاں چھوڑ دی اور ایک عامل مقرر کر دیا[2]۔ فتوحاتِ ہند کی طرف سے فارغ ہونے کے بعد امیر سبکتگین، امیر نوح سامانی فرمانروا کی کمک کے لئے روانہ ہوا اور اس ذریعہ سے خراسان کی طرف بھی اس کے اثرات قایم ہوگئے۔

فتوحاتِ ہند کی تکمیل

جب سنہ ۳۸۷ھ / ۹۹۷ء میں امیر سبکتگین کا انتقال ہوا، تو سیف الدولہ محمود اس کا بڑا بیٹا نیشاپور میں تھا۔ اس لئے چھوٹا بیٹا امیر اسماعیل بلخ میں اپنے باپ کی جگہ جانشین ہوا۔ محمود نے ایک تعزیت نامہ اپنے بھائی کو لکھکر سمجھایا کہ حکمرانی کے لئے بہت تجربہ کی ضرورت ہے اور تم میں وہ پایا نہیں جاتا۔ اس لئے مناسب یہی ہے کہ غزنین مجھے دیدو۔ بلخ و خراسان کا ملک میں تمہارے لئے صاف کئے دیتا ہوں۔ باپ نے اگر تمھیں جانشین کر دیا تھا، تو مصلحت اسی میں تھی، کیونکہ میں دور تھا اور تخت کا خالی رہنا مناسب نہ تھا۔ امیر اسماعیل اس پر راضی نہ ہوا اور آخرکار دونوں بھائیوں میں جنگ ہوئی اسماعیل گرفتار ہوگیا اور غزنی پر محمود کی حکومت قایم ہوگئی[3]۔ اس کے بعد محمود نے بلخ، خراسان، ہرات و سیستان پر تصرف قایم کرکے، اپنے نام کا خطبہ و سکہ وہاں جاری کیا اور پھر ہندوستان کی طرف متوجہ ہوا۔

محمود اور اسماعیل کی جنگ

محمود کی تخت نشینی غزنین میں

محمود کی فاتحانہ زندگی کا ممتاز ترین کارنامہ وہ ہے جو سرزمین ہند سے متعلق ہے، کیونکہ مسلمانوں میں سب سے پہلا وہ شخص جس نے ہندوستان میں ایک مستقل حکومتِ اسلام کی بنیاد قایم کی محمود ہی تھا۔

محمود کے حملے ہندوستان پر

وہ ہندوستان پر کتنی بار حملہ آور ہوا۔ کن کن مقامات کو فتح کیا، اب اُن مقامات کا پتہ، موجودہ جغرافیہ کے لحاظ سے کیونکر چل سکتا ہے؟ - یہ تمام وہ سوالات ہیں جو تاریخ خاندانِ غزنی میں بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں اور اختلافِ مؤرخین غلطیِ کتابت تحریفِ الفاظ وغیرہ نے اس بحث کو زیادہ دقیق و دشوار بنا دیا ہے، تاہم چونکہ محمود کا یہی ایک کارنامہ ایسا ہے جو اس کی ملوکانہ پیش قدمی و اسکندرانہ اولوالعزمی کو بخوبی ظاہر کرتا ہے۔ اس لئے ہم اسے جداگانہ بیان کریں گے۔ تاہم یہاں سلسلۂ کلام قایم رکھنے کے لئے مختصراً اتنا بتا دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ ۲۵ سال کے عرصہ میں، اُس نے ہندوستان پر سترہ[17] مرتبہ حملہ کیا اور باوجود اس کے کہ اس کا مقصود ان حملوں سے یہاں کوئی مستقل قیام کرنا نہ تھا تاہم پنجاب کا تمام مغربی حصہ حکومتِ غزنی میں شامل ہوگیا اور قنوج و گجرات تک مسلمانوں کا اثر قایم ہوگیا۔

محمود کی وفات

محمود نے ۸۱ سال کی عمر میں سنہ ۴۲۱ھ / ۱۰۳۰ء میں وفات پائی اور ۳۲ سال تک حکومت کی[4]۔

---

[1] نظامی عروضی سمرقندی نے چہار مقالہ میں لکھا ہے کہ "لمغان شہرے ست از دیار سند از اعمال غزنین" چہار مقالہ - ۱۸

[2] تاریخ یمینی - ۲۱ - ۳۲ - (الیٹ) [3] روضۃ الصفا ۴ - ۳۰ - [4] طبقات ناصری - ۱۱ -

محمود مسعود کا نزاع

محمود نے اپنے بعد دو بیٹے چھوڑے محمد و مسعود ـــــ محمد بے انتہا نیک نفس اور مہذب و شایستہ شہزادہ تھا اور مسعود ویسا ہی شجاع اور اولوالعزم تھا۔ محمود نے پہلے مسعود ہی کو اپنا ولی عہد قرار دیا تھا۔ لیکن بعد کو اس سے بدظن ہوگیا اور محمد کو اپنا جانشین قرار دیا۔

مسعود کی تخت نشینی

جب محمود کا انتقال ہوا تو مسعود اصفاہان میں تھا اس لئے محمد بغیر کسی مزاحمت کے تخت نشین ہوگیا۔ لیکن چونکہ محمد کی طرف سے سپاہ کو کوئی توقع نہ تھی اور مسعود کی فتوحات نے غلغلہ بلند کر رکھا تھا۔ اس لئے اس طرف محمد کی سپاہ اس سے منحرف ہوگئی اور دوسری طرف خود مسعود نے غزنی پر حملہ کر دیا، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ محمود کے بعد ۵ مہینے کے اندر ہی محمد کی حکومت ختم ہوگئی اور مسعود محمد کو گرفتار کر کے ۴۲۲ھ/۱۰۳۱ء میں تخت نشین ہوگیا۔[1]

ہر چند مسعود کے عہد میں ہندوستان کی طرف خصوصیت کے ساتھ کوئی توجہ نہ ہوسکی اور اس کا بڑا سبب یہ تھا کہ سلجوقیوں[2] کا خطرہ بڑھتا جا رہا تھا اور وہ وسط ایشیا کے اندر اپنے مقبوضات کے تحفظ میں مصروف رہا، لیکن

---

[1] طبقات ناصری - ۱۲۔

[2] حکومت سلاجقہ تاریخ اسلام کا نہایت ممتاز و نمایاں باب ہے اور اس میں کلام نہیں کہ مغربی ایشیا میں کوئی حکومت مسلمانوں کی ایسی زبردست و ترقی یافتہ ثابت نہیں ہوئی جیسی سلجوقیوں کی۔ جسوقت سلجوقیوں کا زور ہوا ہے۔ خلافت بغداد کا عروج ختم ہو چکا تھا اور تمام مملکت اسلام پارہ پارہ ہو کر مختلف خود مختار خاندانوں میں تقسیم ہو چکی تھی۔ صرف مصر کا فاطمی خاندان ایسا باقی تھا جس کو کچھ شاہانہ اقتدار حاصل تھا۔ ورنہ ہر جگہ ملوک طوائف نظر آتے تھے۔ اور اس منتشر شیرازہ کو کوئی یکجا کر دینے والا نظر نہ آتا تھا۔

شام و عراق کے شمال میں شیوخ عرب نے اپنی ریاستیں قایم کر لی تھیں اور ایران میں متعدد خاندان مختلف مقامات پر حکمرانی کر رہے تھے۔ الغرض یہی زمانہ تھا جب وحشی و غیر مہذب ترکوں نے خروج کیا اور نہایت قلیل زمانہ میں وہ، تمام ایران، عراق، شام اور ایشیا کوچک پر چھا گئے۔ انھوں نے نہ صرف مغربی حدود افغانستان سے لیکر بحر روم تک اپنا اقتدار قایم کر لیا۔ بلکہ منتشر قوتوں کو یکجا کر کے تمام خاندانوں کو لاکر ایک پرچم کے نیچے مجتمع کر دیا اور یہی وہ بات تھی جس نے سلاجقہ کی حکومت کو تاریخ اسلام میں خاص اہمیت سے ممتاز بنا دیا ہے۔

سلاجقہ کا مورث اعلیٰ سلجوق بن یکاک ایک ترکی سردار تھا جو خوانین ترکستان کے دربار سے وابستہ تھا۔ سلجوق مع اپنے سارے قبیلہ کے جند (صوبہ بخارا کا ایک مقام) آیا اور اسلام قبول کیا۔

اس نے اور اس کے بیٹے اور پوتوں نے سامانیوں، الک خانیوں، اور محمود غزنوی کی باہم لڑائیوں میں نمایاں حصہ لیا۔ اور طغرل بیگ و جغر بیگ دونوں بھائیوں نے (جو میکائیل کے بیٹے اور سلجوق کے پوتے تھے) اس قدر ترقی حاصل کی کہ غزنوی افواج کے مقابلہ میں متعدد فتوحات حاصل کر کے صوبہ خراسان کے اکثر اہم مقامات چھین لئے۔ (بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۷۱ پر ملاحظہ ہو)

مسعود کا حملہ ہندوستان پر

پھر بھی اس نے اپنے باپ کے مفتوحہ ملک کی طرف سے غفلت نہیں کی اور ایک سے زاید مرتبہ ہندوستان پر حملہ آور ہوا چنانچہ ۴۲۴ھ/۱۰۳۳ء میں اس نے سالار مسعود غازی کو (جو محمود غزنوی کے بھانجے تھے) سیف الدین کی مدد کے لئے بہرائچ روانہ کیا جہاں آپ شہید ہوئے اور اب بھی آپ کا مزار مرجع خلائق ہے (مرآت[1] مسعودی میں آپ کی جنگ اور شہادت

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۷۰)

۴۲۹ھ/۱۰۳۷ء میں مسجد مرو کے اندر چغرل بیگ داؤد کے نام کا خطبہ پڑھا گیا اور طغرل بیگ نیشاپور میں حکمراں تسلیم کیا گیا۔

اس کے بعد بلخ، جرجان، طبرستان اور خوارزم بھی اس حکومت میں شامل ہوگئے اور ۴۳۳ھ کے بعد چار سال کے اندر ہمدان، دینا ور، حلوان، رے اصفہان پر بھی قبضہ ہوگیا۔ حتیٰ کہ ۴۴۷ھ میں طغرل بیگ، بغداد میں داخل ہوا اور اپنے تئیں سلطان ہونے کا اعلان کر دیا۔

جب سلاجقہ کی ترقی اس حد تک بڑھ گئی، اور ترکی قبایل بھی ان کی فوج میں داخل ہونے لگے اور ۴۷۰ھ/۱۰۷۷ء تک سارا مغربی ایشیا حدود افغانستان سے لیکر (ایشیائے کوچک میں) سلطنت یونان تک اور مغرب میں خلافت فاطمی کی جولانگاہ یعنی مصر کی سرحد تک انکے قبضہ میں آگیا۔ طغرل بیگ، الپ ارسلان اور ملک شاہ کے زمانہ تک تو یہ ساری سلطنت ایک مرکز سے وابستہ رہی۔ لیکن ان کے بعد اختلاف پیدا ہوکر ملک کے مختلف حصے ہوگئے اور اسی خاندان کے متعدد افراد خود مختار ہوکر وہاں حکومت کرنے لگے۔ چنانچہ کرمان، عراق، شام، روم (ایشیائے کوچک) میں علٰحدہ علٰحدہ سلجوقی حکومتیں قایم ہوگئیں۔ مشرق میں خوارزم شاہیوں نے سلاجقہ کا خاتمہ کر دیا۔ آذربیجان، عراق اور دیار بکر میں سلجوقی افسروں نے اپنی اپنی حکومتیں جداگانہ قایم کرلیں جنھیں اتابک کہتے ہیں۔ البتہ روم میں یہ اسوقت تک قایم رہی جب تک عثمانی ترکوں نے ان کو نیست و نابود نہیں کر دیا۔

[1] مرآۃ مسعودی کے مصنف کا نام عبدالرحمٰن چشتی تھا۔ ہرچند اس کتاب میں کوئی تاریخ تصنیف درج نہیں ہے۔ لیکن خود اس کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ جہانگیر کے عہد میں یہ کتاب مرتب ہوئی۔ سبب تالیف اس نے یہ ظاہر کیا ہے کہ "سالار مسعود غازی کے حالات چونکہ اسوقت تک قابل اعتبار توجہ سے کہیں یکجا نہیں کئے گئے تھے، اس لئے میں نے نہایت محنت و تلاش سے انھیں فراہم کرکے یہ کتاب مرتب کی"

اتفاق سے عبدالرحمٰن چشتی کو ملا محمد غزنوی کی لکھی ہوئی کتاب، (تاریخ محمودی) دستیاب ہوگئی۔ اور اس سے بہت مدد اسکو ملی۔ یہ ملا محمد غزنوی، سلطان محمود، سالار ساہو (سالار مسعود غازی کے باپ) اور خود سالار مسعود غازی کی ملازمت میں رہا تھا اور اس لئے اس نے خود چشم دید واقعات دربار محمود وغیرہ کے لکھے تھے۔

ہرچند عبدالرحمٰن چشتی نے روضۃ الصفا، منتخب التواریخ، اور منہاج سراج کی تاریخ فیروز شاہی سے بھی مدد لی ہے۔ لیکن اس کا اصل ماخذ وہی تاریخ محمودی ہے۔ فن تاریخ کے لحاظ سے اس کتاب کا درجہ بلند نہیں ہے اور زیادہ سے زیادہ تاریخی قصص و حکایات میں اس کو جگہ دیجا سکتی ہے۔

کے مفصل واقعات درج ہیں) اور ۴۲۹ھ/۱۰۳۶ء میں خود اُس نے قلعۂ ہانسی[1] اور قلعۂ سومنات کو فتح کیا۔[2] اس کے بعد سلجوقیوں کے خلاف خراسان اور مرو وغیرہ کی طرف مشغول رہا اور آخر کار جب ۴۳۲ھ[3] میں وہ افواج فراہم کرنے کی غرض سے غزنی سے پھر ہندوستان آیا، تو اُس کی سپاہ منحرف ہوگئی اور دس سال حکومت کرنے کے بعد معزول کرکے اس کے بھائی محمد کو تخت نشین کر دیا۔

مودود کا عہد حکومت

بعد کو جب مسعود قتل کیا گیا تو اس کا بیٹا مودود بلخ میں تھا۔ یہ خبر سنتے ہی وہ انتقام لینے کے لئے روانہ ہوا اور ۴۳۲ھ[4] میں محمد کو قتل کرکے خود تخت نشین ہوگیا۔ مودود نے ۷ سال[5] تک حکومت کی۔ اس عرصہ میں ماوراء النہر کا علاقہ مطیع ہوگیا۔ اور ہر چند الپ ارسلان سلجوقی نے کرمان تک مودود کی سپاہ کو پسپا کئے رکھا لیکن آخر کار اسے بھی شکست ہوئی۔

ہندوستان سے متعلق اس کے عہد میں صرف دو واقعے قابل ذکر ہیں ایک مجدود کی بغاوت۔ دوسرے راجہ دہلی کی سرکشی۔ ان دونوں کے مختصر حالات حسب ذیل ہیں:

مجدود کی بغاوت

(۱) جب مسعود، ہانسی اور سومنات فتح کرکے لاہور واپس گیا تو اس نے اپنے بیٹے ابو المجدود کو طبل و علم عنایت کرکے یہاں کا انتظام اُس کے سپرد کر دیا تھا۔ جب مسعود کے بعد مودود تخت نشین ہوا تو مجدود نے سرکشی اختیار کی اور خود مختار بن جانے کی کوششیں کیں۔ فرشتہ کا بیان ہے کہ ایاز خاں[6]، ابن آنابک کی مدد سے ملتان سے لاہور آیا اور سندھ سے لیکر تھانیسر اور ہانسی کا سارا قلعہ لیکر، دہلی فتح کرنے کی غرض سے ہانسی میں قیام اختیار کیا۔ جب مودود کو اپنے بھائی کی اس سرکشی کا حال معلوم ہوا تو اس نے ۴۴۳ھ/۱۰۵۱ء میں کثیر سپاہ کے ساتھ لاہور کی طرف کوچ کیا اور اُدھر مجدود بھی روانہ ہوا لیکن قبل اس کے کہ جنگ شروع ہوتی، صبح عید قربان کو مجدود اپنے خیمہ میں مردہ پایا گیا (جس کی وجہ نہیں معلوم ہوسکی) اور مملکت ہندوستان کا وہ سارا حصہ جو مجدود سے متعلق تھا مودود کے قبضہ میں آگیا۔

---

[1] ہانسی ضلع حصار کا مشہور قصبہ ہے۔ یہاں کسی وقت نہایت مضبوط قلعہ بنا ہوا تھا اور مشہور تھا کہ وہ کسی سے فتح نہیں ہوسکتا لیکن مسعود نے اس دیرینہ روایت کو غلط ثابت کر دیا۔ اب بھی اس قلعہ کے کھنڈر قصبہ سے متصل جانب شمال بلندی پر نظر آتے ہیں۔

[2] فرشتہ - ۴۲ - بیہقی ۲ - ۱۴۰ -

[3] بیضاوی نے اپنی نظام التواریخ میں ۴۳۳ھ تحریر کیا ہے۔ طبقات ناصری اور طبقات اکبری میں ۴۳۲ھ درج ہے۔

[4] حسب بیان منہاج السراج محمد نے اول بار سات مہینے اور دوسری مرتبہ چار مہینے سلطنت کی۔

[5] خواند میر نے سات سال مدت حکومت تحریر کی ہے۔

[6] رستم علی نے تاریخ ہندی میں تحریر کیا ہے کہ ایاز خاں فرمانروائے کشمیر کا بیٹا تھا۔

(۲) چونکہ مودود زیادہ تر وسط ایشیا کے معرکوں میں مصروف[1] تھا اس لئے راجہ دہلی نے اس فرصت کو غنیمت جان کر اور راجاؤں کو اپنا شریک بنایا اور ہانسی وتھانیسر وغیرہ کو مضافات سے "گماشتگانِ غزنویہ" سے چھین کر نگرکوٹ پر بھی قبضہ کرلیا اور اس کے بعد لاہور کا محاصرہ کیا۔ حاکم لاہور نے مودود کو اطلاع کی لیکن قبل اس کے کہ وہاں سے مدد آتی ہندوؤں کی فوجیں باہم نفاق کی وجہ سے اور کچھ امیر مودود کے آنے کی خبر سنکر منتشر ہونے لگیں۔ لاہور کی فوج نے اس انتشار سے فائدہ اٹھاکر ان کا تعاقب کیا اور قریب کے پہاڑ کا جہاں انھوں نے پناہ لی تھی محاصرہ کرلیا۔ آخر کار ہندوؤں نے پناہ طلب کی جو اس شرط پر دی گئی کہ تمام مفتوحہ قلعوں سے قبضہ اٹھالیا جائے۔ اس معرکہ کے بعد مملکتِ ہند زیادہ استحکام کے ساتھ غزنوی خاندان کی حکومت میں چلی آئی یہ واقعہ [illegible] کا ہے۔

جب [illegible] رجب [illegible] کو مودود کا انتقال ہوا تو اس کا بیٹا محمد[2] جو بہت کم سن تھا تخت نشین کیا گیا، لیکن بعد کو (باختلاف روایات) دو ماہ، ایک ماہ یا صرف [illegible] روز کے بعد اسے برادر علی بن مسعود کو تخت نشین کردیا جس نے صرف دو ماہ تک حکومت کی اور اس کے بعد عبدالرشید[3] تخت نشین ہوا۔

علی بن مسعود کی مدت سلطنت کے متعلق مؤرخین کا اختلاف ہے طبقات ناصری میں دو ماہ، طبقات اکبری میں تین ماہ، تاریخ فرشتہ اور حبیب السیر میں دو سال درج ہے اڈورڈ طامس نے لکھا ہے کہ عبدالرشید کا نام (جو علی بن مسعود کے بعد تخت نشین ہوا) سنہ [illegible] ھ کے بعض سکوں پر پایا جاتا ہے۔ اگر یہ صحیح ہے تو اس سے یہ لازم آئے گا کہ مودود کا انتقال سنہ [illegible] ھ سے قبل ہی ہوگیا تھا۔ منہاج السراج، ابن اثیر، ابوالفرج، ابوالفداء، رشید الدین اور ابن خلدون اس پر متفق ہیں کہ مودود کا انتقال اور عبدالرشید کی تخت نشینی ایک ہی سال (یعنی سنہ [illegible] ھ) میں ہوئی اب اگر اسے تسلیم بھی کرلیا جائے کہ مودود کے انتقال کے بعد ہی عبدالرشید تخت نشین ہوا، تو پھر یہ سوال بحث طلب رہجاتا ہے کہ عبدالرشید

---

[1] فرشتہ نے اس کی وجہ سلطنت غزنوی کے آثارِ ضعف و ادبار کو قرار دیا ہے۔

[2] یہ تاریخ فرشتہ اور ملا نظام الدین احمد کے بیان کے مطابق ہے۔ خوندمیر نے حبیب السیر میں ۲۰ رجب تحریر کی ہے۔

[3] طبقات اکبری میں لکھا ہے کہ اس کی عمر صرف ۳ سال کی تھی اور صرف پانچ دن سلطنت کرنے کے بعد معزول کردیا گیا صاحب طبقات ناصری نے بھی اس کا نام محمد ظاہر کیا ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ علی بن مسعود شریک حکومت تھا اور یہ مشترکہ سلطنت دو ماہ تک قائم رہی۔

خوندمیر نے اس کا نام مسعود بتایا ہے اور ظاہر کیا ہے کہ ایک ماہ بعد امراء غزنی نے اس کے چچا علی بن مسعود کو تخت نشین کردیا۔

[4] علی بن مسعود تخت نشین ہوا تو عبدالرزاق بن احمد میمندی حاکم سیستان نے عبدالرشید کو (جسے امیر مودود نے بست اور سفرائین کے درمیان ایک قلعہ میں مقید کردیا تھا) آزاد کیا اور لشکر سے حلف اطاعت لیکر اسے بادشاہ بنایا اس کے بعد عبدالرشید غزنی کی طرف چلا علی بن مسعود غزنی چھوڑ کر بھاگ گیا اور عبدالرشید تخت نشین ہوگیا۔

تاریخ انتقال مودود و تخت نشینی علی بن مسعود و عبدالرشید کی تحقیق — راجہ دہلی سے جنگ — محمد کا عہد حکومت — علی بن مسعود کی تخت نشینی — عبدالرشید کی تخت نشینی

کے سکوں پر ۴۴۰ھ کیونکر تحریر ہے، جب کہ مودود کا انتقال ۴۴۱ھ میں ہوا۔ سو اس کے متعلق اگر بیضاوی کی نظام التواریخ پر اعتماد کیا جائے تو یہ جھگڑا ابھی طے ہو جاتا ہے کیونکہ اس نے سلطان عبدالرشید کی حکومت تقریباً سات سال تحریر کی ہے اور سنہ وفات ۴۴۴ھ/۱۰۵۲ء لکھا ہے۔ اس حساب سے سلطان مودود کی وفات اور عبدالرشید کی تخت نشینی دونوں ۴۳۹ھ کے ابتدائی حصہ میں واقع ہوتی ہیں ـــــ بہرحال عبدالرشید مودود کے بعد ہی تخت نشین ہوا ہو یا علی بن مسعود کے بعد اس میں شک نہیں کہ جن مورخین نے علی بن مسعود کی مدت حکومت دو سال تحریر کی ہے وہ یقیناً غلطی پر ہیں ممکن ہے کہ آخر ۴۳۹ھ میں مودود کا انتقال ہوا ہو، اور اس کے بعد ایک یا دو ماہ تک علی بن مسعود کے حکمران رہنے کے بعد، عبدالرشید تخت نشین ہو گیا ہو۔ اس طرح نہ صرف قدیم مورخین کے بیان سے مطابقت ہو جائے گی۔ بلکہ اڈورڈ طامس کی شہادت سکہ سے بھی تطابق ہو جائے گا، جو تمام تاریخوں سے زیادہ زبردست ثبوت تعین سنہ کے باب میں ہے۔ معلوم نہیں فرشتہ نے کیونکر مدت حکومت دو سال تحریر کی ہے جبکہ اسکے ماخذ (طبقات اکبری) میں بھی صرف تین ماہ تحریر ہیں۔ عبدالرشید (جسے منہاج السراج، بہاء الدولہ کے لقب سے یاد کرتا ہے) کی ولدیت کے متعلق مورخین کا اختلاف ہے۔ صاحب روضۃ الصفا نے اسے مسعود (بن سلطان محمد) کا بیٹا ظاہر کیا ہے۔ اور تاریخ گزیدہ میں اسے "ابوالمنصور مجدالدولہ بن محمود (بن سبکتگین)" لکھا ہے۔ فرشتہ کی تحقیق یہ ہے کہ وہ محمود ہی کا بیٹا تھا۔

عبدالرشید کی ولدیت

عبدالرشید جب تخت غزنی پر اطمینان سے متمکن ہو گیا تو اس نے طغرل حاجب کو (جو محمود کا نہایت ہی سرکش غلام تھا) کثیر فوج کے ساتھ السپہ سالار کے خلاف روانہ کیا۔ چونکہ طغرل فطرتاً نہایت دلیر و فوجی حوصلہ تھا اس لئے سلجوقیوں کو شکست دینے کے بعد تخت غزنی پر قابض ہونے کا خیال اس کے دل میں پیدا ہوا اور اپنی سپاہ کو لیکر اس طرف روانہ ہوا۔

سلجوقیوں سے جنگ

جب عبدالرشید کو معلوم ہوا تو وہ قلعہ بند ہو گیا اور طغرل، غزنی میں داخل ہو گیا۔ اس نے مسعود کی لڑکی سے بہ جبر شادی کر لی اور محمود غزنوی کے خاندان کے تمام افراد کو جو اس کے ہاتھ آئے (جن میں عبدالرشید بھی شامل تھا) تہ تیغ کر کے تخت نشین ہو گیا۔ لیکن صرف چالیس دن اس نے حکومت کی ہوگی کہ ایک باغیرت جماعت نے (جسکو نوشتگین کرخی[2] نے آمادہ کیا تھا) نوروز سلطانی کے دن جبکہ وہ محمود غزنوی کے تخت پر بیٹھا ہوا تھا

غاصب طغرل کی حکومت

---

[1] خوندامیر نے سات سال مدت حکومت ظاہر کی ہے اور اگر ۴۳۹ھ قرار دیا جائے تو حبیب السیر کا یہ بیان درست ہوگا۔

[2] نوشتگین کو عبدالرشید نے ہندوستان کا امیرالامرا بنا کر روانہ کیا تھا۔ اس نے نگرکوٹ کو ہندوؤں سے چھین کر وہاں حکومت اسلام قایم کی۔ عبدالرشید نے آخر زمانہ میں اس کو لاہور سے پشاور بلایا۔ یہ اسی جگہ تھا کہ طغرل نے غزنی پر قبضہ کر لیا۔ حبیب السیر میں بجائے نوشتگین کے جرجیر لکھا ہے ممکن ہے یہ اس کا نام ہو اور نوشتگین لقب۔

ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔[۱]

عبدالرشید کی حکومت کے متعلق اختلاف ہے۔ منہاج السراج نے ڈھائی سال (بعض نسخوں میں صرف دو سال) فرشتہ نے صرف ایک جگہ "کمتر از یکسال" اور دوسری جگہ ایک سال اور نظام الدین احمد نے "چہار سال" تحریر کئے ہیں۔[۲] اگر عبدالرشید کی حکومت ۴۴۳ھ/۱۰۵۱ء میں ختم ہوئی جیسا کہ منہاج السراج کے بیان سے معلوم ہوتا ہے تو یقیناً طبقات اکبری کا بیان صحیح ہے کیونکہ اس حساب سے عبدالرشید کی سلطنت کی ابتدا ۴۳۹ھ یا زیادہ سے زیادہ ۴۴۰ھ قرار پائے گی اور اس کی صحت کی وجہ ہم بیان کر چکے ہیں۔

جب طغرل قتل ہو چکا تو نوشتگین غزنی آیا اور فرخ زاد کو قلعہ بر غند[۳] سے نکال کر تخت نشین کیا۔ فرخ زاد کی نسبت، صاحب روضۃ الصفا نے لکھا ہے کہ وہ مسعود بن سلطان محمود کا بیٹا تھا۔ لیکن حمداللہ مستوفی نے اسے عبدالرشید کا بیٹا لکھا ہے اس اختلاف میں یقیناً روضۃ الصفا کا بیان صحیح ہے کیونکہ سکوں میں صاف طور سے اسے مسعود کا بیٹا ظاہر کیا گیا ہے۔

اس نے تخت نشین ہوتے ہی نوشتگین کو اپنا وزیر بنا لیا اور تمام انتظامات اس کے ہاتھ میں دیدئے۔ اس کے عہد میں سلجوقیوں سے دو بار جنگ ہوئی۔ ایک میں فرخ زاد کامیاب ہوا اور دوسری میں سلاجقہ فتحمند ثابت ہوئے۔ آخر کار دونوں طرف سے مصالحت کی کوشش کی گئی اور قیدیوں کا تبادلہ ہو گیا۔

بعارضۂ قولنج ۴۵۱ھ/۱۰۵۹ء میں اس نے انتقال کیا۔ اور سات سال حکومت کی۔ فرشتہ اور خوندامیر نے ۴۵۰ھ سنہ وفات تحریر کیا ہے اور مدت حکومت ۹ سال ظاہر کی ہے۔

فرخ زاد کے بعد اس کا بیٹا ابراہیم تخت نشین ہوا۔ غزنوی خاندان میں یہ بادشاہ اپنے زہد و اتقا، اخلاق و انسانیت، علم پروری و امن پسندی کے لحاظ سے خاص امتیاز رکھتا ہے۔ اس نے سلجوقیوں کے ساتھ وہ معاملہ کیا کہ اس کے عہد میں انھوں نے کوئی شورش نہیں کی اور نہایت سکون کے ساتھ اس کا زمانۂ سلطنت ختم ہو گیا۔

۴۷۲ھ میں سلطان ابراہیم نے ہند کی طرف فوج کشی کی اور قلعہ اجودھن کو (جو اب پاک پٹن کے نام سے مشہور ہے) مسخر کر کے لاہور سے وہاں تک کا ملک زیر نگیں کر لیا۔ اس کے بعد اس نے ایک اور قلعہ کو فتح کیا جس کا

---

[۱] طبقات ناصری میں، طغرل کا ذکر جدا گانہ کر کے، غزنی خاندان کا آٹھواں فرمانروا ظاہر کیا گیا ہے۔ لیکن جامع التواریخ اور تاریخ گزیدہ میں حکومت طغرل کا کوئی ذکر نہیں ہے ــــ [۲] منہاج السراج نے طغرل کے بعد فرخ زاد کی تاریخ تخت نشینی ۹ ذی قعدہ ۴۴۲ھ تحریر کی ہے اس سے ظاہر ہے کہ غلطان ۴۴۳ھ میں طغرل نے عبدالرشید کا تخت چھینا ہوگا (کیونکہ طغرل کی حکومت سب نے صرف چالیس دن مانی ہے) بعض مورخین نے عبدالرشید کا سنہ وفات ۴۴۵ھ تحریر کیا ہے ــــ [۳] یہ مقام قلعہ غزنی اور ترمذ کے درمیان واقع ہے۔

فرخ زاد کا عہد حکومت عبدالرشید کے عہد حکومت کے متعلق مورخین کا اختلاف

سلاجقہ سے جنگ

ابراہیم کی تخت نشینی

ہندوستان پر فوج کشی

نام قلعۂ روپال تھا، جو ایک بلند پہاڑ کی چوٹی پر واقع تھا اور دریا و صحرا کی وجہ سے وہاں پہونچنا دشوار تھا۔ اس سے فارغ ہوکر وہ ایک اور مقام پر پہونچا جسے درہ کہتے تھے۔ یہاں خراسانیوں کی وہ نسل آباد تھی جسے افراسیاب نے ایران سے نکالدیا تھا۔ یہ شہر بھی بہت دشوار گذار مقام پر واقع تھا، لیکن ابراہیم نے اسے بھی فتح کیا۔ یہ بیان فرشتہ کا ہے تاریخ الفی اور طبقات اکبری میں نہایت مختصر بیان اس مہم کا نظر آتا ہے۔ اور خوندامیر نے صرف اسقدر تحریر کیا ہے کہ:۔ "سلطان ابراہیم نے کئی بار ہندپر حملہ کیا اور کامیاب واپس آیا" منہاج السراج اور ملا عبدالقادر نے مطلق اس کا ذکر نہیں کیا۔ جامع التواریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی سنہ میں ابراہیم نے آگرہ کو بھی فتح کیا (جسے اس نے قلعۂ آذرہ

لہ تاریخ الفی:۔ چونکہ ۱۰۰۰ھ تک کے حالات درج کئے گئے ہیں اس لئے اس کا نام تاریخ الفی رکھا گیا۔ (الف عربی میں ہزار کو کہتے ہیں) یہ تاریخ شہنشاہ اکبر کے حکم سے طیار ہوئی اور اول اول متعدد علماء و مورخین اس خدمت پر مامور کئے گئے لیکن آخر میں سارا بار مولانا احمد (قاضی ٹھٹھہ کے بیٹے) مصنف خلاصۃ الحیات پر ڈالا گیا۔ ڈاکٹر برگس نے اس کو فتح اللہ ساکن مینو اکا بیٹا ظاہر کیا ہے۔ اور فرشتہ نے ملا احمد ساکن مینو اظاہر کیا ہے۔ ملا عبدالقادر بدایونی نے منتخب التواریخ میں تاریخ الفی کی ترتیب کا حال تفصیل سے بیان کیا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ ۹۹۸ھ میں ملا احمد "رافضی" جو اپنے کو حکیم بھی کہتا تھا دکن سے آگرہ دربار شاہی میں حاضر ہوا۔ اس کے آباؤ اجداد سندھ میں رہتے تھے اور حنفی مذہب رکھتے تھے لیکن یہ شیعہ ہوگیا۔ اور عہد شاہ طہماسپ میں شیعیان عراق کی صحبت نے اس کو غالی شیعہ بنا دیا۔ جب شاہ اسماعیل ثانی نے حنفی مسلک اختیار کیا اور شیعوں کے درپے آزار ہوگیا تو ملا احمد مخدوم شریفی کے ساتھ (جو سنی تھے اور جن کی تصنیف کتاب النواصف فی ذم الروافض مشہور ہے) کئی مرتبہ حملہ چلا گیا اور پھر وہاں سے دکن آیا۔ چند دن کے بعد یہ دکن سے ہندوستان آیا اور اپنے [illegible] کی ملاقات ہوئی تھی [illegible] اس کی ملاقات نہ ہوئی تھی۔ ایک دن بازار میں چلا جا رہا تھا کہ چند عراقیوں نے اس سے تعریف کی درخواست کی اور کہنے لگا کہ "نواصف" جو تم نے تصنیف کی ہے اس کی نسبت تمہارا کیا خیال ہے؟ اس نے جواب دیا کہ ہاں "جس طرح تمہارے پیرو سے تم خلیفہ ظاہر ہوئے تھے اسی طرح میرے پیرو سے میں خلیفہ ہوا"۔

جب ۱۰۰۰ھ ختم ہوا تو بادشاہ نے حکم دیا کہ آج کے دن تک کے تمام بادشاہان اسلام کا مفصل حال لکھا جائے اور اس کتاب کا نام تاریخ الفی رکھا جائے۔ اس کے ساتھ یہ بھی ارشاد ہوا کہ واقعات ہر صدی کے بعد سے لکھے جائیں اور سنین کے ذکر میں بجائے لفظ ہجرت کے رحلت لکھا جائے۔ اس خدمت کے لئے [illegible] پہلا سال نقیب خاں کے سپرد کیا گیا، دوسرا شاہ فتح اللہ کو دیا گیا اور اسی طرح حکیم ہمام، حکیم علی، حاجی ابراہیم سندھی، مرزا نظام الدین احمد مجھے ایک ایک سال دیا گیا۔ جب ۳۵ سال کے حالات مرتب ہوگئے تو اس کے بعد حکیم ابوالفتح کی سفارش سے یہ خدمت کلیتہً ملا احمد کے سپرد کردی گئی۔ اور اس نے اپنے اعتقاد کے مطابق ہو چاہا لکھا۔ جب وہ چنگیز خاں کے وقت تک کے حالات دو جلدوں میں ختم کر چکا تو مرزا فولاد نے اسے لاہور کی ایک گلی میں قتل کر دیا۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۷۰ پر ملاحظہ ہو)

لکھا ہے) اور آگرہ فتح کرکے وہ درہ پہونچا جس کا ذکر فرشتہ نے کیا ہے۔ سلمان[1] (مشہور شاعر نے) بھی فتح آگرہ کا ذکر کیا ہے جیسا کہ اس کے کلام سے ظاہر ہے۔[2]

ابراہیم کی مدت حکومت

سلطان ابراہیم کی مدت حکومت اور سنہ وفات کے متعلق مورخین کا اختلاف ہے۔ منہاج السراج نے لکھا ہے کہ اس نے ۴۲ سال حکومت کی اور ۴۹۲ھ/۱۰۹۸ء میں انتقال کیا۔ تاریخ گزیدہ نے بھی یہی تاریخ لکھی ہے۔ طبقات اکبری میں ۴۸۱ھ/۱۰۸۸ء ظاہر کیا گیا ہے فرشتہ اور خوندامیر نے اس اختلاف کو ظاہر کرتے ہوئے دونوں سنہ تحریر کردئے ہیں۔ لیکن سکوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ابراہیم نے واقعی ۴۲ سال تک حکومت کی اس لئے اس کا سنہ وفات ۴۹۲ھ/۱۰۹۸ء ہونا چاہیئے۔

مسعود کی تخت نشینی

ابراہیم کے بعد اس کا بیٹا مسعود[3] تخت نشین ہوا۔ اس کے عہد میں لاہور حکومت ہند کا مرکز قرار پایا۔ اور جب طغائگین نے گنگا کو عبور کرکے ہندوستان پر حملہ کیا۔ لیکن مورخین نے جگہ کا تعین نہیں کیا صرف اس قدر لکھا ہے کہ

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۷۶)

اس کے بعد ۹۹۷ھ تک کے حالات آصف خاں نے مرتب کئے اور سنہ ۱۰۰۰ھ میں مجھے حکم دیا کہ لاہور جاکر ساری کتاب پر نظر ثانی کروں اور تین کی ترتیب دوں چنانچہ میں نے پہلی جلدوں پر ایک سال میں نظر ثانی کی۔ اور تیسری جلد آصف خاں کے سپرد کردی گئی۔

تاریخ الفی، اس میں کلام نہیں کہ عہد اکبری کی بہترین تصانیف میں سے ہے لیکن چونکہ اس کی ترتیب ایک دماغ کا نتیجہ نہیں ہے اور تشیع و تسنن دونوں مذاہب کے جذبات شامل ہیں اس لئے کہیں کہیں اصل واقعات سے تحریف ضرور کی گئی ہے اور بعض اہم واقعات ترک بھی ہوگئے ہیں۔ مثلاً جنگ قادسیہ، جس نے عجم کو ہمیشہ کے لئے عرب کا غلام بنا دیا۔ اس کا کہیں ذکر نہیں ہے۔ علاوہ اس کے وہ ایک فسانہ کی صورت میں مسلسل لکھی گئی ہے اور اس لئے واقعات کا استقصا بہت دشوار ہے۔

حیدرآباد اور مرشدآباد کے کتب خانوں میں اس کے ناتمام نسخے موجود ہیں۔ مغربی مورخین کو اس کا علم بہت کم ہے اور غالباً سوائے مسٹر الیٹ کے کسی اور مستشرق نے اس سے کام نہیں لیا۔

[1] مسعود بن سعد سلمان نے غزنوی خاندان کے چند فرمانرواؤں (مسعود، ابراہیم اور بہرام شاہ) کی تعریف میں متعدد قصاید لکھے ہیں جو کلیات سلمان میں نظر آتے ہیں۔ ان قصاید سے کچھ تاریخی حالات بھی معلوم ہوتے ہیں۔ سلمان نے ۵۲۵ھ/۱۱۳۱ء میں اور بعض کے نزدیک ۵۲۰ھ/۱۱۲۶ء میں انتقال کیا۔

[2] ابوالفرج رونی نے ظاہر کیا ہے کہ سلطان ابراہیم نے قنوج بھی فتح کیا اور سید حسن غزنوی کا بیان ہے کہ سومنات میں اس نے ایک مقام بھی تعمیر کیا جس میں ایک لاکھ سوار رہ سکتے تھے۔ سلمان شاعر نے اور فتوحات بھی سلطان کی طرف منسوب کی ہیں۔

[3] حمداللہ مستوفی نے اس کا لقب علاء الدولہ اور صاحب روضۃ الصفا نے جلال الدولہ لکھا ہے۔

نام قلعۂ رویاں تھا، جو ایک بلند پہاڑ کی چوٹی پر واقع تھا اور دریا و صحرا کی وجہ سے وہاں پہونچنا دشوار تھا۔ اس سے فارغ ہوکر وہ ایک اور مقام پر پہونچا جسے درہ کہتے تھے۔ یہاں خراسانیوں کی وہ نسل آباد تھی جسے افراسیاب نے ایران سے نکالدیا تھا۔ یہ شہر بھی بہت دشوار گزار مقام پر واقع تھا، لیکن ابراہیم نے اسے بھی فتح کیا۔ یہ بیان فرشتہ کا ہے تاریخ الفی[1] اور طبقات اکبری میں نہایت مختصر بیان اس مہم کا نظر آتا ہے۔ اور خواندمیر نے صرف اسقدر تحریر کیا ہے کہ:۔

"سلطان ابراہیم نے کئی بار ہند پر حملہ کیا اور کامیاب واپس آیا"۔ صبح الصباح اور ملا عبدالقادر نے مطلق اس کا ذکر نہیں کیا۔ جامع التواریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی سنہ میں ابراہیم نے آگرہ کو بھی فتح کیا (جسے اس نے قلعۂ آزرہ

---

[1] تاریخ الفی پر۔ چونکہ سنہ ۱۰۰۰ھ تک کے حالات درج کئے گئے ہیں اس لئے اس کا نام تاریخ الفی کہا گیا۔ (الف عربی میں ہزار کو کہتے ہیں) یہ تاریخ شہنشاہ اکبر کے حکم سے تیار ہوئی اور اول اول متعدد علماء و مورخین اس خدمت پر مامور کئے گئے لیکن آخر میں سارا بار مولانا احمد (قاضی ٹھٹھہ کے بیٹے) مصنف خلاصۃ الحیات پر ڈالا گیا۔ ڈاکٹر برگ نے اس کو [illegible] ساکن مئو کا بیٹا ظاہر کیا ہے۔ اور فرشتہ نے ملا احمد ساکن مئو ظاہر کیا ہے۔ ملا عبدالقادر بدایونی نے منتخب التواریخ میں تاریخ الفی کی ترتیب کا حال تفصیل سے بیان کیا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ سنہ ۱۰۰۰ھ میں ملا احمد "رافضی" جو اپنے کو حکیم بھی کہتا تھا دکن سے آکر دربار شاہی میں حاضر ہوا۔ اس کے آباؤ اجداد سندھ میں رہتے تھے اور حنفی مذہب رکھتے تھے۔ لیکن یہ شیعہ ہوگیا۔ اور عہد شاہ طہماسپ میں شیعیان عراق کی صحبت نے اس کو غالی شیعہ بنا دیا۔ جب شاہ اسماعیل ثانی نے حنفی مسلک اختیار کیا اور شیعوں کے درپے آزار ہوگیا تو ملا احمد مخدوم شرقی کے ساتھ (جو سنی تھے اور جن کی تصنیف کتاب النواقض فی ذم الروافض مشہور ہے) کا مظلمہ چلایا اور پھر وہاں سے دکن آیا۔ چند دن کے بعد یہ دکن سے ہندوستان آیا اور [illegible] سے اس کی ملاقات ہوئی تھی۔ ایک دن بازار میں چلا جا رہا تھا کہ چند اوباشوں نے اس سے [illegible] کہا کہ "تو رافضی ہے" اس نے جواب دیا کہ "ہاں" جس طرح تمھارے چہرہ سے [illegible] ظاہر ہے [illegible] ہوا۔

جب سنہ ۱۰۰۰ھ ختم ہوا تو بادشاہ نے حکم دیا کہ آج کے دن تک کے تمام بادشاہان اسلام کی مفصل حال لکھا جائے اور اس کتاب کا نام تاریخ الفی رکھا جائے۔ اس کے ساتھ یہ بھی ارشاد ہوا کہ واقعات [illegible] ہجری کے بعد سے لکھے جائیں اور سنین کے ذکر میں بجائے لفظ ہجرت کے رحلت لکھا جائے۔ اس خدمت کے لئے [illegible] مامور ہوئے پہلا سال نقیب خاں کے سپرد کیا گیا، دوسرا شاہ فتح اللہ کو دیا گیا اور اسی طرح حکیم ہمام، حکیم علی، حاجی ابراہیم سندھی، مرزا نظام الدین احمد کو ایک ایک سال دیا گیا۔ جب ۳۵ سال کے حالات مرتب ہوگئے تو اس کے بعد حکیم ابوالفتح کی سفارش سے یہ خدمت کلیتہً ملا احمد کے سپرد کردی گئی۔ اور اس نے اپنے اعتقاد کے مطابق جو چاہا لکھا۔ جب وہ چنگیز خاں کے وقت تک کے حالات دو جلدوں میں ختم کرچکا تو مرزا فولاد نے اسے لاہور کی ایک گلی میں قتل کردیا۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ [illegible] پر ملاحظہ ہو)

لکھا ہے) اور آگرہ فتح کرکے وہ درہ پہونچا جس کا ذکر فرشتہ نے کیا ہے۔ سلمان[1] (مشہور شاعر نے) بھی فتح آگرہ کا ذکر کیا ہے جیسا کہ اس کے کلام سے ظاہر ہے۔[2]

ابراہیم کی مدت حکومت

سلطان ابراہیم کی مدت حکومت اور سنہ وفات کے متعلق مورخین کا اختلاف ہے۔ منہاج السراج نے لکھا ہے کہ اس نے ۴۲ سال حکومت کی اور ۴۹۲ھ/۱۰۹۸ء میں انتقال کیا۔ تاریخ گزیدہ نے بھی یہی تاریخ لکھی ہے۔ طبقات اکبری میں ۴۸۱ھ/۱۰۸۸ء ظاہر کیا گیا ہے فرشتہ اور خواندامیر نے اس اختلاف کو ظاہر کرتے ہوئے دونوں سنہ تحریر کر دئے ہیں۔ لیکن سکوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ابراہیم نے واقعی ۴۲ سال تک حکومت کی اس لئے اس کا سنہ وفات ۴۹۲ھ/۱۰۹۸ء ہونا چاہیئے۔

مسعود کی تخت نشینی

ابراہیم کے بعد اس کا بیٹا مسعود[3] تخت نشین ہوا۔ اس کے عہد میں لاہور حکومت ہند کا مرکز قرار پایا اور جب طغائگین نے گنگا کو عبور کرکے ہندوستان پر حملہ کیا۔ لیکن مورخین نے جگہ کا تعین نہیں کیا صرف اس قدر لکھا ہے کہ

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۷۶)

اس کے بعد ۹۹۷ھ تک کے حالات آصف خاں نے مرتب کئے اور ۱۰۰۰ھ میں مجھے حکم دیا کہ لاہور جاکر ساری کتاب پر نظر ثانی کروں اور تین کی ترتیب دوں چنانچہ میں نے پہلی جلدوں پر ایک سال میں نظر ثانی کی۔ اور تیسری جلد آصف خاں کے سپرد کر دی گئی۔

تاریخ الفی، اس میں کلام نہیں کہ عہد اکبری کی بہترین تصانیف میں سے ہے لیکن چونکہ اس کی ترتیب ایک دماغ کا نتیجہ نہیں ہے اور تشیع و تسنن دونوں مذاہب کے جذبات شامل ہیں اس لئے کہیں کہیں اصل واقعات سے تحریف ضرور کی گئی ہے اور بعض اہم واقعات ترک بھی ہو گئے ہیں۔ مثلاً جنگ قادسیہ، جس نے عجم کو ہمیشہ کے لئے عرب کا غلام بنا دیا۔ اس کا کہیں ذکر نہیں ہے۔ علاوہ اس کے وہ ایک فسانہ کی صورت میں مسلسل لکھی گئی ہے اور اس لئے واقعات کا استقصا بہت دشوار ہے۔

سید آباد اور مرشد آباد کے کتب خانوں میں اس کے تمام نسخے موجود ہیں۔ مغربی مورخین کو اس کا علم بہت کم ہے اور غالباً سوائے مسٹر الیٹ کے کسی اور مستشرق نے اس سے کام نہیں لیا۔

[1] مسعود بن سعد سلمان نے غزنوی خاندان کے چند فرمانرواؤں (مسعود، ابراہیم اور بہرام شاہ) کی تعریف میں متعدد قصاید لکھے ہیں جو کلیات سلمان میں نظر آتے ہیں۔ ان قصاید سے کچھ تاریخی حالات بھی معلوم ہوتے ہیں۔ سلمان نے ۵۲۵ھ/۱۱۳۱ء میں اور بعض کے نزدیک ۵۲۰ھ/۱۱۲۶ء میں انتقال کیا۔

[2] ابوالفرج رونی نے ظاہر کیا ہے کہ سلطان ابراہیم نے قنوج بھی فتح کیا اور سید حسن غزنوی کا بیان ہے کہ سومنات میں اس نے ایک قلعہ بھی تعمیر کیا جس میں ایک لاکھ سوار رہ سکتے تھے۔ سلمان شاعر نے اور فتوحات بھی سلطان کی طرف منسوب کی ہیں۔

[3] عبداللہ مستوفی نے اس کا لقب علاء الدولہ اور صاحب روضۃ الصفا نے جلال الدولہ لکھا ہے۔

سوائے محمود کے وہاں اور کوئی اسوقت تک نہیں پہونچا تھا۔[1]

اس کی مدت حکومت میں بھی اختلاف ہے۔ منہاج السراج نے تاریخ وفات ۵۰۹ھ/۱۱۱۵ء اور مدت حکومت ۱۰ سال ظاہر کی ہے۔ تاریخ گزیدہ میں لکھا ہے کہ ۵۱۰ھ/۱۱۱۶ء میں اس کا انتقال ہوا اور اس کا بیٹا کمال الدولہ شہزاد تخت نشین ہوا لیکن ایک سال کے بعد ۵۱۱ھ/۱۱۱۷ء میں ارسلان شاہ (اس کے بھائی) نے شیرزاد کو قتل کر دیا اور خود تخت نشین ہو گیا۔ فرشتہ نے بھی اسی کا تتبع کیا ہے۔ طبقات اکبری اور طبقات ناصری میں شیرزاد کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ سکوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ علاء الدولہ شیرزاد نے یقیناً ایک سال حکومت کی اس لئے مسعود کی وفات ۵۱۰ھ/۱۱۱۶ء اور مدت حکومت سوا سال درست معلوم ہوتی ہے۔

جب ارسلان شاہ تخت نشین ہوا تو اس نے اپنے بھائیوں کو مقید کر لیا لیکن بہرام شاہ بھاگ کر اپنے ماموں، سلطان سنجر کے پاس چلا گیا۔ سلطان سنجر اپنے بھائی، سلطان بن ملک شاہ سلجوقی کی طرف سے خراسان کا فرمانروا تھا۔ ارسلان شاہ نے بہت کوشش کی کہ سلطان سنجر بہرام شاہ کی مدد نہ کرے۔ لیکن وہ نہیں مانا اور آخر کار ارسلان شاہ کو افواج سنجر کے مقابلہ میں شکست ہوئی اور یہ بھاگ کر ہندوستان چلا آیا۔ جب سنجر، بہرام شاہ کو تخت نشین کر کے واپس گیا تو ارسلان شاہ نے پھر غزنی پر حملہ کیا۔ اور بہرام شاہ بھاگ کر قلعۂ بامیان میں چھپ گیا۔ اس کے بعد سلطان سنجر نے پھر بہرام کی مدد کی اور ارسلان شاہ کو قتل کر کے بہرام کو تخت نشین کر دیا۔

یہ ۵۱۱ھ/۱۱۱۷ء میں قتل کیا گیا اور صرف دو سال حکومت کی۔ فرشتہ اور نظام الدین احمد نے مدت حکومت تین سال لکھی ہے جو اسی وقت صحیح ہو سکتی ہے، جب شیرزاد کی حکومت کو "ایک سال" کو حذف کر دیا جائے۔ خوندامیر نے ۵۱۲ھ/۱۱۱۸ء تاریخ وفات بیان کی ہے۔

ارسلان شاہ کے بعد بہرام شاہ تخت نشین ہوا۔ خاندان غزنوی میں بہرام شاہ، اپنی جرأت و بسالت، عدل و رعیت پروری، بذل و کرم، اور قدردانی فضل و کمال کی وجہ سے خاص شہرت رکھتا ہے۔

بہرام شاہ کے متعلق طبقات اکبری، تاریخ فرشتہ، طبقات ناصری اور حبیب السیر میں یہ لکھا ہے کہ اس نے کئی بار ہندوستان پر حملہ کیا لیکن مقامات کا تعین کسی نے نہیں کیا۔

فرشتہ نے نسبتاً زیادہ صراحت سے کام لیکر صرف اسقدر بیان کیا ہے کہ اول مرتبہ ہندوستان پہونچنے کی وجہ یہ تھی کہ محمد باہلیم نے جو ارسلان شاہ کے وقت سے لشکر لاہور کا سپہ سالار تھا، کچھ مخالفت شروع کر دی تھی۔ چنانچہ ۵۱۲-۱۹ھ/۱۱۱۸ء میں ماہ رمضان کو بہرام شاہ نے ہندوستان پہونچکر لاہور فتح کر لیا۔ لیکن پھر اس کا قصور معاف کر کے سابق عہدہ پر بحال کر دیا۔

اس کے بعد جب بہرام شاہ غزنی واپس گیا تو اس نے زیادہ سرکشی اختیار کی اور ولایت سوالک میں قلعۂ ناگور تعمیر

مسعود کی مدت حکومت میں اختلاف - ارسلان شاہ کی تخت نشینی - بھائیوں کی جنگ - ارسلان شاہ کی حکومت - تاریخ قتل - بہرام شاہ کی تخت نشینی - ہندوستان پر حملہ

[1] یہ بیان طبقات ناصری اور تاریخ فرشتہ کا ہے حبیب السیر میں اس کا کوئی ذکر نہیں۔

کرکے خود مختاری کا اعلان کر دیا۔ اس خبر کو سنکر بہرام شاہ پھر ہندوستان آیا اور ملتان کے قریب محمد بالیم کو شکست دیکر اسے قتل کر دیا۔[1] اس کے عہد کا اہم ترین واقعہ صوبۂ غور کے فرمانروا قطب الدین محمد غوری کا قتل کیا جانا ہے۔ (جو اس کا داماد بھی تھا) اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ غزنی کی حکومت محمود کے خاندان سے منتقل ہو گئی۔ اور ہندوستان میں ایک جداگانہ مستقل سلطنت قایم ہونے کے آثار شروع ہو گئے ان واقعات کو ہم تفصیل کے ساتھ خاندان غور کے بیان میں ظاہر کریں گے۔ یہاں مختصراً صرف اس قدر کہنا کافی ہے کہ جب علاء الدین غوری نے غزنی پر حملہ کیا تو بہرام شاہ بھاگ کر ہندوستان چلا آیا اور اس وقت تک وہ پھر غور واپس نہیں گیا، اسے غزنی جانے کی ہمت نہیں ہوئی۔

بہرام شاہ کی تاریخ وفات میں بھی مورخین کا اختلاف ہے۔ طبقات اکبری، تاریخ فرشتہ اور روضۃ الصفا میں ۵۴۷ھ (۱۱۵۲-۵۳ء) تحریر ہے، حمد اللہ مستوفی نے ۵۴۴ھ تحریر کیا ہے اور طبقات ناصری نے اہ سال مدت حکومت ظاہر کر کے ۵۵۲ھ ظاہر کیا ہے۔ لیکن درست یہی ہے کہ اس نے ۳۵ سال حکومت کی اور ۵۴۷ھ میں انتقال کیا۔

بہرام شاہ کے بعد اس کا بیٹا خسرو شاہ[2] تخت نشین ہوا۔ لیکن چونکہ علاء الدین (جہانسوز) بہرام شاہ کی واپسی غزنی کا حال معلوم کر کے اسی کی زندگی میں پھر غزنی پر حملہ کرنے کی غرض سے چلدیا تھا۔ اس لئے خسرو شاہ بھاگ کر لاہور چلا آیا۔ علاء الدین نے غزنی پہونچکر جس بیدردی سے اسے تباہ کیا وہ تاریخ کا نہایت دردناک افسانہ ہے۔ جب علاء الدین (جہانسوز) تمام ممکن تباہیاں پھیلانے کے بعد غور واپس گیا تو خسرو شاہ کو پھر غزنی پر قابض ہونے کا خیال آیا اور اس ارادہ سے بڑھا۔ لیکن اُدھر ترکانِ غز[3] سلطان سنجر کی مدد کے لئے آرہے تھے۔ اس لئے اس کی یہ آرزو پوری نہ ہوئی اور پھر اسے لاہور واپس آنا پڑا اور یہیں ۵۵۵ھ (۱۱۶۰ء) میں اس کا انتقال ہوا۔

خسرو شاہ کے بعد اس کا بیٹا خسرو ملک لاہور میں تخت نشین ہوا۔ یہ بادشاہ بہت نیک طینت اور صاحب علم و فضل تھا لیکن اسی کے ساتھ عیش و طرب کا بھی بہت شایق تھا۔ اس وقت شہاب الدین محمد غوری، غزنی پر قابض ہو چکا تھا اور ہندوستان پر متصرف ہونا چاہتا تھا۔ لیکن خسرو ملک کو کوئی فکر نہ تھی اور وہ اپنی اسی عشرت میں مشغول رہا۔ شہاب الدین غوری پشاور، ملتان، افغانستان اور سندھ کو مسخر کر کے ۵۷۶ھ[4] میں لاہور پہونچا۔ خسرو ملک قلعہ بند ہو گیا اور غوری اسکے خرد سال لڑکے اور ایک مشہور ہاتھی کو لیکر غزنی واپس چلا گیا۔ اس کے بعد ۵۸۳ھ[5] (۱۱۸۷ء) میں اسنے پھر لاہور پر حملہ کیا اور خسرو ملک کو گرفتار کر کے قلعۂ غرجستان میں بھیجدیا اور ۵۹۸ھ میں اُسکو مع اس کے بیٹے بہرام شاہ کے قتل کر کے خاندان غزنی کی آل سبکتگین کی حکومت کو ہمیشہ کے لئے صفحۂ دنیا سے محو کر دیا۔ خسرو شاہ نے کل ۱۸ سال تک حکومت کی۔

---

[1] یہی بیان تقریباً منہاج السراج کا بھی ہے۔ [2] طبقات ناصری میں اس کا لقب تاج الدولہ یمین الدولہ اور تاریخ نذیری میں ظہیر الدولہ لکھا ہے۔ [3] فرشتہ کا بیان ہے کہ ترکوں کی اس جماعت نے غزنی پر دس سال تک قبضہ قایم رکھا، لیکن بعد کو غوریوں نے یہاں سے نکال دیا۔ [4] یہ سنہ فرشتہ نے لکھا ہے منہاج السراج نے ۵۷۷ھ تحریر کیا ہے۔ [5] یہ سنہ تاریخ فرشتہ کے بیان کے مطابق ہے، طبقات ناصری میں ۵۸۲ھ تحریر ہے۔

بہرام شاہ کا ہندوستان چلا آنا محمد بالیم کی شکست

خسرو شاہ کی تخت نشینی

خسرو ملک کی تخت نشینی

شہاب الدین غوری کا غزنی پر قبضہ

خاندان غزنوی کا اختتام

باب چہارم

غزنوی حکومت پر ایک تبصرہ اور اُسکے اسباب زوال

[illegible] اسلام کی تاریخ میں جو قدر و شہرت محمود غزنوی کو حاصل ہوئی اور اس کی ہستی جتنی مختلف حیثیات کی جامع تھی، اس کی نظیر مشکل سے ملے گی ہے اور اگر مبالغہ سے کام نہ لیا جائے تو بھی ہم کہہ سکتے ہیں کہ نہ صرف سبکتگین کی اولاد بلکہ ساری جماعت اتراک میں اُسے وہ درجہ حاصل ہوا جس کے بعد کوئی اور مرتفع زینہ باقی نہ رہا تھا، ممکن ہے کہ قبیلہ یا خاندان میں کوئی دوسرا شخص نظر آسکتا، لیکن غزنوی خاندان میں کسی دوسرے مجدد کا پیدا ہونا یقیناً ناممکن تھا

وہ شخص جو ایک مختصر سی کوہستانی ریاست کو ایک سلطنت میں تبدیل کردے (اور سلطنت بھی ایسی جو بحر اخضر سے دریائے فرات تک اور دریائے جیحون سے ہندوستان کے تمام جنگجو حصہ ملک اور کثیر آبادی کو ایک ربع صدی کے اندر اندر مسخر کرلے، جو غزنی ایسے سنسان اور وحشی مقام کو علوم و فنون کا جولانگاہ بنادے، جو نہ صرف افغانستان، بلکہ تمام ملحقہ ممالک کے لئے تہذیب و شائستگی کے غیر معمولی اسباب فراہم کرنے میں اس قدر کامیاب ہوسکے، اور جس کا ایک ایک کارنامہ سارے عالم کے تصور و خیال کو محو کرلے، کیا دنیا کا کوئی ذی فہم شخص اُسے وحشی، غیر مہذب اور معمولی انسان کہہ سکتا ہے؟

یہ بالکل صحیح ہے کہ قرب و جوار کی سلطنتوں کا انتشار اس کی ترقی میں بہت کچھ معاون ہوا یعنی سلطنت آل سامان کے تزلزل اور فارس کے شہزادگان خاندان بویہ کے اختلاف نے مغرب کی طرف اور ہندو راجاؤں کے باہمی رشک و عناد نے ہندوستان کی جانب، اس کی پیشقدمی کو زیادہ آسان بنادیا، لیکن یہ حقیقت کیونکر فراموش کی جاسکتی ہے کہ اس وقت فارس میں کثرت سے ایسے ترکی سردار پائے جاتے تھے جو اپنی شجاعت و بہادری، عزم و حوصلہ کے

لحاظ سے محمود کے آباواجداد سے کسی طرح کم نہ تھے اور یہ کہ شمال کی طرف سے وسط ایشیا کے سخت اور جنگجو قبائل نے بڑھ بڑھ کر کبھی اس کو چین سے نہیں بیٹھنے دیا، تاہم محمود کو کوئی قوت اس کی جگہ سے متزلزل نہ کر سکی۔ اور اس نے اپنے اُن دشمنوں کو بھی، جو غالباً اس سے زیادہ جنگجو اور جفاکش تھے کبھی اس بات کا موقعہ نہیں دیا کہ اس کی عظمت و شان، اس کی سطوت و جبروت سے دوش بدوش ہو کر نکل جائیں۔

جب الک خاں ترکوں کے نہایت خونخوار سردار نے اپنے مہیب اور بے شمار سواروں کے ساتھ خراسان پر حملہ کیا، تو وہ وقت محمود کے لئے نہایت سخت تھا کیونکہ عنان سلطنت ہاتھ میں لئے ہوئے بہت قلیل زمانہ گزرا تھا، ملک پر اچھی طرح قابض بھی نہ ہو سکا تھا اور تمام قرب و جوار میں محمود کے خلاف سازشیں ہو رہی تھیں۔ لیکن اس نے اس الک خانی سیلاب کی مطلق پرواہ نہیں کی اور اپنی فوج کی کمان خود اپنے ہاتھ میں لیکر مقابلہ کے لئے روانہ ہو گیا۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ جو سلطنت محمود ایسی ہستی کے زمام پر قایم ہوئی وہ کیوں دو صدی سے زیادہ قایم نہ رہ سکی۔ اور اس کے اسباب کیا تھے؟ آپ جس قوم کی تاریخ اُٹھا کر دیکھیں گے تو معلوم ہوگا وہ کچھ نہیں ہے مگر ایک افسانہ دو باب میں منقسم ایک وہ جو مخصوص ہے "جرأت و بسالت اور شوکت و عظمت" کے لئے۔ اور دوسرا وہ جس میں انتشار و ابتری کے بعد تصویر نظر آتی ہے زوال و اختتام کی۔ پھر خاندان غزنوی کی تاریخ میں چونکہ محمود نے پہلے باب کی تکمیل کر دی تھی اسلئے اس کے بعد دوسرے حصہ کا شروع ہونا ضروری تھا اور فطرت اپنے اُصول کو کسی طرح بدل نہ سکتی تھی۔ یہ تھا مختصر ترین بیان عروج و زوال کے اس فلسفہ کا جو اپنے اُصول کو بلا استثنا، تمام قوموں پر نافذ کر دیتا ہے۔ اور خاندان غزنی بھی اس سے محفوظ نہ رہ سکا۔ لیکن یہاں اس اختصار کی ذرا تفصیل بھی سن لیجئے۔

یہ ہم ابھی ظاہر کر چکے ہیں کہ یوں تو محمود کی قایم کی ہوئی سلطنت تقریباً دو صدی تک باقی رہی۔ لیکن یہ واقعہ ہے کہ زوال اس کے بعد ہی شروع ہو گیا تھا اور ہر نیا دن اس میں اضافہ کرنے کے لئے طلوع ہوتا تھا۔ اس میں شک نہیں کہ جانشینان محمود میں باہم نااتفاقی بھی پیدا ہوئی عیش و عشرت کی طرف مایل ہو جانے سے اُن کے اخلاق میں ابتری بھی رونما ہونے لگی، لیکن زوال سلطنت کا بڑا سبب (علاوہ اس کے) ترکمانوں اور ترکان غز کا خروج تھا، جو خراسان کی سرسبز و شاداب زمین پر ہجوم کئے ہوئے تھے، اور سلطنت غزنی کی وسعت و کامیابی کو حاسدانہ نگاہوں سے دیکھ رہے تھے۔

محمود چونکہ بڑا ذی اقبال شخص تھا اس لئے اُس کی زندگی میں تو ترکوں کو کامیابی حاصل نہیں ہوئی، لیکن اسکے بعد دس سال کے اندر ہی اندر سلاجقہ نے دریائے جیحون کی سرزمین سے نکل کر سارے ایران کا احاطہ کر لیا اور سمرقند سے لیکر ساحل ایجین تک قبضہ کر کے محمود کے مقبوضات ایران کو سلطنت غزنی سے جدا کر دیا۔

جب ۴۲۹ھ میں طغرل بیگ، خراسان کا بادشاہ بن بیٹھا تو محمود کا جانشین مسعود (جس نے اس وقت تک ان جنگجو گلہ بانوں کی پرواہ نہ کر کے حدود سلطنت غزنی پر ان کو منڈلاتے رہنے کا موقعہ دے رکھا تھا) چونکا اور تقریباً

الک خانی فتنہ کا مقابلہ

خاندان غزنوی کے زوال کے اسباب

محمود غزنوی کے بعد زوال کی ابتدا

محمود کے بعد ترکوں کی کامیابی

مسعود کی شکست

تین سال بعد اس نے ایک قوی فوج بھیجکر ان باغیوں کی جماعت کو زیر کرنا چاہا، لیکن اس کا وقت حقیقتاً گزر گیا تھا۔ اس لئے مرو کے قریب مسعود کو شکست ہوئی اور اُسی وقت سے فارس سلطنتِ غزنی سے ہمیشہ کے لئے جدا ہوگیا۔

چونکہ اب مغرب کی طرف ترقی کرنے کے لئے میدان تنگ ہوگیا تھا، اور حکومتِ سلاجقہ کی آہنی دیوار حایل ہوچکی تھی، اس لئے لازم تھا کہ ہندوستان کے مقبوضات کو وسیع کیا جاتا۔ لیکن افسوس ہے کہ اس طرف بھی توجہ نہیں کیگئی اور سوائے پنجاب کے جس پر محمود ہی کے وقت میں مستقلاً قبضہ ہوگیا تھا، سلطنت میں کچھ بھی توسیع نہ ہوئی۔ پھر پنجاب کی بھی یہ حالت تھی کہ جب کوئی زیادہ ذی اثر اور قوی گورنر وہاں مامور کیا جاتا تھا تو ہر وقت اس کی طرف سے اندیشہ لگا رہتا تھا کہ خدا جانے کس وقت وہ بھی خود مختار ہوجائے اور پنجاب بھی سلطنت غزنی کے قبضہ سے نکل جائے۔ چنانچہ اس زمانہ کی مشکلات جلد شروع ہوگئیں اور مشرق و مغرب دونوں جانب جارحانہ قوت نے مدافعانہ صورتیں اختیار کرلیں

محمود نے اپنے ہی زمانہ میں علی ارسلاروق کو مملکتِ ہند کا گورنر اور سپہ سالار مقرر کردیا تھا جو اس کے بعد بھی اس خدمت پر مامور رہا، لیکن مسعود کا عہد شروع ہوتے ہی اس کی طرف سے خطرات کا ظہور ہونے لگا۔ مسعود نے اسے دربار میں طلب کیا۔ لیکن اس نے انکار کیا۔ آخر کار اس کے وزیر خواجہ حسن میمندی نے ارسلاروق کو کسی تدبیر سے بلایا اور چونکہ وہ شراب کا عادی تھا اس لئے اسی ذریعہ سے اسے مدہوش بناکر گرفتار کرلیا۔ الغرض اسی قسم کی مشکلات تھیں جو صوبۂ پنجاب کے گورنروں کی طرف سے بھی کبھی کبھی پیدا ہوجاتی تھیں۔

دربار کی حالت یہ تھی کہ سب کے سب شراب کے عادی تھے اور نہایت آزادی سے صحبت میخواری برپا ہوا کرتی تھی۔ خود محمود کو بھی اس کا شوق تھا لیکن اعتدال کے ساتھ۔ مسعود البتہ ضرورت سے زیادہ اس کا عادی تھا اور اگر خوش قسمتی سے اس کو خواجہ حسن میمندی ایسا وزیر نہ مل جاتا تو غالباً انتظام سلطنت بالکل درہم برہم ہوجاتا۔

خواجہ حسن میمندی، محمود کا بھی وزیر رہ چکا تھا لیکن بعد کو محمود نے اسے قلعہ کالنجر میں قید کرکے جنگ کو اسی کی جگہ مقرر کیا تھا۔ جب امیر مسعود تخت نشین ہوا تو اس نے خواجہ میمندی کو آزاد کرکے عہدۂ وزارت کے لئے طلب کیا۔ چنانچہ جب خواجہ میمندی دربار مسعود میں آیا تو اس کی یہ شان تھی کہ ایک ارغوانی رنگ کا قبا جس پر نہایت نازک و نفیس کارچوب کیا گیا تھا زیب بدن تھی۔ سر پر زربفت حاشیہ کا ایک عمل کا بڑا سا عمامہ تھا۔ طلائی زنجیر ایک ہزار اشرفی کے وزن و قیمت کی کمر میں تھی۔ جب وہ اندر پہنچا تو مسعود نے اس کو مبارک باد دی اور اس نے زمین بوس ہوکر موتیوں کا ایک قیمتی آویزہ پیش کیا۔ اس کے بعد مسعود نے اسے فخر وزارت دی اور یہ اسے سر پر رکھ کر باہر آیا۔

اسی وقت جبکہ خواجہ حسن میمندی پر انعامات کی بارش ہو رہی تھی، خواجہ حسنک (جس پر قرمطی ہونے کا الزام لگا گیا تھا) سنگسار کئے جانے کے لئے کشاں کشاں جا رہا تھا، اس حال میں کہ سر پر اس کے ایک عمامہ اور بدن میں ازار تھی، دونوں ہاتھ پشت پر بندھے ہوئے تھے اس کا حسین جسم چاندی کی طرح چمک رہا تھا اور اس کا جوان چہرہ

ہندوستان کی وسعت فتوحات۔ گورنران پنجاب کی خودسری۔ علی ارسلاروق گورنر ہند۔ دربار غزنی کا رنگ

ایک تصویر کے دو رخ

بالکل تصویر نظر آتا تھا۔ آخر کار اس کا سر ایک طشت میں مسعود کے سامنے پیش کیا گیا، اور اس کا جسم دار پر لٹکایا گیا۔ جہاں اس کی ضعیف ماں رو رو کر کہہ رہی تھی کہ "اے میرے بیٹے تو بھی کیسا خوش قسمت ہے کہ ایک بادشاہ (محمود) نے تجھے یہ دنیا دی اور دوسرے فرمانروا (یعنی مسعود) نے دوسری دنیا کا بھی سردار[1] بنا دیا۔"

مسعود کی دریا دلی

الغرض کچھ ایسا تھا دربار غزنی کا رنگ جب محمود اٹھ گیا، لیکن صرف اس عیش و عشرت، اس بدمستی اور بے پرواہی کو معیار قرار دیکر مسعود کی حکومت پر تنقید کرنا غلطی ہوگی۔ کیونکہ وہ بہت اعتبارات سے صحیح معنی میں اپنے باپ کا جانشین تھا۔ اس کی فیاضی و دریا دلی کا یہ عالم تھا کہ لوگ اسے علی ثانی کہتے تھے۔ اور شجاعت کی یہ کیفیت تھی کہ رستم ثانی اس کا عام لقب ہوگیا تھا۔ اس کے جنگی تبر کو کوئی شخص اٹھا نہ سکتا تھا درانحالیکہ وہ خود ایک ہی ضرب سے ہاتھی کو بٹھا دیتا تھا۔ علاوہ اس کے علم و ہنر کا وہ بہت بڑا مربی تھا اور ثروت سے اس نے حسین عمارات تعمیر کرا کے اپنے ملک کو دلھن کی طرح سجا دیا۔ رہا انتظام سلطنت، سو باوجود اس کے کہ پنجاب کی طرف سے ہمیشہ خلش ہی قایم رہی، وہ کبھی ادھر سے غافل نہیں رہا اور جب کسی نے سرکشی کی خود پہونچکر اس کو سزا دی۔

تعمیرات کا شوق

احمد نیالتگین کی بغاوت

جب اریارق حکومت پنجاب سے معزول کیا گیا تو احمد نیالتگین اس کی جگہ مقرر ہوا (یہ محمود کا خزانچی تھا اور اکثر مہموں میں اس کے ساتھ رہ چکا تھا) چلتے وقت خواجہ میمندی نے ہدایت کر دی تھی کہ سیاسی و مالی معاملات میں اُسے دخل دینے کا کوئی حق نہیں ہے۔ کیونکہ اس کا تعلق قاضی شیراز سے رہے گا۔ اس طرف نیالتگین کو تو یہ ہدایت کر دی گئی اور اُدھر خفیہ محکمۂ خبر رسانی کو یہ تاکید کی گئی کہ سارے حالات سے دربار کو آگاہ رکھا جائے، لیکن چونکہ وہ محمود کے ساتھ رہ کر فتوحات کی لذت سے آشنا ہو چکا تھا، اس لئے اس کے لئے نچلا بیٹھنا دشوار تھا۔ چند دن گزرے تھے کہ اس نے اِدھر اُدھر ہاتھ پاؤں چلانے شروع کئے حتےٰ کہ بنارس تک اس نے اپنی تاخت کے حدود کو وسیع کر لیا اور قاضی شیراز سے اس کی چل گئی۔

ممکن تھا کہ مسعود اس کو برداشت کر لیتا۔ لیکن نیالتگین کے حوصلے بڑھتے ہی گئے اور مسعود کو خبر لگی کہ وہ خفیہ طور سے ترکی غلاموں کو خرید کے ان کی ایک جماعت مرتب کر رہا ہے اور اپنے تئیں محمود کا بیٹا ظاہر کرتا ہے۔ علاوہ اس کے چونکہ لاہور کی ساری فوج اس کی مطیع تھی اور ترکمانوں کی ساری جماعت اس کی معاون ہوگئی تھی اس لئے سارے اسباب بغاوت کے فراہم ہو گئے اور ۴۲۴ھ/۱۰۳۳ء میں اس نے سرکشی کا اعلان کر دیا، قاضی شیراز قلعہ بند ہوگیا اور ہر جگہ بدامنی، فساد اور خونریزی نظر آنے لگی۔

ایک ہندو سردار کے کارنامے

جب مسعود کو سارے حالات معلوم ہوئے تو اس نے ایک ہندو سردار تلک کو اس سرکوبی کے لئے مامور کیا

---

[1] کیونکہ وہ شہید ہوا تھا اور مسلمانوں کے عقیدہ میں شہید ہمیشہ مغفور ہوتا ہے۔

تلک ایک ہندو نائی کا لڑکا تھا۔ لیکن نہایت حسین اور خوش تقریر عرصہ تک کشمیر میں رہ چکا تھا اور فارسی میں کافی استعداد رکھتا تھا۔ محمود کے عہد میں وہ خواجہ میمندی کا سکریٹری ہوا اور پھر رفتہ رفتہ جب امیر مسعود کا زمانہ آیا تو وہ مخصوص امرا دربار میں شامل ہوگیا۔ اور طبل و علم اس کو عنایت ہوا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اسوقت ہندو مسلمان کے تعلقات باہمی بہت بڑھ گئے تھے اور مسلمان فرمانرواؤں کی رواداری ہندوؤں کے ساتھ آخری حد تک پہونچ گئی تھی

یالتگین کا قتل

القصہ ملک احمد نیالتگین کی سرکوبی کے لئے روانہ ہوا۔ مسعود بہت فکرمند تھا کیونکہ ادھر مغرب میں سلاجقہ کا خطرہ زیادہ سنگین ہوتا جاتا تھا اور کرمان میں مسعود کی ہندو فوج کے بھاگ جانے سے اسے سخت شکست ہوچکی تھی۔ لیکن ہندوستان کی طرف خیر گذری اور تلک نے نیالتگین کو شکست دے کر اس کا سر غزنی بھیجدیا۔

مسعود کا عزم ہانسی کی طرف

مسعود اس کامیابی سے اس قدر مسرور ہوا کہ اس نے خود ہانسی پر دوبارہ حملہ کرنے کا ارادہ مصمم کرلیا۔ ہرچند وزرا نے اس کو سمجھایا کہ یہ وقت غزنی چھوڑنے کا نہیں۔ کیونکہ اگر سلاجقہ نے خراسان یا اس کا ایک گاؤں لے لیا تو ہانسی پر دس بار جہاد کرنا بھی اس کی تلافی نہیں کرسکتا۔ لیکن مسعود نہیں مانا۔

سلاجقہ کی قوت خراسان میں

مسعود نے خواجہ میمندی کو غزنی میں اپنا قایم مقام اور شہزادہ مودود کو بلخ کا وایسرائے مقرر کرکے ۴۲۵ھ ۱۰۳۴ء میں کابل ہوتے ہوئے ہندوستان کا سفر اختیار کیا۔ راستہ میں وہ بیمار ہوا تو شراب سے توبہ کی اور سارا آبدار خانہ توڑ واکر خم کے خم دریائے جہلیم میں لنڈھا دئے۔ الغرض قلعہ ہانسی پہونچا اور اسے فتح کرکے غزنی واپس آیا۔ یہاں پہونچکر اسے معلوم ہوا کہ واقعی ہانسی جانا اسوقت خلاف مصلحت تھا اور وزرا کا مشورہ بالکل درست تھا۔ اسوقت حالت یہ تھی کہ خراسان سلاجقہ کے ہاتھ میں چلا جارہا تھا، ایران کا مغربی حصہ غزنی کے حلقۂ اطاعت سے اپنے تئیں آزاد کررہا تھا۔ ہرچند مسعود نے امداد کرنے کی بہت کوشش کی لیکن کوئی نتیجہ مرتب نہ ہوا۔ مرو کے قریب اسے شکست ہوئی اور یہ سالم اضطراب میں پھر ہندوستان کی طرف آیا کہ یہاں سے فوج فراہم کرکے بار دگر سلاجقہ کا مقابلہ کرے۔ لیکن جونہی اس نے دریائے سندھ کو عبور کیا، باغی فوج نے اسے گرفتار کرکے اس کے بھائی کو تخت نشین کردیا اور چند دن بعد اسے قتل کردیا۔

مسعود کے بعد دیگرے تخت نشینان محمود کے حالات

اس میں شک نہیں کہ پہلی غلطی تو مسعود نے یہ کی کہ وہ خراسان کی طرف سے منھ موڑ کر ہانسی آیا اور اس سے زیادہ نادانی یہ ہوئی کہ سلاجقہ کے خوف سے اس نے پھر غزنی چھوڑ کر ہندوستان کا ارادہ کیا۔ سلاجقہ نے حقیقتاً اس وقت تک غزنی کا قصد نہ کیا تھا بلکہ وہ صرف ایران کے خواہشمند تھے، چنانچہ وہیں سے وہ واپس گئے۔

اس کے بعد مودود (مسعود کا لڑکا) اپنے باپ کا انتقام لینے کی غرض سے آیا اور اپنے چچا کو گرفتار کرکے تخت نشین ہوگیا۔ مسعود کے بعد اس کے جانشینوں نے ایک صدی سے زاید مدت تک غزنی کے کوہستانی علاقہ پر حکومت کی لیکن ضعف و انحطاط بڑھتا ہی جارہا تھا۔ اور محمود کے کارناموں پر جتنے زاید دن گذر رہے تھے اسی قدر

غفلت وخمول آلِ سبکتگین میں پیدا ہوتا جاتا تھا۔

اس خاندان کے جتنے افراد نے حکومت کی اُن کا ذکر نام بہ نام اس سے قبل ہو چکا ہے لیکن چونکہ مسعود کے بعد کسی کی حکومت سیاسی نقطۂ نظر سے اہمیت نہیں رکھتی۔ اس لئے ہم جداگانہ تنقید نہیں کرتے۔ باعتبار اخلاق و دیگر صفات انسانی کے ان میں سے اکثر فرمانروا عجیب وغریب تھے۔ ابراہیم و بہرام کی طویل مدت سلطنت سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ کم ازکم مرکزِ حکومت میں کوئی تزلزل واقع نہ ہوا تھا جس کا بڑا سبب یہ تھا کہ سلاجقہ کے ساتھ انھوں نے تعلقات ازدواج قایم کر لئے تھے اور اس طرح یہ دونوں خاندان متحد ہو گئے تھے۔ اس کے بعد جب دورِ آخر میں سلطنت غزنی کے لئے باہم بھائیوں میں مخالفت پیدا ہوئی تو سلطان سنجر سلجوقی، ارسلان شاہ کے خلاف بہرام کی مدد کے لئے آیا اور چند دن تک غزنی پر عارضی قبضہ بھی رکھا۔

ہندوستان کی طرف سے بھی کسی خطرہ کا خیال قایم کرنا غلطی تھی۔ کیونکہ محمود کے حملوں نے ہندو راجاؤں کو ایسا معمولی درسِ سبق نہیں دیا تھا کہ وہ آسانی سے فراموش کر دیتے۔ ایک بار تو تقریباً ایک لاکھ ہندوؤں نے ۴۲۵ھ/۱۰۴۳ء میں لاہور پر قبضہ ہی کر لیا تھا۔ لیکن وہ افواج غزنی کی خبر آمد سُنکر منتشر ہو گئے اور اس طرح صوبۂ لاہور آخر دن تک نہ صرف سلطنت غزنی سے متعلق رہا۔ بلکہ آخری فرمانرواؤں نے اسے اپنا دارالحکومت بھی بنالیا۔

باب پنجم

محمود غزنوی کے سترہ حملے

محمود کن کن اوقات میں ہندوستان آیا۔ اس نے کن کن مقامات پر حملے کئے اور حملوں کی تعداد کیا تھی؟ یہ وہ سوالات ہیں جو خاندان غزنی کی تاریخ میں بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں لیکن اسی کے ساتھ کتب تاریخ کے بیانات اس باب میں ایسے پیچیدہ اور اس قدر الجھے ہوئے ہیں کہ آج موجودہ فن تنقید کے لحاظ سے اُن پر اعتماد کرکے اس مسئلہ کے تمام پہلوؤں کو روشنی میں لے آنا سخت دشوار ہوگیا ہے۔

محمود غزنوی کے حملوں کی تعداد اور مورخین کا اختلاف

یہ بالکل صحیح ہے کہ محمود غزنوی نے ہندوستان پر متعدد حملے کئے، یہ بھی غلط نہیں کہ مختلف مقامات پر اس نے تاخت کی۔ لیکن جسوقت یہ جستجو کی جاتی ہے کہ وہ مقامات اُسوقت ہندوستان کے کس حصہ میں پائے جاتے تھے اور اب بھی وہ موجود ہیں یا نہیں تو بہت سی دقتیں رونما ہوجاتی ہیں اور اصل واقعات و مقامات کا سراغ مشکل ہوجاتا ہے۔

محمود کے حملوں کی تعین و تحقیق میں مقامات کے تعین کی اہمیت

عام طور سے یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ محمود نے کل بارہ حملے کئے اور اس تعیین کے لئے سب سے بڑی سند طبقات اکبری کی پیش کی جاتی ہے۔ لیکن لطف یہ ہے کہ ملا نظام الدین احمد نے باوجود تعین شمار کے جہاں اُن حملوں کی تفصیل بیان کی ہے تو وہ کسی طرح سولہ سے کم نہیں ہوتے۔ بہرحال ضرورت ہے کہ شروع سے ان حملوں کا استقصا کرنے کے بعد معلوم کیا جائے کہ اُن کی تعداد کیا تھی۔

پہلا حملہ۔ نظام الدین احمد اور فرشتہ نے ظاہر کیا ہے کہ ۳۹۰ھ میں محمود ہندوستان کی طرف بڑھا اور

بہت سے مقامات پر قبضہ کرکے اور وہاں اپنے عامل چھوڑ کر غزنی واپس آیا۔

اس حملہ کا ذکر صرف انھیں دو مورخوں نے کیا ہے۔ تاریخ یمینی میں اس کا کوئی حال درج نہیں ہے لیکن اس حملہ کے غیر ممکن الوقوع ہونے کے لئے کوئی وجہ نہیں ہے۔

تاریخ یمینی سے ثابت ہے کہ محمود کے باپ سبکتگین نے علاوہ قصدار اور لمغان کے تین حملوں کے (جن کا بیان صراحت سے کیا گیا ہے) اور بھی متعدد حملے ہندوستان پر کئے اور اسوقت بھی جب کہ عنانِ حکومت الپ تگین کے ہاتھ میں تھی یہ دریائے چناب کے ایک ساحلی مقام سودرا تک بڑھ کر تاخت کر چکا تھا۔ پھر اسی کے ساتھ جب اس حقیقت پر غور کیا جاتا ہے کہ محمود کی زندگی شروع ہی سے ان محاربانہ منظر کی عادی تھی اور اس کو معلوم ہو چکا تھا کہ ہندوستان کی آبادی زابلستان کے سپاہیوں کا مقابلہ نہیں کر سکتی تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ تخت نشینی کے بعد تین سال تک ہندوستان کی طرف توجہ نہ کرتا جب کہ گزشتہ تجربات نے یہاں کے ملک کو زیادہ یسیر الحصول ثابت کر دیا تھا۔

محمود ۳۸۷ھ میں تخت نشین ہوا اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اول اول اسے اپنے استحکام اور انتظام سلطنت کی طرف سے فرصت نہ ملی ہوگی کہ وہ دوسرے ممالک کی طرف دست آزد راز کرتا۔ لیکن تین سال کا زمانہ ایسا نہیں ہے کہ وہ اندرون ملک کے تمام معاملات طے نہ کر چکتا۔ اس لئے ملا نظام الدین اور فرشتہ کا بیان اس حملہ کے متعلق جو تخت نشینی کے تین سال بعد وقوع میں آیا، بالکل قرین قیاس ہے اور اس کو باور نہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی۔

اس میں شک نہیں کہ عتبی تاریخ یمینی کا مصنف دربار محمود سے وابستہ تھا اور اس کی کتاب خاندانِ غزنی کی نہایت معتبر تاریخ سمجھی جاتی ہے، لیکن یہ بھی یقینی ہے کہ وہ کسی حملہ میں محمود کے ساتھ نہیں گیا جس کا ثبوت اس سے ملتا ہے کہ جغرافیہ ہندوستان کے متعلق اس کے اکثر بیانات غیر صحیح ہیں اور اسے ہند کے کسی مقام کا صحیح جائے وقوع معلوم نہ تھا۔ لطف یہ ہے کہ اس نے لاہور، اور دہلی ایسے مشہور مقامات کا بھی کہیں ذکر نہیں کیا اور سوائے لفظ "رائے" کے کسی ہندی نام یا لفظ کا استعمال بھی اس کی تاریخ میں نہیں پایا جاتا۔ یہی حال سنہ و تاریخ کا ہے۔ اس لئے عتبی کی فروگزاشت (تردید نہیں) پر یقین کرکے اس حملہ سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ جب کہ طبقات اکبری کی صحت میں مشکل سے کسی مشرقی یا مغربی مورخ کو انکار ہو سکتا ہے۔

چونکہ اس حملہ کا ذکر نہایت مجمل کیا گیا ہے اور کوئی تعیین مقام نہیں کی گئی ہے، اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تاخت صرف سرحدی مقامات پر تھی اور اندرون ملک میں پیشقدمی نہیں کی گئی۔

دوسرا حملہ۔ پشاور اور ویہند پر ہوا۔ شوال ۳۹۱ھ میں محمود غزنوی غزنی سے روانہ ہوا اور ۸ محرم ۳۹۲ھ

دوسرا حملہ پشاور اور ویہند پر

کو پشاور میں ایک سخت جنگ ہوئی۔ جس میں جے پال معہ اپنے پندرہ سرداروں کے گرفتار ہوگیا۔

بعد کے مورخین کا بیان ہے کہ جنگِ پشاور کے بعد وہ بھٹنڈا آیا اور یہاں کا محاصرہ کیا اب سوال یہ ہے کہ واقعی محمود بھٹنڈا تک آیا یا نہیں اور اگر وہ مقام بھٹنڈا نہیں تھا تو کون تھا؟

بھٹنڈا کے متعلق محققین کی رائیں

مسٹر الفنسٹن کا بیان ہے کہ:-

"بھٹنڈا دریائے ستلج سے آگے واقع ہے اور غالباً اس عہد میں یہ کوئی اہم مقام رہا ہوگا"

کرنل ٹاڈ کی رائے ہے کہ:-

"راجہ لاہور، بھٹنڈا میں بھی رہا کرتا تھا"

اگر محمود واقعی بھٹنڈا آیا تو ظاہر ہے کہ اسے پنجاب کے پانچوں دریا عبور کرنے پڑے ہوں گے اور اسی اشکال کے رفع کرنے کے لئے مسٹر الفنسٹن نے یہ تاویل کی ہے کہ:-

چونکہ جنگ پشاور ۲۷ نومبر کو ہوئی تھی اس لئے ظاہر ہے کہ محمود بھٹنڈا آخر ایام سرما میں پہونچا ہوگا اور اس زمانہ میں ہر چند یہ تمام دریا پایاب نہیں ہوجاتے تاہم پانی خشک ہوجانے کی وجہ سے سواروں کے لئے زیادہ دشوار گذار بھی نہیں رہتے"

طبقات اکبری میں بھی بھٹنڈا تحریر ہے اور فرشتہ نے تو یہ بھی ظاہر کیا ہے کہ:-

"راجہ جے پال یہیں رہا کرتا تھا کیونکہ یہاں سے وہ مسلمانوں کے حملہ کا آسانی سے مقابلہ کرسکتا تھا"

فرشتہ کی یہ دلیل بیحد کمزور ہے ظاہر ہے کیونکہ بھٹنڈا پنجاب کا بعید ترین مشرقی مقام ہے اور یہاں رہ کر کبھی مسلمانوں کا مقابلہ آسانی سے نہیں ہوسکتا تھا علی الخصوص اسوقت جبکہ درمیان میں حملہ روکنے کے لئے پانچ دریا بھی حایل تھے۔

طبقات اکبری کی غلطی

واقعہ یہ ہے کہ اس مقام کے تعین میں سب سے پہلے غلطی طبقات اکبری کے مصنف سے ہوئی اور پھر اس سے فرشتہ نے اخذ کرکے تمام بعد کی کتب تاریخ میں پھیلا دی۔

تاریخ یمینی میں اس مقام کا نام بہند اور بہتند تحریر کیا گیا ہے۔ اور ابن اثیر نے بھی وبہند لکھا ہے اور وہ بہند دریائے سندھ کے مغربی ساحل پر پشاور سے صرف تین منزل کے فاصلہ پر واقع تھا اور مشرقی علاقہ قندھار کا صدر مقام ہونے کی وجہ سے خاص اہمیت رکھتا تھا چنانچہ بیرونی، بیہقی، اور ابوالفدا نے بھی اس مقام کا ذکر کیا ہے اب بھی یہ مقام موجود ہے اور وہاں کے لوگ عام طور سے اُسے ہوند کہتے ہیں۔

تیسرا حملہ بھیرا پر

تیسرا حملہ ۔ ۳۹۵ھ میں بھیرا پر ہوا جسے عام طور سے مورخین نے بھاٹیا، بھٹیا، بھٹنا تحریر کیا ہے

برگس نے تاریخ فرشتہ کا ترجمہ کرتے ہوئے اس مقام کی تعیین سے معذوری ظاہر کی ہے۔ مسٹر الفنسٹن نے ظاہر کیا ہے کہ:-

"یہ مقام صوبۂ لاہور کے ماتحت ملتان کے جنوب میں واقع تھا"

برڈ نے اس کو بھٹینر سے تعبیر کیا ہے جو صحرائے بیکانیر کے انتہائی شمال میں واقع ہے ہیبر پرگسٹال نے بھاولپور سمجھا ہے۔

فرشتہ نے لکھا ہے کہ "محمود غزنوی حدودِ ملتان سے گذر کر بھٹیا پہونچا اور یہاں کا راجہ لاہور کے راجہ سے مختلف تھا لیکن دوسری جگہ وہ ظاہر کرتا ہے کہ سلطنتِ لاہور کشمیر سے ملتان تک وسیع تھی اور یہاں کا راجہ دریائے سندھ کے ساحل پر ایک جنگل میں چھپ گیا"

عتبی کا بیان ہے کہ:-

"محمود دریائے سندھ کو عبور کرکے بھٹیا پہونچا اور یہاں کے راجہ نے بھاگ کر کسی پہاڑ میں پناہ لی"

یہ تمام بیانات قرین قیاس نہیں ہیں کیونکہ:-

(۱) ملتان کے جنوب میں کسی مقام کا لاہور سے متعلق ہونا بالکل خلاف قیاس ہے جب کہ ملتان آپ خود مختار تھا۔

(۲) محمود کو کیا ضرورت تھی کہ وہ پنجاب کے متعدد دریاؤں کو صرف اس لئے عبور کرتا کہ صحرائے بیکانیر کے ایک معمولی مقام پر قابض ہو جائے۔

(۳) یہ کیونکر ممکن ہے کہ محمود اس قدر آسانی سے بھاولپور پہونچ جاتا جب کہ راستہ میں سارا ملک جنگ آزما دشمنوں سے بھرا پڑا تھا۔

(۴) راجہ بھٹیا کس طرح اپنے قلعہ کو چھوڑ کر ایک صحرا میں پناہ لینا مناسب سمجھتا۔ یا

(۵) وہ پہاڑ میں کیونکر چھپ جاتا جب کہ اس کے چاروں طرف سو سو کوس سے زاید کہیں کسی پہاڑ کا پتہ نہیں ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اس نام کے پڑھنے میں مورخین نے غلطی کی ہے۔ اصل میں اس کا نام بھیرا ہے جو دریائے جہلم کے بائیں ساحل پر کوہستانِ نمک کے نیچے واقع ہے اور اب بھی وہاں کے کھنڈر اس کی قدامت کا پتہ دیتے ہیں خلاصۃ التواریخ میں بھیرا ہی لکھا ہے اور مسٹر ڈو نے تاریخ فرشتہ کے جس نسخہ سے ترجمہ کیا ہے اس میں لکھا ہے کہ

"ہرچند محمود نے بھٹیا کا قصد کیا تھا لیکن وہ اتفاق سے شہر تہیرہ پہونچ گیا"

چونکہ تھیرہ اور بھیرہ میں تجنیسِ خطی موجود ہے اس لئے ممکن ہے کہ غلطی سے بھیرہ کو تہیرہ لکھ دیا ہو۔

یہاں ایک خیال اور پیدا ہو سکتا ہے اور وہ یہ کہ پہلے بھیرہ کا نام بھٹیار رہا ہو کیونکہ اب بھی اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ کسی زمانہ میں یہاں بھٹی راجپوت رہتے تھے اور دریائے چناب پر پنڈی بھٹیان کا وجود اسکی کافی شہادت ہے

تعیین مقام میں مورخین کی غلطی

نام کے پڑھنے میں مورخین کی غلطی

عتبی، ابن اثیر اور بیرونی نے بھی بھٹیا لکھا ہے لیکن موجودہ جغرافیہ کے لحاظ سے اس کو اب بھیرہ ہی تسلیم کرنا پڑ گیا۔ چونکہ ملتان کا علاقہ کوہستان نمک (Salt Range) تک وسیع تھا اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ محمود غزنی سے چلکر بنو آیا ہوگا اور یہاں سے خرم ہوتا ہوا اور عیسیٰ خیل کے قریب دریائے سندھ کو عبور کرتا ہوا براہ خوشاب و شاہپور بھیرہ آگیا ہوگا۔

چوتھا حملہ ملتان پر

چوتھا حملہ۔ ۳۹۶ھ میں ملتان پر ہوا۔ ابن اثیر اور مصنف حبیب السیر نے بھٹیا اور ملتان کا محاصرہ ایک ہی سال میں ظاہر کیا ہے لیکن عتبی کے بیان سے واضح ہے کہ اس جدید حملہ ملتان کے لئے خاص طیاریاں علٰحدہ کی گئی تھیں۔

اس زمانہ میں ملتان کا گورنر ابو الفتوح یا ابو الفتح تھا۔ یہ بت پرست تو نہیں تھا لیکن قرامطہ[1] میں سے تھا۔ البیرونی کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ "اس حملہ سے قبل ملتان پر قرامطہ کی حکومت تھی اور انھوں نے خلفائے بنی امیہ کے عہد کی بنی ہوئی مسجد کو بند کر دیا تھا۔ محمود غزنوی نے قرامطہ کا استیصال کیا تو یہ مسجد پھر کھولی گئی اور لوگ نماز پڑھنے لگے"۔

سوائے طبقات اکبری اور خلاصۃ التواریخ کے دیگر کتب تاریخ میں قرامطہ کے بجائے ملاحدہ لکھا ہے،

---

[1] قرامطہ جمع ہے قرمطہ کی۔ چونکہ قرمطہ کے لغوی معنی ہیں "تنگ و تاریک تحریر" کے اس کا بانی بھی خفیہ طور سے اپنے مذہب کی تلقین کرتا تھا۔ اس لئے وہ قرمطہ کے نام سے مشہور ہو گیا۔

تیسری صدی ہجری میں ایک ایرانی عبداللہ بن میمون نے اسماعیلیہ مذہب اختیار کیا اور پھر اس کے بیٹے احمد کے ایک مبلغ حسین الاہوازی سے، ہمدان قرمطہ نے اس مذہب کے اصول سیکھ کر فرقۂ قرامطہ کی بنیاد ڈالی۔ عبداللہ ابن میمون کا مقصود یہ تھا کہ کسی طرح وہ عربوں کی قوت اور اسلام کے اثرات کو ضعیف کر دے اور اس لئے اس نے ایک خفیہ سوسائٹی قائم کی اور چونکہ سواد عراق ایسے فتنوں کی پرورش کے لئے زیادہ موزوں جگہ تھی اس لئے اس سوسائٹی کا نشو و نما یہیں ہوا اور اسی جگہ اس نے ترقی کی۔

عبداللہ کی تعلیم یہ تھی کہ ہر وقت کسی نہ کسی امام کا موجود رہنا ضروری ہے خواہ علانیہ طریقہ سے ہو یا خفیہ طور پر۔ اسماعیل کو وہ آخری امام قرار دیتا تھا اور کہتا تھا کہ اس کے بعد آنے والا امام پوشیدہ ہے۔ اور اس کے اصول اس کے داعیوں کے ذریعہ سے ملک میں پھیلائے جاتے تھے۔ انھیں داعیوں میں سے ہمدان قرمطہ تھا احمد بن عبداللہ برائے نام سردار تھا اور سارا کام یہی ہمدان کرتا تھا۔ جو لوگ اس مسلک کو اختیار کرتے تھے۔ انھیں خفیہ اصول کی تعلیم تدبیر کے ساتھ دی جاتی تھی پہلے اُنسے اطاعت کا حلف لیا جاتا تھا اور کچھ رقم بطور فیس کے وصول کی جاتی تھی۔ (بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۹۱ پر ملاحظہ کیجئے)

چونکہ ملاحدہ ایک عام لفظ ہے جس میں قرامطہ بھی داخل ہیں (ہرچند مورخین مابعد نے صرف اسماعیلیہ طبقہ کو ملاحدہ سے تعبیر کیا ہے) اس لئے یہ امر متفقہ طور سے ثابت ہے کہ حملۂ ملتان کے وقت یہاں قرامطہ کی حکومت تھی اور ان کا سردار ابوالفتح تھا۔

اس کا نام داؤد تھا اور شیخ حمید لودی کا (جس کی نسبت بیان کیا گیا ہے کہ اس نے امیر سبکتگین کی اطاعت اختیار کرلی تھی) پوتا تھا۔ اس نے راجہ انندپال کو اپنی مدد کے لئے بلایا اور محمود کا مقابلہ کیا۔ محمود نے پشاور کے قریب انندپال کو شکست دیکر سودرا (دریائے چناب کے ایک ساحلی مقام) تک تعاقب کیا اور پھر یہاں سے بہیرہ[1] ہوتا ہوا ملتان پہونچا۔

ابن اثیر، میرخوند، اور حیدر رازی کا بیان ہے کہ داؤد بھاگ کر سرانديپ چلا گیا لیکن عتبی کہتا ہے کہ وہاں

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۹۰)

تعلیم کے سات درجے مقرر تھے۔ پہلے درجہ میں صرف یہ بتایا جاتا تھا کہ قرآن ایک راز ہے اور اس کے سمجھنے کے لئے کسی معلم کی ضرورت ہے دوسرے درجہ میں یہ تعلیم دیجاتی تھی کہ قرآن کی جو تعلیم اس سے قبل دی گئی ہے غلط ہے اور صرف وہی اصول درست ہیں جو اماموں کے ذریعہ سے سینہ بہ سینہ پہونچے ہیں۔ تیسرے درجہ کی تعلیم یہ تھی کہ امام صرف سات ہیں اور شیعہ اس سے زیادہ تعداد بتانے میں غلطی کرتے ہیں۔ چوتھے درجہ میں یہ بتایا جاتا ہے کہ ہر امام کا ایک پیغامبر ہوا کرتا تھا اور آخری امام کا پیغامبر عبداللہ تھا۔ پانچویں درجہ میں احادیث وسنن کی طرف سے منحرف کیا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ ساتویں درجہ میں پہونچکر ایک شخص بالکل ملحد ہوجاتا تھا۔

سنہ ۲۹۰ھ میں انھوں نے شام پر سخت حملہ کیا اور سنہ ۳۱۱ھ میں بصرہ اور کوفہ کو غارت کرکے ابوطاہر کو اپنا پیشوا بنایا اور مکۂ معظمہ پر تاخت کرکے حجر اسود وہاں سے اٹھا کرلے گئے۔ عباسی خاندان کا بیسواں خلیفہ الراضی ان لوگوں کو سالانہ معقول رقم صرف اس لئے دیا کرتا تھا کہ وہ حاجیوں کو حج کرنے دیں۔ ہلاکو اور منگوخاں نے قرمطی اور اسماعیلی فرقہ کو بہت تباہ کیا۔ لیکن ان میں سے بقیۃ السیف (حسب بیان بیرونی) وادی سندھ میں آکر پھیل گئے۔ اور ملتان پر قابض ہوگئے۔

یہی جماعت تھی جس کے سردار ابوالفتح کو محمود غزنوی نے مغلوب کیا۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ ان کی نسل بالکل مفقود نہیں ہوئی تھی۔ کیونکہ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ غلام خاندان کے زمانہ میں پھر انھوں نے جامع مسجد دہلی پر حملہ کیا تھا۔ اب ہندوستان میں تو ان کا کہیں وجود نہیں ہے۔ لیکن ان کے بعض اصول بوہرہ قوم میں پائے جاتے ہیں۔ علاوہ یہاں کے زنجبار، شام، ایران و عرب کے بعض حصوں میں بھی بعض فرقے ایسے ہیں، جنھیں قرامطہ، یا اسماعیلیہ گروہ کی بگڑی ہوئی جماعتوں سے تعبیر کرنا چاہئے۔

[1] اس جگہ بھی مورخین نے بھٹنڈا لکھا ہے جو صحیح نہیں ہے کیونکہ سودرا سے ملتان جانے کے لئے بھٹنڈا کا راستہ بالکل نامناسب پیچیدہ اور دور دراز ہے، بھیرہ ہوتے ہوئے البتہ سیدھا راستہ تھا۔

سے دو کرور درہم جرمانہ وصول کیا گیا فرشتہ نے لکھا ہے کہ بیس ہزار دینار خراج مقرر کر کے آیندہ کے لئے قرمطی عقاید سے توبہ لی گئی اگر عنصری کے شاعرانہ مبالغہ کو صحیح سمجھا جائے تو ماننا پڑے گا کہ اس حملہ میں محمود نے دو سو قلعے فتح کئے۔

پانچواں حملہ نواسہ شاہ کے خلاف

پانچواں حملہ۔ ۳۹۸ھ میں نواسہ شاہ کے خلاف عمل میں آیا۔ محمود اپنے چوتھے حملہ (فتح ملتان) سے فارغ ہی ہوا تھا کہ ایلک خاں نے ملک غزنی پر حملہ کیا۔ محمود یہ خبر سنکر غزنی واپس گیا اور ہندوستان کے مقبوضات سیوک پال (یا بقول فرشتہ سکھ پال) کے سپرد کر گیا۔

سکھ پال کو پشاور میں ابو علی سنجری نے قید کر کے مسلمان کر لیا تھا اور اسی بنا پر محمود اس کو اپنا قایم مقام بنا گیا تھا۔ لیکن جب ایلک خاں کے مقابلہ سے فارغ ہوا تو اُسے معلوم ہوا کہ سکھ پال مرتد ہو گیا ہے اس لئے اسنے پھر ہندوستان کا قصد کیا اور سکھ پال سے چار لاکھ درہم تاوان لیکر قید کر لیا۔

ڈاکٹر برڈ، اس مہم سے انکار کرتے ہوئے حملہ ملتان ہی میں اسے شامل کرتے ہیں لیکن عتبی، میر خوند، خوندمیر اور فرشتہ نے صراحتہً اس حملہ کا الگ ذکر کیا ہے اس لئے انکار کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی۔

ڈاکٹر برڈ نے ایک دلیل اور یہ بھی پیش کی ہے کہ نواسہ شاہ، ابوالفتح کو کہا کرتے تھے (کیونکہ وہ شیخ حمید لودی کا نواسہ تھا) اور ابوالفتح حملہ ملتان ہی میں مغلوب ہوا تھا لیکن اس دلیل کی کمزوری اس سے ظاہر ہے تمام موخین نے لکھا ہے کہ نواسہ شاہ بھی بت پرستی کرنے لگا تھا اس لئے محمود نے حملہ کیا۔ اگر نواسہ شاہ سے ابوالفتح مراد ہو تو اس کے متعلق یہ فقرہ بیکار ہو جاے گا۔ کیونکہ اگر وہ اسلام سے پھر تا تو قرمطی ہو جاتا (جیسا کہ وہ پہلے تھا) نہ کہ بت پرستی کرنے لگتا۔ پھر یہ کیا ضرور ہے کہ صرف ابوالفتح کو نواسہ شاہ کہا جائے۔ ممکن ہے کہ سکھ پال کو بھی نواسہ شاہ کہتے ہوں کیونکہ وہ داماد جے پال کا نواسہ تھا۔

مسلمان ہونے کے بعد سکھ پال کا نام کیا رکھا گیا اس میں مورخین کا اختلاف ہے بعض نے آب سہا آب سار لکھا ہے اور بعض نے نواسہ شاہ۔ بہر حال اسلام لانے کے بعد اس کا نام جو کچھ بھی رکھا گیا ہو لیکن یہ یقینی ہے کہ وہ سکھ پال کا نواسہ تھا کیونکہ عتبی نے مہم قنوج کے بیان میں لکھا ہے کہ:-

"بھیم پال (جے پال کے پوتے) نے اس بات کی شکایت کی تھی کہ میرے چچا کو جبراً مسلمان کیا گیا"

شاہ کا خطاب ممکن ہے خود محمود نے دیا ہو۔

چھٹا حملہ کانگڑہ پر

چھٹا حملہ۔ ۳۹۹ھ میں نگرکوٹ پر کیا گیا اس حملے کے ابتدائی واقعات یمینی، حبیب السیر اور تاریخ فرشتہ

میں کچھ اختلاف کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں۔ لیکن ہم یہاں فرشتہ سے اس کے واقعات مختصر طور پر بیان کرتے ہیں اور پھر اس پر تنقید کریں گے۔

۳۹۹ھ میں محمود نے انند پال کو سزا دینے کے لئے (جس نے حملہ ملتان کے وقت سخت مخالفت کا اظہار کیا تھا) افواج فراہم کیں۔ انند پال نے اجین، گوالیار، کالنجر، قنوج، دہلی اور اجمیر کے ہندو راجاؤں کو اپنا شریک کرلیا اور بڑی فوج کے ساتھ پنجاب کی طرف بڑھا۔ گکھڑوں کی جماعت بھی ہندوؤں کے ساتھ ہوگئی تھی۔

اس جنگ میں نہ صرف ہندو راجاؤں نے اپنی ساری قوت صرف کردی بلکہ اُن کی عورتوں نے بھی زیور بیچ بیچ کر مجاہدین کفر کی اعانت میں بہت بڑا حصہ لیا ـــــ صحرائے پشاور اس یادگار جنگ کے لئے منتخب کیا گیا اور چالیس دن کی طیاریوں کے بعد لڑائی شروع ہوئی۔ اسمیں شک نہیں کہ محمود کی قلیل فوج ہندوؤں کے اس بحر ذخار سے بمشکل جانبر ہوسکتی لیکن اتفاق سے انند پال کا ہاتھی تیروں کی بارش اور روغن نفط کے شعلوں سے ڈر کر بھاگا اور اس طرح تمام ہندو سپاہ کے پاؤں اُکھڑ گئے اور تیس ہاتھیوں کے علاوہ اور بہت سا مال غنیمت ہاتھ آیا۔ اس کے بعد محمود غزنوی، نگرکوٹ روانہ ہوا جس کا قلعہ "قلعۂ بھیم" کے نام سے مشہور تھا۔ تین دن کے محاصرہ کے بعد یہ قلعہ بھی فتح ہوا اور بے اندازہ دولت ہاتھ آئی۔

مسٹر الیٹ کی رائے ہے کہ:۔

"یہ جنگ بھی غالباً دریائے سندھ یا دریائے ویہند کے قریب ہوئی ہوگی کیونکہ پشاور مسلمانوں کے قبضہ میں پہلے سے موجود تھا اور اس کے صحرا میں جنگ کا ہونا قرین قیاس نہیں ہے یقیناً محمود نے اپنے ملک کے حدود سے آگے بڑھ کر یہ جنگ کی ہوگی جو جارحانہ اقدام کے لئے ضروری ہے"۔

رہا گکھڑوں کا شریک ہونا، سو یہ بھی بالکل قرین قیاس ہے۔ لیکن ڈاکٹر برڈ کا یہ خیال کہ گکھڑ موجودہ جاٹوں کے مورث اعلیٰ تھے کسی طرح صحیح نہیں ہوسکتا۔

فتح نگرکوٹ کے متعلق تمام مورخین کا اتفاق ہے اور یہ وہی مقام ہے جسے اب کوٹ کانگڑا کہتے ہیں۔ قصبۂ بھیم جو قلعہ سے ایک میل کے فصل پر واقع ہے اس جگہ تھا جہاں اب بھوان آباد ہے۔

ڈاکٹر برڈ نے بیان کیا ہے کہ:۔

"اگر فرشتہ کا یہ بیان صحیح ہے کہ محمود جنگ پشاور سے فارغ ہوکر نگرکوٹ گیا تو یقیناً یہ ۴۰۰ھ کا واقعہ ہوگا جیسا کہ طبقات اکبری اور حبیب السیر سے ثابت ہوتا ہے۔ چونکہ محمود موسم بہار میں غزنی سے روانہ ہوا تھا اور تین چار ماہ پشاور ہی میں صرف ہوگئے تھے اس لئے اس کے بعد بارش کا زمانہ شروع ہوگیا ہوگا اور پھر دوسرے سال کے موسم بہار میں نگرکوٹ کا قصد کیا ہوگا"۔

اول تو طبقات اکبری اور حبیب السیر سے کہیں اس کی تصدیق نہیں ہوتی کہ نگرکوٹ کا حملہ ۴۰۰ھ میں ہوا لیکن اگر ڈاکٹر برڈ نے کسی نسخہ میں دیکھا ہو تو بھی ہمیں دیکھنا چاہئے کہ یمینی کا کیا بیان ہے جو تمام کتب مابعد کا ماخذ ہے اس نے صاف صاف لکھا ہے کہ:-

"محمود تعاقب کرتا ہوا قلعۂ بھیم نگر تک پہونچ گیا"

یعنی جنگِ پشاور اور بھیم نگر ایک ہی سلسلہ میں واقع ہوئیں۔

رہا سوال موسم بہار کا سو ڈاکٹر برڈ نے یہ خیال نہیں کیا کہ جس فصل کو ایک یورپین موسم بہار سمجھتا ہے وہ ایشیا میں خزاں ہے اور جسے وہ خزاں سے تعبیر کرتا ہے وہ یہاں کی فصلِ بہار ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ محمود ربیع الآخر (دسمبر کے آخر) میں غزنی سے چلکر شروع فروری میں دریائے سندھ تک آیا اور مارچ تک نگرکوٹ کی مہم سے فارغ ہوکر قبل آغازِ گرما غزنی واپس گیا۔ معلوم نہیں بارش کی ابتدا ڈاکٹر برڈ نے کس حساب سے معلوم کی۔

ساتواں حملہ نارائن کا

ساتواں حملہ ۔ ۴۰۰ھ میں نارائن کا ہے۔ طبقات اکبری اور تاریخ فرشتہ میں اس حملہ کا ذکر نہیں ہے۔ یمینی، روضۃ الصفا اور حبیب السیر میں اس کا مختصر حال بیان کیا گیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ محمود نارائن کی طرف کوچ کرکے "وسطِ ہند" تک پہونچ گیا۔ اور بہت سے سرداروں کو اپنا مطیع بناکر اور کثیر مالِ غنیمت حاصل کرکے غزنی واپس گیا۔

اس حملہ کے متعلق سب سے زیادہ اہم سوال یہ ہے کہ نارائن کس جگہ واقع تھا اور اب وہ کہاں پایا جاتا ہے۔ مسٹر لیٹ نے بعد تحقیق یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ نارائن سے مراد نھلواڑہ ہے جو گجرات کا صدر مقام تھا لیکن جنرل کننگھم نے اپنی رپورٹ آثار قدیمہ (۱۸۶۴-۶۵ء) میں اس کی تردید کرکے البیرونی اور ایک چینی سیاح کے بیان سے ثابت کردیا ہے کہ اس سے مراد موجودہ نارائن پور (بیرات یا دیرات کا صدر مقام) ہے

آٹھواں حملہ ملتان کا

آٹھواں حملہ ۔ ۴۰۱ھ میں ملتان پر کیا گیا۔ اس حملہ کا ذکر یمینی، روضۃ الصفا اور حبیب السیر میں نہیں ہے۔ صاحب طبقات اکبری اور فرشتہ نے اس کا ذکر کیا ہے کہ:-

"۴۰۱ھ میں فتح غور کے بعد محمود ملتان آیا اور بہت سے قرامطہ و ملاحدہ کو تہ تیغ کرکے ابوالفتح داؤد بن نصیر کو قید کرلیا اور پھر اسے قلعۂ غور میں بھیجدیا"

نواں حملہ نندونہ یا نارائن کا

نواں حملہ ۔ ۴۰۴ھ میں نندونہ یا نارائن پر ہوا۔ اس مقام کا نام ابن اثیر، یمینی اور حبیب السیر نے نارائن ظاہر

کیا ہے۔ نظام الدین احمد اور فرشتہ نے قلعہ نندونہ تحریر کیا ہے۔

فرشتہ نے اس سے قبل ۴۰۲ھ میں حملہ تھانیسر کا بھی ذکر کیا ہے۔ لیکن یمینی نے اس کا ذکر مہم نارد ین کے بعد کیا ہے اور یہی درست معلوم ہوتا ہے۔

آٹھویں اور نویں حملہ کے درمیان تین سال کا فصل ہے۔ اس اثناء میں محمود نے کوئی حملہ نہیں کیا اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ محمود اور انند پال کے درمیان معاہدۂ صلح ہوگیا تھا۔ جب ۴۰۴ھ میں انند پال کا انتقال ہوگیا اور اس کا لڑکا فرمانروائے لاہور ہوا (جیسا کہ فرشتہ کے بیان سے ظاہر ہے) تو محمود نے ہندوستان کی طرف توجہ کی۔ یمینی جس نے مفصل حال اس حملہ کا بیان کیا ہے ۴۰۴ھ میں اس کا وقوع ظاہر کرتا ہے۔ اور تمام مورخین نے اس کا تتبع کیا ہے اس حملہ کے مجمل واقعات یہ ہیں کہ :-

موسم خزاں کا اختتام تھا کہ محمود لشکر گران کے ساتھ ہندوستان کی طرف روانہ ہوا اتفاق سے سرحد ہندوستان کے قریب آکر سخت برف باری ہوئی اور بمشکل تمام دو ماہ میں ویران جنگلوں اور عمیق دریاؤں کو طے کرکے قلعۂ نارد ین پر پہونچا (جو کوہ بالاناتھ[1] پر واقع ہے) یہاں کا حاکم بقول یمینی "نڈر بھیم" تھا اور طبقات اکبری میں اس کا نام پورجیپال لکھا ہے۔ بہرحال جب محمود نے اس قلعہ کا محاصرہ کیا تو وہ درۂ کشمیر میں بھاگ گیا۔ محمود قلعہ کے اندر داخل ہوا۔ اور سار دغ کو یہاں کا گورنر مقرر کرکے خود پورجیپال کے تعاقب میں درۂ کشمیر کی طرف چلا۔ لیکن وہ یہاں سے بھی بھاگ گیا اور محمود کو کثرت سے غلام دستیاب ہوئے اس کے بعد وہ غزنی واپس گیا۔

یمینی نے قلعۂ نندونہ یا نارد ین کے حاکم کا نام نڈر بھیم لکھا ہے اور صاحب طبقات اکبری نے پورجیپال۔ لیکن غور کرنے سے یہ اختلاف دور ہوجاتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ نڈر بھیم یہاں کا گورنر تھا جس کو چھوڑ کر جیپال (یہاں کا فرمانروا) درۂ کشمیر میں چلا گیا اور چونکہ یمینی سے یہ بھی ثابت ہے کہ پورجیپال کا لڑکا بھیم پال کہلاتا تھا اس لئے بھیم پال اور گورنر نارد ین دونوں ایک ہی شخص تھے۔ نڈر کا لفظ غالباً صرف اس صفت کے طور پر نام کے ساتھ شامل ہوگیا جس سے اس کی جرأت و بہادری ظاہر کرنی مقصود تھی۔

دسواں حملہ۔ ۴۰۵ھ میں تھانیسر پر کیا گیا۔ حبیب السیر میں اس حملہ کا بھی وہی سال (یعنی ۴۰۴ھ) تحریر کیا ہے جو نویں حملہ کا ظاہر کیا جاتا ہے۔ روضۃ الصفا میں ۴۰۵ھ تحریر ہے۔ یمینی نے حملۂ بالاناتھ کے بعد اس کا ذکر کیا ہے لیکن درمیان میں واپسی غزنی کا حال اس نے بیان نہیں کیا۔ لیکن اس سے یہ خیال کرنا کہ محمود قلعۂ بالاناتھ

دسواں حملہ تھانیسر کا

حاکم نندونہ کے نام کے متعلق مورخین کا اختلاف

---

[1] بالاناتھ ایک پہاڑی ہے جو دریائے جہلم کے قریب واقع ہے اب اُسے ٹیلہ کہتے ہیں اور بعض لوگ بالاناتھ کے نام سے بھی پکارتے ہیں

فتح کرکے سیدھا تھانیسر کی طرف آیا۔ صحیح نہیں ہوسکتا کیونکہ موسم بارش کی وجہ سے وہ ایسا کرنے سے معذور تھا۔

حملہ کی تفصیل

تاریخ الفی نے اس حملہ کا ذکر ہی نہیں کیا۔ ہم فرشتہ سے یہاں مختصر واقعات اس حملہ کے بیان کرتے ہیں:۔

"محمود کو معلوم ہوا کہ تھانیسر میں ایک بڑا زبردست مندر ہے اور وہاں بہت بت پائے جاتے ہیں اسلئے محمود نے پھر ہندوستان کا قصد کیا۔ اسنہ میں راجہ انند پال کا لڑکا بھی پڑتا تھا جس سے صلح ہوچکی تھی اسلئے محمود نے اس کو اپنے ارادہ سے اطلاع دی تاکہ فوج کے گزرتے وقت اس کے ملک کو نقصان نہ پہونچے اور وہ اپنا انتظام کرلے۔ راجہ انند پال نے اپنی سلطنت میں احکام نافذ کردئے کہ جس وقت عسکر سلطانی گزرے اس کے قیام اور آرام کا بندوبست کیا جائے لیکن اسی کے ساتھ اپنے بھائی کو (دو ہزار گھوڑے بطور تحفہ کے لیکر) محمود کے پاس بھیجا اور درخواست کی کہ "تھانیسر کا مندر ہندوؤں کا بہت مقدس مقام ہے اس لئے اگر وہ اُسے تباہ نہ کرے (جیسا کہ نگرکوٹ میں احتراز کیا گیا تھا) تو میں وعدہ کرتا ہوں کہ جو خراج وہاں کا مقرر کیا جائے گا ہر سال غزنی پہونچتا رہے گا اور علاوہ اس کے میں خود بھی پچاس ہاتھی معہ کثیر زر و جواہر کے پیش کروں گا۔"

محمود نے اس درخواست کو نہیں مانا اور راجۂ دہلی نے تمام راجاؤں کو اطلاع دیکر حملہ روکنے کی تدابیر شروع کردیں۔ لیکن وہ ابھی تدابیر ہی میں مصروف تھے کہ محمود یلغار کرتا ہوا تھانیسر پہونچ گیا اور جو کچھ اس نے ارادہ کیا تھا اسے کرگزرا۔ اس کے بعد محمود نے دہلی پر حملہ کرنے کا عزم کیا لیکن امراء نے مشورہ نہیں دیا۔ اور محمود غزنی واپس چلا گیا۔"

عزم دہلی کے متعلق تاریخوں کا اختلاف

یمینی اور اس کے عہد کی دوسری تاریخوں میں عزم دہلی کا ذکر کہیں نہیں ہے اور فرشتہ کا مجرد بیان اس باب میں قابل تسلیم نہیں ہوسکتا۔

تاریخ یمینی کا بیان درست نہیں

یمینی نے اس حملہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:۔

"محمود ایک لق و دق صحرا سے گزرا جس میں نام کو کہیں پانی نہ تھا اور تھانیسر پہونچا۔ اس کے نیچے ایک ندی جاری تھی جس کی تہ میں بڑے بڑے پتھر پائے جاتے تھے اور ساحل سخت سنگلاخ اور بلند تھے۔ محمود اس ندی پر اس جگہ پہونچا جہاں وہ ایک کوہستانی درہ سے نکلتی ہے۔"

اگر اس حصۂ ملک کی جغرافی حیثیت وہی تسلیم کی جائے جو یمینی نے ظاہر کی ہے تو تھانیسر کی مطابقت اس سے نہیں ہوتی۔ کیونکہ اگر محمود ریگستان راجپوتانہ کے بالائی حصہ کو عبور کرکے آیا ہوگا تو اُسے کوئی دریا اس انداز کا نہ ملا ہوگا اور اگر یہ دریا ملا (جو یقیناً چناب تھا) تو پھر صحرا کو عبور کرنا غلط قرار پائے گا۔

چونکہ یمینی خود اس مہم میں شریک نہ تھا اس لئے اس کا بیان یہاں کی جغرافیہ کے متعلق درست نہیں ہوسکتا ممکن ہے

کہ اس سے کسی نے غلط بیان کر دیا ہو۔

اس حملہ کی وجہ جو فرشتہ نے ظاہر کی ہے، بیان ہو چکی ہے۔ میر خوند نے تھانیسر کا نام کہیں درج نہیں کیا اور صرف اس قدر لکھا ہے کہ:۔

"سلطان بار دگر عزم دیار ہند کرد، چہ جماعتے علیہ او رسانیدند کہ دراں نواح بیشتر فیلانے ہستند کہ آنہا را افیال مسلمانان خوانند و والی آں بقعہ کافر مشہور است۔ سلطان بعد از قطع منازل بداں دیار رسیدہ با حاکم آنجا محاربہ نمود و با اموال بسیار بہ غزنین مراجعت نمود"

میر خوند کا بیان

اس بیان میں سب سے عجیب بات "افیال مسلمانان" کا ذکر ہے۔ یونیورسل ہسٹری نے اس کی یہ تاویل کی ہے کہ ان ہاتھیوں کا نام مسلمان اس لئے رکھا گیا تھا کہ وہ نہایت مطیع اور وفادار تھے۔ ڈاکٹر برڈ نے بجائے لفظ مسلمان کے سلیمان لکھا ہے۔ جامع التواریخ میں بھی مسلمان لکھا ہے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اصل ماخذ میں کتابت کی غلطی سے مورخین مابعد کو یہی سنا ہوا لکھ دینا پڑا۔ ابن اثیر اور عتبی نے بھی ان ہاتھیوں کا ذکر کیا ہے۔ لیکن بجائے مسلمان کے سلیمانی یا سلیمانی تحریر کیا ہے اور یہی بیان قابل تسلیم ہے کیونکہ غالباً سلیمان یا صلیمان سے مراد سیلان ہے جو سیلون یا لنکا کا معرب نام ہے۔ اور سیلانی ہاتھی سے سیلانی یعنی سیلون کا ہاتھی مراد ہوگا۔

افیال مسلمانان کی تشریح

گیارھواں حملہ۔ ۴۰۶ھ میں لوہ کوٹ[1] پر کیا گیا۔ اس حملہ سے مقصود یہ تھا کہ کشمیر کے اندر داخلہ ہو جائے لیکن اس مقصد میں کامیابی نہیں ہوئی اور محمود صرف لوہ کوٹ تک پہونچ کر واپس آیا۔

لوہ کوٹ کا حملہ

یمینی روضۃ الصفا اور حبیب السیر میں اس حملہ کا ذکر نہیں ہے صرف تاریخ الفی، طبقات اکبری اور فرشتہ میں کیا گیا ہے۔ طبقات اکبری میں اس مقام کا نام صرف کوٹ اور فرشتہ میں لکھر کوٹ تحریر ہے۔

مورخین کا اختلاف

فرشتہ نے اس حملہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:۔

"۴۰۶ھ میں محمود نے کشمیر کے اندر داخل ہونے کے لئے قلعہ لوہ کوٹ کا محاصرہ کیا جو اپنی بلندی اور مضبوطی کے لحاظ سے مشہور تھا لیکن اس وقت شدت سے برفباری ہوئی اس لئے محمود کو محاصرہ اٹھا کر غزنی واپس جانا پڑا۔ واپسی میں وہ راستہ بھول گیا اور ایسے مقام پر پہونچا جہاں پانی ہی پانی نظر آتا تھا۔ بمشکل تمام اس سے نجات ملی لیکن اسکی فوج کا بڑا حصہ غرق ہو گیا۔

---

[1] ۴۱۳ھ کے چودھویں حملہ میں بھی لوہ کوٹ کا ذکر کیا گیا ہے اور اسوقت بھی کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔

ان دونوں حملوں کا بیان اس قدر ملتا جلتا ہے کہ بعض مورخین نے انھیں ایک ہی حملہ قرار دیا ہے۔ یمینی میں اس کا ذکر کہیں نہیں ہے اور اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یقیناً یہ حملہ ۴۱۳ھ میں ہوا جب کہ تاریخ یمینی لکھی جا چکی تھی۔

لوہ کوٹ کی تعیین

لوہ کوٹ کہاں تھا۔ اس کا متعین کرنا ذرا مشکل ہے ممکن ہے کہ اس سے مراد وہی جگہ ہو جسے البیرونی اور رشید الدین نے لاہور یا لوہاور سے تعبیر کیا ہے اور چونکہ انھوں نے یہ بھی تحریر کیا ہے لوہاور راجاور سے دور نہ تھا (جو ہندوستان کی شمالی سرحد پر واقع ہے) اس لئے غالباً لوہ کوٹ سے مراد موجودہ کوٹ ہوگا جہاں اب بھی ایک قدیم قلعہ پایا جاتا ہے اگر یہ صحیح ہے تو محمود کی واپسی دریائے بیاس سے ہوئی ہوگی اور جس پانی میں وہ پھنس گیا تھا وہ دریائے بیاس کا پانی ہوگا جو میدان میں پھیل کر اب بھی سمندر کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔

بارھواں حملہ قنوج کا

بارھواں حملہ۔ ۴۰۹ھ میں قنوج دمتھرا پر ہوا۔ محمود کا یہ حملہ نہایت مشہور ہے اور اکثر مورخین نے اس کے تفصیلی حالات بیان کئے ہیں۔ متقدمین میں عتبی اور گردیزی، متاخرین میں نظام الدین احمد اور فرشتہ خاص طور سے قابل لحاظ ہیں۔ سوائے میر خوند کے سب نے ۴۰۹ھ تاریخ حملہ متعین کی ہے اور اکثر نے یہی بیان کیا ہے کہ محمود موسم بہار میں روانہ ہوا۔ اس "موسم بہار" پر ڈاکٹر برڈ اور ان کے متبع مسٹر الفنسٹن نے پھر مورخین ایشیا کو قابل الزام قرار دیا ہے کہ:

ڈاکٹر برڈ کی غلطی

"۴۰۹ھ یا ۲۰ مئی ۱۰۱۸ء کو شروع ہوا تھا اس لئے اگر اس نے موسم بہار میں سفر شروع کیا تو ظاہر ہے کہ وہ ۱۰۱۸ء رہا ہوگا"

لیکن ہم نے پچھلے حملہ کے ذکر میں ڈاکٹر برڈ کی اس غلطی کو ظاہر کر دیا ہے کہ موسم بہار کے سمجھنے میں مغربی مورخین صحت وحقیقت سے منحرف ہو جاتے ہیں اور وہ اس کا لحاظ نہیں رکھتے کہ ہندوستان کا موسم بہار بارش کے بعد شروع ہوتا ہے۔

عتبی کا بیان

عتبی کا بیان ہے کہ محمود نے ۱۰ رجب ۴۰۹ھ یعنی دسمبر ۱۰۱۸ء میں دریائے جمن کو عبور کیا اور شعبان یعنی جنوری ۱۰۱۹ء میں وہ قنوج پہونچا اور چونکہ یہ سارا سفر تین ماہ کا تھا اس لئے ظاہر ہے کہ وہ اکتوبر کے مہینہ میں غزنی سے چلا ہوگا۔ اور سارا موسم سرما جنگ جاری رکھنے کے لئے اس کے واسطے کافی تھا۔

مسٹر الفنسٹن نے یہ بھی اعتراض کیا ہے کہ:-

"اس حملہ میں محمود کا راستہ جو متعین کیا گیا ہے وہ بھی غلط ہے کیونکہ پہلے قنوج جانا بیان کیا گیا ہے اس کے بعد میرٹھ اور پھر متھرا"

یہ اعتراض مسٹر الفنسٹن کا محض فرشتہ کے بیان پر وارد ہو سکتا ہے جو یقیناً قابل وثوق نہیں کیونکہ وہ ہندوستان کی جغرافیہ سے آگاہ نہ تھا۔ عتبی نے جو راستہ بیان کیا ہے وہ بالکل صاف ہے اور معلوم نہیں فرشتہ نے کیوں اس سے انحراف کیا۔

حملہ کی تفصیل

عتبی لکھتا ہے کہ:-

"محمود نے حدود کشمیر کو ہمالیہ کے نشیبی سلسلہ کوہستان کے نیچے نیچے طے کر کے جمنا کو عبور کیا اور پہلے برن پر قبضہ کیا

(جو بلند شہر کا قدیم نام ہے اور جس کو بعض مورخین نے اپنی غلطی سے میرٹھ سمجھ لیا) اس کے بعد اس نے قلعہ کول چند فتح کیا (جسے موجودہ مہابن سمجھنا چاہیئے) یہاں اس نے جمنا کو عبور کیا اور متھرا پر قابض ہوا اس کے بعد وہ پھر جمنا کو طے کرکے فتح گیا اور اس کے سات قلعے جن کے کھنڈر اب بھی نظر آتے ہیں فتح کئے اس کے بعد وہ منج گیا (جو دریائے پانڈو پر کانھ پور سے دس میل جنوب کی طرف واقع تھا اور جس کا قدیم ترین نام منجھاون یا منجھاون تھا اس کے کھنڈر اس وقت بھی موجود ہیں) یہ جگہ قنوجی برہمنوں کا صدر مقام تھا یہاں سے فارغ ہوکر وہ چندار بھور کے قلعہ پر پہنچا جو اسنی میں ساحل گنگ پر (ضلع فتحپور سے دس میل شمال مشرق) تعمیر کیا گیا تھا۔ اسنی اب ایک چھوٹا سا گاؤں ہے لیکن پہلے یہ بڑا شہر تھا اور اسوتی کمار نے اپنے نام سے آباد کرایا تھا۔

۲۵ شعبان کو سروا[1] پر قابض ہونے کے بعد (جس سے مراد یا تو سیونڑا ہے جو دریائے کین پر کالنجر اور باندہ کے درمیان واقع ہے یا سرسوا گڈھ[2] جو کوچ کے قریب پانچ پر نظر آتا ہے) وہ چندر رائے کی جائے پناہ پر پہاڑیوں میں پہونچ گیا"

عتبی کے اس بیان سے جو راستہ محمود کا متعین ہوتا ہے وہ بالکل صاف اور سیدھا ہے صاحب روضۃ الصفا نے بھی یہی ترتیب قایم رکھی ہے البتہ اس نے بعض مقامات کے نام چھوڑ دیئے ہیں چنانچہ اس کا بیان ہے کہ محمود نواحی کشمیر سے گزر کر۔

"بہ قلعۂ از قلاع ہند کہ پادشاہے ذو شوکت نافذ فرمان در انجا بود رسید حاکم قلعہ چوں کثرت انصار دین مشاہدہ کرد با اتباع و ملازمان خود فرود آمدہ زبان بکلمۂ شہادت گویا گردانید"

(اس قلعہ سے مراد اس کی قلعۂ برن (بلند شہر) ہے) اس کے بعد اس نے قلعۂ کلچند (یعنی مہابن) فتح کیا اور پھر

"متوجہ شہر گشت کہ معبد اہالی ہند بود"

(اس سے متھرا مقصود ہے) یہاں سے فارغ ہوکر وہ قنوج گیا اور پھر منج (جو اکثر نسخوں میں منج لکھا گیا ہے)

---

[1] سروا کا ذکر سوائے عتبی کے اور کسی مورخ نے نہیں کیا اور اس کی وجہ غالباً یہی ہے کہ بعد کے مورخین اس مقام کو سمجھ نہیں سکے۔

[2] غالب گمان یہی ہے کہ سروا سے مراد سرسوا گڈھ ہوگا کیونکہ بندیلا راجاؤں کی تاریخ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بندیلکھنڈ میں یہ مقام بہت اہمیت رکھتا تھا۔ یہاں کے مشہور شاعر چاند یا چند نے اس کے دو صدی بعد بھی اس مقام کا ذکر کیا ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پرتھی راے نرمانروائے دہلی نے دریائے سندھ کو عبور کرکے (جو دہلی راج اور مہوبہ راج کے درمیان حد فاصل واقع تھا) اسی شہر پر حملہ کیا تھا۔

اس کے بعد اس نے قلعۂ چندپال کا محاصرہ کیا اور پھر چندرائے کے تعاقب میں مصروف ہوا۔ حبیب السیر کا بیان بھی یہی ہے سوائے اس کے کہ اس میں قنوج کے بعد کسی اور مقام کا ذکر نہیں پایا جاتا، نظام الدین احمد اور فرشتہ نے اس ترتیب کو بدل دیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ محمود پہلے قنوج گیا پھر برن آیا اور اس کے بعد مہابن اور متھرا فتح کیا۔

ہندو راجاؤں کے نام

اسی سلسلہ میں دوسرا اہم مسئلہ ہندو راجاؤں کے ناموں کا ہے۔ عتبی نے قنوج کے فرمانروا کا نام رائے جیپال اور پورو جے پال تحریر کیا ہے (اس سے مراد وہی جے پال ہے جو فرمانروائے لاہور تھا) میر خوند اور خوندمیر نے بھی اسے جیپال ظاہر کیا ہے اور البیرونی نے نردجن پال۔ نظام الدین احمد اور فرشتہ نے اسے کورا اور برگس نے فرشتہ کے ترجمہ میں کوررائے تحریر کیا ہے۔ ممکن ہے کہ کور غلطی سے تحریر ہو گیا ہو اور اصل میں یہ پور رہا ہو جو کنور کے معنی میں استعمال ہو سکتا ہے۔ ڈاکٹر برڈنے کور کی یہ تاویل کی ہے کہ وہ ایک راجپوت جماعت کا نام تھا اور ممکن ہے اسوجہ سے اس راجہ کا نام کور رکھدیا گیا ہو۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہو سکتا کیونکہ کور کسی راجپوت جماعت کا نام نہیں ہے گور اگر ہو تو البتہ قابل تسلیم ہے۔ اگر عتبی کے بیان کا اتباع کیا جائے تو ماننا پڑے گا کہ راجہ لاہور اسوقت قنوج پر بھی متصرف تھا۔ اس کی تصدیق عینی کے اور بیانات سے بھی ہوتی ہے۔

مثلاً یہ کہ پور جیپال کا لڑکا بھیم پال تھا اور اسی بھیم پال نے اپنے چچا (نواسہ شاہ) کے زبردستی مسلمان کئے جانے کی شکایت کی تھی ——— اسی کے ساتھ تیرھویں حملہ میں ظاہر کیا گیا ہے کہ پور جیپال دریائے گنگ کے دوسری جانب بھی ایک حصۂ ملک پر قابض تھا یا اگر قابض نہ تھا تو کم از کم اس کا اقتدار ضرور وہاں قایم تھا اس لئے بالکل ممکن ہے کہ حملۂ قنوج کے وقت وہ اپنے لڑکے بھیم پال کی شادی کرنے کی غرض سے یا محمود کے آئے دن کے حملوں سے ڈر کر لاہور کو چھوڑ کر قنوج کی طرف آگیا ہو۔

جنگ راجپور

تیرھواں حملہ۔ ۴۱۲ھ میں ہوا۔ اسے جنگ راجپور بھی کہتے ہیں۔ عتبی نے کوئی سنہ اس حملہ کا تحریر نہیں کیا۔ نظام الدین احمد نے ۴۱۱ھ اور فرشتہ نے ۴۱۲ھ بیان کیا ہے اور یہی تاریخ زیادہ صحیح معلوم ہوتی ہے۔

اس حملہ کے مختصر واقعات طبقات اکبری سے اخذ کر کے ہم یہاں بیان کرتے ہیں:۔

"جب سلطان محمود نے سنا کہ ایک راجہ نے جس کا نام نندا[1] تھا، قنوج کے راجہ کو صرف اسوجہ سے مار ڈالا ہے کہ اس نے محمود کی اطاعت اختیار کر لی تھی۔ تو وہ اس کے ملک پر حملہ کرنے کے لئے ۴۱۱ھ میں روانہ ہوا جب وہ جمنا کے ساحل پر پہونچا تو پور جیپال[2] راجہ نندا کی مدد کے لئے آیا تھا مقابلہ کے لئے آیا چونکہ درمیان

---

[1] فرشتہ نے لکھا ہے کہ نندا کالنجر کا راجہ تھا اور بہت سے دوسرے راجہ اس جنگ میں اس کے شریک ہو گئے تھے۔

[2] فرشتہ نے "راجہ پنجاب جے پال کا پوتا" تحریر کیا ہے۔

میں عمیق دریا حائل تھا اس لئے محمود اس کے عبور کرنے کی فکر میں تھا کہ اس کے آٹھ[1] آدمیوں نے دفعتہً اس دریا کو طے کر لیا اور پورجیپال کی فوج کو شکست دی۔ اس کے بعد یہی آٹھوں آدمی اور آگے بڑھ کر شہر باری[2] تک پہونچ گئے جو قریب ہی واقع تھا اور یہاں لوٹ مار شروع کر دی۔ اس کے بعد محمود نندا کے ملک میں پہونچا جہاں ایک کثیر فوج[3] اس کے مقابلہ کے لئے جمع تھی۔ محمود نے پہلے اسلام کی طرف دعوت دی لیکن نندا نے انکار کر دیا۔ اس کے بعد محمود نے ایک بلندی سے دشمن کی فوج کو دیکھا تو وہ پریشان ہو گیا اور خدا سے اپنی کامیابی کی دعا کی۔ رات کو نندا خدا جانے کس خوف سے مغلوب ہو کر بھاگ گیا۔ اور دوسرے دن محمود کو بغیر جنگ کئے ہوئے فتح حاصل ہو گئی"۔

عتبی نے اس جنگ کی جگہ ساحل راہب بتائی ہے اور دریائے راہب کے متعلق البیرونی نے لکھا ہے کہ وہ گنگا کے دوسری جانب بہتا تھا، اس لئے راہب کو رام گنگا ماننا پڑے گا یا دریائے سیتی سوائے عتبی کے اور تمام مورخین نے ساحل جمن پر اس جنگ کا ہونا ظاہر کیا ہے یہاں یہ امر بھی قابل غور ہے کہ بیرونی نے پورجیپال کی موت ۴۱۲ھ میں تحریر کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ شاید وہ اس جنگ میں مارا گیا۔ اگرچہ تاریخ یمینی میں صراحتہً اس کا کہیں ذکر نہیں ہے۔

چودھواں حملہ۔ ۴۱۳ھ میں قیرات، نور، لوہ کوٹ اور لاہور پر کیا گیا چونکہ عتبی کی تاریخ یمینی اس حملہ سے قبل ختم ہو چکی تھی اس لئے اس میں اس حملہ کا ذکر نہیں ہے۔ طبقات اکبری سے اس حملہ کے مختصر واقعات یہاں درج کئے جاتے ہیں:۔

"محمود کو معلوم ہوا کہ درۂ قیرات و نور میں کثرت سے بت پرستی کا رواج ہے اور بعض قلعے وہاں بہت مضبوط ہیں اس لئے محمود نے نراہی افواج کا حکم دیا اور بہت سے بجار، لوہار اور سنگ تراش لیکر وہاں سے چلا اس نے سب سے پہلے قیرات پر حملہ کیا۔ یہ مقام بہت سرد تھا اور پھل کثرت سے پائے جاتے تھے اور لوگ شیر کی پرستش کرتے تھے یہاں کے حاکم نے اطاعت اختیار کی اور مسلمان ہو گیا۔ اس کے بعد صاحب علی بن الت ارسلان نور پر

---

[1] فرشتہ نے ظاہر کیا ہے کہ یہ آٹھوں آدمی غالباً آٹھ افسر رہے ہوں گے جنھوں نے معہ اپنی ماتحت سپاہ کے حملہ کیا ہوگا۔

[2] فرشتہ نے کوئی نام نہیں لکھا۔ نظام الدین احمد کے بیان کی تصدیق البوریحان سے بھی ہوتی ہے جس نے ظاہر کیا ہے کہ قنوج کے بعد باری ہندوؤں کا صدر مقام بن گیا تھا۔

[3] ۳۶ ہزار سوار، ۴۰۰ ہاتھی اور ایک لاکھ پچاس ہزار (بقول فرشتہ ۴۵ ہزار) پیادہ فوج۔

چودھواں حملہ لوہ کوٹ اور لاہور پر

حملہ کرنے کے لئے مامور ہوا۔ اس نے فتح حاصل کرکے یہاں ایک قلعہ تعمیر کیا اور علی بن قدر[1] جوق کو وہاں کا گورنر متعین کیا۔ ۴۱۲ھ[2] میں محمود کشمیر کی طرف بڑھا اور لوہ کوٹ[3] کا محاصرہ کیا۔ یہاں ایک ماہ قیام کیا لیکن اسے ناقابل تسخیر پاکر لاہور اور باگر چلا گیا اور پھر یہاں سے غزنی "

حبیب السیر میں اس حملہ کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ فرشتہ نے اس میں صرف اتنا اور اضافہ کیا ہے کہ لاہور کا راجہ اجمیر بھاگ آیا اور محمود نے مفتوحہ ممالک ہند کے لئے حاکم نامزد کئے اور حفاظت کے لئے فوج چھوڑ گیا۔

دوسرے مؤرخوں کا اختلاف

الفنسٹن نے اس حملہ کا ذکر نہیں کیا اور برڈ نے ظاہر کیا ہے کہ اس حملہ کا ذکر کرنا گویا حملہ بالا نا تھ کی تکرار ہے کیونکہ دونوں حملوں میں مقامات و واقعات یکساں ہیں

قیرات اور نور کا ذکر البیرونی نے بھی کیا ہے کہ:-

" دریائے کابل ملک لمغان سے ہوتا ہوا قلعہ ویہند کے قریب سے گزرتا ہے اور نور و قیرات (دونوں ندیاں) اس سے ملجاتی ہیں اس کے بعد پشاور تک پہونچکر وہ بہت زیادہ وسیع ہوجاتی ہیں"

نور و قیرات کی تحقیق

اس بیان کو دیکھ کر ہمیں نور و قیرات کا سراغ جلال آباد اور پشاور کے درمیان ملتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ وہ حصہ ملک جہاں محمود نے حملہ کیا تھا سوات، بجور اور کافرستان کا ایک ٹکڑا رہا ہوگا۔ جہاں کنیر اور لنڈی دو ندی جاری ہیں۔ طبقات اکبری نے جو حالات قیرات کی بیان کی ہے کہ وہاں میوے کثرت سے تھے، سردی زاید تھی اور لوگ شیر کی پرستش کرتے تھے۔ اس حصہ ملک سے بالکل مطابق ہے اور بودھ مذہب کے بہت سے مسمار معبد یہاں پائے جاتے ہیں۔

شیر کی پرستش سے مراد بودھ کی پرستش ہے کیونکہ اُسے ساکیا سنہہ کہتے تھے اور سنہہ یا سنگھہ کے معنی شیر کے ہیں۔

گوالیار و کالنجر کا حملہ

پندرھواں حملہ ۔ ۴۱۴ھ میں گوالیار اور کالنجر پر ہوا۔ اس کی تفصیل نظام الدین احمد نے یوں بیان کی ہے کہ:

" ۴۱۳ھ میں محمود نے قنوج کے راجہ پر حملہ کیا۔ جب وہ قلعہ گوالیار پر پہونچا تو پہلے یہاں کا محاصرہ شروع کیا چار دن بعد یہاں کے راجہ نے دست بستہ پیش کرکے پناہ طلب کی۔ محمود اس پر راضی ہوگیا اور پھر کالنجر کی طرف

---

[1] فرشتہ نے سلجوقی لکھا ہے۔

[2] فرشتہ نے کوئی سال تحریر نہیں کیا لیکن اسکے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حملہ ۴۱۳ھ میں ہوا کیونکہ اسنے ۴۱۲ھ اور ۴۱۴ھ میں دو الگ الگ حملوں کا ذکر کیا ہے۔ [illegible] کی تشریح کے لئے گیارھویں حملہ کی تصریح ملاحظہ کی جائے۔

بڑھا (یہ قلعہ اپنے استحکام کے لحاظ سے بے نظیر سمجھا جاتا تھا) جب محمود نے اسکا بھی محاصرہ کر لیا تو راجہ نندا نے تین سو ہاتھی پیش کئے اور اسی کے ساتھ ہندی زبان میں کچھ اشعار محمود کی تعریف میں روانہ کئے چونکہ یہ ہاتھی بغیر مہاوتوں کے تھے اس لئے محمود نے اپنی فوج کے سپاہیوں کو حکم دیا کہ ان پر سوار ہو جائیں۔ چنانچہ وہ سوار ہو گئے (اس پر نندا کو سخت تعجب ہوا) ہندی قصیدہ کا مفہوم بھی اپنے دربار کے ہندی جاننے والے شعراء سے دریافت کیا اور بے انتہا مسرور ہو کر پندرہ قلعوں کی حکومت نندا کو سپرد کر دی (فرشتہ کا بیان ہے کہ قلعۂ کالنجر بھی انھیں قلعوں میں شامل تھا) نندا نے اس عنایت کے شکریہ میں بہت سا زر و جواہر محمود کی خدمت میں پیش کیا۔"

مورخین کا اختلاف

اس حملہ کے متعلق بھی بعض مورخین کو اشتباہ ہے کیونکہ کالنجر کے قرب و جوار میں اس سے قبل محمود کا جانا ثابت ہے لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس نے کالنجر کو بھی فتح کر لیا تھا۔ علاوہ اس کے اس سے قبل جن جن حملوں میں کالنجر کا ذکر آیا ہے ان میں گوالیار کا ذکر کہیں نہیں ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ حملہ حقیقتاً الگ ہے اور خصوصیت کے ساتھ کالنجر مفتوح کرنے کے لئے عمل میں آیا تھا۔

سومنات کا حملہ

سولھواں حملہ۔ ۴۱۶ھ-۴۱۷ھ میں سومناتھ پر کیا گیا۔ محمود کا یہ حملہ بہت مشہور ہے اور تمام مورخین نے اس کے تفصیلی حالات بیان کئے ہیں جنھوں نے ابن اثیر اور میر خوند کا تتبع کیا ہے وہ اس حملہ کی ابتداء ۴۱۶ھ میں ظاہر کرتے ہیں اور فرشتہ کے متبعین ۴۱۵ھ۔

چونکہ اس حملہ کا قدیم ترین بیان ابن اثیر ہی کا ہے اور مورخین مابعد نے زیادہ تر اسی سے استفادہ کیا ہے اس لئے ہم بھی اس سے اخذ کر کے مختصر واقعات اس کے بیان کرتے ہیں:۔

حملہ کی تفصیل ابن اثیر کی زبانی

"سومناتھ کا بت ہندوستان کے تمام بتوں سے زیادہ جلیل القدر سمجھا جاتا تھا۔ یوں تو وہاں ہمیشہ ہجوم رہتا تھا لیکن چاند گرہن کے وقت وہاں زائرین کی تعداد لاکھوں تک پہونچ جاتی تھی۔ ہندوؤں کا عقیدہ تھا کہ روحیں جسم سے جدا ہونے کے بعد یہیں ایک دوسرے سے ملتی ہیں اور سمندر کا مدوجزر بھی گویا اسکی پرستش ہے جو وہ سومناتھ کے مقدس دیوتا کے حضور میں پیش کیا کرتا ہے۔ یہاں بڑے بڑے قیمتی تحایف آتے اور مندر کے خدام ان کو کام میں لاتے۔ علاوہ اس کے دس ہزار گاؤں بھی اس مندر کے مصارف کے لئے وقف تھے اور بے شمار زر و جواہر اس مندر کے اندر پایا جاتا تھا۔ ہر چند دریائے گنگ کا فاصلہ یہاں سے ۲۰۰ فرسنگ تھا لیکن روزانہ وہاں سے پانی لا کر بت پر چڑھایا جاتا تھا اور ایک ہزار برہمن ہر وقت پوجا میں مصروف رہتے تھے۔ علاوہ ان کے تین سو آدمی صرف اس لئے مقرر تھے کہ جاتریوں کے سر و ریش مونڈا کریں اور ساڑھے تین سو ماہرین موسیقی مندر کے دروازہ پر نغمہ و رقص میں مصروف رہا کرتے تھے۔

جب محمود ہندوستان کے دوسرے مندروں کو مسمار کر رہا تھا تو یہاں کے ہندو کہا کرتے تھے کہ سومناتھ ان بتوں سے ناراض ہے ورنہ کس کی مجال تھی کہ انھیں تباہ کرتا۔ جب محمود کو یہ خبر معلوم ہوئی تو اس نے سومناتھ پر حملہ کرنا ضروری قرار دے لیا۔ اس خیال سے کہ جب میں اس کو مسمار کر دوں گا تو پھر ہندوؤں کا یہ خیال دور ہو جائے گا اور وہ مسلمان ہو جائیں گے۔

شعبان ۴۱۴ھ کی دسویں تاریخ تھی کہ محمود تیس ہزار سواروں کے ساتھ (علاوہ والنٹیروں کے) غزنی سے ملتان کی طرف روانہ ہوا۔ اور وسط رمضان میں وہاں پہونچ گیا۔ چونکہ ملتان کے آگے راستہ صحرائی اور بے آب و گیاہ تھا اس لئے اس نے تین ہزار اونٹوں پر سامان رسد لاد کر کیا اور نہلواڑہ کی طرف چل دیا"

جب وہ صحرا طے کر چکا تو اس نے ایک قلعہ دیکھا جو آدمیوں سے بھرا ہوا تھا اور وہاں کنوئیں بھی کثرت سے تھے۔ محمود نے اس قلعہ کو فتح کیا اور آئندہ سفر کے لئے پانی فراہم کر کے انہلواڑہ کی طرف کوچ کیا جہاں وہ شروع ذیقعدہ میں پہونچ گیا۔

انہلواڑہ کا سردار بھیم، محمود کے حملہ کی خبر سنتے ہی شہر سے بھاگ گیا اور کسی قلعہ میں جا کر جنگ کی طیاری میں مصروف ہو گیا۔

محمود آگے بڑھا اور راستہ میں متعدد قلعوں کو فتح کرتا ہوا دیو بارہ پہونچا جہاں سے سومناتھ دو دن کے سفر پر تھا۔

یہاں کے لوگوں نے اس اعتقاد کی بنا پر کہ سومناتھ ان کی مدد کرے گا، محمود کا مقابلہ کیا۔ لیکن افسوس ہے کہ سومناتھ نے ان کی کوئی مدد نہ کی اور محمود نے ان کو بھی تہ تیغ کر کے سومناتھ کا راستہ صاف کر لیا۔

وسط ذیقعدہ میں جمعرات کے دن وہ سومناتھ پہونچا۔ یہاں ایک مضبوط قلعہ سمندر کے ساحل پر بنا ہوا تھا اور ساری آبادی محمود کی اس حماقت پر ہنس رہی تھی۔ کیونکہ ان کے پندار میں سومناتھ کے ساتھ اس گستاخی کی سزا میں تمام مسلمانوں کا تباہ ہو جانا بالکل یقینی تھا۔ دوسرے دن جمعہ کو جب حملہ شروع ہوا تو ہندو سپاہیوں نے قلعہ کی دیوار سے اپنے اپنے مقامات چھوڑ دئے اور اس طرح مسلمانوں کو زینہ لگا کر دیوار پر چڑھ جانے کا موقع مل گیا۔

محمود نے اندر داخل ہوتے ہی قتل عام کا حکم دیا اور باوصف اس کے کہ سومناتھ کے پجاری اپنی کامیابی کے لئے سر بسجود تھے ان کی دعا قبول نہ ہوئی اور سومناتھ فتح ہو گیا دوسرے دن ہندوؤں نے پھر کچھ مقابلہ کیا لیکن بیکار اور آخر کار محمود نے اس مندر کو توڑ کر خدا کا شکر ادا کیا۔

یہ مندر لکڑی کے ۵۶ ستونوں پر قایم تھا اور بت کے قریب سونے کی زنجیر دو من وزن کی آویزاں تھی۔ رات کا کچھ حصہ گزرنے پر یہ زنجیر ہلائی جاتی تھی تاکہ گھنٹے بجیں اور پجاری برہمن حاضر ہو جائیں اس مندر کا خزانہ بھی وہیں

قریب تھا جس میں بہت سے سونے چاندی کے بُت رکھے ہوئے تھے اور ان کے چہروں پر جواہر کا رمرصع نقاب پڑے ہوئے تھے۔

اس حملہ میں پچاس ہزار ہندو مارے گئے اور بیس لاکھ دینار کی قیمت کا مال محمود کے ہاتھ آیا۔"

تاریخ الفی کا بیان

تاریخ الفی میں بھی کم وبیش یہی تفصیل بیان کی گئی ہے لیکن اس کے ساتھ یہ واقعہ بھی بیان کیا ہے کہ:۔

"جب محمود بُت توڑنے کے لئے آمادہ ہوا تو پوجاریوں نے عرض کیا کہ اگر بُت نہ توڑا گیا تو وہ کروروں اشرفیاں پیش کریں گے لیکن محمود نے کہا کہ میں بُت شکن ہوں بُت فروش بننا پسند نہیں کرتا۔ اور اس کے بعد جب اسنے بُت توڑا تو اس کے اندر جس قدر خزانہ اس کو ملا وہ برہمنوں کے وعدہ سے بہت زیادہ تھا۔

حملۂ سومناتھ سے فارغ ہونیکے بعد محمود راجہ بھیم حاکم نہروارہ کو مغلوب کرنے کے لئے روانہ ہوا جو کندمہ[1] میں پناہ گزیں تھا جب محمود قلعہ کے قریب پہونچا تو دیکھا کہ اس کے چاروں طرف پانی کثرت سے بہ رہا ہے اس نے چند غوطہ لگانے والوں کو متعین کیا کہ اس کی گہرائی معلوم کریں ایک جگہ وہ پایاب تھا لیکن اندیشہ یہ تھا کہ اگر عبور کرتے وقت مد آگیا تو ساری سپاہ غرق ہوجائے گی محمود نے کچھ پرواہ نہیں کی اور اللہ کا نام لیکر اپنا گھوڑا پانی میں ڈالدیا یہ دیکھکر حاکم قلعہ بھاگ گیا اور بہت سے قیدی مسلمانوں کے ہاتھ آئے۔"

طبقات اکبری کا بیان

ملا نظام الدین احمد نے لکھا ہے کہ:۔

"جب محمود نے سومناتھ سے واپسی کا ارادہ کیا تو اسے معلوم ہوا کہ ہندوستان کا بڑا راجہ پرم دیو اس سے مقابلہ کرنے کے لئے طیاریاں کر رہا ہے لیکن محمود نے اس وقت اس سے جنگ کرنا مناسب نہ سمجھا اور براہ سندھ ملتان کی طرف روانہ ہوگیا۔ اس سفر میں اُسے بہت تکلیف ہوئی اور سپاہ کا ایک حصہ پانی اور رسد دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے ہلاک ہوگیا۔"

اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ واپسی میں محمود نے زیادہ مغرب کی طرف ہٹتا ہوا راستہ اختیار کیا جسکی تصدیق جامع الحکایات اور منہاج السراج جُزجانی سے بھی ہوتی ہے۔

طبقات ناصری کا بیان

صاحب طبقات ناصری نے اس دشواری اور تکلیف کا ذکر زیادہ تفصیل سے بیان کیا ہے وہ لکھتا ہے کہ:۔

"محمود نے جب سندھ اور منصورہ ہوتے ہوئے سومناتھ سے واپسی کا ارادہ کیا تو اس نے رہنما تلاش کیا، چنانچہ ایک ہندو راضی ہوا اور ساتھ ساتھ ہولیا۔ ایک رات[2] چلنے کے بعد جب قیام ہوا تو معلوم ہوا کہ یہاں کہیں

---

[1] فرشتہ نے گندہ لکھا ہے اور بعض نسخوں میں کہدا وہ اور کہدا وا تحریر ہے۔ ابن اثیر نے کندہت لکھا ہے اس سے مراد غالباً کھنڈوا رہے جو کاٹھیاوار میں اب بھی پایا جاتا ہے۔ [2] جامع الحکایات میں تین دن لکھے ہیں۔

پانی نہیں ہے۔ محمود نے رہنما کو بلا کر دریافت کیا کہ پانی کہاں ہے، اس نے جواب دیا کہ پانی کہاں ہیں تو سومناتھ کا پجاری ہوں اور میں نے انتقام لینے کے لئے تمہاری ساری فوج کو قصداً اس مصیبت میں مبتلا کیا ہے۔ محمود نے یہ سنکر اسے قتل کرا دیا اور سربسجود ہو کر خدا سے مدد طلب کی۔ چنانچہ تھوڑی رات گزری تھی کہ شمال کی جانب روشنی نظر آئی۔ محمود نے اسی وقت کوچ کر دیا اور صبح کو جس جگہ وہ پہونچا وہاں پانی موجود تھا۔"

روضۃ الصفا کا بیان

صاحب روضۃ الصفا نے بیان کیا ہے کہ:-

"جب محمود سومناتھ کی مہم سے فارغ ہو گیا تو اُس نے وہاں چند سال قیام کرنے کا ارادہ کیا۔ لیکن وزراء نے خراسان کے قرب سے علٰحدہ رہنے کا مشورہ نہیں دیا۔ اور مجبوراً اسے غزنی واپس جانا پڑا لیکن واپسی کے وقت یہ سوال پیدا ہوا کہ یہاں کس کو حاکم مقرر کیا جائے آخر کار سب کے مشورہ سے یہ قرار پایا کہ یہاں کا حاکم اسی نواح کا رہنے والا ہونا چاہیئے۔ چنانچہ دابشلیم خاندان میں جو قدیم شاہی خاندانوں میں سب سے زیادہ معزز خاندان تسلیم کیا جاتا تھا جستجو کی گئی اس میں صرف ایک فرد باقی رہ گیا تھا جو برہمنوں کی طرح مرتاض زندگی بسر کرتا تھا۔ محمود نے اس کو یہاں کا حاکم مقرر کیا اور غزنی واپس گیا۔"

لفظ سومناتھ کی تشریح

لفظ سومناتھ کی تشریح میں بیان کیا گیا ہے کہ یہ لفظ مرکب ہے سوم اور ناتھ سے سوم ایک بادشاہ کا نام تھا جس نے یہ بُت نصب کیا اور اس کا نام ناتھ رکھا۔ کثرت استعمال سے جلبک کی طرح یہ دونوں لفظ ملکر ایک ہو گئے۔ ہندی میں ناتھ کے معنی "بزرگ" کے ہیں۔

ڈاکٹر برڈ نے ایک جگہ ظاہر کیا ہے۔ یہ سنسکرت کے لفظ سومبھو ناتھ سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں "قایم بالذات دیوتا" اور دوسری جگہ بیان کیا ہے کہ یہ سوم اور ناتھ سے مرکب ہے جس کے معنی ہیں "چاند کے دیوتا" اور مہادیو کے مختلف ناموں میں سے ایک نام یہ بھی تھا جس کی پرستش کی جاتی تھی۔

البیرونی کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ سومناتھ میں کوئی بت نصب نہ تھا صرف اُس بُت کا استھان تھا۔

مسٹر ولسن نے بھی اس سے انکار کیا ہے اور وہ اس کا قایل نہیں ہے کہ محمود نے وہاں کوئی بُت توڑا کیونکہ قدیم مسلمان مورخین نے اس کا کہیں ذکر نہیں کیا ہے علاوہ اس کے فرشتہ کا یہ بیان کہ بُت کے اندر سے جواہرات نکلے درست نہیں ہو سکتا کیونکہ اگر وہاں کوئی بُت تھا بھی تو وہ بالکل ٹھوس تھا جس کے اندر کوئی چیز نہیں رکھی جا سکتی تھی۔

سترھواں حملہ جاٹوں کے خلاف

سترھواں حملہ ۴۱۷ھ میں جود کے جاٹوں پر کیا گیا۔ نظام الدین احمد نے اس حملہ کا ذکر اس طرح کیا ہے کہ:

"۴۱۷ھ میں ان جاٹوں کے شکست دینے کے لئے جنھوں نے سومناتھ سے واپس آتے ہوئے اس کی فوج کو پریشان کیا تھا محمود ملتان کی طرف روانہ ہوا۔ یہاں پہونچکر اس نے حکم دیا کہ چودہ سو کشتیاں تیار کی جائیں اور

ہر کشتی میں تین آہنی شاخیں (دو پہلو میں اور ایک سامنے) نصب کی جائیں تاکہ ان کے صدمہ سے دشمن کی کشتیاں غرق ہو جائیں، ہر کشتی میں بہت سے تیر انداز اور قارورہ باز بٹھائے۔ الغرض اس شان سے محمود نے جاٹوں کا مقابلہ کیا جو اپنی عورتوں اور بچوں کو جزائر میں بھیجکر لڑنے کے لئے آمادہ ہو کر آئے تھے۔ بعض کا بیان ہے کہ ان کے پاس چار ہزار اور بعض کا خیال ہے کہ آٹھ ہزار کشتیاں تھیں جب دونوں طرف کے بیڑے ایک دوسرے سے متصادم ہوئے تو سخت جنگ شروع ہوئی لیکن شاخوں کے صدمہ سے جاٹوں کی کشتیاں کثرت سے تباہ ہوئیں اور بہت سی غرق ہوئے اس کے بعد محمود وہاں پہونچا جہاں جاٹوں کے خاندان پناہ گزیں تھے، وران کو مغلوب کرلیا اس کے بعد وہ غزنی واپس گیا"

اس حملہ کا ذکر بھی صرف متاخرین نے کیا ہے اور ہر چند اس کے بعض واقعات مستبعد معلوم ہوتے ہیں لیکن نفس حملہ جاٹوں پر بالکل قرین قیاس ہے۔ بالکل ممکن ہے کہ سلطنت لاہور تباہ ہونے کے بعد جاٹوں نے قوت حاصل کرلی ہو اور وہ اپنے جوار کے لوگوں کو ستاتے ہوں۔ اُن کا اپنے ملک سے چلکر اتنی کثیر کشتیاں فراہم کرنا اور بڑی قوت سے مقابلہ کرنا کافی شہادت اس امر کی ہے کہ ان کی قوت بہت بڑھ گئی تھی۔ — ابن اثیر کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے منصورہ پر حملہ کرکے وہاں کے مسلمان امیہ کو سخت پریشان کیا تھا۔ اب سوال یہ ہے کہ کونسا کوہستانی علاقہ مراد ہے لیکن غالباً اس سے مقصود وہ کوہستان ہوگا جو ملتان سے [illegible] اب جاٹ اور زیادہ شمال مشرق کی طرف ہٹ گئے ہیں۔ لیکن ان کی بعض جماعتیں اب بھی اپنا اصلی وطن اسی سلسلۂ کوہستان کو ظاہر کرتی ہیں۔ البتہ سب سے زیادہ تعجب خیز امر یہ ہے کہ محمود اور جاٹوں نے کیونکر اسقدر سرعت کے ساتھ اتنا بڑا بیڑہ طیار کرلیا اور اس نے کیوں خشکی کی لڑائی کو چھوڑکر دریا کی جنگ کو ترجیح دی۔ اگر محمود ایسا کرسکتا تھا تو حملۂ سومنات میں کیوں ایسا نہ کیا اور وہاں سے واپس ہوتے ہوئے کیوں اس نے دریائے سندھ سے اسی طرح فائدہ اُٹھایا؟ اگر یہ جواب دیا جائے کہ محمود نے ایسا صرف اس لئے کیا کہ وہ ہندوستان کی بارش اور گرمی سے قبل غزنی واپس جائے تو بھی درست نہیں ہو سکتا کیونکہ حملہ ۴۱۷ھ = ۲۲ فروری ۱۰۲۶ء کو شروع ہوا اور اس کے پاس کافی وقت تھا کہ وہ غزنی واپس آجاتا اور پھر افغانستان کی سردی شروع ہونے سے قبل ملتان چلا آتا۔

یہ اعتراض ہے مغربی مورخین کا جس میں انھوں نے صرف قیاس سے کام لیا ہے اگر وہ غور کرتے تو معلوم ہو جاتا کہ محمود اس حملہ میں دریائی جنگ پر مجبور تھا اور خشکی میں کبھی وہ جاٹوں کا استیصال نہ کرسکتا تھا چونکہ جاٹوں کا مامن ایسی جگہ تھا جہاں چاروں طرف پانی ہی پانی تھا اس لئے ان تک پہونچنے یا اُنھیں جنگ میں مبتلا کرنے کے لئے خشکی بالکل بیکار ثابت ہوتی۔ رہا یہ امر کہ محمود کیونکر اس قدر جلد اتنی کثیر تعداد میں کشتیاں طیار کرسکا۔ سو اس کے محال ہونے کے لئے کوئی دلیل پیش نہیں کی گئی۔

ابن اثیر کا بیان جاٹوں کے متعلق

یورپین مورخین کا تعجب

رد اعتراض

باب ششم

غزنوی عہد پر تبصرہ

جنھوں نے تاریخ کا مطالعہ کیا ہے اُن سے پوشیدہ نہیں کہ محمود کے زمانہ میں غزنی (اس کے پایۂ تخت) کا کیا عالم تھا۔ اسوقت غزنی، علوم وفنون کا مخزن بنا ہوا تھا اور ہر چار طرف سے علماء وفضلا اُمنڈے چلے آرہے تھے۔ مصنف تاریخ گزیدہ[1] کا بیان ہے کہ ہر سال چار لاکھ دینار وہ شعراء اور علماء پر صرف کیا کرتا تھا پھر اُس نے اسی پر اکتفا نہیں کی بلکہ متعدد مدارس بھی جاری کئے اور (حسب بیان فرشتہ[2]) غزنی کی اس مشہور مسجد کے جوار میں جو سنگ مرمر اور سنگ رخام کی حسین ساخت اور بے مثل آرائش کی وجہ سے "عروس ملک" کہی جاتی تھی، ایک

علماء وشعراء پر بارش انعامات

---

[1] تاریخ گزیدہ، سنہ ۷۳۰ھ (سنہ ۱۳۲۹ء) میں مرتب ہوئی اس کا مؤلف حمداللہ بن ابوبکر بن احمد بن نصر مستوفی قزوینی تھا۔ حمداللہ، رشیدالدین کے بیٹے غیاث الدین (وزیر) کا سکریٹری تھا اور اسی کے نام یہ کتاب معنون کی گئی ہے۔

تاریخ گزیدہ، مشرق کی بہترین تاریخوں میں شمار کی جاتی ہے۔ یورپ کے مشہور مصنف ومورخ ہیمر پرگسٹال (Hammer Purgstall) نے اس تاریخ کو اس عہد کی بہترین تصنیف قرار دیا ہے۔

جب حمداللہ اس تاریخ کو مرتب کرچکا تو اسکے گیارہ سال بعد اس نے جغرافیہ اور تاریخ طبعی میں ایک بے مثل کتاب نزہت القلوب لکھی۔

تاریخ گزیدہ کے خاص خاص ماخذ حسب ذیل ہیں: تاریخ طبری۔ تاریخ کامل ابن اثیر، نظام التواریخ بیضاوی، زبدۃ التواریخ جمال الدین کاشی۔ جہاں کشا جوینی ——

[2] تاریخ فرشتہ عام طور سے ہندوستان کی بہترین تاریخ تسلیم کی جاتی ہے اس کا مصنف محمد قاسم ہندوشاہ (فرشتہ) بمقام استرآباد سنہ ۱۵۵۰ء میں اور بعض مورخین کی تحقیق سے سنہ ۱۵۵۷ء میں پیدا ہوا۔ (بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۰۹ پر ملاحظہ ہو)

یونیورسٹی قایم کی اور اسی کے ساتھ اس نے مختلف زبانوں کی کتابوں کا بے نظیر اور بہت بڑا ذخیرہ فراہم کیا اور ایک عجائب خانہ بھی تعمیر کرایا جس میں بہت سے نوادر[1] پائے جاتے تھے۔

محمود نے اس یونیورسٹی کی تکمیل میں جس قدر روپیہ صرف کیا وہ اُس مستقل امداد سے علٰحدہ تھا، جو اُس نے دیہات کی صورت میں یونیورسٹی کے سالانہ مصارف اور طلباء و مدرسین کے وظایف و مشاہرہ کے لئے وقف کردئے تھے۔[2]

اس یونیورسٹی کے قیام اور محمود کی عام علم پروری کا یہ اثر ہوا کہ تھوڑے دنوں میں شعراء، ادباء اور حکماء مختلف

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۰۸)

اس کے باپ (غلام علی ہندو شاہ) نے ہندوستان کا سفر اس وقت اختیار کیا جب کہ اس کا بیٹا محمد قاسم بہت کم سن تھا وہ مرتضٰے نظام شاہ کے عہد میں احمد نگر (دکن) پہونچا اور میران حسین ولی عہد کی تعلیم کے لئے مامور ہوا۔ اتفاق سے غلام علی ہندو شاہ جلد مرگیا۔ اور محمد قاسم یتیم ہوگیا لیکن چونکہ غلام علی کا اقتدار دربار دکن میں بہت قایم ہوچکا تھا اس لئے وہی عنایات محمد قاسم پر بھی مبذول ہوئیں اور رفتہ رفتہ یہ بادشاہ کا مشیر خاص ہوگیا۔ جب شہزادہ میران حسین نے اپنے باپ مرتضٰے نظام شاہ کو تخت سے علٰحدہ کیا، اُس وقت محمد قاسم کی عمر ۱۶، ۱۷ سال کی تھی۔

ایک سال بعد جب میران حسین قتل کیا گیا تو محمد قاسم ۱۵۸۹ء میں بیجاپور چلا گیا۔ یہاں دلاور خاں وزیر نے ابراہیم عادل شاہ کی خدمت میں جو اسوقت وہاں کا حکمراں تھا اُسے پیش کیا لیکن کوئی خاص عزت اس کی نہیں کی گئی۔ جب دلاور خاں معزول ہوکر بھاگ گیا اور ۱۵۹۳ء میں عنایت خاں شیرازی وزیر ہوا تو اس نے پھر محمد قاسم کو پیش کیا اور ابراہیم عادل شاہ نے نہایت عزت سے اس کی پذیرائی کرکے تاریخ دکن لکھنے کی ہدایت کی جو تاریخ فرشتہ کے نام سے مشہور ہے۔ ۱۶۰۶ء میں اس نے یہ تاریخ مکمل کرکے عادل شاہ کے سامنے پیش کی لیکن اسکے بعد بھی وہ ہمیشہ اس کی صحت و ترمیم، حذف و اضافہ میں لگا رہا۔

برگس Briggs کا خیال ہے کہ ۱۶۱۲ء میں اس کا انتقال ہوا۔ جب کہ اس کی عمر صرف ۴۸ سال کی تھی لیکن ام جے ڈوہل (M. J. Dowle) کی تحقیق یہ ہے کہ اس نے ۱۶۱۳ء تک اپنی تاریخ میں واقعات کا اضافہ کیا ہے اسلئے وفات کے وقت اس کی عمر ۷۳ سال سے کم نہ تھی۔

چونکہ ابراہیم عادل شاہ کے عہد میں یہ تاریخ مرتب ہوئی تھی اس لئے مصنف نے اس کا نام گلشن ابراہیمی یا تاریخ ابراہیمی رکھا اور بعد کو جب ابراہیم نے نیا پایۂ تخت نورس تعمیر کرایا تو اس کی یادگار میں دوسرا نام نورس نامہ بھی قرار پایا۔

یہ تاریخ دکن کی بہترین تاریخ ہے لیکن چونکہ اس کا مصنف شیعی مذہب رکھتا تھا اس لئے تعصبیت کی جھلک کہیں کہیں پائی جاتی ہے۔

[1] انھیں نوادر میں سے ایک طائر تھا قمری کی صورت کا۔ جب مجلس میں زہر آلود کھانا اس کے سامنے لایا جاتا تو وہ مضطرب ہوجاتا اور آنسو اسکی آنکھوں سے جاری ہوجاتے۔ ایک پتھر کا ٹکڑا بھی تھا جو مومیائی کا اثر رکھتا تھا کیسا ہی زخم ہو اس کے گھس کر لگانے سے فوراً اچھا ہوجاتا تھا۔

[2] تاریخ فرشتہ جلد اول صفحہ ۲۲ (نولکشور)

غزنی عروس البلاد ہوگیا۔ عتبی، غضائری۔ اسدی طوسی۔ منوچہری۔ عنصری۔ فردوسی

حصص زمین سے کھنچکر آنے لگے اور غزنی جو اپنی بے نظیر عمارات و محلات و بانات اور بے شمار چشموں، حوضوں اور فواروں کی وجہ سے عروس البلاد بنا ہوا تھا، علم و حکمت کا مرکز بھی قرار پایا اور اس طرح حسن صورت و سیرت کا امتزاج تکمیل کے ساتھ وہاں نظر آنے لگا۔ اُن مشاہیر میں سے جو محمود کی نگاہوں میں خاص عزت رکھتے تھے، ایک شخص عتبی تھا جس نے اولادِ سبکتگین کے حالات میں تاریخ یمینی[1] لکھی ہے۔ دوسرا غضائری رازی ایران کا رہنے والا تھا۔ ایک بار اس نے ایک مختصر سا قصیدہ محمود کے سامنے پیش کیا اور چودہ ہزار درہم انعام میں حاصل کئے۔ تیسرا اسدی طوسی باشندۂ خراسان تھا۔ یہ بھی لغات مشہور شاعر تھا اور محمود نے اُسے بارہا تصنیف شاہنامہ پر مجبور کیا، لیکن وہ ہمیشہ اپنی ضعیفی کا عذر پیش کر دیا کرتا تھا۔ اسی طرح منوچہر جو بلخ کا رئیس اور اپنی شاعری و ذہانت کی وجہ سے بہت مشہور تھا دربار محمود کا ایک جوہر تابندہ تھا۔

عنصری جو اپنے عہد کا سب سے بڑا شاعر، حکیم، زباندان اور فیلسوف تھا غزنی یونیورسٹی کا پروفیسر تھا اور کوئی نظم محمود کے سامنے پیش نہ ہو سکتی تھی، جب تک عنصری اس کو نہ دیکھ لیتا۔

انھیں شعراء کے زمرہ میں فردوسی بھی تھا جسے محمود نے شاہنامہ لکھنے پر مامور کیا۔ سامانی فرمانروا دقیقی سے جو امیر نوح سامانی کا معاصر تھا، شاہنامہ کا سنگ بنیاد پہلے ہی رکھوا چکا تھا اور وہ تین ہزار شعر بھی لکھ چکا تھا[2] لیکن اس کی نا وقت موت سے یہ کام پورا نہ ہو سکا اور آخر کار محمود کے عہد میں قرعۂ فال فردوسی کے نام نکلا۔

محمود کی علم پروری اور ذوقِ ادب کے ثبوت میں جہاں اور بہت سی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں وہیں ایک نمایاں مثال وہ بھی ہے جو صاحب طبقات اکبری[3] نے بیان کی ہے۔

---

[1] تاریخ یمینی کے مصنف کا نام ابو النصر محمد ابن محمد الجبار العتبی تھا۔ یہ اس خاندان عتبہ سے تعلق رکھتا تھا جو سامانی بادشاہوں کے عہد میں بہت ممتاز سمجھا جاتا تھا ابو النصر عتبی سلطان محمود کا سکریٹری تھا۔ تاریخ یمینی میں اس نے ناصر الدین سبکتگین کے پورے حالات اور محمود کے حالات ۳۷۰ھ/۹۸۰ء سے ۴۱۰ھ/۱۰۲۰ء تک درج کئے ہیں۔

تاریخ یمینی ادب کے لحاظ سے بھی عربی کی مشکل کتاب خیال کی جاتی ہے اور فارسی میں بھی اس کے متعدد ترجمے کئے گئے ہیں۔ ان ترجموں میں سب سے قدیم ترجمہ ابو الشرف کا ہے جو ۵۸۲ھ میں کیا گیا تھا۔ یہ ترجمہ اب نایاب ہے البتہ اس کو انگریزی ملبوس میں ریورینڈ جے رینالڈس Rev. J. Reynolds نے ۱۸۵۸ء میں شایع کیا تھا۔ دوسرا ترجمہ محمد کرامت علی دہلوی کا ہے جو مختلف کتب خانوں میں نظر آجاتا ہے۔ تاریخ یمینی کی شرحیں اور فرہنگیں بھی متعدد لکھی گئی ہیں جن میں سے اب صرف ایک آدھ کہیں نظر آجاتی ہے۔

[2] تاریخ گزیدہ صفحہ ۸۱۸

[3] طبقات اکبری کا صحیح نام طبقات اکبر شاہی اور اسم مصنف کی رعایت سے تاریخ نظامی بھی کہتے ہیں۔ یہ تصنیف ہندوستان کی مشہور ترین تاریخوں میں سے ہے اور غالباً سب سے پہلی تاریخ یہی ہے جس میں جدید اصول پر صرف ہندوستان کے حالات سے بحث کی گئی۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۱۱ پر ملاحظہ کیجئے)

محمود کا دوسرا حملہ

جب ۴۱۳ھ میں محمود نے گوالیار کا محاصرہ کرکے وہاں کے راجہ کو مطیع کر لیا تو کالنجر[1] کی طرف بڑھا جو اسوقت اپنی مضبوطی کے لحاظ سے ایک بے مثل قلعہ تسلیم کیا جاتا تھا۔ جب یہاں کے راجہ نندا نے دیکھا کہ وہ محمود کے محاصرہ کی تاب نہیں لا سکتا، تو اُس نے تین سو ہاتھی پیش کرتے ہوئے صلح کی درخواست کی۔ چونکہ ان ہاتھیوں پر کوئی مہاوت نہ تھا، اسلئے محمود نے اپنے سپاہیوں کو حکم دیا کہ انھیں پکڑ کر سوار ہو جائیں۔ نندا یہ دیکھ کر بہت متعجب ہوا اور محمود کی تعریف میں ایک شعر یا چند اشعار ہندی زبان میں پیش کئے محمود نے اس کو پڑھوا کر سُنا اور سمجھا۔ یہ اشعار اپنے معانی کے لحاظ سے اسقدر بے مثل تھے کہ محمود اپنے صحیح مقصود کو بھی بھول گیا اور اس نے بے اختیار ہو کر نندا کو پندرہ قلعوں کی حکومت تفویض کر کے (جن میں کالنجر بھی شامل تھا) اور بھی تحایف و ہدایا دئے جانے کا حکم دیا۔ فرشتہ نے بھی اسکو انھیں الفاظ میں بیان کیا ہے[2]۔ اس سے ثابت ہے کہ محمود اپنی فطرت کے لحاظ سے کیسا ہنر شناس تھا اور اپنے ذوقِ علم کے ماتحت بسا اوقات اپنے

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۱۱)

تمام بعد کے مورخین نے اس کو اپنا ماخذ قرار دیا۔ یہاں تک کہ ملا عبدالقادر بدایونی مصنف منتخب التواریخ تو اپنی تصنیف کو صرف طبقات اکبری ہی کا خلاصہ ظاہر کرتا ہے اور ۱۰۰۲ھ تک کے تمام واقعات اس سے اخذ کرتا ہے۔

صاحب مآثر الامرا نے بھی اس تاریخ کی تعریف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ محمد قاسم فرشتہ نے بھی اس سے بہت مدد لی ہے البتہ ابوالفضل کے اکبرنامہ سے کہیں کہیں اختلاف پایا جاتا ہے لیکن اس کا فیصلہ ہر شخص کر سکتا ہے کہ اکبرنامہ زیادہ صحیح ہو سکتا ہے یا طبقات اکبری بہرحال دونوں مصنفین بھی اس تاریخ کو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

اس کا مصنف خواجہ نظام الدین احمد خواجہ مقیم ہروی کا بیٹا تھا۔ یہ خواجہ مقیم وہی ہے جو بابر کا ندیم و مصاحب تھا اور بعد کو اس کے خانگی انتظام کا مہتمم ہو گیا تھا۔ بابر نے اپنی تصنیف تزک بابری میں اس کا ذکر کیا ہے۔ بابر کی وفات پر جب ہمایوں نے گجرات فتح کر کے صوبہ احمد آباد مرزا عسکری کے سپرد کی تو ساتھ ہی ساتھ خواجہ مقیم کو مرزا عسکری کا وزیر بھی مقرر کیا۔ جب ہمایوں کو چونسہ کے مقام پر شیر شاہ نے شکست دی اور وہ آگرہ کی طرف بھاگا تو مقیم خاں ساتھ ساتھ تھا۔

خواجہ نظام الدین اسی مقیم خاں کا بیٹا تھا اور عہد اکبری کے ممتاز ترین لوگوں میں شمار ہوتا تھا۔ صوبہ گجرات میں وہ بخشی گری کے عہدہ پر متمکن تھا۔ اس نے مختلف جنگوں میں نمایاں حصہ بھی لیا۔

جب ۳۴ سال جلوس (۸۹۰ھ) میں حکومتِ گجرات خان اعظم صوبہ دار مالوہ کے سپرد کی گئی تو خواجہ نظام الدین کو اکبر نے اپنے حضور میں طلب کیا۔ وقت بہت کم تھا اور تاریخ سالگرہ قریب تھی اس لئے خواجہ نے ۶۰۰ کوس کا سفر بارہ دن میں طے کیا اور عین تاریخ جلوس پر پہونچ گیا۔ اکبر نے اسکی بہت عزت کی ۔ ۳۹ سال (۱۰۰۲ھ) میں جبکہ بادشاہ باہر شکار میں مصروف تھا خواجہ تپ میں مبتلا ہوا اور لاہور پہونچتے پہونچتے ساحل راوی پر انتقال کیا۔ بعد کو جہانگیر کے عہد میں خواجہ کی بعض اولاد نے کافی ترقیاں کیں ۔

[1] اب یہ ایک گاؤں ہے ضلع بانڈہ کا۔ یہاں ابتک قلعہ شکستہ حالت میں موجود ہے

[2] فرشتہ جلد اول صفحہ ۵۳ ۔

خیالِ ملک گیری کو بھی ترک کر دیتا تھا۔

محمود کے ارکین

صاحبِ نگارستان[1] نے احمد حسن میمندی کی ذہانت کے متعلق جو محمود کے عنفوانِ شباب کا ساتھی اور اُسکا نہایت معتمد علیہ خادم تھا جو واقعات درج کئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کس ذہن و دماغ کے لوگوں کی صحبت پسند کرتا تھا۔

غضائری رازی اپنے وطن ہی سے قصیدہ لکھ کر محمود کے دربار میں بھیجدیا کرتا تھا اور ہر قصیدہ کے عوض میں مقررہ انعام ایک ہزار اشرفیوں کا اُسے ملجاتا تھا۔ ایک بار وہ دربار میں خود آیا اور ایک رباعی پیش کی تو اشرفیوں کے دو توڑے اور زاید دئے گئے چنانچہ وہ خود کہتا ہے:-

بلے دو بدبۂ دینار یافتم بہ تمام — حلال و پاک تر از شیر دایۂ اطفال[2]

محمود کی شاعری

بعض مورخین نے ظاہر کیا ہے کہ محمود خود بھی شاعر تھا اور اس کے ثبوت میں حسب ذیل قطعہ پیش کرتے ہیں:-

بہ زخم تیغ جہانگیر و گرز قلعہ کشائے — جہان مسخر من شہ چو تن مسخر رائے
بسے بلاد گرفتم بیک اشارتِ دست — بسے قلاع گرفتم بیک فشردن پائے
چو مرگ تاختن آورد ہیچ سود نبود — بقا، بقائے خداوند و ملک، ملکِ خدائے

لیکن صاحب تاریخ گزیدہ[3] نے سلطان محمد بن ملک شاہ سلجوقی کی طرف ان اشعار کو منسوب کیا ہے۔

غزنی فضل و کمال کا مرکز

پنولین اعظم کی ممتاز ترین صفت یہ بیان کی جاتی ہے کہ اس نے جن جن ممالک کو مغلوب کیا وہاں کے بہترین صناعات اپنے ملک میں لایا اور اس طرح پیرس کی آرایش میں کوئی دقیقہ کوشش کا نہ اُٹھا رکھا۔ لیکن محمود نے اپنے پایۂ تخت غزنین کی ترقی میں پنولین سے زیادہ کام کیا، کیونکہ وہ مفتوحہ ممالک کی صناعات کے ساتھ ہی خود وہاں کے صناع، شعراء، علماء اور فضلاء کو بھی غزنین لے آیا اور اپنے دربار کو ان تابندہ جواہرات سے جگمگا دیا۔

ماوراء النہر کے سواحل بحر خزر، ایران، خراسان میں کوئی ایسا مقام نہ تھا جس نے اپنے بہترین فرزندوں کو

---

[1] نگارستان ایک مجموعہ ہے مختلف حکمران خاندانوں کے متعلق مختلف قصص و حکایات کا۔ اس کا مصنف احمد بن محمد بن عبدالغفور الغفاری القزوینی تھا جو عام طور سے قاضی احمد الغفاری کے نام سے مشہور ہے۔ نگارستان اس کتاب کا تاریخی نام ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب ۹۵۹ھ / ۱۵۵۲ء میں لکھی گئی ہے۔ مصنف کا بیان ہے کہ اس نے ۲۸ معتبر کتب تاریخ سے مواد فراہم کیا ہے۔

[2] شعر العجم جلد ۴ - صفحہ ۱۵۔

[3] تاریخ گزیدہ صفحہ ۴۵۰۔

محمود کی خدمت کے لئے پیش نہ کر دیا ہو۔

سامانی خاندان، جو علم و ادب کا بڑا قدر شناس تھا تباہ ہو چکا تھا اور اب علماء و شعراء وغیرہ کے لئے غزنین سے بہتر کوئی جگہ نہ تھی جہاں سلطان محمود اہلِ کمال کی قدر دانی کے لئے کافی شہرت حاصل کر چکا تھا۔

محمود پر الزام لگایا جاتا ہے کہ وہ طامع تھا، بخیل و حسیس تھا لیکن کیا وہ شخص جو چار لاکھ اشرفی سالانہ مستقلاً شعراء و علماء پر صرف کرے، جو دار العلوم اور اس کے مصارف کے لئے ایک زبردست جایداد وقف کر دے، جو طلبہ اور شائقین علم کی ہمت افزائی میں ہمیشہ اپنے خزانہ کا منہ کھلا رکھے، جو حوضوں اور فواروں، پلوں، محلوں، مسجدوں، خانقاہوں کی تعمیر میں دولت خطیر صرف کرنے سے گریز نہ کرے، جو ایک ایک شعر پر تین تین بار ایک شاعر کا منہ جواہرات سے بھر دے، جو ایک معمولی سی اور وہ بھی غیر زبان کی نظم پر اپنی فتوحات سے فایدہ نہ اُٹھا کر ایک غیر مذہب والے مفتوح شخص کو پندرہ پندرہ قطعہ تنویض کر دے، جس کا دربار دُنیا کے حکماء اور علماء کا مخزن رہا ہو، کیا اس کی نسبت کوئی دانشمند شخص کہہ سکتا ہے کہ وہ طامع و بخیل تھا؟

محمود کی تربیت

محمود کو تمام مورخین نے متفقہ طور سے سلیم الطبع، شجاع، مستقل مزاج، حلیم و بردبار اور علم دوست تسلیم کیا ہے۔ غالباً اس کا ایک سبب تو خود اس کی فطری صلاحیت تھی جو قدرت نے اس میں ودیعت کی تھی اور دوسرا سبب یہ تھا کہ اس کا باپ سبکتگین خود بے مثل صفات کا فرمانروا تھا اور اس نے محمود کی تربیت میں کوئی دقیقہ کوشش کا اُٹھا نہ رکھا تھا۔ محمود نے اپنی کم سنی میں ایک باغ نہایت محنت سے طیار کرایا اور اس کے وسط میں ایک عالی شان عمارت بھی قلیم کرائی جس میں اپنے باپ اور ملک کے امراء نامدار کو بھی دعوت دی۔ جب سبکتگین آیا تو اُس نے محمود سے کہا کہ "اے جانِ پدر ایسے باغ اور محلات تو معمولی امیر بھی طیار کرا سکتا ہے میں تو تجھ سے ایسی عمارت کی توقع رکھتا ہوں جس کی نظیر کہیں نہ ملے" محمود نے دریافت کیا کہ وہ عمارت کیسی ہے۔ سبکتگین نے جواب دیا کہ وہ "تعمیر ہے اہل فضل و کمال کے دلوں کی جو قایم رہنے والی ہے اور جس پر کسی زوال کا نصب کرنا ہمیشہ بار آور ثابت ہوتا ہے"[1] پھر جنھوں نے محمود کی سیرت کا غائر مطالعہ کیا ہے وہ سمجھ سکتے ہیں کہ باپ کی نصیحت پر اس نے کس حد تک عمل کیا اور اس باب میں وہ کس قدر کامیاب ثابت ہوا۔ اسی تربیت کا اثر تھا کہ جوان ہو کر محمود نے سارے عالم کو اپنی شہرت سے معمور کر دیا۔

محمود کی مجتہدانہ فطرت

محمود حقیقتاً ایک مجتہدانہ فطرت رکھتا تھا اور سخت سے سخت وقت میں بھی وہ عزم و استقلال کو ہاتھ سے نہ جانے دیتا، چنانچہ صاحب جامع الحکایات[2] راوی ہے کہ جب محمود سومنات سے واپس آنے لگا، تو دو ہندو آئے اور

---

[1] فرشتہ بحوالہ مآثر الملوک جلد اول صفحہ ۲۱ (نولکشور)

[2] اس کتاب کا پورا نام "جوامع الحکایات ولوامع الروایات" ہے اس کا مصنف مولانا نور الدین محمد عوفی تھا جو شمس الدین التمش کے عہد میں پایا جاتا تھا۔ (بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۱۴ پر ملاحظہ ہو)

اُنھوں نے رہبری کی خدمات پیش کیں چونکہ محمود ہندوستان کی راہوں سے واقف نہ تھا اس لئے ان کو رہبر بننے کی اجازت دی گئی۔ تین دن کے بعد سارا لشکر ایک بے آب و گیاہ صحرا میں پہونچا۔ محمود نے رہبروں سے دریافت کیا کہ یہ کیسا راستہ ہے؟ اُنھوں نے جواب دیا کہ یہ راستہ نہیں ہے بلکہ صحرا ہے۔ ہم لوگوں نے اپنے راجہ کے حکم سے یہاں پہونچا دیا ہے اور اپنے فرض کو اچھی طرح ادا کر دیا ہے۔ اب یہ صحرا تمھارے سامنے ہے اور افواجِ ہند تمھارے عقب میں اس لئے تمھارا جانبر ہونا محال ہے۔ محمود اس کو سُن کر ذرا مضطرب ہوا لیکن اتفاق سے اُسی وقت اُسے ایک مرغابی اُڑتی نظر آئی۔ محمود نے کہا کہ یقیناً یہاں کسی جگہ شیریں پانی ملنا چاہئے اور مرغابی کے پیچھے پیچھے اس نے گھوڑا ڈال دیا۔ بہت دور چلکر اُسے ایک بڑا دریا ملا جس کا پانی بہت شور تھا، لیکن یہاں پھر اُسے ایک مرغابی اُڑتی ہوئی ملی اور اس کے تعاقب سے وہ ایک گاؤں میں پہونچا جہاں شیریں پانی دستیاب ہوا۔ اب محمود کے سامنے بڑا مرحلہ اس دریا کو عبور کرنا تھا اور باوجود دریافت و تلاش کے کوئی حصہ دریا کا ایسا نہ ملتا تھا جو پایاب یا قابلِ عبور ہو۔ آکار محمود نے اپنے فطری عزم اور بے نظیر شجاعت سے کام لیکر گھوڑا دریا میں ڈال دیا اور فوج کو حکم دیا کہ اُس کی تقلید کریں۔[1]

انتظامی معاملات میں محمود حد درجہ ذی فہم تھا اور کسی حال میں انصاف کو ہاتھ سے نہ جانے دیتا۔ ایک بار کوئی دادخواہ حاضر ہوا اور کہا کہ خلوت میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ محمود فوراً اُسے کونہ میں لے گیا اور حال دریافت کیا۔ اس نے

انتظامی معاملات میں محمود کی ذکاوت

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۱۳)

یہ کتاب نظام الملک محمد (ابو سعید جنیدی کے بیٹے) کے نام سے منسوب ہے جو التمش کا وزیر تھا۔ مصنف نے لکھا ہے کہ اس نے بخارا میں تعلیم پائی تھی اور رکن الدین امام اس کے اُستاد تھے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بخارا ہی کے قرب و جوار میں کہیں پیدا ہوا تھا۔ اس نے کھمبایت Cambay اور خوارزم کا بھی ذکر کیا ہے اور اس سے ثابت ہے کہ وہ سیاحانہ زندگی بسر کرتا تھا۔

اس نے نظام الملک جنیدی اور ناصر الدین قباچہ کی جنگ کا بھی ذکر کیا ہے اور ناصر الدین کے ساتھ قلعۂ بھکر میں اپنے قید ہونے کا بھی حال لکھا ہے۔ مصنف نے جامع الحکایات میں صرف ان تاریخی حکایتوں کو فراہم کیا ہے جن سے ملوک اسلام کے اخلاق و عادات وغیرہ پر روشنی پڑے۔ یقیناً اس میں ایسی حکایات بھی مندرج ہیں جو پایۂ تحقیق سے گری ہوئی ہیں۔ لیکن انھیں کے ساتھ ایسے قصص بھی پائے جاتے ہیں جن سے تاریخی مواد فراہم ہو سکتا ہے۔

مصنف نے جن کتابوں سے مدد لیکر یہ کتاب مرتب کی ہے ان کے نام حسب ذیل ہیں:۔ تاریخ یمینی، تاریخ ناصری، تاریخ ملوک عجم، تاریخ العباس، مجمع الامثال، عین الاخبار، شرف النبی، فرج بعد الشدت، خلق الانسان، اخبار برامکہ وغیرہ۔

اس کے مصنف نے علاوہ اس کے ایک تذکرہ شعرا فارس، لباب الالباب کے نام سے بھی لکھا ہے جو مشہور کتاب ہے، اور مسٹر براؤن نے اس کا بہترین اڈیشن شایع کیا ہے۔

[1] جامع الحکایات قسم اول۔ باب ۱۲۔ حکایت ۱۶۔

کہا کہ "آپ کا بھانجہ روز رات کو میرے مکان میں آتا ہے اور مجھے گھر سے باہر نکال دیتا ہے میں نے آپ کے تمام اعیانِ دولت سے انصاف طلب کیا لیکن کسی نے میری فریاد کو نہیں سُنا۔ اس لئے اب مجبور ہو کر آپ کے پاس حاضر ہوا ہوں۔ اگر آپ انصاف کرتے ہوں تو کیجئے ورنہ میں معاملہ کو منصف حقیقی پر چھوڑ دوں۔" محمود یہ سُن کر آبدیدہ ہو گیا اور بولا کہ "آئندہ جسوقت وہ شخص تیرے گھر میں آئے مجھے فوراً مطلع کر۔" چنانچہ تیسرے روز وہ پھر آیا اور کہا کہ "اسوقت وہ شخص موجود ہے۔" محمود نے یہ سنتے ہی تلوار ہاتھ میں لی اور اس کے ساتھ ہو لیا جب وہاں پہونچا تو دیکھا کہ ایک مرد اور عورت پلنگ پر سو رہے ہیں فوراً چراغ گل کر کے تلوار سے مرد کا سر قطع کر دیا اور پھر روشن کر کے مقتول کا چہرہ دیکھا اور خدا کا شکر ادا کر کے پانی پینے کو مانگا اور پانی پی کر اپنے گھر واپس آیا۔ اس آدمی نے چراغ گل کرنے اور پانی پینے کا سبب دریافت کیا۔ محمود نے کہا کہ چراغ گل کرنے سے صرف یہ مقصود تھا کہ کہیں اُس کی صورت دیکھ کر مجھے رحم نہ آجائے اور پانی پینے کی وجہ یہ تھی کہ میں نے قسم کھائی تھی کہ جب تک میں اس ظلم کا انسداد نہ کر لوں گا پانی نہ پیوں گا۔ چنانچہ تین دن کا پیاسا تھا اور اسی لئے زیادہ انتظار رفع تشنگی نہ کر سکا۔[1]

محمود کو تنبیہ

ایک بار محمود نے فرمانروائے کرمان کے پاس کچھ قیمتی تحائف روانہ کئے۔ راستہ میں قزاقوں نے سارا مال لوٹ لیا اور سفارت کے چند آدمی قتل بھی کر دئے۔ اس گروہ کے متعلق عرصہ سے شکایت پائی جاتی تھی اور بہت نقصان لوگوں کو پہونچا چکا تھا۔ سلطان براہ بست، غزنیں سے خوارزم کی طرف جا رہا تھا کہ اُسے اس کی اطلاع ملی۔ جب محمود، بست میں پہونچا تو مسعود اُس کا بیٹا ہرات سے ملنے آیا لیکن محمود نے ملنے سے انکار کر دیا۔ وجہ دریافت کرنے پر محمود نے کہا کہ میں کیونکر تمہاری صورت دیکھ سکتا ہوں جبکہ تمہارے جوار میں ظلم و بے امنی کا یہ حال ہے۔ میں اُسوقت تک تم سے نہیں مل سکتا جب تک اس کا انسداد نہ ہو جائے۔ چنانچہ مسعود گیا اور ایک سخت مقابلہ کے بعد اس گروہ کو گرفتار کر کے پیش کیا۔[2]

محمود کی انصاف پسندی

اسی طرح عراق کی اُس بڑھیا کا واقعہ نہایت مشہور ہے جس نے اپنا قافلہ لُٹ جانے کے بعد محمود کو تنبیہ کی تھی کہ وہ دور دراز مقامات کا انتظام نہیں کر سکتا تو کیوں اپنے ملک کو اس قدر وسیع کر لیا ہے۔

الغرض محمود کی یہی انصاف پسندی تھی جس نے فردوسی کو یہ لکھنے پر مجبور کر دیا کہ:-

جہاندار محمود شاہِ بزرگ — بہ آبے خورا ندہمی میش و گرگ
چو کودک لب از شیر مادر بشست — بہ گہوارہ محمود گوید نخست

---

[1] فرشتہ۔ جلد اول صفحہ ۳۶۔ (نولکشور)

[2] جامع الحکایات ـــــ باب (۱۳) حکایت (۴۷)

محمود، معاملات کی حقیقت سمجھنے میں حد درجہ کوشش کرتا اور جب تک وہ خود انتہائی غور و تامل کے بعد مطمئن نہ ہو جاتا معتبر سے معتبر آدمی کی شکایت یا سفارش قبول نہ کرتا۔

محمود کو حقیقت معاملات پر غور کرنا

صاحب زینت المجالس[1] نے بحوالہ تاریخ ناصری لکھا ہے کہ جب محمود، ہرات آیا تو عبدالرحمٰن خاں، جو مجلس وزارا کا ممبر تھا، ایک نہایت عمدہ اور وسیع مکان میں مقیم تھا۔ یہ مکان ایک نہایت مشہور فاضل اور بزرگ شخص کا تھا۔ ایک دن عبدالرحمٰن نے محمود سے کہا کہ "جس مکان میں میں اقیام ہے یہ ایک ضعیف شخص کا ہے جس کی عقل و ذہانت کی بہت تعریف کی جاتی ہے۔ اس کی زندگی زیادہ تر ایک خلوت کدہ میں بسر ہوا کرتی ہے، جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ اس کی عبادت گاہ ہے۔ ایک دن میں دفعتہً اس کی خلوت میں چلا گیا۔ دیکھا کہ ایک برتن شراب سے لبریز ہے اور اس کے سامنے ایک برنجی بُت رکھا ہوا ہے۔ اس شخص نے شراب پی اور پھر اُس بُت کے سامنے سرنگوں ہو گیا چنانچہ میں اُس بُت اور اُس برتن کو لے آیا ہوں جو حکم مناسب ہو دیا جائے۔"

محمود نے حکم دیا کہ "صاحب مکان لایا جائے" محمود نے اس کو دیکھا اور تھوڑی دیر غور کرنے کے بعد عبدالرحمٰن سے کہا کہ "میرے سر پر ہاتھ رکھ کر کہو کہ جو کچھ تم نے کہا ہے صحیح ہے۔" عبدالرحمٰن نے قسم کھائی اور اپنے بیان کی مکرر تصدیق کی۔ محمود اس پر سخت برہم ہوا اور بولا کہ "اے بزدل سچ بتا تو نے ایسی لغو بات کیوں کہی اور کیوں تو اس درویش کا دشمن ہو گیا ہے؟" آخر کار عبدالرحمٰن کو اقرار کرنا پڑا کہ "یہ جھوٹی شکایت صرف اس لئے کی تھی کہ اس طرح اس کا مکان ضبط کر لیا جائے گا اور مجھے مل جائے گا۔"

عہد غزنوی کا قانون

عہد غزنوی کے کسی مخصوص قانون یا آئین کا پتہ تاریخ سے نہیں چلتا اور اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ محمود تمام معاملات میں صرف مذہب اور شریعت کے مطابق فیصلہ کرتا تھا اور کسی دوسرے آئین کی ضرورت نہ سمجھتا تھا اور اُس کے متقدمین کا بھی اسی پر عمل تھا

فوجی انتظام

فوجی انتظام کی بھی کوئی تفصیل نہیں معلوم۔ لیکن یہ ضرور ثابت ہے کہ محمود کو اس میں خاص ملکہ حاصل تھا کیونکہ اس کی سپاہ میں ترکی، تاتاری، عربی، ایرانی ہندی سبھی شامل تھے۔ یہ صرف محمود کی تدبیر و فراست تھی کہ اُس نے ایسے مختلف عناصر کو یکجا کر کے اُن میں امتزاج پیدا کر دیا اگر محمود کی حکومت قلوب انسانی پر نہ ہوتی تو یقیناً وہ کبھی اس میں کامیاب نہ ہوتا اور اتنے وسیع ملک میں جو ایک طرف دریائے دجلہ سے ایک دریائے گنگ تک اور دوسری طرف تاتار سے

---

[1] زینت المجالس بھی نگارستان کی طرح مختلف قصص و حکایات کا مجموعہ ہے اس کا مصنف مجدالدین محمد الحسنی تھا جو عام طور سے مجدی کے نام سے مشہور ہے مصنف اپنے دیباچہ میں لکھتا ہے کہ اس نے متعدد کتب تاریخ سے استفادہ کیا اور جامع الحکایات سے لیکر نگارستان تک کوئی کتاب اس نے نہیں چھوڑی اس کی تاریخ تالیف ۱۰۰۱ھ ہے۔

لیکر بحر ہند تک پھیلا ہوا تھا کبھی امن و امان قایم نہ رہتا۔

ایک بار محمود نے خلیفہ عباسی القادر باللہ کے پاس تحریر روانہ کی کہ "بلادِ خراسان کے اکثر صوبے میرے قبضہ میں ہیں اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ چند ایسے مقامات جن پر خلیفہ کے حاکموں کا تصرف ہے میرے حق میں چھوڑ دئے جائیں" چونکہ القادر باللہ میں محمود سے مقابلہ کرنے کی قوت نہ تھی مجبوراً اس کو منظور کر لیا۔ چند دن بعد محمود نے سمرقند بھی طلب کیا اس پر خلیفہ نے انکار کر دیا۔ محمود کو ناگوار ہوا اور اُس نے اطلاع دی کہ "اگر یہ درخواست منظور نہ کی گئی تو میں ہزار ہا تھیوں کو لے کر آؤں گا اور دار الخلافۃ کو تباہ کر دوں گا" قاصد اس کا جواب لیکر پھر واپس آیا۔ مکتوب کھولا گیا تو اس میں پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھی ہوئی تھی اور اس کے بعد ایک سطر حروف مقطعات میں لکھی ہوئی تھی اور صرف الٓمٓ، الٓمٓ پڑھا جاتا تھا۔ بہت کوشش کی گئی کہ اس کا مطلب سمجھ میں آوے لیکن یہ معمہ حل نہ ہوا آخر کار ابو بکر قہستانی جو اسوقت ایک معمولی شخص تھا جرأت کر کے آگے بڑھا اور عرض کی کہ "چونکہ خلیفہ کو ہاتھیوں کے حملہ سے ڈرایا گیا تھا اس لئے ممکن ہے کہ ان حروف مقطعات سے مقصود "الم ترکیف فعل ربک باصحاب الفیل" ہو۔ یہ سنتے ہی محمود کے دل پر حد درجہ خوف خدا طاری ہوا اور دیر تک روتا رہا۔[1]

محمود فطرۃً بے انتہا منکسر المزاج بھی تھا۔ باوجود اس کے کہ وہ ایک عظیم الشان سلطنت کا مالک تھا اور اس کی فتوحات نے وسط ایشیا اور سرزمین ہند کے ایک معقول حصہ کا احاطہ کر لیا تھا لیکن اُس نے خود کبھی اپنے تئیں سلطان نہیں سمجھا اور نہ سکوں میں اپنے نام کے ساتھ لفظ "سلطان" کا اضافہ کیا۔ تخت خلافت کی طرف سے اسکو یمین الدولہ امین الملۃ، کہف الدولہ والاسلام کے خطابات ملے اور طبقات ناصری[2] کی روایت سے "سلطان" کا خطاب بھی

---

[1] فرشتہ جلد اول۔ صفحہ ۲۸۔

[2] طبقات ناصری کا مصنف ابو عمر منہاج الدین عثمان ابن سراج الدین الجزجانی تھا۔ منہاج الدین کا جد اعلےٰ جزجان سے غزنی آیا تھا اور یہاں سلطان ابراہیم نے اپنی ایک لڑکی کی شادی اس سے کر دی تھی (سلطان ابراہیم کی چالیس لڑکیاں تھیں جو سب کی سب ایسے ہی فاضل اور مشہور لوگوں سے منسوب کی گئی تھیں۔) اس مواصلت سے ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام ابراہیم رکھا گیا اسی ابراہیم کا بیٹا سراج الدین تھا جو منہاج السراج مصنف طبقات کا باپ تھا۔ سراج الدین ۵۸۲ھ میں بہ عہد محمد غوری افواج ہندوستان کا قاضی مقرر کیا گیا اور منہاج السراج نے اُسے "اعجوبۃ الزمان وافصح العجم" ظاہر کیا ہے۔

منہاج السراج ۶۲۴ھ میں غور سے سندھ اور ملتان آیا اور اوچ میں دار العلوم فیروزی کا پرنسپل مقرر کیا گیا۔

دوسرے سال جب سلطان شمس الدین التمش، ناصر الدین قباچہ کو زیر کر کے واپس آیا تو منہاج السراج کو شرف حضوری حاصل ہوا اور ساتھ ہی ساتھ دہلی آیا ۶۲۹ھ میں وہ سلطان التمش کے ساتھ تھا اور محاصرۂ گوالیار کے وقت یہیں وہ محکمۂ افتاء و قضا کا صدر اعظم بنایا گیا

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۱۸ پر ملاحظہ ہو)

اس کو دیا گیا۔[1] لیکن محمود نے ہمیشہ لفظ "سلطان" کے استعمال سے احتراز کیا اور خلیفۂ بغداد کا احترام ملحوظ رکھتے ہوئے اُس نے کبھی اپنے آپ کو اس کا اہل نہیں سمجھا۔

تاریخ "خاندان غزنی" کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ علم پروری کی خصوصیت صرف محمود پر ختم نہیں ہو گئی بلکہ اُس کے بیٹے مسعود اور دیگر جانشینوں میں بھی یہی ذوق قایم رہا۔ چنانچہ مسعود[2] کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ علماء کے لئے بے انتہا فیاض تھا اُسے قابل لوگوں کی صحبت کا اسقدر شوق تھا کہ مختلف ممالک سے ماہرین علم و فن اُسکے دربار میں جمع ہو گئے تھے۔ ان میں سے ایک شخص "ابوریحان[3] خوارزمی" بہت مشہور ہوا ہے جو اپنے عہد کا بہت بڑا

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۱۷)

جب ۶۳۵ھ میں سلطان رضیہ کی افواج اس طرف آئیں تو منہاج السراج اپنے عہدہ سے مستعفی ہو گیا۔ جب رضیہ کا انتقال ہو گیا اور بہرام شاہ تخت نشین ہوا اسوقت منہاج السراج دہلی میں تھا۔ ۶۳۹ھ میں بہرام شاہ نے اُسے قاضی القضاۃ مقرر کیا۔ لیکن وہ عرصہ تک اس عہدہ پر قایم نہ رہ سکا کیونکہ ۶۴۹ھ کے آخر میں بہرام شاہ قتل کیا گیا اور منہاج السراج کو بھی مجبوراً استعفا دینا پڑا۔

۶۴۰ھ میں وہ لکھنوتی کی طرف روانہ ہوا اور وہاں ۶۴۲ھ تک مقیم رہا اس کے بعد وہ ۶۴۳ھ میں پھر دہلی آیا اور ناصریہ دارالعلوم کا پرنسپل مقرر کیا گیا۔ ۶۴۴ھ میں جب ناصرالدین محمود تخت نشین ہوا تو اُس نے بہت ترقی حاصل کی اور غیاث الدین بلبن کے عہد میں (جو ناصرالدین کے بعد تخت نشین ہوا اور جسے وہ خان معظم کہتا ہے) وہ صدر جہاں اور قاضی مقرر ہوا۔

طبقات ناصری، ناصرالدین محمود کے نام سے منسوب ہے اور اس کی تخت نشینی کے بعد ۱۵ سال تک کے حالات اُس میں درج کئے گئے ہیں۔

طبقات ناصری نہایت معتبر تاریخوں میں شمار کی جاتی ہے اور فرشتہ وغیرہ نے اکثر اس کا حوالہ دیا ہے۔ یوروپین مورخین بھی اس کو نہایت عزت و توقیر کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔ منہاج السراج کی تاریخ وفات معلوم نہیں ہو سکی لیکن غالب گمان ہے کہ وہ ناصرالدین کے بعد کچھ زمانہ تک ضرور زندہ رہا۔

[1] طبقات ناصری (الیٹ) جلد دوم صفحہ ۲۶۹۔ [2] فرشتہ جلد اول صفحہ ۷۵۔ [3] برگس (ص ۳۷ ج ۳) نے جو ترجمہ انگریزی میں تاریخ فرشتہ کا کیا ہے اس میں بجائے ابوریحان کے انوریحان لکھا ہے۔ جس پر الیٹ نے بھی اظہار حیرت کیا ہے اور بعض دیگر انگریزی تاریخوں میں بھی برگس پر اعتبار کر کے انوریحان ہی لکھ دیا گیا ہے۔ حالانکہ حقیقت اس غلطی کی یہ ہے کہ:-

(ص ۳۷ ج ۳) (برگس) نے ابوریحان کو انوریحان پڑھ لیا (کیونکہ تحریر میں یہ دونوں ایک ہی طرح نظر آتے ہیں اور اگر نقطوں کا محل بدل جائے تو یہ غلطی بہت ممکن ہو جاتی ہے) افسوس ہے کہ کسی انگریزی مورخ نے اصل کتاب پر غور کرنے کی زحمت گوارا نہیں کی ورنہ غریب فرشتہ اس الزام سے بری ہو جاتا

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۱۶ پر ملاحظہ کیجئے)

فیلسوف اور ماہر ریاضی وہیئت وعلم نجوم تھا، اس نے ریاضی پر مشہور کتاب

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۱۸)

بیرونی کا پورا نام محمد بن احمد تھا اور ابوریحان اس کی کنیت تھی۔ اس کی تاریخ ولادت ۳۶۱ھ / ۹۷۰ء ہے۔ مسٹر ساشا (Sacha) نے تحقیق الہند انگریزی ترجمہ (Alberunni India) کے دیباچہ میں سنہ ولادت ۹۷۳ء ظاہر کیا ہے۔ اس کی جائے ولادت کا مسئلہ البتہ بحث طلب ہے اگر لفظ بیرونی اس کی جائے ولادت یا مسکن کو ظاہر کرتا ہے تو ہم کو تسلیم کرنا چاہئے کہ وہ بیرون میں پیدا ہوا تھا۔ لیکن تحقیق طلب امر یہ ہے کہ بیرون کس جگہ کا نام ہے اور یہ مقام ملک کے کس حصہ میں پایا جاتا تھا۔

شہرزوری اپنی کتاب تاریخ الحکماء میں بیان کرتا ہے کہ ابوریحان بیرون میں پیدا ہوا تھا جو سندھ کا ایک نہایت خوبصورت شہر ہے۔

حاجی خلیفہ نے بھی اس بیان کا تتبع کیا ہے اور ابوالفداء نے بھی ابوسعید کے اسناد سے یہی لکھا ہے۔

ایم رینادؔ (M. Renaud) فرانسیسی مورخ نے بھی اس کو سندھی لکھا ہے، اس لئے اب قابل غور امر یہ ہے کہ بیرون سندھ میں کس جگہ واقع ہے؟ جہاں اب حیدرآباد (سندھ) واقع ہے اس کے قریب ایک مقام نیرون یا نیرون کوٹ، اس جگہ واقع ہے جہاں بیرون کا ہونا ظاہر کیا جاتا ہے۔ چونکہ نیرون صرف ایک نقطہ کی جگہ بدل جانے سے بیرون پڑھا جا سکتا ہے اس لئے بالکل ممکن ہے کہ ابوالفداء سے یہ غلطی ہوگئی ہو۔ چونکہ ابوالفداء مورخ خود کبھی ہندوستان نہیں آیا تھا اور سوائے مکہ اور مصر کے سفر کے اس نے کبھی شام کو نہیں چھوڑا۔ اس لئے ظاہر ہے کہ اس کا بیان دوسرے لوگوں کی روایت یا تحریر پر منحصر ہے اور اس غلطی کا امکان اس سے بعید نہ تھا۔ ادریسی نے شہر منصورہ کا جغرافیہ بیان کرتے ہوئے دریائے مہران کے ذکر میں لکھا ہے کہ وہ نیرون کے قریب سے ہوتا ہوا سمندر میں گرتا ہے۔ تحفۃ الکرام اور چچ نامہ میں بھی نیرون ہی کا ذکر کیا ہے۔ یوروپین مورخین میں فرانسیسی مصنفین، ابوالفداء کا تتبع کرکے اس کو بیرون لکھتے ہیں اور انگریزی مصنفین ادریسی کی پیروی کرکے نیرون صحیح سمجھتے ہیں۔

خود بیرونی نے جو جغرافیہ ہندوستان کا لکھا ہے اس میں کہیں بیرون کا ذکر نہیں ہے اگر بیرون کوئی جگہ سندھ میں ہوتی اور وہ وہاں پیدا ہوا ہوتا تو یقیناً وہ وہاں کے حالات لکھتا۔ اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ بیرون کوئی مقام سندھ میں نہیں تھا اور نہ وہ وہاں پیدا ہوا۔

صمعانی نے اپنی مشہور اور نہایت معتبر کتاب الانساب میں جو ۵۶۲ھ کی تصنیف ہے لکھا ہے کہ بیرونی فارسی لفظ ہے جسکے معنی ہیں "باہر کا"، اور ہر وہ شخص جو پایۂ تخت سے باہر پیدا ہوتا تھا اُسے بیرونی کہتے تھے۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۲۰ پر ملاحظہ ہو)

"قانون مسعودی"[1] کے نام سے مرتب کی جس کے صلہ میں ایک ہاتھی پر انبار کرکے چاندی اس کو دی گئی۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۱۹)

فرشتہ نے بھی اس کو خوارزمی لکھا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خوارزم کا رہنے والا تھا۔ اور اس لئے حسب بیان کتاب الانساب بیرونی کے نام سے مشہور ہوگیا نصف صدی سے زاید زمانہ گزرا جب مسٹر رالنسن (Rawlinson) نے ۱۸۶۹ء کے کوارٹرلی ریویو Quarterly Review میں ابوریحان کے کچھ حالات لکھے تھے مسٹر الیٹ نے اپنی مشہور انگریزی تاریخ ہند میں اس کا ایک جزو نقل کیا ہے۔ فاضل مضمون نگار لکھتا ہے کہ:۔

"ابوریحان خوارزم کا رہنے والا تھا اور سب سے پہلے یہی وہ عرب تھا جسنے صحیح معنی میں مشرق کی تاریخ قدیم کی جستجو کی۔ ابوریحان بہت بڑا فاضل شخص تھا اور اس نے لکھا ہے کہ خوارزم کی تقویم شمسی نہایت مکمل توقیت تھی اور ابوریحان اس سے بخوبی واقف تھا"

اس سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ خوارزم کا رہنے والا تھا مسٹر ساشا Sachau کی بھی یہی تحقیق ہے۔

ابوریحان اپنے عہد کا بہت بڑا ماہر نجوم، ریاضی داں، مورخ اور حکیم تھا اسے علمی تحقیقات کا اس قدر شوق تھا کہ (بقول شہرزوری) وہ سال بھر میں صرف دو دن (نوروز و مہرجان) آرام کرتا اور باقی تمام سال تحریر و مطالعہ میں صرف کر دیتا تھا۔

ابوالفضل بیہقی نے جس کا زمانہ بیرونی کے نصف صدی بعد ہوا ہے لکھتا ہے کہ:۔

"فلسفہ و ریاضی کا وہ بہت بڑا فاضل و محقق تھا"

رشید الدین مصنف جامع التواریخ لکھتا ہے کہ:۔

"ابوریحان بیرونی اپنے عہد میں بے مثل محقق ریاضی و فلسفہ کا ہوا ہی محمود سبکتگین کے عہد میں وہ غزنی آیا اور شاہی ملازم ہوگیا"

مسٹر ساشا، تحقیق الہند کے انگریزی ترجمہ Alberuni's India کے دیباچہ میں لکھتے ہیں کہ:۔

"محمود کے عہد میں خوارزم ایک مامونی خاندان کے زیر حکومت تھا اور البیرونی اپنے وطن یعنی خوارزم میں فرمانروائے عہد کا مشیر خاص تھا۔ محمود کسی نہ کسی بہانہ سے خوارزم پر بھی قابض ہو جانا چاہتا تھا اور البیرونی اسکی مخالفت تھا جب محمود نے خوارزم پر حملہ کرکے اسکو فتح کر لیا تو وہاں اپنا ایک گورنر مقرر کر دیا اور غزنی واپس آیا اس حال میں کہ بہت سا مال غنیمت، مامونی خاندان کے تمام افراد اور بہت سے قیدی وغیرہ ساتھ ساتھ تھے۔ انھیں لوگوں میں سے ایک ابوریحان بھی تھا چونکہ ابوریحان سے محمود خوش نہیں تھا اور اس کا وزیر احمد ابن حسن میمندی بھی مخالف تھا اسلئے وہ ایک منجم کی حیثیت سے محمود کے دربار میں پایا جاتا تھا۔ مسعود کے عہد میں اس نے کافی ترقی کی اور ہندوستان بھی آیا اور یہاں کی زبان سنسکرت سیکھ کر ایک سنسکرت کتاب بالکل کا عربی میں ترجمہ کرکے اس کا نام باجل رکھا"

کہا جاتا ہے کہ اس نے اپنی مشہور تصنیف ریاضی قانون مسعودی میں اس کتاب سے مدد لی ہے اس کی دوسری کتاب تحقیق الہند بھی مشہور ہے جس کا ترجمہ یورپ کی مختلف زبانوں میں ہو چکا ہے۔ اس نے یونانی زبان سے بھی کئی کتابیں عربی میں ترجمہ کیں اس کی تصانیف کی فہرست طویل ہے۔ سنہ ۴۳۰ھ اس کا سنہ وفات ہے ۔۔۔ [1] قانون مسعودی کے ترجمہ و اشاعت کا انتظام نواب محمد اسحاق خاں صاحب آنریری سکریٹری کالج نے کیا تھا لیکن افسوس ہے کہ کوئی شخص اس کا ترجمہ نہ کر سکا اور یہ کام انجام کو نہ پہونچ سکا۔

اسی عہد کا ایک اور بہت مشہور شخص ابو محمد ناصحی تھا۔ اس نے فقہ حنفی پر ایک کتاب مسعودی کے نام سے تصنیف کی اور بادشاہ کے سامنے پیش کی تھی۔

سلطان مسعود نے علاوہ مساجد کے بہت سے مدارس اور کالج (دار العلوم) ملک کے مختلف حصص میں قایم کئے۔

الغرض مسعود اشاعت علم و ہنر، توقیر فضل و کمال میں اپنے باپ کا صحیح معنی میں جانشین تھا۔ اسکی کوشش یہ تھی کہ معمولی سا معمولی شخص بھی علم کی طرف توجہ کرے اور یہی وجہ تھی کہ اس نے کسب علم کے لئے بہت سی آسانیاں پیدا کیں۔ طلبہ کو وظائف دئے جاتے تھے۔ اُن کے تمام مصارف کا بار برداشت کیا جاتا تھا اور ہمت افزائی میں کوئی دقیقہ کوشش کا اٹھا نہ رکھا جاتا تھا۔

صاحب "روضۃ الصفا" کا بیان ہے کہ مسعود نے ملک کے مختلف حصص میں اسقدر کثرت سے معابد و مساجد مدارس و کالج تعمیر کرائے کہ اُن کا شمار مشکل ہے اور اس کی فیاضی اس حد تک پہونچ گئی تھی کہ ایک بار ماہ رمضان میں اسنے ایک لاکھ درہم ایک ہی دن میں غربا کو تقسیم کر دئے۔

۱؎ روضۃ الصفا فی سیرۃ الانبیاء والملوک والخلفاء کا مصنف محمد بن خاوند شاہ بن محمود تھا جو میر "خاوند" اور "میر خوند" کے نام سے مشہور رہے۔ یہ ۸۳۶ھ کے آخر یا شروع ۸۳۷ھ / ۱۴۳۳ء میں پیدا ہوا۔ "میر خوند" کا باپ سید برہان الدین خاوند شاہ ماوراء النہر کا رہنے والا تھا اس کا سلسلہ نسب حسن ابن علی سے ملتا ہے۔ جب برہان الدین کا انتقال ہوا تو وہ کم سن تھا اور ترک وطن پر مجبور ہو گیا۔ آخر کار بلخ پہونچا اور یہیں تحصیل علوم کی۔

میر کے بیٹے میر خوند صاحب روضۃ الصفا کے بھی تفصیلی حالات تاریکی میں ہیں لیکن یہ یقینی ہے کہ اس کا ابتدائی زمانہ بھی سختی و صعوبت میں بسر ہوا یہاں تک کہ وہ دنیا کی طرف سے سرد دل ہو گیا۔ اور صرف مشاغل علمیہ کو اپنا شعار قرار دیا۔ اتفاق سے میر علی شیر جو سلطان حسین شاہ ایران کا وزیر تھا اور خود بھی فن تاریخ کا بہت بڑا شایق و ماہر تھا اس کا معاون ہو گیا اور اس طرح میر خوند کو اپنے طبعی ذوق کے بروئے کار کرنے کا موقع مل گیا۔ روضۃ الصفا کا اکثر حصہ میر خوند نے اپنی بیماری کے عالم میں لکھا ہے چنانچہ وہ خود لکھتا ہے کہ:-

"میں دوات داہنے پہلو پر لیٹ کر لکھ سکتا تھا۔ بیٹھ کر ایک صفحہ لکھنا بھی دشوار تھا۔ اطباء نے ہدایت کر دی تھی کہ اگر لکھنا ترک کر دیا گیا تو مرض بڑھ جائے گا۔ چنانچہ جب کبھی وہ چند گھنٹوں کے لئے بھی آرام لینے کے لئے قلم ہات سے رکھ دیتا تو نیند نہ آتی اور بُرے بُرے خواب نظر آتے"

میر خوند نے ۹۰۳ھ / ۱۴۹۸ء میں جب اس کی عمر ۶۲ سال کی تھی انتقال کیا۔

روضۃ الصفا نہایت معتبر تاریخ ہے اور تقریباً ۱۹ عربی اور ۲۰ فارسی کی تاریخوں سے مدد لیکر یہ کتاب مرتب کی گئی ہے۔ بعد کے مورخین نے اس سے بہت مدد لی ہے، اور حاجی خلیفہ کی تاریخ تو تمام تر اسی پر منحصر ہے۔

ابوریحان بیرونی دربار مسعودی میں

ہم ابھی بیان کر چکے ہیں کہ ابوریحان خوارزمی نے جسے بیرونی بھی کہتے ہیں سلطان مسعود ہی کے زمانہ میں ترقی کی ابوریحان اُس سفارت کے ساتھ محمود کے دربار میں پہونچا تھا جو خوارزم کے بادشاہ نے روانہ کی تھی۔ فارابی اور ابوالخیر بھی اس کے ساتھ تھے۔ شیخ الرئیس بوعلی سینا سے بھی (جو اس کا ہم عصر تھا) جاتے وقت درخواست کی گئی لیکن اُس نے انکار کر دیا۔ سفارت کی واپسی کے بعد محمود نے بوعلی سینا اور ابوریحان دونوں کو طلب کیا کہ شاہی ملازمت میں داخل ہو جائیں لیکن بوعلی سینا نے انکار کر دیا اور ابوریحان نے منظور کر لیا[1]۔

علمی ترقیاں مسعود کا ذوق ادب اور دربار کے اضافات مسعود کی شجاعت مسعود کی خواست

چونکہ محمود کا وزیر خواجہ حسن احمد بن میمندی ابوریحان سے سیاسی مخالفت رکھتا تھا اس لئے اُس کی پوری عزت نہ ہو سکی۔ البتہ مسعود کے عہد میں اُس کی بہت توقیر ہوئی اور اسی کے عہد میں اُس نے بہت سی بے مثل تصانیف ملک کے سامنے پیش کیں۔

اسی بیرونی کی تحریرات سے معلوم ہوتا ہے کہ غزنوی عہد میں عربی و فارسی زبانیں کس قدر ترقی کر رہی تھیں اور یونان و ہند کا نایاب علمی ذخیرہ ان زبانوں میں منتقل ہو رہا تھا، ریاضی، نجوم، فلسفہ، علم الادویہ، ہیئت و ہندسہ یہ خاص فنون تھے جن کی طرف مسلمانوں کو عام طور سے توجہ تھی اور اسی کے ساتھ ادب کا ذخیرہ بھی سنسکرت وغیرہ سے عربی فارسی میں منتقل ہو رہا تھا[2]۔ مسعود کو خود علم و ادب کا کیسا ذوق تھا وہ اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ زمانۂ ولیعہدی میں جب وہ خراسان سے غزنیں آیا اور شعراء نے قصائد تہنیت پیش کئے تو عنصری اور زینی کو ۵۰،۵۰ ہزار درہم اور باقی شعراء کو ۲۰،۲۰ ہزار درہم انعام دلوایا[3]۔

مسعود کریم و فیاض، علم دوست اور ہنر پرور ہونے کے ساتھ ہی بے انتہا دلیر و شجاع بھی تھا۔ اس کی قوت کا یہ عالم تھا کہ لوگ اُسے رستم ثانی کہا کرتے تھے اور اس کا گرز کوئی شخص ایک ہاتھ سے نہ اٹھا سکتا تھا[4]۔ اس کی سخاوت کا یہ حال تھا کہ وہ علی ثانی کے نام سے مشہور ہو گیا[5]۔ وہ کبھی گوارا نہ کرتا تھا کہ اُس کی سلطنت میں بے امنی یا جور و ظلم رونما ہو۔ وہ قیام امن کے لئے مختلف تدابیر سے کام لیتا تھا اور بعض دفعہ اس نے حد درجہ ذہانت سے کام لیا چنانچہ جامع الحکایات راوی ہے کہ ایک بار صحرائے کرمان میں قزاقوں کا ایک گروہ پیدا ہو گیا تھا اور قافلوں کو لوٹ لیا کرتا تھا۔ مسعود نے فوج اُس کی سرکوبی کے لئے روانہ کی لیکن وہ سب جنگل میں منتشر ہو گئے اور گرفتار نہ ہو سکے سلطان مسعود کو اسکی اطلاع ملی۔ تھوڑی دیر تک اُس نے غور کیا اور حکم دیا کہ اصفہان سے بہت سے سیب لائے جائیں! اور

---

[1] یہ بیان مسٹر ایلیٹ کا ہے جو ایشیاٹک کی تاریخ ہند جلد دوم صفحہ ۳ میں درج ہے لیکن مسٹر ساشا (Sachau) کو اختلاف ہے۔ Preface to Alberuni's India by Sachau۔ [2] مجموعہ اشعار۔

[3] فرشتہ جلد اول صفحہ ۴۰۔ [4] طبقات ناصری (ایلیٹ) جلد دوم صفحہ ۲۷۱۔

میں باریک سا سوراخ کرکے زہر ڈال دیا جائے جب یہ سیب اسطرح مسموم کردئے گئے تو وہ ایک قافلہ کے سپرد کردئے گئے جو صحرائے کرمان کی طرف سے گزرنے والا تھا اور ایک دستہ فوج کا بھی مامور کیا گیا کہ قافلہ کے پیچھے پیچھے روانہ ہو۔ جب یہ قافلہ قزاقوں کی جائے پناہ سے گزرا تو انھوں نے حملہ کرکے سب سے پہلے ان سیبوں کو کھانا شروع کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ایک بڑی جماعت اُن کے زہر کے اثر سے ہلاک ہوگئی اور جو چند نفوس بچ گئے اُن کو دستہ فوج نے آکر گرفتار کرلیا۔[۱]

مسعود کی منصفی

اسی طرح ایک بار اُس کے سامنے شکایت پیش ہوئی کہ ایک شخص غور جارہا تھا کہ اُس نواح کے فرمانروا نے اُس کو گرفتار کرکے زبردستی سارا مال چھین لیا۔ مسعود نے ایک تحریر اُس کے پاس روانہ کی کہ سارا مال واپس کردیا جائے لیکن جو قاصد خط لیکر گیا تھا اس کی بھی سخت توہین کی گئی اور اُس نے مسعود سے سارا حال آکر بیان کیا۔ مسعود نے حکم دیا کہ "دوبارہ خط لکھا جائے اور ہدایت کی جائے کہ اگر ان تمام باتوں کی تلافی نہ کی گئی تو شاہی لشکر سرکوبی کے لئے روانہ کیا جائے گا" جب یہ خط لکھ گیا تو پھر اُسی قاصد کے سپرد کیا گیا جو پہلے تحریر لے گیا تھا اُس نے عرض کیا کہ "جہاں پناہ! کسی نہایت ہی مختصر پرزہ پر یہ پیام تحریر فرمانے کا حکم دیجئے کیونکہ وہاں یقیناً مجھے اس کاغذ کے نگلنے پر مجبور کیا جائیگا اور کاغذ بڑا ہوگا تو مجھے سخت تکلیف ہوگی" مسعود نے یہ سنتے ہی تیاری لشکر کا حکم دیا اور حاکم غور کو شکست دیکر اُس کے مُلک پر اپنا قبضہ کرلیا اور جو شخص لوٹا گیا تھا اُس کا مال واپس دلوا دیا۔[۲]

عبدالرشید کا فضل و کمال

غزنوی خاندان کا ساتواں فرمانروا عبدالرشید ابن محمود بھی بڑا فاضل و ذہین شخص تھا۔[۳] تاریخ کا اُسے بہت شوق تھا اور خود بھی اکثر لکھنے پڑھنے ہی میں اپنا وقت صرف کرتا تھا۔

فرخ زاد کی رعایا پروری

اسی طرح نواں حکمراں فرخ زاد ابن مسعود حد درجہ حلیم و منصف تھا۔ جب وہ تخت نشین ہوا تو زابلستان وبائی امراض کی وجہ سے تباہ ہو رہا تھا۔ فرخ زاد نے تمام محاصل معاف کردئے اور عملی طور سے ہمدردی کا اظہار کیا۔[۴]

ابراہیم کا انصاف

اس کے بعد سلطان ابراہیم کا زمانہ آیا۔ سلطان ابراہیم بن سلطان مسعود غازی جو سلطان فرخ زاد کے بعد تخت نشین ہوا، حد درجہ زاہد و متقی تھا اور باوجود عنفوان شباب کے اس نے لذاتِ نفسانی کو بالکل ترک کردیا تھا۔ ماہ رمضان کے ساتھ رجب و شعبان کو بھی ملا لیا کرتا تھا اور اسی طرح سال میں مسلسل تین ماہ روزہ رکھتا تھا۔[۵] اس کا کوئی لمحہ رعیت پروری اور عدل پسندی کے خیال سے خالی نہ گزرتا تھا اور کثرت سے خیرات کرتا تھا۔

ابراہیم کو نصفت پروری اور حسن انتظام کا کس قدر خیال تھا اس کا حال یوں معلوم ہو سکتا ہے کہ ایک دن وہ صبح سے دوپہر تک ملول و مغموم بیٹھا رہا۔ تمام وزرا و اراکین خائف تھے اور کسی کو ہمت نہ ہوتی تھی کہ دریافت کرے

---

[۱] جامع الحکایات قسم (۳) باب (۱۲) حکایت (۹) — [۳] طبقات ناصری (الیٹ) جلد دوم صفحہ ۲۷۴ —
[۴] طبقات ناصری (الیٹ) جلد دوم صفحہ ۲۷۶ — [۵] فرشتہ جلد اول صفحہ ۴۸ (نولکشور)

آخر کار ایک درباری جس سے ابراہیم بہت زیادہ مانوس تھا آگے بڑھا اور عرض کی۔ ابراہیم نے کہا کہ "میرا وزیر و مشیر خاص بہت ضعیف ہو گیا ہے۔ آج میں نے تمام ارکان دربار کو دیکھا تو ایک شخص بھی ایسا نظر نہیں آیا جو اس کا جانشین ہو سکے۔ کیا یہ افسوسناک امر نہیں ہے؟" اس نے عرض کیا کہ "جہاں پناہ کی نگاہ آفتاب کی طرح منور و تاباں ہے اور معمولی پتھر کو الماس اور ادنیٰ خاک کو سونا بنا سکتی ہے جس کو بھی اس خدمت پر مامور کیا جائیگا وہ اس قابل ثابت ہوگا"

سلطان ابراہیم نے جواب دیا۔ "یہ صحیح ہے لیکن آفتاب کو بھی ایک زمانہ درکار ہوتا ہے کہ وہ کسی پارۂ سنگ کو الماس بنا سکے اور ایک کیمیاگر بھی سونا نہیں بنا سکتا جب تک تمام ضروری اجزا فراہم نہ ہو جائیں"[1]

انتظام سلطنت کیلئے قابل و باوفا افسروں کی تلاش

سلطان ابراہیم نے ہمیشہ اس امر کی کوشش کی کہ انتظام سلطنت قابل اور تجربہ کار ہاتھوں میں رہے۔ وہ اپنے افسروں کو خود تربیت کرتا تھا اور انھیں مختلف طریقوں سے بتاتا تھا کہ راعی و رعایا کے تعلقات کیا ہیں اور امن و سکون کا قیام کن تدابیر پر منحصر ہے۔ اسی کے ساتھ وہ قابل سے قابل افسر کے ذہن میں یہ بات مترسخ ہونے دیتا تھا کہ سلطنت اس کی محتاج نہیں ہے۔ وہ ایک ہی خدمت کے لئے مختلف آدمی رکھتا تھا تاکہ ہر شخص خائف رہے کہ اگر وہ اہل ثابت نہ ہوا تو دوسرا اس کی جگہ پُر کرنے کے لئے موجود ہے[2]۔

ابراہیم کی مذہبی زندگی

فرشتہ جامع الحکایات کے حوالہ سے بیان کرتا ہے کہ سلطان ابراہیم مذہب کی طرف زیادہ مائل تھا اور نہایت پابندی کے ساتھ وہ امام یوسف سجاوندی کی صحبت میں مذہبی معلومات حاصل کیا کرتا تھا۔ بارہا ایسا ہوا کہ سجاوندی نے سلطان ابراہیم کو سخت الفاظ میں اخلاق کا درس دیا اور اس نے ہمیشہ صبر و تحمل کے ساتھ اسے سنا سلطان ابراہیم درس کے وقت اپنی شاہانہ حیثیت کو بالکل فراموش کر دیا کرتا تھا اور ایک معمولی شاگرد کی طرح زانوے ادب تہ کر کے تمام زجر و توبیخ کو تلمیذانہ رواداری کے ساتھ برداشت کرتا تھا۔

ابراہیم کی مصحف نویسی

سلطان ابراہیم خط نسخ کا خوشنویس تھا اور ہر سال خود اپنے ہاتھ سے دو ایک نسخے کلام مجید کے لکھ کر کبھی مکہ معظمہ اور کبھی مدینہ منورہ بھیجا کرتا تھا[3]۔ ارزقی جو الفیہ و شافیہ کا مصنف ہے اسی کے عہد میں ہوا ہے۔

عہد مسعود کا امن و سکون

اس کے بعد اس کا بیٹا علاء الدین مسعود تخت نشین ہوا۔ یہ بھی نہایت بردبار، فیاض، وسیع الاخلاق، اور کریم النفس شخص تھا اس نے ان تمام سخت قوانین کو جو اس سے قبل رائج تھے منسوخ کر دیا علاوہ اس کے ٹیکس اور خراج کے ناقابل برداشت رقوم معاف کر کے ملک میں عام طور سے امن و سکون پیدا کر دیا اور تمام وہ جاگیریں جو امرا

---

[1] زینت المجالس (الیٹ) جلد دوم صفحہ ۵۱۰ — [2] زینت المجالس (الیٹ) جلد دوم صفحہ ۵۱۱۔
[3] فرشتہ جلد اول صفحہ ۸۴ (نولکشور)

دربار کے لئے پہلے مقرر تھیں بدستور بحال رکھیں، اس کا عہد جو سترہ سال تک رہا نہایت خوشحالی کا زمانہ خیال کیا جاتا ہے جب تک وہ بادشاہ رہا کسی جگہ نقص امن نہیں ہوا اور رعایا نے اس کے عدل و انصاف، رحم و کرم سے فایدہ اُٹھا کر نہایت مطمئن زندگی بسر کی[1]

بہرام شاہ غزنوی کا ذوق علم

خاندان غزنوی میں بہرام شاہ بھی خاص صفات کا بادشاہ تھا اس نے عنان حکومت ہاتھ میں لیتے ہی اپنے ذوقِ علم کا ثبوت دینا شروع کیا۔ اس نے علم و فضل کی اسدرجہ قدر کی اور ترقی ادب (لٹریچر) میں اسقدر فیاضی اور عالی حوصلگی سے کام لیا کہ لوگ محمود کے زمانہ کو بھول گئے۔ شیخ نظامی اور سید حسن غزنوی جو مشہور شعرا و حکما میں شمار کئے جاتے ہیں بہرام ہی کے دربار کے جوہر تابندہ تھے۔ بہرام نے مختلف کتابیں غیر زبانوں سے فارسی میں ترجمہ کرائیں اور ان ہی میں سے ایک کلیلہ دمنہ بھی تھی۔ عہد قدیم میں یہ کتاب اور شطرنج ہندوستان کے کسی راجہ نے نوشیروان شاہ فارس کے پاس بھیجی تھی اور اس کے وزیر بزرجمہر نے اس کتاب کا ترجمہ سنسکرت سے پہلوی زبان میں کیا تھا۔ ہارون الرشید کے عہد میں ابن المقنع نے اس کتاب کو عربی زبان میں منتقل کیا اور اس عربی نسخہ سے بہرام نے فارسی میں ترجمہ کرایا۔ چونکہ اس ترجمہ میں عربی الفاظ کثرت سے پائے جاتے تھے اس لئے بعد کو سلطان حسین مرزا خوارزمی کے عہد میں مولانا حسین واعظ کاشفی نے پھر اس کو مرتب کیا اور اُس کے اشکال دور کرکے اس کا نام انوار سہیلی رکھا[2]


غزنوی خاندان کی تمام فرمانروا محمود کی کسی نہ کسی خصوصیت کے حامل تھے

الغرض محمود کی نیک نیتی کا یہ اثر تھا کہ تقریباً غزنوی خاندان کے تمام فرمانروا محمود کی کسی نہ کسی خصوصیت کے حامل تھے یہاں تک کہ آخری فرمانروا خسرو ملک بھی حد درجہ فیاض، شریف الطبع اور حلیم تھا[3]

---

[1] طبقات ناصری (الیٹ) جلد دوم صفحہ ۸۷ — [2] نگارستان جلد اول صفحہ ۵ (نولکشور) — [3] طبقات ناصری (الیٹ) جلد دوم صفحہ ۱۸۷ —

ہندوستان سنہ ۴۱۳ھ (سنہ ۱۰۲۲ء) میں



مسئلۂ خلافت وامامت

(آزاد خیال شیعہ کے قلم سے)

"نگار" کی بساط بحث پر اس مسئلہ کو لئے ہوئے ڈھائی برس کا طویل عرصہ گزر چکا ہے سب سے آخر میں گزشتہ جنوری کے پرچہ میں میرا مبسوط مقالہ اس موضوع پر شایع ہوا تھا جس کے بعد نگار کیطرف سے علمائے اہلسنت کو دعوت دی گئی تھی کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں، اس سلسلہ میں دو مضمون شایع ہوئے ایک جناب ابوسعید بزمی ایم۔اے کا جو اس موضوع پر اس سے پہلے بھی "ہزنام" کے ابتدائی مضمون کے جواب میں خامہ فرسائی فرما چکے تھے اور دوسرا مضمون "م۔ح" کا ہے جو نسبتہً طولانی ہے اور بعد کو شایع ہوا ہے۔

جس شخص نے نگار میں اس بحث کا شروع سے مطالعہ کیا ہو اور ہزنام صاحب کے ابتدائی مضامین، نگار کا محاکمہ اور ادارتی تبصرے اور آزاد خیال شیعہ کا شایع شدہ مضمون پڑھا ہو اور اس کے بعد ان دونوں آخری مضمونوں کو دیکھے وہ اس بات کا فیصلہ کر سکتا ہے کہ اس بحث کا جو معیار آزاد خیال شیعہ کے مضمون تک قایم رہا ہے وہ ان آخری مضامین سے مختلف ہے جناب بزمی صاحب کا مضمون تو مغز و استدلال کے اعتبار ہی سے اسقدر ہلکا ہے کہ اسے نگار کے معیار پر منطبق نہ ہونا چاہئے تھا لیکن "م۔ح" کا مضمون تو مناظرانہ تعریضات غیر متعلق الزامات! در فریق مخالف کے خلاف بیجا نکتہ چینیوں اور تشنیعات نیز درشت و ناگوار تعبیرات سے اس درجہ مملو ہے کہ وہ "نگار" کے بجائے "النجم" کے صفحات پر ظاہر ہوا ہوتا تو بجا اور مناسب تھا۔

سابقہ مقالات کا متین پہلو اس درجہ وزن رکھتا ہے کہ اس کا اقرار و اعتراف جناب "م ح" کو بھی حسب ذیل الفاظ میں کرنا پڑا ہے۔

"سب سے پہلی بار اس مشہور مختلف فیہ مسئلہ میں "سنجیدگی" کے ساتھ نگار ہی کے صفحات پر بحث جاری ہوئی ہے اور جسنے بھی اس میں حصہ لیا متانت نگاری سے اپنے خیالات کا اظہار کیا"

لیکن خود موصوف نے اپنے اس مضمون میں اس اصول کی کہاں تک پابندی کی ہے اس کے لئے حسب ذیل اقتباسات کافی ہیں:۔

"حکومت الٰہیہ کے بارے میں کیوں ایسی مہمل شرائط بیان کی جاتی ہیں کہ خلیفہ صرف امام ہی ہو سکتا ہے اور امام صرف خاندان نبوت کے افراد ہو سکتے ہیں ——— کیونکر اسے کوئی عقل والا انسان باور کر سکتا ہے"

"ایک امام صاحب کو غار میں رہنے کا حکم دیا گیا جن کا وجود و عدم برابر ہے ——— اس قسم کے معتقدات اسلام کے ساتھ مذاق و استہزاء کے مرادف ہیں"

"ولکنی اقول لکم لاتکادون تفہمون حدیثا"

"میں نہیں سمجھتا کہ ایک آزاد خیال انسان کے لئے یہ علمی فریب کاری کہاں تک روا قرار دیجا سکتی ہے"۔۔۔ "صاحب تبصرہ نے یا تو یہ سمجھا ہی نہیں کہ "نص قطعی" کسے کہتے ہیں یا دیدہ و دانستہ جل دینے کی کوشش کی ہے"۔۔۔ "میں بتاؤں گا کہ اس آیت سے استدلال میں کس قدر فریب سے کام لیا گیا ہے"۔۔۔ "دلیل کی قطعیت تو اسی حرکت ناشائستہ کے باعث سوخت ہو گئی"۔۔۔ "تہذیب مانع ہوتی ہے ورنہ میں کہتا کہ بڑی خیانت و بددیانتی سے کام لیا گیا ہے"۔۔۔ (تہذیب مانع ہوتی ہے۔ کا فقرہ خود احساس بدتہذیبی کا آئینہ دار ہے جس سے معلوم نہیں جرم سنگین ہوتا ہے یا سبک) ۔۔۔ "محض فریب دینے اور ناواقف کو گمراہ کرنے کے لئے دو دو جن کتابوں کے نام نقل کر دئے کہ ان لوگوں نے اس روایت کو نقل کیا ہے چاہے وہ جعلی ہی کیوں نہ ہو، میں دعوے سے کہتا ہوں کہ یہ روایت قطعی جھوٹی اور جعلی ہے اس کی صحت کا ثبوت قیامت تک نہیں پیش کیا جا سکتا"۔۔۔ (ان فقرات میں انتہائی غیظ و غضب اور غصہ صاف ظاہر ہے یہ چیز سنجیدگی بحث کے لئے سم قاتل ہے) ۔ "کیا قرآن میں یہ لغویت ہو سکتی ہے"۔۔۔ "مان لو کہ اس سے حضرت علی کی خلافت کا ثبوت ملتا ہے لیکن (ع)" یہ تو سوچو کہ فلک ٹوٹ پڑے گا کس پر"۔۔۔ "آیت کے شان نزول میں غدیر خم کی روایت اختراع کی گئی نتیجہ یہ رہا جو سامنے ہے اور اب میں بجز اس کے کیا لکھوں (ع)" در کفر ہمچو ثابت نہ زنار را رسوا مکن"۔۔۔ "استدلال کی ماہیت پر غور کرو جس میں خدا اور رسول کے ساتھ کس قدر گستاخیاں ہیں اور اسلام کے ساتھ کیسا کھلا ہوا تمسخر ہے"۔۔۔ "افسوس نام زہرا بردن و دین یہودی داشتن" "جو ہر لطیف سے بہرہ مند اشخاص ان کی استدلالی حیثیت کو ذرہ برابر بھی وقعت نہیں دے سکتے، ہٹ دھرمی اور کجروی کا میرے پاس کوئی علاج نہیں اس کا معاملہ صرف خدا پر ہے"۔۔۔ "ادعائے باطل کے اثبات کے لئے جب دلایل و حجج کی دنیا میں قدم رکھا گیا تو ہر ہر قدم پر بیکسی نے فریاد کی اور ہر ہر گام پر تہی مائگی نے مرثیہ پڑھا دلیت نے دامن تھاما اور عقل نے ہاتھ پکڑ لیا غرض بیچارگی کی جسقدر مایوسیاں ہو سکتی ہیں وہ خود خرمن دلایل کے حق میں برق و شرر ثابت ہوئیں"۔۔۔ "خلافت علی ۔۔۔ بعض مفسدین کا اختراعی مسئلہ ہے اور اسقدر مہلک و خطرناک کہ اس کی بدولت قرآن کا دامن بھی ہاتھ سے چھوٹ جاتا ہے"۔

یہ اقتباسات سنجیدہ طبقہ کے غور و سکون کے لمحوں کے لئے سامنے ہیں۔ یہ اس بحث کا حسرت خیز انجام ہے جس میں متانت نگاری کو سنگ اساسی قرار دیا گیا تھا ان اقتباسات کے متوازی الفاظ و تعبیرات اس کے پہلے کے مضامین میں ڈھونڈھنے سے بھی دستیاب نہیں ہو سکتے۔ موجودہ اقتباسات کی سپردگی جہاں تک اندازہ کیا جا سکتا ہے گفتگو کم از کم "آپ" سے "تم" کے درجہ تک پہونچ گئی ہے اور "تو تکار درجہ بہت قریب ہے ۔۔۔ عام افراد کی افتاد طبع کے مطابق اور عام اصول مناظرہ کے موافق جہاں "کلوخ" و "سنگ" کا تبادلہ آئینی حیثیت سے "منصفانہ" قرار دیا گیا ہے اور "ابادی اظلم" کا سارٹیفکٹ اس کی صفائی میں دیدیا گیا ہے اگر میں بھی اس مضمون کا حقیقتاً جواب لکھوں تو پھر اصولاً حضرت نیاز کو بھی نہ فریاد کا حق ہوگا اور نہ منصور کے ایسے اجزاء پر قلم نسخ پھیرنے کا۔ مگر میں خود اس طریقہ تحریر کو نہ پسند کرتا ہوں اور نہ اثبات مطلب کے سلسلہ میں مفید اور حقیقتاً ذاتی طور سے اس حقیقت پر ایمان رکھتا ہوں جسے مدیر نگار نے اپنے ایک نوٹ میں بایں الفاظ روشن کیا ہے کہ "گالی کا جواب گالی سے دینا برا نہیں لیکن اسی وقت جب ہم یہ تسلیم کر لیں کہ سب سے پہلے جس نے گالی دی تھی اسنے کوئی اچھا کام کیا تھا"۔

اس لئے مجھ سے اس امر کی توقع نہ کرنا چاہئے کہ میں اپنے زیر تحریر مقالہ میں کسی ایسی بات کا جواب دوں گا۔ حقیقت یہ ہے کہ مجھے اس طرح کی ضرورت کبھی پیش آسکتی تھی جب میرا استدلالی پہلو کسی طرح کمزور ہوتا لیکن جبکہ مجھے اپنی حقانیت پر اعتماد ہے اور استدلال کی طاقت پر پورا بھروسا تو اس طرح کا انداز تحریر اختیار کرنے کی کوئی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوتی۔

غرض یہ ہے اس مضمون کی **پہلی کمزوری** جو بہت نمایاں حیثیت رکھتی ہے۔

دوسری بات غیر متعلقہ مباحث کا چھڑنا یہ بھی عام فن مناظرہ کا دلچسپ کرتب ہے۔ اس سے مقصود یہ ہوا کرتا ہے کہ مخاطب کو ان اجنبی مباحث میں اُلجھا کر اصل بحث میں گفتگو سے باز رکھا جائے۔ اس کا ارتکاب بھی زیادہ تر اسوقت کیا جاتا ہے جب اصل موضوع میں اپنی وسعت بیان اور طاقت استدلال پر اعتماد نہ ہو۔ یہ جوہر اس مضمون میں کافی درخشاں ہے۔ بلا مبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ سوائے چند مسئلوں کے تمام وہ الزامات جو فرقۂ شیعہ کے اوپر مختلف مسائل میں عاید کئے جایا کرتے ہیں، اس مقالہ میں مندرج ہیں مثلاً بداء، انکار ختم نبوت، فتنۂ ابن سبا، تحریف قرآن۔ غور کیا جائے تو یہی ان گنی چند باتیں ہیں جن کے الفاظ بدل بدل کر رٹ لگانے میں "النجم" کی ساری عمر ختم ہوئی۔ ایک تو فرقۂ شیعہ پر ان میں سے اکثر الزامات کا عاید کرنا ہی بالکل غلط ہے کیونکہ بداء کے مسئلہ میں احادیث اور علماء شیعہ کے اقوال دونوں اس بات پر متفق ہیں کہ وہ اسے بمعنے لغوی "ظہر لہ مالم یظہر" حضرت احدیت کے لئے غیر ممکن سمجھتے ہیں جس چیز کو وہ بداء کے نام سے تعبیر کرتے ہیں وہ اہلسنت کے متفقہ احادیث و روایات میں بھی موجود ہے اور قرآن میں بھی مندرج ہے رہی یہ بات ہے کہ اہلسنت اسکو بداء نہ کہیں کسی اور لفظ سے اسکو یاد کریں پھر ایسے تعبیری اختلاف کی بنیاد پر یہ حق کہاں پیدا ہوتا ہے کہ شیعوں کی نسبت اس خلاف واقعہ اظہار سے کام لیا جائے کہ وہ "بداء" بہ معنے لغوی کے قائل ہیں۔ اسی طرح ختم نبوت کے مسئلہ میں بھی جمہور شیعہ متفق ہیں اور وہ ہرگز اس عقیدہ کو صحیح نہیں سمجھتے کہ ائمہ نبی تھے یا رسول اللہ سے بالکل مساوی تھے پھر اس پیغمبر کو پیش کرنے اور اسپر زور قلم صرف کرنے سے حاصل۔

ابن سبا یہودی کے عقاید سے شیعیت کا ماخوذ ہونا یہ بھی ایک ایسی بے بنیاد روایت ہے جس کا درایت سے کوئی لگاؤ ہی نہیں ہے۔ قاعدہ ہے کسی مذہب کے افراد اس اپنے پیشرو کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور اس کی تعریف کرتے ہیں جو اُن کے عقاید کا اصلی بانی ہو۔ یہی علامت ہوتی ہے جس سے کسی فرقہ کے لوگ اپنے پیشرو کی طرف منسوب ہوتے ہیں لیکن ابن سبا کو ہمیشہ شیعہ کافر ملعون، مطرود و مردود لکھا گئے اور کہتے رہے۔ پھر اسکے کیا معنی کہ شیعی عقاید کا بانی ابن سبا کو قرار دیا جائے۔

اس کے برخلاف عبداللہ بن سلام اور کعب الاحبار نومسلم یہودیوں کے روایات کو اہلسنت سر آنکھوں پر رکھتے ہیں اور عہد فاروقی میں دربار خلافت کے اندر ان کو وہ عزت حاصل تھی کہ بہت سے صحابۂ کبار کو شاید وہ عزت حاصل نہ تھی اسی کا نتیجہ ہے کہ آیات قرآنی کی تفسیر میں جہاں تک قصص کا تعلق ہے ان لوگوں کے بیان کردہ روایات (اسرائیلیات) کا اتنا بڑا حصہ ہے کہ اسلام کے پاکیزہ روایات یہودیوں کے مزعومہ خرافات میں ملکر گم ہو گئے ہیں یہاں تک کہ اس کا اثر شرعی احکام پر بھی پڑا چنانچہ روز عاشورہ کے روزہ کی تشریع یہودیت ہی کے زیر اثر پایۂ تکمیل کو پہونچی اور عقاید پر بھی، چنانچہ یہود کا عقیدہ ہے کہ یداللہ مغلولۃ یعنی خدا جو کچھ قضاء و قدر کرنا تھا کر چکا اور اب اس کے ہاتھ بالکل بندھے ہیں کسی طرح کی کارگذاری کا موقع باقی نہیں ہے ــــ اہلسنت کے اندر انکار "بداء" کی صورت سے ظاہر ہوا۔

مورخانہ تحقیق و تفتیش اور واقعات کی فلسفیانہ تحلیل اس کا سبب یہ بتلاتی ہے کہ خود حضرت عمر کو مدینہ میں آنے کے بعد یہودیوں

کے مقدس روایات کے ساتھ خاص شغف ہوگیا تھا جس کا مظاہرہ رسالتمآب کے سامنے تک ہوا اور حضرت کو تنبیہ کی ضرورت محسوس ہوئی۔

ایک روایت میں ہے کہ آپ نے حضرت سے اجازت مانگی کہ میں یہود کے احادیث کو لکھا کروں کیونکہ میں سنتا ہوں تو وہ مجھے بہت پسند آتے ہیں حضرت نے فرمایا "کیا تم لوگ اسی طرح گمراہ ہونا چاہتے ہو جس طرح یہود و نصاریٰ گمراہ ہوئے"[1] دوسری روایت میں یہ ہے کہ آپ آنحضرت صلعم کے پاس ایک کتاب لائے جسے آپ نے بعض اہل کتاب سے حاصل کیا تھا تو حضرت غضبناک ہوئے اور فرمایا "تم لوگ ضرور اسی طرح گمراہ ہوگے جس طرح یہود و نصاریٰ گمراہ ہوئے" تیسری روایت میں یہاں تک ہے کہ آپ حضرت کے پاس توریت کا ایک نسخہ لیکر آئے اور بڑے ذوق وشوق سے کہا کہ "یہ توریت کا نسخہ ہے" حضرت نے سکوت فرمایا آپ نے اُسے پڑھنا شروع کردیا اور رسالتمآب کا چہرہ متغیر ہونے لگا لیکن آپ کو کوئی توجہ نہیں ہوئی حضرت ابوبکر نے فرمایا "اے خدا تجھے غارت کرے تو دیکھتا نہیں کہ رسالتمآب کے چہرہ کا کیا عالم ہے"[2] بہت ممکن ہے کہ رسول اللہ کی تنبیہ کا اُسوقت آپ پر تحقیقی اثر ہوا ہو مگر واقعات بتلاتے ہیں کہ آپ کی دلچسپی یہود کے لٹریچر کے ساتھ برابر قائم رہی جس کا پورا مظاہرہ آپ کے دور حکومت میں ہوا اور کعب الاحبار کے روایات کو آپ کی بدولت وہ اہمیت حاصل ہوگئی کہ وہ احادیث کی ہم پلہ سمجھی گئیں اور اسی کا نتیجہ ہے کہ "فاسئلوا اہل الذکر ان کنتم لا تعلمون"[3] کی شرح میں اسلامی تفاسیر علمائے اہل کتاب کی طرف رجوع کرنے کا فتویٰ دے رہے ہیں[4] جس کی رد شیعوں کے امام محمد باقر نے ان الفاظ میں کی ہے کہ "اگر یہود و نصاریٰ کی طرف رجوع کریں تو وہ اپنے مذہب کی دعوت دینگے مسلمانوں کو صحیح راستہ کب بتلائیں گے"[5] ان حقایق کی روشنی میں یہ کہنا کہاں تک بجا ہے کہ شیعیت یہود سے ماخوذ ہے اور سنیت اس طرح نہیں ہے کیا اس کے لئے رجال کشی کا ایک مجہول الاسم نقل وقول اور مخالفین شیعہ کی طرف منسوب شدہ مواد ثبوت کے لئے کافی ہوسکتا ہے جبکہ خود کشی کے متعلق یہ معلوم ہے کہ "روی عن الضعفاء کثیرا" انھوں نے ضعیف اشخاص سے بہت روایات نقل کئے ہیں اور ان کی کتاب رجال کی نسبت معلوم ہے "ان فیہ اغلاطا کثیرۃ" کہ اس میں بہت سی غلطیاں ہیں[6]

اسی طرح تحریف قرآن کے متعلق جمہور شیعہ کا عقیدہ بارہا روشنی میں آچکا ہے کہ وہ اس میں کمی زیادتی کے قائل نہیں ہیں اور قائلین تحریف بعض اخباری علماء ہیں جو شیعوں میں "اہل حدیث" کی حیثیت رکھتے ہیں اور محققین کے زمرہ میں نہیں شامل ہیں۔

جہاں تک شیعہ کی طرف تحریف قرآن کی نسبت یہ ایک ایسا غلط تخیل ہے جس کی غلطی کا احساس بعض انصاف شیوہ محقق علمائے اہل سنت نے بھی کیا ہے چنانچہ علامہ مہاجر شیخ رحمۃ اللہ نے اپنی کتاب اظہار الحق میں اس سلسلہ میں متقدمین ومتاخرین علمائے شیعہ کے اقوال نقل کرنے کے بعد صاف تحریر کیا ہے کہ:۔ "فظہر ان المذہب المحقق عند علماء الفرقۃ الامامیۃ الاثنی عشریۃ ان القرآن الذی انزل اللہ علی نبیہ صلعم ما بین الدفتین وھو ما فی ایدی الناس لیس باکثر من ذلک"۔ گزشتہ تصریحات سے ظاہر ہوا کہ تحقیقی مسلک علمائے فرقہ امامیہ اثنا عشریہ کا یہی ہے کہ قرآن جسے خدا نے اپنے نبی پر نازل کیا ہے وہ یہی ہے جو دونوں دفتیوں کے درمیان موجود ہے اور وہ وہی ہے جو مسلمانوں کے ہاتھوں میں ہے اور وہ اصل میں اس سے زیادہ نہیں ہے"

پھر لکھا ہے:۔ "والشرذمۃ القلیلۃ منہم التی قالت بوقوع التغییر فقولہم مردود عندہم ولا اعتداد بہ فیما بینہم" "ایک بہت چھوٹی جماعت ان میں سے جو تغیر واقع ہونے کی قائل ہے ان کا قول علمائے شیعہ کے نزدیک ناقابل قبول ہے اور لائق اعتبار نہیں ہے"[7]

عصر حاضر کے مشہور امامیہ کتاب اشرق امیر شکیب ارسلان نے بھی لکھا ہے "ان جمہور الشیعۃ الیوم یعتقدون ان القرآن الکریم لیس فیہ زیادۃ ولا حذف منہ وانما ضعیف الیہ" بعض اشخاص علماء شیعہ میں نہ جمہور اس کے قائل ہیں کہ قرآن کریم میں بھی کمی زیادتی ہوئی

---

[1] مشکوٰۃ مطبوعہ اصح المطابع صفحہ ۳۰ باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ۔ [2] کنز العمال مطبوعہ حیدرآباد جلد ۱ صفحہ ۱۵۔ [3] مشکوٰۃ مطبوعہ اصح المطابع صفحہ ۳۲۔ [4] سورۂ انبیاء پ ۱۷۔ [5] باب تاویل خازن ج ۴ صفحہ ۲۴۳۔ معالم التنزیل بغوی برحاشیہ تفسیر خازن صفحہ مذکورہ۔ [6] مستدرک الوسائل ج ۳ ص ۵۲۹۔ [7] اظہار الحق ج ۲ ص ۵۲۔ [8] مقدمہ کتاب النقد التحلیلی لکتاب الادب الجاہلی الاستاد محمد احمد الغمراوی مطبوعہ قاہرہ ص ۳۱۔

رسول اللہ روزہ کی حالت میں حضرت عائشہ کے بوسہ لیتے تھے (بخاری جلد ۱ صفحہ ۲۶۴ وغیرہ) اور ایسے بہت سے حالات جن سے "رنگیلا رسول" ایسی رسوائے عالم کتاب طیار ہوگئی جس کا جواب مسلمانوں کی جانب سے اس کے مصنف کو سزائے موت دینے کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ بے شک شیعوں کی کتابیں رسول اللہ کے اس طرح کے حالات سے خالی ہیں۔

چوتھی کمزوری یہ ہے کہ اس مضمون کو ان تنقیحات کا پابند بنا کر نہیں لکھا گیا ہے جو جناب مدیر نگار نے سوالات کی صورت سے قایم کئے تھے اور جن کی پابندی کے ساتھ "آزاد خیال شیعہ" نے جواب تحریر کیا تھا۔ معاملہ فہمی اور تحقیق پسندی کا تقاضا یہ ہونا چاہیئے تھا کہ انہی تنقیحات کی بنا پر بحث کی جاتی لیکن یہ صورت بحث کو محدود بناتی تھی اس لئے بزمی صاحب نے بھی سہولت اسی میں سمجھی کہ خود مستقل تنقیحات قایم کرکے ان پر گفتگو کریں اور "م ح" صاحب نے بھی فلاح و نجاح کا رمز اسی میں مضمر خیال کیا۔ اس کا نتیجہ ہوا کہ میرے مقالہ کے اکثر اجزا بالکل نظر انداز کر دئے گئے اور ان پر کوئی تبصرہ نہیں کیا گیا۔

مجھے چونکہ بزمی صاحب اور "م ح" دونوں بزرگواروں کے ارشادات پر نظر ڈالنا ہے اس لئے میں ان دونوں مقالوں سے باعتبار مجموعی جو مباحث پیدا ہوتے ہیں انھیں تنقیحات کی صورت سے درج کرتا ہوں اور پھر ان پر ترتیب وار تبصرہ کروں گا۔

تنقیحات (۱) "عصمت انبیا" زندگی کے ہر شعبہ سے متعلق ہونا چاہیئے یا اس میں تفریق کی گنجایش ہے۔ (۲) نظام خلافت کے متعلق "عقل عمومی" یا "حاسہ اجتماعیہ" کا تقاضا کیا ہے اور کیا شیعی اصول اسکے خلاف اور سنی اصول اسکے مطابق ہے۔ (۳) استحقاق خلافت کے شرائط کیا ہیں، اور کیا وہ خلفائے ثلثہ میں مجتمع تھے اور حضرت علی میں مفقود۔ (۴) آیات سے استدلال کا معیار اور اخبار و احادیث کا درجہ۔ (۵) حضرت علی کی رائے خلفائے ثلثہ کے بارے میں۔ (۶) سنی شیعہ اختلاف میں سیاسی اغراض کی کارفرمائی۔ (۷) کیا نفرت و عناد کی اسپرٹ شیعی مذہب کی وہ خصوصیت ہے جو اسکے اصلاحی یا الہامی ہونے کے خلاف ہے؟

تنقیح اول

عصمت انبیا میں تعمیم و تخصیص

نیاز صاحب نے اپنے محاکمہ میں اس کا اقرار کرتے ہوئے کہ "رسول اللہ ضرور چاہتے تھے کہ ان کے بعد جناب امیر خلیفہ قرار پائیں" یہ خیال ظاہر فرمایا تھا کہ رسول سے اس بارے میں خطاء اجتہادی ممکن ہے انھوں نے عصمت کے مفہوم کو گناہوں سے محفوظ ہونے میں محدود قرار دیتے ہوئے یہ کہا تھا کہ انسانی کمزوری سے جو بھول چوک اور اجتہادی غلطی ہوا کرتی ہے اس سے رسول بھی مستثنیٰ نہیں ہیں۔

میں نے اپنے تبصرہ میں جو اس محاکمہ سے متعلق تھا بالکل عقلی حیثیت سے یہ ثابت کیا تھا کہ رسول کا جس طرح گناہوں سے معصوم ہونا ضروری ہے اسی طرح انھیں اس طرح کی غلطیوں سے بھی محفوظ ہونا چاہیئے۔

میں نے واضح کیا تھا کہ دنیا کے ہر شعبہ میں جس طرح کی عصمت ڈھونڈھی جاتی ہے وہ یہی عصمت ہے اور اس طرح اسی کو رسول میں مکمل طور پر ہونا چاہیئے۔ آخر میں میں نے یہ بھی کہا تھا کہ جو لوگ رسول سے خطاء اجتہادی کو ممکن قرار دیتے ہیں وہ بھی اس بات کے قایل ہیں کہ خدا رسول کو اس غلطی پر برقرار نہیں رہنے دیتا بلکہ اصلاح کر دیتا ہے اس لئے اگر خلافت علی بن ابیطالب کے متعلق رسول کی ذاتی رائے بھی تھی تو خدا کو اس کی اصلاح کرنا چاہیئے تھی نہ کہ رسول کی اس خطاء اجتہادی کی اپنی جانب سے اور تقویت کی جائے۔

بزمی صاحب نے تقریباً میری اس بحث سے بالکل اتفاق کیا ہے چنانچہ انھوں نے مدیر نگار کی رائے کو درج کرنے کے بعد لکھا ہے:۔ "ممکن ہے یہ دلیل صحیح ہو لیکن اسے موجودہ بحث سے متعلق کرنا میرے نزدیک صحیح قرار نہیں دیا جا سکتا کیونکہ اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ انبیاء سے بھول چوک ہو سکتی ہے۔

تب بھی اس کا یہ مطلب نہیں لیا جا سکتا کہ کسی اپنے ہم مسلک میں بھی انبیاء سے مسلسل غلطی ممکن ہے جس کا تعلق مذہب کی اساس سے ہو۔ اور جس غلطی کی وجہ سے ملت کا شیرازہ منتشر ہو جائے۔ تلواریں نیام سے کھینچ جائیں اور ابد الآباد تک کے لیے ایک نہ ختم ہونے والا افتراق و انتشار کھڑا ہو جائے۔"

جناب مرتب کا بھی شکر گزار ہونا چاہئے کہ انھوں نے اس مسئلہ میں نیاز صاحب کی کامیابی کا اعتراف کیا ہے لیکن پھر بھی ایک پہلو افتراق کا نکالکر خود اظہار خیال فرمایا ہے۔ وہ فرماتے ہیں:۔ "اخفاء حقیقت ہوگا اگر میں اس کا اعتراف نہ کروں کہ اس مسئلہ پر صاحب تبصرہ نے معقولیت کے ساتھ بحث کرنے میں بہت کامیاب کوشش کی ہے۔ اگرچہ ذاتی طور سے مجھے ان خیالات سے چنداں اتفاق نہیں ہے اور میں اس مسئلہ میں ایک حد تک نیاز صاحب کے نظریہ کی تائید کروں گا۔"

درحقیقت اس مسئلہ میں الفاظ کی نزاکت کے باعث التباس پیدا ہو گیا ہے صرف دو چیزیں ہیں گناہ اور خطاء اجتہادی بھول چوک کو بھی اسی خطاء میں داخل سمجھا گیا ہے حالانکہ یہ ایک علیحدہ امر ہے۔ گناہ کی بابت مراسلہ اور تبصرہ دونوں میں بالاتفاق اعتراف کیا گیا ہے کہ انبیاء گناہ سے معصوم ہوتے ہیں میرے نزدیک بھی یہ درست ہے خطاء اجتہادی اور بھول چوک میں اختلاف ہے۔ نیاز صاحب کے نزدیک انبیاء سے خطاء اجتہادی کا وقوع و صدور ممکن ہے اور بھول چوک بھی منافی عصمت نہیں صاحب تبصرہ کو اس سے اختلاف ہے وہ خطاء اجتہادی کو ہی ناممکن الوقوع سمجھتے ہیں (میں ناممکن کا اسی معنی میں استعمال کر رہا ہوں جو صاحب تبصرہ نے بیان کئے ہیں) ان کے پاس اس کے لئے سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اگر نبی سے امکان خطاء و نسیان اور اس کا وقوع تسلیم کر لیا جائے تو سارا دین مشکوک ہو جاتا ہے شریعت سے اطمینان و اعتبار ساقط ہو جاتا ہے اور پھر ہمارا بنایا گھروندا دم کے دم میں ڈھیر نظر آئے گا۔ حالانکہ یہ خیال ایک غلط فہمی پر مبنی ہے۔

رسول کی دو حیثیتیں ہوتی ہیں ایک وہ جو خالق سے وابستگی کی صورت میں ہوتی ہے اور دوسری وہ جو حیثیت اسکے بندہ ہونے کے بندوں کے ساتھ وابستہ ہوتی ہے۔ خالق سے اس کے تعلقات کی نوعیت یہ ہوتی ہے کہ وہ احکام الٰہیہ کو صحیح طریقہ سے حاصل کر کے باحسن وجوہ اس کو بندوں تک پہونچا دے اسی حیثیت کا اصطلاحی نام رسالت ہے لیکن اس رسالت کے مسئلہ میں اس امر کو اچھی طرح ذہن نشین رکھنا چاہئے کہ رسول کے لئے دو امر ضروری ہیں اول اخذ صحیح دوسرے نشر صحیح یعنے احکام الٰہیہ کو اچھی طرح سمجھ کر لینا اور پھر اس کی صحیح طریقہ پر نشر و اشاعت کرنا۔

دوسری حیثیت نبی کی وہ ہے کہ دیگر انسانوں کی طرح وہ بھی ایک انسان اور جملہ لوازمات انسانیہ کے ساتھ متصف ہوتا ہے اس حیثیت کو بشریت کہتے ہیں اس امر کے واضح ہونے کے بعد یہ امر غور طلب ہے کہ عصمت نبی کی کس حیثیت کے لئے ضروری ہے آیا رسالت اور بشریت دونوں کے لئے یا صرف رسالت کیلئے

میرے خیال میں رسالت کے لئے عصمت ضروری ہے اور اس کا اعتراف سب کو ہے وہ گناہ نہیں کر سکتا وہ خدا سے غلط احکام نہیں حاصل کر سکتا اور نہ اس کو غلط طریقہ سے وہ دوسروں تک پہونچانے کا مرتکب ہو سکتا ہے۔ البتہ بشریت کے لئے میرے نزدیک عصمت ضروری نہیں ہے۔ یعنے نبی کے ذاتی امور کہ جو اسی حیات دنیویہ یا صرف ضروریات بشریہ سے تعلق رکھتے ہیں اس میں کبھی لغزش ہو جائے تو اس کا کوئی مغائر عصمت رسالت پر نہیں مرتب ہوگا ٹھیک اسی طرح جیسا کہ صاحب تبصرہ نے قابل وکیل اور حاذق طبیب کی تمثیل پیش کی ہے بے شک ناہر قانون داں وکیل سمجھا جائے گا جو پیروی مقدمات کے بارے میں غلطی کرتا ہی نہ ہو یا غلطی ہو جاتی ہو لیکن کم از کم طبیب حاذق کے لئے ضروری ہے کہ وہ تشخیص امراض و تجویز علاج میں خطا بہت کم کرتا ہو۔ یقیناً کم کی قید ہم اپنی انسانی کوتاہی کے باعث لگاتے ہیں اگر خدا کسی طبیب حاذق کو معین کرے تو یقیناً کہا جا سکتا ہے کہ ایسا طبیب کم از کم بھی غلطی نہیں کر سکتا نہ تشخیص امراض میں نہ تجویز علاج میں لیکن ایسے طبیب کے لئے یہ تو ضروری نہیں قرار دیا جائیگا کہ وہ زندگی کے ہر شعبہ میں غلط روی سے معصوم ہو جہاں تک اسکی حذاقت طبابت کا تعلق ہے ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اس کا کوئی قدم جادہ صحت و اعتدال سے نہیں ہٹ سکتا باوجود اسکے وہ زندگی کے کسی دوسرے شعبہ میں اگر لغزش کر جائے تو اس سے اس کی حذاقت طبابت پر کوئی حرف نہیں آسکتا ہے اس تقریر سے میرا صرف یہ مقصد ہے کہ انسان کے لئے کسی امر و اعداد میں کمال اس کو مستلزم نہیں کہ وہ جملہ کمالات کا حامل ہو ٹھیک اسی طرح رسالت کا مسئلہ ہے۔ رسول خدا سے احکام حاصل کرتا ہے اور بندوں تک پہونچاتا ہے اس کے لئے عصمت لازم و مسلم ہے اور اس عصمت پر کوئی دھبہ نہ آئے گا اگر وہ اپنے دنیاوی امور بشریت میں کوئی لغزش کر جائے بشریت کی بار بار قید کا

اضافہ میں اس لئے کرتا ہوں کہ کہیں کسی کو یہ مغالطہ نہ ہو کہ نبی اخلاقی غلطی مثلاً کذب و سرقہ وغیرہ کا ارتکاب کر سکتا ہے واضح رہے کہ میرا یہ مقصد نہیں ہے اخلاقی غلطی کو گناہ کے حدود میں داخل ہے اور یہ پہلے ہی سے طے شدہ امر ہے کہ ہر چھوٹے بڑے گناہ سے نبی معصوم رہتا ہے۔

اہلسنت کے نزدیک مسئلہ عصمت میں رسالت و بشریت کی حیثیات کی وہ تفریق موجود ہے جس کی عقل مقتضی ہے جس کو میں اوپر پیش کر چکا۔ ان خیالات کا جائزہ لینے میں مجھے اندیشہ ہے کہ بعض ان مطالب کے اعادہ کی ضرورت پڑے جو گزشتہ مقالہ میں توضیح کے ساتھ لکھے جا چکے اسلئے ناظرین سے پرزور استدعا کرتا ہوں کہ ذرا یکمرتبہ اس مقالہ کے اس حصہ کو غور سے ملاحظہ فرمالیں شاید بعض اپنے نکات کی طرف خود ان کا ذہن منتقل ہو جائے جو اس بحث میں مفید نتیجہ برآمد کر سکتے ہیں۔

حقیقتاً لائق مضمون نگار نے مدیر نگار کے نظریہ کی تائید نہیں کی ہے بلکہ ایک بین بین راستہ اختیار کرنا چاہا ہے جو مدیر نگار اور آزاد خیال شیعہ دونوں کے مسلک سے علیحدہ ہے مدیر نگار گناہ اور خطاء اجتہادی میں تفریق کرتے تھے پہلی صورت کو نبی کے لئے غیر ممکن اور دوسری صورت کو قابل وقوع قرار دیتے تھے انھوں نے خطاء اجتہادی یا بھول چوک کو خود لوازم انسانیت سے بتایا تھا اسی لئے وہ نبی کی انسانی حیثیت کو جواز وقوع خطاء و نسیان کی سند بتا رہے تھے۔

آزاد خیال شیعہ نے جو کچھ لکھا تھا وہ اُن کے مقابلہ میں اس امر کو ثابت کر دینے کے لئے کافی تھا کہ جس طرح ایک نبی کو گناہ سے محفوظ ہونا چاہئے اسی طرح خطاء اجتہادی سے بھی اور یہ دکھلایا تھا کہ خطاء اجتہادی کا عدم وقوع یا غیر ممکن ہونا رسول کی انسانی حیثیت میں کسی نقص کا باعث نہیں ہے بلکہ اسی انسانی حیثیت کے کمال کا نتیجہ ہے ــــ جناب مرح خطاء اجتہادی کے بارے میں زندگی کے مختلف شعبوں کے اعتبار سے تفریق کر رہے ہیں وہ مسائل شرعیہ اور احکام مذہبیہ میں جو رسالت کی حیثیت سے متعلق ہیں خطاء اجتہادی کو غیر ممکن بتاتے لیکن زندگی کے دوسرے شعبوں میں جو رسول کی انسانی حیثیت سے تعلق رکھتے ہیں اس کو ممکن قرار دے رہے ہیں ــــ یہ مسلک ممکن ہے ظاہری حیثیت سے خوش آئند یا دل کو لگتا ہوا معلوم ہوتا ہو لیکن حقیقت امر یہ ہے کہ استدلالی و عقلی حیثیت سے وہ اس سے زیادہ کمزور ہے جتنا کہ نفی مطلق یعنے خطاء اجتہادی کو کلیۃً رسول کے لئے ممکن قرار دینے کا مسلک۔

رسالت اور انسانیت بے شک دو مختلف حیثیتیں ہیں لیکن چونکہ ان دونوں کا اجتماع ایک شخص میں ہوتا ہے جسے کہتے ہیں رسول اس لئے اس شخص کی انسانیت کا معیار وہ قائم ہونا چاہئے جو اس کی رسالت کے درجہ کے منافی نہ ہو ــــ چونکہ ایک پست انسان جو بہت سے ان نقائص و عیوب میں مبتلا ہو جنھیں کمال انسانیت کی صورت میں نہ ہونا چاہئے تھا ہرگز یہ استحقاق نہیں رکھتا کہ اُسے رسالت کا ایسا ذمہ دارانہ منصب عطا کر دیا جائے اس لئے رسول کی انسانیت اس درجہ کی ماننا پڑے گی جو ان نقائص سے بلند ہو ــــ جبکہ خطاء اور غلطی ایک انسان کے نقائص میں ضرور داخل ہے اور اس لئے ایک رسول کے لئے مدیر نگار کو بھی اُسے "بہت کم" قرار دینے کی ضرورت محسوس ہو رہی تھی اور اس کی کمی اسی انسانیت کے درجہ کے کمال کا نتیجہ ہے جو رسول کے لئے ہر انسان ماننے پر مجبور ہے اور یہ بات مضمون نگار نے تسلیم کی ہے کہ "کم" کی قید ہم انسانی کوتاہی کے باعث لگاتے ہیں۔ اگر خدا کسی کو عہدہ عطا کرے تو یقیناً وہ عہدہ دار "کم سے کم" بھی غلطی نہیں کر سکتا ان دونوں باتوں کا لازمی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ رسول کو "کم از کم" غلطی بھی نہ کرنا چاہئے ورنہ یہ اس کے درجۂ انسانی کا نقص ہوگا جو اس کی رسالت کے شایان نہیں ہے ــــ پھر یہ دیکھا جائے کہ رسول کی ذات میں "مفہوم منطقی" کے لحاظ سے اگرچہ رسالت اور انسانیت دو مختلف حیثیتیں ہیں لیکن رسالت کے مفہوم کو "مرسل الیہم" کے لحاظ سے دیکھا جائے تو وہ ان کے انسانی زندگی ہی کے شعبوں سے متعلق ہے کیونکہ اُن میں علاوہ انسانیت کے اور کوئی حیثیت نہیں ہے یعنے رسالت کا مفاد ان تمام انسانوں کی انسانیت ہی کی اصلاح ہے۔ اس لئے رسول کی انسانی زندگی ہی کے حالات اقوال و افعال ان تمام اشخاص کے لئے نمونہ بن سکتے ہیں۔

اب اگر رسول اپنی عام زندگی کے حالات میں عام اشخاص ہی کے مانند رہے اور ان میں کوئی بڑی ساعصمت نہ ہوئی تو اگرچہ وہ رسالت کی حیثیت سے کوئی مخصوص بات رکھتے بھی ہوں تو اُسے عام اشخاص پر حجت نہیں قرار دیا جا سکتا لیونکہ وہ تو انسانی ہی زندگی کے حامل ہیں اور رسول کی پیروی انسانی زندگی کے شعبوں میں کر سکتے ہیں جبکہ ان شعبوں میں رسول سے غلطیاں ممکن ہوئیں اور بے راہ روی کا احتمال پیدا ہوا تو مقصد رسالت رخصت ہو گیا اور رسول کی ذات انسانی زندگی کے شعبوں میں رہنمائی سے قاصر رہی۔

اس بات میں قابل وکیل اور حاذق طبیب کی تمثیل درست نہیں ہے اس بنا پر کہ قابل وکیل اور حاذق طبیب کا کام صرف ایک شعبہ سے متعلق ہے

اور رسالت زندگی کے تمام شعبوں سے متعلق ہوتی ہے۔

بے شک چونکہ قابل وکیل اور حاذق طبیب کی نسبت مضمون نگار نے یہ تسلیم کیا ہے کہ اگر اُسے خدا مقرر کریگا تو وہ اس شعبہ میں "کم سے کم" بھی غلطی نہیں کرسکتا اور اس کا کوئی قدم جادۂ صحت واعتدال سے نہیں ہٹ سکتا لہٰذا اس تمثیل کا نتیجہ یہ برآمد کرنا چاہئے کہ چونکہ رسالت زندگی کے تمام شعبوں سے متعلق ہے اور وہ خدا کی جانب سے ہوتی ہے اس لئے رسول سے کسی شعبۂ زندگی میں غلطی نہیں ہوسکتی اور اس کا کوئی قدم جادۂ صحت واعتدال سے نہیں ہٹ سکتا۔ کہا جاتا ہے کہ "رسول کے لئے دو امر ضروری ہیں اول اخذ صحیح دوسرے نشر صحیح" لیکن یہ امر نظر انداز ہوگیا کہ نشر کے دو طریقہ ہیں ایک قول۔ دوسرے عمل، اور رسول کی تمام زندگی منقسم ہے انہی ابواب پر جب انمیں صحت ضروری ہوئی تو اب آخر غلطی قدم کہاں رہیگی۔

اس صورت میں کہ جب مذہب اور شریعت میں فرق قرار دیا جائے یعنے مذہب نام اُن عقیدت مندانہ مظاہرات کا ہو جو بندہ کو اپنے خدا سے وابستہ کرتے ہیں۔ اور شریعت قوانین اجتماعی ومعاشرتی کا جنھیں مدیر نگار ایسے بہت سے روشن خیال افراد اسلام کے قابل تبدیلی احکام میں داخل سمجھتے ہیں اور اس کے ساتھ ایک شعبہ قسم کیا جائے سیاسیات کا جو جمعیت اسلامیہ کے داخلی وخارجی انتظامات وتعلقات سے متعلق ہے جس کے ایک مستقل چیز ہونے کا ترشح بھی جناب نیاز کے مختلف تحریرات اور نیز موجودہ بعض مضامین کے رجحانات سے ہوتا ہے۔

اس صورت میں بے شک رسول کے لئے متعدد حیثیتیں حاصل ہوجاتی ہیں۔ وہ عقاید واُصول مذہب کے پہونچانے کی حیثیت سے ایک مبلغ ہیں۔ قوانین اجتماعی ومعاشرتی کے اعتبار سے ایک مقنن اور سیاسیات کے اعتبار سے ایک حاکم ومنظم۔

لیکن بہرحال حیثیتیں تمام اُن کی رسالت ہی کے اندر مضمر ہیں یعنے منجانب اللہ ہی ہیں۔ اسی لئے اگرچہ دوسری دونوں قسموں کے قوانین واحکام کو رسول کے بعد آنے والے اوقات وحالات میں بھی قابل تبدیلی بھی خیال کیا جائے لیکن اس کا شاید کوئی بھی قایل نہیں ہے کہ اگر رسول کی حیات میں کوئی دوسرا شخص کوئی قانونی حکم نافذ کرے تو وہ رسول کے حکم کے مقابلہ میں قابل عمل ہوگا یا کوئی دوسرا شخص رسول کو مقہور ومغلوب بناکر مسلمانوں پر تسلط حاصل کرنا چاہے تو اُس کا یہ فعل صحیح وبجا ہوگا۔

تیسری حیثیت رسول کی کم از کم وہ ہے جیسے طالوت کو خدا نے بادشاہ مقرر کیا جس کا تذکرہ قرآن میں ہے:۔ (قال نبیہم ان اللہ قد بعث لکم طالوت ملکا) اور جس کو مضمون نگار نے بھی اپنے اسی مقالہ میں درج کیا ہے۔ فرق اتنا ہے کہ طالوت کو صرف وہی حیثیت حاصل تھی اور رسول کو اس کے ساتھ دو حیثیتیں اور بھی حاصل ہیں۔ ایک تبلیغ عقاید کی اور دوسرے اجرائے احکام کی۔

اب چونکہ یہ ثابت ہوچکا ہے کہ خدا جس عہدہ پر کسی کو نظر کرے گا وہ کم از کم اپنے شعبہ میں غلطیوں سے ضرور بری ہوگا لہٰذا جب رسول، خدا کی طرف سے مبلغ عقاید ہیں تو عقاید کے بارے میں غلطی کے مرتکب نہیں ہوسکتے اور جب احکام شرعیہ کے مقنن ہیں تو شرعی احکام میں غلطی نہیں کرسکتے اور جب خدا ہی کی طرف سے ایک سیاسی فرمانروا یعنے بادشاہ ہیں تو سیاسیات میں بھی اُنکا کوئی قدم جادۂ صحت واعتدال سے نہیں ہٹ سکتا۔

اس طرح اگر خلافت کے مسئلہ کو سیاسی چیز بھی مانا جائے تب بھی اس میں غلطی کا امکان رسول سے نہیں ہے اور یہی اس بحث کی اصلی بنیاد ہے۔

سمجھ میں نہیں آتا کہ اگر شعبوں کی تفریق خطاء واجتہادی اور غلطی میں فایدہ بخش ہوسکتی ہے تو گناہ کے لئے کیوں نہ کہا جاتا ہے کہ رسول گناہ بالکل نہیں کرسکتے بالکل اُسی طرح جیسے وہاں مثال پیش کی گئی ہے، بے شک ایک حاذق طبیب کا علاج اُس وقت نہ کرنا چاہئے جب وہ جان بوجھ کر نسخہ غلط لکھتا ہو یا تشخیص مرض میں کوتاہی کرتا ہو اور ایک قابل وکیل کی طرف اُس وقت رجوع نہ کیجائے جب وہ پیروی میں عمداً خرابی کر رہا ہو اور موکل کو نقصان پہونچا دیتا ہو لیکن اگر ایسا نہیں ہے۔ وہ پیروی مقدمات میں کوئی خرابی نہ کرتا ہو۔ تشخیص امراض وتجویز علاج میں کسی کوتاہی یا ضرر رسانی کا ارتکاب نہ کرتا ہو لیکن اپنی زندگی کے دوسرے شعبوں میں وہ ایک گناہگار انسان ہو۔ وہ بہت سے اخلاقی معاصی کا مرتکب ہو تو اس سے اُسکی وکالت یا طبابت پر تو حرف نہیں آسکتا۔ اسی طرح جبکہ ایک نبی کے لئے اخذ صحیح اور نشر صحیح ضروری ہے تو اُس کی صداقت کا معیار یہی ہونا چاہئے کہ وہ اخذ ونشر میں تفقیہ وکوتاہی اور غلط بیانی سے کام نہ لیتا ہو۔ لیکن اپنے ذاتی امور میں جو اسی حیات دنیویہ یا صرف ضروریات بشریہ سے تعلق

کہتے ہیں اس میں اگر کبھی گناہ ہو جائے تو اُس کا کوئی مضر اثر عصمت رسالت پر مرتب نہیں ہونا چاہئے۔
حقیقت یہ ہے کہ گناہ چونکہ ارادی و اختیاری چیز ہے اس لئے اس میں تو یہ تفریق ممکن بھی ہے کہ کوئی انسان ایک شعبہ میں گناہ کا مرتکب ہو اور دوسرے میں نہ ہو لیکن خطاء اجتہادی یا سہو و نسیان میں اس تفریق کے کوئی معنی نہیں ہیں۔
بھول چوک اور غلطی کوئی ارادی فعل نہیں ہے جس کا ارتکاب و عدم ارتکاب اور اُس کے دائرہ کا تعین کسی کے اختیار سے متعلق ہو بلکہ وہ تو حقیقۃً بعض انسانی طاقتوں کے کمال کا ایک سلبی نتیجہ ہے جو اُس طاقت کی کمی اور زیادتی کی صورت میں اسی اعتبار سے مرتب ہوتا ہے۔

انسان کا ایک جوہر ہے اصابت رائے، اس کا نتیجہ ہے خطاء اجتہادی کا نہ ہونا۔ ایک صفت ہے تحفظ و تذکر، اس کا نتیجہ ہے نسیان و سہو سے محفوظ رہنا۔ اب اگر اصابت رائے کی طاقت انسان میں مفقود ہے تو وہ غلط فہمی میں مبتلا ہوگا اور ہر بات میں خطاء اجتہادی کرے گا اور اگر یہ طاقت موجود ہے تو جس درجہ پر وہ مکمل ہوگی اُتنی ہی خطاء اجتہادی کم ہوگی اور بالکل کامل ہونے کی صورت میں وہ خطا بالکل نہ ہوگی۔
اسی طرح تحفظ و تذکر جتنا زیادہ ہوگا اُتنا ہی سہو و نسیان کم ہوگا اور جب یہ طاقت مکمل ہوگی تو سہو و نسیان معدوم ہو جائے گا۔ اب اگر ایک شخص ایسا ہے کہ اُس کی اصابت رائے یا تحفظ طاقت ایک متوسط درجہ پر نقص و کمال کے درمیانی حدود میں ہے تو اُس سے اُسی تناسب سے خطاء اجتہادی اور سہو و نسیان کا امکان ہے اور اُس کا وقوع ہر شعبہ میں ہو سکتا ہے ــــ اس میں یہ گارنٹی ہرگز ملی ہی نہیں جا سکتی کہ وہ اس شعبہ میں خطا اور بھول میں مبتلا ہو سکتا ہے لیکن اُس شعبہ میں نہیں ــــ زیادہ سے زیادہ یہ کہ وہ اُس خطا اور غلطی میں معذور ہوگا کیونکہ اختیاری طور پر نہیں ہے لیکن اُسے پابند بنانے کے کوئی معنی ہو ہی نہیں سکتے۔ جیسے مجتہد، چونکہ وہ غیر معصوم ہے اس لئے احکام شرعیہ کے سمجھنے میں بھی اُس سے غلطی ہوتی ہے۔ یہ اور بات ہے کہ وہ صواب و خطا دونوں صورتوں میں معذور ہو۔ اگر رسول کی بھی یہی صورت ہو تو یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ وہ دنیاوی اُمور میں تو خطا و نسیان میں مبتلا ہو سکتے ہیں لیکن امور رسالت میں نہیں۔
یہ تو صرف الفاظ کا ایک سراب منظر ہے جس میں عقلی اعتبار سے حقیقت ہرگز نہیں ہے۔
یہ ظاہر ہے کہ رسول مبعوث ہوتا ہے رسالت کے ساتھ اپنی عمر کی ایک کافی مدت اُسی قوم میں گزارنے کے بعد۔ رسول پر وثوق و اطمینان پیدا ہوتا ہے اس کے ان حالات کی بنا پر جو رسالت کے قبل دیکھے جا چکے ہیں۔ یہی مزہ ہے ہر قوم کی طرف رسول خود اُسی قوم میں سے مبعوث کرنے کا۔
حضرت محمد مصطفےٰ جب چالیس سال اپنی عمر کے ختم کر چکے یعنے شباب کا دور جو عام طور پر لاابالیوں اور بے اعتنائیوں کا ہوتا ہے اپنی قوم کی آنکھوں کے سامنے صرف کر کے کہولت کے دور میں قدم رکھ چکے تو مبعوث برسالت ہوئے اس دور میں آپ نے اپنی سچائی اور امانتداری کا وہ سکہ دلوں پر قائم کیا کہ "صادق و امین" کے لقب سے ملقب ہو گئے۔ ظاہر ہے کہ اسکے قبل کے حالات رسول کے صرف انسانی ہی زندگی سے متعلق ہو سکتے ہیں کیونکہ دوسری حیثیت یعنے رسالت تو ابھی حاصل ہی نہیں ہوئی تھی۔ اب اگر رسول کے ذاتی حالات اپنی انفرادی زندگی میں اس کے قبل یہ بتلاتے ہیں کہ وہ سادہ لوح ہے یعنے غلطیوں میں مبتلا ہو جاتا ہے جسے خطاء اجتہادی کہتے ہیں اور تحفظ و تذکر کی طاقت بھی اس میں ناقص ہے جس کی بنا پر سہو و نسیان سے دوچار ہو جاتا ہے تو بھلا اُسکے ادعائے رسالت کے ساتھ اس پر یہ وثوق و اطمینان اور بھروسا کیونکر پیدا ہو سکتا ہے کہ یہ اُمور رسالت یعنے اخذ و نشر احکام میں غلطی اور سہو و نسیان میں ہرگز مبتلا نہ ہوگا ــــ یہ تو اُسی وقت اعتماد پیدا ہو سکتا ہے جب اس کی زندگی کے عام حالات یہ بتلاتے ہوں کہ اس میں اصابت رائے اور تحفظ کے جوہر مکمل طور پر موجود ہیں اس لئے اس کے اقوال و افعال میں اس قسم کا احتمال نہیں پایا جاتا۔
یہ ہے اس بحث کی تحقیقی حیثیت جو بغیر کسی مناظرانہ آویزش کے واقعہ و حقیقت کی آئینہ بردار ہے لیکن افسوس ہے کہ (م ح) مضمون نگار نے اسی موقع پر مناظرانہ انداز اختیار کر کے حسب ذیل تراوش شروع فرما دی:۔ "تعجب ہے کہ آزاد خیال شیعہ صاحب نے اپنے مذہب سے ..... اغماض کرتے ہوئے عصمت انبیاء کے مسئلہ میں اسقدر غلو سے کام لیا۔ بہ حالانکہ اگر مجھے معاف کیا جائے تو میں عرض کروں کہ مذہب شیعہ میں تو عصمت نہ الوہیت کے لئے ضروری ہے نہ رسالت کے لئے لازم نہ امامت کے لئے واجب"۔ اسکے بعد روایات نقل کئے گئے ہیں جنھیں اس ادعا کے شواہد میں پیش کرنے کے قابل خیال کیا گیا ہے
واقعہ یہ ہے کہ کسی مذہب کی طرف کسی عقیدہ کو منسوب کرنے کی سند اسی مذہب کے معتقدین کے تصریحات و بیانات ہو سکتے ہیں نہ کہ کوئی ایسی روایت جو خود گھڑی گئی ہو اور اسے اس عقیدہ کی سند قرار دے لیا جائے کیونکہ ممکن ہے اس مذہب کے معتقدین اس روایت پر عامل نہ ہوں اور وہ اسکی کچھ تاویل کرتے ہوں بے شک وہ روایت اُس مذہب کے معتقدین کے خلاف بطور دلیل پیش کی جا سکتی ہے کہ تمہارا عقیدہ مثلاً اس روایت کے خلاف ہے

اس صورت میں جو کچھ وہ معتقدین جواب دیں اس کے سننے کا انتظار کرنا چاہئے جو ممکن ہے صحیح ہو اور ممکن ہے غلط۔ لیکن اس روایت کے مفاد کو اُس مذہب والوں کی جانب بطور عقیدہ منسوب کرنے کا حق کسی طرح بھی نہیں ہو سکتا۔

مثال کے طور پر یہ ہے کہ شیعہ ہمیشہ خلافت حضرت علی کے دلائل سنی احادیث و روایات سے پیش کرتے ہیں جیسا کہ اس بحث میں ہر نام صاحب کی جانب سے ایسا کیا گیا اور ہم نے بھی اپنے گزشتہ مقالہ میں اس طرح کے استنادات کئے لیکن کیا ہم یہاں یہ صورت بھی اختیار کر سکتے تھے کہ ہم مذہب سنی کی طرف یہ امر منسوب کر دیں کہ وہ حضرت علی کو خلیفہ بلا فصل مانتے ہیں اور حضرات خلفائے ثلثہ کو خلیفہ ناحق قرار دیتے ہیں اسلئے کہ انکے یہاں حسب ذیل روایات موجود ہیں۔

اگر ہم ایسا کرتے تو یقیناً ایک کھلے ہوئے بہتان افترا اور صریح جھوٹ کے مرتکب تھے جس کے لئے اگر ہم فریق مخالف سے "معافی" کا لفظ میں معافی کی درخواست بھی کرتے تو حق و انصاف کی بارگاہ سے وہ قابل معافی جرم نہ تھا۔

خدا سے غلطی کے وقوع کے لئے بدا کا مسئلہ پیش کیا گیا ہے اور خود ہی اسکے معنی لکھے ہیں "ظہر لہ العلم الجدید" (یعنے جو بات معلوم نہ تھی وہ معلوم ہو جائے) لیکن اسکے متعلق پہلے لکھا جا چکا ہے کہ شیعہ اس معنی سے بدا کو خدا کی ذات کے لئے ہرگز جائز نہیں سمجھتے ہیں ملاحظہ ہوں بعض تصریحات

(۱) شیخ صدوق محمد ابن بابویہ قمی کتاب التوحید میں لکھتے ہیں:-

لیس البداء کما یظنہ جہال الناس بانہ بدا لہ عند امۃ تعالی اللہ عن ذلک علوا کبیرا۔

بدا اس طرح نہیں ہے جس طرح ناواقف افراد خیال کرتے ہیں کہ وہ پشیمانی کا نتیجہ ہو خدا کی ذات اس سے بہت بلند و برتر ہے۔

اور شیخ الطائفہ محمد بن الحسن الطوسی نے کتاب الغیبہ میں بدا کی روایت کو نقل کرنے کے بعد لکھا ہے:-

والوجہ فی ھذہ الاخبار ما ذکرہ من تغیر المصلحۃ فیہ لاقتضائھا تاخیر الامر الی وقت اخر علی ما بیناہ دون ظہور الکلام لہ تعالی فانا لا نقول بہ ولا نجوزہ تعالی من ذلک علوا کبیرا

ان احادیث کے معنی یہی ہیں جو ہم نے بیان کئے ہیں کہ مصلحت کے بدلنے کے ساتھ احکام میں تبدیلی ہوتی ہے نہ یہ کہ خدا کو جو بات معلوم نہ تھی وہ معلوم ہوئی ہو اسلئے نہ ہم قائل ہیں اور نہ جائز سمجھتے ہیں خدا کی ذات اس سے بہت بزرگ و برتر ہے

ہندوستان میں مذہب شیعہ کے سب سے بڑے عالم مولانا السید دلدار علی صاحب نے اپنی مشہور کتاب "عماد الاسلام" میں اسکو بہت وضاحت سے لکھا ہے

البداء ممدود وھو فی اللغۃ بمعنی ظہور رای کما ذکرہ الجوھری وغیرہ لکن یقال بدا لہ فی ھذا الامر بدا ای ظہر لہ فیہ رای کما ذکرہ الجوھری وغیرہ فلا یشکل القول بذالک فی جناب الحق تعالی فانہ یستلزم سبق جہلہ تعالی بشی بعد جہلہ وھذا محال ولھذا اشنع کثیر من المخالفین علی الامامیۃ فی ذلک نظرا الی ظاھر اللفظ من غیر تحقیق لمرامھم فنقول فی الجواب وباللہ التوفیق ان تشنیعات المخالفین علینا انما باعتبار المعنی الظاھر لفظ البداء لکما ھو الظاھر واما باعتبار ان لفظ البداء لم یطلق فی الشرع علی علم اللہ تعالی واما باعتبار عدم صحۃ المعنی المذکور بالنسبۃ الیہ تعالی انما التشنیع علینا باعتبار الاول فمدفوع فان احدا من علماء الامامیۃ لم یذھب الیہ کیف وقد نطقت اخبار الائمۃ علیھم السلام واقوال قدماء الامامیۃ علی خلافہ۔

بدا کے لفظ کے لغت میں ظاہر ہونے کے معنی ہیں (یہ لفظ بدا کے ساتھ عدد و کے ساتھ ممدود ہے) لغت میں اسکے معنی ہیں کسی ایسی رائے کا ظاہر ہونا جو پہلے ظاہر نہ تھی۔ یہ معنی بدا کے صحاح جوہری میں مذکور ہیں اور یہ وہ معنی ہیں جن کے لحاظ سے بدا کی نسبت خدا وعالم الغیب کی طرف ہو سکتی ہے کیونکہ اس کا لازمہ یہ ہے کہ خدا کا علم حادث ہو اور وہ اس سے پہلے ناواقف ہو۔ اسی بنا پر اکثر مخالفین نے اس فرقہ امامیہ کے خلاف طعن و تشنیع سے کام لیا ہے اس لئے کہ انھوں نے صرف اس لفظ کے ظاہری معنی کا لحاظ کیا اور اصلی مقصود کی تحقیق نہیں کی۔ جواب ان کا یہ ہے کہ ان لوگوں کا اعتراض ہم پر تو لفظ بدا کے ظاہری معنی کے اعتبار سے ہے اور بنا بر حقیقت نہیں ہے اور یا اس اعتبار سے ہے کہ شرع میں لفظ بدا کا (چاہے وہ کسی دوسرے معنی سے ہو) خدا کے علم کے بارے میں اطلاق نہیں ہوا ہے اور یا اس لحاظ سے ہے کہ اس لفظ کے مجازی معنی بھی خدا کے حق میں درست نہیں ہیں۔ اگر پہلی صورت کے لحاظ سے اعتراض ہے تو وہ بالکل غلط ہے کیونکہ کوئی شخص علماء امامیہ میں سے اس کا قائل نہیں ہے اور ائمہ معصومین علیہم السلام کے احادیث اور متقدمین علماء شیعہ کے اقوال کے خلاف ظاہر کر رہے ہیں۔

ان تصریحات کے باوجود کیا یہ امانتداری ہے کہ شیخ صدوق کی عبارت کی جو بداء کے ثبوت میں پیش کی جاتی ہے ان الفاظ میں کہ :-
"نعوذ باللہ من ذلک خدا سے جہل کے باعث غلطی ہوئی اور اس سے نتیجہ نکالا جاتا ہے کہ "اس سے عصمت الوہیت باطل ہوئی"

شیعی فرقہ ... معتبر احادیث ... یہ ہیں امام جعفر صادق فرماتے ہیں :-

من زعم ان اللہ عز وجل یبدو لہ فی شیٔ لم یعلمہ امس فابرأ منہ

جو شخص گمان کرے کہ خدا کی رائے میں تبدیلی رہتی ہے اس طرح کہ اسے کسی شے کا علم حاصل ہو جاتا ہے جو پہلے حاصل نہ تھا اس سے میں برأت کرتا ہوں۔

دوسری حدیث میں آپ ہی کا ارشاد ہے :-

کل امر یبدو للہ فھو فی علمہ قبل ان یصنعہ ولیس شیٔ یبدو لہ الا وقد کان فی علمہ ان اللہ لا یبدو لہ من جھل

جس امر کا خدا ارادہ کرتا ہے وہ اسکے علم میں پہلے سے ہوتا ہے کوئی کام کرنے سے پہلے اور کوئی تغیر وہ کائنات میں نہیں کرتا مگر یہ کہ وہ اسکے علم میں پہلے سے ہوتا ہے شک خدا کو بداء جہالت کیوجہ نہیں حاصل ہوتا

تیسری حدیث

ما بدا للہ فی شیٔ الا کان فی علمہ قبل ان یبدو لہ

خدا کے مقرر کردہ نظام میں کسی شے کی نسبت تغیر نہیں ہوتا مگر وہ اسکے علم میں ہوتا ہے اس تغیر کرنے سے پہلے

چوتھی حدیث امام رضا کی ہے جس میں آپ فرماتے ہیں :-

من زعم ان اللہ تعالیٰ لا یعلم الشیٔ الا بعد کونہ فقد کفر

جو شخص اس بات کا قایل ہو کہ خدا کو کسی شے کا علم نہیں ہوتا جب تک کہ وہ شے موجود نہ ہو جائے وہ کافر ہے

اس قسم کی روایات مسانید احادیث و اخبار میں بہت ہیں -

اب کیا یہ حقیقت پر مبنی ہے کہ ان تمام اقوال علماء اور ان متعدد احادیث کو پس پشت ڈالتے ہوئے کسی ایک ایسی مجہول السند روایت کے مضمون کو فرقہ شیعہ کا عقیدہ بنا دیا جائے جو فرقہ شیعہ میں ہرگز درخور قبول نہیں ہے ـــ تاہم ہم نے صرف ایک حقیقت کی پردہ کشائی کے لئے یہ ضروری سمجھا و نہ موضوع بحث سے اس کا کوئی تعلق ہی نہیں کیونکہ بعقیدۂ اہلسنت خدا فاعل مطلق ہے "لا یسئل عما یفعل وھم یسئلون" کی بنا پر اس کے افعال میں وہ پابندیاں عاید نہیں ہیں جو بندوں پر عاید کی جاسکتی ہیں اس لئے بندوں کے لئے ظلم ۔ فعل قبیح ۔ کذب وغیرہ ناجایز ہے لیکن خدا کے لئے یہ تمام باتیں جایز بلکہ قوی ہیں ۔ اور عالات ۔ انصاف ۔ سچائی ۔ راست کرداری وغیرہ کچھ ضروری نہیں ہے حالانکہ ترک فرایض اور اس قسم کے قبایح سے انبیاء معصوم ہوتے ہیں ـــــ پھر جبکہ قبایح اور اختیاری بدکرداریوں سے انبیاء کے معصوم ہونے کے باوجود خدا کی عصمت ضروری نہیں ہے تو اگر نادانی کی غلطی سے خدا کی عصمت (نعوذ باللہ) باطل بھی ہو جائے تو اسکا اثر عصمت رسالت پر کیا پڑ سکتا ہے جو محل کلام ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ فرقہ شیعہ وہ ہے جو خدا کو ان قبایح کے صحت و جواز سے بھی بری سمجھتا ہے اور جہالت و غفلت وغیرہ کے نقایص سے بھی اسکی ذات کو بالاتر قرار دیتا ہے ـــ اب رہا انبیاء کی عصمت کا مسئلہ تو اس کے لئے بھی علمائے شیعہ کے اقوال ملاحظہ فرمایئے :-

شیخ صدوق اپنے اعتقادیہ میں لکھتے ہیں :-

ان اعتقادنا فی الانبیاء والرسل والائمۃ والملائکۃ صلوات اللہ علیھم انھم معصومون مطھرون من کل رجس وانھم لا یذنبون ذنبا صغیرا ولا کبیرا ولا یعصون اللہ ما امرھم ویفعلون ما یؤمرون ومن نفی عنھم العصمۃ فی شیٔ من احوالھم فقد جھلھم واعتقادنا فیھم انھم موصوفون بالکمال والتمام والعلم من اوائل امورھم الی اواخرھا لا یوصفون فی شیٔ من احوالھم بنقص ولا جھل ـ

ہمارا اعتقاد انبیاء، مرسلین ایمہ اور ملائکہ کے بارے میں یہ ہے کہ وہ ہر طرح کی اخلاقی پستی سے معصوم اور پاک ہیں اور یہ کہ وہ کوئی گناہ صغیرہ و کبیرہ نہیں کرتے اور کسی حکم خدا کی مخالفت ان سے نہیں ہوتی اور جو انکے فرایض ہوتے ہیں انھیں بجا لاتے ہیں اور جو اُن سے کسی حالت میں بھی عصمت کی نفی کرے وہ ان کے مرتبہ سے حقیقتاً واقف نہیں ہے۔ اور ہمارا اعتقاد ان کے بارے میں یہ ہے کہ وہ تمام کمالات سے متصف ہوتے ہیں اپنے ابتدائے امر سے آخر تک کسی وقت کسی نقص اور جہالت سے متصف نہیں ہوتے

علامہ حلی کشف الحق میں تحریر فرماتے ہیں :-

ذھب الامامیۃ کافۃ الی ان الانبیاء معصومون

فرقۂ امامیہ تمام و کمال اس بات کا قایل ہوا ہے کہ انبیا صغائر و کبائر

عن الصغائر والکبائر منزھون عن المعاصی قبل النبوۃ وبعدھا علی سبیل العمد والنسیان وعن کل رذیلۃ ومنقصہ ومایدل علی الحسنۃ والضعۃ۔

سب گناہوں سے معصوم ہیں اور معاصی سے بری ہیں نبوت کے قبل بھی اور بعد بھی عمداً اور سہواً اور بری ہیں ہر پست اخلاقی نقص سے اور ان چیزوں سے جو نفس کی پستی اور حقارت کا پتہ دیتی ہیں۔

علامہ مجلسی نے بحار میں لکھا ہے:۔

ان ان العمدۃ فیما اختارہ اصحابنا من تنزیہ الانبیاء والائمہ علیھم السلام عن کل ذنب ورذاءۃ ونقصہ قبل النبوۃ وبعدھا قول ائمتنا سلام اللہ علیھم بذلک المعلوم لنا قطعا باجماع اصحابنا رضوان اللہ علیھم مع تاییدہ بالنصوص المتظافرۃ حتی صار ذلک من قبیل الضروریات فی مذھب الامامیۃ

سب سے بڑا مستند اس مسلک کا جو ہمارے فرقہ کے علماء نے اختیار کیا ہے کہ انبیاء ائمہ ہر گناہ اور نقص سے بری ہوتے ہیں قبل نبوت بھی اور بعد نبوت بھی ہمارے ائمہ علیہم السلام کے اقوال ہیں جو ہمیں اپنے علماء کے متفقہ بیانات سے معلوم ہوئے ہیں اور اسکے ساتھ وہ نصوص جو کثرت کے ساتھ موجود ہیں یہاں تک کہ فرقہ امامیہ کے ضروریات مذہب میں داخل ہو گیا ہے۔

جناب غفرانمآب مولانا سید دلدار علی طاب ثراہ نے عماد الاسلام میں اسکی تشریح اس طرح بیان فرمائی ہے کہ وہ معاصی و نقائص جن سے عصمت محل گفتگو قرار پا سکتی ہے ہبیر قسم کے ہو سکتے ہیں:۔ (۱) وہ معصیت جو منافی تبلیغ ہے یعنے غلط بیانی کرنا امور تبلیغ میں عمداً بعد بعثت ۔ (۲) ایسی ہی صورت مگر عمداً نہیں سہواً ۔ (۳) یہی صورت قبل بعثت ۔ (۴) یہی صورت بعد بعثت ۔ (۵) کفر بعد بعثت عمداً ۔ (۶) کفر بعد بعثت سہواً ۔ (۷) کفر قبل بعثت عمداً ۔ (۸) کفر قبل بعثت سہواً ۔ (۹) گناہ کبیرہ بعد بعثت عمداً ۔ (۱۰) سہواً (۱۱) گناہ کبیرہ قبل بعثت عمداً ۔ (۱۲) سہواً ۔ (۱۳) گناہ صغیرہ جو عام طور پر پستی کا باعث ہو بعد بعثت عمداً ۔ (۱۴) سہواً ۔ (۱۵) ایسا گناہ قبل تبلیغ عمداً ۔ (۱۶) سہواً ۔ (۱۷) گناہ صغیرہ (جو عمومی پستی کا باعث نہیں ہے) بعد بعثت عمداً ۔ (۱۸) سہواً ۔ (۱۹) ایسا گناہ قبل تبلیغ عمداً (۲۰) سہواً ۔ ان اقسام کے درج کرنے کے بعد لکھتے ہیں:۔

نذھب معاشر الامامیۃ ان العصمۃ فی الانبیاء والاوصیاء تجب بکل من تلک الاعتبارات۔

فرقہ امامیہ کا مسلک یہ ہے کہ انبیاء و اوصیاء کا ان تمام صورتوں سے معصوم ہونا ضروری ہے۔

ان تصریحات کی موجودگی میں یہ کہنے کا حق اپنے لئے قرار دیا گیا ہے کہ فرقہ شیعہ میں انبیاء و مرسلین کے لئے عصمت ضروری نہیں ہے۔

کہا جاتا ہے کہ "حضرات شیعہ کی مذہبی کتابوں میں اس قسم کی بکثرت تصریحات ملتی ہیں جن سے انبیاء کی غلطی و غلط فہمی، اور لغزش و خطاء اجتہادی کا ثبوت ملتا ہے"

لطف یہ ہے کہ اس کے لئے جو شواہد ذکر کئے گئے ہیں اُن میں حضرت موسیٰ کا قوم کو گوسالہ پرستی میں مبتلا دیکھ کر حضرت ہارون پر خفا ہونا اور سختی کے ساتھ پیش آنا، حضرت خضر و موسیٰ کا واقعہ اور موسیٰ کی بے صبری وغیرہ وغیرہ بیان کئے جاتے ہیں

معلوم ہوتا ہے کہ اس موقعہ پر قرآن مجید کو بھی مخصوص حضرات شیعہ کی مذہبی کتابوں میں داخل سمجھا گیا ہے اور آخر میں لکھا ہے کہ:۔ "یہ دیگر انبیاء کے متعلق حضرات شیعہ کے مذہبی معتقدات ہیں"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان مضامین کا اعتقاد شیعوں سے مخصوص ہے اور اہل سنت اُن کے معتقد نہیں ہیں، حالانکہ اس کے بعد پورا زور اس بات پر صرف کیا جائے گا کہ شیعہ قرآن کو محرف جانتے ہیں اور اُس پر ایمان نہیں رکھتے۔

یہ "یک بام و دو ہوا" کا مضمون کیا صرف مناظرانہ ہنر آفرینی نہیں ہے اور اس کو کیا حقیقت پروری سے کوئی دور کا بھی تعلق ہے؟!

حقیقت امر یہ ہے کہ اگر عقلی حیثیت سے انبیاء کے لئے عصمت ضروری ثابت ہو گئی تو جتنے آیات و احادیث کچھ ایسے مضامین پر مشتمل ہوں جن سے ظاہری طور پر انبیاء کی عصمت کو دھکا لگتا ہو اُن کی تاویل کے لئے اہلسنت بھی مجبور ہیں (اگر وہ عصمت کو کوئی ضروری چیز سمجھتے ہوں جیسا کہ مسیح صاحب مدعی ہیں) اور شیعہ بھی، جیسے خدا کے جسم و جسمانیات سے منزہ ہونے کے عقیدہ کی بناء پر الرحمن علی العرش استوی ۔ جاء ربک والملک صفا صفا ۔ الا ملبوطتان ۔ ان السموات والارض مطویات بیمینہ ۔ الی ربھا ناظرۃ ۔ وغیرہ وغیرہ آیات کی تاویل لازم ہے۔

پھر جس طرح ان آیات کی بنا پر مسلمانوں کی جانب عموماً اس عقیدہ کا انتساب صحیح نہیں ہے کہ وہ خدا کو اعضاء و جوارح سے مرکب اور مجسم مانتے ہیں، اسی طرح ان آیات قرآنی یا احادیث سے شیعوں کی طرف اس عقیدہ کی نسبت درست نہیں ہے کہ وہ انبیاء کو معصوم نہیں بلکہ خطاکار سمجھتے ہیں۔

روایات جو اس سلسلہ میں وارد ہوں وہ اگر بحیثیت سند غیر معتبر ہوں تو قصہ پاک ہے اور اگر معتبر ہوں تو اُن کی صورت بھی وہی ہے جو آیات قرآن کی۔

ماریہ قبطیہ والی روایت درصورت صحت سند حقیقۃً "علم غیب" کے مسئلہ سے مربوط ہے۔ چونکہ شریعت کے احکام اسباب ظاہری پر مبنی ہیں اس لئے اُن قرائن و شہادات کی بنا پر جو اُس قبطی کے خلاف مہیا ہو گئے تھے رسول کا حکم قتل دینا بالکل درست تھا اور حقیقت امر کے ظاہری طور پر منکشف ہونے کے بعد قتل سے باز رہنا بھی بالکل صحیح ــــ علم غیب کے معتقد یہ کہتے ہیں کہ رسول کو بھی اس حقیقت کا علم تھا لیکن دوسرے لوگوں پر واقعہ کے انکشاف اور اُن کی نکتہ چینیوں اور غلط بدگمانیوں کے رفع کرنے کے لئے اس قسم کا حکم ضروری تھا جس کا نتیجہ وہی ہوا جس کا رسول کو پہلے سے علم تھا اور اسی لئے آپ نے شکر خدا ادا کیا۔

جناب امیر نے اپنی رائے میں خود تبدیلی کبھی نہیں فرمائی لیکن وہ لوگ جو آپ کی ہدایت سے منحرف تھے اُن کو بجبر اپنی رائے کا پابند بنانے کی مصلحت نہ تھی اور داخلی جنگ کا اندیشہ تھا اس لئے آپ نے اپنی رائے کے تسلیم کرانے پر اصرار نہیں کیا اور "ہذا جزاء من ترک العقدۃ" کا فقرہ اُنہی سے متعلق تھا چنانچہ اُنہی سے مخاطب ہو کر آپ نے یہ شعر بھی پڑھا تھا:۔

امرتکم امری بمنعرج اللوی فلم تستبینوا النصح الا ضحی الغد

یہ آپ کی اصابت رائے کا ایک مکمل ثبوت تھا جسے غلطی سے خطاء اجتہادی کے ثبوت میں پیش کیا جا رہا ہے ــــ تعجب ہے کہ م ح صاحب نے اپنے یہاں کی روایات و اقوال سے قطع نظر کرتے ہوئے یہ دعویٰ کر دیا ہے کہ "اہلسنت کے نزدیک مسئلہ عصمت میں رسالت و بشریت کی حیثیات کی وہ تفریق موجود ہے جس کی عقل مقتضی ہے"۔

لیکن ذرا ملاحظہ ہو شرح مسلم الثبوت اصل اول باب النسخ مطبوعہ نولکشور صفحہ ۳۵۹ میں ہے:۔

ولا تصغ الی قول من یقول ان الانبیاء کیف یخطئون فی احکام اللہ تعالیٰ فان ھذا القول صدر من شیاطین اھل البدعۃ کالرافضی وغیرھم الم تر اھل الحق من اھل السنۃ والجماعۃ القامعین البدعۃ کثرھم اللہ تعالیٰ یجوزون علی الانبیاء الخطاء کما ظھر فی اساریٰ بدر من سید العالم

اُس شخص کی بات ہرگز نہ سنو جو یہ کہتا ہو کہ انبیاء احکام خدا میں غلطی نہیں کر سکتے ہیں کیونکہ یہ قول ظاہر ہوا ہے شیاطین اہل بدعت، رافضی وغیرہ فرقوں سے، اور اہل حق یعنے اہلسنت وجماعت جو بدعت کے اُکھاڑنے والے ہیں (خدا اُن کی تعداد کو زیادہ کرے) وہ انبیاء سے غلطی کو جائز سمجھتے ہیں جیسا کہ بدر کے قیدیوں کے بارے میں سرور کائنات سے غلطی واقع ہوئی۔

اب دیکھئے کہ بیچارے شیعوں پر گالیاں پڑ رہی ہیں کس لئے؟ کہ وہ انبیاء کو غلطی سے محفوظ جانتے ہیں اور اُن کے مقابل میں اہلسنت وجماعت کا مذہب کیا بتایا جا رہا ہے؟ یہ کہ احکام خدا میں بھی انبیاء سے غلطی ہو سکتی ہے ــــ کیا اس کے بعد بھی کسی کو شرم دامنگیر نہ ہونا چاہئے یہ کہتے ہوئے کہ شیعہ انبیاء کو معصوم نہیں سمجھتے اور اہل سنت احکام خدا میں انبیاء کو معصوم سمجھتے ہیں؟ ــــ کیا رسالت کی حیثیت میں قرآن کی تبلیغ داخل نہیں ہے اور کیا اسلام میں شرک اور ستایش اصنام سے بڑھ کر کوئی غلطی ہو سکتی ہے؟ لیکن مذکورۂ سابق حوالوں کے ساتھ اہلسنت کی وہ روایت دیکھو جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جب رسول اللہ نے جان لیا کہ قریش مجھ سے بگڑے ہوئے ہیں تو آپ کو آرزو پیدا ہوئی کہ کوئی قرآن کی آیت ایسی اُترے جس کی وجہ سے یہ لوگ مجھ سے راضی ہو جائیں۔ اس بروقت تصور کا نتیجہ ہوا کہ ایک دن قریش کے مجمع میں سورۂ "والنجم" نازل ہوئی جب آپ اُس کو پڑھنے لگے اور اس آیت تک پہونچے کہ (افرأیتم اللات والعزیٰ ومناۃ الثالثۃ الاخریٰ) تو یکایک شیطان نے آپ کی زبان پر یہ کلمات جاری کر دئے کہ (تلک الغرانیق العلیٰ وان شفاعتھن لترتجیٰ) یعنی (یہ بت بزرگان بلند مرتبہ میں سے ہیں، ان کی شفاعت کی یقیناً امید رکھنا چاہئے) ــــ یہ سنکر تمام مشرکین سجدہ میں گر گئے اور خوش ہوئے کہ محمد اب ہمارے دین پر آ گئے۔

کیا اس کے بعد یہ حق ہے کہ کسی غیر مستند روایت کی بنا پر شیعوں کی جانب یہ عقیدہ منسوب کیا جائے کہ وہ انبیاء و مرسلین کے لئے خطاء اجتہادی یا سہو و نسیان کو جائز سمجھتے ہیں اور اُنھیں معصوم نہیں سمجھتے لیکن اہلسنت انبیاء کو معصوم قرار دیتے ہیں۔ اس طرح کے روایات اہلسنت کے یہاں انتہائی کثرت سے ہیں سہو کے بارے میں خود رسول اللہ کا نماز کی رکعتوں میں غلطی کرنا اور ذوالشمالین یا ذوالیدین کا واقعہ بخاری میں موجود ہے اور خطاء اجتہادی کی بھی بہت سی روایتیں ہیں جن میں احکام شرعیہ کی مثال بھی موجود ہے لیکن اس سب کے نقل کرنے سے ہمارا مطلب صرف اتنا ہے کہ مضمون نگار کے اس غلط طریقۂ استدلال کو روشن کر دیں جو اُنھوں نے شیعوں کے خلاف اختیار کیا ہے ــــ پھر بھی ہم یہ نہیں کہنا چاہتے کہ مذہب اہلسنت عموماً انبیاء کو معصوم نہیں سمجھتا کیونکہ بہت ممکن ہے اُن میں سے بعض محققین ان تمام روایات کو سند کے اعتبار سے ناقابل قبول قرار دیتے ہوں یا اُس کی کوئی تاویل کرتے ہوں

بحث کے آخر میں پھر کر مضمون نگار اُسی نقطہ پر آ گئے ہیں جو ہم نے اپنے تبصرہ میں اس بحث کے آخر میں درج کیا تھا کہ اہل سنت کا یہ خیال ہے کہ انبیاء سے اس قسم کی لغزشیں ہو جاتی ہیں تو اُن کو اُس غلطی پر قایم نہیں رہنے دیا جاتا بلکہ اللہ کسی صورت سے متنبہ کر دیتا ہے۔ نتیجہ کیا ہوا "کوہ کندن و کاہ برآوردن" وہی جو ہم نے اپنے تبصرہ میں لکھا تھا کہ خلافت کے بارے میں یہ خیال صحیح نہیں ہو سکتا کہ حضرت رسول نے خطاء اجتہادی کی کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو ان کو اس غلطی پر باقی نہ رہنے دیا جاتا۔ بلکہ اُس غلطی پر متنبہ کر دیا جاتا اور جب ایسا نہیں ہوا تو معلوم ہوا کہ رسول نے جو کچھ چاہا تھا وہ بالکل صحیح تھا اور خدا کی مرضی کے مطابق۔

پھر جب نتیجہ یہی رہا تو مضمون نگار کو اس حصہ پر زور قلم صرف کرنے سے کیا "تبحیین مذہب شیعہ" کے شوق پورا ہونے کے سوا کوئی علمی و تحقیقی فایدہ بھی ہوا ؟!

دوسری تنقیح

نظام خلافت کے متعلق "عقل عمومی" یا "حاسۂ اجتماعیہ" کا تقاضہ کیا ہے اور کیا شیعی اُصول اسکے خلاف اور سنی اُصول اسکے مطابق ہے

اس تنقیح کی تمام و کمال نشو و نما بزمی صاحب کے مضمون سے ہے جس میں یہ دعوی یا "مماکمہ" کیا گیا ہے کہ :-

(۱) رسول اکرم نے ہرگز یہ فیصلہ نہیں کیا کہ انکی وفات کے بعد حضرت علی خلیفہ ہوں اور پھر یہ سلسلہ "شاہان خود مختار" کی طرح نسلاً بعد نسلٍ قایم رہے۔

(۲) حضرت علی کی "الوہی امامت" کے سلسلہ میں جتنی روایات و احادیث پیش کی جاتی ہیں وہ سب یا تو موضوع یا جعلی یا خود ساختہ ہیں یا اس کا مفہوم حقیقۃً وہ نہیں ہے جو "الوہی امامت" کی تائید کرتا ہو اور جس کے ماتحت خلافت کے حقدار صرف علی اور آل علی قرار پائیں۔

اسی دعوے کی تائید میں ایک مبسوط بحث کی گئی ہے جس سے مندرجۂ بالا تنقیح پیدا ہوئی۔

چونکہ بزمی صاحب کے مضمون کے جواب میں اخبار "اسد" کی متعدد اشاعتوں میں ایک غیر مکمل مضمون "ایک شیعہ صاحب کے قلم سے" شایع ہوا ہے اور اس مضمون میں اس حصۂ بحث کے متعلق بہت سی سوچنے اور سمجھنے کی باتیں مندرج ہیں اسلئے ناظرین نگار کی اطلاع کے لئے اتنا جزو اس مضمون کا یہاں نقل کیا جاتا ہے اور اس کے بعد جو کچھ مجھ کو کہنا ہے وہ میں کہوں گا۔

"بزمی صاحب نے اپنے دعوے یا "مماکمہ" کی تائید کرتے ہوئے پہلے چار تنقیحیں قایم فرمائی ہیں اور ان کا فیصلہ کرتے ہوئے اس کے نتائج مرتب فرمائے ہیں جن کا خلاصہ حسب ذیل ہے :- (۱) تمام مذاہب عالم اور بالخصوص اسلام کا یہ دعوی ہے کہ وہ تمام روئے زمین پر بسنے والے انسان کی دینی اور اخروی صلاح فلاح کا پیغام لیکر آیا ہے اور ایک ایسا پروگرام خدا کی طرف سے لیکر آیا ہے جس پر عمل پیرا ہونے سے انسان دنیوی و اُخروی ہر اعتبار سے نشو و ارتقا کے اعلےٰ مدارج تک پہونچ سکتا ہے — (۲) کسی مذہب کی حقانیت کا پہلا اور آخری ثبوت یہ ہے کہ وہ انسان کے انفرادی و معاشرتی اور ملی تمام جایز حقوق کی مکمل نگہداشت کرتا ہو اور کسی مذہب کا معیار صداقت یہی ہے کہ اس سے کسی انسانی جماعت کا کوئی حق ضایع نہ ہوتا ہو۔ (۳) کوئی ایسا مذہب الہامی نہیں ہو سکتا جو معمورۂ ارض پر بسنے والے تمام انسانوں کے لئے یکساں مفید اور قابل عمل نہ ہو اور جس سے دنیا کے کسی گروہ یا جماعت یا قوم کے کسی صحیح اور جایز مطالبہ اور خواہش پر ضرب لگتی ہو — (۴) کوئی ایسا مذہب الہامی ہونے کا دعوی نہیں ہو سکتا جس کا کوئی اہم ترین بنیادی فیصلہ دنیا کے عقل عمومی کے خلاف ہو اور دنیا کے بسنے والوں کو ان کے کسی جایز حق سے محروم کرنا چاہتا ہو۔

مذکورۂ تنقیحات اور ان کی تشریح میں چار صفحے نگار کے پُر کئے گئے ہیں حالانکہ غور کیا جائے تو صرف دو جملے ہیں جنھیں مکرر سہ کرر لفظی ہیر پھیر کر تنقیحات کی صورت سے دہرایا گیا ہے — (۱) یہ کہ مذہب کو تمام افراد انسانی کے صلاح و فلاح کا ذمہ دار ہونا چاہیے اور کسی کی حق تلفی اس سے نہ ہوتی ہو —

(۲) مذہب کا کوئی فیصلہ دنیا کی عقل عمومی کے خلاف نہ ہو —

عقل عمومی سے وہ معمولی فہم و فراست مراد لی گئی ہے جس سے انسان روزمرہ کے کاروبار میں کام لیتا ہے اور جس کے ذریعہ سے بہت سی صداقتوں کو پہچانتا ہے ایسی صداقتیں جن پر بنی نوع انسان عمومیت کے ساتھ متفق ہوتے ہیں مثلاً سچ بولنا اچھا ہے انسان کا قتل کرنا وحشیانہ فعل ہے جھوٹ بولنا بری بات ہے وغیرہ وغیرہ —

جہاں تک اس بحث کا "مفہومی" پہلو ہے اس میں کسی کو اختلاف کی کہاں گنجایش ہے لیکن اس کا وقوعی پہلو انتہائی تاریک اور مایوس کن ہے۔
مذہب ہر انسان کی دینوی اور اُخروی صلاح وفلاح کا پیغام لیکر آیا ہے لیکن یہ صلاح وفلاح کس کے نقطۂ نظر سے؟ کیا خود عام انسانوں کے نقطۂ نظر سے؟ گر دشواری تو یہ ہے کہ مفاد عامہ اور صلاح خلق کی تعیین میں خود انسانی نظریے بدلتے رہتے ہیں۔ اور بوقت واحد بھی سب کبھی ایک نقطہ پر مجتمع نہیں ہوتے
"کسی گروہ یا جماعت یا قوم کے کسی صحیح اور جایز مطالبہ اور خواہش پر ضرب نہ لگتی ہو"
بہت ٹھیک مگر اس صحیح اور جایز کی تشخیص کون کریگا؟ خود جذبات کی ہوا میں اُڑنے والے افراد جن میں سے ہر ایک اپنے مطالبہ اور خواہش کو صحیح اور جایز ہی بتلاتا ہے چاہے وہ کتنی ہی ناجائز اور غیر صحیح کیوں نہ ہو۔
"دنیا کے بسنے والوں کو ان کے کسی جایز حق سے محروم نہ کرنا چاہتا ہو"
ضرور مگر جایز حق کی حد بندی کس طرح ہو۔

"برہمو کلب" کا ہر ممبر عریاں حالت میں بازاروں شاہراہوں اور عام تفریح گاہوں میں پھرنے کو اپنا جایز حق بتلاتا ہے صنف نازک کا کتنا بڑا طبقہ مردوں کی طرح طلاق کے معاملہ میں صاحب اختیار ہونے کو اپنا جایز حق بتلاتا ہے ایک فریق جو سرمایہ دار ہے اپنے روپیہ کی منفعت یعنے سود لینے کو اپنا جائز حق تصور کر رہا ہے مانی اور مزدک کے پیرو اموال کے ساتھ صنف اناث میں تمام افراد کو مشترک قرار دیتے ہوئے ان سے بہرہ ور ہونے کا حق ہر شخص کو عطا کرتے ہیں اشتراکی جماعت ملکیت ومیراث کے تمام احکام کو معمورہ ارض پر بسنے والے انسانوں کے لئے غیر مفید اور عوام کے حقوق پر ضرب کاری سمجھتی ہے بطور یہ ہر کہ ان میں سے ہر ایک اپنے نقطۂ نظر کو "عقل عمومی" یا "بقول مدیر نگار" "حاسۂ اجتماعیہ" کے مطابق قرار دیتا ہے عریاں پسند طبقہ عریانی کو عقلی حیثیت سے مفید اور ضروری قرار دیتا ہے اشتراکیت پرور گروہ اپنے معتقدات کو عقل عمومی کے عین مطابق دکھلاتا ہے۔ اب اگر دنیا کی ہر جماعت اور ہر [illegible] مطالبہ کے جایز مطالبہ کے حاصل کرنے کا موقع دیا جائے اور حقوق عطا کئے جائیں تو دنیا میں کسی قانون اور نظام کا نفاذ ہو نہیں سکتا اور مذہب کی تو اینٹ سے اینٹ بج جائے گی۔ "صحیح اور جایز" کی تشخیص اگر عام افراد انسانی کے جذبات ہی پر چھوڑ دیجائے تو مذہب کی ضرورت ہی باقی نہیں رہتی کیونکہ مذہب تو درحقیقت انسانی افراد اور اقوام کے مطالبات وتوقعات میں جائز اور "صحیح" کی حد بندی کے لئے آیا ہے اس کی حد بندیاں خود انسانی طبایع پر ایک بارگراں ہیں اور اس لئے ان کے حق آزادی اور مطالبۂ حریت پر ضرب کی حیثیت رکھتی ہیں۔ "عقل عمومی" یا "حاسۂ اجتماعیہ" کی مطابقت کا دعویٰ بہت آسان ہے لیکن اس کی واقعی تشخیص بہت مشکل ہے۔ سوشلزم نیشنلزم کمیونزم وغیرہ وغیرہ تمام نظریے عقل عمومی ہی کی بنیاد پر اختیار کئے جاتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کا حامی اپنے ہی مسلک کو "حاسۂ اجتماعیہ" کے مطابق سمجھتا ہے اور بتلاتا ہے۔ یورپ میں انعقاد ازدواج جس بری نظر سے دیکھا جاتا ہے وہ سب کو معلوم ہے ایک عیسائی سے پوچھئے تو وہ متعدد شادیاں کرنے کو بالکل عقل عمومی کے خلاف بتلائے گا جبکہ ایک مسلمان پورے طور پر اسکی حمایت کرتے ہوئے عقلی حیثیت سے اسکو ضروری قرار دیگا۔ پھر یہ ظاہر ہے کہ تمام مختلف راستے سب ہی صحیح نہیں ہیں۔ دنیا میں اکثریت کے ساتھ کسی خاص ہوا کا چلنا کبھی "عقل عمومی" کا معیار نہیں ہے۔
قرآن مجید میں اس کو لطیف پیرایہ میں اس طرح ظاہر کر دیا ہے کہ "لو اتبعت اکثر من فی الارض یضلوک عن سبیل اللہ" (یعنے) اہل زمین کی اکثریت کی اگر پیروی کرو تو تمہیں خدا کے راستے سے گمراہ کر دیگی۔ انسانی طبایع وحالات میں جزر ومد ہوتا ہے ایک وقت میں جو مسلک اکثر افراد یا جمہور خلق کا ہے دوسرے وقت وہی اقلیت کا ہو جاتا ہے اور اس کے خلاف مسلک اکثریت کی تائید حاصل کر لیتا ہے۔ پھر اگر اکثریت ہی کو معیار حقانیت سمجھا جائے تو چاہئے کہ دونوں متضاد مسلک برحق ہوں کیونکہ ہر ایک کو بجائے خود اکثریت کی تائید حاصل ہے یا یہ کہا جائے کہ خود نقطۂ حقیقت اختلاف نظریات سے بدلتا رہتا ہے یعنے جب اکثریت اس مسلک کے موافق ہو تو وہ حق ہے اور جب اس مسلک کے موافق [illegible] بالکل غلط ہے حق ایک ہے اور وہ بدلتا نہیں ہے مثال کے طور پر ۱۷۸۹ء کے انقلاب فرانس سے پہلے دنیا میں شہنشاہیت کا دور دورہ تھا عام ہوا یہی چل رہی تھی اور دنیا اسی راستہ کی سالک تھی لہذا سمجھنا چاہئے کہ "عقل عمومی" اور "حاسہ اجتماعیہ" اسی کو صحیح سمجھ رہے تھے اس کے بعد انقلاب ہوا اور دنیا کا نقطۂ نظر بدلا جس کے بعد مختلف نظریات [illegible] ہو گئے۔ کون کہہ سکتا ہے کہ جس مسلک کا غلبہ دنیا میں آج ہے سو برس کے بعد بھی اسی صورت سے رہیگا۔ ہسپانیہ میں اشتراکیت کے خلاف جو جہاد جاری ہے جس کا نتیجہ کا [illegible] قریب معلوم ہوتا ہے۔ روس میں خود اہل ملک کے اندر اس نظام کے خلاف سازشیں ہوتی

بنتی ہیں اور اسٹالین کی زندگی اسی طرح ہر لمحہ خطرہ میں ہے جس طرح مسولینی اور ہٹلر کی۔ وہاں بہت سے وہ قدم پیچھے ہٹائے جا چکے ہیں جو اسکے پہلے آگے بڑھائے گئے تھے۔ اس کے معنے یہ ہیں کہ انسانی نظام زندگی کی بنیاد اس اجتماعی نظام سے کبھی نہیں ہے۔ پھر یہ کیسے سمجھا جا سکتا ہے کہ جس رنگ پر دنیا آج جا رہی ہے یہی "عقل عمومی" کا اصلی تقاضا اور "حاسۂ اجتماعیہ" کا حقیقی مطالبہ ہے ــــ اس وقت تو خود مذہب کے خلاف جو عام ہوا چل رہی ہے اس کی بنا پر خود مذہب ہی کو "عقل عمومی" کے خلاف سمجھا جا رہا ہے ــــ خدا کو ایک ذی شعور و ارادہ قادر و فاعل مختار ہستی کی حیثیت سے ماننے میں دنیا کو عذر ہے وہ اس کی طرف سے وحی اور بعثت انبیاء کے کوئی معنے نہیں سمجھتی تو منصوب من اللہ ہونے کا کیا مفہوم اس کے ذہن میں آسکتا ہے ــــ اگر اسی طرح کے "عقل عمومی" اور "حاسۂ اجتماعیہ" کی بنیاد پر گفتگو کرنا منظور رہے تو امامت کے مسئلہ تک نوبت ہی نہ پہونچے گی۔ مذہب اور اس کا عقیدۂ الوہیت اور نبوت سب ہی غائب ہو جائیگا اور اسی لئے شاید "آزاد خیال شیعہ" نے اپنے مقالہ میں مدیر نگار کو مخاطب کرتے ہوئے یہ لکھا ہے کہ "اب اس بحث نے جو صورت اختیار کر لی ہے وہ مذہبی و اعتقادی ہے جس کے دلایل و اصول کا بہت کچھ تعلق مابعد الطبیعاتی مبادی کے ساتھ ہے۔ لہذا اس بحث کا جو فیصلہ کیا جائے وہ انہی اصول کو پیش نظر رکھ کر جو عام مسلمانوں میں متفقہ حیثیت رکھتے ہیں"۔

اپنی طول طویل تمہید بایں ہمہ تنقیحات کی تشریح کے بعد بزمی صاحب نے جو سنگ بنیاد اپنی آیندہ بحث کا رکھا ہے وہ انہی کے لفظوں میں یہ ہے کہ "اب آپ حضرت علی کی "الوہی خلافت" کے عقیدہ پر غور کیجئے، دیکھئے "الوہی خلافت" کا مطلب یہ ہے کہ "خداوند کریم نے یہ طے کر دیا تھا کہ رسول کریم کے بعد انکے داماد حضرت علی خلیفہ ہوں اور علی کے بعد ان کی اولاد میں سے کسی کو منصب جلیل تفویض کیا جائے اور اس طرح یہ سلسلہ تا قیامت جاری رہے ــــ (بزمی صاحب فرماتے ہیں) اب اگر آپ اسلام کے اس بنیادی عقیدہ کا تجزیہ کریں تو اس سے مندرجۂ ذیل ضمنی عقاید مستنبط ہوتے ہیں:ــ (۱) خلافت و امامت علی کی نسل کے لئے مخصوص ہے ــ (۲) خلیفہ (یا امام) کی وفات پر اس کی جانشینی کے لئے پیشتر کا بیٹا یا بیٹے کی عدم موجودگی میں پیش رو کا کوئی قریب ترین عزیز ہونا اسی طرح ضروری ہے جس طرح شاہان خود مختار کے یہاں ولیعہدی کے لئے۔ (۳) اگر روئے زمین کے تمام باشندے مسلمان ہو جائیں تب بھی ان میں سے کوئی خلافت کی سند کا مستحق قرار نہیں پا سکتا ــ (۴) دنیا کے تمام مسلمان حضرت علی کی نسل کی دائمی اور ابدی خلافت میں رہنے پر مجبور ہیں ــ (۵) چونکہ رسول کے بعد علی اور ان کی اولاد ہی خلافت و امامت کی حقدار ہے اور وہی "اولوالامر" آقا اور مولا ہیں اس لئے روئے زمین پر بسنے والے ہر مسلمان کے لئے یہ فرض ہے کہ وہ ابدالآباد تک آل علی، کے سر اشارہ پر بلا چون و چرا تسلیم خم کرتا رہے ــ (۶) اگر دنیا کا کوئی مسلمان سب سے زیادہ متورع، متقی، باخدا، مدبر، عالی دماغ اور بیدار مغز ہو تب بھی جانشینی کے وقت اس کو زیر بحث نہیں لایا جائے گا۔ بلکہ علی کی اولاد میں سے ولیعہدی کے مروجہ اصول کے موجب کسی "حقدار" کو مسند خلافت و امامت پر متمکن کر دیا جائے گا ــــ یہ ہے وہ استنباط اور امامت کے بارے میں عقیدۂ اہل تشیع کی تحلیل و تشریح جو بزمی صاحب کی نکتہ رس نگاہ کی مرہون منت ہے۔ لیکن کیا وہ حقیقت واقعہ کے بھی مطابق ہے؟ ــــ سمجھ میں نہیں آتا کہ ایک ذی علم انسان کو اپنے مسلک و خیال کی حمایت میں اس کی جرأت کس لئے ہوتی ہے وہ اپنی عبارت آرائی سے دوسرے فریق کے عقاید کو بھی غلط صورت میں پیش کرے اور توڑ مروڑ کر ایسا نظریہ اس کی طرف منسوب کرے جس کا مصنف وہ خود ہے اور پھر اس کی رد میں صفحے کے صفحے سیاہ کر کے غلط اندیش افراد کو یہ رائے قایم کرنے کی دعوت دے کہ فریق مخالف کا جواب ہو گیا اور اس کے عقیدہ کی عمارت مسمار ہو گئی ــــ "معیار امامت" کو جو کلیہ کی حیثیت رکھتا ہے "تعیین اشخاص" کے ساتھ جو خصوصی دلائل کا جزئی نتیجہ ہے مخلوط کر دینا ایک ایسی مناظرانہ تدلیس اور فریب کاری ہے جو سنجیدگی اور انصاف کی طرف سے انتہائی نفرت و ملامت کی مستحق ہے ــــ "الوہی خلافت" کا مطلب ہرگز "شخصیت پروری" نہیں ہے جس میں اوصاف سے کوئی بحث نہ ہو ــ خلیفہ یا امام کے لئے اصولی حیثیت سے ہرگز یہ ضروری نہیں قرار دیا گیا ہے کہ وہ پیش رو کا بیٹا یا بیٹے کی عدم موجودگی میں ان کا کوئی قریب ترین عزیز ہو ــــ امامت کے بنیادی شرائط میں ہرگز یہ نہیں ہے کہ وہ آل علی میں سے کسی کے لئے عام مسلمانوں کی جانب سے قرار دیا جائے اور نہ بحیثیت علی کی اولاد" ہونے کسی کو بھی سادات میں سے یہ حق پہونچتا ہے کہ وہ خلافت و امامت کا حقدار بنے اور اولوالامر، آقا اور مولا ہونے کا دعوے کرے اور ہرگز یہ درست نہیں ہے کہ دنیا کا کوئی مسلمان سب سے زیادہ متورع، متقی، باخدا، مدبر، عالی دماغ اور بیدار مغز ہو اور پھر بھی وہ جانشینی کا مستحق نہیں ہے وہ علی کی اولاد ہی میں سے ولیعہدی کے مروجہ اصول کے موافق کسی کو مسند خلافت پر متمکن کیا جائے گا۔

ان مین سے کوئی ایک بات بھی ذرہ بھر اصلیت نہیں رکھتی اور نہ اُسے شیعی عقیدۂ خلافت آیۃ سے کوئی واسطہ ہی شیعون کا اساسی عقیدہ خلافت و امامت کے بارے مین صاف طور پر حسب ذیل ہے

(۱) امام جانشین رسول ایسا ہی شخص ہو سکتا ہی جس سے رسول کی وفات کے بعد بحفاظت شریعت اور اصلاح خلائق کا مقصد پورے طور سے حاصل ہو سکے اور خود اسکی غلط اندیشی، غلط بیانی یا غلط کاری سے فساد خلق کا اندیشہ نہو اور یہ اُسی وقت ہوگا کہ جب وہ معصوم ہو۔ (۲) امام وہی ہوگا جو اپنے زمانہ کے تمام مسلمانون مین سب سے زیادہ متورع، متقی، باخدا اور سب سے زیادہ عالم علوم حقیقیہ، خلاصہ یہ کہ علم و عمل مین افضل و اکمل ہو۔ (۳) ایک ایسی ہستی کی تشخیص جو معصوم ہونے کے ساتھ تمام افراد مسلمین سے افضل و اکمل ہو عام افراد انسانی کے دسترس سے باہر ہے، نیز عام افراد کا فیصلہ پورے طور پر ورایت اور جانبداری سے الگ بھی نہین ہوا کرتا اور اُس مین خود غرضی اور مطلب برآری کے لحاظ کا موقع ہے اسلئے امام یعنے جانشین رسول کا انتخاب براہ راست خدا سے متعلق ہونا چاہیئے اور امام وہی ہوگا جسکو خدا مقرر کرے۔ (۴) چونکہ خداوندی منشا کے معلوم ہونے کا ذریعہ عالم انسانون کو سوائے سفیر الٰہی یعنے پیغمبر کے بیان کے اور کوئی نہین ہو سکتی اسلئے امام یعنے جانشین رسول کی تعیین نص رسول ہی سے ہو سکتی ہی اور اس امام کے بعد پھر دوسرے امام کی تعیین بھی یا اُسی رسول کے نص سے ہوگی یا اُس امام کے بیان سے جو رسول کی جانب سے مامور تھا کیونکہ یہ نص بھی بواسطہ رسول خدا تک منتہی ہوتی ہے اب دیکھئے کہ اس معیار اور اصول اساسی مین کہیں کسی خاندان کسی جماعت کسی قوم و قبیلہ کی تخصیص ہی؟ حقیقت پروری کا واقعی تقاضہ یہ ہی کہ عقلی و اصولی بنیادون پر صرف اسی معیار اور اصول کی صحت کو جانچا جائے اور دیکھا جائے کہ کیا یہ اصول درست ہین یا اسکے خلاف جماعت کا بنیادی عقیدہ جس کا تجزیہ کرنے پر مندرجۂ ذیل ضمنی عقائد مستنبط ہوتے ہین۔ (۱) خلافت امامت یعنی جانشینی رسول کے مسئلہ کا خدا اور رسول سے کوئی تعلق نہین بلکہ یہ عام افراد کے اختیار انتخاب سے متعلق ہی کہ وہ جس کو چاہین خلیفہ و جانشین رسول منتخب کرلین (۲) خلیفہ کا انتخاب اجماع سے ہوتا ہی لیکن اسکے یہ معنی نہین کہ تمام دنیا کے مسلمانون کے نمایندے مجتمع ہون اور کوئی "اسلامک ورلڈ مسلم کانفرنس" ہو اور اسمین یہ مسئلہ طے پائے بلکہ اگر کسی ایک اسلامی مرکز کے لوگون نے مجتمع ہو کر کسی کو اپنا خلیفہ منتخب کرلیا اور اُسکی بیعت ہو گئی تو وہ خلیفہ سمجھ لیا جائیگا اور تمام دنیا کے مسلمانون کی قسمت اس سے وابستہ ہو جائیگی۔ (۳) دوسری صورت یہ بھی ہی کہ ایک منتخبہ کمیٹی چند آدمیون کی جو کسی جلسۂ عام مین منتخب بھی نہ ہوئی ہو بلکہ کسی ایک شخص نے بنائی ہو وہ مجتمع ہو کر کثرت رائے سے کسی ایک کو خلیفہ بنا دے تو بھی تمام مسلمانون کا خلیفہ ہو جائیگا۔ (۴) تیسری صورت یہ بھی ہی کہ سابق خلیفہ (جو معصوم بھی نہین ہی) وہ کسی کو نامزدگی کے ذریعہ سے معین کر جائے تو وہ بھی خلیفۃ الرسول بن جائیگا اور تمام مسلمانون کو اس کی اطاعت لازم ہوگی۔ (۵) چوتھی شکل یہ ہی کہ ان مین سے کوئی بات بھی نہ ہوئی ہو لیکن ایک شخص کسی طرح اقتدار حاصل کرلے اور بزور شمشیر و سرنیزہ سے سر تسلیم خم کرالے تو وہ بھی خلیفہ و امام قرار پا جائیگا۔ (۶) خلیفہ رسول کے لئے معصوم ہونا ضروری نہین ہی بلکہ اگر کوئی ظالم و جبار بھی قہر و غلبہ حاصل کرلے تو وہ پیغمبر خدا کا جانشین سمجھا جائیگا اور اسکی اطاعت مسلمانون پر فرض ہوگی۔ اب کیا ذی عقل ارباب عقل کے ہاتھ ہی کہ کیا ایسی عقائد "عقل عمومی" کے بنیادی اور اصولی مسلمات کے موافق ہین؟ کیا انہی عقائد کو مان لینے سے تمام مقصود و اغراض بعثت انبیاء اور تمام انسانون کے انفرادی، معاشرتی اور ملی تمام جائز حقوق کی مکمل نگہداشت ہو سکیگی؟ کیا اسیطرح مفاد اسلامی حاصل ہوگا اور جانشینی رسول کا اصلی مقصد پایۂ تکمیل کو پہونچیگا؟ کیا اسطرح شریعت اسلام کی حفاظت ہوگی اور مسلمانون مین روح اسلامیت کی صحیح ترتیب ہو سکیگی۔

یہ ہی پورا تبصرہ جو فاضل صاحب مسلم شیعہ نے اس بحث کے متعلق کیا ہی اور اس حقیقت کا اعتراف ناگزیر ہی کہ بہت سے نکات اس تبصرہ مین اس طرح تشریح کے ساتھ درج ہو گئے ہین کہ نہ اس سے زیادہ کچھ کہنا ممکن تھا اور نہ ضرورت باقی ہی۔ واقعہ یہ ہی کہ شیعی مذہب کے عقیدۂ امامت کی تشریح مین بڑی صاف بے لاگ اعتدالی سے کام لیا ہی۔ اگرچہ اسنقد و ایراد کے سلسلہ مین مذکورہ بالا تبصرہ کے الفاظ ذرا تیز ہو گئے ہین جو کم از کم میرے مذاق طبیعت کے خلاف ہین لیکن پھر بھی جو کچھ جواب مین لکھا گیا ہی وہ بالکل درست ہے شیعون کی طرف یہ امر منسوب کرنا کہ وہ اس مین مخصوص خاندان کی شرط لگاتے ہین دیسا ہی ہی جیسے مسلمانون پر یہ ایراد عائد کیا جائے کہ وہ ختم نبوت کو قوم عرب اور اس مین مخصوص آل مکہ اور ان مین خاص قبیلہ قریش اور ان مین بھی خصوصیت کے ساتھ بنی ہاشم اور پھر وہ بھی فرزند عبداللہ کے ساتھ مخصوص قرار دیتے ہین اور تمام دنیا کے لوگون کو شرق و غرب عالم مین اس نعمت سے محروم کرتے ہین جو تمام اہل عالم کے حقوق پر ایک کاری ضرب ہے اور اسلئے "عقل عمومی" اور "حامیۂ اجتماعیہ" کے بالکل خلاف ہے شیعی اور سنی مسلک مین خط فاصل یہ ہی شیعہ تعیین امام کا صرف ایک طریقہ قرار دیتے ہین اور وہ نص یعنے انتخاب الٰہی صاحب کے لئے اہلسنت کی جانب سے اس مسلک کی پوری نکتہ چینی اور ابطال کی کوشش اور اس امر کے اثبات کی جد و جہد کہ یہ مسلک "عقل عمومی" کے خلاف ہی اس وقت جائز سمجھی جا سکتی تھی جب اہلسنت اس طریقہ کو غلط سمجھتے ہوتے اور معتبر نہ جانتے لیکن جبکہ یہ طریقہ باتفاق اہلسنت بھی ایک ذریعہ تعیین امام کا جس کے بعد عام مسلمانون کو کوئی اختیار انتخاب و اظہار رائے کا باقی نہین رہتا تو پھر اس مسلک کے خلاف اتنی عرق ریزی اور اس امر کی کاوش کہ وہ کسی طرح "عقل عمومی" کے خلاف ثابت ہو جائے اثبات حقیقت کے لحاظ سے کون سی "سعی مشکور" سمجھی جا سکتی ہے۔ سوائے اس کے کہ مذہب اہلسنت کی جانب سے اُس کی ہمت افزائی یہ کہکر کی جائے (اقتلونی و مالکا واقتلوا مالکا معی) اور شکریہ اس طرح ادا کیا جائے شکر است با قیلان دامن کشان گذشتی گر مشت خاک ما ہم بر باد گشتہ باشد۔ ملاحظہ ہون علمائے اہلسنت کے تصریحات جو اس مسئلہ سے متعلق ہین۔

(۱) شرح مواقف (مطبع نول کشور لکھنؤ) صفحہ ۷۳۲

المقصد الثالث فیما ثبت به الامامة وان اشخر بجرد صلوحه للامامة وجمعه شرائطها لا یصیر اماما بل لابد فی ذلک من امر اخر وانما ثبت بالنص من الرسول ومن الامام السابق بالاجماع

تیسرا مقصد (بحث امامت کا) ان طریقون کے بیان مین جن سے امامت ثابت ہوتی ہے کیونکہ امامت کی لیاقت اور شرائط امامت کے اجتماع سے کوئی امام نہین ہو جائیگا بلکہ اسکے لئے کچھ اور بھی ضروری ہے۔ اس کا ایک طریقہ رسول اور سابق امام کی نص ہے۔ یہ طریقہ

وتثبت ایضا ببیعة اهل الحل والعقد عند اهل السنة والجماعة والمعتزلة الصالحیة من الزیدیة خلافا للشیعة ای اکثرهم قالوا لا طریق الا النص۔

اجماع درست ہے اور دوسری صورت اہل حل وعقد کا بیعت کرنا۔ اہلسنت وجماعت اور معتزلہ اور فرقہ زیدیہ کی جماعت صالحیہ کا مسلک ہے لیکن شیعوں کی اکثریت اس کے مخالف ہے وہ کہتے ہیں کہ سوائے نص کے کوئی طریقہ نہیں۔

(۲) صواعق محرقہ ۔ ابن حجر کی ۔ مطبوعہ مصر ص۵

الامامة تثبت اما بنص من الامام علی استخلاف واحد من اهلها او اما بعقد ها من اهل الحل والعقد لمن عقدت له من اهلها واما بغیر ذلك کما هو مبین فی محله۔

امامت ثابت ہوتی ہے یا تو امام وقت کے نص سے کسی قابل شخص کو اپنے بعد خلیفہ مقرر کرنے کے ساتھ اور یا اہل حل وعقد کے مقرر کرنے سے کسی لائق شخص کو اور یا دوسرے طریقوں سے جو اپنے محل پر بیان ہوئے ہیں۔

(۳) معالم اصول الدین ۔ امام فخر الدین رازی جو مصر میں محصل امام رازی کے حاشیہ پر طبع ہوئی ہے اس میں ہے (الباب العاشر فی الامامة) کا رسالہ ابحث حرفی میل ہے (صفحہ ۱۵۸)

اجمعت الامة علی انه یجوز اثبات الامامة بالنص وهل یجوز بالاختیار قال اهل السنة والمعتزلة یجوز وقالت الاثنا عشریة لا یجوز الا بالنص۔

تمام امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ امامت نص کے ذریعہ سے ثابت ہوتی ہے لیکن عام افراد کے انتخاب کے ذریعہ سے بھی ہو سکتی ہے یا نہیں؟ اہلسنت ومعتزلہ قائل ہیں کہ ہو سکتی ہے اور فرقہ اثنا عشریہ قائل ہے کہ بغیر نص کے نہیں ہو سکتی۔

(۴) ابطال الباطل میں لکھا ہے:۔

لما ثبت بالنص من الرسول ومن الامام السابق بالاجماع وثبت ایضا ببیعة اهل الحل والعقد عند اهل السنة والجماعة والمعتزلة والصالحیة من الزیدیة خلافا للامامیة من الشیعة انهم قالوا لا طریق الا النص

امامت، رسول اور گذشتہ امام کے نص سے اجماعاً ثابت ہوتی ہے اور اہل حل وعقد کی بیعت سے بھی اہلسنت وجماعت اور معتزلہ اور زیدیہ صالحیہ کے نزدیک ثابت ہو جاتی ہے لیکن فرقہ شیعہ امامیہ اس کا مخالف ہے۔ وہ لوگ کہتے ہیں کہ سوائے نص کے کوئی طریقہ نہیں ہے

مذکورہ بالا عبارتوں سے صاف ظاہر ہے کہ شیعوں کا مقررہ طریقہ (نص) ہی کے نزدیک متفق علیہ ہے جو کچھ اختلاف ہے وہ دوسرے طریقوں میں ہے۔ پھر ابوبکر کی امامت کی تنجائش کہاں رہ جاتی ہے کہ شیعوں کے مقررہ طریقہ کو بفضل عمومی، یا حاشیہ اجماعیہ کے خلاف قرار دیا جائے۔ شیعوں کا مقررہ طریقہ تو اس درجہ بفضل عمومی کے مطابق اور دل کو لگتا ہوا ہے کہ جو لوگ حضرت ابوبکر کی خلافت کے قائل ہیں وہ بھی دل سے تمنی ہیں کہ کاش خلافت اس طریقہ پر درست ثابت ہو جائے اور اس کی کوشش بھی کرتے ہیں چاہے وہ ناکام ہو۔

تصدیق کے لئے ملاحظہ ہو شیخ الاسلام ابن تیمیہ حنبلی کی کتاب "منہاج السنۃ" (مطبوعہ بولاق مصر ۱۳۲۱ھ) ج ۱ ص ۱۳۴

ذهبت طوائف من اهل السنة الی ان امامة ابی بکر ثبتت بالنص والنزاع فی ذلك شهیر وقد فی مذهب احمد وغیره من الائمة وقد ذکر القاضی ابو العلی وغیره فی ذلك روایتین عن الامام احمد احدهما انها ثبتت بالاختیار قال وبهذا قال جملة من اهل الحدیث والمعتزلة والثانیة انها ثبتت بالنص الخفی والاشارة قال وبهذا قال حسن البصری وجماعة من اهل الحدیث و بکر ابن بنت عبد الواحد والبهیة من الخوارج وقال شیخ ابو عبد الله بن حامد فاما الدلیل علی استحقاق ابی بکر الخلافة دون غیره من اهل البیت والصحابة فمن کتاب الله وسنة نبیه قال وقد اختلف اصحابنا فی الخلافة هل اخذت من حیث النص او الاستدلال فقد ذهب طائفة من اصحابنا الی ان ذلك بالنص وانه صلی الله تعالی علیه وسلم ذکر ذلك نصا وقطع البیان علی عینه حتما ومن اصحابنا من قال ان ذلك بالاستدلال الجلی۔

اہلسنت کی بہت سی جماعتیں اسکی قائل ہیں کہ حضرت ابوبکر کی امامت بذریعہ نص ثابت ہوئی ہے اور اس مسئلہ میں امام احمد اور دوسرے علماء کے درمیان اختلاف مشہور ہے قاضی ابو یعلی وغیرہ نے اس بارے میں دو روایتیں امام احمد سے نقل کی ہیں ایک یہ کہ آپ کی امامت عامۃ الناس کے انتخاب سے ثابت ہوئی ہے اور اسکی قائل ہوئی ہے ایک جماعت اہل الحدیث میں سے اور معتزلہ اور اشاعرہ اور یہی مسلک ہے قاضی ابو یعلی وغیرہ کا اور دوسرے یہ کہ وہ نص خفی اور اشارہ سے ثابت ہوئی ہے اور اسکے قائل ہوئے ہیں حسن بصری اور ایک جماعت اہل حدیث میں سے اور بکر ابن بنت عبد الواحد اور فرقہ خوارج بہیسیہ اسکے قائل ہیں اور شیخ ابو عبد اللہ بن حامد نے کہا ہے کہ اس امر کی دلیل خلافت کے حق ابوبکر ہونے اور دوسرے اہل بیت اور صحابہ نہیں ہونے قرآن اور سنت دونوں سے ہے انہوں نے کہا کہ ہمارے علماء میں اختلاف ہوا ہے کہ خلافت نص سے ثابت ہے یا استدلال سے ایک جماعت ہمارے اصحاب میں سے اسکی قائل ہے کہ وہ نص سے ثابت ہے اور یہ کہ حضرت نے اسکو بطور نص بیان فرمایا اور مخصوص حضرت ابوبکر کی قطعی طور پر تعیین فرمائی اور بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ استدلال کے ذریعہ سے ثابت ہوا ہے۔

اسکے بعد مختلف روایات اپنے طرق سے اور اسطرح کے استدلالات ذکر کئے ہیں جن سے کسی نہ کسی طرح ثابت ہو جائے کہ حضرت ابوبکر کی خلافت نص رسول سے تعلق رکھتی تھی جن میں سب سے زیادہ اس محل پر قابل لحاظ یہ استدلال ہے کہ خلیفہ کا اطلاق اس وقت تک درست نہیں ہو سکتا جبتک پیش رو شخص نے خود جانشین نہ بنایا ہو اور چونکہ تمام صحابہ نے باجماع حضرت ابوبکر کو خلیفہ رسول کے نام سے یاد کیا اسلئے معلوم ہوتا ہے کہ رسول کی جانب سے انکے متعلق نص ہو چکی تھی۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ بفضل عمومی، اسی طریقہ کو صحیح سمجھتے

ہے جنھوں نے خلافت کے لئے مقرر کیا ہے اور جسکی بنیاد پر وہ حضرت علی کی خلافت کے مدعی ہیں شیعہ فرقہ کا عقیدہ اس بنا پر کہ اس میں خاندان پرستی کی بو پائی جاتی ہے "عقل عمومی" کے خلاف بتلایا جارہا ہے حالانکہ وہ حقیقۃً نص اصول پر مبنی ہے جسکے معنی یہ ہیں کہ اس میں بحیثیت اصول سیاسی قرابت کا کوئی پہلو ملحوظ نہیں ہے۔ یعنی اگر رسول کا نص و استخلاف کسی ایسے شخص کے متعلق مستند طریقہ سے ثابت ہو جائے تو شیعہ عقیدہ کے لحاظ سے اس کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کے لئے موجود ہیں اور اس کا لحاظ ہرگز نہیں کریں گے کہ وہ اپنی شخص ہے اور غیر متعلق لیکن اہلسنت جو نص کے پابند نہیں ہیں اور عام افراد کو خلیفہ کے انتخاب کا حق دیتے ہیں انھوں نے جس صورت سے تو قبیلہ کی پابندی عائد کی ہے اسے سوائے "خاندان پرستی" کے اور کچھ کہا ہی نہیں جا سکتا۔ اہلسنت خلافت کے لئے قبیلۂ قریش" میں سے ہونے کی شرط قرار دیتے ہیں۔ چونکہ "مرح" صاحب نے اس کمزوری کو محسوس فرمایا ہے اسلئے انھوں نے یہ دعوی کرتے ہوئے کہ "اہلسنت خلافت کو کسی گروہ میں محدود نہیں رکھتے" یہ دفع دخل کیا ہے کہ جن لوگوں نے اہلسنت کے نظریہ کو محدود سمجھا غلط سمجھا ہے"۔

اور "نٹ نوٹ" میں تحریر فرمایا ہے کہ۔

"بعض حضرات کو یہ مغالطہ ہوا ہے کہ وہ اہلسنت کے نزدیک خلافت کو صرف قریش کیلئے مختص سمجھتے ہیں۔ یہ ٹھیک ہے کہ الائمۃ من قریش ضرور وارد ہوا ہے لیکن یہ فرمان رسول اس وقت کے حالات اور ماحول کے لحاظ سے تھا کہ اس وقت طاقت و قوت کے اعتبار سے قریش ہی کا ایک ایسا قبیلہ تھا جو اور قبائل سے غیر معمولی امتیاز رکھتا تھا۔ اسی لئے امامت و خلافت کا اس کو مستحق قرار دیا ورنہ اسکے یہ معنی ہرگز نہیں کہ قریش میں امامت و خلافت منحصر ہے۔ یہ ایسا ہی جیسا کہ اس زمانہ میں ٹرکی کی بے پناہ عسکری طاقت کو دیکھتے ہوئے کہا جائے کہ خلافت کا مستحق ٹرکی ہے، اس کے یہ معنی نہ ہوں گے کہ ٹرکی ابدالآباد کیلئے خلافت کا مستحق ہو گیا"۔ ممکن تھا کہ مرح صاحب اس رائے کو اپنے ذاتی اجتہاد کے طور پر درج فرماتے لیکن انھوں نے ایسا نہیں کیا ہے۔ وہ اپنے ذاتی خیال کو جمہور اہلسنت کے سر عائد کرنا چاہتے ہیں۔ جانے دیجئے اس کو کہ انکا ذاتی اجتہاد درست ہے یا نہیں اور انھوں نے جو تاویل فرمائی ہے وہ "الائمۃ من قریش" کے الفاظ کے ساتھ (جس میں "ائمہ" جمع کے صیغہ کے ساتھ وارد ہے نہ "الامام" جس کے معنی یہ کہے جا سکتے کہ میرے بعد والا امام قریش ہی سے ہونا چاہیئے) سازگار ہے یا نہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ انھوں نے اہلسنت کی طرف اس عقیدہ کی نسبت جو دی ہے وہ درست ہے یا نہیں۔ اسکے لئے ملاحظہ ہوں علمائے اہل سنت کے تصریحات:۔

(۱) علامہ ابن حزم نے کتاب الفصل فی الملل والنحل میں لکھا ہے:۔

اختلف القائلون بان الامامة لا تکون الا فی صبیة قریش فقالت طائفة هی جائزة فی جمیع ولد فهر بن مالک بن النضر وهذا قول اهل السنة وجمهور المرجئة وبعض المعتزلة وقالت طائفة لا تجوز الخلافة الا فی ولد العباس بن عبد المطلب هم الرافضة وقالت طائفة لا تجوز الخلافة الا فی ولد علی بن ابیطالب

وہ جماعتیں جو امامت کو نسل قریش میں منحصر سمجھتے ہیں اُن میں اختلاف ہوا ہے۔ ایک جماعت اس کی قائل ہے کہ وہ فہر بن مالک بن نضر کی تمام اولاد میں جائز ہے۔ یہ قول ہے اہلسنت اور تمام مرجئہ اور بعض معتزلہ کا اور ایک جماعت کہتی ہے کہ خلافت عباس بن عبد المطلب کی اولاد میں منحصر ہے۔ یہ روافض ہیں اور تیسری جماعت اس کی قائل ہے کہ خلافت اولاد علی بن ابیطالب میں منحصر ہے۔

(۲) شرح مواقف (مطبوعہ نولکشور) صفحہ ۳۴۲ میں شرائط امامت میں لکھا ہے۔

ان یکون قرشیا اشترطه الاشاعرة والجبائیان ومنعه الخوارج وبعض المعتزلة۔

امام کو قریشی ہونا چاہیئے، اس شرط کو معتبر قرار دیا ہے اشاعرہ نے اور فرقۂ معتزلہ میں سے جبائیان نے اور خوارج اور بعض معتزلہ اسکے خلاف ہیں

معلوم ہونا چاہیئے کہ اہلسنت تو صرف اشاعرہ ہی ہیں جن کا یہ مذہب ذکر کیا گیا ہے۔

(۳) ابطال الباطل میں لکھا ہے:۔

شروط الامام الذی هو اهل للامامة مستحقها ان یکون مجتهدا فی الاصول والفروع لیقوم بامر الدین ذا رائی وبصیرة تدبیر الحرب وترتیب الجیوش شجاعا قوی القلب لیقوی علی الذب عن الحوزة عدلا لئلا یجور فان الفاسق سریما یصرف الاموال فی اغراض نفسه والعدل عندنا من لم یباشر الکبائر ولم یصر علی الصغائر عاقلا لیصلح للتصرفات الشرعیة بالغا لقصور عقل الصبی ذکرا اذ النساء ناقصات العقل والدین حرا قرشیا فمن جمع هذه الصفات فهو اهل للامامة العظمی۔

شرائط امام کے جو امامت کا اہل اور مستحق ہوتا ہے یہ ہیں کہ وہ اصول و فروع دونوں میں اجتہاد کا درجہ رکھتا ہو تاکہ دینی امور کا انصرام کر سکے جنگ کے تدابیر اور افواج کی ترتیب میں صائب الرائے اور ماہر ہو بہادر قوی دل ہو تاکہ مرکز اسلام سے مدافعت پر قادر ہو۔ عادل ہو تاکہ جور و ظلم نہ کرے اسلئے کہ فاسق اگر ہوگا تو ممکن ہے مسلمانوں کے مال کو اپنے نفسانی اغراض میں صرف کر دے اور عادل ہمارے نزدیک وہ ہے جس نے کبائر کا ارتکاب نہ کیا ہو اور صغائر پر اصرار نہ کرتا ہو۔ عاقل ہو تاکہ تصرفات شرعیہ کے قابل ہو سکے۔ بالغ ہو کیونکہ بچہ کی عقل ناقص ہوتی ہے مرد ہو کیونکہ عورتیں عقل اور دین دونوں میں ناقص درجہ رکھتی ہیں آزاد ہو قریشی ہو جس شخص میں یہ تمام صفتیں جمع ہوں وہ امامت اور ریاست عامہ کا مستحق ہے۔

(۴) شیخ الاسلام ابن تیمیہ منہاج السنہ (ج ۱ صفحہ ۱۴۰) میں لکھتے ہیں۔

اما کون الخلافۃ فی قریش لما کان معلوما من شرعہ و دینہ کانت النصوص بذلک معروفۃ منقولۃ ماثورۃ۔

خلافت قریش میں منحصر ہونا چونکہ رسول اللہ ﷺ کی شریعت اور دین کا ایک جزو تھا اسلئے نصوص اسکے بارے میں مشہور و معروف اور سب کے زبانزد تھے۔

(۵) نجم الدین نسفی نے عقائد میں لکھا ہے۔

یکون من قریش ولا یجوز من غیرھم ولا یختص بنی ھاشم ولا ولد علی کرم اللہ وجھہ۔

امام قریش میں سے ہوگا اور کسی دوسرے قبیلہ سے امام کا ہونا جائز نہیں ہے اور بنی ہاشم یا اولاد علی بن ابیطالب سے مخصوص نہیں ہے۔

(۶) شرح عقائد نسفی میں ہے۔

بشرط ان یکون الامام قرشیا بقولہ الائمۃ من قریش ھذا او ان کان خبر احد لکن لما رد بہ ابوبکر رض محتجا بہ علی الانصار ولم ینکرہ احد فصار اجماعا علیہ لم یخالف فیہ الا الخوارج وبعض المعتزلۃ۔

شرط ہے کہ امام قرشی ہو کیونکہ آنحضرت نے فرمایا ائمہ قریش ہی سے ہونگے اور یہ اگرچہ خبر واحد ہے لیکن چونکہ اسے حضرت ابوبکر نے انصار کے مقابلہ میں استدلال میں پیش کیا اور کسی نے انکار نہیں کیا اس لحاظ سے اجماعی حیثیت حاصل کرلی اور کوئی اس کا مخالف نہیں ہے سوائے خوارج اور بعض معتزلہ کے۔

معلوم ہوا کہ اہلسنت اس امر پر متفق ہیں کہ امامت کے لئے قبیلہ قریش سے ہونا ضروری ہے اور اس کو رسول اللہ ہی کی جانب منسوب کیا گیا ہے کہ آپ نے ہمیشہ کیلئے امامت کو اس قبیلہ میں جس سے آپ خود تھے منحصر قرار دیا ہے۔ اب دیکھئے کہ شرعی نقطۂ نظر میں اور اس مسئلہ میں کتنا زمین و آسمان کا فرق ہوگیا۔ شیعہ رسول اللہ کی جانب سے مخصوص اشخاص کو منصوص سمجھتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ چونکہ امامت کا معیار عصمت کے ساتھ وابستہ ہے اور عصمت امر باطنی ہے لہذا جن حضرات کے متعلق رسول منصوص من اللہ ہونے کا علم ہوگا کہ عصمت کی صفت ان ہی میں موجود تھی اور کسی میں نہیں۔ اب اگر رسول اللہ نے اپنی اولاد ہی میں سے ایسے افراد کو نامزد کیا تو آنا رسول پر ایمان لانے کی بنا پر ہم از کم حسن ظن سے کام لیا جائے کہ آپ نے صرف اپنی اولاد ہونے کی بنیاد پر ان لوگوں کا نام نہیں لیا ہے بلکہ ان میں آپ کو وحی الٰہی ایسے اوصاف کی موجودگی کا علم ہے جو ان کو خلافت کا مستحق بنانے کا سبب ہیں۔ لیکن جبکہ رسول اللہ کی جانب سے کچھ اشخاص نامزد نہ ہوں بلکہ افراد کا انتخاب ہمیشہ امت والوں کی جانب سے ہو لیکن پھر بھی رسول اللہ کی جانب سے یہ پابندی عائد ہوجائے کہ امام ہمیشہ اسی قبیلہ سے منتخب کرنا جس سے میں خود ہوں اسے سوائے نسلی امتیاز اور قبیلہ پروری کے کچھ کہا ہی نہیں جاسکتا۔ اب جناب بزمی صاحب کی "عقل عمومی" اور "نیا صاحب کی "خاکہ اجتماعیہ" سے انصاف و صداقت کا واسطہ دیکر یہ سوال ہے کہ کیا یہ صورت کسی طرح روح جمہوریت کے مطابق ہے اور کیا اس سے اسلام کے اصول مساوات پر کوئی ضرب نہیں لگتی۔ جناب بزمی صاحب کے لب و لہجہ اور انداز میں اہلسنت کے اس عقیدہ پر غور کیجئے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ رسول کریم نے یہ فیصلہ کردیا تھا کہ آپ کے بعد آپ ہی کے قبیلہ قریش میں سے کوئی خلیفہ منتخب کیا جائے اور اسکے بعد بھی ان میں سے کسی کو یہ منصب جلیلہ تفویض کیا جائے اور اسی طرح یہ سلسلہ تا قیامت جاری رہے"۔ اب اگر آپ اس عقیدہ کا تجزیہ کریں تو اس سے مندرجہ ذیل ضمنی عقائد مستنبط کرسکتے ہیں۔ (۱) خلافت و امامت صرف قریش کے قبیلہ کے لئے مخصوص ہے۔ (۲) خلیفہ یا امام کی وفات کے بعد اسکی جانشینی کے لئے بھی قریش ہی کا کوئی آدمی ڈھونڈھا جائیگا (۳) اگر روئے زمین کے تمام با شندے مسلمان ہوجائیں تب بھی ان میں سے کوئی خلافت کی مسند کا مستحق قرار نہیں پاسکتا (۴) دنیا کے تمام مسلمان قبیلہ قریش کی دائمی اور ابدی خلافت میں رہنے پر مجبور ہیں۔ (۵) اگر دنیا کا کوئی مسلمان سب سے زیادہ متورع متقی باخدا، بیدار مغز، عالی دماغ اور بیدار مغز ہو تب بھی جانشینی کے وقت اس کو زیر بحث نہیں لایا جائیگا بلکہ قبیلہ قریش میں سے ہی "حقدار" کو مسند خلافت و امامت پر متمکن کردیا جائیگا۔ اب دیکھئے کہ یہ عقائد "عقل عمومی" کے بنیادی اور اصولی مسلمات کے مخالف ہیں یا نہیں اور اس سے دنیا کے کسی گروہ یا جماعت یا قوم کے کسی صحیح اور جائز مطالبہ و خواہش پر ضرب پہونچتی ہے یا نہیں اور یہ عقیدہ دنیا کے بسنے والوں کو ان کے کسی حق سے محروم کرنے کا موجب تو نہیں ہے۔ ان عقائد کا منشا یہ ہے کہ بانی اسلام کی خواہش یہ تھی کہ ان کی وفات کے بعد مسلمان عالم پر ان کا قبیلہ تا قیام قیامت سلطان مطلق کی حیثیت سے حکمرانی کرے اور انکے قبیلہ کے افراد کے ہوتے ہوئے روئے زمین کا کوئی مسلمان مسند خلافت کا امیدوار نہ ہوسکے۔ اب بزمی صاحب کے غور کرنے کی چیز ہے کہ مذکورہ بالا استحقاق کو صحیح تسلیم کرنے کے بعد کیا اسکا صاف مطلب نہیں ہوتا کہ اسلام دنیا میں غیر مسئول مطلق العنانی اور ناجائز نسلی امتیاز کو قائم کرنا چاہتا ہے کیا یہ ویسا نہ ہوگا جیسے آج ہر ٹہلریطے کردے کہ "مجھ خدا کیطرف سے پیغام ملا ہے کہ میں اور میرے بعد میرا قبیلہ ابدالاباد تک جرمن قوم پر فرمانروائی کرے"۔ بزمی صاحب کا خیال ہے کہ اگر کوئی ڈکٹیٹر اس طرح کا اعلان کرے تو بھی "نگار" کا دوسرا رجحان شائع بھی نہ ہونے پائیگا کہ اخبارات میں موٹے موٹے حروف سے لکھی ہوئی یہ سرخی پڑھ لیں گے "یورپ کے ایک مخبوط الحواس ڈکٹیٹر کی لاش دریائے رائن کے سپرد کردی گئی"۔ اب بزمی صاحب کو اقرار کرنا چاہیے کہ اہل سنت کی خلافت کے عقیدہ کو جس نوع سے مانتے ہیں وہ نہ صرف انسانیت کے نقطۂ نظر سے ناقابل قبول ہے بلکہ اگر اس کو صحیح تسلیم کرلیا جائے تو انسان کے تو ئے عمل کی صحیح نشوونما ہمیشہ کے لئے ختم ہوجائے۔ کردار اور گفتار کی آزادی ابد الاباد تک کیلئے معدوم ہوجائے انسانوں کے مابین امتیاز و افتراق کی ابدی

خلجیں حائل ہوجائیں ذہنی استعداد اور اشرفی تفوق و برتری کی وہ مکروہ فضا پیدا ہوجائے جو انسانیت کو رفتہ رفتہ ہندوؤں جیسی ذات پات کے تصور سے قریب تر کردے۔ انسانی عقل و فکر پر پہرے بیٹھ جائیں اور دنیا کے بسنے والے خدائے واحد کے علاوہ بہت سے ایسے بتوں کی پرستش کرنے لگیں جن کو پاش پاش کرنے کی کوشش آج دنیا کے ہر گوشہ میں کیجارہی ہے۔

چونکہ بندہ صاحب کلاں بیباک دل یہ اعلان ہے کہ میں ایمان ضمیر کی پوری صداقت و بیباکی کے ساتھ حسب ذیل کو حاضر و ناظر جان کر ان بیانات کا اعلان کرتا ہوں کہ میں نے ان تمام کتب کا جو میں فرقہ وارانہ عصبیت و تنگ نظری سے کنارہ کش ہو کر غور کرنے کی کوشش کی ہے حتی کہ مجھے یقین ہے کہ اگر میں کسی شیعہ کے گھرانے میں پیدا ہوتا تب بھی غور کرنے کے بعد میرا عقیدہ یہی ہوتا جو پیش کیا گیا ہے جو شخص کسی شیعہ کے گھر میں پیدا نہیں ہوئے لیکن اہل تسنن کے خاندان میں پیدا ہوئے ہیں انھیں اہلسنت کے عقیدہ خلافت کی اس بھیانک تصویر سے جو انہی کے الفاظ کے آئینہ میں دکھلائی گئی ہے اس کا کافی موقع حاصل ہے کہ وہ مذہب اہلسنت سے کنارہ کشی اختیار کریں اور کسی ایسے مذہب کو اختیار کریں جو اس طرح کی باتوں سے پاک و صاف ہو۔

ممکن ہے آجکل کے روشن خیال اصحاب طبقہ علماء سے کافی بدظن ہیں یہ خیال کریں کہ یہ بعد کے علماء کی کارستانی تھی کہ انھوں نے مذہب اہلسنت میں اس طرح کی چیز داخل کردی لیکن شروع شروع جب اہلسنت کی معتقدہ خلافت کی بنیاد پڑی تو وہ بالکل جمہوریت کے اصول کے مطابق تھی اسلئے ذرا چلئے تاریخ کے اوراق الٹ کر وفات نبی کے بعد کا دور سامنے لائیں اور سقیفہ بنی ساعدہ میں خلافت کی داغ بیل ڈالے جانے کے منظر کو دیکھیں۔ شیخ المہاجرین حضرت ابوبکر اور جناب ابن الخطاب کی پرزور تقریروں کا مطالعہ کریں دیکھیں کہ ان دونوں بزرگواروں نے جو اس خلافت کا سنگ بنیاد رکھنے والے تھے اس خلافت کو کن اصولوں پر مبنی کیا تھا۔ میرے سامنے ہے تاریخ طبری (ج ۳ صفحہ ۲۰۰ — ۲۰۹)

رسول اللہ کی وفات ہوتی ہے انصار سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہوتے ہیں۔ یہ قرار داد ہوتی ہے کہ سعد بن عبادہ خلافت کے لئے منتخب کئے جائیں حضرت عمر کو خبر پہنچتی ہے کہ جو ابھی وفات نبی کے غم میں اتنے بدحواس اور از خود رفتہ تھے کہ مسجد میں تلوار کھینچے ہوئے ٹہل رہے تھے کہ جو شخص کہے گا رسول اللہ نے انتقال کیا اس کا سر اڑا دونگا وہ اس خبر کو سنتے ہی آتے ہیں کاشانہ رسالت کی جانب جہاں رسول اللہ کی تجہیز و تکفین کا سامان ہو رہا ہے حضرت ابوبکر کو بلوا بھیجتے ہیں وہ عذر کرتے ہیں کہ میں یہاں مصروف ہوں تو کہلوایا جاتا ہے کہ یہاں ایک ایسا واقعہ ظہور میں آگیا ہے کہ آپ کا آنا ضروری ہے۔ حضرت ابوبکر یہاں آتے ہیں جناب عمر کہتے ہیں کہ آپ کو نہیں خبر انصار سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہو رہے ہیں اور چاہتے ہیں کہ سعد بن عبادہ کو خلیفہ بنا دیں حضرت ابوبکر اس خبر کو سن کر اتنے پریشان ہوتے ہیں کہ یہ خیال بھی نہیں کرتے کہ اندر جا کر علی بن ابیطالب کو اطلاع تو کردیں جیسا دنیا کا قاعدہ ہے کہ کسی میت کی تجہیز و تکفین سے بضرورت کچھ شخص علیحدہ ہونا چاہتا ہے تو اسکے ورثہ سے جا کر اپنا عذر بیان کرتا اور رخصت ہوتا ہے ممکن تھا کہ جناب علی بن ابیطالب سے اس کا تذکرہ کیا جاتا وہ بھی اپنی کوئی رائے اس اہم مسئلہ کے متعلق ظاہر کردیتے۔ جب کہ ان حضرات کو آپ کی اصابت رائے پر اعتماد تھا کہ اپنی خلافت کے دور میں بڑے بڑے اہم معاملات میں آپ سے مشورہ لیتے تھے اور آپ کے ہدایات پر کاربند ہوتے تھے مگر اس وقت اسکی ضرورت نہیں سمجھی گئی یا کسی حیثیت سے مضر خیال کیا گیا۔ بہرحال حضرت ابوبکر بھی سیدھے حضرت عمر کے ساتھ ہولئے۔ راستہ میں ابوعبیدہ جراح ملگئے انھیں بھی اپنے ہمراہ لیا اور یہ تینوں بزرگوار سقیفہ بنی ساعدہ پہونچے۔ حضرت عمر کہتے ہیں کہ میں نے دل ہی دل میں ایک تقریر مرتب کرلی تھی اور کچھ پوائنٹس سوچ لئے تھے مگر حضرت ابوبکر نے مجھے تقریر سے روکدیا اور کہا کہ مجھے تقریر کرلینے دو کیونکہ تم ہم سے زیادہ سنجیدہ اور باوقار ہو تمہاری تقریر جو پوائنٹس میرے ذہن میں تھے وہ اور کچھ اضافہ کے ساتھ آپنے پیش فرمائے۔ صورت حال سے ظاہر ہوتا ہے کہ خلافت کیلئے پہلے سے نہ کوئی اصول مقرر تھا نہ کسی امیدوار کی نامزدگی ہوچکی تھی بس جو کچھ تقریریں ہوئیں وہ اسی جلسہ کی کارروائی کا اختتام ہوا اور خلافت کا دستور العمل ہے اور وہی نظام دل تو چاہتا ہے کہ اس تقریر میں کچھ اسلام کی جمہوریت پسندی کا بیان ہوا سکے اصول مساوات کی روشنی کیا جائے اور یہ کہا جائے کہ یہ مسئلہ تمام مسلمانوں کے مفاد سے تعلق رکھتا ہے کسی جماعتی استبداد کا کام نہ ہو اور اپنی جلد بازی نہ کرو بلکہ اس کا انتظار کرو رسول اللہ کی تجہیز و تکفین ہوجائے پھر تمام مسلمانوں کو اطلاع دو پھر ہم تم ملکر متفقہ مشورہ سے کوئی متحدہ فیصلہ کریں گے اور کسی خاص شخص کو اس منصب کا اہل نہ معین کریں گے اور ابھی تو نبی ہاشم جو خاص رسول اللہ کے دل و جگر ہیں وہ رسول کی تجہیز و تکفین میں مصروف ہیں کتنی ظاہر ہے کہ انکو شریک شورہ بھی نہ کیا جائے اور سارے خودغرضی سے کام لیکر بطور خود اس مسئلہ کا فیصلہ کردیں۔ یقیناً اس طرح کی تقریر ایسی نہ ہوتی جو اس مجمع پر اثر انداز نہ ہوسکتی خود ان میں کسی احد تک قبائلی اختلاف دلوں میں کارفرما تھا یعنے قبیلہ اوس کے لوگوں کو یہ ناگوار تھا کہ سعد بن عبادہ جو رئیس قبیلہ خزرج ہیں وہ خلافت کے لئے مقرر ہوجائیں یہی وہ چیز تھی جو بالآخر انصار کے اختلاف کا میابی کا باعث ہوئی اور یہی اس وقت بھی رونما ہوتی یعنی قبیلہ اوس کے ہر فرد اسکی تائید کرتے خصوصاً جب کہ وہ ایک بات بالکل "عقل عمومی" اور "احساس اجتماعیہ" کے موافق تھی۔

لیکن حضرت ابوبکر نے جو اس موقع پر تقریر فرمائی وہ ملاحظہ ہو آپ نے بعد حمد و صلوٰۃ کے کہا۔

ان اللہ بعث محمدا رسولا الی خلقہ وشہیدا علی امۃ لیعبد واللہ ویوحدوہ وہم یعبدون من دونہ الہۃ شتی ویزعمون انہا لہم عند اللہ شافعۃ ولہم نافعۃ وانما ہی من حجر منحوت وخشب منجور ثم قراء (ویعبدون من دون اللہ مالا یضرہم ولا ینفعہم ویقولون ہؤلاء شفعاؤنا عند اللہ وقالوا ما نعبدہم الا لیقربونا الی اللہ زلفی) فعظم علی العرب ان یترکوا دین ابائہم فخص اللہ المہاجرین الاولین من قومہ بتصدیقہ والایمان بہ والمواساۃ لہ والصبر

اللہ تعالیٰ نے مبعوث کیا حضرت محمد مصطفےٰ کو رسول بنا کر اپنے خلق کیطرف اور گواہ بنا کر اپنی امت پر تاکہ وہ خدا کی عبادت کریں اور اس کی توحید اختیار کریں اور یہ لوگ اسکے پہلے مختلف خداؤں کی عبادت کرتے تھے اور خیال کرتے تھے کہ وہ اصنام ان کی شفاعت کریں گے اور ان کو فائدہ پہونچائیں گے حالانکہ وہ تراشے ہوئے پتھروں اور لکڑیوں کے بنے ہوئے تھے۔ پھر آپنے یہ آیت پڑھی (یہ لوگ عبادت کرتے ہیں خدا کو چھوڑ کر ان چیزوں کی جو انھیں نہ نقصان پہونچا سکتی ہیں اور نہ فائدہ اور وہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارے شفاعت کرنیوالے ہیں اللہ کے یہاں) اور کہتے ہیں کہ ہم انکی عبادت اسلئے

منه علی شدة اذی قومهم لهم وتکذیبهم ایاهم وکل الناس لهم مخالف ذا علیهم فلم یستوحشوا لقلة عددهم وشنف الناس لهم واجماع قومهم علیهم فهم اول من عبد الله فی ارضه ومن امن بالله وبالرسول وهم اولیاءه وعشیرته واحق الناس بهذا الامر من بعده ولا ینازعهم ذلک الا ظالم وانتم یا معاشر الانصار من لا ینکر فضلهم فی الدین ولا سابقتهم العظیم فی الاسلام رضیکم الله انصارا لدینه ورسوله وجعل الیکم هجرته وفیکم جلة ازواجه واصحابه فلیس بعد المهاجرین الاولین عندنا بمنزلتکم فنحن الامراء وانتم الوزراء لا نشاوری ولا نقضی دونکم الامور

تقریر ختم ہوئی۔ حضرت ابوبکر بیٹھ گئے۔۔ جناب بن منذر انصاری نے کھڑے ہو کر کہا۔

یا معشر الانصار املکوا علیکم امرکم فان الناس فی فیئکم وظلکم ولن یجتری مجتری علی خلافکم ولن یصدر الناس الا عن رایکم انتم اهل العز والثروة واولوا العدد والمنعة والتجربة وذوو البأس والنجدة وانما ینظر الناس الی ما تصنعون ولا تختلفوا فیفسد علیکم رایکم وینتقض علیکم امرکم فان ابی هؤلاء ان یسلموا لکم ما سمعتم فمنا امیر ومنهم امیر

حضرت عمر نے اس تقریر کو سن کر فرمایا۔

هیهات لا یجتمع اثنان فی قرن والله لا ترضی العرب ان یؤمروکم ونبیها من غیرکم ولکن العرب لا تمتنع ان تولی امرها من کانت النبوة فیهم وولی امورهم منهم ولنا بذلک علی من ابی من العرب الحجة الظاهرة والسلطان المبین من ذا ینازعنا سلطان محمد وامارته ونحن اولیاءه وعشیرته الا مدل بباطل او متجانف لاثم او متورط فی هلکة۔

جناب بن المنذر کو غصہ آگیا اور سخت لہجہ میں تقریر شروع کی۔۔

یا معشر الانصار املکوا علی ایدیکم ولا تسمعوا مقالة هذا واشیاعه فیذهبوا بنصیبکم من هذا الامر فان ابوا علیکم ما سألتموه فالجلوهم عن هذه البلاد وتولوا علیهم هذا الامر فانتم والله احق بهذا الامر منهم فانه بأسیافکم دان لهذا الدین من لم یکن بدینا احد یلیها العکل وعذیقها المرجب ما والله لئن شئتم لتعیدنها جذعة

عبادت کرتے ہیں کہ وہ ہم کو اللہ کے یہاں تقرب کا باعث ہوں) رسول کی بعثت کے بعد عرب پر بہت گراں گذرا کہ وہ اپنے آباؤ اجداد کے دین کو ترک کریں تو خدا نے مخصوص کیا ہے ہمیں اولین کو جو رسول کی قوم سے ساتھ آپ کی تصدیق اور ایمان اور غمخواری اور صبر کے ساتھ ان تکلیفوں پر جو خود ان کی قوم والے ان کو پہونچاتے تھے اور تمام لوگ ان کے مخالف تھے اور انکی ذلت کے درپے تھے لیکن یہ لوگ گھبراتے ہیں اپنی تعداد کے کم ہونے سے اور لوگوں کی مخالفت سے اور متفق ہو جانے سے یہی لوگ سب سے پہلے عبادت کرنیوالے ہیں خدا کی زمین پر اور سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں خدا اور رسول پر اور یہ رسول کے عزیز ہیں اور ان کے قبیلہ کے ہیں اور تمام لوگوں سے زیادہ ان کے بعد اس منصب کے اہل ہیں جو ان سے اس امر میں نزاع کریگا وہ ظالم ہوگا۔ اور تم لوگ اے جماعت انصار وہ ہو کہ تمہاری نسبی فضیلت اور اسلام میں تمہارے بہترین خدمات کا انکار نہیں ہو سکتا۔ تمکو خدا نے منتخب کیا اپنے دین اور رسول کی نصرت کیلئے اور تمہارے وطن انکی ہجرت گاہ ہوئی اور تم میں سے اکثر انکے ازواج اور اصحاب ہیں لہذا مہاجرین اولین کے بعد تمہارے نزدیک کوئی تمہارے مرتبہ کا نہیں ہے لہذا ہم حاکم ہوں اور تم لوگ وزیر بغیر تمہارے مشورے کے کوئی کام نہ ہوگا اور ہم معاملات کو بغیر تمہارے طے نہیں کرینگے۔

اے گروہ انصار تم اپنی حکومت کو اپنے قبضہ میں لاؤ کیونکہ یہ لوگ تو تمہارے زیر سایہ ہیں تمہاری مخالفت کی کسی کو جرأت نہیں ہو سکتی اور بغیر تمہاری رائے کے کوئی بات طے نہیں پا سکتی۔ تم لوگ اہل عزت و ثروت ہو تم کثرت تعداد و شان و شوکت کے مالک اور آموزدہ کار ہو۔ تم شجاعت و جرأت کا جوہر رکھتے ہو۔ لوگ تمہارے طرز عمل کے نگراں ہونگے۔ بیشک تم میں آپس میں اختلاف نہ پیدا ہونے پائے ورنہ تمہارا کام بگڑ جائیگا اور بات غراب ہو جائے گی یہ لوگ اور یہ نصر جیسے تم نے سن لیا لہذا ایک خلیفہ ہم میں سے ہو اور ایک تم میں سے

اده۔۔ یہ ہرگز نہیں ہو سکتا کہ ایک وقت میں دو خلیفہ ہوں۔ خدا کی قسم عرب اس بات پر راضی نہ ہونگے کہ وہ تمہیں اپنا حاکم تسلیم کریں جبکہ پیغمبر انکا دوسری قوم و قبیلہ سے ہو لیکن عرب اس بات سے انکار نہیں کرینگے کہ اس قوم و قبیلہ کی امارت تسلیم کریں جسمیں کہ نبوت ہو کون شخص عرب سے محمد کی سلطنت اور انکی امارت میں نزاع کر سکتا ہے۔ درانحالیکہ ہم انکے عزیز ہیں اور انکے قوم و قبیلہ کے ہیں مگر یہ کہ کوئی ناحق کوشش ہو یا گناہ کا مرتکب ہو یا ہلاکت کے گڑھے میں گرنے والا ہو۔

اے گروہ انصار اپنی طاقتوں کو اپنے ہاتھ میں لاؤ اور اس شخص اور اسکے حامیوں کی بات سنو جس سے تمہارے حقوق اس منصب میں تلف ہوں اگر یہ لوگ نہ مانیں تو انھیں اس ملک سے باہر نکال دو اور تم اطمینان سے حکومت کرو۔ کیونکہ تم بخدا اس امر کے ان سے زیادہ مستحق ہو کیونکہ تمہاری تلوار نے لوگوں نے اس دین کو اختیار کیا۔ میں ہوں اس کا مرد میدان اور تم کہو تو ابھی ابھی "ہمین گود ہمین میدان"

یعنے مسلم لیگ کے موجودہ زمانے کے جلسوں کا منظر سامنے آگیا۔ حضرت عمر نے کہا اس صورت میں خدا تجھے غارت کریگا۔ حباب نے بڑھکر کہا تجھے کیوں تجھے غارت کریگا۔ ابو عبیدہ نے بیچ بچاؤ کی ہاں ہاں اے انصار تم نے سب سے پہلے نصرت کی ابتمیں سب سے پہلے رسول کی تعلیم سے منحرف نہ ہو۔ بشیر بن سعد جو قبیلہ اوس سے تھے اور سعد بن عبادہ کی خلافت کے منصوبہ میں مخالف وہ کھڑے ہوگئے اور کہنے لگے

یامعشر الانصار انا واللہ لئن کنا اولی فضیلۃ فی جھاد المشرکین وسابقۃ فی ھذا الدین ما اردنا بہ الا رضی ربنا وطاعۃ نبینا والکدح لانفسنا فما ینبغی لنا ان نستطیل علی الناس بذلک ولا نبتغی بہ من الدنیا عرضا فان اللہ ولی المنۃ علینا بذلک الا ان محمدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من قریش وقومہ احق بہ واولی وایم اللہ لا یرانی اللہ انازعھم ھذا الامر فاتقوا اللہ ولا تخالفوھم ولا تنازعوھم۔

اے گروہ انصار خدا کی قسم اگر ہمیں فضیلت حاصل ہے مشرکین سے جہاد اور دینی خدمات کی مگر ہمارا مقصود اس سے صرف خدا کی خوشنودی اور رسول کی اطاعت اور اپنے نفوس کی اصلاح تھی اب ہمارے لئے ہرگز مناسب نہیں ہے کہ اسکے سبب سے لوگوں پر تفوق کی کوشش کریں اور اپنے خدمات کا دنیاوی فائدہ حاصل کریں آگاہ ہو کہ حضرت محمد مصطفےٰ قریش سے تھے اور انکی قوم وقبیلہ کے افراد انکی خلافت کے زیادہ حقدار ہیں خدا کی قسم میں تو اس امر میں ان سے نزاع ہرگز نہیں کرونگا تم لوگ خدا کا خوف کرو اور انکی مخالفت و منازعت سے باز آؤ۔

یعنے معاملہ درست ہوگیا حضرت ابوبکر نے عمر اور ابو عبیدہ کا نام پیش کیا کہ ان میں سے کسی ایک کی بیعت کیجائے ان دونوں بزرگوں نے حضرت ابوبکر کی سفارش کی۔ بشیر بن سعد نے بڑھ کر انکی بیعت کی اور عمر و ابو عبیدہ نے بھی فوراً بیعت کرلی۔ جلسہ میں برہمی پیدا ہوگئی (ہمارے یہاں کا معکوس منظر سامنے آگیا) بعض انصار بشیر بن سعد کو گالیاں دینے لگے ادھر کے لوگ عصبیت میں اور بڑھے سعد بن عبادہ بت رو زدن میں آگئے۔ کسی نے کہا سعد کا خیال نہ کرو حضرت عمر نے کہا اسے قتل کرو خدا اسے قتل کرے اور سر پر کھڑے ہوکر کہا کہ میرا تو جی چاہتا ہے کہ تجھ کو اپنے پیروں سے اسطرح کچلوں کہ تیری ہڈیاں ٹوٹ جائیں سعد حضرت عمر کی داڑھی پکڑ لیتے ہیں حضرت ابوبکر بڑھکر چھڑا دیتے ہیں اور حضرت عمر کو سمجھا کر الگ لیجاتے ہیں۔ رسول اللہ کی خلافت پایۂ تکمیل پر پہونچتی ہے اور پوری اسکیم اس ہنگامی صورت سے مرتب ہوجاتی ہے جو آجتک شیعہ سنی اختلاف کی اصلی بنیاد ہے۔ ابھی حضرت عمر کو پورے طور سے اطمینان حاصل نہیں تھا کہ جو کارروائی ہمنے کی ہے اسمیں ہم آخر تک کامیاب بھی رہیں گے۔ لیکن بظاہر کوئی عام بھیڑ یا دھسان ہوتی ہے قبیلہ اسلم کے اعراب جو اطراف مدینہ میں مقیم تھے یہ خبر پہونچتی ہے کہ رسول اللہ کی وفات ہوگئی اور ہزاروں آدمیوں کی تعداد میں مدینہ آجاتے ہیں اس طرح کہ انسے گلی راستے مدینہ کے پر ہوجاتے ہیں وہ پوچھتے ہیں کہ خلیفۂ رسول کون ہے اور کوئی کہدیتا ہے کہ حضرت ابوبکر خلیفہ منتخب ہوگئے اور وہ اکدم سے حضرت ابوبکر کی بیعت کرنا شروع کردیتے ہیں۔ حضرت عمر کی مسرت کی انتہا نہیں رہتی خود ان کا ارشاد ہے ما ھو الا ان رایت اسلم فالقیت بالنفسی "میں نے قبیلہ اسلم کو دیکھا تھا کہ میں سمجھا فتح وظفر ہمیں حاصل ہوگئی" آپکا یہ سمجھنا بالکل بجا تھا کہ ان ہزاروں آدمیوں کی بیعت کرنے کے بعد اب کتنی ہی معقول دلائل کیساتھ کوئی مخالفت کرتا لیکن اسے باغی کہکر اس سے مقابلہ کیا جاسکتا تھا اور اسکے ساتھ وہی سلوک کیا جاتا جو عرب کے ان قبائل کا جنھوں نے حاکم موجودہ کی اطاعت سے انکار کیا "مرتدین" کے نام سے انکے ساتھ ایک اسلامی فریضہ بناکر ضروری سمجھا گیا۔

بہرحال گذشتہ تقریروں اور انکے نتیجہ سے صاف ظاہر ہے کہ خلافت کو کس اصول پر مبنی قرار دیکر کامیابی حاصل کرلی گئی۔ انصار کے منھ پر یہ ہاتھ رکھا جاتا ہے یہ کہکر کہ رسول جس قبیلہ سے تھے اسی قبیلہ میں خلافت بھی ہونی چاہیے اور اسکے اوپر اصرار کے سلسلہ میں کلام اللہ کی جو آیت پیش کی جاتی ہے اور اس زور زبردستی و دھاندھلی سے جو خلافت حاصل ہوئی اسکے ماننے والے آج یہ کہہ رہے ہیں کہ اسلامی امتیاز کو جیا خلافت قرار دینا "عقل عمومی" اور حاسہ اجتماعیہ کے خلاف ہے اور وہ اسلام کی روح جمہوریت و مساوات کے منافی ہے۔ انصار کے مقابلہ میں جو دلائل پیش کئے گئے انکی کامیابی کیلئے ضرورت اسی بات کی تھی کہ بنی ہاشم کا کوئی نمائندہ اور خصوصاً حضرت علی ابن ابیطالب اس مجمع میں نہ ہوں۔ ورنہ جتنے دلائل استحقاق امامت میں پیش کئے گئے سب کا نتیجہ معکوس ہوجاتا۔ پہلی دلیل ہے سبقت الی الاسلام والعبادہ (فھم اول من عبد اللہ فی الارض وامن باللہ وبالرسول) حالانکہ اب کہا جاتا ہے دیکھئے نیاز صاحب کا محاکمہ اور جلیل الرحمن صاحب اعظمی کا مضمون اور اس کا بھی سبقت الی الاسلام کو خلافت کے مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ بہرحال اگر علی ابن ابیطالب موجود ہوتے تو وہ اسی حیثیت سے اپنے اوپر منطبق کرتے جیسا کہ بعد میں انھوں نے کیا امنت قبل ان یومن ابوبکر واسلمت قبل ان یسلم ابوبکر) یعنے میں ایمان لایا قبل اسکے کہ ابوبکر ایمان لائیں اور اسلام لایا قبل اسکے کہ وہ مسلمان ہوں۔ دوسری دلیل قرابت اور بھومی۔ اسکے لئے ظاہر ہے کہ جس طرح قریش کو انصار کے مقابلہ میں ترجیح حاصل تھی اسیطرح بنی ہاشم کو تمام قبائل قریش کے مقابلہ میں اور ذریت رسول کو تمام بنی ہاشم سے اسی لئے جب حضرت علی کو سقیفہ کے حالات معلوم ہوئے اور یہ سنا کہ قریش نے یہ استدلال پیش کیا کہ ہم شجرۃ الرسول ہیں اسلئے خلافت کا حق ہمکو حاصل ہے تو آپنے فرمایا "تعلقوا بالشجرۃ واضاعوا الثمرۃ" درخت کا تو خیال کیا اور میوہ کو ضائع کردیا۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر اسلام کی روح جمہوریت و مساوات کا خیال پیش نظر تھا تو خلافت کیلئے انصار کے ساتھ کوئی مزاحمت نہ کیجاتی بلکہ سب سے پہلے یہ خیال قائم ہوتی کہ رسول سے بالکل اجنبیت رکھنے والے غیر قوم و قبیلہ کے شخص کو خلافت کیلئے منتخب کیا جاتا اور خود مہاجرین اپنی پوری طاقت اسکی تائید و حمایت و اتباع و اطاعت میں بدل کر کے اقوام عالم کو دکھلا دیتے کہ اسلامی خلافت کس جمہوریت و مساوات کے اصول پر مبنی ہے مگر افسوس ہے کہ ایسا نہیں ہوا۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ خلافت اگر کسی نص پر مبنی نہیں ہے اور شیعوں کا نقطۂ نظر خلافت کے بارے میں صرف قرابت کے اصول پر مبنی ہے تو اس کا سنگ بنیاد حقیقۃً سقیفہ میں پڑا ہے اور حضرت ابوبکر و عمر اس نظریہ کے سب سے پہلے قائم کرنے والے ہیں جسے آج تمام مسلمانوں کے حقوق پر ضرب کاری کہا جارہا ہے۔ اسلامی خلافت جمہوری اصول پر مبنی ہونا چاہیے ذرا دیکھئے کہ رسول اللہ کی زندگی میں اسلامی حلقہ کتنا وسیع ہوچکا تھا لیکن اس تمام حلقہ کی کسی طرح کی نمائندگی کا خیال نہیں کیا گیا۔ خاص مدینہ میں اور وہ بھی چند آدمیوں کی جانب سے اس مسئلہ کو طے کیا گیا جسکی بنا پر یہ اصول مقرر ہوگیا کہ اگر دو چار آدمی اہل حل و عقد میں سے جمع ہوکر کسی کو خلافت کیلئے نامزد کردیں تو وہ خلیفۂ رسول مقرر ہوجائیگا جسکے بعد کسی کو اختلاف کا حق نہ ہوگا اور کوئی اختلاف کرے تو وہ قابل گردن زدنی ہوگا۔

ملاحظہ شرح مواقف (مطبوعہ نولکشور صفحہ ۷۳۰)

واذا ثبت حصول الامامة بالبیعة فنقول اعلم ان ذلک الحصول لا یقتصر الی الاجماع من جمیع اھل الحل والعقد بل یقوم علیه ای علی ھذا الاتفاق دلیل من العقل والسمع بالواحد والاثنین من اھل الحل والعقد کاف فی ثبوت الامامة ووجوب الاتباع علی اھل الاسلام وذلک یعلم ان الصحابة مع ضلابتھم فی الدین ورشدھم لما حافظتھم علی امر الشرع کما ھو حقھا اکتفوا فی عقد الامامة بذلک من الواحد والاثنین لعقد عمر لابی بکر وعقل عبید الرحمن بن عوف لعثمان رضی اللہ عنھم ولم یشرطوا فی عقدھا اجتماع من فی المدینة من اھل الحل والعقد فضلا من اجماع الامة من علماء امصار الاسلام ومجتھدی جمیع اقطارھا ھذا کما مضی ولم ینکر علیه احد وعلیه ای علی الاکتفاء بالواحد والاثنین فی عقد الامامة الطوت الاعصار بعدھم الی الحال فشاھدا۔

جبکہ ثابت ہو چکا کہ امامت عامہ اس کے انتخاب اور بیعت سے ثابت ہوتی ہے تو معلوم ہونا چاہیے کہ اسکے لئے کس کی ضرورت ہے تمام ارباب بست وکشاد کا متفق ہونا کیونکہ اسپر کوئی عقلی اور نقلی دلیل نہیں ہے ایک یا دو اہل حل وعقد کا بیعت کرنا کافی ہے اس امر کیلئے کہ امامت ثابت ہو جائے اور اس امام کا اتباع تمام اہل اسلام پر واجب ہو جائے کیونکہ ہمیں معلوم ہے کہ صحابہ نے باوجود مذہبی امور میں سخت ہونے کے اور شرعی احکام کے پورے طور پر پابند ہونے کے امامت کے عقد کے لئے ایک یا دو کی قرارداد کو کافی سمجھا جیسے حضرت عمر کا رائے دینا حضرت ابوبکر کیلئے اور عبدالرحمن بن عوف کا منتخب کرنا حضرت عثمان کو اور اسکے لئے یہ شرط ضروری نہیں سمجھی کہ خاص مدینہ کے تمام اہل حل وعقد جمع ہوں چہ جائیکہ تمام ممالک اسلامیہ کے مسلمانوں کا اور تمام اطراف دنیا کے مجتہدین کا اجماع واتفاق۔ جیسا کہ سابق میں گذرا اور اسی طریقہ پر کہ ایک یا دو کا تقرر کرنا امامت کے لئے کافی سمجھا جائے زمانہ کے درازتک رہے ان کے بعد سے برابر آج کے دن تک۔

یہی ہے وہ جمہوری اصول خلافت جس کو تمام افراد اسلام کے حقوق کی مراعات کا ذریعہ بنایا جارہا ہے اور اسے "عقل عمومی" اور "حالہ اجتماعیہ" کے مطابقت کی سند عطا کیجارہی ہے۔ اچھا حضرت ابوبکر خلیفہ ہو گئے اور سب نے اجماع امت سے ہونیکا یقین کر لیا تو اسکے بعد حضرت عمر کی خلافت انتخاب کے ذریعہ سے ثابت ہوتی ہے یعنی حضرت ابوبکر اپنے بعد کیلئے انکو خلیفہ بنا جاتے ہیں اور ایک عجیب انوکھے طریقہ سے لوگوں سے اسکا اقرار لیا جاتا ہے جسکی مثال شاید دنیا کے تاریخ میں اسکے سوا نہ مل سکے ملاحظہ ہو حرف بحرف عقائد نسفی۔

ان ابا بکر لما الیس من حیوته دعا عثمان رضی اللہ عنه واملاء علیه کتاب عھده بعمر رضی اللہ عنه ختم الصحیفة واخرجھا الی الناس واعلمھم ان بما یعوا لمن فی الصحیفة فبایعوا حتی مرت بعلی رضی فقال بالعنا لمن کان فیھا وان کان فیھا عمر۔

حضرت ابوبکر جب اپنی زندگی سے مایوس ہوئے تو حضرت عثمان کو بلوایا اور انکو لکھوائی حضرت عمر کے خلافت کی وصیت جب یہ تحریر پوری لکھی جاچکی تو اس کاغذ کو سربمہر کیا اور بند کاغذ کو لوگوں کے سامنے باہر بھیجکا لانے کا حکم دیا اور وصیت کرنیوالے شخص کی جس کا نام کاغذ کے اندر تحریر ہوتا ہے اسی طرح بیعت کی جب حضرت علی کے پاس یہ کاغذ آیا تو آپنے کہا ہمنے بیعت کی اس شخص کی جس کا نام اسمیں ہے اگرچہ وہ عمر ہوں۔

خلیفہ کے انتخاب کی لاٹری تھی جسپر ادارہ خلافت کی جانب سے لوگوں نے بیعت لیگئی۔ تاریخ طبری کے صحاف طاہری کو صحابی حضرت عمر کی وہ معمدی تحریر ملی نہیں تھی (ملاحظہ ہو صفحہ ۲۰۲۵ جلد ۴) عبدالرحمن بن عوف بیماری کی حالت میں حضرت ابوبکر کے پاس آئے حضرت ابوبکر نے انسے مخاطب ہو کر کہا۔ انی رایت امرا حیرانی فی نفسی حتی کلمت (ھم) ذلک یرید ان یکون الامر له دونه میں نے اس شخص کو مقرر کیا جو میرے نزدیک تم سب میں بہتر ہے تو تم میں سے ہر ایک کی ناک بھول گئی اور ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ خلافت کا منصب اسکے لئے ہوتا اور عمر کو نہ ملتا۔

آئیے دیکھئے کہ رسول اللہ کا کسی کو مقرر نہ فرمانا اور اصول جمہوریت کیخلاف قرار دیا جانے اور اسے مسلمانوں کے حقوق پر ضرر کاری کہا جائے لیکن حضرت ابوبکر کی پسندیدہ کارروائی بالکل درست اصول جمہوریت کے مطابق اور "عقل عمومی" و "حالہ اجتماعیہ" کے موافق ہو۔ حضرت عثمان کی خلافت کا مسئلہ بھی حضرت عمر نے ایک چھ آدمیوں کی کمیٹی بنادی کہ یہ لوگ اپنے میں سے کسی ایک کو منتخب کریں جسکے معنی یہ ہوئے کہ تمام شرق وغرب کے مسلمانوں کی قسمت کا فیصلہ ان چھ آدمیوں کے ہاتھ میں آگیا اور کسی دوسرے شخص کو کوئی رائے زنی کا حق باقی نہیں رہا۔ پھر چونکہ چھ آدمی بھی جمہور قوم کے انتخاب کے لئے ہوئے تھے نہیں بلکہ خود ہی خلیفہ کے انتخاب کرنیوالے بن گئے تھے اسلئے حقیقۃً انمیں تمام ذمہ داری انتخاب کے ہاتھ میں آجانے دیکھے گئے ان افراد کے انتخاب میں کیا صورتیں ہو سکتی ہیں اور عبدالرحمن بن عوف کو اس کمیٹی کا صدر کس لئے قرار دیا گیا تھا اور کمیٹی کی کارروائی میں کیا کیا شیطانیاں عمل میں آئیں۔ اس بحث کو جانے دیجئے کمیٹی نے انتہائی دیانتداری کے ساتھ بھی فیصلہ کیا ہو لیکن آخر اس فیصلہ میں جمہور قوم کی کس قدر کو حق رائے دہندگی کا حاصل نہونا کیا انکے حقوق پر ضرر نہیں تھا اور کیا اس سے انکی آزادی حریت ضمیر کو صدمہ نہیں پہنچتا اور کیا اس کو استبداد کے علاوہ کچھ اور بھی کہہ سکتے ہیں۔ یہ ہے اس پوری خلافت کی تشکیل کی سرگذشت جس کو اصولی حیثیت سے اختلاف رکھنے کی بنیاد پر اہل تشیع اسلام اور اہل سنت کے وسیع احاطہ سے خارج کئے جاتے ہیں اور جنکو "عقل عمومی" اور "حالہ اجتماعیہ" کا مخالف بتایا جارہا ہے میں سچ کہتا ہوں کہ حق وحقیقت کی قسم شرف انسانیت کی قسم آدمی وحقانیت کی حرمت کی قسم کہ مذہبی تعصبات کو بالکل مٹاتے ہوئے ایک غیر جانبدار انسان کی حیثیت سے جہانتک غور کرتا ہوں میری تو یہی سمجھ میں آتا ہے کہ اگر خلافت کوئی چیز ہے تو شیعہ کہتے ہیں تو یہی ٹھیک ہے کہ رسول اللہ نے وحی الٰہی کی بنا پر اپنے بعد کیلئے خلیفہ کو نامزد کر دیا اور ممکن اتھا نامزد نہ کیا جیسے بعد بھی مسلمانوں کو اسی طرح انتخاب واختیار کا حق باقی نہیں رہا یا تو یہی ٹھیک ہے اور خلافت اس صورت پر واقعیت رکھتی ہے اور یا پھر یہ لفظ بے معنی ہے نائب ولی یہ خلافت کا دعوی کوئی چیز ہی نہیں ہے بلکہ خوارج کا مسلک ٹھیک ہے کہ جب ضرورت ہو جہاد کا مقصد پیش آئے تو رئیس حیثیت سے اپنے میں سے ایک حاکم مقرر کر لیں اور اسکے آگے نہ خلافت کوئی چیز ہے نہ خلیفہ کو کوئی مذہبی حیثیت حاصل ہے۔

شیعی مذہب کی کتنی غلط تصویر پیش کی گئی ہے ان الفاظ میں کہ "جسکی ابتداء رسول اللہ کے تحت ولادت رسول اللہ کے تمام انسانوں پر ابد الآباد تک حکمران ہونیکی حقدار ہے اور آل علی کا ہر بچہ ان کے پیٹ سے یہ استحقاق لیکر پیدا ہوا کہ دنیا کے تمام مسلمانوں کی گردنیں اسکے سامنے عقیدت واحترام کیساتھ جھکی ہوں" یہ صورت گری اسوقت درست ہوتی تھی جب شیعہ انتخاب واختیار کو عام جمہور کے سپرد قرار دیکر صرف آل علی میں سے ہونا اسکی شرط قرار دیتے لیکن جبکہ وہ نص پر مبنی ہے اور اسلئے جسکے واسطے نص ثابت ہو وہ بغیر ضرورت ہی حق خلافت ہے تو اس کو بھی آل علی میں سے صرف آل علی ہونے کی بنا پر یہ استحقاق نہیں پہنچتا کہ وہ دنیا جبکہ آل کر لے شیعہ کے مذہب کی یہ خصوصیت بالکل کہاں ہے کہ وہ دنیا کے ان بادشاہوں فاطمی نسل ہوں اور علوی نژاد بالکل اسی نظر سے دیکھتے ہیں جس نگاہ سے خلفاء بنی عباس کو اور ہر حکمران مذہبی حیثیت کے اُن کے قائل نہیں ہیں۔

استدلال بے باکی کا کتنا حسرتناک مظاہرہ ہے خلافت الٰہیہ کے عقیدہ کے غلط ثابت کرنے کیلئے ہر اخاخان ابوالمظفر سیف الدین کی ادا انکے اتباع کی مثال پیش کرنا اور اسپر یہ دعوی کرنا کہ اگر تمام مسلمان الوہی خلافت کے مسئلہ پر کان لے آئے تو تمام "مجلس کروڑ زندان توحید" کا یہی عالم ہوتا۔ دنیا کو معلوم ہے کہ "خلافت الٰہیہ" کا عقیدہ شیعی جماعت کا طرۂ امتیاز ہے اور شیعوں کا وہ فرقہ جو دنیا کے ہر حصہ میں بڑی کثرت تعداد کے ساتھ موجود ہے اور کم از کم دو کروڑ افراد اسکے تو خود ہندوستان میں موجود ہیں وہ فرقہ امامیہ اثنا عشریہ ہے اگر خلافت الٰہیہ کے عقیدہ کو اختیار کرنے کے لوازم میں سے ہوتا تو ہی نا کہ یہ منظر جو جناب نبی صاحب کے انہار کے مطابق اخاخانی یا داؤدی جماعت میں ہے تو موصوف کو اپنے دعوی کے ثبوت میں حاکمان دنیا میں سے مخصوص محدود فرقوں کی مثال تلاش کرنی نہ پڑتی۔ کیا یہ انصاف کا تقاضا ہے کہ اوس خلافت کے نتائج کو دکھلانے میں جسکا اخاخان وعطاء سیف الدین کو شاہ تسلیم کیا جانا ہے جو مستند الطائفہ نہیں بلکہ شاہ ہیں اور جسکی خلافت کے نتائج کیلئے جو براہ راست عقل عمومی اور حالہ اجتماعیہ کے مطابق ہے دنیا کے مسلمانوں میں سے جن میں خود خلافت کا دعوی کرنیوالے بھی شامل ہیں ایک بھی نہ ملے اور ہر ہندوستانی کے سامنے اسی ایک فرقہ کی مثال پیش کی جائے جو ہندوستان میں بھی بہت ہی قلیل التعداد ہے اور جسکے افراد کو ہر ہندوستانی جانتا ہے کہ وہ کس طرح ہندوستان کے دوسرے مسلمانوں سے الگ تھلگ رہتے ہیں اور جنکی مذہبی زندگی کا ہندوستان کے دوسرے مسلمانوں سے کوئی تعلق نہیں ہے اور جنکو ہندوستان کے دوسرے مسلمان اپنے سے الگ ایک فرقہ سمجھتے ہیں اور جنکے ساتھ ہندوستان کے دوسرے مسلمانوں کا کوئی رشتہ نہیں ہے اور جنکے ساتھ ہندوستان کے دوسرے مسلمانوں کا

نغمۂ کارواں

مرزا احمد سہراب کی کتاب "سانگ آف دی کارواں"

سے ماخوذ و مقتبس

ایک رمزیہ داستان جس میں بتایا گیا ہے کہ اختلاف مذاہب کیونکر مٹ سکتا ہے
اور دُنیا کا کھویا ہوا امن و سکون حاصل کرنے کی کیا صورت ہے

نیاز فتحپوری

نغمۂ کارواں

افراد :—	خدمت مفوضہ	مسکن
نام		
آوارہ گرد	اس داستان کا بیان کرنے والا	کرۂ زمین
تماشا	آوارہ گرد کا رہنما	
معلم کائنات کی روح	عقل و فراست کا مالک	کوکب اعظم
دلارام (عورت)	آزادی کی حامی	زہرہ
جام زر	فلسفی	کوکب الدجاجہ
نسیم	آسمانی پیامبر	کوکب اعظم
صرصر	کائنات کی روح مقدس کا حواری	مریخ
دوست پرست	صلح کا حامی	قنطوروس
حاکم حاکمیاں	سیاروں کا جغرافیہ داں	زحل
آزادپا (عورت)	رقاصہ	دبران
آتشبار	شاعر	مشتری
شمشاد زنور (عورت)	مغنیہ	نجم الشعری
آہنگ زن	منشی	عطارد
بازدل	ڈرامہ نگار و نمثل	النسر الطایر
جہاں نما	نقاش	اورانوس
تصویر کش	بت ساز	پنچون
پسند بنا	ماہر فن تعمیرات	منکب الجوزا
روح افزا	ماہر جمالیات	قلب العقرب
صحت دہ	حکیم	سماک رامح
زورافشاں	پہلوان	سہیل
دربار عدلی	سیاست داں	سماک رامح
علم پرواز	نفسیات داں	عیوق
فرداں طاہر	صدر جمہوریت	کوکب اعظم
افشار شاد	صدر جمہوریہ کی بیوی	〃
گورگور	نائب صدر جامعۂ جامعات	〃
ظلمانی	آسمانوں کا شیطان	〃
دشمن شباب	دُنیا کا دشمن	کرۂ زمین

پہلا باب

(بیداری)

"تماشا" نے نغمۂ کارواں ختم کیا اور اس کی حزیں آواز دور افق میں فنا ہوگئی
قصہ خواں نے اپنی داستان ختم کی اور میر کارواں نے اپنی بانسری علٰحدہ رکھدی — الاؤ کی روشنی تھکے ہوئے اہل کارواں کے چہروں پر پڑ رہی تھی اور "وادیِ بہارستان" سنسان تاریکی سے معمور تھی۔ سفر طویل تھا اور موسم گرم، راہ دشوار تھی اور گرد آلود، اس لئے میں تھک کر گر گیا۔ نغمۂ کارواں ابھی تک میرے دماغ میں گونج رہا تھا اور اسی نیم غنودگی کے عالم میں مجھے نیند آگئی۔ میں کہتا ہوں کہ "نیند آگئی" حالانکہ میں خواب میں بھی اپنے آپ کو بیدار پاتا تھا — عالم ہوش سے زیادہ بیدار! میرا جسمانی اور روحانی احساس اسوقت دنیا دنی علایق سے بالکل آزاد تھا۔ میری آنکھیں اسوقت لاکھوں میل کے فاصلہ کو صاف صاف دیکھ رہی تھیں، میرے کان اُن نظر نہ آنے والے فرشتوں کی پرواز کو سن سکتے تھے جو فضائے محیط میں اُڑ رہے تھے اور میری روح غیر محدود غیر معلوم کائنات کی وسعت پر الہام کی طرح چھائی جارہی تھی

عجیب بات یہ تھی کہ تماشا بھی اپنی بانسری لئے ہوئے میرے ساتھ تھا

اسنے کہا :— "اے ابدیت کے آوارہ گرد سیاح، کدھر کا قصد ہے؟"

میں نے پوچھا :— "اور تم کہاں جارہے ہو"

اس نے کہا :— "دور، ستاروں کی روشنی کی طرف"

میں نے پوچھا :— "کیا تمھیں کوئی رفیقِ سفر درکار نہیں"

اس نے کہا :— "ہے، بشرطیکہ دل مضبوط اور ارادہ غیر متزلزل رکھتا ہو"

میں نے جواب دیا :— "میں وعدہ کرتا ہوں کہ تمھارے احکام سے سرِ مو انحراف نہ کروں گا"

تماشا :— "مگر یہ سفر معمولی سفر نہیں ہے"

میں :— "مجھے معلوم ہے۔ لیکن کیا تم نے بچپن کے ساتھی نہیں ہو اور کیا میں نے تم پر ہمیشہ بھروسہ نہیں کیا"

وہ :— "لے میرے عزیز دوست، سچ کہتے ہو، اچھا تو آؤ چلیں"

میں :— "تو کیا ہم ان تمام گردش کرنے والے کُروں میں پہونچ سکیں گے"

وہ :— "کیوں نہیں، ہم وہاں ان کُروں کے باشندوں سے گفتگو کر کے، اُن کے اُصول زندگی بھی معلوم کریں گے"

میں :— "تاکہ واپس آکر ہم اپنے ساتھیوں کو بتائیں"

وہ :— "مگر مجھے امید نہیں کہ تمھارے ساتھی تمھاری سنیں گے، کیونکہ یہ سب بہرے ہیں، گونگے ہیں اور اندھے"

میں :— "نہیں ایسا نہ کہو میں سمجھتا ہوں کہ نوعِ انسانی اب کچھ سیکھنے کے لئے آمادہ ہے، ایک غیر معلوم سی جستجو اس کے اندر پیدا ہوگئی ہے"

وہ :— "کس چیز کی جستجو"

میں :— "جستجو خدا کی، صداقت کی، آزادی کی اور اس سفر میں تمھارے ساتھ چلنے سے میرا مقصد یہی ہے کہ میں آسمانی تہذیب اور آسمانی قانون سیکھ کر آؤں اور دُنیا میں "انسانیت جدیدہ" کی بنیاد قایم کروں"

وہ :— "تم کبھی کامیاب نہ ہوگے، تمھاری راہ میں کانٹے بچھائے جائیں گے، تم کافر و ملحد کے نام سے یاد کئے جاؤ گے لوگ تم سے نفرت کرنے لگیں گے، تم کو قید کر دیں گے اور ہو سکتا ہے کہ سولی پر بھی چڑھا دیں"

میں :— "کچھ پرواہ نہیں، میں کوشش ضرور کروں گا"

وہ :— "اور اگر ناکام رہے"

میں :— "تو میں پھر کوشش کروں گا"

تماشا نے حیرت سے مجھے دیکھا اور کچھ دیر تک ہم دونوں پر گہری خاموشی طاری رہی

میں نے اس سے پوچھا کہ :— "یہ تو بتاؤ ہم اس فضا میں پرواز کیونکر کر سکیں گے"

وہ بولا کہ :— "شہپروں سے"

میں :— "یہ شہپر کیسے پیدا ہوں گے"

تماشہ :— "دنیا کا یہ جامہ اُتار کر ہم کو اُس نقرئی جھیل میں جو وادیوں اور پہاڑوں کو تبسم حیات سے لبریز کئے ہوئے ہے نہانا پڑے گا"

چنانچہ ہم دونوں نے اپنا لباس رنگا رنگ اُتار ڈالا اور اس بلوری جھیل میں داخل ہو گئے، کچھ دیر تک ہم دونوں اس کی سرد گہرائیوں میں کھیلتے رہے اور پھر تابناک سطح پر اُبھر آئے۔ میں نے محسوس کیا کہ میں اپنے اندر ایک نوع کا اثیری ہلکا پن پاتا ہوں۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ ابدیت کے چشمہ میں مجھے اصطباغ دیا گیا ہے اور میں اپنا جسم چھوڑ کر ایک خواب کی سی لطیف و روحانی کیفیت میں تبدیل ہو گیا ہوں

آخر کار جب میں جھیل سے باہر آیا تو ایک عجیب مسرت کی کیفیت مجھ پر طاری تھی۔ یہ جی چاہتا تھا کہ بچوں کی طرح چیخوں، چلاؤں، ناچوں اور کائنات کی شرائین میں خون کی طرح دوڑتا پھروں۔ میں نے بیتابانہ تماشا کے ہاتھ پکڑ لئے اور بولا۔

"اے تماشا، ذرا مجھے چھو کر تو دیکھو، میرا جسم کہاں غائب ہو گیا، میرا وزن کہاں چلا گیا، میں تو اب اُڑنا چاہتا ہوں"

تماشا:۔ "ہاں تم اب اُڑ سکتے ہو"

میں:۔ "لیکن شہپر تو ابھی پیدا ہی نہیں ہوئے"

تماشا:۔ "شہپر پیدا ہو گئے ہیں لیکن تم انھیں دیکھ نہیں سکتے اور اب تم اس غیر محدود نیلگوں فضا میں آسانی سے تیر سکتے ہو"

اس وقت فرط مسرت سے میرا عجیب حال تھا۔ میں بولا۔ "بیشک اس فضا کو میں عبور کروں گا۔ میں جو ہر کل سے پیدا ہوا ہوں، ابدیت کے تخت پر جلوہ افروز ہوں، کائنات کا آئینہ ہوں۔ میں ضرور اُڑوں گا اور "فردوسِ جمال" کے بنے ہوئے نغمے انسانیت کو سناؤں گا، میں فضائے غیر محدود میں پرواز کروں گا اور وہاں سے آزادی کی نئی روح دنیا کے لئے لاؤں گا صداقت کا نیا پیغام اہل عالم کو پہونچاؤں گا"

تماشا نے میرا بازو پکڑا اور ہم دونوں فضا میں بلند ہو گئے

دوسرا باب

(رواقِ لانہایت)

جسوقت ہم اس غیر محدود فضا میں اُڑ رہے تھے تو ہم نے دیکھا کہ کائنات آثارِ حیات سے معمور ہے اور ہم قبۂ سماوی میں چاروں طرف روشنی کی رفتار سے زیادہ تیزی کے ساتھ سفر کر رہے ہیں ستاروں کا رومان آفریں منظر ہمیں مسحور کئے دے رہا تھا اور روشنی کے اس سیلاب میں ہم بہے جا رہے تھے۔ اس وقت ستاروں کی زندگی اور میری دونوں ایک سی تھیں اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میں اجرام کائنات کی موسیقی کے ضربات میں تحلیل ہو گیا ہوں

میں نے اپنے رفیق سے انتہائی مسرت کے عالم میں پوچھا۔ "ہم کہاں ہیں، ہمارا وطن، ہمارا کرۂ زمین کہاں ہے"

اسنے کہا:۔ "وہ دیکھو فضا کے عمق میں دور کیا چیز چمک رہی ہے"

میں:۔ "کوئی ستارہ ہے ——— تماشا:۔ "یہی تمھارا وطن ہے، یہی کرۂ زمین ہے"

میں:۔ "تو ہمارا کرہ بھی ستارہ بن گیا۔ کس قدر عجیب بات ہے۔ کیسا خوبصورت معلوم ہوتا ہے"

تماشا:۔ "وہ تو ہمیشہ سے ایسا ہی چمکتا ہوا ستارہ ہے لیکن انسان اسے زمین سمجھ کر اس پر قابض ہونے کے لئے ہمیشہ ایکدوسرے سے لڑتے ہیں

میں نے کوئی جواب نہیں دیا اور برابر اڑتا رہا۔ روشنی کا وہ عمیق سمندر، رنگینیوں کا وہ بڑھتا ہوا سیلاب اور اس میں میری سُبک پرواز! اب کیا کہوں کہ اس وقت میری خوشی کا کیا عالم تھا۔ لیکن کبھی کبھی اس بحرِ نور و رنگ میں اپنی حباب آسا ہستی پر غور کرکے کانپنے بھی لگتا تھا۔ ایک دفعہ میں نے گھبرا کر تماشا سے پوچھا کہ "عطارد کہاں ہے"

تماشا :۔ "وہ یہاں کہاں، دُور، غیر محدود افق میں کسی جگہ چھپا ہوگا" ——— **میں :۔** "اور زہرہ"

تماشا :۔ "اس کو کرۂ زمین کے عُشاق ہی دیکھ سکتے ہیں، یہاں سے وہ نظر نہیں آسکتا" ——— **میں :۔** "اور خونخوار مریخ"

تماشا :۔ "یہ اُن جنگجو لوگوں سے پوچھو جو خون بہانے کے لئے اس کی مدد چاہتے رہتے ہیں"

میں :۔ "لیکن مشتری تو نظر آنا چاہئے"

تماشا :۔ "فضائے بسیط میں جو ایک چیز جگنو کی طرح چمک رہی ہے، وہی مشتری ہے" ——— **میں :۔** "اور زحل کہاں ہے"

تماشا :۔ "وہ مدھم سی مٹیالی روشنی زحل ہی کی ہے" ——— **میں :۔** "ارانوس و نپچون کہاں ہیں"

تماشا :۔ "یہ ہماری نگاہ کی رسائی سے باہر ہیں" ——— **میں :۔** "تو کیا ہم نظامِ شمسی کے حدود سے باہر آگئے ہیں"

تماشا :۔ "یقیناً، اس وقت ہم کہکشاں کے اندر سے ہوکر گزر رہے ہیں اور کائنات کے اُس حصہ میں ہیں جہاں کروروں آفتاب اپنے جدا جدا نظام کے ساتھ پائے جاتے ہیں اور جہاں اسوقت تک کوئی نہیں پہنچا"

یہ سنکر اول اول مجھ پر کچھ خوف سا طاری ہوا، لیکن تخلیق اعلیٰ کے اس ڈراما کو دیکھنے، کائنات کے راز کو سمجھنے کا شوق مجھ پر اتنا غالب تھا کہ مسرت کی ایک نئی لہر پھر میرے اندر دوڑ گئی اور ہم دونوں اور زیادہ بلند ہوگئے

اب روشنی کی کرنیں ہمارے جسموں کے اندر سے گزر رہی تھیں اور ہم بیشمار، آفتابوں، شہب ثاقب، اور غیر مکمل ستاروں کے اندر سے ہوکر گزر رہے تھے۔ ایک روشن سحاب چاروں طرف سے ہمیں گھیرے ہوئے تھا، جو ہمارے لئے لاتعداد امکانات اپنے اندر رکھتا تھا، ہم ایسا محسوس کر رہے تھے کہ ہماری تخلیق کی نوعیت و کیفیت بھی بالکل بدل گئی ہے اور ہماری جسمانی ساخت صرف موسیقی و روشنی سے ہوئی ہے جس کے اندر بجائے روح کے محض مسرت دوڑ رہی ہے۔ ہمیں زمان و مکان کا احساس بالکل باقی نہ رہا تھا گویا ہم اسوقت ایک لازوال "حال" کی دنیا سے گزر رہے تھے۔ میں نے اپنے رفیق سے پوچھا کہ "ہم کہاں ہیں" اس نے جواب دیا کہ "اسوقت ہم ماوراء زمان و مکان رواقِ لانہایت میں ہیں۔ حیزِ الوہیت کے اندر ہیں، فنا کی زنجیریں توڑکر ہم ابدیت کی مملکت میں پہونچ گئے ہیں، ہم اسوقت صرف صداقت کے پرستار ہیں اور "حسنِ بسیط" کا معبد ہماری پرستش گاہ ہے

میں :۔ "حُسن! حُسن کیا؟"

تماشا :۔ "میں کیونکر تمھیں سمجھاؤں کہ حُسن کیا چیز ہے۔ حُسن، خدا کا غیر مجسم تمثال ہے، عالمِ تخلیق میں خالقِ اکبر کی تصویر ہے، قدرت کی علت اولین و نہایت آخرین ہے، آفتاب حقیقت کی روشنی ہے، ایک ایسی نظر نہ آسکنے والی چیز ہے

جو "مرئیات" کے ملبوس میں نظر آتی ہے، الغرض وہ سب کچھ وہی ہے جسے انسان نے اسوقت تک نہیں سمجھا اور نہ سمجھنے کی کوشش کرتا ہے"

میں :۔ "لیکن بعض انسان ایسے بھی ہوئے ہیں جنھوں نے "حسنِ بسیط" کا مشاہدہ کیا ہے"

تماشا :۔ "ہاں ایسے لوگ آسمانی مخلوق تھے اور زمین پر صرف ایک سیاح یا زایر کی حیثیت سے آئے تھے"

میں :۔ "ایسے لوگوں کا مسکن کہاں ہے ——— تماشا :۔ "اس کائنات کے حدود سے باہر جس سے اسوقت ہم گزر رہے ہیں"

میں :۔ "اسوقت ہم کہاں سے گزر رہے ہیں" ——— تماشا :۔ "سدیم (Nebula) سے"

میں :۔ "کیا اس سے گزرنے کے بعد زندگی کے آثار ہم کو نظر آئیں گے"

تماشا :۔ "حقیقی زندگی کے آثار تو ان تمام اجرام سماوی کے حدود سے گزرنے کے بعد بھی نظر آسکتے ہیں۔ مگر ٹھیرو ہم اب ایک غیر دریافت شدہ فضا سے قریب ہوتے جا رہے ہیں۔ ایک گمشدہ فردوس، ایک لازوال موسیقی، عالم تخلیق کی کائنات اعلیٰ۔ یعنی محبت کا سیارۂ درخشاں!

میں :۔ "تو کیا یہاں ہم کچھ دیر ٹھہریں گے" ——— تماشا :۔ "ہاں ٹھہریں گے"

میں :۔ "کیا یہاں کے باشندوں سے ملکر ہم کچھ پوچھ سکیں گے، کیا اس نئی دنیا کی کتاب ہدایت کا حال ہمکو معلوم ہوسکے گا"

تماشا :۔ "ہاں، بشرطیکہ تم اپنی پرانی دنیا کی کتاب ہدایت کو فراموش کردو اور از سر نو ایک بچہ کی طرح پیدا ہو کر صداقت کی جستجو کرو، یہ تمھاری بالکل نئی زندگی ہوگی اور ایسی مسرور و لطیف کہ تم اپنے ماضی کو بالکل بھول جاؤ گے میں اس کا جواب دینا ہی چاہتا تھا کہ روشنی کا ایک زبردست سیلاب آیا اور ہم دونوں کو اپنے ساتھ بہالے گیا

باب سوم

(سیارۂ محبت)

میری مسرت کی کوئی انتہا نہ تھی۔ رنگ و روشنی کے طلسمی منظر نے اسوقت مجھے مبہوت کر رکھا تھا، میں نے پوچھا :۔ "اے تماشا ہم کہاں ہیں" اس نے جواب دیا کہ "اسوقت ہم خالق اکبر کے حیز الوہیت میں ہیں"

میں :۔ "کیا میں یہاں ہمیشہ رہ سکوں گا" ——— تماشا :۔ "تم یہاں رہو گے صرف اسوقت تک کہ یہاں کے مدرسہ کی تعلیم سے فارغ ہو جاؤ" ——— میں :۔ "اور تعلیم کون دیگا" ——— تماشا :۔ "معلم اکبر کی روح" ——— میں :۔ "تو کیا اسکے رہنے کی جگہ ہے" تماشا :۔ "ہاں یہ اس کی جائے قیام ہے۔ وہ ہر دور میں ایک ستارہ اپنی آزاد روحانی تعلیم کے لئے منتخب کر لیتا ہے اور

آجکل اس نے اسی ستارہ کو منتخب کیا ہے اور اپنی کائناتی یونیورسٹی (جامعۃ الجامعات) یہیں قایم کی ہے، ارواح سماوی کو یہیں تعلیم دیجاتی ہے اور یہیں سے ان کو اپنا سفیر و نائب بنا کر دور دراز سیاروں اور کروں میں بھیجتا رہتا ہے"

میں نے دیکھا کہ کچھ اور ہستیاں بھی نہایت تیزی سے اسی سمت میں اڑتی جارہی ہیں جس طرف ہم جارہے ہیں۔ میں نے پوچھا "یہ کون ہیں"۔ اس نے جواب دیا کہ "یہ دوسرے سیاروں کی اعلیٰ تعلیم یافتہ روحیں ہیں جو اس سیارۂ اعلیٰ کی طرف جارہی ہیں اور جامعۃ الجامعات میں داخل ہوں گی"

اب ہم اس سیارہ اعلیٰ کے جوار میں پہونچ گئے جہاں طلبہ کی بیشمار تعداد آسمانی یونیورسٹی میں داخل ہونے کی منتظر تھی دفعتاً ایک نرم و خنک سنہری روشنی سامنے سے نمودار ہوئی، یہ گویا داخلہ کا اذن تھا۔ جس وقت ہم سیارہ اعلیٰ کی اس فضا میں داخل ہوئے تو ایک عجیب قسم کا سماوی لحن ہم نے سنا جس سے ہمارا اندرونی شعور بیدار ہوگیا اور ہم سمجھنے لگے کہ ہماری آفرینش کا مقصد کیا ہے

موسیقی آہستہ آہستہ ہمارے رگ و ریشہ میں پیوست ہوتی جارہی تھی اور میرا دل جذبات محبت سے لبریز تھا، نفرت و عداوت، غصہ و انتقام کا جذبہ بالکل مفقود ہوگیا تھا اور کائنات کی ہر چیز پیاری معلوم ہوتی تھی

میں اسوقت ایک باغ میں تھا اور اس فردوس کے ہر ہر حصہ میں روحیں پھولوں سے نکل نکل کر ہمارا خیر مقدم کررہی تھیں۔ ان روحوں کے آگے ایک اور نورانی ہستی نظر آئی جس پر نگاہ پڑتے ہی مجھے یقین ہوگیا کہ یہی معلم اکبر کی روح ہے میرا اسوقت یہ جی چاہتا تھا کہ اس کے سامنے گر کر اپنی جان دیدوں لیکن روشنی و جمال کے اس مجسمہ کے حضور میں دست کا گزر نہ تھا۔ وہاں صرف زندگی ہی زندگی تھی۔ ایک نئی زندگی، ایک عجیب قسم کی شیریں و پرسکون زندگی!

اس روح اعلیٰ نے اپنے نئے طلبہ کو محبت بھری نگاہوں سے دیکھا اور ہم سب فردوس کے مرکزی حصہ کی طرف چل پڑے۔ یہاں پہونچ کر ہم سب کو ایک ایک جام میں ابدیت کا آب حیات پینے کو دیا گیا اور اس کو پیتے ہی ہم نے محسوس کیا کہ ہمارے اندر سننے، دیکھنے اور بولنے کی بالکل نئی طاقتیں پیدا ہوگئی ہیں اور اب ہم ایک نئی زبان میں باتیں کررہے ہیں — اس کے بعد ایک روح مجرد نے ہم کو اپنا پہلا درس دیا:—

"اے غیر فانی مسرت کی فضا میں غیر فانی زندگی حاصل کرنے والے بچو۔ تمہارا تعلق عساکر مستقبل سے ہے، تم حیات مطلق کی دنیا کے سپاہی ہو۔ وہ حیات جو یکسر روحانیت و سعادت ہے اور کائناتی زندگی کا مفہوم رکھتی ہے۔ اب تمہاری زندگی صرف روحانی ہوگی اور روحانیت ہی کے لئے تم زندہ رہو گے

خواہ تم مریخ کے رہنے والے ہو یا کرۂ ارض کے، مشتری کے باشندہ ہو یا عطارد کے، اب تم سب ایک ہی کائنات کی مخلوق ہو اور اجرام سماوی کی تفریق کو مٹا کر کائنات کی تمام مخلوق کو ایک ہی رشتہ سے جوڑنا تمہارا فرض ہے"

(باقی)

نگار

اڈیٹر:- نیاز فتحپوری
معاون:- جلیل اعظمی

جلد ۳۳	فہرست مضامین فروری سنہ ۱۹۳۸ء	شمار ۲

ملاحظات ---------- ۲ —— ۸
قدرت کے عجائب وغرائب ---------- ۹ —— ۱۴
اُردو غزل میں اخلاقیات ---------- فراق گورکھپوری ---------- ۱۵ —— ۲۲
فلسفہ کیا ہے؟ ---------- مرزا محبوب بیگ ---------- ۲۳ —— ۳۰
حب وطن ---------- تقی علی یاسمی ---------- ۳۱ —— ۳۴
حالی کا مرتبہ اُردو ادب میں ---------- مجنوں گورکھپوری ---------- ۳۵ —— ۴۲
مکتوبات نیاز ---------- ۴۳ —— ۴۷
سیاسیات یوروپ ---------- ۴۸ —— ۵۹
باب الاستفسار ---------- ۶۰ —— ۶۲
منظومات ---------- کیفی چریاکوٹی — ہوش بلگرامی ---------- ۶۳ —— ۶۴
اسلامی ہند ---------- ۱۲ —— ۱۳۸
نغمۂ کارواں ---------- ۹ —— ۱۲

اصلی برقی قوام (تمباکوئے خوردنی قیمتی فی تولہ ۴ھ) صرف شیخ خورشید علی پرفیومر نظیر آباد لکھنؤ کے پتہ سے ملسکتا ہے

نگار

ایڈیٹر:- نیاز فتحپوری

معاون:- جلیل اعظمی

جلد ۳۳	فروری ۱۹۳۸ء	شمار ۲

ملاحظات

شوقِ وصل و شکوۂ ہجراں

پچھلے مہینے کے نگار میں، اشارتاً میں نے ظاہر کیا تھا کہ کانگرس باوصف اُن تمام عقاید و مقاصد کے جن پر انسانیت ناز کر سکتی ہے، اپنے دائرۂ عمل میں ایسے افراد بھی رکھتی ہے، جو عملاً کانگرس کے نصب العین کی توہین کرنے والے ہیں اور جو ہندو مسلم اتحاد کو پسند نہیں کرتے ـــ یہ میں کہتا ہوں ورنہ اکثر کا خیال تو یہی ہے کہ خود کانگرس اس اتفاق پر زیادہ زور نہیں دینا چاہتی، کیونکہ اس کا مقصود یہی ہے کہ وہ یہاں ہندو راج قایم کر کے مسلمانوں کو بدستور مغلوب و پست حالت میں رہنے پر مجبور کرے

آج میں ذرا تفصیل کے ساتھ غور کرنا چاہتا ہوں کہ کیا مسلمانوں کا یہ اندیشہ غلط ہے اور کیا کانگرس اس الزام کو دور کرنے میں کامیاب ہو سکتی ہے ـــ اس سے قبل متعدد بار مختلف اوقات میں اس مسئلہ کو واضح کر چکا ہوں کہ ہندو مسلم اختلاف کی حقیقی بنیاد

کیا ہے اور ان دونوں جماعتوں میں اگر کبھی اتفاق کی کوئی صورت پیدا ہوئی تو اس کی نوعیت کیا ہو سکتی ہے ۔۔۔ اگر آج ہندو مسلمانوں کے درمیان مذہب کا قدم درمیان نہ ہو، تو یہ گتھی نہایت آسانی سے سلجھ سکتی ہے، کیونکہ اُسوقت نہ ہندوؤں کو یہ خیال پیدا ہوگا کہ مسلمان گائے کا گوشت کھاتا ہے اور ملکش ہے، نہ مسلمان یہ کہے گا کہ ہندو سنکھ بجاتا ہے اور کافر ہے لیکن چونکہ ایسا ہونا ممکن نہیں اسلئے غور طلب امر یہ ہے کہ دونوں اپنی اپنی جگہ مذہب کے پابند رہتے ہوئے کیونکر ایک دوسرے سے متحد ہو سکتے ہیں اور شاید یہی وہ چیز ہے جسے کانگرس نے سمجھا لیکن اس پر عمل نہیں کیا اور مسلم لیگ نہ سمجھتی ہے نہ عمل کرنا چاہتی ہے

یہ صحیح ہے کہ ہندویت نام مذہب کا نہیں ہے بلکہ صرف ایک مخصوص نظام معاشرت اور دیرینہ سماجی روایات کی بنا پر قایم ہونے والی ایک خاص ذہنیت کا نام ہے، یہاں تک کہ ایک ہندو گائے کا گوشت کھانے اور تمام دیوتاؤں کا انکار کرنے کے بعد بھی ہندویت سے خارج نہیں ہو سکتا، لیکن اس کا کیا علاج کہ ان کی معاشرت کا یہی نظام اور ان کا یہی کلچر بجائے خود اتنی زبردست چیز ہے کہ بغیر احساس مذہب ولا مذہبیت وہ ایک مستقل مذہب بنکر رہ گیا ہے اور اس کو ایک ہندو کسی طرح نظر انداز نہیں کر سکتا ۔۔۔ پھر چونکہ ہندوؤں کی تہذیب یکسر مقامی اثرات کی پیدا کی ہوئی چیز ہے اور اس کے تار و پود کا ایک تاگا بھی باہر کا نہیں ہے اس لئے ان کی بیداری کا مفہوم سوائے اس کے کچھ نہ ہو سکتا تھا کہ وہ وطنیت پرستی کی طرف مایل ہو جائیں اور جس سرزمین پر ایک وقت غیر معلوم سے ان کی ذہنیتیں متاثر ہو ہو کر ایک مخصوص ذوق پر آکر ٹھہر گئی ہیں، اس کی عزت و محبت کو اپنا شعار مذہب قرار دیں جسے جدید سیاسی اصطلاح میں قومیت و وطنیت کہتے ہیں

اب اس کے مقابلہ میں مسلمانوں کو دیکھئے کہ ان کی افتاد مزاج کیا ہے۔ اس میں کلام نہیں کہ ہندوستان کے مسلمانوں میں غالب حصہ ان کا ہے جن کے آباؤ اجداد ہندو تھے لیکن عیسویت کی طرح اسلام کی یہ خصوصیت کہ جہاں وہ گیا اپنی تہذیب و معاشرت ساتھ لے گیا، اسنے یہاں بھی نومسلموں کی ذہنیت، اور معاشرت و تہذیب کو متاثر کیا اور جو اس دائرہ سے جسقدر قریب تھا اس پر اتنا ہی گہرا رنگ چڑھا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمانوں میں کچھ تو اس وجہ سے کہ وہ بہ لحاظ مذہبیت اپنے کو بہت فایق سمجھتے تھے اور کچھ اس سبب سے کہ ان میں سے ہر ایک اپنے آپ کو فاتح قوم کا فرد خیال کرتا تھا، یہاں کی آبادی کی طرف سے جذبۂ احتراز پیدا ہونے لگا اور سرزمین ہند کے ساتھ تعلق و وطنیت عرصہ تک ان میں پیدا نہ ہو سکا، اور اب بھی بہت کم مسلم افراد ایسے ہیں جن کے دلوں میں وطنی محبت کی وہی آگ روشن ہو جو ہندوؤں کے سینہ میں پائی جاتی ہے

اس میں کلام نہیں کہ مسلمانوں کا یہ طرز عمل سخت غیر پسندیدہ تھا اور ملک کو اس سے کافی نقصان پہونچا لیکن سوال یہ ہے کہ اسلامی حکومت ختم ہو جانے کے بعد جب ہندو مسلم دونوں یکساں غلامی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوئے تو خود ہندوؤں نے مسلمانوں کو اپنی طرف مایل کرنے کی کیا کوشش کی اور اب کہ کانگرس برسر اقتدار ہے اہل کانگرس نے کیا کیا

جسوقت ہم ہندوؤں میں مہاسبھائی جماعت کو پیش نظر رکھتے ہیں تو ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے ہندو مسلم اتحاد کو نہ صرف یہ کہ غیر ضروری سمجھا بلکہ اس کی مخالفت کرکے بہ الفاظ دیگر گویا صاف صاف اعلان کر دیا کہ وہ یہاں خالص ہندو حکومت

چاہتے ہیں اور مسلمانوں کو اپنا شریک بنانا پسند نہیں کرتے، چنانچہ اس جماعت کا نصب العین اب صرف یہ ہے کہ ہر ممکن عصبیت سے کام لیکر مسلمانوں کو پامال کیا جائے، ان کی تہذیب و معاشرت کو مٹا دیا جائے، ان کو اُبھرنے کا کوئی موقعہ نہ دیا جائے، اور ہندوستان کی مقدس سرزمین کو ان کے ناپاک وجود سے پاک کر دیا جائے

بیشک کانگرس مہا سبھائی جماعت نہیں ہے اور اصولاً وہاں وہی سب کچھ نظر آتا ہے جو ایک آزاد خیال ڈیماکریٹک حکومت کے پروگرام میں پایا جانا چاہئے، لیکن جسوقت عملاً ہمیں اس سے واسطہ پڑتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ مہا بھائی ذہنیت در پردہ وہاں بھی کام کر رہی ہے اور کانگرس کے تمام وہ لیڈر جو قدر اول کی حیثیت رکھتے ہیں اول تو پوری طرح اس سے واقف نہیں ہیں اور اگر کبھی ان کے کانوں تک یہ بات پہونچ جاتی ہے تو اسے غیر اہم سمجھ کر ٹال جاتے ہیں

اس وقت کانگرس میں دو جماعتیں شامل ہیں ایک سوشلسٹ جس کے قاید و رہنما پنڈت جواہر لال نہرو ہیں اور دوسری وہ نرم جماعت جو آجکل برسر اقتدار ہے۔ ان دونوں کے نصب العین اور طریق کار میں بہت فرق ہے لیکن فی الحال ان دونوں نے مہاتما گاندھی کو نقطۂ اشتراک بنا کر آپس میں سمجھوتا کر لیا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جب تک گاندھی جی زندہ ہیں سوشلسٹ جماعت جس سے بہت زیادہ آزاد خیالی کی توقع ہے، اپنے نصب العین کو بروئے کار نہیں لا سکتی

پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنی تقریروں میں بارہا ہندو مسلم اتحاد پر زور دیتے ہوئے اختلافی مسایل سے بھی بحث کی ہے اور وہ یقیناً ان دونوں جماعتوں کا اشتراک عمل بھی چاہتے ہیں، لیکن افسوس ہے کہ انھوں نے بعض نہایت اہم معاملات کو غیر اہم قرار دیکر ان سے سرسری گزر جانا چاہا اور اس طرح جو پھانس مسلمانوں کے دلوں میں کھٹک رہی تھی بدستور قایم رہی

میں اس سلسلہ میں سب سے پہلے زبان کے مسئلہ کو لیتا ہوں۔ پنڈت جی نے اپنے خطبات میں اختلافِ زبان و رسم خط کا ذکر کر کے باہمی صلح و مفاہمت کی صورتیں پیدا کرنے کی پوری کوشش کی ہے، لیکن عملاً انھوں نے اسوقت تک کچھ نہیں کیا اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دونوں جماعتوں کا اختلاف برابر بڑھتا جا رہا ہے اور رفتہ رفتہ صورتِ حال ایسی پیدا ہو گئی ہے کہ خود کانگرس بھی کوئی تاویل ایسی نہیں کر سکتی جس سے مسلمانوں کو اطمینان پیدا ہو سکے

اس صوبہ میں کوئی تعلیم یافتہ ہندو ایسا نہیں جو، نہایت صاف و شگفتہ اُردو لکھنا پڑھنا نہ جانتا ہو لیکن جسوقت ہم یہ دیکھتے ہیں کہ کانگرس کے تمام ذمہ دار افراد یہاں تک کہ وزارت کے بھی جملہ ہندو ارکان اُردو زبان اور اُردو رسم خط کو ترک کرتے جا رہے ہیں تو مسلمانوں کو یہ سمجھنے کا حق حاصل ہوتا ہے کہ ہندو اُن سے ملنا پسند ہی نہیں کرتے اور اس کا یقین بھی دلانا چاہتے ہیں

کسقدر حیرتناک امر ہے کہ یوپی کے ارکانِ وزارت و اسمبلی جب اظہار خیال کرتے ہیں تو اس کی زبان باوجود ہندی و سنسکرت کی آمیزش کے صاف اُردو ہی ہوتی ہے، لیکن جسوقت دفتر اُن سے پوچھتا ہے کہ اس کو کس رسم خط میں شایع کیا جائے تو وہ کہتے ہیں کہ "دیوناگری میں"

یہاں لکھنؤ کی سودیشی نمایش کے دفتر کا سائن بورڈ طیار ہوتا ہے، تو صرف انگریزی، ہندی میں، اور جسوقت پوچھا جاتا ہے کہ اُردو کیوں نہیں ہے تو صاف جواب ملتا ہے کہ "اس کی کیا ضرورت ہے"۔ انگریزی ان کے لئے ضروری تھی، درانحالیکہ کوئی یوروپین انکی نمایش میں شرکت کے لئے آمادہ نہ تھا اور اُردو غیرضروری تھی حالانکہ لکھنؤ کی تقریباً ایک لاکھ مسلم آبادی سے شرکت کی توقع کی جاتی تھی

پنجاب کا ایک ہندو اشتہار طلب کرنے دفتر میں آتا ہے تو پہلے اس کا نام پوچھا جاتا ہے اور پھر اس کو ہندی کا اشتہار دیا جاتا ہے، وہ کہتا ہے کہ "میں پنجاب کا باشندہ ہوں اور ہندی رسم خط سے واقف نہیں"۔ یہ سُنکر انتہائی برہمی کے ساتھ جواب دیا جاتا ہے کہ "تم ہندو ہو، تم کو ہندی سیکھنا پڑے گی اور ہندی اشتہار ہی تمھیں دیا جائے گا"

یہ حال ہے یو۔پی کے ہندوؤں کی ذہنیت کا جو اپنے گھروں میں ہر وقت صاف و شگفتہ اُردو بولتے ہیں اور اسی کے ساتھ یہ بھی دعویٰ کیا جاتا ہے کہ وہ ہندو مسلم اتحاد کے لئے طیار ہیں

حال ہی میں پنڈت جواہر لال نہرو کی سفارش پر کانگرس نے Muslim Mass Contact یعنی عام مسلمانوں کو شرکت کانگرس کی طرف مایل کرنے کی تجویز پاس کی اور صوبہ کی تمام کانگرسی کمیٹیوں کو اسکی اطلاع دی گئی، لیکن غالباً بہت کم اس پر عمل کیا گیا۔ خود یہیں لکھنؤ میں کانگرس کمیٹی کے ارکان کو بعض کانگرسی مسلمانوں نے بار بار توجہ دلائی، لیکن انھوں نے کوئی عملی قدم اس طرف نہیں اُٹھایا اور ہمیشہ یہی عذر لنگ پیش کیا کہ ممکن ہو انکے اقدام سے فساد پیدا ہو جائے

خود یوپی کی وزارت نے مسلمانوں کے حقوق کا کس حد تک لحاظ کیا، اسکے متعلق صحیح اعداد و شمار تو اسوقت پیش نہیں کر سکتا، لیکن یہ یقینی طور پر معلوم ہے کہ دیہات سدھار کے کام میں نسبت آبادی سے بہت کم جگہیں مسلمانوں کو دی گئی ہیں اور اسی طرح ٹکنکل تعلیم کے لئے جو وظایف دئے گئے ہیں ان میں بھی مسلمانوں کا حصہ بہت کم ہے

ان تمام باتوں کے مطالعہ سے ایک بات بالکل واضح ہو جاتی ہے، وہ یہ کہ تقریباً تمام ٹاؤن کانگرس کمیٹیوں پر مہاسبھائی ذہنیت کے لوگ چھائے ہوئے ہیں اور کانگرس کے حقیقی مقصود کو ان سے سخت نقصان پہونچ رہا ہے

پنڈت جواہر لال نہرو کے نزدیک زبان اور رسم خط کا مسئلہ زیادہ اہم نہیں ہے اور انھوں نے ہمیشہ اس مسئلہ کو معمولی کہکر ٹالنا چاہا ہے، اسی طرح ان کو یہ بھی معلوم ہے کہ عام طور پر کانگرس کمیٹیاں مسلمانوں کے جذبات کی رعایت نہ کرکے کس طرح انسے دور ہوتی جا رہی ہیں، لیکن انھوں نے کبھی کسی کمیٹی سے باز پرس نہیں کی۔ پھر ہو سکتا ہے کہ پنڈت جی کو اپنے عزائم اور اشتہار کی سادہ روی کے مقابلہ میں یہ باتیں بہت معمولی نظر آئیں، لیکن انھیں معلوم ہونا چاہئے کہ عمارت کا ذرا سا شگاف ہی کبھی پوری تعمیر ڈھا جانے کا باعث ہو جاتا ہے اور کشتی کا چھوٹا سا سوراخ ہی اکثر اسے ڈبو کر رکھ دیتا ہے۔ بیشک ہندو مسلم اتحاد کا خیال نہایت مبارک خیال ہے اور کانگرس کا یہ اعلان کہ وہ اقلیتوں کے مطالبات و جذبات کی رواداری کے لئے ہمیشہ آمادہ ہے نہایت خوش کن اعلان ہے۔ لیکن جسوقت ہم خیال و قیاس کی دنیا سے ہٹ کر کردار و عمل کا جایزہ لیتے ہیں تو ہم نہایت مایوسی کے ساتھ

اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ نہ باہمی اتحاد کے لئے کانگریس کی طرف سے کوئی کوشش کی جارہی ہے اور نہ مسلمانوں کے جذبات کی انھیں حقیقتاً پروا ہے۔

دنیا میں اتحاد و اتفاق کا فلسفہ ہمیشہ ایک ہی رہا ہے اور وہ یہ کہ فریقین ایک دوسرے کے ذوق کا خیال کرکے ایثار سے کام لیں اور اگر کوئی فریق غالب ہے تو وہ اس کا اور زیادہ لحاظ رکھے۔ پھر اگر کانگریس واقعی ہندو مسلمان دونوں کو ایک متحدہ پلیٹ فارم پر دیکھنا چاہتی ہے تو اسے چاہئے کہ ہندوؤں کو بے لگام نہ ہونے دے اور اس کے نظام میں جہاں کوئی شخص جہاں بھائی ذہنیت کا نظر آئے اسے فوراً علٰحدہ کردے۔ لیکن ہمیں معلوم ہے کہ وہ اس ادائے فرض کی طرف سے بالکل غافل ہے اور اسلئے اس کو کوئی حق حاصل نہیں کہ وہ مسلمانوں کو شرکت کانگریس کی دعوت دے اور جب ان کی طرف سے کوئی عذر پیش کیا جائے تو اسے غداری، وطن فروشی اور رجعت پسندی وغیرہ سے تعبیر کیا جائے

زبان اور رسم خط کے باب میں ہندوؤں کی طرف سے ہمیشہ یہ دلیل پیش کی جاتی ہے کہ اگر انھوں نے اردو زبان یا اردو رسم خط کو چھوڑ کر دیوناگری کو اختیار کرلیا ہے تو مسلمانوں کا اس میں کیا نقصان ہے اور انھیں کیوں ناگوار ہوتا ہے لیکن انکی یہ دلیل بالکل بے بنیاد ہے۔ کچھ زمانہ قبل کی بات ہے کہ ہندو (خصوصیت کے ساتھ شمالی ہند کے ہندو) اردو زبان ہی بولتے اور لکھتے تھے، اس لئے اصولاً یہ سوال انھیں سے کیا جاسکتا ہے کہ انھوں نے کیوں اس کو ترک کرکے دوسرا رسم خط اختیار کیا اور کیا ان کا یہ طرز عمل اس بات کو ظاہر نہیں کرتا کہ وہ اپنی دنیا مسلمانوں سے بالکل علٰحدہ ہوکر بسانا چاہتے ہیں اور کیا اس صورت میں انھیں مسلمانوں سے اس شکایت کا کوئی حق باقی رہتا ہے کہ وہ کیوں ان سے الگ تھلگ رہتے ہیں

اسوقت مسلمان کا کوئی متعین کلچر ہو یا نہ ہو، اس کی اجتماعی حیثیت مرکزیت رکھتی ہو یا نہ رکھتی ہو، اس میں قومیت کا صحیح مفہوم پایا جاتا ہو یا نہ پایا جاتا ہو، لیکن اس سے انکار ممکن نہیں کہ وہ اپنے اندر بعض ایسی خصوصیات ضرور رکھتا ہے جسکی بنا پر اسے ہندو نہیں کہہ سکتے اور اگر اس کا تعلق صرف ذوق و وجدان سے ہو تو بھی کسی کو کیا حق حاصل ہے کہ وہ اس سے اس کے محو کردینے کا تقاضہ کرے

اگر کوئی ہم سے اعتماد کا مطالبہ کرے تو قدرتاً ہم یہ غور کرنے پر مجبور ہوں گے کہ وہ ہمارے لئے کیا ایثار کرتا یا کرسکتا ہے۔ بنابراں اگر ہم کانگریس کی کارروائیوں اور اہل کانگریس کے طرز عمل پر بھی اسی نقطۂ نظر سے غور کریں تو یہ ہمارا غیر فطری حق نہ ہوگا اور اگر ان کی طرف سے کوئی ایثار و رواداری کی مثال ہم کو نظر نہ آئے تو ہمارا پس و پیش کسی طرح مورد الزام قرار نہ پائے گا

پھر جو مثالیں میں نے پیش کی ہیں کیا وہ جذبۂ اعتماد کو ضعیف کردینے والی نہیں ہیں اور کیا اس صورت میں مسلمان کبھی اپنی قسمت کا فیصلہ ہندوؤں کے ہاتھ میں دے سکتے ہیں؟

میں نے ہمیشہ کانگریس ہی کو تنہا ذمہ دار سیاسی جماعت سمجھا ہے اور میں اسے کبھی پسند نہیں کرتا کہ جب تک ملک آزاد نہ ہو اس کی سیاسیات ایک سے زاید جماعتوں میں منقسم رہے، لیکن اس کے معنے یہ نہیں ہیں کہ اگر کانگریس کی ترکیب

یا اس کے نظامِ عمل میں مجھے کوئی نقص نظر آئے تو میں صرف اس لئے خاموش رہوں کہ اس سے بہتر تنظیم کی کوئی صورت میرے پیشِ نظر نہیں ہے

پس اگر کانگرس واقعی مسلمانوں کی شرکت کو ضروری سمجھتی ہے (یہاں یہ سوال نہ اُٹھانا چاہئے کہ مسلمان کیا سمجھتے ہیں) تو اس کا فرض ہونا چاہئے کہ مہا سبھائی ذہنیت رکھنے والے افراد اپنے اندر سے علیحدہ کر دے اور جب کبھی ہندوؤں کی طرف سے کوئی ایسی بات ظاہر ہو تو اس کا انسداد کرے۔ حیرت ہے کہ بلیا میں کھلم کھلا وہ کچھ ہوتا ہے جو نہ ہونا چاہئے، اور کارکنانِ کانگرس کی موجودگی میں ہوتا ہے، لیکن نہ پنڈت جواہر لال نہرو کوئی صدائے احتجاج بلند کرتے ہیں اور نہ کانگرس۔

میں نے مسلمانوں کو ہمیشہ کانگرس میں شرکت کا مشورہ دیا ہے نہ اس لئے کہ اس وقت مسلمانوں کے سامنے جو دو محاذ قایم ہیں ان میں سے ایک ٹوٹ جائے بلکہ اس لئے کہ ان کی شرکت سے کانگرس کے اندر جو مہا سبھائی ذہنیت پائی جاتی ہے وہ ضعیف ہو جائے گی اور ہو سکتا ہے کہ بعض ٹاؤن کانگرس کمیٹیوں پر ان کا قبضہ ہو جائے

مُسلم لیگ

اس میں شک نہیں کہ کانگرس میں مہا سبھائی ذہنیت پیدا ہو جانے کی وجہ سے اب اس کا امکان بہت کم ہے کہ مسلمان کثرت کے ساتھ اس میں شریک ہوں گے اور آزادی کی جنگ میں کوئی متحدہ محاذ قایم ہو سکے گا۔ لیکن کانگرس کی خرابی "مسلم لیگ" کی خوبی کو مستلزم نہیں ہے

جس حد تک مقاصد کا تعلق ہے، مسلم لیگ کا وجود مسلمانوں کی اجتماعی زندگی سنوارنے کے لئے یقیناً بہت مفید معلوم ہوتا ہے، لیکن مقاصد کی تعیین کوئی چیز نہیں جب تک عملاً ان کی تکمیل کے لئے قدم نہ اُٹھایا جائے اور یہی وہ چیز ہے جس کی توقع اربابِ مسلم لیگ سے رکھنا عبث ہے

مسلمانوں کی آج تک جتنی انجمنیں قایم ہوئیں ان سب کا تعلق کسی نہ کسی حیثیت میں مذہب سے رہا ہے اور وہ بھی ہندوستان سے باہر عرب و حجاز، مصر و ترکی کی حمایت میں۔ پھر یہ تو ہوا کہ انھوں نے لاکھوں روپیہ خلافت اور خدمتِ کعبہ کے نام سے جمع کر کے کچھ وہاں بھیجا یا اور کچھ یہاں خرچ کر ڈالا، لیکن خود اپنی اقتصادی، سیاسی یا اجتماعی تنظیم کی طرف کبھی توجہ نہیں کی — حال ہی میں مسٹر جینا نے جو خطبۂ صدارت لکھنؤ میں پڑھا وہ جس حد تک الفاظ کا تعلق تھا یقیناً بہت کامیاب رہا، لیکن معنی کے لحاظ سے وہ کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔ اس سے کس کو انکار ہو سکتا ہے کہ مسلمانوں کو کسی ایک رشتہ سے وابستہ ہو کر اتفاق و اتحاد کے ساتھ آگے قدم بڑھانا چاہئے، لیکن کسی چیز کی تمنا کرنا اس کا حاصل ہو جانا نہیں ہے۔ پھر آپ اسوقت تک مسلم لیگ کے تمام لٹریچر کا مطالعہ کیجئے تو سوائے بلند بانگ دعووں کے کام کی ایک بات بھی اس میں نظر نہ آئے گی۔ اس میں اللہ اکبر کے نعرے بھی ہیں اور گزشتہ عظمتِ اسلام کی داستانیں بھی، یقینوں کے سایہ میں پل کر اپنے جوان ہونے کا بھی اس میں ذکر ہے اور خالدِ جانباز کے کارناموں کا بھی اظہار، لیکن یہ کسی جگہ نہیں بتایا گیا کہ مسلمان کے

زندہ رہنے کی کیا صورت ہے

اس وقت مسلم لیگ کا طرۂ امتیاز یہ بتایا جاتا ہے کہ اس نے آزادی کامل کا رزولیوشن پاس کرکے ایسا بلند نصب العین پیش کیا ہے کہ کانگرس کو بھی اس کے سامنے سرنگوں ہو جانا چاہئے۔ پھر کیا اس قسم کی تجویزیں پیش کرنا کوئی نئی بات ہے اور کیا اس سے قبل مسلمانوں نے متعدد بار اس کا اظہار نہیں کیا کہ وہ غیر مشروط آزادی سے کم کسی چیز پر راضی نہیں ہو سکتے، لیکن اس کا نتیجہ کیا ہوا، وہی غیر مشروط غلامی!

ہم نے مانا کہ اسوقت مسلم لیگ کی شاخیں ہندوستان کے ہر ہر گوشے میں قایم ہو رہی ہیں اور مسلمان جوق در جوق اسمیں شامل ہوتے جا رہے ہیں۔ لیکن جب تک کوئی عملی کام شروع نہ کیا جائے (جسکی کوئی توقع نہیں) یہ سب تضیع اوقات سے زیادہ نہیں

اگر مسلم لیگ تمام مذہبی، سیاسی و معاشرتی مقاصد کو چھوڑ کر صرف اقتصادی نظام کو سامنے رکھے اور صدقہ و زکوٰۃ کا ایک مرکزی فنڈ قایم کرکے ہندوستان کے تمام مسلمانوں کی خیرات و زکوٰۃ کا نظم و اہتمام اپنے ہاتھ میں لیلے تو پھر اسے کسی اور اصلاح کی ضرورت باقی نہیں رہتی

مسلمانوں کی آٹھ نو کرور آبادی میں صاحب استطاعت حضرات اتنے ضرور ہیں کہ اگر وہ واجب صدقہ و زکوٰۃ ادا کریں تو فی کس آٹھ آنے سالانہ کا اوسط یقیناً پڑ سکتا ہے، جس کے معنے یہ ہیں کہ چار کرور روپیہ ہر سال بہ آسانی جمع ہو سکتا ہے اور یہ اتنی بڑی رقم ہے کہ اگر اصول و قاعدہ کے ساتھ اس کو صرف کیا جائے تو ایک ربع صدی کے اندر قوم کی قوم تعلیمی و اقتصادی حیثیت سے خدا جانے کہاں سے کہاں پہونچ سکتی ہے۔ لیکن کام کرنا تو ارباب مسلم لیگ کا مقصود ہی نہیں ہے۔ وہ تو صرف یہ چاہتے ہیں کہ کانگرس کے مقابلہ میں تفوق ظاہر کرکے اپنی قیادت و سیادت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں، خواہ اس جذبۂ خود پرستی پر قوم کی قوم کیوں نہ قربان کرنی پڑے

مسلم لیگ کانگرس میں شریک ہونے سے اس لئے احتراز کرتی ہے کہ اسے ہندوؤں کی اکثریت سے اندیشہ ہے، لیکن یہ اندیشہ اسوقت ہونا چاہئے جب مسلمان اپنی ہستی کانگرس میں جذب کر دینے کے لئے شریک ہوں، لیکن اگر ان کا مقصود اپنے مطالبات پورے کرانا، کانگرس کی مہاسبھائی ذہنیت کو دور کرنا اور ان کی بے راہ روی کی روک ٹوک کرنا ہو، تو پھر اندیشہ کی کیا بات ہے

اگر کانگرس یہ کہتی ہے کہ اس پر اعتماد کیا جائے تو اس کے معنے یہ نہیں ہیں کہ اگر کل اسکی طرف سے بے اعتمادی پیدا ہو تو ہم اس سے علٰحدہ نہیں ہو سکتے ۔ اگر مسلمانوں نے اپنی جماعت علٰحدہ کرکے سیاسی جد و جہد شروع کی تو ان کو دو فریق سے مقابلہ کرنا پڑے گا۔ انگریز اور ہندو، برخلاف اس کے کانگرس میں شریک ہونے کے بعد صرف ایک فریق مقابل رہجائیگا اور اس کو شکست دینے کے بعد ہم زیادہ آسانی کے ساتھ یہ فیصلہ کر سکیں گے کہ آیا ہم کانگرس ہی میں شریک رہکر اپنے آپ کو قایم رکھ سکتے ہیں یا اُس سے جدا ہو کر۔

قدرت کے عجائب وغرائب

(زمین اور دُمدار ستاروں کا تصادُم)

انیسویں صدی میں صرف ۳۳۵ دُمدار ستاروں کا انکشاف ہوا تھا لیکن گزشتہ نصف صدی کے دوران میں اوسطاً ہر آٹھ برس کے بعد ایک نیا دمدار ستارہ معلوم ہوتا رہتا ہے۔ ۱۸۸۲ء میں ایک دُمدار ستارہ آتشار روشن نکلا تھا کہ دن میں بآسانی نظر آتا تھا اور اُس کی دُم دس کروڑ میل لمبی تھی، اس سے زیادہ چمکیلا دمدار ستارہ ابھی تک نظر نہیں آیا۔ ۱۸۱۱ء اور ۱۸۸۳ء کے مابین چھ روشن دمدار ستارے نظر آئے، ان میں سب سے بڑا ستارہ ۱۸۴۳ء میں دکھائی پڑا تھا جس کی دُم دو ارب میل تک آسمان پر پھیلی ہوئی تھی۔ اس ستارہ کی آمد کا پہلے کسی کو خیال بھی نہ تھا اور یہ یکایک نظروں کے سامنے آگیا مگر واقعہ یہ ہے کہ اکثر دمدار ستارے اسی طرح یکایک نظروں کے سامنے آجاتے ہیں

۱۶۱۰ء میں گلیلیو کی دوربین کی ایجاد سے قبل ۴۰۰ دمدار ستاروں کے بارہ میں دنیا کو واقفیت تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ اُسوقت تک وہی ستارے دریافت ہوئے جو اپنی روشنی کی وجہ سے انسان کو خود بخود اپنی طرف متوجہ کر لیتے تھے۔ اندازہ کیا جاتا ہے کہ اس قسم کے ستارے ایک صدی میں ۳۰ کے حساب سے دکھائی پڑتے ہیں

دوربین کی ایجاد کے بعد سے ۴۷۰ دمدار ستارے دریافت ہوئے ہیں، تقریباً ۷۰، اٹھارویں صدی میں اور ۳۳۵ اُنیسویں صدی میں۔ گزشتہ ۷۰ برس میں تقریباً ۲۵۰ دمدار ستارے دریافت ہو چکے ہیں۔ ۱۸۸۸ء اور ۱۹۰۹ء کے مابین (ہر سال اوسطاً پانچ کے حساب سے) ۱۰۵ دمدار ستاروں کا انکشاف ہوا ہے۔ لیکن جنگ عظیم کے بعد سے دمدار ستارے بہت کم دریافت ہوئے ہیں اور اس کی وجہ ڈاکٹر رسل آف نیو جرسی نے یہ بتائی ہے کہ جنگ عظیم کے بعد سے لوگوں نے ان ستاروں کی تحقیق میں کمی کر دی ہے۔ دمدار ستارے جوں جوں سورج کے قریب آتے جاتے ہیں ان کی تیزی بڑھتی جاتی ہے حتیٰ کہ انکی رفتار رائفل کی گولی سے ۵۰ گنی زیادہ ہو جاتی ہے

ان ستاروں کی چمک کے متعلق کوئی شخص یقینی طور سے نہیں کہہ سکتا کہ وہ تیز ہوگی یا نہیں کیونکہ یہ چمک صرف اس کی روشنی ہی پر منحصر نہیں ہے بلکہ چند دوسری چیزوں سے بھی وابستہ ہے مثلاً خاص طور سے وہ کیمیائی عناصر جن سے

ستارہ کا سر، جسم اور دُم بنتی ہے۔ علاوہ بریں ستارہ اور دیکھنے والے کے مقام کے تناسب سے بھی روشنی میں فرق ہوتا رہتا ہے۔ ایک اور وجہ سطح شمسی سے ستارہ کی قربت بھی ہے۔ ۱۸۴۳ء کا ستارہ ایک مرتبہ سورج سے صرف ۵۰ ہزار میل کے قریب چکر لگا آیا۔ آفتاب کے قریب اتنی نزدیکی سے ابھی تک کوئی اور چیز نہیں آئی ہے اور اس ستارہ کی آفتاب کے اندر نہ گرنے کی وجہ صرف یہ تھی کہ اُس میں بے انتہا تیزی تھی یعنی تقریباً دس لاکھ میل فی گھنٹہ

اب یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ باوجود اس کے کہ دنیا میں اتنی طاقتور دوربینیں موجود ہیں، اکثر روشن دمدار ستارے کیوں اچانک نظر آجاتے ہیں اور ان کی آمد کے متعلق پہلے سے کوئی اطلاع نہیں ہوتی

اس کی تشریح یوں کی جاسکتی ہے کہ اگر شمالی کرۂ ارض میں کوئی ستارہ، آفتاب کے مقام سے کچھ فاصلہ کی طرف سے کسی خاص موسم میں آرہا ہو تو ہیئت داں اُسے آنکھوں سے دیکھنے کے قبل دوربینوں کی مدد سے کئی ماہ پہلے ہی دیکھ سکتے ہیں لیکن یہ نہیں ہوتا بلکہ واقعہ یہ ہے کہ یہ دمدار ستارے سورج کے قریب ہر طرف سے آتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ یا تو وہ سورج کی پشت پر ہو جاتے ہیں اسوجہ سے نہیں دکھائی پڑتے اور یا آفتاب کی تیز کرنوں کی وجہ سے دوربین بھی انھیں دیکھنے سے عاجز رہتی ہے

دنیا میں نہ معلوم کتنے دمدار ستارے ایسے ہیں جو ادھر اُدھر آتے جاتے ہیں مگر ان کو کوئی نہیں دیکھتا۔ ایک مشہور ہیئت داں کا خیال ہے کہ ہر صدی میں تقریباً ایک ہزار دمدار ستارے نظروں کے سامنے آتے ہیں مگر ہم ۵۰۰ سے زیادہ نہیں دیکھ پاتے۔ غالباً ہر وہ ستارہ جس کی دم اور سر کا قطر ۱۰ ہزار میل سے کم ہوتا ہے نہیں دکھائی پڑتا ــــ ۱۹۱۹ء میں غیر معمولی طور سے متعدد نئے ستارے دریافت ہوئے اور کئی مستقل نظر آنے والے بھی دکھائی پڑے تھے۔ یہ مستقل نظر آنے والے دمدار ستارے تعداد میں تقریباً ۱۰۰ یا اس سے کچھ زیادہ ہیں اور آفتاب کے گرد ایک مقررہ راستہ پر چکر لگایا کرتے ہیں

زمین اور دمدار ستارہ کا تصادم کوئی ماہر ریاضی اس سے انکار نہیں کرسکتا کہ دمدار ستارہ اور زمین میں تصادم ممکن ہے، کیونکہ دمدار ستاروں کی گردش کا راستہ زمین کے خط گردش پر صفر سے ۹۰ ڈگری تک زاویہ بناتا ہے اور بعض ستاروں کا راستہ زمین کے راستہ کو کاٹتا بھی ہے۔ لہٰذا اگر کوئی ستارہ اور زمین باہم گر متصادم ہو جائیں تو گمان غالب یہ ہے کہ زمین کے باشندوں کو سخت نقصان پہونچے گا مگر ایک مشہور فرانسیسی ریاضی داں بینٹ Babinet (۱۷۹۴ء ــ ۱۸۷۲ء) کا خیال ہے کہ اس قسم کا تصادم ۱۵۰ لاکھ برس میں ایک دفعہ سے زیادہ ممکن نہیں ہوسکتا۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایسا تصادم کب ہوا ہے اگر ۱۵۰ لاکھ برس یا ۲ کرور برس قبل کوئی تصادم ہو چکا ہے تو اب دوسرے تصادم کا وقت قریب آگیا ہے۔ مگر پھر سوال ہوتا ہے کہ آیا کوئی تصادم اس وقت تک ہوا بھی ہے یا نہیں؟ حقیقت یہ ہے کہ گو بعض دمدار ستارے زمین سے کہیں زیادہ بڑے ہوتے ہیں اور ان کا قطر بھی زمین

سے بہت زیادہ ہوتا ہے مگر ان کا وزن بہت کم ہوتا ہے اور اسوجہ سے جب زمین ان ستاروں کے جھنڈ سے ہوکر نکلتی ہے تو اُس پر اثر نہیں پڑتا۔ اس کے علاوہ ان ستاروں کی کاربن گیس ایسی نہیں کہ وہ زمین کی وزنی فضا میں گھس سکے۔ اس لئے تصادم سے کوئی اندیشہ نہیں ہوسکتا

لیکن پروفیسر ڈیوڈ ٹاڈ کا خیال ہے کہ اگر کوئی بڑا دُم دار ستارہ زمین سے ٹکر کھا جائے تو اہل زمین کے لئے وہ وقت قیامت کا ہوگا۔ پروفیسر موصوف کے خیال میں تصادم کی وجہ سے ہوا اور پانی دونوں معدوم ہوجائیں گے اور زمین کی سطح راکھ ہوکر رہ جائے گی"

پروفیسر چارلس نیگ کی رائے میں "اگر زمین کا وجود عرصہ تک قایم رہے تو دمدار ستارہ سے اُس کا تصادم یقینی ہے کیونکہ دمدار ستاروں اور زمین کے راستے اکثر ایک دوسرے کے بالکل قریب آجاتے ہیں اور اس طرح سے ستاروں کی گیس اور زمین کی گیس جب ملیں گی تو صورت حال خطرناک ہوجائے گی"۔۔۔ (اس بنا پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ تاریخ حیوانات میں بعض اوقات کروڑوں جانوروں کے مرجانے کے واقعات جو ہم کو بتائے جاتے ہیں ممکن ہے کہ ان کا باعث یہی ہو)

ڈاکٹر رابرٹ اٹیکن کہتے ہیں کہ نظریہ کے اعتبار سے زمین اور دمدار ستارے کے تصادم کا امکان بالکل اسی طرح ہے جس طرح تاش کے کھیل میں ایک آدمی کے پاس پورے تیرہ پتے ایک ہی رنگ کے آجائیں مگر کوئی آدمی اگر لاکھوں برس زندہ رہے اور ہر وقت تاش کھیلتا رہے تو شاید ایک مرتبہ اس کے ہاتھ میں ایسے پتے آجائیں۔ ڈاکٹر موصوف کہتے ہیں کہ اگر ایسا تصادم ہو بھی جائے تو زمین کو تو صرف اُسی جگہ نقصان پہونچیگا جہاں ٹکر لگی ہے مگر ستارہ البتہ نیست ونابود ہوجائے گا۔ لیکن اس قسم کے تصادم کا اثر منحصر ہے ستاروں کے قطر کے تناسب پر بھی کیونکہ اکثر ستاروں کا قطر کئی ہزار میل ہوتا ہے اور بعض کا بہت کم۔ لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بھی واقعہ ہے کہ زمین اور ستارے کے گیس ملنے سے نقصان کا ضرور اندیشہ ہے۔ مگر چونکہ خود انسان اس کرۂ ارض پر لاکھوں برس سے بغیر کسی تصادم کے آباد ہے اس لئے کسی نئے تصادم کے اندیشہ سے نہ ڈرنا چاہئے۔ مشرقی آرزونا میں ایک کوہ آتش فشاں ہے جس کے متعلق یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ زمین اور کسی دمدار ستارے کے تصادم کا ثبوت ہوسکتا ہے۔ اس کا قطر تقریباً پون میل ہے۔ اس رقبہ میں لوہے کے بہت سے ذرات پھیلے ہوئے ہیں مگر یہاں آتش فشاں کا کوئی ثبوت نہیں پایا جاتا اس لئے یہ اندازہ لگایا جاتا ہے کہ یا تو کوئی تصادم کسی معمولی دمدار ستارے سے ہوا ہے یا چھوٹے تاروں کے کسی جھنڈ سے۔ اس دمدار ستارے یا تاروں کے جھنڈ معلوم کرنے کی بھی کوشش کی گئی مگر پہلی کوشش تو ناکام ہوئی اب پھر سعی جاری ہے کہ اس آتش فشاں کے اندر سے کسی ستارہ کا پتہ لگے۔

۲۵ جون ۱۹۲۱ء کو ایک دمدار ستارہ زمین کے راستہ کے بالکل قریب آگیا تھا۔ اُسوقت زمین ۱۵۹۸۰۰۰ میل فی یوم کی رفتار سے اپنے راستہ پر چل رہی تھی اُس ستارہ کے راستہ سے کئی لاکھ میل دور تھی اور اُسوقت اُس ستارہ کی رفتار ۲۴ میل فی سکنڈ تھی۔ اگر یہ ستارہ اور زمین ایک ہی وقت میں ایک ہی مقام پر پہونچ جاتے اور تصادم ہوجاتا

تو کیا نتیجہ برآمد ہوتا۔ اس میں اختلاف ہے، لیکن اس میں شک نہیں کہ اس میں بہت زہریلی قسم کی گیسیں پائی جاتی تھیں اور وہ یقیناً زمین کی فضا میں سرایت کر جاتیں۔ ڈاکٹر کرامن کی رائے ہے کہ گو زمین اور کسی دمدار ستارہ کے تصادم کا امکان نہایت ضعیف ہے مگر ۱۹۲۱ء میں بہت قوی ہو گیا تھا۔

ایک اور دمدار ستارہ جو ایک مرتبہ زمین سے ٹکراتے ٹکراتے رہ گیا بیلا ستارہ (Biela's Comet) کے نام سے مشہور ہے۔ ۱۸۲۶ء میں اس ستارہ کا راستہ زمین کے راستہ سے صرف ۲۰ ہزار میل کے فاصلہ پر رہ گیا تھا۔ اسکے بعد اُسکے سر کے دو ٹکڑے ہو گئے ایک مرتبہ دونوں ٹکڑوں کے درمیان روشنی کی ایک محراب دکھائی پڑنے لگی مگر اس ستارہ کے قطر کا ایک تہائی میں ۶ ہزار میل سے زیادہ تھا کچھ عرصہ کے بعد اس کے چھ دو ٹکڑے ہو گئے جن کے مابین لاکھوں میل کا فاصلہ ہو گیا تھا۔ اس کے بعد سے یہ دونوں ٹکڑے پھر نہیں دکھائی پڑے گو وہ ایسے مقام پر آئے ضرور ہوں گے جہاں سے اُن کو دیکھا جا سکتا تھا مگر کسی نے ان کا مشاہدہ نہیں کیا۔ ۱۸۸۵ء میں ٹکسکو میں ایک چھوٹا شہاب ثاقب (Meteorite) گرا تھا اور اس کے متعلق ہیئت دانوں میں یہ بحث آن پڑی تھی کہ وہ اس دمدار ستارہ کا ٹکڑا تھا یا نہیں۔

دُمدار ستاروں کی دُم اور زمین گو یہ سوال بحث میں آسکتا ہے کہ زمین اور دمدار ستارہ کا کبھی تصادم ہوا ہے یا نہیں لیکن اس میں شک نہیں کہ ہماری زمین پر اکثر دمدار ستاروں کی دُم اور ان کی روشنی چھا چکی ہے مگر دن میں آفتاب کی تیز روشنی کی وجہ سے ستارہ کی روشنی اچھی طرح نہیں معلوم ہو سکی البتہ شام کے بعد اس روشنی کا اثر فضا پر ضرور رہا۔ ۲۹ جون ۱۸۶۱ء کو زمین پر ایک دمدار ستارہ کی روشنی کا عکس پڑا۔ دوسرے روز یہ روشنی اور زیادہ تیز معلوم ہوئی تھی۔ اس روشنی کے بارہ میں ہیئت دانوں نے لکھا ہے کہ سورج کی روشنی اُسوقت کم ہو گئی تھی۔ ۸ اگست ۱۹۲۱ء کو بھی اسی طرح ایک مرتبہ پورے آسمان پر روشنی چھا گئی اور لوگ سمجھ گئے کہ یہ کسی دمدار ستارے کی دُم ہے۔ اس ستارے کو کئی آدمیوں نے دیکھا بھی تھا مگر اس کے متعلق اور زیادہ نہیں معلوم ہو سکا۔

دمدار ستاروں کی دم اپنے طول کے لحاظ سے ایک عجیب وغریب چیز ہے۔ اُس کا طول ۵۰ لاکھ میل سے لیکر ۲۰ کروڑ تک ہوتا ہے اور قطر ۱۰ لاکھ میل سے ۱½ کروڑ میل تک۔ مگر اکثر "دمدار ستارے" ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے دم ہی نہیں ہوتی اور اس قسم کے بے دم "دمدار ستاروں" کی تعداد دم رکھنے والے ستاروں سے زیادہ ہے۔ عام طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ بغیر دُم والے "دمدار ستارے" دوربین کی امداد کے بغیر بہت کم دکھائی پڑتے ہیں اور جب یہ دمدار ستارے آفتاب سے بہت دور ہو جاتے ہیں تو ان کے دم نہیں رہتی۔ مثلاً جب ڈی وکو کا ستارہ پھر نظر آئے گا تو پہلے وہ دوربین سے ایک دھندلی سی چیز معلوم ہوگا اس کے بعد اُس میں ستارہ کی چمک پیدا ہوتی جائے گی۔ جب وہ ہمارے کرہ کی طرف تیزی سے بڑھنا شروع ہوگا تو اس کی وہ گیسیں جو کمی حرارت کی وجہ سے منجمد ہو گئی تھیں سورج کی کرنوں کی حدت کی وجہ سے پھیلنا شروع ہوں گی۔ سورج کی گرمی سے وہ ہائڈروکاربن یا دوسرے مادے جن میں ستارہ کا سر محصور ہے

بھاپ بن جائیں گے۔ اس کے بعد ستارہ کی خاک کے چھوٹے چھوٹے ذرات کشش کی وجہ سے پہلے آفتاب کی طرف کھنچیں گے اور پھر سورج کی ہلکی لہروں کے دباؤ سے پیچھے ہٹیں گے۔ چنانچہ یہی وہ مادہ ہے جو بہ یک وقت سورج سے روشنی بھی پاتا ہے اور اُس کی وجہ سے پیچھے بھی ہٹتا ہے اور جس کی وجہ سے دمدار ستاروں کی "دم" تیار ہوتی ہے۔

روشنی کے دباؤ کے اثرات

یہ حقیقت کہ دمدار ستاروں کی دم کا اصل محرک سورج ہوتا ہے سب سے پہلے جنیوں نے نویں صدی عیسوی میں دریافت کی تھی۔ ۱۶۱۹ء میں کیپلر نے یہ نظریہ پیش کیا کہ دمدار ستاروں کی دُموں کی رجعت کا باعث آفتاب کا بیرونی دباؤ ہے۔ نیوٹن نے بھی اس نظریہ کی تصدیق کی ہے۔ مگر قدرت کی یہ شعبدہ کاری زمانۂ موجودہ تک ایک راز ہی رہی البتہ اب تازہ ترین نظریہ یہ پیش کیا گیا ہے کہ آفتاب کے گرد بجلی کا ایک بڑا حلقہ موجود ہے جس میں نہایت زبردست "قوتِ دافعہ" موجود ہے اور اسی لئے دُمدار ستاروں کی دُم سورج کے خلاف سمت میں ہوتی ہے

مشہور روسی ہیئت داں پروفیسر برڈیشن نے دمدار ستاروں کی دموں کی تین قسمیں کی ہیں۔ ایک وہ جو طویل اور سیدھی شعاعوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس میں جو مادہ ہوتا ہے اس پر سورج کی قوت اتنا اثر کرتی ہے کہ اس مادے کے ذرات ستارے کو ۴ یا ۵ میل فی سکنڈ کی رفتار سے چھوڑنے لگتے ہیں۔ چونکہ ہائڈروجن سب سے ہلکی گیس شمار کیجاتی ہے اس لئے پروفیسر موصوف کے خیال میں اس قسم کے ستاروں میں یہی گیس پائی جاتی ہے

دوسری قسم خمدار دموں کی ہے جن میں پروفیسر موصوف کے نزدیک ہائڈروکاربن بخارات پائے جاتے ہیں

تیسری قسم چھوٹی اور گھنی دُموں کی ہے۔ ان میں پروفیسر مذکور کے خیال میں لوہا۔ کلورین اور سوڈیم کا مرکب پایا جاتا ہے۔

جب کوئی دمدار ستارہ سورج سے دور ہوتا ہے اور صرف اس کا بیضاوی سر نظر آتا ہے تو اُس پر کسی "ثابت" یا سیارہ کے ہونے کا دھوکا ہوسکتا ہے۔ سورج کے قریب پہونچنے پر سر سے روشن مادہ کے تار نکلنا شروع ہوتے ہیں جو بہت سرعت سے آفتاب کی طرف بڑھنا شروع ہوتے ہیں۔ یہ مادے گیسیں یا بخارات ہوتے ہیں اسی لئے آفتاب ان کو پھر پلٹا دیتا ہے

ستارے اکثر نصف کرۂ ارض کے ایک نصف حصہ سے دوسرے نصف حصہ کی طرف آتے جاتے رہتے ہیں بعض وقت وہ سورج سے بہت قریب آجاتے ہیں اور بعض وقت بہت دور ہوجاتے ہیں۔ جب وہ سورج کی شعاعوں میں سے گزرتے ہیں تو ان میں زیادہ روشنی پیدا ہوجاتی ہے۔ ستاروں کی دُمیں ایک سے زیادہ بھی ہوتی ہیں، چنانچہ ۱۷۴۴ء کے دُمدار ستارے کی چھ دُمیں تھیں جو پنکھے کی طرح پھیلی ہوئی تھیں۔ اس کے بعد وہ ستارہ جوں جوں آفتاب سے دور ہوتا گیا دمیں غائب ہوتی گئیں

دُمدار ستارے کیا ہیں؟ اب یہ عام طور پر تسلیم کر لیا گیا ہے کہ دمدار ستاروں کے سر مشتمل ہوتے ہیں ٹھوس ذرات پر جو مختلف گیسوں سے مرکب ہوتے ہیں۔ ان ذرات کی روشنی کا باعث ایک حد تک تو آفتاب کی روشنی ہے اور دوسرے خود ان ذرات میں برقی اثرات موجود ہیں جو روشنی دیتے ہیں۔ ان ستاروں کی دموں میں جو بخاری مادہ ہوتا ہے وہ چند میل سے زیادہ نہیں ہوتا کیونکہ اُس میں کسی قسم کے ٹھوس ذرات نہیں ہوتے مگر سر میں گیس کے ذرات، چھوٹے چھوٹے تاروں کے جھنڈ، خاک کے ذرات اور چھوٹے بڑے، ہلکے اور وزنی ریگ کے گولے کثیر تعداد میں شامل رہتے ہیں۔ گو دمدار ستارہ کے سر کا قطر آفتاب کے قطر سے ۴۰ گنا زیادہ ہو سکتا ہے (مثلاً ۱۸۱۱ء کے ستارہ کا) مگر عموماً اس کا قطر ۲۵ ہزار میل سے ایک لاکھ میل تک ہوتا ہے۔ ایسے بھی دُمدار ستارے پائے جاتے ہیں جس کا قطر ۱۵۰ لاکھ میل ہے گو ان کی تعداد بہت کم ہے۔ اپریل ۱۹۱۰ء میں ہیلے کے دمدار ستارہ کا قطر ۱ لاکھ ۹۶ ہزار میل تھا۔ ۱۸۳۵ء میں اسی مشہور ترین ستارہ کا قطر ۳ لاکھ ۵۰ ہزار تھا۔

اب تک جتنے دمدار ستاروں کا علم ہو چکا ہے ان میں سے کسی ستارے کا وزن کرۂ ارض کے $\frac{1}{10}$ حصہ تک بھی نہیں پہونچا ہے اور اسی لئے کہا جا سکتا ہے کہ دُمدار ستارہ کا سر بالکل کھوکھلا ہوتا ہے۔ اس کی مزید تشریح یوں کی جا سکتی ہے کہ دمدار ستاروں کا حجم اُس لوہے کے گولے کے برابر بھی نہیں ہے جس کا قطر ۱۵۰ میل ہو۔

آپ کے فایدہ کی بات

اگر حسب ذیل کتابیں آپ علٰحدہ علٰحدہ خرید فرمائیں گے تو حسب ذیل قیمت ادا کرنا پڑیگی اور محصول علاوہ بریں:۔

نگارستان	جمالستان	ترغیبات جنسی	شہاب کی سرگزشت	استفسار و جواب ہر دو جلد
دو روپیہ	چار روپیہ	تین روپیہ	ایک روپیہ	چھ روپیہ
معرکۂ سخن	**مکتوبات نیاز**	**اُردو شاعری**	**ہندی شاعری**	**میزان کل**
ڈھائی روپیہ	ڈھائی روپیہ	دو روپیہ	ڈیڑھ روپیہ	چوبیس روپیہ آٹھ آنے

اگر یہ تمام کتابیں ایک ساتھ طلب فرمائیں تو صرف اٹھارہ روپیہ میں مل جائیں گی اور محصول بھی ہمیں ادا کریں گے۔

منیجر نگار لکھنؤ

فلسفہ کیا ہے؟

فلسفہ کا لفظ ہماری زبان میں نہایت سُست طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اُس کے اس سُست استعمال کی ذمہ داری بڑی حد تک انگریزی زبان پر عاید ہوتی ہے جو ہماری زبان کی سوتیلی ماں ہے۔ معانی کا فلسفہ، عروج و زوال کا فلسفہ اشتقاق کا فلسفہ، محبت کا فلسفہ، مسرت کا فلسفہ، رمضان کا فلسفہ وغیرہ ایسے جملے ہیں، جن سے ہمارے کان اچھی طرح آشنا ہو چکے ہیں۔ لیکن ان شاندار سرخیوں کے تحت جو چیز پیش کی جاتی ہے اسے فلسفہ سے دور کا بھی تعلق نہیں ہوتا فلسفہ انسانی علم کی ایک مخصوص قسم ہے اور میں اس مضمون میں یہی بتلانا چاہتا ہوں کہ وہ کیا ہے؟

فلسفہ کا لفظ ہم کو عربی سے ملا ہے۔ فارسی میں بھی یہ عربی ہی کے توسط سے آیا عربی کو یہ لفظ یونانی زبان سے ملا۔ اور یورپ کی جملہ علمی زبانوں میں فلسفہ کا لفظ جزئی اختلاف کے ساتھ یونانی زبان سے لیا گیا ہے۔ جیسا کہ عام طور پر مشہور ہے فلسفہ کا یونانی لفظ فیلا سوفیا ایک مرکب لفظ ہے۔ اس کے اجزائے ترکیبی دو ہیں (۱) فیلا اور (۲) سوفیا فیلا کے معنی محبت کے ہیں اور سوفیا کے معنی دانائی کے۔ یوں پورے لفظ کے معنی ہوئے دانائی کی محبت۔ اس نام سے ایک خاص قسم کی انکساری کا اظہار ہوتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ حکمائے یونان کے ایک طبقہ نے فلسفہ کی تعلیم کو وجہ معاش بنا لیا تھا۔ یہ لوگ پھر پھر کر فلسفہ سکھاتے تھے انھوں نے اپنا نام سوفسط یا سوفسطائی رکھا تھا۔ اور تاریخ فلسفہ میں وہ اسی نام سے مشہور بھی ہیں۔ اس لفظ کے معنی ہیں دانشور یا صاحب دانش۔ سقراط نے ان کے مقابلہ میں اپنے لئے فلسفی یا فیلسوف کا لفظ استعمال کیا ہے اس کے معنی محب دانش کے ہیں۔

فلسفہ کا لفظ یونانی زبان میں پہلی مرتبہ ہیروڈوٹس نے استعمال کیا۔ اس سے پہلے اس لفظ کا یونانی میں وجود نہ تھا۔ ہر چند ہرقلیطوس پانٹی کوس یہ کہتا ہے کہ فیثاغورث وہ پہلا شخص ہے۔ جس نے فلسفہ کا لفظ علم کے معنوں میں استعمال کیا۔ مگر یہ قول چنداں معتبر یا مستند نہیں، لیڈیا کا قارون صفت بادشاہ، کری سوس، ایتھنیائی مدبر سولن سے پوچھتا ہے "میں نے سنا ہے کہ تم نے مختلف ممالک کا سفر فلسفیانہ نظر سے کیا ہے"، پیریکلیز کی وفات پر تھیوسی ڈائڈیس کہتا ہے "ہم فلسفی ہیں۔ فلسفہ کی مشق کرتے ہیں۔ ہم میں نسائیت نہیں ہے۔ ہم مرد میدان ہیں"۔ یہاں تک تو لفظی بحث تھی۔ لیکن فلسفہ اس وقت کے پہلے سے موجود تھا جب کہ اس کے لئے فلسفہ کی

اصطلاح ابھی گھڑی نہیں گئی تھی۔ طالیس ملسطی جس کا زمانہ ۶۴۰ سے ۵۴۶ ق۔م بتلایا جاتا ہے یونان کا پہلا اور مشہور فلسفی ہے۔ ظاہر ہے کہ فلسفہ کا وجود ہیروڈوٹس کی حیات یعنی ۴۸۴ - ۴۲۵ ق۔م کے پہلے سے تھا

فلسفہ کے معنی سچ پوچھئے تو سوچنے کے ہیں۔ اس لحاظ سے فلسفہ اتنا ہی پرانا ہے جتنا کہ خود انسانی ذہن ارتقار کا نظریہ آج نہ صرف حیاتیات دانوں ہی کے طبقہ میں تسلیم کیا جاتا ہے۔ بلکہ دنیا کے جملہ علمی طبقے بھی اسکو مانتے ہیں۔ بہرحال ارتقار واقع ہوا اب وہ کسی طرح کیوں نہ ہو۔ ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں نہ موجودہ عہد اور نہ کوئی عہد یہ دعویٰ کرسکتا ہے کہ وہ کامل بالذات اور منفصل ہے۔ ایسا کوئی دعوے اگر کبھی کیا بھی جائے تو بے حد مضحکہ خیز ہوگا۔ لہذا یہ ماننا ناگزیر ہے کہ فلسفہ کی عمر ڈھائی ہزار سال کی نہیں۔ انسانی نسل کو عالم وجود میں آئے ڈھائی لاکھ سال سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے اس میں شک نہیں کہ اس مدت کا بڑا حصہ کشمکش زیست میں بسر ہوا۔ فطرت کی ہلاک کرنے والی طاقتوں کے مقابلہ میں صرف ہوا۔ لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ تنازع للبقار میں انسان نے دماغ سے کام نہیں لیا۔ فکر خود تنازع للبقار کا ایک وسیلہ تھا لہذا عمل کے لئے بھی سوچنے کی ضرورت تھی۔ زندگی جب ہموار کے ساتھ بسر نہیں ہوتی تو سوچنے کی ضرورت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔

انسانیات کے نقطۂ نظر سے فلسفہ علوم کی فہرست میں سب سے آخر میں نمودار ہوا ہے کیونکہ انسان اپنی فوری ضروریات کو پہلے رفع کرنا چاہتا ہے۔ ضروریات بعیدہ پر اسکی نظر آخر میں پڑتی ہے۔ فلسفہ چونکہ انسانی نسل کی ضروریات بعیدہ سے متعلق ہے لہذا اس کا ظہور سب کے بعد ہوا ہے۔ مگر فلسفہ نام صرف استدلالوں کے اصول قایم کرنے اور تحلیل و ترکیب سے کام لینے کا نہیں وہ نام ہے سوچنے اور بات چیت کے ذریعہ نتائج کے اظہار کا بھی وہ زبان جس میں اسموں، ضمیروں، صفتوں، اور فعلوں کے درمیان تفریق کی گئی استدلال کا ایک قوی ذریعہ تھی۔ بہرحال فلسفہ قدیم ہے لیکن وہ کتنا قدیم ہے یہ بہ تیقن نہیں کہا جا سکتا۔ البتہ یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ اس کی ابتدا یونان سے نہیں ہوئی۔ کیونکہ تاریخ سے یہ ثابت ہے کہ فلسطین، بابل، اشوریہ اور وادی نیل اس کے نامور گہوارے ہیں۔ ان ممالک میں فلسفہ ہم احساسی سحر کی صورت میں رائج تھا یعنی عملی ضروریات اور خواہشات اس سے وابستہ تھیں۔ یونانی انہی ممالک کے شاگرد تھے سمپلیکس نے مصر میں داخلہ کی اجازت دیکر انھیں فلسفہ سے روشناس کرایا۔ قدیم یونانی فلاسفہ عموماً مصر و شام اور ایران و عراق کے سیاح ہوا کرتے تھے۔ انھوں نے اپنے اُستادوں کی تعلیمات میں ایک جدت کی۔ وہ یہ کہ فلسفہ کو حتی الوسع غیر انسانی بنایا یعنی فکر جو اب تک ایک وسیلہ تھا اب مقصد بن بیٹھا۔ مشرقی فلسفہ میں یہ چیز عنقا تھی۔ نہ چین کے فلسفہ میں اسکا شائبہ ہے نہ ہند کے نہ ولایات بین النہرین کے نہ وادی نیل کے اور نہ ارض فلسطین کے۔ اسی لئے کہا جاتا ہے کہ فلسفہ کی ابتدا یونان میں ہوئی۔ اور یہ کہ فلسفہ یکسر مغرب کی چیز ہے ہندی چینی مصری اور ایرانی فلسفوں کی موجودگی میں ممکن ہے یہ دعویٰ بعض اصحاب کی نظروں میں مضحکہ خیز معلوم دے۔ لیکن

ایک مستقل اور بے غرضانہ علمی تفتیش کی حیثیت جو کہ یونانیوں نے فلسفہ کو دی سوائے مغرب کے اور کہیں نہیں پائی جاتی۔ مشرق میں فلسفہ عموماً مذہب کا غلام رہا ہے۔ مذہب سے علٰحدہ اس کا کوئی وجود نہیں۔ مسلمانوں کا یوں تو صحیح معنوں میں اپنا کوئی فلسفہ نہیں۔ مگر بقول ڈوبوئر وہ ایسے لوگ بھی نہ تھے جو بغیر سوچے رہ سکتے۔ تاہم جو کچھ ان کے پاس ہے وہ اثینیہ اور اسکندریہ کی بندرگاہوں سے برآمد کیا ہوا مال ہے۔ لہٰذا اصولاً عربی فلسفہ کو اگر جگہ دیجا سکتی ہے تو فلسفۂ مغرب کے تحت۔ مشرق و مغرب پر نظر ڈالنے سے یہ بات نمایاں طور پر محسوس ہوتی ہے کہ مشرق کی آب و ہوا مذاہب اور انبیاء کے لئے غیر معمولی طور پر موزوں واقع ہوئی ہے۔ اور مغرب کی فلسفہ و حکمیات کے لئے۔ مشرق سے انجیل اور عیسیٰ قرآن اور محمد کی جنس مغرب کو روانہ کی گئی اور مغرب نے اس کے معاوضہ میں مشرق کو نظریات اور نظامات، توپیں اور ہوائی جہاز دئے۔ اس فرق پر محترمہ خالدہ ادیب خانم نے جامعہ ملیہ کے توسیعی خطبات میں سیر حاصل بحث فرمائی ہے۔ جو "ترکی میں مشرق و مغرب کی کشمکش" کے عنوان سے شایع ہو چکے ہیں۔

میں نے اوپر یہ کہا ہے کہ یونانیوں نے اپنے اُستادوں کی میراث میں اضافہ یہ کیا کہ فلسفہ کو زیادہ سے زیادہ غیر انسانی بنایا یا بنانے کی کوشش کی۔ یہ تصور حکمیاتی تصور کہلاتا ہے۔ اور حکمیات سے بالکل علٰحدہ چیز ہے۔ حکمیات اور مطالعۂ فطرت کی ابتدا یونانیوں سے نہیں ہوئی۔ ان کا سراغ تو ہم کو قدیم سے قدیم زمانہ میں بھی ملتا ہے۔ کیونکہ تنازع للبقاء کے لئے ان چیزوں کی ضرورت شدید تھی۔ اور ان کے بغیر تنازع للبقاء کی تکمیل ناممکنات سے تھی۔ قدیم عہد حجری کے انسان کو مادہ کے بہت سے خواص، نباتات کی بیشتر صفات، اور حیوانات کی اکثر عادات کا علم تھا۔ وہ جانتا تھا کہ پانی بھگوتا ہے، آگ جلاتی ہے ہوا اُڑاتی ہے، ہلکی چیزیں پانی میں تیرتی ہیں، بھاری چیزیں ڈوب جاتی ہیں، نباتات میں کون غذا ہیں اور کون زہر؟ شکار کے جانوروں کی عادات کیا ہیں اور درندوں کے اطوار کیا؟ کس جڑی بوٹی سے انسان اچھا ہو سکتا ہے اور کس سے مر سکتا ہے؟ غرض کہ اسے ہم جڑی بوٹیوں کے خواص سے واقف ہونے کے اعتبار سے طبیب، زخموں پر پتوں کے کوٹ کر باندھنے کے لحاظ سے سرجن، آگ کے جلانے کے طریقہ کا ماہر ہونے کی وجہ سے طبیعیات داں، کھانا پکانا جاننے کے باعث ماہر کیمیا، دریاؤں اور پہاڑوں کا علم رکھنے کے سبب عالم جغرافیہ، اور اُنگلیوں پر گنتی گننے کی بدولت ماہر ریاضیات قرار دے سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ فطری مظاہر کے متعلق عام قوانین منضبط اور مرتب کرنے کا کام بھی یونانیوں نے انجام نہیں دیا۔ کیونکہ مصریوں کو بعض ریاضیاتی قوانین پر ان سے بہت پہلے زبردست عبور حاصل تھا۔ طالیس ملطی نے ہندسہ کی بنا مصریوں کی مساحت زمین سے واقف ہونے کے بعد ڈالی۔ ۲۸۔ سے ۵۸۵ ق۔م کو اس نے ایشیائے کوچک میں واقع ہونے والے گہن کی جو پیشین گوئی کی وہ بابلی اور کلدانی ماخذوں پر مشتمل تھی۔ ۸۰۰ ق۔م میں وادیٔ فرات کے بڑے بڑے شہروں میں زبردست رصدگاہیں قایم تھیں جہاں راصدین مطالعۂ افلاک میں محو رہتے تھے۔ یونانی طب بھی علیٰ ہذا القیاس مصری مخطوطوں اور تصنیفوں کا شرمندۂ احسان ہے۔

یہ حکمیاتی تصور ہے کیا چیز اس کا یہاں پر بتلا دینا ضروری ہے۔ کیونکہ اسی کی وجہ سے یونانی موجد فلسفہ قرار پائے۔ یونانیوں نے اپنے پیشروؤں کے مشاہدات اور معلومات پر کافی غور و خوض کرنے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا کہ دنیا قابل علم ہے یعنی اس کی تحقیق و تفتیش ممکن ہے کیونکہ اس کے کام بعض قوانین کے تحت انجام پاتے ہیں اور یہ قوانین ایسے ہیں جنھیں ایک سعی مسلسل کے ذریعہ دریافت کیا جا سکتا ہے۔ اس تصور کی اہمیت سے خود یونانی پورے طور پر واقف نہ تھے طالیس پانی کو دنیا کی اصل قرار دیکر اگرچہ بظاہر ایک قیاس کو منظر عام پر لایا ہے جو چنداں اہم نہیں تاہم وہ بتلانا چاہتا ہے کہ دنیا حقیقتاً کیا ہے اور یہ ایک بہت بڑی چیز تھی۔

یوں حقیقی فلسفہ کی ابتدا یونان میں ہوئی اور اسی لئے کہا جاتا ہے کہ طالیس آدم فلسفہ ہے۔ یہاں تک کی بحث و تمحیص کا ماحصل یہ ہے کہ فلسفہ انسانی علم کی وہ شق ہے جس میں شخصی و نوعی مختصات کو فوری و وقتی ضروریات کو زیادہ سے زیادہ حذف کیا جاتا ہے یا حذف کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اب ایک قدم اور آگے بڑھایئے۔

فلاطون نے اپنے ایک مکالمہ میں فلسفی کی تعریف کرتے ہوئے یہ بتلایا ہے کہ وہ "اپنے عالم تصور میں پوری دنیا پر غور کرتا ہے" دنیا پر مجموعی حیثیت سے نظر کرنا فلسفہ کی دوسری بڑی خصوصیت ہے۔ لیکن ایسی نظر سے بالطبع یہ لازم آتا ہے کہ ایسے علم میں جملہ دنیوی تفصیلات بہ تمام و کمال موجود نہیں ہو سکتیں۔ برخلاف اس کے علوم مخصوصہ یعنی طبیعیات، کیمیا، فلکیات، ریاضیات، حیاتیات وغیرہ وغیرہ میں چونکہ دنیا کے صرف ایک پہلو سے بحث کی جاتی ہے لہذا تفصیلات اور جزئیات کی دولت سے ان کا دامن مالا مال ہے۔ یوں انسانی علم کی قسمیں دو ہیں (۱) فلسفہ اور (۲) سائنس۔ سائنس میں دنیا کے کسی ایک پہلو کے متعلق تفصیلی علم حاصل کیا جاتا ہے۔ اس طرح سائنس داں ایک صدا بند کمرہ میں عزلت گزیں ہو کر یہ پتہ لگاتا ہے کہ دنیا کے اس حصہ کے بارے میں جو اس کا منتہائے نظر ہے زیادہ تفصیل اور صحت اور تعین کے ساتھ کون کونسی باتیں معلوم ہو سکتی ہیں۔ اسے یہ پرواہ نہیں ہوتی کہ اس کے نتائج کیا ہیں، ان سے کون کون سے نقصانات یا فوائد پہونچ سکتے ہیں۔ پھر اسے یہ بھی پرواہ نہیں ہوتی کہ اس کے نتائج اور صدا بند کمروں میں بیٹھ کر داد تحقیق دینے والے سائنس دانوں کے نتائج سے میل بھی رکھتے ہیں یا نہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ نہ اسے ان امور پر غور کرنا چاہیئے اور نہ وہ غور کرتا ہے۔ لہذا ایک ایسے علم کی ضرورت ہے جو مختلف سائنسوں کے نتائج میں ربط اور یکسانیت پیدا کرے۔ یہ کام فلسفہ کا ہے۔ لیکن اس فریضہ کی انجام دہی میں سائنسوں کی تفصیلات سے اعتنا نہیں کیا جاتا بلکہ صرف یہ دیکھا جاتا ہے کہ وہ کن نتائج کو پہونچی ہیں لیکن فلسفہ علوم کا صرف تکملہ ہی نہیں بلکہ مقدمہ بھی ہے سائنسداں جن معطیات سے ابتداء کرتا ہے ان کے متعلق بلا دلیل یہ تسلیم کرتا ہے کہ وہ اس کے ذہن سے بے نیاز موجود ہیں گویا علوم صحیحہ کے بازار میں غیر منقح مفروضات کے سکے چلا کرتے ہیں۔ اب یہ فریضہ فلسفہ کا ہے کہ وہ جعلی اور کھرے سکوں میں تمیز کرے۔ یوں فلسفہ علوم کا دیباچہ بھی ہے اور خاتمۂ کلام بھی۔

اس میں شک نہیں کہ سائنس بھی انہی مسائل سے بحث کر سکتی ہے جن مسائل سے کہ فلسفہ بحث کرتا ہے۔ کیونکہ علم کا بقول رسل کوئی دروازہ ایسا نہیں جو فلسفہ کے لئے کھلا اور سائنس کے لئے بند ہو، لیکن سائنس داں کا ایسی صورت میں سائنس داں سے بڑھ کر کچھ اور ہونا لازم ہو جاتا ہے اور یہ کچھ اور ہونا فلسفی ہونا ہے۔

حاصل کلام یہ کہ فلسفہ کائنات کے متعلق ایک جامع و مانع نظریہ ترتیب دیتا ہے ایسے نظریہ کے لئے جہاں علوم صحیحہ کے حاصل شدہ نتائج کی ضرورت ہے وہیں بعض ایسی چیزیں بھی درکار ہیں جو علوم صحیحہ کے دائرہ سے باہر ہیں مثلاً تاریخ، سوانح عمریاں، فنون لطیفہ، اور عام اخلاقی و مذہبی عواطف وغیرہ۔

یہی وجہ ہے کہ فلاسفہ جامع العلوم عقلاء ہوا کرتے تھے اور ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ کانٹ کے بعد کے زمانہ میں فلسفہ کی یہ خصوصیت کچھ معرض خطر میں پڑ گئی تھی لیکن بیسویں صدی میں وہ پھر سے بحال ہو گئی ہے۔

میں نے اوپر یہ بتلایا ہے کہ فلسفہ کے معنی سوچنے کے ہیں اس سلسلہ میں ایک بات یہ بتانی ضروری ہے کہ ہر سوچنے والا انسان فلسفی نہیں ہوتا۔ یہاں اگر میں اے۔ ایس۔ رابو پورٹ کی ایک مثال نقل کروں تو یہ امر نہایت پوری طرح واضح ہو جائے گا۔ وہ کہتا ہے کہ "ایک متوسط درجہ کا ذی فکر انسان جو حسی مسرتوں کا شکار یا مادی لذتوں میں مبتلا نہ ہو ایک حد تک فلسفیانہ نظر سے کام لیتا ہے اور کم و بیش ایک فلسفی ہوتا ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص کبھی کبھی اپنی بگڑی ہوئی گھڑی کو درست کر لیا کرے تو ہم اس کو گھڑی ساز نہیں کہہ سکتے، اسی طرح ایک ایسے شخص پر بھی فلسفی کا اطلاق نہیں ہو سکتا جو کبھی کبھی سوچتا، تحقیق و تدقیق کرتا، اور اشیاء کے متعلق نہ صرف چند ذاتی خیالات رکھتا ہو بلکہ انھیں یقینی بھی جانتا ہو۔" تو پھر فلسفی کون ہو سکتا ہے، یہ ایک سوال ہے۔ اس کا جواب فیثا غورث کے لفظوں میں یہ ہے کہ فلسفی وہ ہے جس نے "مطالعۂ قدرت اور انکشاف راز ہستی کو اپنا مقصود حیات قرار دے لیا ہے" گویا ہم فلسفی اسکو کہیں گے جس نے اپنی عمر اشیاء اور تصورات کی ماہیت خیر، جمال اور حق کی تحقیق کے لئے وقف کر دی ہے ایسا شخص لازماً اس شخص کے مقابلہ میں زیادہ وسیع معلومات رکھے گا جو کبھی کبھی غور کرتا ہے۔

فلسفہ کے اجزائے ترکیبی یہ ہیں:—

(۱) تجربہ (۲) عقل (۳) وجدان اور (۴) ضمیر۔ سائنس بھی چونکہ عقل اور تجربہ کی رہنمائی میں کام کرتی ہے لہذا اس کو اور فلسفہ دونوں کو مجموعاً عقلیات کہا جاتا ہے۔ لیکن اس سے یہ قیاس نہیں کرنا چاہیئے کہ وہ دونوں ایک ہیں سائنس زیادہ تر ٹھوس فایدے بہم پہونچاتی ہے وہ ہوائی جہاز اور ریڈیو کے ذریعہ انسانی آسائشوں میں اضافہ کرتی ہے لیکن فلسفہ سے ایسا کوئی ٹھوس فایدہ متصور نہیں۔ اس کے علاوہ ادب اور فنون لطیفہ سے ہماری روح میں بالیدگی پیدا ہوتی ہے۔ برعکس اس کے فلسفہ اپنی پشت پر ایک بے پناہ خشکی کو لئے ہوئے ہے۔ اسی لئے کہا جاتا ہے کہ فلسفہ جواری کی امیدوں کی طرح لاحاصل اور ساہوکار کے دماغ کی طرح خشک ہے۔ بہ الفاظ دیگر یہ کہ بے سود

اور بے ضرر کاوشوں کے مجموعہ کا نام فلسفہ ہے۔ یہ الزام غیر فلسفیانہ طبقوں میں کتنا ہی وزنی اور مقبول کیوں نہ ہو حقیقت میں ایک غلط فہمی پر مبنی ہے۔ وہ غلط فہمی یہ ہے کہ فلسفہ ہماری اغراض قریبہ سے نہیں بعیدہ سے تعلق رکھتا ہے۔ پیٹ میں جب تک دو لقمے نہ ہوں تب تک عشق اور فلسفہ کی بہت کم سوجھتی ہے۔ جب معاش کی طرف سے اطمینان ہو جاتا ہے تو انسان کی نظر غذائے روحانی پر پڑتی ہے کیونکہ بقول رسل "افلاس اور امراض کا تا بہ حد امکان ازالہ ہو چکا ہوتا تب بھی ایک قابل لحاظ مدنیت کے پیدا ہونے میں بہت سے اور مراحل باقی ہوتے" اور کون کہہ سکتا ہے کہ یہ مراحل روحانی نہیں یا یہ کہ ان کو قطع کرنے کے لئے فلسفہ کا رہبر درکار نہیں۔

فلسفہ اور سائنس کے تعلقات ہمارے زمانہ میں بہت خوشگوار ہیں۔ رسل، ڈریخ، وہائٹ ہیڈ، الیگزینڈر، ایڈنگٹن، اسمٹس، برگسان، جینس، لائڈ مارگن، ریڈ، ناتھراپ وغیرہ جیسے لوگوں کی مساعی سے یہ تعلقات اور خوشگوار تر ہوتے جا رہے ہیں۔ اور اس کی ضرورت بھی ہے۔ سائنس سے الگ ہو کر فلسفہ شاعری یعنی بے قید تخیل سے زیادہ نہیں رہتا علیٰ ہذا فلسفہ سے بے نیاز ہو کر سائنس ایک ایسا مجموعہ بن جاتی ہے جس میں ترتیب، ربط، اور نظم نام کو نہیں۔ فلسفہ کا ہر قدم سائنس کے لئے اور سائنس کا ہر قدم فلسفہ کے لئے ایک تقویت بخش دوا کا حکم رکھتا ہے۔

فلسفہ اور سائنس چونکہ انسان کی عقل سے تعلق رکھتے ہیں اس لئے ان کو مذہب والے عموماً اچھی نظروں سے نہیں دیکھتے۔ فلسفہ کے متعلق ایک کہاوت ہے کہ فلسفی شیطان کا چرخہ ہے اور فلسفہ اس کا سوت۔ لیکن یہ نرا تعصب ہے سائنس حکمیاتی قوانین کے ذریعہ واقعات کی کٹھریاں بناتی ہے۔ اور فلسفہ ان قوانین کو ملاتا اور ان پر تنقیدی نظر ڈالتا ہے۔ گویا دونوں عقل کی مشعل سے اپنا راستہ ٹٹولتے ہیں۔ مذہب کا تعلق عقل سے نہیں جذبات سے ہے۔ وہ سراسر ایک جمالی چیز ہے۔ اب اس میں ایک عنصر منطقی جو پایا جاتا ہے اس کی حیثیت عقلی توجیہ کی ہے یعنی ہم اپنے عقائد کی تائید میں دلائل وضع کرتے ہیں نہ کہ دلائل کی وجہ سے عقاید کی تائید کرتے ہیں۔ لیکن اس چیز کا ہمیں شعور نہیں ہوتا۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہم جو کچھ مانتے ہیں بربنا عقل مانتے ہیں اسی لئے جب فلسفہ ایسے نظریات ترتیب دیتا ہے جو مذہب کے نقطۂ نظر سے ناپسندیدہ یا ناگوار ہوتے ہیں تو فوراً محراب و منبر سے صدائے احتجاج بلند ہوتی ہے کہا جاتا ہے کہ فلسفہ الحاد کی طرف منجر ہے۔ حالانکہ فلسفہ نہ مذہب کا دوست ہے اور نہ دشمن۔ نہ وہ مذہبی حقایق کو بہ دلایل غلط ثابت کر سکتا ہے اور نہ یہ کہ انھیں صحیح منوا سکتا ہے۔ مذہب اور فلسفہ دونوں کی راہیں مختلف ہیں اور مختلف بھی اتنی کہ کسی جگہ متقاطع ہونے کی کوئی توقع نہیں۔ اکبر الہ آبادی کے بیشتر اعتراضات اسی غلط فہمی پر مبنی ہیں۔ کلام یعنی الٰہیات کو فلسفہ سے کوئی تعلق نہیں وہ مذہب کی تائید عقلی دلایل سے کرتی ہے اس لئے وہ بھی اسی سوء فہمی کی پیداوار ہے[1]۔

---

[1] پروفیسر باری ندوی نے مذہب و عقلیات میں اور پروفیسر وہائٹ ہیڈ نے نفسیات مذہب میں اس نقطۂ نظر کی قابلیت سے حمایت کی ہے۔

فلسفہ کے خلاف صرف یہی ایک اعتراض نہیں اور بھی کئی اعتراضات ہیں۔ بعض تو باقاعدہ دشمن ہیں۔ اور بعض بے قاعدہ بے قاعدہ دشمن فلسفہ کا مضحکہ اُڑاتے ہیں فلسفہ چونکہ معمولی معمولی چیزوں پر شک کرتا ہے اور معمولی چیزوں پر یا تو فلسفی شک کرتا ہے یا بے وقوف۔ اس لئے فلسفہ کے بے قاعدہ دشمن فلسفی اور بے وقوف میں کوئی تمیز نہیں کرتے۔ وہ فلسفی یا بیوقوف کے الفاظ کو مترادف سمجھ بیٹھتے ہیں۔ ارسٹوفین اور مولیئر اسی قسم کے بے قاعدہ دشمنوں سے ہیں۔ اول الذکر نے "بادل" نامی تمثیل میں اور موخر الذکر نے "نکاح بالجبر" نامی ڈرامہ میں فلسفیوں کو دل کھول کر برا بھلا کہا ہے[1]۔ لیکن یہ بے قاعدہ دشمن اتنے خطرناک نہیں جتنے کہ باقاعدہ دشمن خطرناک ہیں۔

ان باقاعدہ دشمنوں میں کئی قسم کے لوگ شامل ہیں۔ بعض جو کنارِ آب رکنا باد و گلگشت مصلّٰی کے شیدائی ہیں وہ معمۂ کائنات کی بلندی اور انسانی ذہن کی پستی کو دیکھ کر یہ مشورہ دیتے ہیں کہ:-

حدیث از مطرب و مے گو زرازِ دہر کمتر جو
کہ کس نکشود و نکشاید بحکمت ایں معما را

اور بعض جو یہ جانتے ہیں کہ انسان "شجر ممنوعہ" کا بے حد شایق واقع ہوا ہے، وہ فلسفہ کے اُلجھے ہوئے استدلال کو ہدفِ ملامت بناتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ

فلسفی سرِ حقیقت نتوانست کشود
گشت رازے دگر آں راز کہ افشا می کرد

مگر ہر وہ راہ فلسفہ جانتا ہے کہ ہر وادی وادیٔ ایمن نہیں ہوتی اس لئے سفرِ شوق میں نازکِ مزاجی حرام ہے مشکلیں جتنی بڑھتی ہیں اتنی ہی عزم میں اُستواری پیدا ہوتی ہے یہ انسانی فطرت ہے چنانچہ اس قسم کے اعتراضات پر کبھی سنجیدگی سے کسی نے غور نہیں کیا۔ البتہ جب کہا گیا کہ "ہم کو ضرورت صرف مظاہرے کی ہے شاہدہ کی ہے ان کی تعبیر درکار نہیں" (ایجابیت) تو لوگ بے شک چونکے ہوئے۔ اب چور دروازہ کی راہ ایک شک نمودار ہوا۔ ان فلسفہ کے دماغ میں گھسا انھوں نے سوچا کہ واقعی فلسفہ نے ڈھائی ہزار سال کے عرصہ میں کچھ حاصل نہیں کیا۔ اس کا مقصد متعین ہوا نہ منہاج اس پر ان کی زبان سے بے ساختہ نکلا "فلسفہ مُردہ باد!"۔

ان کے بعد بعض اصحاب اور ایسے نمودار ہوئے جنھوں نے کہا کہ فلاسفہ کا کوئی مذہب ہو یا نہ ہو وہ ایک مکمل نظام ضرور

---

[1] فلسفہ کی طرف سے بدظنی آج دنیا میں بے حد عام ہے فلسفی کو اس بڈھے گدھ سے تشبیہ دیجاتی ہے جو ایک سرسبز جنگل اور شاداب موسم میں ایک اُلٹے مُنڈے درخت پر آنکھیں بند کئے بیٹھا ہے۔ قاضی عبدالغنی بھی کبھی کبھار گرمیٔ گفتار کے اظہار کے لئے فلسفہ پر فقرے کس جاتے ہیں مگر وہ یہ بھول رہے ہیں کہ شوخ نگاری لیلیٰ کے خطوط اور سرراہے کے کالموں ہی میں بھلی لگتی ہے یعنی اس دائرہ کے باہر اسکی حیثیت "گینڈے کی کلیل" سے زیادہ نہیں۔

ترتیب دیتے ہیں۔ اور اس نظام کو دنیا پر منطبق کرتے ہیں لیکن نظام تو فلسفی کے ذہن سے باہر کوئی حقیقت نہیں رکھتا اس کا اطلاق کسی پر نہیں ہوتا۔ اگر مظاہر کا مشاہدہ کیا جائے اگر ان میں ترتیب اور ربط پیدا کیا جائے، اگر ان سے ضوابط اخذ کئے جائیں تو یہ ضوابط نہ صرف مظاہر پر منطبق ہوں گے بلکہ ان مظاہر کی طرح اور مظاہر کی پیش بینی کو بھی ممکن بنائیں گے۔ لیکن اگر آپ اپنے صوفہ میں اطمینان سے دراز ہوں۔ لطیف اور خوشبودار سگریٹ سے شغل کر رہے ہوں اور سائنسوں کے نتائج کی موجودگی میں کائنات کی ماہیت پر غور فرما رہے ہوں تو آپ کے نتائج صرف ایک ماہر نفسیات کے لئے دلچسپ ہو سکتے ہیں وہ حقیقت کے متعلق تو کچھ نہیں کہتے البتہ آپ کے متعلق بہت کچھ کہتے ہیں۔ یہ اعتراض آلڈوس ہکسلے وغیرہ کا ہے۔

ان کے بعد ایک ٹکڑی اور آئی۔ اس نے کہا کہ فلسفہ کے تھیلے میں حقیقی فلسفیوں کی بام مچھلیاں اور زبردستی کے فلسفیوں کے سانپ اتنے ملے جلے ہوئے ہیں کہ ایک شخص کے لئے ان میں تمیز کرنا سخت دشوار ہے۔

ان کے بعد ایک طبقہ سے یہ بھی ندا اٹھی کہ قوم کے بچوں کو تعلیم صرف ان علوم کی دینی چاہیئے جو کسب معاش اور تنازع للبقا میں مفید ہوں نظری۔ ریاضیات، تاریخ، فلسفہ، السنۂ قدیمہ وغیرہ کی تعلیم ہمارے تنور شکم کے لئے روٹی کا ایندھن مہیا نہیں کر سکتی۔ تعلیم کا مقصد پہلے پیٹ پالنا ہے اور بس۔

یہ اعتراضات میرے خیال میں اہم ترین اعتراضات ہیں۔ اور فلسفہ میں جو شخص بھی قلم اٹھائے وہ ان سے اعراض یا اغماض نہیں برت سکتا۔ پس مجھے بھی اپنی سکت بھر کوشش کرنی چاہیئے۔

(باقی) مرزا محبوب بیگ

"نگار" کے پرانے پرچے

نگار کے مندرجۂ ذیل پرچے دفتر میں موجود ہیں جن کی دو دو تین تین کاپیاں دفتر میں رہ گئی ہیں جن اصحاب کو ضرورت ہو طلب کر لیں قیمتیں وہی ہیں جو سامنے درج ہیں:۔

(۲۲ء) ستمبر ۴ر۔ (۲۶ء) جنوری۔ جون۔ نومبر ۵ر فی پرچہ۔ (۲۷ء) اپریل۔ مئی و جون ۴ر فی پرچہ۔ (۲۹ء) دسمبر ۵ر۔ (۳۰ء) مئی ۴ر۔ نومبر ۵ر۔ (۳۱ء) جولائی تا دسمبر ۴ر فی پرچہ (۳۲ء) فروری تا دسمبر (علاوہ اپریل) ۴ر فی پرچہ۔ (۳۳ء) فروری۔ جولائی و اکتوبر ۴ر فی پرچہ۔ (۳۴ء) مارچ ۴ر (۳۵ء) نومبر ۵ر۔ (۳۶ء) فروری۔ مارچ۔ اپریل۔ جون۔ جولائی۔ اکتوبر۔ نومبر۔ دسمبر ۵ر فی پرچہ (۳۷ء) مارچ۔ اپریل۔ مئی۔ جون۔ جولائی۔ اگست۔ اکتوبر نومبر و دسمبر ۸ر فی پرچہ۔

مینجر نگار

حب وطن

جنوری کا مہینہ تھا آسمان پر ابر چھایا ہوا تھا، ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی اور کہیں کہیں برف باری ہو جانے کی وجہ پارہ بہت نیچے درجے تک پہونچ گیا تھا، گاؤں کی کچی اور ناہموار سڑک پر کئی آدمی ایک جنازہ لئے جا رہے تھے جس پر ایک سفید چادر پڑی تھی

جنازے کے ہمراہ ایک نوجوان تھا اُس کی عمر کوئی پچیس سال کی ہوگی وہ ایک رکشا کھینچ رہا تھا اُس میں دو مسن بیٹھے تھے اُن کا چہرہ اُترا ہوا تھا اور بدن ایک موٹے کمبل سے لپٹا ہوا تھا

یہ جنازہ اُن کی ماں کا تھا اور جو رکشا کھینچ رہا تھا وہ اُن کا باپ تھا، رات کو جب اُن کی آنکھ کھلی تو دیکھا کہ اُن کا مختصر مکان لوگوں سے بھرا ہے ماں کی قوت گویائی سلب ہو چکی ہے اور باپ اُس کا ہاتھ پکڑے بستر پر بیٹھا رو رہا ہے

بعد ازاں باپ نے بغیر کچھ کہے بچوں کے رخسار چومے اور اُن کو رکشے میں بیٹھا لیا اُنھوں نے سوچا کہ وہ حسب سابق سیر کے لئے جا رہے ہیں لیکن اور دنوں کی طرح باپ کے چہرے پر تازگی نہ تھی وہ خاموشی سے نیچی نظریں کئے رکشا کھینچ رہا ہے یہ منظر دیکھ کر اُن کا دل بھر آیا

چلتے چلتے وہ لوگ گاؤں کے باہر پہونچ گئے اب اندھیرا ہو چلا تھا اور اُن کو نیند آ رہی تھی

اُنھوں نے آنکھیں کھول کر دیکھا وہ ایک مندر میں چٹائی پر لیٹے ہیں، پھر رکشا میں بیٹھ کر وہ گھر لوٹ آئے ——— آہا گھر ——— ! لیکن ماں کہاں ہے چھوٹا بچہ ماں کو نہ پاکر رونے لگا سورج کی کرنیں کمرے میں چمک رہی تھیں کھڑکی کے پاس باپ کھڑا تھا اور اُس کی آنکھوں میں آنسو تھے

(۲)

فروری کا اختتام تھا آسمان صاف اور ہوا بڑی خوشگوار چل رہی تھی برآمدے کے سامنے والے مختصر باغ میں رنگ برنگ کے پھول کھلے تھے اور اُن کی مہک اطراف میں پھیل رہی تھی

رکشا اسٹینڈ پر چمکتی ہوئی گاڑیاں ایک قطار میں کھڑی تھیں، رکشا کھینچنے والے پاس بیٹھے تمباکو پی رہے تھے اور

کچھ گپ بازی میں مشغول تھے کہ ناگہاں دور سے گھنٹے کی آواز آئی اور ایک شخص "خبر!" "خبر!" چلاتا دوڑا ہوا آیا سب دیوانہ وار "خبر" خریدنے کے لئے ٹوٹ پڑے دو دو پیسے میں سب نے ایک کاغذ خرید لیا سڑک پر اچھی خاصی بھیڑ ہو گئی

اعلان کیا گیا کہ سب کو لڑائی پر جانا ہوگا صرف بیوہ ماں کا اکلوتا بیٹا، مریض اور عورتیں جنگ میں شریک نہیں ہو سکتیں اُن کے سوا ہر ایک کو جنگ میں حصہ لینا ہوگا، اُس کے زیر غور اب یہ سوال تھا کہ اُس کے معصوم بچوں کی نگہداشت کون کریگا اگر وہ ان معصوموں کو کسی کے سپرد کر دے تو کیا وہ بیفکری سے جنگ میں شریک ہو سکتا ہے

وہ تمام دن کوچہ بہ کوچہ دربدر ٹھوکریں کھاتا پھرا لیکن کوئی نتیجہ نہ نکلا کسی نے بچوں کی کفالت منظور نہ کی دوسرے دن چھوٹے بچے کو پیٹھ پر باندھ کر اور بڑے دو بچوں کو رکشا میں بیٹھا کر وہ سڑک پر اس نیت سے گھومنے لگا کہ آج وہ اپنے بچے ہمیشہ کے لئے کسی کو دیدیگا، لیکن کون لے؟ سب کو اپنی اپنی پڑی تھی کسی نے اُس کی امداد نہ کی

(۳)

اُسے فوج میں اپنا نام لکھوانا ہوگا ورنہ قید سخت کی سزا بھگتنی پڑے گی یا مجمع عام میں کُتے بلّی کی طرح بندوق سے مار دیا جائے گا کتنی شرم اور ذلت کی بات ہے یہ سوچکر وہ لرز گیا

پھر وہ آہستہ بستر سے اُٹھا تینوں بچے سو رہے تھے لمپ کی روشنی اتنی مدہم تھی کہ اُسے اپنے بچوں کے چہرے صاف نظر نہ آتے تھے تاہم اُسے اچھی طرح یاد تھا کہ بڑا چھرا کہاں ہے۔

ہاں وہ چھرا ـــــ اُس کا بچپن کا ساتھی جس سے اُس نے کتنے ہی جنگل صاف کئے تھے کتنے ہی چوروں کی جانیں لی تھیں، ٹامکچی نے اُس کی دھار دیکھی ہنوز دھار خراب نہ ہوئی تھی لیکن کسی کسی جگہ زنگ لگ گیا تھا تھوڑا اور تیز کرلیں ٹھیک ہوگا، چنانچہ اُس نے ہتھیار تیز کرنے کا پتھر اُٹھایا

پتھر پر چھرا گھسا جانے لگا اُس نے لمپ کی مدہم روشنی میں ایک بار بچوں کے چہرے کی طرف دیکھا کتنی گہری نیند تھی ـــــ صرف سانس لینے کی آواز آرہی تھی

دور مندر کے گھنٹے نے بارہ بجائے کتنی خوفناک آواز تھی ایک بچے نے کروٹ لی اُس کا ہاتھ کمبل سے باہر ہو گیا باپ بچوں کے سرہانے بیٹھا تھا کہ یکایک لمپ گل ہو گیا

تاریکی ـــــ خوفناک تاریکی ایسی تاریکی جہاں بینائی کچھ کام نہ کر سکے، پہلے چھوٹے بچے کو ـــــ! بالفرض وہ جاگ جائے اور چلا اُٹھے تو اُس کی آواز سے دونوں بچے بیدار ہو سکتے ہیں پھر یہ ظالم محبت مرے ارادے میں مجھے کامیاب نہ ہونے دے گی

آہ کتنی چھوٹی گردن ہے ـــــ کتنی نازک! لیکن مجھے علم ہے کہ کس جگہ ضرب لگانے سے مرے معصوم

کو زیادہ تکلیف نہ ہوگی

پھر منجھلے کو ——— بعجلت ——— ! ابھی ہاتھوں میں قوت ہے بڑا جاگ اُٹھا کیا ؟ نہیں تو وہ چین سے سو رہا ہے اور یہی مری مرنے والی کی آخری یادگار ہے ابھی کی بات ہے وہ نام رکھائی کے دن بچے کو اُس کی ماں کی گود میں دیکر مندر میں گیا تھا وہاں اُس کے بازو پر ایک تعویذ باندھا گیا تھا تاکہ وہ نیکنام اور خوش بخت ہو لیکن

——— آج ——— ؟ آہ ——— !

اُس کا ہاتھ کانپ گیا پیشانی سے پسینے کی بوند ٹپک کر چھرے کے قبضہ پر گری چھرا ہاتھ سے چھوٹتے چھوٹتے بچا، کیا یہ ہاتھ اپنا کام انجام نہیں دیسکے گا اتنا کمزور ہے، ہرگز نہیں !

قربانی ختم ہوئی اُس نے لاشوں کو کمبل میں لپیٹ کر رکشا میں رکھا پھر رکشا کھینچکر سڑک پر آیا

کچھ دن پہلے وہ اسی راہ سے گزرا تھا اُس روز اُس کی آنکھوں میں آنسو تھے لیکن آج اُس کی آنکھوں میں آنسو نہ تھے اُس روز اپنا کہنے کے لایق سب کچھ تھا ——— لیکن آج کچھ بھی نہیں صرف اپنا وطن ہے ——— اور اُس کی محبت

اُس وقت رات کا پچھلا پہر تھا پہاڑوں میں ڈوبتے ہوئے چاند کی مدہم روشنی میں اُس نے تینوں بچوں کو اُنکی ماں کی پائنتی مٹی میں سلا دیا اور پھر اُن کی قبروں پر تاڑ کے چھوٹے پودے لگا دئے

بچے کتنے آرام سے سو رہے ہوں گے کاش اُسے بھی اُن کے قریب جگہ مل سکتی لیکن اُس کے لئے تو جنگ کے خوفناک دیو نے منہ پھیلا رکھا ہے وہاں اُسے آرام ملے گا یہاں اُس کے لئے جگہ نہیں چلو ٹاکیچی ——— چلو یہاں نہیں

اُس نے گھٹنے ٹیک کر ایک بار پرماتما کی یاد کی

(۴)

اُسوقت پو پھٹ رہی تھی جب وہ مندر میں داخل ہوا زینے کے نیچے پتھر کے ایک حوض میں پانی بھرا تھا دیوتا کے درشن کر کے گنہگار اُس پانی سے اپنے گناہ دھو ڈالتے ہیں چنانچہ اُس نے بھی اس پانی سے اپنے ہاتھ دھو ڈالے

ہاتھ دھو کر پوجاری کے پاس آکھڑا ہوا پھر کامل واقعات مفصل بیان کر دئے اور کہا کہ "اس دنیا میں میرے سر کسی کی ذمہ داری نہیں ہے، اب میں اطمینان سے وطن کے لئے جان دوں گا مندر کے دوار پر میرا ایک رکشا رکھا ہے اُسے بھی آپ لے لیجئے اب میں فقیر ہوں"

یہ کہہ کر وہ مندر سے سر جھکائے نکل گیا

(۵)

مارچ کا مہینہ تھا سارا گاؤں جنگ پر جانے کو تیار تھا دس ہزار جھنڈوں پر سورج کی کرنیں چمک رہی تھیں،

سڑک پر بھی کثیر ہجوم تھا لیکن قلعے کے پھاٹک کے سامنے اور زیادہ ہجوم تھا
بگل بجا سپاہیوں کے نام پکارے جانے لگے
"ٹاکیچی حاضر ہے ؟"
"حاضر ہے ——"

مسرت اور غرور کے نشے میں سرشار فوج نعرے لگاتی نکل گئی لیکن سب سے زیادہ خوشی ٹاکیچی کو تھی
خونی —— ؟ ہاں دوسروں کی نظروں میں وہ خونی ہو سکتا ہے لیکن وہ اپنے ہم وطنوں کی نظروں میں اپنے وطن کے لئے سب کچھ قربان کر دینے والا سپاہی ہے حتیٰ کہ اپنا کہنے کے لایق اُس نے کچھ رکھا نہیں۔

دور پہاڑ کے دامن میں تاڑ کے درخت کے نیچے جہاں چند مٹے ہوئے قبروں کے نشان ہیں ایک پوجاری رہتا ہے وہ تعویذ دیتا ہے جن کو بازو پر باندھنے سے وطن کی محبت دل میں بڑھ جاتی ہے
وہ تعویذ اپنے ہاتھ سے بناتا ہے جو ایک روپہلے دھاگے میں لپٹے ہوئے چند خون لگے کمبل کے ٹکڑے ہوتے ہیں ——!

(چینی افسانہ) تقی علی یاسمی

نگار کے خاص نمبر

نگار اپنی علمی۔ ادبی و تنقیدی خصوصیات و ندرت کے لحاظ سے تمام رسائل میں جو ممتاز حیثیت رکھتا ہے اُس سے قطع نظر اُسکے خاص نمبر جو صرف ایک موضوع پر شایع ہوتے ہیں اسقدر جامع اور مکمل ہوتے ہیں کہ اپنے بعد اُس موضوع پر دوسری کتاب کے مطالعہ سے بے نیاز کر دیتے ہیں۔ دفتر میں مندرجۂ ذیل خاص نمبر بہت کم تعداد میں رہ گئے ہیں۔ اگر اب تک آپ نے انکا مطالعہ نہیں کیا تو اب طلب فرمایئے۔

جنوری ۳۲ء (غالب نمبر) یعنی غالب کا اُردو و فارسی نظم و نثر کا وہ کلام اور لطائف جو کسی یکسی نہج سے اُسکی شوخ نگاری و بذلہ سنجی کے آئینہ دار ہیں جو لوگ مرزا غالب کو صرف یاس پسند شاعر کہتے ہیں وہ دیکھیں کہ غالب شوخ نگاری میں بھی اپنے زمانہ میں سب پر غالب رہا۔ اس میں مرزا غالب کی سہ رنگی تصویر بھی شامل ہے۔ اصل قیمت عہ ر رعایتی ۱۲ر

جنوری ۳۵ء (اُردو شاعری) اُردو شاعری کی تاریخ اور اُسکی عہد بہ عہد ترقی پر زبردست تبصرہ۔ ہر زمانہ کے مشاہیر شعراء کا انتخاب کلام۔ اس رسالہ کو دیکھنے کے بعد آپ کو اُردو شاعری پر کسی کتاب اور تذکرہ دیکھنے کی ضرورت باقی نہیں رہیگی۔ قیمت عہ ر علاوہ محصول۔

جنوری ۳۶ء (ہندی شاعری) ہندی شاعری کی تاریخ اُسکے تمام ادوار پر تبصرہ اور ہندی کے مشہور شعراء کا انتخاب کلام معہ ترجمہ درج ہے قیمت علاوہ محصول عہ ر۔ جنوری ۳۷ء (امامت و خلافت۔ ڈرامہ اصحاب کہف نمبر) مسئلہ امامت و خلافت ایک آزاد خیال شیعی کے قلم سے اور ڈرامہ مولانا نیاز کے قلم سے

قیمت علاوہ محصول عہ ر منیجر نگار

یہی موجودہ جرمنی کے ڈکٹیٹر اڈولف ہٹلر (Adolph Hitler) کا باپ تھا

ہٹلر کے دادا نے، ہٹلر کے باپ کے پیدا ہونے کے ۵ برس کے بعد ہٹلر کی دادی سے شادی کی مگر ہٹلر کے باپ نے اپنا خاندانی نام اپنی ماں کے خاندانی نام یعنی شکلگرؔ ہی پر رکھا۔ ۴۰ برس کی عمر تک ہٹلر کا باپ قانوناً اپنے والدین کی ناجایز اولاد ہی قرار دیا گیا۔ چالیسویں برس کہیں جاکر وہ قانوناً جایز اولاد بنا اور اُسوقت اُس نے اپنا نام الوئی ہٹلرؔ رکھا

"ہڈلر" کے "ہٹلر" ہوجانے کی وجہ یہ ہے کہ جس مقام پر ہٹلر کے باپ، دادا رہتے تھے وہاں کے کسان عموماً جاہل ہوتے ہیں اور صحیح تلفظ ادا نہیں کرسکتے۔ اس لئے رفتہ رفتہ "ہڈلر" "ہٹلر" بن گیا مگر ہٹلر کی بہن اب بھی اپنے آپ کو پالا ہڈلر لکھتی ہے

ہٹلر کے باپ نے تین شادیاں کیں۔ اس کی پہلی بیوی جس کا نام انا گلاسل۔ ہورر (Anna Glasl Horer) تھا، اپنے شوہر سے چودہ برس بڑی تھی مگر تھی دولتمند، چنانچہ اُس نے ہٹلر کے باپ کو جو اُس زمانہ میں موچی کا پیشہ کرتا تھا، ایک اسکول میں پہلے تو تعلیم کے لئے بھجوایا اور پھر کچھ رشوت وغیرہ دے کر اُسے آسٹریا کی سول سروس میں ایک جگہ بھی دلوادی۔ یہ ۱۸۸۳ء میں مرگئی مگر ہٹلر کے باپ نے صرف ۶ ہفتہ اس کا غم منا کر ایک دوسری عورت فرانزسکا میزلنبرگر (Franziska Matzelsberger) سے شادی کرلی لیکن یہ بھی ایک سال بعد مرگئی۔ اب کی مرتبہ ہٹلر کے باپ نے تین ہی مہینے کے بعد اپنی ایک دور کی بہن کلارا پوٹلزل (Clara Pötzl) سے (جو اُس سے ۲۳ برس چھوٹی تھی) شادی کی۔ یہ کلارا، ہٹلر کی ماں تھی۔ شادی کے چار برس کے بعد براؤناؤ کے مقام پر ۲۰ اپریل ۱۸۸۹ء کو وہ بچہ پیدا ہوا جس کی قسمت میں آگے چل کر، نازی پارٹی کا پیشوا، جرمن فوج کا سپہ سالار، جرمنی کی تیسری پارلیمنٹ کا بانی، صدر، چنسلر اور جرمن قوم کا لیڈر بننا مقسوم ہوچکا تھا

جب ہٹلر، چھ برس کا تھا تو اس کی ماں کے سرطان ہوگیا اور وہ بھی دس برس تک اسی مرض میں مبتلا رہکر ۱۹۰۵ء میں مرگئی

اڈالف ہٹلر کو اپنی ماں سے بہت زیادہ محبت تھی، اور کہا جاسکتا ہے کہ یہی ایک خوش نصیب عورت ایسی تھی جس سے ہٹلر کو انس تھا ورنہ ہٹلر کو اس صنف سے مطلق دلچسپی نہیں ہے۔ چنانچہ ہٹلر کے مزاج پر بھی بجائے باپ کے ماں کا بہت گہرا اثر پڑا ہے اور اگر ہٹلر اور اُس کے باپ کا مقابلہ کیا جائے تو دونوں میں زمین آسمان کا تفاوت نظر آئے گا۔ ہٹلر کا باپ پکا شرابی تھا، اور ہٹلر کے ہاتھوں نے کبھی اس کو چھوا بھی نہیں، ہٹلر کے باپ نے تین تین شادیاں کیں، ہٹلر نے کبھی کسی عورت سے محبت ہی نہیں کی۔ حقیقت یہ ہے کہ ہٹلر اپنے جذبۂ اولوالعزمی کے لئے اپنی ماں کا زیر بار احسان ہے۔ خود اس کی ماں چاہتی تھی کہ اس کا لڑکا، اپنے باپ سے مختلف ہو۔ اُسی نے ہٹلر کو مصوری سیکھنے پر بھی آمادہ کیا۔ مگر ہٹلر کا باپ ہٹلر کو بہت کاہل سمجھتا تھا اور اکثر اُسے مارتا تھا

ہٹلر کی ایک حقیقی بہن بھی ہے جس کا نام پاؤلا ہے۔ یہ ۱۸۹۷ء میں پیدا ہوئی اور ابھی تک اس نے شادی نہیں کی۔ وہ آج کل ویانا میں گمنامی کی زندگی بسر کر رہی ہے۔ ویانا کے نازیوں نے اُس کو عروج دینا چاہا تھا مگر وہ اس کے لئے تیار نہیں ہوئی

ہٹلر کی ایک حقیقی خالہ بھی زندہ ہے جو اسپائٹل میں رہتی ہے اور اس کے دو لڑکے بھی ہیں۔ مگر یہ پورا خاندان بہت مفلس ہے اور ہٹلر کو کسی سے کوئی دلچسپی نہیں

ہٹلر بحیثیت ایک انسان کے

ہٹلر ایک بے وقوف، اُلجھی ہوئی، تضاد پسند فطرت کا حامل ہے لیکن انہیں صفات میں اسکی طاقت و ہیبت کا راز مضمر ہے۔ کروروں جرمن ایسے ہیں جو اسے قابل پرستش ہستی سمجھتے ہیں اور اس کا نام ان کے دلوں میں محبت، خوف اور قومیت کا ایک طوفان بپا کر دیتا ہے، مگر اسی کے ساتھ بہت سے جرمن ایسے بھی ہیں جو اُسے ایک کمزور، مضحکہ خیز باتیں بگھارنے والا انسان سمجھتے ہیں

ہٹلر کا تخیل بھی بہت پست معلوم ہوتا ہے۔ اُس نے جو تصویریں ایک زمانہ میں کھینچی تھیں ان میں کوئی خوبی نہیں پائی جاتی

ہٹلر کا زمانۂ تعلیم بھی بہت مختصر رہا ہے۔ وہ اب بھی کچھ نہیں پڑھتا ہے بلکہ غالباً اُس نے صلحنامۂ ورسیلز کا بھی پوری طور سے مطالعہ نہیں کیا۔ پڑھے لکھے آدمی اُسے پسند نہیں۔ اگر اُس کے عہد شباب کو جو اُسنے آسٹریا میں بسر کیا تھا نکال دیا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ وہ جرمنی سے باہر کہیں نہیں گیا (بجز اس کے کہ دوران جنگ میں البتہ کچھ عرصہ تک باہر رہا اور ۳۴ء میں ایک مرتبہ مسولینی سے وینس میں ملنے گیا) وہ تھوڑی سی فرانسیسی زبان کے علاوہ کوئی دوسری غیر ملکی زبان بھی نہیں بولتا۔ وہ کسی بات کا فیصلہ بھی جلد نہیں کر پاتا

غیر ملکی نمایندے یا اخبار والوں سے وہ ملتا ضرور اچھی طرح ہے مگر خود انھیں سوال کرنے کا بہت کم موقع دیتا ہے۔ وہ خود ہی بولتا رہتا ہے اور اس طرح گویا وہ ایک "جلسۂ عام" میں گفتگو کر رہا ہے

ایک زمانہ میں کہا جاتا تھا کہ وہ بہت وفادار شخص ہے بلکہ مذاقاً یہ مشہور ہو گیا تھا کہ وہ ان تین چیزوں کو کبھی نہیں چھوڑ سکتا:۔ یہودی، اپنے دوست اور آسٹریا لیکن جب اس نے اپنے عزیز ترین دوست کپتان روہم کو قتل کرا دیا تو غالباً اب کوئی شخص اسے وفا شناس نہیں کہہ سکتا۔ وہ تقریباً اپنے تمام دوستوں کو جو اس کی عظمت کا باعث تھے قتل کرا چکا ہے۔ ہر چند بعض دوستوں پر وہ اب بھی مہربان ہے مگر یہ وہی دوست ہیں جو اس سے کبھی اختلاف نہیں کرتے

اس کی بہادری بھی مشکوک ہے۔ جب ۲۳ء ہنگامۂ میونخ میں اس کے آدمیوں پر گولیاں چلائی گئیں

تو وہ سڑک پر اتنی زور سے گر پڑا کہ اس کا بازو ٹوٹ گیا۔ اس کے نازی دوست اس فعل کی توجیہ یہ کرتے ہیں کہ وہ ایک آدمی کو سہارا دئے کھڑا تھا کہ دفعتاً وہ گولی کھا کر گرا اور اسی کے ساتھ وہ بھی گر پڑا اور بعض یہ کہتے ہیں وہ نہایت ہوشیاری سے ایک آزمودہ سپاہی کی طرح گولیاں چلتے وقت زمین پر لیٹ گیا تاکہ گولیاں اس کے اوپر سے گزر جائیں اور اس کے نہ لگیں

ہٹلر کو جنگ عظیم کی خدمات کے صلہ میں "آئرن کراس" بھی ملا تھا۔ یہ کراس کیسے ملا اس کے متعلق خود اُس کا ایک بیان مشہور ہے کہ وہ ایک مرتبہ جنگ کے دوران میں ایک پیغام اپنے جنرل کے پاس ایک ایسے حصۂ ملک سے لئے جا رہا تھا جو کسی کے قبضہ میں نہیں شمار کیا جاتا تھا اور جس کے متعلق یہ خیال تھا کہ یہاں دشمنوں کی فوج نہیں ہے۔ اس کے پاس صرف ایک ریوالور تھا اور وہ ایک جنگل سے گزر رہا تھا کہ یکایک اُس نے چند فرانسیسیوں کی آوازیں سنیں۔ اُس نے اپنے حواس قایم رکھ کر ایک فرضی جرمن دستہ کو ان لوگوں کے گرفتار کرنے کا حکم دیدیا (گویا اُس کے ساتھ ایک پورا دستہ تھا) فرانسیسی یہ حکم سُن کر گھبرا گئے اور یہ سمجھ کر کہ انھیں جرمن فوج نے گھیر لیا ہے اپنے ہاتھ اُٹھا دئے اور ہٹلر اکیلا ان کو پستول دکھاتا ہوا اپنی فوج تک لے گیا اور سب کو گرفتار کرا دیا۔ کہا جاتا ہے کہ اُس نے اس قصہ کے ساتھ یہ بھی بیان کیا کہ اگر فرانسیسیوں کے بجائے یہ دستہ انگریز یا امریکن فوج کا ہوتا تو یہ ترکیب کارگر نہ ہوتی۔

ہٹلر جھوٹے وعدے کرنے میں بہت مشاق ہے، جس کی متعدد مثالیں ملتی ہیں۔ مثلاً ایک دفعہ اُس نے یہ وعدہ کیا کہ وہ فان پیپین کی حکومت کی مخالفت نہیں کریگا مگر اُس نے کی۔ اس نے یہ بھی وعدہ کیا کہ وہ پہلی کابینہ کے افراد میں تبدیلی نہ کرے گا مگر اُس نے یہ بھی کیا۔ ہٹلر کی عمر اب ۴۸ سال کی ہے۔ گو بظاہر نہایت تندرست معلوم ہوتا ہے مگر اس کی تندرستی بہت اچھی نہیں ہے۔ وہ اپنے ایک ہاتھ کو کہنی سے اوپر بہ مشکل حرکت دے سکتا ہے، بچپن میں اس کو پھیپھڑے کی بھی ایک بیماری ہوگئی تھی اور جنگ کے دوران میں زہریلی گیس کی وجہ سے اس کی آنکھیں بھی خراب گئی تھیں۔ ۳۵ء میں اس کے گلے میں ایک معمولی آپریشن بھی کیا گیا تھا۔ ایک مرتبہ اُس نے اپنی تقریر میں یہ کہا کہ "مجھے نہیں معلوم میری یہ آنکھیں کب ہمیشہ کے لئے بند ہو جائیں مگر میں یہ جانتا ہوں کہ ہماری جماعت زندہ رہے گی اور حکومت کرے گی ..... لیڈر پیدا ہوتے رہیں گے اور مرتے رہیں گے مگر جرمنی زندہ رہے گا ....."

اس تقریر سے یہ افواہ پھیل گئی کہ ہٹلر کے سرطان ہو گیا ہے

گو ہٹلر، اب جنگی جہازوں کی نقل و حرکت میں دلچسپی لینے لگا ہے مگر وہ کسی قسم کی ورزش نہیں کرتا۔ اُس کی خاص تفریح "موسیقی" ہے اور وہ اکثر تھیٹر جایا کرتا ہے۔ وہ اپنے ایک دوست سے اکثر گانا بھی سنا کرتا ہے۔ مگر اُسے نہ تو کتابوں کی پرواہ ہے اور نہ کپڑوں کا شوق۔ وہ ایک معمولی خاکی قمیص اور نیلے سرج کے سوٹ کے علاوہ جمپر

وہ برساتی ڈال لیتا ہے شاذ و نادر ہی کوئی دوسرا کپڑا پہنتا ہے۔ اُسے نہ کھانے کا شوق ہے نہ پینے کا۔ نہ وہ سگرٹ پیتا ہے، نہ شراب، بلکہ وہ اپنے قریب بھی کسی کو سگرٹ نہیں پینے دیتا۔ وہ بالکل سبزی خور انسان ہے۔ کبھی کبھی کافی البتہ پی لیتا ہے اور چاک لیٹ بھی کھا لیتا ہے۔ اسی لئے لوگ اُس کے "زہد" کا بہت چرچا کرنے لگے ہیں مگر واقعہ یہ ہے کہ اُس کے لئے یہ لفظ استعمال کرنا غلط ہے۔ اس میں شک نہیں کہ وہ صرف ترکاری کھاتا ہے مگر وہ بہترین باورچی کے ہاتھ کی پکائی ہوئی ہوتی ہیں وہ رہتا بہت سادگی سے ضرور ہے مگر میونخ میں اس کا مکان آرائش و زیبائش کا مکمل ترین نمونہ ہے

ہٹلر کو برلن نہیں پسند ہے اور اُسے جب موقع ملتا ہے تو میونخ یا بویریا کے ایک گاؤں میں چلا جاتا ہے اور وہاں پہاڑ پر جا کر رہتا ہے۔ یہ خطہ آسٹریا کی سرحد سے بہت قریب ہے اس تفریح میں ایک اہم نفسیاتی پہلو پوشیدہ ہے!

ہٹلر کے دوست

کہا جاتا ہے کہ آدمی اپنے دوستوں سے پہچانا جاتا ہے — مگر ہٹلر کا کوئی دوست ہی نہیں! کپتان روہم کے بعد ہٹلر سے قریب ترین رہنے والا شخص اسکے باڈی گارڈ کا افسر لفٹننٹ برکنر ہے۔ وقت مقرر کئے بغیر صرف دو شخص اس سے مل سکتے ہیں۔ ایک تو فان ریبن ٹراپ، اس کا مشیر امور خارجہ، اور دوسرے شیمت (Schmmt) اس کا مشیر اقتصادیات۔ اس کے بعض افسران مثلاً ڈیٹرچ (اس کا پریس سکریٹری) اور ہس (پارٹی کا ڈپٹی لیڈر) اُس سے روزانہ مل سکتے ہیں مگر اور افسران حتیٰ کہ گوئرنگ اور گوئبلس بھی بغیر پہلے وقت مقرر کئے نہیں مل سکتے۔

ایک مرتبہ ۳۲ء کے الکشن کے دوران میں وہ اتفاق سے ایک مصنف کے ساتھ دو مہینہ تک برابر گھومتا رہا مگر اس مصنف کا بیان ہے کہ وہ اپنے سکریٹریوں سے بھی بہت کم بولتا تھا

ہٹلر جذباتی بھی بہت ہے اور بعض اوقات اپنے جذبات سے مجبور ہو کر اس کا دل بھر آتا ہے اور وہ رونے لگتا ہے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ ایک مرتبہ وہ نازی پارٹی کے ایک لیڈر اٹو اسٹریسر کو جو پارٹی سے ناراض ہو گیا تھا تقریباً پوری رات مناتا رہا اور اس دوران میں وہ تین مرتبہ رویا

ہٹلر کو اپنی یہ کمزوری پسند نہیں۔ چنانچہ وہ اپنے اکثر ماتحتوں کو اپنے سے دور ہی رکھنا پسند کرتا ہے۔ یہ ماتحت اس کی پرستش کرتے ہیں مگر اُس سے واقف نہیں ہیں۔ وہ اُس سے برابر ملتے ہیں مگر اُس سے بے تکلف نہیں ہو سکتے۔ اس کے ایک خاص آدمی کا بیان ہے کہ اُس نے کبھی ہٹلر کو "ہر ہٹلر" کے علاوہ صرف ہٹلر کہہ کر نہیں پکارا اور نہ کبھی ہٹلر نے بے تکلفی کے ساتھ اس کا نام لیا

جب اُس کے پیرو اُسے نازی سلامی دیتے ہیں اور "ہیل ہٹلر" (زندہ باد ہٹلر) کہتے ہیں تو وہ بھی ہیل ہٹلر

پکار اُٹھتا ہے۔ جب ہٹلر تقریر کرتا ہے تو وہ حاضرین کو "میرے جرمنو" کہکر مخاطب کرتا ہے

ہٹلر اور صنف نازک شہوانی نقطۂ نظر سے ہٹلر کو عورتوں سے مطلق دلچسپی نہیں ہے۔ عورتیں، اس کے نزدیک صرف اُن 'ماؤں' کی حیثیت رکھتی ہیں جن کا کام میدانِ جنگ کے لئے سپاہی تیار کرنا ہے

وہ اپنی خود نوشت سوانحعمری میں ایک جگہ لکھتا ہے کہ "ہماری قوم کے آدمیوں کی زندگیاں موجودہ معاشقہ کی گھٹا دینے والی خوشبو سے آزاد رہنی چاہئیں"۔ وہ عورتوں سے نفرت نہیں کرتا مگر ان سے علحدہ ضرور رہنا چاہتا ہے۔ فرا گوبلس نے اکثر ایسی دعوتیں کیں جن میں اُس نے حسین عورتوں کو اُس سے ملایا مگر ایسی کوئی عورت نہ نکلی جو اس کی رفیقۂ حیات بن سکتی۔ ایک مرتبہ یہ خبر اُڑ گئی تھی کہ ہٹلر، رچرڈ ویگنر کی بہو سے شادی کرنے والا ہے مگر اس میں کوئی اصلیت نہ تھی

اس کے پاس اکثر انگریزی اور امریکن لڑکیاں ملنے کے لئے آتی رہتی ہیں مگر ہٹلر ان سے صرف چلا چلا کے باتیں کرنے ہی پر اکتفا کرتا ہے۔ البتہ وہ ڈاکٹر گوبلس کی چھوٹی لڑکی سے بہت مانوس ہے اور اکثر وہ اپنے کمرہ میں اس لڑکی کو اپنے گھٹنے پر بٹھائے رہتا ہے

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ہٹلر کو امرد پرستی کا شوق ہے مگر اس میں بھی کوئی حقیقت نہیں۔ اکثر جرمن اخبار نویسوں نے ہٹلر کی معاشقانہ زندگی کی تفتیش کی کوشش کی اور جن جن مقامات پر ہٹلر رہا اور راتیں بسر کیں وہاں کے نوکروں، ہوٹل والوں اور قلیوں وغیرہ غرضکہ ہر طرح سے یہ معلوم کرنے کی کوشش کی کہ آیا ہٹلر کا کسی سے تعلق ہے مگر اس تحقیقات کے بعد بھی ایسی کوئی شہادت نہ ملی جس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا کہ ہٹلر کو کسی صنف کے فرد سے کوئی خاص دلچسپی ہے۔ چنانچہ جرمن اخبار نویسوں کو یہ یقین ہو گیا ہے کہ ہٹلر ابھی تک کنوارا ہے

ہٹلر اور روپیہ ہٹلر کو بذات خود روپیہ کی کوئی ضرورت نہیں، کیونکہ اس کے ملازمین اس کی جائے قیام، اسکے موٹر کار اور کپڑوں وغیرہ سب کا انتظام حکومت کی طرف سے ہوتا ہے۔ ۳۴ء میں البتہ جب وہ مسولینی سے ملنے جا رہا تھا تو اس نے ایک برساتی خریدی تھی۔ ہٹلر، حکومت سے کوئی تنخواہ خود نہیں لیتا بلکہ اُسے اس فنڈ میں جمع کرا دیتا ہے جو حادثہ سے بیکار ہو جانے والے مزدوروں کی امداد کے لئے مقرر ہے۔ ۳۵ء میں ہٹلر نے یہ اعلان کیا تھا کہ اُس کا کسی بنک میں کوئی حساب نہیں ہے اور غالباً یورپ کے موجودہ مدبرین میں یہی ایک ایسی ہستی ہے جس کا روپیہ کسی بنک میں جمع نہیں ہے۔ اس اعلان سے قبل یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ نازی اخباروں کی مشہور کمپنی کا حصہ دار ہے لیکن اعلان کے بعد یہ خیال بھی لوگوں کے دلوں سے جاتا رہا۔ بہرحال اگر ہٹلر کے پاس کوئی ذاتی رقم نہیں ہے تو اس نے اپنی خود نوشت سوانحعمری کی ساری آمدنی، اپنی پارٹی کو دے ڈالی ہوگی۔ اس کی یہ کتاب بظاہر ہر جرمن کے لئے تقریباً فرض کے برابر ہے۔ حالانکہ اُس کی قیمت کافی ہے (یعنی تقریباً ۱۲ شلنگ) لیکن پھر بھی ۲۵ء میں شایع ہونے کے بعد اس وقت تک اُس کی لاکھ ۹۳ ہزار کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں۔ اب اگر اس کتاب کی

فروخت میں ہٹلر کا کمیشن ۵ فیصدی بھی رکھا جائے تو بھی ۳۵ء کے آخر میں اس کے کمیشن کا مجموعہ ۱۱ لاکھ ۶۰ ہزار پاؤنڈ ہو گیا ہوگا

ہٹلر اور مذہب

ہٹلر رومن کیتھولک عیسائی پیدا ہوا تھا اور اسی مذہب میں اس کی پرورش بھی ہوئی مگر وہ بہت جلد تمام مذاہب سے غیر معتقد ہو گیا اور اب وہ کسی قسم کی مذہبی عبادت نہیں کرتا۔ اسکی حکومت نے جرمنی میں رومن کیتھولک، پروٹسٹنٹ اور یہودی، سب کے خلاف محاذ جنگ قایم کر دیا ہے جس کی وجہ غالباً مذہب نہیں بلکہ سیاست ہے۔ ہٹلر کے نزدیک نازی انقلاب کا پہلا مقصد جرمنی کو مکمل طور سے متحد کرنا اور ایک قوم بنانا تھا اور وہ یہ نہیں چاہتا تھا کہ پارلیمنٹ میں کسی قسم کا مقابلہ ہو۔ دوسری طرف پاپائیت اور صیہونیت دونوں بین الاقوامی چیز تھیں اس لئے ان سے قطع تعلق کرنا اس کے لئے ضروری تھا! غالباً ان معاملات میں شدت کا باعث ہٹلر کا یہ جذبہ تھا کہ جرمنی کو غیر جرمن عناصر سے پاک کر دیا جائے۔ 'مہاجنوں' ( ) کو اسی لئے ناپسند کرتا ہے کہ وہ غیر جرمن، دیگر مالیاتی طاقتوں کے نمایندے ہیں۔ اُسے اشتراکیوں اور 'اجتماعیوں' سے اس لئے نفرت ہے کہ ان کا تعلق عالمگیر جماعتوں سے ہے جن کا مقصد مزدوری کو بین الاقوامی بنانا ہے وہ "سکون پسندوں" ( ) سے اس لئے ناراض تھا کہ جنگ کی مخالفت کرنے میں یہ بھی بین الاقوامی حیثیت رکھتے تھے

کیتھولک مذہب سے وہ خاص کر اس لئے خفا تھا کہ وہ ایک آدمی سے بہ یک وقت دو وفاداریاں چاہتا ہے اور ہٹلر اسے پسند نہیں کرتا کہ کوئی جرمن اُس کے ساتھ وفاداری کا اظہار کرنے کے بعد کسی دوسری ہستی (پوپ) کا بھی وفادار رہے۔ چنانچہ اس خیال کے ماتحت کیتھولک پادریوں کی ایسی مخالفت کی گئی کہ ایک مرحلہ تو جرمنی اور پاپائے روم کے سارے تعلقات ہی منقطع ہو جانے کا اندیشہ پیدا ہو گیا تھا

پروٹسٹنٹ مذہب کا بانی، لوتھر، چونکہ جرمن ہی تھا اس لئے یہ مذہب قومی مذہب بن سکتا تھا اور ہٹلر کا بھی یہی خیال تھا۔ چنانچہ اُس نے ایک متحدہ پروٹسٹنٹ مذہب کے قیام کے لئے (جس میں "نازیت" کا کافی اثر ہو) ایک فوجی نازی پادری کو دوسرے پادریوں کا پیشوا بنا دیا مگر پادریوں کی طرف سے اس مسئلہ میں اس کی مخالفت کی گئی اور ابھی تک یہ قضیہ طے نہیں ہوا

اس جھگڑے کا قدرتی نتیجہ یہ ہوا کہ بہت سے نازیوں نے جو پروٹسٹنٹ مذہب میں نازی عنصر داخل کرنا چاہتے تھے، جب اپنے مقصد کو بارآور ہوتے نہ دیکھا تو وہ ملحد بن گئے۔ اگر "نازیت" کو انتہا پسندانہ نگاہ سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس کے لئے تو ایسے مذہب کی ضرورت ہے جو جدید ہو اور قومی ہو۔ چنانچہ ہٹلر نے بھی اس چیز کی طرف نیورمبرگ کے مقام میں ایک تقریر کرتے ہوئے یوں اشارہ کیا ہے کہ:۔ "ایک زمانہ میں عیسائیت، پرانی ٹوٹونک[1]

---

[1] ٹوٹونک ( ) ٹیوٹن اقوام جن میں جرمن، انگریز اور اسکنڈینیویا والے شامل ہیں۔ ٹوٹن، جرمنی کے قدیم ترین باشندے تھے

اقوام کو متحد کرنے میں ثابت ہوئی تھی مگر اصلاحات، (Reformation) نے اس اتحاد کو ختم کر دیا۔ جرمنی اب ایک متحدہ قوم ہے۔ عیسائیت کو جہاں ناکامی ہوئی تھی وہاں قومی اجتماعیت، فتحمند ثابت ہوئی ہے۔" ایک اور موقع پر ہٹلر نے کہا تھا "ہم بجز جرمنی کے کسی اور خدا کو نہیں چاہتے۔"

خدا سے، ہٹلر کو ایک شکایت یہ بھی ہے کہ حضرت عیسیٰ بھی یہودی، تھے۔ واقعہ یہ ہے کہ نازی انقلاب کی بنیاد جرمنی کی شکست تھی۔ چنانچہ 'مذہب' میں 'نازیت' شامل کرنے کی ضرورت اس لئے محسوس کی گئی کہ جو خدا فرانسیسیوں اور دیگر کیتھلک اقوام کو جنگ میں کامیاب کرادے وہ جرمنی کے لئے قابل اطمینان خدا نہیں ہو سکتا

ہٹلر کو ایک تو شروع ہی سے یہودیوں سے نفرت تھی دوسرے اس نے اس نفرت کو سیاسی اور اقتصادی رنگ بھی دیدیا یعنی یہودیوں کے خلاف اس کے دلایل یہ بھی ہیں کہ وہ جرمنوں سے نوکریاں چھینتے تھے، جرمنی کے پریس، تھیٹر اور فنون لطیفہ پر ان کا قبضہ تھا، ہر جگہ یہودی ڈاکٹر، یہودی وکیل، یہودی پروفیسر دکھائی پڑتے تھے، مختصر یہ کہ یہودی ایک وبا کی صورت سے ملک پر چھا گئے تھے۔ غرض ہٹلر کو یہودیوں سے جتنی نفرت ہے وہ اسکے احکامات کے علاوہ اس کی خود نوشت سوانح عمری سے ہی بخوبی ظاہر ہو سکتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک مرتبہ اس نے ایک تماشہ دیکھنے کا ارادہ کیا تو اس کے سکریٹری نے پیرس تار بھیج کر پہلے یہ معلوم کرنا چاہا کہ اس تماشہ کا مصنف (جو پیرس میں رہتا تھا) کم از کم اپنے دادا۔ دادی تک آریں نسل کا ہے یا نہیں۔ چنسلر ہونے سے قبل ہی وہ کسی یہودی سے ٹیلیفون پر گفتگو کرنا بھی پسند نہیں کرتا تھا۔ اب بھی وہ کسی یہودی سے خواہ وہ کتنی ہی عظیم المرتبت شخصیت کا مالک ہو ملنا پسند نہیں کرتا حتیٰ کہ مشہور برطانوی مدبر، ہندوستان کے سابق وایسرائے لارڈ ریڈنگ کو بھی وہ شرف باریابی نہیں دے سکتا، کیونکہ وہ یہودی ہیں

ہٹلر کے لئے حفاظتی تدابیر

ہٹلر، کے باڈی گارڈ کے افسر کا نام لفٹنٹ برکنز (Bruckner) ہے برکنز، کے دو خاص معاون تھے۔ ایک کا نام شواب (Schaub) اور دوسرے کا شرک (Schreck) تھا مگر موخرالذکر کا حال میں انتقال ہو گیا ہے۔ شواب، ہٹلر کے سفر کے لئے ہوائی جہاز اور موٹر وغیرہ کا انتظام کرتا ہے اور اسی سلسلہ کی دوسری ضروری باتیں طے کرتا ہے۔ کرنل ہنڈنبرگ کی طرح ہٹلر بھی کبھی ریلوے ٹرین پر نہیں سوار ہوتا۔ انگلستان کے مشہور اخبار "ڈیلی ہیرلڈ" نے ایکمرتبہ لکھا تھا کہ ان تین آدمیوں کے علاوہ ایک چوتھا آدمی بھی ہٹلر کے خاص باڈی گارڈوں میں ہے جسے جرمنی میں سب سے زیادہ تنخواہ ملتی ہے۔ یہ شخص ہٹلر سے اتنا مشابہ ہے کہ دونوں میں کوئی تمیز نہیں کر سکتا چنانچہ یہ "ہٹلر ثانی" اکثر موقعوں پر ہٹلر کی نمایندگی کرنے کے کام بھی آتا ہے اور اس کی ہستی سے یہ فایدہ ہے کہ اگر کوئی ہٹلر پر حملہ کرنا چاہے تو وہ پہچان نہ پائیگا کہ اصلی ہٹلر کون ہے۔ لیکن اس کی کوئی بنیاد نہیں

بہرحال اس میں کوئی شک نہیں کہ ہٹلر کو ہر قسم کے حملوں سے محفوظ رکھنے کے لئے بہت کوشش کیجاتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ برکنز، شواب، اور شرک میں آپس میں یہ خفیہ عہد نامہ ہو گیا تھا کہ اگر ہٹلر کو کوئی گزند پہونچے گا تو وہ خود بھی خودکشی کرلیں گے

ہٹلر کی نگرانی کس طرح کی جاتی ہے اس کی ایک دلچسپ مثال ابھی حال ہی کا ایک واقعہ ہے ایک برطانوی مدبر کو ایک مرتبہ ہٹلر کے ساتھ جرمنی میں کھانا کھانے کا موقع پڑا۔ اتفاق سے برطانوی مدبر کے ہاتھ سے ایک برتن فرش پر گر پڑا۔ برتن کا گرنا تھا کہ "کمر" کے ہر پردہ کے پیچھے سے ہٹلر کے مسلح سیاہ پوش نکل پڑے

ہٹلر، برلن میں ایک بہت بڑے موٹر پر بیٹھ کر نکلتا ہے، برکنز عموماً اس کے پاس بیٹھا ہوتا ہے۔ سیاہ پوش سپاہی اکثر موٹر کے تختوں پر کھڑے رہتے ہیں۔ اگر کسی رسمی موقع پر ہٹلر کو ایسی سڑک سے گزرنا ہوتا ہے جہاں بہت بڑا مجمع ہوتا ہے تو سڑک کے دونوں طرف سیاہ پوش محافظ اس طرح کھڑے رہتے ہیں کہ ایک کا منہ مجمع کی طرف اور دوسرے کا سڑک کی طرف ہوتا ہے

برکنز، کو سیاسی اہمیت بھی حاصل ہے اور وہ یہ کہ برکنز، دوسروں کو ہٹلر سے ملنے کا موقع بہت کم دیتا ہے کہا جاتا ہے کہ ہٹلر کو اکثر اہم مسایل سے بھی ناواقفیت ہے اس لئے کہ اگر اُسے کوئی بہترین مشورہ دینا بھی چاہے تو اُسے ہٹلر سے گفتگو کرنے کا موقع نہیں مل سکتا۔ کچھ عرصہ ہوا ہٹلر ایک سیاسی مدبر سے ملنے چلا گیا۔ اُس مدبر نے ہٹلر کو کچھ ایسی باتیں بتائیں جو اُس نے سنی بھی تھیں۔ ہٹلر ان باتوں کو سن کر بہت حیران ہوا مگر کہا جاتا ہے کہ برکنز، دوسرے دن اسی مدبر کے پاس گیا اور اُس کو تنبیہ کی کہ آیندہ ہٹلر سے اس طرح صاف صاف گفتگو نہ کرے

ہٹلر کی قوت کے مظاہر

ہٹلر میں خاص بات اس کے مقصد کا استقلال ہے۔ اس کی حکمت عملی بدل جائے اس کا محاذ جنگ بدل جائے مگر اس کا مقصد و نصب العین وہی رہے گا

اسی کے ساتھ اُس کی قوت تحمل بھی خاص چیز ہے۔ ہٹلر دن دن بھر تقریریں کرنے کے بعد کسی شخص سے گفتگو کرے تو کبھی یہ پتہ نہ چلے گا کہ وہ تھکا ہوا ہے۔ مگر اس کے باوجود اُسے زیادہ محنت کرنے کا شوق نہیں ہے اسکی میز پر کاغذوں کا انبار لگا رہتا ہے اور بعض معاملات ایسے بھی ہوتے ہیں جن میں اس کے فوری فیصلہ کی ضرورت ہوتی ہے مگر وہ فیصلہ نہیں کرتا۔ اکثر یہ بھی ہوتا ہے کہ اس کے فیصلے متضاد و مبہم ہوتے ہیں۔ مگر پھر بھی وہ اپنا کام کر ہی دیتا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ "ڈکٹیٹروں" کے لئے "محنت" کے معنی صرف یہ ہیں کہ پڑھنے اور سننے کی پوری قابلیت رکھتے ہوں چنانچہ ہٹلر اور مسولینی کے وقت کا زیادہ حصہ رپورٹوں کے پڑھنے اور ہر شعبہ کے ماہرین اور ماتحتوں کی اسکیم اور مشورہ سننے میں صرف ہوتا ہے اور باقی وقت اطلاعات حاصل کرنے میں، اسی لئے ایک ڈکٹیٹر کے لئے ضروری ہے کہ وہ آدمیوں کا انتخاب نہایت قابلیت و ہوشیاری سے کرے اور ان کے اندر اپنے ساتھ وفاداری کامل کا

جذبہ پیدا کردے — ہٹلر ان دونوں باتوں میں کامیاب ثابت ہوا ہے

ہٹلر کا احساس سیاسی بہت مکمل ہے اور وہ جو اندازہ لگاتا ہے بہت عاقلانہ ہوتا ہے، چنانچہ اس نے اپنے تین اہم سیاسی فیصلوں کے اعلان کا دن سنیچر کی شام کو اس لئے مقرر کیا تھا کہ دوسرے دن اتوار ہونے کی وجہ سے جبکہ لوگ تفریح میں مشغول ہوں یہ اعلانات زیادہ پریشانی و استعجاب نہ پیدا کرسکیں، وہ تین فیصلے یہ تھے:-
جرمنی کی مجلس اقوام سے علٰحدگی، جبریہ فوجی بھرتی، رہائن لینڈ پر قبضہ

جب اُسے کسی ناخوشگوار واقعہ کی تشریح کرنا ہوتی ہے تو وہ عموماً رات کو آٹھ کے بعد تقریر کرتا ہے تاکہ غیر ملکی اخباروں میں اس کی تقریر کا صرف اجمال شایع ہوسکے اور صاف صاف مطلب نہ ظاہر ہونے پائے

ہٹلر اکثر فیصلے، اپنے وجدان سے کرتا ہے اور دو اہم موقعوں پر اس کی یہ نکتہ رسی بہت کامیاب ثابت ہوئی۔ ۳۲ء میں اس کے پیروؤں نے اس پر زور دیا کہ وہ انتخاب سے دستبردار ہوجائے، مگر چونکہ اسے یقین تھا کہ وہ قانونی طور پر برسر اقتدار ہوجائے گا اس لئے انکار کردیا۔ ۳۲ء کے موسم سرما میں جب نازی جماعت الکشن ہار گئی تو اس کی جماعت کے کچھ لوگوں نے اس سے اصرار کیا کہ وہ اپنی شکست کا اعتراف کرکے، ایک تعاونی حکومت قائم کرے مگر ہٹلر نے اس سے بھی انکار کیا اور تین ہی مہینے بعد اُسے وہ غلبہ حاصل ہوگیا جو اس کے متبعین کے وہم و خیال میں بھی نہ تھا

ہٹلر کی قوت کا دوسرا مظہر اس کی غیر خود نمائی ہے۔ مسولینی نے ۲۲ء سے اسوقت تک ہزاروں آدمیوں کو اپنے دستخطی فوٹو دئے ہوں گے مگر ہٹلر نے جن کو اپنے فوٹو دئے ہیں وہ اُنگلیوں پر گنے جاسکتے ہیں۔ ہٹلر کے متعلق ایک مصنف (Heiden) لکھتا ہے کہ اس کی 'طاقت' اس کی عقل کی وجہ سے ہے مگر ایک دوسرا مصنف اس سے اختلاف کرتے ہوئے یہ رائے ظاہر کرتا ہے کہ وہ ایک 'جذباتی' و خوش فکر انسان تو کہا جاسکتا ہے مگر اُسے منطقی دماغ کا انسان نہیں کہہ سکتے۔ بقول اسی مصنف کے "اس کی عقل گرگٹ کی طرح ہے جو ہر وقت رنگ بدل سکتا ہے، اور اس کی منطق اس بھوکے شیر کی طرح ہے جو اپنی غذا کی تلاش میں ہو

ہٹلر، کا دماغ بہت محدود، پست خیال اور مذبذب ہے لیکن اس کے ساتھ ہی اس کے جذبات ریگ میں موتیوں کی طرح چمکتے نظر آتے ہیں

۳۵ء میں مسٹر اڈن وزیر خارجہ دولت برطانیہ، ہٹلر سے ملنے گئے اور سات گھنٹے گفتگو کی۔ اس کے بعد انھوں نے باہر آکر شاید یہ کہا کہ ہٹلر کو امور خارجہ پر پورا عبور ہے

ہٹلر کی خطابت ہٹلر کی قوت خطابت ہی غالباً اس کی ترقی کی سب سے بڑی وجہ ہے اور کہا جاسکتا ہے کہ اس نے "باتیں کرکرکے" اقتدار حاصل کیا، لیکن تعجب انگیز امر یہ ہے کہ وہ مقرر بھی

اچھا نہیں، وہ تقریر کرتے کرتے چیخ اُٹھتا ہے، اس کا طرز پسندیدہ نہیں ہے، تقریر کے اختتام پر اس کی آواز پھٹ جاتی ہے اور وہ کسی جگہ ٹھہرنا تو جانتا ہی نہیں۔ لیکن اس کے باوجود ہٹلر جب کسی مجمع میں بولتا ہے تو انتہائی جوش و خروش پیدا کر دیتا ہے، وہ حاضرین کو اُبھار دینے کا 'گُر' جانتا ہے

ہٹلر کا تشدد ہٹلر بہت تشدد پسند شخص ہے اور یہ واقعہ ہے کہ اس کا تشدد ہی نازی جماعت کے قیام کا باعث ہوا۔ چنانچہ ۳۰ جون ۳۴ء کو اس نے اپنے دوستوں کا جو قتل عام کیا ہے وہ تاریخ میں اپنی آپ نظیر ہے اور ہٹلر کی سفاکی کا سب سے بڑا ثبوت!

"قائد" کا اصول ہٹلر نے موجودہ سیاسی نظریات میں ایک نئے اُصول کا اضافہ کیا ہے اور وہ یہ کہ 'لیڈر' یا 'قائد' کو ہر حکم دینے کا اختیار ہے اور ماتحت پر اس حکم کی بجا آوری بہر حال فرض ہے۔ اس اُصول سے یہ فایدہ ہوا کہ جماعت کا ہر شخص اپنے آپ کو ایک دوسرے کے ساتھ ایک رشتہ سے منسلک پانے لگا۔ علاوہ اس کے جرمن قوم فطرتاً کسی کے ماتحت رہنا پسند کرتی ہے اور ایک مصنف تو یہاں تک بیان کرتا ہے کہ اُس نے خود جرمن نوجوانوں کو "ہم آزادی پر تھوکتے ہیں" کے نعرہ لگاتے ہوئے سنا ہے۔ اس اُصول کی وجہ سے جرمنی میں بہت سے "چھوٹے چھوٹے لیڈر" پیدا ہو گئے

مخالفت ہر چند 'ہٹلرزم' یا 'ہٹلریت' کا مقصد واقعی جرمنی کو متحد کرنا ہے مگر نازیوں نے ایک طرف کیتھولک پروٹسٹنٹ اور یہودیوں پر سختیاں کر کے ان کو ناراض کر دیا ہے اور دوسری طرف مزدور بھی انسے خفا ہو گئے ہیں۔ اسی طرح اگر نازی حکومت کسی اقتصادی ترقی کے پروگرام کو سنجیدگی سے پیش کرے تو کارخانہ دار بھی اس سے الگ ہو جائیں گے۔ رہ گئے اشتراکی اور جمہوریت پسند سو وہ نازیوں کی سختی کی وجہ سے پہلے ہی سے مخالف ہیں۔

ہٹلر نے ۳۷ء کے موسم خزاں میں تین اہم مسئلوں پر رائے عامہ حاصل کی۔ یعنی لیگ آف نیشن سے علٰحدہ ہو جانے کا مسئلہ، جبریہ فوجی بھرتی، اور چانسلری و صدارتِ جرمنی کا ادغام۔ ان تینوں مسئلوں میں ہٹلر کو عظیم الشان اکثریت حاصل ہوئی۔ مگر ڈینزگ کے الکشن میں ہٹلر کو ۲۳۴۹۵۶ ووٹوں میں ۱۳۹۰۴۳ ووٹ ملے اور مارچ ۳۳ء کے الکشن میں اُسے صرف ۴۷ فیصدی ووٹ حاصل ہوئے، یعنی ۳۳ء میں مارکسٹ (اشتراکیین و اجتماعیین) ووٹوں کی تعداد ۱۸۴۵۰۰۰ تھی۔ بظاہر اب ان مخالفین کی تعداد میں معتد بہ کمی ہو گئی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس وقت بھی ہٹلر کے مخالفین موجود ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ان مخالفین کی آواز دب کیونکر گئی۔

صورتِ حال یہ ہے کہ اُس کے مخالفین کو ہر طرح سے مرعوب کیا جاتا ہے اور ان کو مختلف قسم کی دھمکیاں دی جاتی ہیں۔ انھیں ہٹلر سے مخالفت کرنے کی صورت میں اپنی جان و مال کا اندیشہ ہے، چنانچہ استصواب رائے کے وقت

انھیں مجبوراً ہٹلر کی موافقت میں 'ہاں' کہنا پڑتا ہے بلکہ بعض تو جان کے خوف سے ہٹلر کی سیاہ پوش فوج میں داخل ہو گئے ہیں۔ مگر ان تمام باتوں کے باوجود وہ اپنا موقع تلاش کر رہے ہیں۔ لیکن پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان میں کچھ قوت بھی باقی رہ گئی ہے؟ — اس کا جواب نفی میں ہے

ہٹلر کے مخالفین کی کمزوری کی وجہ یہ ہے کہ کسی ایسے ملک میں جہاں پولیس کی حکومت ہو مثلاً جرمنی، اٹلی اور فرانس وغیرہ، انقلاب بہت مشکل ہے اور آج کل تو یہ امر مسلم ہو چکا ہے کہ کوئی انقلاب اسوقت تک کامیاب نہیں ہو سکتا جب تک انقلابیوں کے پاس حکومتِ وقت سے زیادہ یا اُس کے برابر، ہتھیار اور سامانِ جنگ نہ ہو۔ جرمنی میں یہ چیز ذرا مشکل معلوم ہوتی ہے۔ اگر جرمنی میں عوام کوئی بلوہ کرنا چاہیں تو ہٹلر کی فوجیں گولیاں چلا چلا کر ان کے سروں کو پاش پاش کر دیں گی۔ مگر اس کے باوجود بہت ممکن ہے کہ خود باہمی تفرقہ اندازی شروع ہو جائے اور ہٹلر کے معاونین ہی میں باہمی مخالفت پیدا ہو جائے اور ایسی صورت میں، حکومت کے لئے چارۂ کار صرف یہ ہوگا کہ وہ اپنے آدمیوں کی توجہ منعطف کرانے کے لئے کسی دوسرے ملک سے جنگ چھیڑ دے اور اس طرح اندرونی خانہ جنگی ختم ہو جائے

ہٹلر کا جانشین اگر ہٹلر، جلد مر جائے تو اس کا جانشین غالباً گوئرنگ ہو۔ ہٹلر، بذات خود، ممکن ہے کہ اپنے ڈپٹی لیڈر رہس کو اس جگہ کے لئے موزوں تصور کرتا ہو مگر خیال یہ ہے کہ ہٹلر کے بعد گوئرنگ ہی اپنی حکمت عملی کی وجہ سے کامیاب ہوگا اور اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ جرمن فوج گوئرنگ کو پسند کرتی ہے کیونکہ فوج اور گوئرنگ دونوں کا مقصد ایک ہے

گوئبلس بھی بہت چالاک شخص ہے مگر لوگ اُسے پسند نہیں کرتے۔ اسی طرح اور دوسرے لیڈروں میں بھی کوئی نہ کوئی زبردست کمی پائی جاتی ہے

ایک زمانہ میں یہ خبر اُڑ گئی تھی کہ گوئرنگ، ہٹلر کے خلاف سازش کر رہا ہے مگر اس افواہ میں مطلق صداقت نہ تھی۔ گوئرنگ، ہٹلر کا بڑا وفادار دوست ہے۔ دوسرے اگر گوئرنگ سے مخالفت کا اندیشہ پیدا ہو جائے تو ہٹلر، اُسے نہایت اطمینان سے اپنے دوست روہم کی طرح قتل کرا سکتا ہے

حقیقت یہ ہے کہ گوئرنگ وغیرہ ہٹلر کے آفتاب کے سامنے چاند کی طرح ہیں جو چمکتا ضرور ہے مگر صرف اسی وقت جب خود آفتاب اس پر ضوفگن ہو۔

(باقی)

(نوٹ) آئندہ اشاعت میں ہٹلر اور نازی حکومت کی دوسری خصوصیات پر بحث کی جائے گی

باب الاستفسار

بُت پرستی

(جناب سید اصغر عباس صاحب۔ حیدر آباد)

کیا عبادت کی قدیم ترین صورت جو انسان نے اختیار کی وہ بُت پرستی ہے، میں ممنون ہوں گا اگر آپ اس مسئلہ پر ذرا تفصیل کے ساتھ اظہار خیال فرمائیں ؟

(نگار) بُت پرستی سے مراد ایک ایسے مجسمہ یا مورت کی پرستش کرنا ہے جس کے اندر انسان سے بلند تر ہستی (یعنی کسی دیوتا یا دیوی) نے اپنا مسکن بنالیا ہو۔ قدیم مذاہب میں بُت پرستی عام طور سے پائی جاتی تھی لیکن یہ کہنا کہ سب سے پہلے انسان نے بُت پرستی ہی کو شعار عبادت قرار دیا، درست نہیں، کیونکہ بعض قدیم ترین وحشی اقوام (مثلاً اسکیمو، ہوٹنٹوٹ، فوجین) میں اسکا پتہ نہیں چلتا حالانکہ مصر، کلدانیہ، ہندوستان، یونان و روما کی عظیم الشان تہذیب کے زمانہ میں بُت پرستی بکثرت پائی جاتی تھی

بُت پرستی کے رواج کا سبب غالباً یہ تھا کہ دیوتاؤں کی بلند مخلوقات کے متعلق انسان قدیم کے جو منتشر و موہوم خیالات تھے ان کو وہ بُت کی مادی و مرئی صورت میں منتقل کرکے اپنے معتقدات و جذبات کے لئے ایک مرکز بنالیتا تھا بالکل اسی طرح جیسے ایک بچہ گڑیا کو واقعی ایک مستقل ہستی سمجھ کر اس سے باتیں کرتا ہے

یہ خیال کہ بُت پرستی چونکہ خدا کی غیر مادی و منزہ ہستی کو انسان یا جانور کی شکل میں دیکھنے پر اصرار کرتی ہے اس لئے وہ مذہب کی انحطاطی صورت ہے درست نہیں، بلکہ برخلاف اسکے مذہب کی اس ابتدائی صورت کی ترقی یافتہ صورت ہے جب انسان اپنے مذہبی خیالات کو کوئی ممیز و متعین صورت بھی نہ دے سکتا تھا۔ مذہب کی اولین بنیاد اسوقت پڑی جب انسان نے مظاہر فطرت کے سمجھنے کی کوشش کی اور جب وہ انکی کوئی تعلیل و توجیہ نہ کرسکا تو بیم و رجا کے جذبات اس میں پیدا ہوئے۔ اور ان کو اپنے سے بلند غیر معلوم ہستیوں کا کارنامہ سمجھ کر حیران رہگیا۔ اس کے بعد اس کو جب یقین ہوگیا کہ ایسی ہستیاں ضرور پائی جاتی ہیں تو پھر وہ ان کا تصور کرنے لگا اور اسی تصور نے آخر کار اسے مختلف شکلوں کے بُت بنانے پر مایل کیا۔ اس لئے یہ کہنا کہ

بُت پرستی مذہب کی انحطاطی منزل ہے، خلافِ حقیقت ہے، بلکہ دراصل اسے قدیم انسان کے قدیم مذہب کی ترقی یافتہ صورت کہنا چاہئے ۔ ان مذاہب کے نزدیک جو توحید کے قایل ہیں، بُت پرستی سے مراد صرف پتھر ہی کا پوجنا نہیں ہے بلکہ درختوں، جانوروں سیاروں اور مُردوں کی پرستش سب داخل بُت پرستی سمجھی جاتی ہے ۔ بت پرستی کی اولین صورتوں میں ایک تو یہ تھی کہ انسان اپنے معبود کو مجسم صورت میں منتقل کر دیتا تھا اور دوسرے یہ کہ وہ ایسی ارواح کا معتقد تھا جو انسانی کاروبار پر موثر ہوتی ہیں۔ وہ یہ بھی یقین کرتا تھا کہ بعض ایسی طلسمی چیزیں بھی موجود ہیں جن کو پاس رکھنے سے ان چیزوں سے متعلق ہونے والی روحیں مدد کرتی ہیں۔ اول اول ایسی چیزیں لکڑی اور پتھر ہی سمجھی جاتی تھیں اور چونکہ ان کو آسانی سے تراش کر کسی نہ کسی صورت میں بدلا جا سکتا تھا اس لئے یہ طلسمی چیزیں آہستہ آہستہ بتوں اور مجسموں میں تبدیل ہو گئیں اور پھر رفتہ رفتہ انمیں آرایش و زیبایش پیدا کر کے ان کی مختلف صورتیں پیدا کی گئیں

لاما ئیت

(جناب چودھری عتیق الرحمان صاحب۔ مبارکپور)

میں لاما مذہب کے متعلق معلومات حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ براہ کرم مختصراً بیان فرمایئے۔

(نگار) لفظ لاما کے معنے روحانی معلم و آقا کے ہیں اور تبت و منگولیا میں جو مذہب رائج ہے اسے مذہب لاما یا لامائیت کہتے ہیں اس مذہب کی بنیاد حقیقتاً بودھ مت ہے۔ لیکن بعد کو شیو پرستی سے ملکر اسکی صورت بدل گئی۔ قدیم بودھ مذہب میں خدا کی پرستش کا کہیں پتہ نہیں چلتا۔ اگر ان کے یہاں پرستش تھی تو صرف بڑے بڑے مقدس لوگوں کی، چنانچہ یہ دوسری خصوصیت لاما مذہب میں بھی پائی جاتی ہے ـــ اس مذہب کی تشکیل تین چیزوں سے ہے۔ ایک یہ کہ بودھ کو سب سے بڑا مقدس رہنما سمجھا جائے۔ دوسرے یہ کہ بودھ اب بھی مختلف ہستیوں میں جلوہ گر نظر آتا ہے اور تیسری چیز جسے نظام مذہب کہنا چاہئے پجاری جماعت ہے جس میں وہ افراد بھی شامل ہیں جن میں بودھ نے حلول کیا اور وہ بھی جو اس شرف سے محروم ہیں۔

ساتھ ہی ساتھ ان کے معتقدات ہندوؤں سے بھی ملتے جلتے معلوم ہوتے ہیں کیونکہ انکی طرح یہ بھی اندر، بام اور شیو کی پرستش کرتے ہیں۔ پرستش کا طریقہ یہ ہے کہ بہت سی دعائیں گا گا کر پڑھی جاتی ہیں اور ساتھ ہی ساتھ ڈھول اور قرنا وغیرہ بجا کر مختلف قسم کی ہولناک آوازیں پیدا کی جاتی ہیں ـــ عبادت کے وقت (جو دن میں تین بار ہوتی ہے) پہلے گھنٹی بجائی جاتی ہے، اس کے بعد تمام پجاری ایک یا دو قطاروں میں درجہ بدرجہ آکر بیٹھ جاتے ہیں اور پوجا شروع ہو جاتی ہے۔ بعض تقریبات میں مندر بہت آراستہ کئے جاتے ہیں، اور قربانگاہ پر دودھ، مکھن، چاول، آٹا وغیرہ چڑھائے جاتے ہیں

جانور کی قربانی بالکل نہیں ہوتی کیونکہ بودھ نے کسی جانور کو ستانا کبھی گوارا نہ کیا تھا ۔ مرنے کے بعد بڑے بڑے لوگ جلادئے جاتے ہیں اور معمولی لوگوں کی لاشیں کھلے میدانوں میں رکھدی جاتی ہیں جہاں جانور انھیں کھا جاتے ہیں۔ ان کے پجاریوں میں دو بڑے زبردست پجاری تسلیم کئے جاتے ہیں، ایک کا نام دلائی لاما (یعنی سمندر کی طرح وسعت رکھنے والا) ہے۔ یہ لہاسا کے پاس پوٹالا میں رہتا ہے اور دوسرا تاشی لاما جو تاشی لونپو کے مندر میں (مقام شگاٹی کے قریب) رہتا ہے۔ اصولاً یہ دونوں لاما ایک ہی مرتبہ کے سمجھے جاتے ہیں اور دونوں کا اقتدار برابر ہے لیکن دلائی لاما کا رقبۂ اثر زیادہ وسیع ہے۔ ان دو کے بعد اُن پوجاریوں کا درجہ ہے جو ہوبلغان کہلاتے ہیں ان کی تعداد بہت ہے اور دلائی لاما اور تاشی لاما کی طرح انکے اندر بھی بودھ مذہب کے رشیوں کی روح کام کرتی ہوئی تسلیم کی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ دلائی لاما اور تاشی لاما میں چودھویں صدی کے ایک مشہور لامائی رفارمر کی روح پائی جاتی ہے اور دوسرے پوجاریوں میں دوسرے رفارمروں کی ۔۔۔ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ مرنے والے لاما کی روح کس شخص کے اندر حلول کرنے والی ہے مختلف ذریعے اختیار کئے جاتے ہیں بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ مرنے والا لاما خود بستر مرگ پر اپنے حوارئین کو بتا دیتا ہے کہ وہ کہاں کس خاندان میں دوبارہ رونما ہوگا یا کوئی وصیت اس قسم کی چھوڑ جاتا ہے لیکن اکثر ایسا ہوتا ہے کہ لاما کے مرنے پر مقدس کتابوں کی چھان بین کی جاتی ہے اور مذہبی نجومیوں سے دریافت کیا جاتا ہے اور جب تک اس کا پتہ نہیں چلتا، تاشی لاما اس کی خدمات انجام دیتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس باب میں دربار پیکنگ کے انتخاب کو بہت اہمیت دیجاتی ہے ۔۔۔ علاوہ ان تین قسم کے پجاریوں کے اور بہت سے پجاری ادنیٰ درجہ کے بھی ہوتے ہیں جن کے اندر کوئی مقدس روح حلول نہیں کرتی اور جن کا مرتبہ ان کے مذہبی معلومات کے لحاظ سے متعین کیا جاتا ہے۔ بعموم ان کے چار درجے ہوتے ہیں پہلا ان نوعمر لڑکوں کا، جو عموماً چھٹے ساتویں یا نویں سال مندر میں مذہبی تعلیم کے لئے بھیجدئے جاتے ہیں، دوسرا درجہ نائب پجاری کا ہے، تیسرا مذہبی گداگروں کا اور چوتھا معلم مذہبی کا۔ ان سب کا فرض ہے کہ وہ ترکِ دنیا کا حلف اُٹھائیں اور ان میں سے اکثر خانقاہوں اور مندروں میں زندگی بسر کرتے ہیں ۔۔۔ ان کے خانقاہوں کی صورت یہ ہوتی ہے کہ درمیان میں مندر بنا ہوتا ہے اور اس سے ملحق اور متعدد عمارتیں ہوتی ہیں جو پوجاریوں کی بود و باش و تعلیم اور کتب خانہ وغیرہ کا کام دیتی ہیں۔ خانقاہ کا انتظام ایک سردار پوجاری کے سپرد ہوتا ہے جسکا انتخاب براہ راست دلائی لاما کرتا ہے یا کوئی اور اسکا ماتحت پجاری جو اس صوبہ یا شہر کا انچارج ہے۔ مردوں کی طرح عورتیں بھی اپنی زندگی خانقاہ کے لئے وقف کر سکتی ہیں اور انکے قیام کے لئے بھی علٰحدہ عمارتیں ہوتی ہیں۔

انکی مقدس کتاب کا نام کنجور ہے جس سے مراد "الفاظ بودھ کا ترجمہ" ہے۔ یہ تقریباً دو ہزار ابواب میں منقسم ہے اور ۱۰۸ جلدوں میں تمام ہوتی ہے۔ اسوقت تک سو سے زیادہ لاما گزر چکے ہیں۔

۱۹۰۴ء میں جو لاما پایا جاتا تھا وہ انگریزوں کا دشمن ہوگیا تھا۔ جب انگریزی فوج بھیجی گئی تو وہ بھاگ کر لہاسا چلا گیا۔ بعد کو از روئے معاہدہ اس کی جگہ تاشی لاما کو دی گئی جو ۱۹۰۲ء میں پرنس آف ویلز سے ملنے کلکتہ آیا تھا۔

میں کہاں ہوں؟

کہاں وہ دمبدم رنگِ ہجوم جلوہ آرائی،
کہاں یہ رات؟ کالی رات اور فرقت کی تنہائی

کہاں نیچی نگاہوں میں، دلِ بے تاب کی پرسش
پھڑک کر حال کہنے، بارہا ہونٹوں پر جان آئی

کہاں یہ زندگی میری، سکونِ موت کی صورت
لبِ خاموش میں گم ہوگئی ہے تابِ گویائی

سُن! اے پاسِ ادب، جانِ حزیں پر کھیل جانے دے
مجھے منظور کب ہے دشمنوں کی ان کے رسوائی

نفس کا تار ٹوٹے تو مزا آجائے کچھ دل کو
کیا یاد آنے لگی ہے اب کسی کی مجھ کو انگڑائی

نقابِ دوریٔ رہ تم اُٹھا دو حُسنِ منزل سے
مسافر کو جو مایوسی کی نیند آئی تو موت آئی،

میں شکلِ دلبری کو کیا کہوں؟ کچھ کہہ نہیں سکتا
متانت اور اس پر حُسن بھی، سیرت میں جان آئی

میں اُن سے دور رہ کر اور شکلِ زندگی دیکھوں؟
کہاں اتنی سکون و صبر کی آنکھوں میں بینائی

وہ شب کا جاگنا دو دو پہر تک رنگ لایا ہے
بجائے خواب، اشکِ گرم سے اب آنکھ بھر آئی

محبت میں تمیزِ این و آں، یہ خوب فرمایا
گریباں اور دامن کو کہیں سمجھا ہے سودائی

تمھیں اور میں نہ چاہوں؟ حشر تک تو یہ نہ چاہوگا
مجھے منظور ہے دونوں جہاں میں اپنی رسوائی

میں یوں ظرفِ زمانہ کی نزاکت کو سمجھتا ہوں
بھرا شیشے میں ہے یعنی مزاجِ تندِ صہبائی

اسی نے مجھ کو دل بخشا، اسی نے بیقراری دی
عطا جس نے کیا ہے تم کو حُسنِ نازِ زیبائی

ہمارا اور تمھارا بس اسی پر فیصلہ ٹھہرے
نہ تم کو رنجِ رسوائی، نہ مجھ کو زعمِ رسوائی

فلک کی گردشوں نے دور پھینکا، اس سے کیا حاصل!
زمیں ہوگی تمھاری یاد میں خاکِ جبیں سائی

یہ دل ہے، تنگ کچھ پابندیوں سے ہو نہیں سکتا
ہماری آبلہ پائی ہے، شوقِ دشت پیمائی

مشامِ جانِ دل، بے خود پئے تشبیہ کیسو ہے
گھٹا آئی تو کیا آئی؟ ہوا لائی تو کیا لائی؟

جہاں آباد کی رونق، متاعِ ذوقِ بینش ہے
مگر سب سے جدا ہی اسکے جلوے کا تماشائی،

تمھاری پائے بندی کو دلِ وحشی سمجھتا ہے
سمو سکتی نہیں ہے حسنِ گُل، بُلبُل کی بینائی

بیانِ دردِ غم کی تم حقیقت کھیل سمجھے تھے
میرے آئینۂ رخ میں کوئی صورت نظر آئی؟

مرے دل میں، نگاہوں میں، تمنا میں، امیدوں میں
تو از ہر در کہ باز آئی بہ آں خوبی و زیبائی

پرستاری کی عادت ہو گئی ہے عشق رسوا کو
مجھے تو پوجتا ہے، ہو کسی صورت میں رعنائی

شبِ فرقت کی گھڑیاں، میرے کاٹے نہیں کٹتیں
اجل ایسے میں آجائے تو میں سمجھوں مسیحائی

ہے تجھ سے دور لیکن دیکھتا ہوں ہر طرف تجھ کو
ترا کیفی تمنائی، سراپا نا شکیبائی

کیفی چریاکوٹی

غزل

میں ہوں، دل ہے، غم نہانی ہے
وہ ہیں، آئینہ ہے، جوانی ہے

دعوتِ جلوہ عام ہے — یعنے
میرے مرنے کی شادمانی ہے

ساعتیں چند نامرادی کی،
بس یہی شرح زندگانی ہے

دل میں ہے کچھ سکون سا شاید
آمدِ مرگِ ناگہانی ہے

دورِ صہبا ہے، میں ہوں، اور ساقی
اک سلیقہ کی زندگانی ہے

رازِ ہستی کسی کو کیا معلوم
موت ہے یہ کہ زندگانی ہے

کس قدر سادہ دل ہے مرغِ چمن
کوئی کہدے بہارِ ثانی ہے

ذرہ ذرہ ہے رد کشِ مینا،
میرے ساقی کی مہربانی ہے

ہوشؔ کو کوچہ گرد رہنے دو
کیا کیا جائے نوجوانی ہے[1]

ہوشؔ بلگرامی

---

[1] ۲۰ سال قبل کی باتیں ہیں۔

باب ہفتم

غوریوں کا خروج

خاندانِ غزنی کے فرمانرواؤں نے ہرچند ہندوستان پر متعدد حملے کئے اور ایک معقول حصۂ زمین پر اپنے شاہانہ اثرات قایم کرلئے، لیکن اُنھوں نے سرزمینِ ہند کو کوئی مستقل سلطنت نہیں بنایا، بلکہ اُس کی حیثیت صرف ایک صوبہ کی سی رہی جو حکومتِ غزنی سے متعلق سمجھا جاتا تھا۔ ہرچند محمود غزنوی یا اُس کے بعد بعض سلاطین کے لئے ہندوستان کو مرکزِ حکومت بنالینا دشوار نہ تھا، لیکن حقیقت یہ ہے کہ اِسوقت وسطِ ایشیا کی اہمیت بہت زیادہ تھی اور ایک ایسے خاندان کے لئے جو اپنے مذہب، اپنے مرز وبوم، اپنے امیال وعواطف کے لحاظ سے ایران اور روس کے قرب وجوار میں زیادہ اسباب دلچسپی رکھتا تھا۔ مشرق کے ایک دور دراز ملک کو اپنا حقیقی جولانگاہ قرار دینا دشوار تھا۔ پھر چونکہ ہندوستان ایک بہت وسیع ملک ہے اور اُس پر اقتدار سلطنت قایم رکھنے کے لئے پوری توجہ کی ضرورت ہے اس لئے وہ سمجھتے تھے کہ اگر سرزمینِ ہند کے حصول ہی کو اصل مقصود قرار دے لیا گیا تو وسطِ ایشیا کی طرف پھیلی ہوئی قوت کا ضعیف ہوجانا یقینی ہے اور یہ انھیں گوارا نہ تھا۔ علاوہ اس کے محمود نے غزنی کو "عروس البلاد" بنانے میں ایسی معمولی محنت صرف نہ کی تھی کہ وہ اس کو اُجڑتا ہوا دیکھنا پسند کرتا اور وہاں کی رونق وشوکت کو ہندوستان کی آرایش پر قربان کردیتا۔ علی الخصوص ایسی حالت میں جبکہ یہاں کی آب وہوا بھی ان سرد ملکوں میں زندگی بسر کرنے والوں کے لئے زیادہ دلچسپ وخوشگوار نہ تھی

غزنوی خاندان کی حکومت ہندوستان میں وسیع نہ ہونے کے اسباب

الغرض شمالی ہندوستان کو، غزنوی حکومت کے ماتحت ایک صوبہ کی سی حیثیت اختیار کئے ہوئے دو صدی کا زمانہ گزر چکا تھا کہ زمانہ کے سیلاب نے ایک دوسری موج بلند کی اور وہ نقش ونگار جو پہلی موج نے غزنی میں قایم کئے تھے

مٹنے لگے

تاریخ عہدِ غزنوی کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سب سے بڑا خطرہ جس نے فرمانروایان غزنی کو سراسیمہ بنا رکھا تھا سلجوقیوں کا تھا لیکن قدرت کی ستم ظریفی دیکھئے کہ آخر وقت تک غزنوی بادشاہوں کو یہ نہ معلوم ہوا کہ اُن کو تباہ کرنے والا سیلاب خود اُنھیں کے اندر پرورش پا رہا ہے

غورلیوں کا نشیمن

غزنی اور ہرات کے درمیان غور کی پہاڑیوں میں ایک قلعہ فیروزکوہ کے نام سے مشہور تھا اور اس سنگستانی علاقہ میں عرصہ سے ایک جری افغانی قوم آباد تھی اور قلعۂ فیروزکوہ میں خاندانِ سُور اس کا حکمراں تھا

۴۰۱ھ/۱۰۱۰ء میں محمود غزنوی نے محمد بن سوری حاکم غور کو زیر کیا (جس نے خودکشی کرلی) اور اسی خاندان کے ایک فرد کو وہاں کا حاکم مقرر کرکے غورستان کو اپنا باجگذار بنا لیا[1]

جب تک محمود زندہ رہا غورستان نہ صرف مطیع رہا بلکہ اُس نے بہت سے بہادر اور قابل سپاہی بھی محمود کی فوج کے لئے مہیا کئے لیکن محمود کے بعد جانشینانِ محمود کی کمزوری کی وجہ سے غورستان پر وہ تسلط قایم نہ رہ سکا اور رفتہ رفتہ اس میں ضعف پیدا ہونے لگا

علاء الدین جہانسوز

سلطان بہرام شاہ (غزنوی) کے عہد میں قطب الدین محمد غوری (جو سلطان بہرام شاہ کا داماد بھی تھا) غورستان کا حاکم تھا۔ چونکہ قطب الدین درپردہ غزنی کی تسخیر کا اہتمام کر رہا تھا اس لئے بہرام شاہ نے اُس کو غزنی بلایا اور ہلاک کرا دیا۔ اس کے بھائی سیف الدین بھی ساتھ تھا۔ یہ بھاگ کر غور پہونچا اور وہاں سے فوج فراہم کرکے غزنی پر حملہ کیا اور قبضہ کرلیا، چنانچہ بہرام شاہ کو غزنی سے بھاگ کر کرمان میں پناہ لینی پڑی۔ جب جاڑے کا زمانہ آیا تو پھر بہرام شاہ نے غزنی واپس لینے کی کوشش کی اور کثیر فوج کے ساتھ سیف الدین پر حملہ کردیا۔ لیکن قبل اس کے کہ سیف الدین مقابلہ میں آتا اہل غزنی نے اس کو گرفتار کرکے بہرام شاہ کے پاس بھیجدیا۔ بہرام نے اس کو قتل کرا دیا۔ اس کی خبر دوسرے بھائی علاء الدین کو معلوم ہوئی جو اُس وقت غور میں تھا وہ ایک جرار لشکر لے کر غزنی پہونچا اور اس نے قتل عام کرکے سارے غزنی میں آگ لگا دی اور "جہانسوز" کے لقب سے مشہور ہوا[2]

اسوقت ہندوستان کے حالات اس کے مقتضی تھے کہ یہاں پھر تاخت کا سلسلہ شروع ہوجائے۔ کیونکہ ایک صدی سے زائد زمانہ گزر چکا تھا کہ کہیں نہ کہیں شورش و ہنگامہ برپا رہتا تھا اور غزنی خاندان کے آخری فرمانرواؤں نے پنجاب کو بہت کچھ اُس کے حال پر چھوڑ رکھا تھا اور یہ کہنا غالباً نادرست نہ ہوگا کہ ہندو فوج اور ہندو سرداروں نے انھیں بہت کچھ ہندوستانی بنا لیا تھا

---

[1] حبیب السیر۔ جلد ۴۔ صفحہ ۱۷۴۔ [2] فرشتہ جلد اول (نولکشور) صفحہ ۵۵-۵۶۔

خسرو شاہ (بہرام کے بیٹے) نے اس امر کی کوشش کی کہ وہ افغانستان کی حکومت پر پھر قابض ہو جائے لیکن غزنی تباہ و برباد ہو چکا تھا، دوسرے مقامات میں بدامنی پھیل رہی تھی اور غز ترکوں کی جماعتیں ہر جگہ چھائی ہوئی تھیں ہر چند علاء الدین جہانسوز غزنی کو تباہ و برباد کر چکا تھا اور اگر وہ چاہتا تو اسی وقت پنجاب کو بھی فتح کر لیتا لیکن وہ اپنے قلعۂ فیروز کوہ پر قانع تھا اور اُس نے کوئی پیشقدمی نہیں کی۔ جب ۵۵۶ھ/۱۱۶۱ء میں اُس کا انتقال ہوا تو اُسکا بیٹا سیف الدین غورستان کا فرمانروا ہوا، لیکن اُس نے بھی ہندوستان کی طرف کوئی توجہ نہیں کی۔ دو برس بعد جب اس کا بھی انتقال ہو گیا، تو ۵۵۸ھ/۱۱۶۳ء میں علاء الدین کا بھتیجا غیاث الدین فرمانروا ہوا۔ اس وقت غزنی پر اتراکِ غز قابض ہو چکے تھے۔ غیاث الدین بہت منچلا شخص تھا اس لئے غورستان کی افغان جماعت میں اُس نے پھر نئی روح پھونکی اور آخرکار ۵۶۹ھ/۱۱۷۳ء میں (جب کہ غزنی پر غز ترکوں کی حکومت کو دس سال سے زاید نہ ہوئے تھے) اُس نے غزنی کو فتح کر کے اپنے بھائی معز الدین کو جسے شہاب الدین اور محمد غوری بھی کہتے ہیں وہاں کا گورنر متعین کر دیا۔ گویا ان دونوں بھائیوں میں حکومت تقسیم ہو گئی یعنی غیاث الدین فیروز کوہ میں رہا اور معز الدین غزنی میں حکومت کرنے لگا

غزنی، غور اور ہندوستان کا سیاسی تعلق

ہندوستان کی تاریخِ اسلام میں معز الدین (یا شہاب الدین محمد غوری) کو جو درجہ حاصل ہے وہ مشکل سے کسی دوسرے فرمانروا کو حاصل ہو سکتا ہے، کیونکہ پہلا شخص جس نے ہندوستان کے اندر بیرونی حکومت کی مستحکم بنیاد قایم کی یہی تھا۔ اس سے دو صدی قبل جس طرح محمود نے مسلسل تیس سال تک ہندوستان کو اپنے قشونِ قاہرہ کا جولانگاہ بنائے رکھا، بالکل اسی طرح شہاب الدین نے بھی تقریباً تیس سال تک اپنے عزمِ ملوکانہ کا ڈنکہ سارے ہندوستان میں بجایا۔ لیکن فرق یہ ہے کہ محمود نے غزنی پر ہندوستان کو قربان کر دیا اور شہاب الدین نے عروسِ ہند کے لئے سارے وسطِ ایشیا سے مُنھ موڑ لیا

شہاب الدین غوری ہندوستان میں

شہاب الدین محمد غوری

ہندوستان کا اولین مسلمان فرمانروا

۵۸۹-۶۰۲ھ
۱۱۹۳-۱۲۰۵ء

شہاب الدین غوری کے اقدامات ہند

شہاب الدین کا اولین مقصود یہ تھا کہ وہ ہندوستان کے تمام اسلامی مقبوضات کو اپنے اقتدار میں لا کر ایک مرکز سے منسلک کر دے چنانچہ اُس نے سب سے پہلے دریائے سندھ کی طرف اقدام کیا اور ۵۷۱ھ/۱۱۷۵ء میں

ملتان کو فتح کر کے قرامطہ[1] کو وہاں سے نکالدیا۔ اس کے بعد وہ اٹھلواڑہ گیا اور ۵۷۲ھ/۱۱۷۶ء تک سارا سندھ، دہلی تک اُس نے فتح کر لیا۔ اسی اثنا میں اُس کی افواج نے پشاور بھی لے لیا اور خسرو ملک غزنوی خاندان کے آخری فرمانروا نے (جو اپنی کمزوری کی وجہ سے لاہور میں جان بچائے پڑا ہوا تھا) اپنا کمسن لڑکا معہ دیگر تحایف کے پیش کر کے تھوڑے دنوں کے لئے امن وسکون خرید لیا

اس کے بعد پھر ۵۸۱ھ/۱۱۸۵ء میں شہاب الدین نے لاہور پر حملہ کیا اور دوسرے سال خسرو ملک کو قید کر کے فیروزکوہ کی طرف بھیجدیا جہاں وہ پانچ سال کے بعد معہ اپنے بیٹے کے قتل کر دیا گیا

اب شہاب الدین اپنے مسلمان رقیبوں کی طرف سے بالکل مطمئن ہو گیا اور ہندؤں کی طرف متوجہ ہوا۔ اس سے قبل ہندو مسلمانوں کے تعلقات اسقدر بڑھ چکے تھے کہ تمام محکموں (یہاں تک کہ فوج میں بھی) ہندو بہ کثرت نظر آتے تھے لیکن اب یہ پالیسی ترک کر دی گئی اور حملہ آوروں میں سوائے ترکوں اور افغانوں کے کوئی تیسرا عنصر شامل نہیں کیا گیا

شہاب الدین اور پرتھی راج کا مقابلہ

شہاب الدین نے سب سے پہلے قلعۂ سرہند پر حملہ کیا اور اس حملہ نے ہندوستان کے تمام راجپوتوں میں ایسی آگ مشتعل کر دی، کہ سب کے سب پرتھی راج فرمانروائے اجمیر (چوہان راجپوتوں کے سردار) کے ساتھ شامل ہو گئے اور شہاب الدین کے مقابلہ پر اپنی تمام قوتیں صرف کرنے کے لئے آگے بڑھے۔ دونوں طرف جوش اپنا اپنا کام کر رہا تھا غیظ وغضب، غیرت وخودداری کے جذبات انتہائی نقطۂ عروج پر پہونچ چکے تھے، کہ ۵۸۷ھ/۱۱۹۱ء میں کرنال سے دس میل کے فاصلہ پر بمقام تراین (اُسی میدان پانی پت کے ایک حصہ پر جہاں ہندوستان کی قسمت کا فیصلہ بارہا ہوا اور ہونا والا تھا) دونوں فوجیں ایک دوسرے سے متصادم ہوئیں۔ اس میں شک نہیں کہ مسلمان افواج نے حد درجہ بہادری سے کام لیا، لیکن حقیقت یہ ہے کہ راجپوتوں کا جوش بہت بڑھا ہوا تھا اور اُنھوں نے اسقدر باقاعدہ صف بندی کے ساتھ مقابلہ کیا کہ شہاب الدین اپنے میمنہ ومیسرہ سے جدا ہو کر دشمنوں میں گھر گیا۔ یہ ایسا وقت تھا کہ جری سے جری انسان کو بھی بدحواس ہو جانا چاہیئے تھا، لیکن شہاب الدین مطلق مضطرب نہیں ہوا۔ اُس نے تنہا پرتھی راج کے بھائی (رائے دہلی) پر، جو ایک زبردست ہاتھی پر بیٹھا ہوا تھا، اپنے خارا شگاف نیزہ سے ایسا سخت حملہ کیا کہ اُس کے دانت ٹوٹ کر حلق میں چلے گئے۔ قریب تھا کہ شہاب الدین کے بھی وہیں ٹکڑے ٹکڑے کر دئے جاتے اور زخم کھا کر وہ اپنے گھوڑے سے نیچے گر جاتا، لیکن اتفاق سے ایک خلجی سپاہی نے دیکھ لیا اور فوراً شہاب الدین کے پیچھے آ کے

---

[1] اس سے قبل محمود بھی ان قرامطہ کو ملتان سے نکال چکا تھا جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ وہ پھر بعد کو یہاں قابض ہو گئے۔

[2] یہ سنہ طبقات ناصری کا ہے دیگر مورخین میں اختلاف ہے بعض ۵۷۵ھ ظاہر کرتے ہیں اور بعض ۵۷۸ھ۔

گھوڑے پر سوار ہو کر میدان سے بچا کر نکل گیا۔ اس واقعہ سے مسلمان افواج کے قدم اُکھڑ گئے اور شہاب الدین غزنی چلا آیا

شہاب الدین کو اس شکست کا جسقدر رنج ہوا وہ اس سے ظاہر ہے کہ خواب و خور اُس پر حرام ہو گیا تھا اور ایک سال کا انتظار بھی اُسے شاق تھا۔ آخر کار دوسرے سال اُس نے ایک لاکھ بیس ہزار کی جمعیت سے جس میں افغان، ترک اور ایرانی شامل تھے پھر ہندوستان پر حملہ کیا (اس اثنا میں پرتھی راج ایک سال کے محاصرہ کے بعد سرہند پر قابض ہو گیا تھا اور ترائن کے میدان میں شہاب الدین کا منتظر تھا)

شہاب الدین کو اس سے قبل چونکہ نہایت تلخ تجربہ حاصل ہو چکا تھا اس لئے اس مرتبہ اُس نے لڑائی کا رنگ ہی بدل دیا اور سواروں کو چار حصوں میں تقسیم کر کے چاروں طرف سے راجپوتوں پر ایسا سخت حملہ کیا کہ اُن میں انتشار پیدا ہونے لگا۔ عین اُسی وقت اُس نے ایک چال اور یہ کی کہ اپنے سپاہیوں کو حکم دیا کہ جب راجپوت حملہ کریں تو پسپائی کا اظہار کر کے اُن میں زیادہ انتشار پیدا کر دیا جائے اور پھر پلٹ کر حملہ کیا جائے۔ اس ترکیب سے ہندو افواج بہت جلد تھک کر عاجز آگئیں اور آخر کار اُنھیں ایسی شکست اُٹھانی پڑی کہ مقابلہ کرنے کی ہمت نہ ہوئی۔ بہت سے راجپوت سردار مارے گئے اور پرتھی راج بھی جو ایک گھوڑے پر سوار ہو کر بھاگ گیا تھا سرستی کے قریب گرفتار ہو کر قتل کر دیا گیا (۵۸۸ھ/۱۱۹۲ء)

اس کامیابی کا نتیجہ یہ ہوا کہ اجمیر، ہانسی اور سرستی پر شہاب الدین کا قبضہ ہو گیا۔ چنانچہ شہاب الدین نے اجمیر میں وہیں کے راجہ کے لڑکے کو حاکم مقرر کیا اور اپنے غلام قطب الدین ایبک کو ہندوستانی مقبوضات کا وائسرائے بنا دیا

چونکہ قطب الدین ایبک خود بے انتہا جری شخص تھا اس لئے اُس نے صرف اسی پر کفایت نہیں کی بلکہ میرٹھ، دہلی اور علیگڈھ کو بھی فتح کر کے اپنے مقبوضات میں شامل کر لیا اور دوسرے سال خود شہاب الدین نے راجہ قنوج کے خلاف فوجکشی کی۔ چنانچہ چھندواڑہ اور اٹاوہ کے درمیان ساحل جمن پر مقابلہ ہوا اور راٹھور راجپوتوں کو سخت شکست ہوئی۔ اب نہ صرف قنوج اور بنارس پر قبضہ ہو گیا تھا بلکہ گوالیار، بدایوں، کالپی، کالنجر، بیانہ یعنی تمام "شمالی ہندوستان" کو بھی قطب الدین نے فتح کر لیا تھا

یہ حال تھا دوآبہ اور اُس کے اطراف و جوانب کا، لیکن دوسری طرف محمد بختیار خلجی نے (شہاب الدین کا دوسرا غلام) اودھ اور لکھنوتی کی طرف (جو بنگال کا دارالحکومت تھا) بڑھ کر ۵۹۳ھ/۱۱۹۷ء میں بہار و بنگال پر قبضہ کر لیا اور اس طرح ہندوستان کا انتہائی "مشرقی حصہ" بھی مسلمانوں کے اقتدار میں آگیا

اگر شہاب الدین صرف ہندوستان کے مقبوضات پر قانع رہتا تو بھی کم نہ تھا، لیکن وہ اپنے مرزبوم کی طرف سے بھی غافل نہ تھا، اس لئے اُس نے

شہاب الدین کا دوسرا حملہ اور پرتھی راج کا قتل

قطب الدین ایبک کے کارنامے

بختیار خلجی کی فتوحات

غوری سلطنت کا تزلزل

خوارزم[1] (موجودہ خیوا) پر بھی حملہ کیا۔ جہاں اُسے سخت شکست ہوئی۔ (۵۹۹ھ/۱۲۰۲ء)۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ساری سلطنت میں بغاوت رونما ہوئی۔ ملتان نے اپنا فرمانروا الگ منتخب کر لیا۔ غزنی نے اپنے دروازے اس کی مخالفت میں بند کر لئے، گکھروں نے لاہور پر قبضہ کر کے پنجاب کو تباہ کرنا شروع کیا اور سلطنت غور کے تمام پُرزے ڈھیلے ہو گئے

شہاب الدین کا قتل کیا جانا

شہاب الدین کی ہمت و جرأت کی آزمائش کا یہ دوسرا موقعہ تھا اور یہ اس میں بھی کامیاب ثابت ہوا اور برق تمام پھر ملتان و غزنی پر قابض ہو کر گکھروں کے فتنہ کو دبایا، لیکن یہ استیصال بالکل عارضی تھا اور گکھر جماعت اس کے خون کی پیاسی تھی اس لئے ۶۰۲ھ/۱۲۰۶ء میں غرۂ شعبان کی تیسری کو انھوں نے بُزدلانہ طریقہ سے اس کے خیمہ میں جا کر قتل کر دیا اور آخر کار حکومتِ ہندوستان کا تعلق ہندوستان ہی سے رہ گیا اور قطب الدین ایبک اس کے جانشین نے صحیح معنی میں اولین فرمانروائے ہند ہونے کا فخر حاصل کیا

شہاب الدین کی سیرت

شہاب الدین غوری نہ صرف جری، فراخ حوصلہ اور مستقل مزاج شخص تھا بلکہ اسی کے ساتھ وہ بے انتہا ضابطہ و متحمل بھی تھا۔ باوجود اس کے کہ اس کو نہایت سخت مصائب کا سامنا پڑا اور راجگانِ ہند نے اُسے اکثر حد درجہ مشتعل و غضب آلود کر دیا لیکن میدان جنگ میں اُس نے کبھی اُس بیجا ظلم و ستم سے کام نہیں لیا جو وحشی و ناشائستہ قوموں کا شعار ہے یا جسے اسلام نے ممنوع قرار دیا ہے

ہندوستان کے نہایت سخت معرکوں میں وہ معرکہ بھی تھا جو راجہ بنارس اور شہاب الدین محمد غوری کے درمیان پیش آیا لیکن حسب بیان کامل ابن اثیر[2] معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں نے باوجود شدتِ غیظ کے دوران جنگ میں اور باوجود فاتح ہونے کے جنگ کے بعد، ایک عورت اور بچہ پر بھی ہاتھ نہیں اُٹھایا کیونکہ شہاب الدین محمد غوری کبھی جبر و ظلم یا

---

[1] خوارزم، بحر خضر کے شرقی جانب کا حصۂ ملک۔ اس کا پایۂ تخت گرگان تھا۔ عربوں نے اس حصۂ زمین کا نام جُرجان رکھ دیا اور پایۂ تخت کو جُرجانیہ کہنے لگے۔ عہدِ سلاجقہ میں ملک شاہ سلجوقی کا ایک غلام نوشتگین یہاں کا حاکم ہوا تھا اُس نے خود مختار بن جانے کی کوشش کی۔ اُس کے بیٹے قطب الدین نے ملک کو اور وسعت دیکر خوارزم کا لقب اختیار کیا کیونکہ قبل حکومت اسلام یہاں کے فرمانروا خوارزم کے نام سے مشہور تھے۔ اس خاندان نے بعد کو بہت ترقی کی اور زوالِ سلاجقہ پر اس خاندان (خوارزم شاہی) کے عروج کی تاریخ قایم ہوئی۔ خوارزمی سلطنت بحر خضر سے دریائے سندھ تک اور خلیج فارس سے سیحون تک وسیع تھی۔ یہ سلطنت ۱۲۸ سال تک قایم رہی (۴۹۱ھ/۱۰۹۷ء سے ۶۲۸ھ/۱۲۳۵ء تک) اس کے آخری فرمانروا جلال الدین کو چنگیز خاں نے ۶۱۸ھ میں دریائے سندھ سے باہر کر دیا اور دس سال بعد عراق میں یہ قتل کر دیا گیا

[2] کامل التاریخ (جسے تاریخ کامل بھی کہتے ہیں) کا مصنف شیخ ابو الحسن علی ابن ابی الکرم محمد ابن محمد ابن عبد الکریم ابن عبد الواحد الشیبانی تھا۔ اس کی عرفیت عز الدین تھی اور عام طور سے ابن اثیر کے نام سے معروف ہے۔ ۵۵۵ھ میں بمقام جزیرۂ ابن عمر پیدا ہوا تھا اسلئے اس کے نام کے ساتھ الجزری بھی لکھا جاتا ہے۔ (بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۳۳ پر ملاحظہ فرمائیے)

مکر و فریب کو روا نہیں رکھتا۔ مؤلف "جامع الحکایات" بیان کرتا ہے کہ :۔

"نہروالہ میں شکست کھانے کے بعد جب شہاب الدین محمد غوری واپس آیا تو بعض نے تحریری مشورہ دیا کہ نہروالہ کے ایک سردار واسا بھر نے بہت سا اسباب تجارت جس کی قیمت تقریباً دس لاکھ روپئے ہوگی غزنیں روانہ کیا ہے اس لئے اُس کو ضبط کر لینا چاہئے اور اسی رقم سے ایک فوج تیار کر کے نہروالہ پر حملہ کرنا چاہئے" شہاب الدین محمد غوری نے اس تحریر کی پشت پر جواب لکھا کہ :۔

"یہ انصاف کے خلاف ہے میں ایسا نہیں کر سکتا" (جامع الحکایات قسم ۱ - باب ۶ - حکایت ۳۷)

یورپ جسے اپنی تہذیب و شائستگی پر اسقدر ناز ہے اور جو مشرقی فرمانرواؤں کو جور و ظلم کا مجسمہ قرار دینے میں ذرا باک نہیں کرتا، کیا وہ اپنے عہدِ تہذیب و شائستگی کی کوئی ایسی مثال پیش کر سکتا ہے جس میں اس قدر رواداری سے کام لیا گیا ہو۔ جنگ طرابلس اور جنگ بلقان میں جو مظالم عورتوں اور بچوں پر کئے گئے اُن کا مقابلہ کرنا چاہئے شہاب الدین غوری کی جنگ بنارس سے، جس میں ایک عورت اور ایک بچہ ہلاک نہیں کیا گیا۔ اور حال کے عظیم الشان اُصولِ حرب کو سردار نہروالہ کے واقعہ سے مطابق کر کے دیکھنا چاہئے کہ مخالف ملک کی تجارت کو تباہ و برباد کر دینا، وہاں کے مال و اسباب پر قبضہ کر لینا اولین اُصول قرار دیا جاتا ہے۔ حالانکہ شہاب الدین غوری اب سے آٹھ صدی قبل کے عہد تاریک میں بھی اس کو روا نہ رکھتا تھا

چونکہ اس کو اپنی زندگی بھر صرف حرب و قتال سے واسطہ رہا اس لئے وہ اُن فنون کی طرف متوجہ نہ ہو سکا جو حالت امن و سکون میں نشو و نما پاتے ہیں۔ علاوہ اس کے یوں بھی خاندان غور کو نصف صدی سے کم ہندوستان سے واسطہ رہا اور یہ زمانہ جو بہت قلیل بھی تھا اور شورش و ہنگامہ کی وجہ سے ملک کے لئے ناقابل اصلاح بھی، اسی حال میں گزر گیا۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۳۲)

ابن خلکان جو ابن اثیر کا دوست تھا، بیان کرتا ہے کہ اس نے پہلے موصل میں تعلیم پائی اور پھر بغداد، شام اور بیت المقدس میں۔ بعد فراغ اس نے موصل میں درس و تدریس کا کام کیا اور اس کا مکان علماء عصر کا مرکز بن گیا۔ ابن خلکان اس سے بمقام حلب ۶۲۶ھ میں ملا تھا اور اس کی نسبت یہ رائے قایم کی تھی کہ :۔ "ابن اثیر بڑا فاضل نہایت برگزیدہ صفات کا شخص ہے لیکن اسی کے ساتھ حد درجہ شرمیلا" دوسری جگہ ابن خلکان اُسے "شیخنا ابن اثیر" کہتا ہے اور بیان کرتا ہے کہ :۔ "وہ علم حدیث کا بڑا متبحر عالم تھا اور بعید و قدیم تاریخ پر اُسے کامل عبور و عمل تھا۔ اسکی تاریخ کامل جو ابتدائے عالم سے ۶۲۸ھ / ۱۲۳۱ء تک محیط ہے اسکی بے مثل تصنیف ہے"

اس میں شک نہیں کہ تاریخ کامل عجیب و غریب تاریخ ہے اور ایشیا و یورپ میں ہر جگہ اس سے استفادہ کیا جاتا ہے۔ ابن خلدون مشہور مورخ نے بہت کچھ اس سے اقتباس کیا ہے اور یورپ کے موجودہ مورخین نے اسکی مدد سے متعدد تاریخیں لکھی ہیں۔ اس نے دوسری اور تیسری صدی ہجری کے جاٹوں کا کچھ حال بیان کیا ہے اور عربوں کی فتوحات سندھ کا بھی ذکر اس میں موجود ہے لیکن ہندوستان کے متعلق اس کا وہ حصہ بہت زیادہ قابل غور ہے جس میں غزنوی اور غوری سلاطین کا حال درج ہے۔ حبیب السیر کا مصنف بیان کرتا ہے کہ تاریخ کامل کا ترجمہ تیمور کے بیٹے میران شاہ کے حکم سے نجم الدین نزاری نے (جو میران شاہ کا کاتب خصوصی تھا) فارسی میں کیا تھا۔ ابن اثیر کی دوسری کتاب اُسد الغابہ بھی بہت مشہور کتاب ہے۔ اسکے دو بھائی اور تھے جو اسکی طرح علمی مشاغل میں مصروف رہتے تھے ان میں سے ایک مجد الدین تھا جس نے اُصول حدیث کے فن میں ایک کتاب "جامع الاصول من حیث الرسول" لکھی جو اس کتاب کا مصنف غلطی سے ابن اثیر کو ظاہر کیا جاتا ہے۔

باب ہشتم

خاندانِ غلام

قطب الدین ایبک

سنہ ۶۰۲-۶۰۷ھ
۱۲۰۶-۱۲۱۰ع

فرشتہ نے سلطان قطب الدین ایبک کے حالات میں لکھا ہے کہ:-

"بہ اخلاق حمیدہ و اوصاف پسندیدہ موصوف بود و روشِ شہریاری و قواعدِ جہانداری نیکو میدانست"[1]

قطب الدین ایبک جس خاندان کا اولین فرمانروا ہے اُسے "خاندانِ غلام" اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ شہاب الدین محمد غوری کا غلام تھا۔ چونکہ شہاب الدین محمد غوری کے کوئی اولادِ نرینہ نہ تھی اس لئے وہ غلاموں کی پرورش و تربیت کا بہت شایق تھا۔ اگر کوئی شخص شہاب الدین محمد غوری سے لاولد ہونے پر تاسف کرتا تو وہ جواب دیتا کہ "کیا یہ ہزاروں ترکی غلام میری اولاد نہیں ہیں"[2] ؟ اِن غلاموں میں سے چار نے بہت شہرت حاصل کی۔ قطب الدین ایبک نے دہلی میں، تاج الدین یلدوز نے غزنی میں، ناصر الدین قباچہ نے سندھ میں اور محمد بختیار خلجی نے بنگال میں

قطب الدین ایبک کو صغر سنی کی حالت میں ایک تاجر ترکستان سے نیشاپور لایا، اور ابن عبد العزیز قاضی فخر الدین کوفی کے ہاتھ فروخت کیا۔ قاضی صاحب اولادِ ابو حنیفہ میں سے تھے اور فضلاءِ عصر میں اُن کا شمار ہوتا تھا۔ چونکہ اس عہد میں غلاموں کو بھی

تسمیہ غلام خاندان کا سبب شہاب الدین کا سلوک اپنے غلاموں سے

---

[1] فرشتہ جلد اول صفحہ ۶۰ (نولکشور) — [2] فرشتہ جلد ۱ - صفحہ ۶۳ (نولکشور)

مثل اولاد کے سمجھا جاتا تھا اس لئے قاضی فخر الدین نے اپنے لڑکوں کے ساتھ قطب الدین کو بھی مکتب میں بٹھا دیا۔ چونکہ فطرتاً بہت ذہین اور جفاکش تھا، اس لئے تھوڑے ہی عرصہ میں علوم متداولہ سے آگاہ ہوگیا۔ جب قاضی فخر الدین کا انتقال ہوگیا تو ایک تاجر نے معقول قیمت دے کر قطب الدین کو مول لے لیا اور تحفۃً سلطان شہاب الدین غوری کی خدمت میں پیش کیا اور رفتہ رفتہ اس نے اپنے حسن خدمات سے شہاب الدین کو اپنا گرویدہ بنا لیا

لفظ ایبک کی تشریح

طبقاتِ ناصری کے حوالہ سے فرشتہ، طبقات اکبری اور تمام مورخین نے اس کے ایبک کہلائے جانے کی وجہ یہ لکھی ہے کہ اس کے ہاتھ کی چھوٹی انگلی ٹوٹی ہوئی تھی لیکن ہم اس کو صحیح نہیں سمجھ سکتے کیونکہ "ایبک" کا لفظ صرف قطب الدین ہی کے ساتھ استعمال نہیں ہوا بلکہ بہت سے لوگ "ایبک" کہلاتے تھے۔ "ایبک" حقیقۃً ترکوں کا ایک خاندان ہے جیسا کہ غالب لکھتا ہے "ایبکم از جماعۂ اتراک" اور اس کے معنی ہیں "چاند کا سردار"۔ چونکہ ترکوں میں یہ خاندان نہایت حسین خاندان تھا اس لئے اُسے "ایبک" کہنے لگے۔ "ایبک" کا ترجمہ طبقات ناصری نے لفظ شل سے کیا ہے، حالانکہ یہ صحیح نہیں

لفظ "ایبک" مرکب ہے "اے" اور "بک" سے۔ "بک" کے معنی ہیں "سردار" اور "اے" ترکی میں کہتے ہیں چاند کو۔ اس امر کا ثبوت کہ یہ اَے اور بک سے مرکب ہے علاوہ اس کی ظاہری ترکیب کے قطب مینار دہلی سے بھی ملتا ہے جس پر لفظ ایبک ملا ہوا نہیں بلکہ اَے اور بک الگ الگ منقوش ہے

قطب الدین کی خصوصیات

بہرحال قطب الدین ترکی النسل تھا اور علاوہ جمالِ ظاہری کے حسنِ سیرت بھی بدرجۂ اتم رکھتا تھا۔ صاحب طبقات ناصری نے لکھا ہے کہ قطب الدین نہایت جری بادشاہ تھا اور سخاوت میں تو اُسے حاتم ثانی کہنا چاہیئے۔ اس میں وہ صفات حکمرانی پائی جاتی تھیں جو اُسوقت مشرق و مغرب کے کسی بادشاہ میں نظر نہیں آتی تھیں۔ اُس کی اس فیاضانہ فطرت نے سارے ہندوستان کو اُس کا مطیع بنا دیا، یہاں تک کہ ایک شخص بھی اُس کا دشمن نہ تھا[1]۔

شہاب الدین محمد غوری نے اس کی بلند نظری اور عالی حوصلگی کا اندازہ اول اول کیونکر کیا، اس کے متعلق مورخین نے بیان کیا ہے کہ "ایک شب شہاب الدین محمد غوری نے محفل طرب قایم کی اور فرطِ مسرت کے عالم میں تمام حاضرین کو بیش بہا انعامات دئے۔ ان انعام پانے والوں میں قطب الدین بھی تھا۔ جب محفل ختم ہوئی تو قطب الدین نے جو کچھ زر و جواہر، درہم و دینار پایا جاتا تھا سب کا سب ادنیٰ خادموں کو تقسیم کر دیا اور ایک پیسہ بھی اپنے پاس نہ رکھا۔ صبح کو جب یہ خبر سلطان کو معلوم ہوئی تو اُسنے قطب الدین کی اس ادا کو بہت پسند کیا اور اُسی وقت طبقۂ امراء میں اُسے شامل کر لیا[2]۔ اس کے بعد اُس نے بہت جلد جلد ترقی حاصل کی یہانتک کہ میر اخوری[3] کے عہدہ پر مامور ہوگیا[4]۔ اور پھر رفتہ رفتہ ہندوستان کا وائسرائے ہوکر خود سلاطین غور

---

[1] طبقات ناصری جلد ۱۔ صفحہ ۲۹۸ — [2] طبقات اکبری صفحہ ۲۰ — [3] میر آخور یعنی شاہی اسطبل کا مہتمم۔ اُس کا فرض یہ بھی تھا کہ جب فوج باہر کوچ کرتی تو گھوڑوں کی نگہداشت کرتا اور دیکھتا کہ اُن کے دانہ پانی کا انتظام درست ہو یا نہیں۔ [4] فرشتہ جلد ۱۔ صفحہ ۶۱ —

نے اُسے سلطانِ ہند تسلیم کرلیا

اس میں شک نہیں کہ اِس کا زمانہ سلطان شہاب الدین محمد غوری کی معیت میں اور نیز خود مختار بادشاہ ہونے کے بعد بھی زیادہ تر حرب و جنگ میں بسر ہوا لیکن اسی کے ساتھ اُس نے اپنے ذوق علم کا بھی کافی ثبوت دیا اور سیکڑوں مساجد تعمیر کرائیں جو نہ صرف درس مذہبی بلکہ تعلیم علوم و فنون کا بھی مرکز تسلیم کی جاتی تھیں

جب غیاث الدین محمود، غیاث الدین محمد غوری کے بیٹے نے قطب الدین کے لئے چتر بادشاہی اور خطاب سلطانی ہندوستان روانہ کیا اور قطب الدین تخت دہلی پر بیٹھا تو اُس نے اسقدر داد و دہش کی کہ لک بخش کے نام سے مشہور ہوگیا اور بہاء الدین جو اُس کے عہد کا مشہور فاضل تھا ان الفاظ میں تعریف کرنے پر مجبور ہوگیا کہ :-

اے[1] بخشش لک تو جہان آوردہ — کان را کفِ تو کار بجان آوردہ

از رشک کفِ تو خون گرفتہ دلِ کان — وز لعل بہانہ در میان آوردہ

صاحب تاج المآثر[2] نے لکھا ہے کہ :-

"قطب الدین ایبک ایسا عادل بادشاہ تھا کہ اس کے عہد میں (بطور ضرب المثل) گرگ و گوسفند ایک ہی جگہ پانی پیتے تھے"

سڑکیں محفوظ تھیں۔ رہزنی مفقود ہوگئی تھی اور تمام رعایا خوشحال اور مطمئن زندگی بسر کرتی تھی۔ تعصب بالکل نہ تھا ہندو بھی مسلمانوں کے برابر سلطان قطب الدین کی فیاضی سے حصہ پاتے تھے اور انصاف میں مذہب و دولت، جاہ و امارت کا کوئی لحاظ نہ کیا جاتا تھا۔ اس نے دہلی میں ایک نہایت عمدہ مسجد جامع تیار کرانی شروع کی، جس کی یادگار قطب مینار کی صورت میں اب بھی پائی جاتی ہے

---

[1] تو ہی وہ شخص ہے جس نے لاکھوں کی بخشش کو دنیا میں ظاہر کیا اور زر و جواہر کی معدنیں تیری فیاضی کو دیکھ دیکھ کر حسد سے جلنے لگیں۔ لعل تو صرف بہانہ ہے ورنہ حقیقت یہ ہے کہ تیرے دستِ کرم کے کرشمے دیکھ کر معدن کا دل خون ہوگیا ہے۔

[2] تاج المآثر میں زیادہ تر صرف قطب الدین ایبک کے حالات درج ہیں۔ معلوم نہیں اس کو تاج المآثر کیوں کہتے ہیں حالانکہ مصنف نے کہیں اس کا نام ظاہر نہیں کیا۔ مشرق میں یہ کتاب ہمیشہ سے خاص شہرت رکھتی تھی۔ لیکن یورپ کو اس کا علم صرف ہیمر (Hammer) کے طفیل سے حاصل ہوا۔ ہیمر لکھتا ہے کہ :-

"اگر حسن نظامی (مولف تاج المآثر) قطب الدین کے حالات نہ لکھتا تو آج یہ بھی اُن دوسرے فرمانرواؤں کی طرح گمنام حالت میں رہتا جن کے حالات کہیں تاریخ سے معلوم نہیں ہوتے"

حسن نظامی کے حالات زندگی بہت کم معلوم ہیں اس نے تاج المآثر کے دیباچہ میں اپنا نام حسن نظامی تحریر کیا ہے۔ میر خوند نے اس کا نام صدرالدین محمد بن حسن نظامی ظاہر کیا ہے اور ابوالفضل نے بھی آئین اکبری میں یہی نام درج کیا ہے۔ (بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۳۷ پر ملاحظہ ہو)

شہاب الدین غوری کے دیگر نامور غلام

قطب الدین ایبک کے عہد میں تاج الدین یلدوز، ناصر الدین قباچہ اور بختیار خلجی نے جنھیں قطب الدین کی طرح شہاب الدین محمد غوری کے غلام ہونے کا فخر حاصل تھا، کارہائے نمایاں کئے اور ان میں سے ہر ایک اپنے عزم مردانہ اور جرأت دلیرانہ کے نقوش چھوڑ گیا

تاج الدین یلدوز کی نسبت صاحب طبقات اکبری لکھتا ہے کہ ہ۔

"بادشاہ بزرگ وکریم وصاحب اخلاق حمیدہ بود وجمالِ وافر داشت"

سلطان شہاب الدین محمد غوری نے اس کو بھی صغر سنی سے پرورش کیا اور رفتہ رفتہ درجات امارت پر پہونچا دیا۔ تاج الدین کی دو لڑکیاں تھیں ایک قطب الدین ایبک کو منسوب ہوئی اور دوسری ناصر الدین قباچہ کو۔ محمد غوری کے بعد تاج الدین ہی تخت غزنین پر متمکن ہوا

یلدوز کا ایک نہایت محبوب بچہ معلّم کے سپرد تھا ایک دن اُس معلّم نے لڑکے کے سر پر کوڑا مارا اور اتفاق سے وہ مر گیا

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۳۶)

ہیمر نے اسے باشندۂ لاہور بتایا ہے لیکن یہ بالکل غلط ہے وہ نیشاپور کا رہنے والا تھا اور اس نے اسوقت تک اپنا وطن نہیں چھوڑا جب تک خراسان کے حالات نے اُسے اس پر مجبور نہیں کر دیا۔ یہ پہلے غزنی آیا اور کچھ دن قیام کرنے کے بعد دہلی کی طرف روانہ ہوا۔ راہ کی صعوبتوں کا حال اسنے نہایت موثر انداز میں لکھا ہے۔ دہلی پہونچ کر وہ شرف الملک قاضی شہر سے ملا اور چند دن بعد احباب کے اصرار سے اسنے یہ تاریخ مرتب کرنی شروع کی۔

۶۰۲ھ/۱۲۰۵ء میں اس تاریخ کی ترتیب شروع ہوئی اور اسی سال شعبان کے مہینہ میں شہاب الدین محمد غوری کی وفات وقوع میں آئی اس سے ظاہر ہے کہ جسوقت تاج المآثر کی تحریر شروع ہوئی محمد غوری زندہ تھا اور اس لئے حسن نظامی نے اس کے نام سے اپنی تاریخ کو منسوب کیا

ہیمر پرگستال (Hammer Purgstall) کی یہ تحقیق کہ قطب الدین ایبک کی وفات کے بارہ سال بعد تاج المآثر مرتب ہوئی غلط ہے۔ اس نے اس کتاب کو محمد بن سام بن حسین سے منسوب کیا ہے لیکن مسٹر ہیمر نے اس محمد بن سام کو فرمانروائے لاہور خیال کیا حالانکہ مصنف کا مقصود اس سے شہاب الدین محمد غوری ہے۔ یہ تاریخ ۵۸۷ھ/۱۱۹۱ء سے شروع ہوتی ہے جب محمد غوری اپنی شکست تھانیسر کا انتقام لینے کے لئے حملۂ ہندوستان کی تیاریاں کر رہا تھا۔ عام طور سے جو نسخے تاج المآثر کے نظر آتے ہیں اُن میں ۶۱۴ھ/۱۲۱۷ء (یعنی قطب الدین ایبک کے سات سال بعد تک) کا حال درج ہے لیکن بعض قلمی نسخوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسنے ۶۲۶ھ/۱۲۲۸ء (یعنی شمس الدین التمش کے زمانہ) کے حالات بھی درج کئے ہیں

اس کتاب میں عربی اور فارسی عبارتیں دونوں کثرت سے ملی ہوئی نظر آتی ہیں اور تشبیہات، استعارات و دیگر صنایع و بدایع سے بہت زیادہ کام لیکر مورخانہ حیثیت کو ضعیف کر دیا ہے

سلطنت قطب الدین ایبک کے متعلق جو تاریخی حالات اس میں درج ہیں وہ نہایت قلیل اور غیر اہم ہیں

ہیمر نے شمار کر کے ظاہر کیا ہے کہ اس میں بارہ ہزار سطریں ہیں جن میں سات ہزار سطریں عربی اور فارسی کے اشعار پر مشتمل ہیں

جب یہ خبر یلدوز کو پہونچی تو اُس نے معلم کو بلا کر کچھ نہیں کہا اور سفر خرچ دیکر تاکید کی کہ "قبل اس کے کہ لڑکے کی ماں کو خبر ہو تم یہاں سے علٰحدہ ہو جاؤ اور کہیں اور چلے جاؤ"[1] اس سے یلدوز کی حسن سیرت اور بلندیِ فطرت کا اندازہ اچھی طرح ہو سکتا ہے۔

ناصر الدین قباچہ

ناصر الدین قباچہ علاوہ اپنی شجاعت و جرأت کے کیاست و تمیز میں خاص شہرت رکھتا تھا۔ صوبۂ سندھ اس کے سپرد تھا، جہاں اُس نے ۲۲ سال تک حکومت کی

اس زمانہ میں بہت سے معرکے پیش آئے اور ہر ایک کو اُس نے اپنے بذل و کرم اور احسان و انعام سے اپنے لئے آسان بنا لیا۔ جب چنگیز خاں کے فتنہ نے خراسان و غزنین کے اکابر کو سراسیمہ کر دیا تو یہ سب کے سب قباچہ کے پاس پناہ گزیں ہوئے اور اس نے نہایت دریا دلی سے اپنے خزانہ کا مُنھ ان لوگوں کے لئے کھول دیا[2]

بختیار خلجی

بختیار خلجی، بلاد غور اور گرم سیر کے اکابر میں سے تھا۔ شہاب الدین محمد غوری کے عہد میں یہ غزنین پہونچا اور وہاں سے ہندوستان آیا۔ یہ شخص اپنی اصابتِ رائے اور سخاوت و شجاعت میں بہت مشہور تھا اس نے لکھنوتی میں ایک شہر کی بنیاد ڈالی اور اس کو دار السلطنۃ بنایا۔ اُس نے مسجدیں، خانقاہیں اور مدارس کثرت سے تعمیر کرائے[3]۔ قطب الدین ایبک اس کے مردانہ عزائم کی بہت قدر کرتا تھا۔ الغرض شہاب الدین محمد غوری کے تمام غلام حقیقی معنے میں اہل ثابت ہوئے اور اگر انسانی صفات پر ابتدائی تربیت کا اثر پڑ سکتا ہے تو ہمیں اس باب میں صرف شہاب الدین محمد غوری کی تعریف کرنی چاہئے جس نے اپنے غلاموں کو بالکل اولاد کی طرح رکھا اور اُن کی تعلیم و تربیت کا وہی اہتمام کیا جو ایک حکمراں کی اولاد کے لئے کیا جاتا ہے پھر خصوصیت کے ساتھ یہ واقعہ کہ ہندوستان میں سب سے پہلے سلطنت کی طرح قطب الدین ایبک نے ڈالی اس کا امتیاز حقیقتہً محمد غوری ہی کو حاصل ہے کیونکہ ایبک اسی کا غلام تھا اور اسی کی نگرانی میں وہ ہندوستان کے اندر قصرِ حکومت تعمیر کرنے کی قابلیت حاصل کر سکا۔

قطب الدین ایبک

قطب الدین ایبک کے خاص خاص کارنامے وہی تھے جو شہاب الدین کے عہد میں بہ حیثیت وایسرائے دہلی اُس سے ظاہر ہوئے اور جن کا ذکر ہم کر چکے ہیں

جب شہاب الدین غوری کے بعد ایبک دہلی کا بادشاہ ہوا تو اُسنے خود اپنی کوشش اور نیز محمد بختیار کی مساعی سے جو بنگال کی طرف سے سلطنت کو وسیع کر رہا تھا قریب قریب تمام ہندوستان کو (کوہستانِ بندھیاچل کے شمال میں) اپنی قلمرو کے اندر داخل کر لیا، لیکن افسوس ہے کہ جس سلطنت کی قطب الدین ایبک نے قایم کیا اُسکی پوری ترقی وہ نہ دیکھ سکا اور اپنے آقا محمد غوری کی وفات کے بعد صرف چند سال زندہ رہ سکا اور ۶۰۷ھ/۱۲۱۰ء میں چوگان کھیلنے میں گھوڑے سے گر کر مر گیا۔ فتح دہلی سے اگر شمار کیا جائے تو اسکی مدتِ حکومت بیس سال اور اگر شہاب الدین کی وفات سے اُسکی سلطنت کی ابتدا مانی جائے تو چار سال قرار پائے گی[4]

---

[1] طبقات اکبری صفحہ ۲۱۔ [2] طبقات اکبری صفحہ ۲۲۔ [3] طبقات اکبری صفحہ ۲۲۔ [4] طبقات ناصری صفحہ ۱۴۱

چوتھا باب

امر ربانی

سیارۂ محبت میں تنہا میں ہی زندگی بسر نہیں کر رہا تھا بلکہ میرے ساتھی اور بہت تھے جو شب و روز معلم اکبر کی صحبت و گفتگو سے مستفید ہو رہے تھے

ایک بار وہ مجھے "جبل تجلی" پر لے گیا اور اپنی روحانی حکومت کی وسعت و آزادی کے مطالعہ کرنے کا موقعہ مجھے دیا۔ میں نے ایسا محسوس کیا کہ یہ شاید عالم ایجاد کی انتہا ہے اور حدود لانہایت اس جگہ ختم ہو جاتے ہیں۔ میں نے اس سے پوچھا "کیا یہ ستارۂ محبت، کائنات کا بالکل آخری ستارہ ہے اور کیا اس کے بعد جو کچھ ہے وہ ماوراء آفرینش ہے"

اس نے ایک محبت آمیز تبسم کے ساتھ سمت الراس کی طرف دیکھنے کا اشارہ کیا اور جب میں نے اس طرف نگاہ اٹھائی تو میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ ایک اور ستاروں بھری کائنات معہ کروروں آفتابوں کے مجھ سے قریب ہوتی جا رہی تھی اور چاروں طرف سوائے روشنی اور منور کروں کے کچھ نظر نہ آتا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میں سرعت برق کے ساتھ ہر طرف دوڑتا پھر رہا ہوں اور پھر بھی اپنے مرکز سے دور نہیں ہوتا۔ میں مایوس ہو کر بے اختیارانہ چیخ اٹھا "کیا میں کبھی انتہا تک نہ پہونچ سکوں گا"

معلم اکبر کی روح نے جواب دیا "نہیں تم انتہا تک پہونچ گئے ہو، کیونکہ جس نے مجھے دیکھ لیا اس نے گویا خدا کی خدائی کو دیکھ لیا، اور جہاں میں اپنی حکومت قایم کر دوں وہیں کائنات کا آغاز ہوتا ہے اور وہیں اس کا انجام"

میں نے آسمان کی نیلگوں سقف کی طرف اشارہ کر کے پوچھا "کیا آپ ہی کائنات کے روحانی فرمانروا ہیں"

اس نے کہا "ہاں" اور میں اس کے حضور میں دوزانو ہو گیا

اور کروں سے جو روحانی طلبہ آئے تھے ان کی تعلیم کے لئے معلم اکبر نے علٰحدہ علٰحدہ وقت مقرر کئے تھے۔ وہ فردوس میں ہر ایک کو تنہا لیجاتا اور وہاں اس کو مخصوص تعلیم دیتا کیونکہ ہر کرہ کی نوعیت و ضرورت کے لحاظ سے تعلیم بھی مختلف تھی جس سے دوسروں کو آگاہ کرنے کی ضرورت نہ تھی

ہمارے پہونچنے کے چند دن بعد ہم کو حکم ملا کہ ایک پہاڑ کے دامن میں جمع ہوں۔ یہ ایسا تجربہ تھا جسکو میں کبھی نہیں بھول سکتا۔ ہم لوگ سب مرغزار پر جمع تھے کہ دفعتًا ایک روشنی کا ستون نمودار ہوا اور بڑھتے بڑھتے وہ ہمالیہ کی

چوٹیوں سے بھی اوپر گزر گیا۔ اسوقت صاف آسمان میں اس کا وجود ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے نیلگوں پردہ کے سامنے کوئی عظیم الشان مجسمۂ بلور قایم ہے۔ اس کے لبوں پر جنبش پیدا ہوئی اور اس کے یہ مقدس الفاظ ہمارے کانوں تک پہونچے :۔ اے ادبیت کے طالب علمو اور نظامہائے شمسی کے آیندہ پیغمبرو، اب کمر ہمت باندھ کر آمادہ ہو جاؤ، اپنی روحوں کو کائناتی صداقت سے معمور کرلو، اپنے گوش وچشم کو اچھی طرح کھول لو اور اپنے سینوں کو وسیع کرلو تاکہ آفتاب صداقت کی روشنی ان میں بیش از بیش ودیعت کیجا سکے

یاد رکھو کہ تم میری ملکیت ہو اور میری ملکیت کبھی ضایع نہیں ہوسکتی۔ خوف وہراس اپنے دلوں سے نکالدو، تم لوگ میری روشنی ہو اور میری روشنی کبھی گل نہیں ہوسکتی۔ میں تمھارے دلوں کو علم وعرفان کا کبھی نہ ختم ہونے والا خزینہ بنادوں گا تاکہ تم ساری دنیا کو یہ دولت نہایت آزادی سے تقسیم کرتے رہو۔ آج کے دن میں نے تم پر لامکانی کے دروازے کھولدئے ہیں اور تم میری بہشت میں پھولوں کی سی زندگی بسر کروگے۔ روشنی حاصل کرنے کے لئے بیتاب اور خوشبو دینے کے لئے مجبور!"

اس کے بعد ہم نے معلم اکبر کی نگرانی میں اپنی فردوسی زندگی شروع کردی اور ایک زمانہ جب اسی طرح بسر ہوگیا، تو ایک دن اس نے ہم میں سے چند طلبہ کا انتخاب کرکے اپنے حضور میں طلب کیا اور کہا کہ "آج میں تم کو وہ بات بتانا چاہتا ہوں جس کی تکمیل کے لئے تمام عالم آفرینش وجود میں آیا ہے۔ کائنات میں اصل چیزیں دو ہیں زندگی اور حرکت۔ لیکن ان دونوں کا امتزاج بغیر محبت کے مشکل ہے، اس لئے یاد رکھو کہ آفرینش کا مقصود اصل صرف محبت کرنا ہے

محبت، فطرت کا وہ زبردست قانون ہے جو کبھی نہیں بدل سکتا۔ محبت زندگی کی وہ روح ہے جو کائنات میں ہر ہر چیز کو اپنی اپنی جگہ قایم رکھے ہوئے ہے۔ محبت ایک مقناطیسی قوت ہے جو تمام کروں میں اپنا کام کررہی ہے اور کائنات کا توازن اسی پر منحصر ہے۔ اس لئے جب تم اپنے اپنے کروں میں جاؤ تو اسی جذبہ کو اپنے ساتھ لیجاؤ اور اپنے ابناء جنس کو محبت ہی کا درس دو۔ نفرت کا جواب اُلفت سے دو، شک وشبہ کی جگہ اعتماد ویقین سے پُر کرو اور غصہ کا مقابلہ نرمی والتفات سے کرو۔ ساری کائنات ایک ہی وطن اور اس کے رہنے والے ایک ہی وطن وخاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس لئے تم انھیں بتاؤ کہ گزرے ہوئے رہنماؤں اور پیامبروں ہی کے کہنے پر اعتماد کرکے بیٹھ جانا غلطی ہے۔ ضرورت ہے کہ مستقبل کے آئینہ کو دیکھا جائے جو خود قلوب انسانی میں پوشیدہ ہے اور تمام بنی نوع انسان کو کائناتی اخوت ومحبت کے رشتہ سے وابستہ کیا جائے

اپنے بھائیوں کو سمجھاؤ کہ قدیم مقابر کی خاک چھاننا بیکار ہے، جو گزر گیا سو گزر گیا، قبر کے اندر دفن ہونے والے اب کوئی فایدہ نہیں پہونچا سکتے، ان کے بتائے ہوئے اصول انھیں کے زمانہ کے لئے مفید رہے ہوں تو رہے ہوں

لیکن اب وہ لایعنی ہے۔ اس وقت تو صرف اس روشنی سے کسبِ ہدایت کی ضرورت ہے جو انسانی روحوں کی قربانگاہوں میں جگمگا رہی ہے

تم انھیں سمجھاؤ کہ اب اجتماعِ قومی نہیں بلکہ اجتماعِ روحانی کی ضرورت ہے، ایک ایسی قوم کی ضرورت ہے جو قومیت کی تفریق نہ رکھتی ہو، ایک ایسی جماعت درکار ہے جس کے افراد ایک دوسرے کے ساتھ صرف رشتۂ محبت سے وابستہ ہوں

تم یہ حقیقت بھی ان کے ذہن نشین کرو کہ اینٹ پتھر کے معبد بنانے کا زمانہ گزر گیا، اب ایک ایسے معبد کی ضرورت ہے جس کا گنبد فلکُ الافلاک ہو اور جس کی چار دیوار افقِ لانہایت۔ یہ وہ معبد ہوگا جس کے دروازے ہر انسان کے لئے ہر وقت کھلے رہیں گے اور جس کی آرائش صداقت و آزادی سے کی جائے گی۔ اور جس کی محراب میں صرف قندیلِ محبت کی روشنی ہوگی۔ فطرت کی وسعت اس مندر کی قربانگاہ ہوگی اور اس کے اندر پرستش کرنے والے خواہ وہ بُرے ہوں یا اچھے ایک ہی صف میں کھڑے ہوں گے

تو، اپنے بھائیوں سے جا کر کہنا کہ اب وہ ایک ایسا ہی معبد طیار کریں اور اسی معبد میں تم انسانیت جدیدہ کے فرزندوں کو خود اپنا مالک بننا سکھاؤ، اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا بتاؤ، آزادی کا وہ درس دو جو ملک و ملت، رنگ و نسل اور مذہب و مسلک کے امتیاز سے بلند ہے

تم انھیں یہ بتاؤ کہ قدیم خیالات، فرسودہ و کہنہ معتقدات روح کے لئے زنجیریں ہیں جن کے توڑے بغیر منزل تک پہونچنے کی کوئی صورت نہیں — ترقی کرتے رہنا انسان کا فطری فرض ہے کیونکہ حقیقی مسرت اور تکمیل آفرینش بغیر اس کے حاصل نہیں ہو سکتی۔"

معلم اکبر کی اس تقریر کے بعد ہر چہار طرف ایک گہری خاموشی طاری ہوگئی اور میں نے اپنی جگہ ایک خاموش عہد دل ہی دل میں کر لیا کہ ان ہدایات کی تعمیل لفظ بہ لفظ کروں گا۔

پانچواں باب

جبلِ نور

طلبہ میں سے ایک لڑکی دلآرام بھی تھی، جو کرۂ زہرہ سے آئی تھی۔ اس کے خیر مقدم میں معلم اکبر نے ایک خاص جلسہ طلب کیا جس میں تمام طلبہ کو شرکت کی دعوت دی گئی تھی۔

دلآرام اس قدر عجیب و غریب چیز تھی کہ اگر اس کو قدرت کا شاہکار یا معجزۂ الٰہانہ کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ میں متعدد بار اس کو دیکھ چکا تھا، اس سے ہمکلام ہو چکا تھا اس لئے مجھے معلوم تھا کہ وہ کسقدر غیر معمولی ذہین تھی۔ وہ مجھ سے کرۂ زمین کی بابت اور میں کرۂ زہرہ کی بابت اکثر سوال کرتا رہتا اور میرے بعض بیانات پر وہ بے اختیارانہ دیر تک ہنستی رہتی

خیر مقدم کی تقریب میں بھی وہ ہر نگاہ کا مرکز بنی ہوئی تھی۔ میرا باصرہ اس کی ہر ہر حرکت اور میرا سامعہ اسکے ایک ایک لفظ کا تعاقب کر رہا تھا اور میں ایسا محسوس کرتا تھا کہ موسیقی محض کا تعاقب کر رہا ہوں۔ وہ حد درجہ نازک تھی لیکن اس کی نزاکت ہی اس کی بڑی طاقت تھی اور جس وقت وہ کسی طرف سے گزر جاتی تھی تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ہر چہار طرف پھول بکھیر گئی۔ وہ نہ ماضی کی مخلوق معلوم ہوتی تھی نہ حال کی، بلکہ وہ کوئی مستقبل کی مخلوق تھی جسے انسانیت جدیدہ کی آرزو کہنا زیادہ مناسب ہوگا

ہم سب معلم اکبر کی آمد کا انتظار کر رہے تھے اور ابھی تک رسم خیر مقدم شروع نہ ہوئی تھی، اتفاق سے میری نظر جام زر کوکب الدجاجہ کے طالب علم پر پڑی اور میں نے اس سے گفتگو شروع کر دی، گفتگو کا موضوع "جنگ" تھا اس نے تفصیل کے ساتھ بتایا کہ کن تدبیروں سے اس کی دنیا میں جنگ کے خیال کو دور کیا گیا ہے۔ یہ گفتگو ہو ہی رہی تھی کہ دفعتاً نسیم معلم اکبر کا مخبر و پیامبر جو کائنات کے مختلف کروں کے حالات دریافت کرنے کے لئے مامور کیا گیا تھا، فضا میں نمودار ہوا اور مکدر و غمگین چہرہ لئے ہوئے معلم اکبر کی خلوت گاہ میں داخل ہو گیا

ایک لمحہ کے بعد پردہائے نورانی کے اندر سے معلم اکبر نمودار ہوا اور اس کے چہرہ سے بھی آثار حزن و ملال نمایاں تھے۔ پہلے وہ سیدھا دلآرام کی طرف گیا اور اس کا محبت آمیز خیر مقدم کرنے کے بعد ادھر اُدھر دیکھنے لگا، گویا وہ کسی کی جستجو میں تھا۔ آخر کار اس کی نگاہ صرصر پر جا کر ٹھہری جو کرۂ مریخ کا طالب علم تھا۔ وہ سمجھ گیا کہ معلم اکبر اس سے گفتگو کرنا چاہتا ہے اس لئے وہ فوراً سامنے حاضر ہو گیا

معلم اکبر نے اس سے مخاطب ہو کر کہا کہ "اے صرصر، تمہارے کرۂ مریخ سے نہایت دردناک خبر موصول ہوئی ہے باطل جماعت نے حق جماعت کے خلاف اعلانِ جنگ کر دیا ہے اور اسوقت دونوں میں نہایت خونریز جنگ جاری ہے" یہ کہتے ہوئے اسنے اپنے ہاتھ کو جنبش دی اور اوپر نگاہ کر کے کہا کہ "دیکھو وہاں کیا ہو رہا ہے"۔ سب کی نگاہیں خلا کی طرف اُٹھ گئیں اور سب نے دیکھا کہ دو فوجیں مصروفِ خونریزی ہیں۔ جماعتِ حق کی حالت بہت نازک ہے اور باوجود انتہائی استقلال و جرأت کے پسپا ہوتی جا رہی ہے۔ صرصر یہ منظر دیکھ کر کانپ اُٹھا اور معلم اکبر کے قدموں پر گر کر بولا کہ "اے آقا، جماعتِ حقہ کی مدد کر اور اگر اسوقت اُس کا غالب آنا ممکن نہیں ہے تو کم از کم جو افراد باقی رہ گئے ہیں انھیں کو اپنی حفاظت میں لیلے ورنہ پھر میرے کرہ میں کوئی روشنی پھیلانے والا باقی نہ رہے گا"

مجموعۂ استفسار و جواب حصۂ سوم تیار ہے

اور

اسکی روانگی ۱۵ مارچ سے شروع ہو جائیگی

جن اصحاب کے پاس اس کا پہلا اور دوسرا حصہ موجود ہے اُن کو تیسرا حصہ بھی یقیناً تکمیل جلد کے لئے درکار ہوگا اس لئے حسب دستور سابق تیسرا حصہ بھی اُنکے نام ذریعہ وی پی ایچ (رعایتی قیمت میں) روانہ کیا جائے گا۔ اگر کسی ناگزیر سبب کی بنا پر فی الحال اسکی خریداری ممکن نہ ہو تو براہ کرم پیرنگ کارڈ کے ذریعہ سے ہم کو اطلاع دیجئے۔

مینجر نگار

جلد ۳۳	فہرست مضامین مارچ سنہ ۳۸ء	شمار ۳

ملاحظات ---- ۲ ---- ۸

فلسفہ کیا ہے؟ ---- مرزا محبوب بیگ ---- ۹ ---- ۱۸

ادبیات ---- ۱۹ ---- ۲۹

سیاسیات یورپ ---- ۳۰ ---- ۳۹

اُردو غزل ---- فراق گورکھپوری ---- ۴۰ ---- ۵۴

مکتوبات نیاز ---- ۵۵ ---- ۵۸

باب الاستفسار ---- ۵۹ ---- ۶۱

منظومات ---- پنڈت انند نرائن ملا - فضل الدین اختر ---- ۶۲ ---- ۶۴

اسلامی ہند ---- ۱۳۹ ---- ۱۵۰

نغمۂ کارواں ---- ۱۳ ---- ۱۶

اصلی برقی قوام (تمباکو خوردنی قیمتی فی تولہ ۴ عہ) صرف شیخ خورشید علی پرفیومر نظیر آباد لکھنؤ کے پتہ سے ملسکتا ہے

نگار

اڈیٹر:- نیاز فتحپوری

معاون:- جلیل اعظمی

جلد ۳۳	مارچ سنہ ۳۸ء	شمار ۳

ملاحظات

افق کانگرس سے ایک نئے آفتاب کا طلوع

کانگرس ۱۹ فروری سنہ ۳۸ء کو دوسری نصف صدی کے پہلے سال میں قدم رکھتی ہے اور اس کا آغاز سوبھاس چندر بوس کے خطبۂ صدارت سے ہوتا ہے۔ وہ خطبۂ صدارت جس میں ایک روح ہے بالکل نئی، ایک قوت ہے مستحکم اور جس میں ہندوستان کے مستقبل کا فیصلہ ہے اٹل اور ہو کر رہنے والا ــــ یونتو کانگرس کی آفرینش سے اسوقت تک اس کا جو قدم اٹھا ہے وہ آگے ہی کی طرف اٹھا ہے، لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اب وادی کے خارزار سے گزر کر اس نے پہاڑ کی بلندی کی طرف اپنا رخ پھیر دیا ہے اور وہ اُن سنگہائے گراں کو بھی ہٹانے کے لئے آمادہ ہو گئی ہے جن کا ہٹانا چوٹی تک پہونچنے کے لئے ضروری ہے۔

پنڈت جواہر لال نہرو کی گزشتہ دو سالہ صدارت کانگرس کے زمانہ میں جو کچھ ہوا وہ کسی سے مخفی نہیں ہے۔ کانگرس نے نصف صدی کے اندر جو بیداری رفتہ رفتہ ملک میں پیدا کی تھی اس کی تشکیل پنڈت نہرو ہی کے زمانۂ صدارت میں ہوئی اور انھیں کی کوششوں سے ہندوستان کے روشن مستقبل کا ہیولیٰ مرتب ہوا ــ میں گزشتہ دو سال کے تمام واقعات کو دہرانا ضروری نہیں سمجھتا

کیونکہ ان کا علم ہر شخص کو حاصل ہے اور سات صوبوں میں کانگرس کی حکومت کا قیام ایسا کھلا ہوا ثبوت پنڈت نہرو کی کامیابی صدارت کا ہے کہ اس سے زیادہ روشن دلیل کوئی اور پیش نہیں کی جا سکتی، لیکن یہ کہنا کہ یہ سب کچھ سابق صدر کے ذاتی ولولہ و حوصلہ کے مطابق ہوا، غالباً درست نہیں۔ وہ سوشلسٹ جماعت کے لیڈر ہیں۔ انھوں نے کبھی اس کو پسند نہیں کیا کہ آئین جدید پر کس نہج سے عمل کیا جائے کانگرس کی طرف سے تشکیل وزارت کے وہ ہمیشہ مخالف رہے اور ابتدا ہی سے آئین جدید کو ملک و قوم کی توہین قرار دیکر اس سے جنگ کرنے پر اصرار کرتے رہے، لیکن چونکہ اکثریت ان کی ہم خیال نہ تھی اس لئے انھوں نے اپنے نصب العین کو پس پشت ڈالکر انھیں خطوط پر قدم اٹھایا جو گاندھی جی کے ٹھنڈے دل و دماغ نے متعین کر دئے تھے۔ پھر اس کے بعد جو کچھ ہوا وہ بھی کسی سے پوشیدہ نہیں ہے، کانگرس نے وزارتیں قبول کیں، اصلاحات کا آغاز ہوا، زراعت پیشہ طبقہ کے درد و دکھ دور کرنے کی تدبیریں سوچی جانے لگیں، تعلیمی دائرہ کو زیادہ وسیع و یسیر الحصول بنانے پر غور ہونے لگا، زبان و قلم کی گرہیں کھل گئیں اور سیاست مستبدہ کی گرفت ڈھیلی پڑنے لگی۔

پھر اگر ہندوستان کو صبر کرنے کا یارا ہو اور غلامی کی زنجیریں آہستہ آہستہ ٹوٹنے کا انتظار ناقابل برداشت نہ ہو تو موجودہ رفتار یقیناً ہندوستان کو ایک ربع صدی کے اندر "ڈومی نین ہوم رول" کی منزل تک پہونچا سکتی ہے جو غالباً گاندھی جی کا انتہائی نقطۂ نظر ہے لیکن یہاں کی سوشلسٹ جماعت جو پانی سر سے گزرتا ہوا دیکھ کر بیتابانہ ہاتھ پاؤں چلانے ہی کو صحیح طریق کار قرار دیتی ہے اور جو سیلاب کے رحم پر اپنے آپ کو چھوڑنے کے لئے طیار نہیں، کچھ اور چاہتی ہے، وہی کچھ جو انسانی خودداری نے ہمیشہ چاہا ہے اور جس کے لئے بڑی سی بڑی قربانی بھی ارزاں سودا سمجھا جاتا ہے۔ چنانچہ کانگرس اور وزارت، کانگرس میں داہنے ہاتھ کو ہمیشہ بائیں ہاتھ سے یہی شکایت رہی کہ وہ سہولت سے کام کرنے میں حرج پیدا کر رہا ہے۔ یہاں تک کہ آخر کار یوپی اور بہار کی کابینہ کو مجبور ہو کر سیاسی قیدیوں کی آزادی کے لئے وہ قدم اٹھانا پڑا جو مرکزی حکومت کے لئے ناقابل قبول تھا اور اس طرح سوشلسٹ جماعت بالآخر اضطراب پیدا کرنے میں کامیاب ہو گئی۔

پھر یہ بھی حسنِ اتفاق ہے کہ اسی زمانہ میں کانگرس کی عنانِ حکومت مسٹر سوبھاش بوس کے ہاتھ میں آئی جو ظاہر و باطن بالکل سوشلسٹ ہیں اور جن کا خطبۂ صدارت اگر اس کو دلیل راہ بنایا جائے دفعتاً ہوا کا رُخ بدل سکتا ہے۔ مسٹر سوبھاش بوس کی زندگی کا بڑا حصہ یوروپ و سیاسیات یوروپ کے مطالعہ میں بسر ہوا اور اس لئے وہ اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ صرف ایک ہندوستان کے مسئلہ نے دُنیا کو کتنا دُکھ پہونچا رکھا ہے اور جب تک یہ آزاد نہ ہو کرۂ ارض کی کوئی قوم چین سے نہیں بیٹھ سکتی۔

فاضل صدر نے سب سے پہلے حکومتوں کے عروج و زوال کا فلسفہ بتاتے ہوئے برطانیہ کے موجودہ پوزیشن کو واضح کیا ہے اور بتایا ہے کہ یوروپ کی موجودہ سیاسیات اسکو موجودہ حال پر قایم نہیں رہنے دے سکتے اور تاوقتیکہ وہ سوشلسٹ حیثیت اختیار کر کے اپنے مستعمرات کو آزاد نہ کر دے۔ اس کشاکش میں اس کا باقی رہنا محال ہے۔ اسی کے ساتھ انھوں نے وضاحت کے ساتھ یہ بھی ظاہر کیا ہے کہ برطانیہ کی بحری قوت کی ساکھ اب ختم ہو گئی ہے اور آیندہ جنگ میں جسکا فیصلہ بحر و بر پر نہیں بلکہ ہوا میں ہونا ہے، وہ اپنی قوت کی طرف سے بہت غیر مطمئن ہے ـــــ برطانیہ کی سیاست خارجہ پر (جو قوموں میں باہمد گر پھوٹ ڈالنے پر منحصر ہے) صدر نے جو تبصرہ کیا ہے وہ یقیناً بالکل برمحل چیز ہے اور برطانیہ کی اس پالیسی کو پیش نظر رکھ کر ان کا یہ کہنا کہ اگر موجودہ آئین بالکل رد کر دیا جائے

تو بھی وہ کوئی نہ کوئی طریقہ ہندوستان کو بدستور غلام بنائے رکھنے کا اور وضع کریگا" قیاس مع الفارق نہیں کہا جا سکتا۔

صدر نے یہ بھی کہا کہ زیر تجویز فیڈرل حکومت میں ریاستوں کے پوزیشن کو، صوبوں کے پوزیشن سے جدا رکھ کر دونوں کو ایک ہی رشتہ سے وابستہ کرنا کوئی معنی نہیں رکھتا اور متحدہ ہند کو یہ تجویز سخت نقصان پہونچانے والی ہے۔ اسوقت جبکہ فیڈرل حکومت کا قیام لارڈ لنلتھگو کی انتہائی آرزو ہے اور وہ اسی آرزو کی تکمیل کا طرۂ امتیاز لیکر ولایت واپس جانا چاہتے ہیں، صدر کا فیڈرل حکومت کو رد کر دینا اور قبول وزارت کے یہ معنی قرار نہ دینا کہ کانگرس کانسٹی ٹیوشن کی جکڑبندی سے آزاد ہو کر حصول آزادی کے لئے اور کوئی تدابیر اختیار نہیں کر سکتی ایک ایسے طریق کار کی طرف رہنمائی کرنا ہے جو سوشلسٹ جماعت کی امیدوں کو بہت بلند کرنے والا ہے۔

اقلیت رکھنے والی قوموں کو مطمئن کرنے کے لئے جو الفاظ صدر نے استعمال کئے ہیں، وہ ہرچند عجیب و جدید نہیں ہیں لیکن انسے وہ عملی ایثار یقیناً ظاہر ہوتا ہے جس کے بغیر آج تک کوئی اکثریت کامیابی حاصل نہیں کر سکی ہے۔ چونکہ کانگرس کا پروگرام یکسر اقتصادیات و سیاست پر مبنی ہے اس لئے اقلیت کو صرف یہ دیکھنا چاہئے کہ اس حیثیت سے اس کے حقوق برابر تسلیم کئے گئے ہیں یا نہیں اور اگر نہیں تو کانگرس کا یہ فرض اولین ہوگا کہ وہ مساوات کو قایم رکھے۔ رہا معاملہ مذہب اور کلچر کا، سو اس میں نہ کسی تعرض کی ضرورت ہے اور نہ کانگرس اس میں کوئی تعرض کرنا چاہتی ہے ـــــ صدر نے یہ بھی واضح الفاظ میں ظاہر کیا ہے کہ کانگرس اس وقت تک صحیح معنی میں کامیاب نہیں ہو سکتی جب تک برطانیہ سے اس کا تعلق بالکل جدا نہ ہو جائے خواہ یہ مقصد تدریجی طور پر حاصل کیا جائے یا دفعتاً کسی ایسے ذریعہ سے جو انقلابی ہنگامہ پیدا کرنے والا ہو اور جس حد تک صدر کی ذاتی رائے کا تعلق ہے وہ موخر الذکر طریقہ ہی کی طرف زیادہ مایل معلوم ہوتے ہیں جس کا دوسرا نام "ستیاگرہ" ہے، لیکن ستیاگرہ سے مراد ان کی صرف دفاعی صبر و ضبط نہیں ہے بلکہ وہ عاملانہ و جارحانہ طریق عمل مقصود ہے جس میں کوئی تشدد نہ پایا جائے۔ چنانچہ انھوں نے ارباب کانگرس کو اس طرف متوجہ کیا ہے کہ وہ آیندہ کا پروگرام اسی کو پیش نظر رکھکر بنائیں

اختلاف رسم خط کے مسئلہ میں انھوں نے ترکی کی مثال کو سامنے رکھ کر مشورہ دیا ہے کہ ہند جدید کو بھی رومن حروف استعمال کرنا چاہئے یقیناً اختلاف دور کرنے کے لئے یہ بہترین تدبیر ہے لیکن انھوں نے یہ غور نہیں کیا کہ ترکی میں صرف ایک ہی زبان رائج ہے اور یہاں نہ صرف یہ کہ متعدد زبانوں کا رواج پایا جاتا ہے بلکہ ایک دوسرے سے علحدہ رکھنے کی پوری کوشش کی جاتی ہے۔ تاہم اس تدبیر سے ایک طرف اختلاف رسم خط مٹ جائے گا اور دوسری طرف اردو زبان ٹیلیگرافی اور املا کی مصیبت سے آزاد ہو جائے گی۔

مسٹر سوبھاش بوس نے آبادی کے مسئلہ پر بھی لوگوں کو توجہ دلائی ہے جو یقیناً نہایت اہم مسئلہ ہے، انھوں نے کہا کہ ملک کبھی اسکا متحمل نہیں ہو سکتا کہ آیندہ دس سال میں تین کرور آبادی کا اضافہ اور ہو جائے۔ اگر آبادی اسی طرح بے تکے پن سے بڑھتی رہی جیسی گزشتہ زمانہ میں بڑھتی رہی ہے تو نہ ہماری اقتصادی مشکلات کسی طرح دور ہو سکتی ہیں، نہ سیاسی گتھیاں آسانی سے سلجھ سکتی ہیں۔

ملک کی غربت و افلاس دور کرنے کی تدبیر انھوں نے یہ بتائی ہے کہ ملک سے زمیندار جماعت کے عنصر کو بالکل دور کر دیا جائے اور صنعت و حرفت کی ترقی کے لئے انھوں نے یہ مشورہ دیا ہے کہ اس کو حکومت کی ملکیت میں تبدیل ہونا چاہئے، اسی کے ساتھ خانگی چھوٹی چھوٹی حرفتوں کو عام کرنے کا بھی مشورہ دیا ہے تاکہ زراعت و حرفت دونوں اشتراکی حیثیت اختیار کر لیں۔

جن صوبوں میں کانگرس نے وزارتیں قبول کی ہیں ان کے متعلق صدر کی یہ رائے بالکل حقیقت پر مبنی ہے کہ جب تک دفتری نظام و کیفیت میں کوئی تبدیلی پیدا نہ ہو کانگرسی وزارت کوئی فایدہ ملک کو نہیں پہونچا سکتی اور یہ ہونا ممکن نہیں کیونکہ اونچے درجہ کی تمام ملازمتیں جن کا تعلق نظم و نسق سے ہے ان پر صوبہ کی حکومتوں کو کوئی اختیار حاصل نہیں ہے اور براہ راست مرکزی حکومت سے وابستہ ہونیکی وجہ سے نہ ان پر صوبوں کی حکومت کا کوئی دباؤ پڑ سکتا ہے اور نہ انھیں صوبوں کی رعایا سے کوئی ہمدردی ہو سکتی ہے۔

فیڈریشن کی مخالفت کے سلسلہ میں انھوں نے بہت سے حقایق پر روشنی ڈالی ہے اور علاوہ ان دلایل کے جو ورکنگ کمیٹی نے فیڈریشن کی مخالفت میں ۴ر فروری ۳۸ء کو وارد ھا میں بیان کئے تھے، فاضل صدر نے یہ بھی ظاہر کیا کہ ۳۷ء و ۳۸ء کے لئے جو بجٹ مرکزی حکومت کا طیار ہوا ہے اس میں منجملہ ۹۰ و ۷۷ کروڑ روپیہ جو مصارف کے لئے تجویز ہوئے ہیں ۶۱ و ۴۲ کروڑ روپیہ فوج کے لئے وقف ہے۔ گویا بالفاظ دیگر یوں سمجھئے کہ فیڈرل حکومت کے مصارف بہ اندازہ ۸۰ فیصدی مرکزی حکومت کے اختیار میں ہونگے اور اس کا بڑا حصہ فوج پر صرف ہوگا۔ اسی کے ساتھ ریلوے، کرنسی اور ایکسچینج کی پالیسی پر بھی لجسلیچر کو کوئی اختیار حاصل نہ ہوگا۔ رہگئی تجارت سو آئین جدید کی رو سے یہاں کی حکومت کو کوئی حق حاصل نہ ہوگا کہ وہ ہندوستان کی تجارت کو ترقی دینے کے لئے غیر ممالک اور خصوصیت کے ساتھ برطانوی تجارت پر کوئی امتیازی ٹیکس لگا سکے پس ان حالات میں ظاہر ہے کہ ہندوستان اپنی اقتصادی حالت کیونکر درست کر سکتا ہے ـــــ وفاق میں ریاست کی شرکت کے متعلق اظہار رائے کرتے ہوئے مسٹر بوس کہتے ہیں کہ ریاستوں کی آبادی ہندوستان کی آبادی کا ۲۴ فی صدی ہے لیکن ایوان ادنیٰ میں اُن کو ۳۳ فی صدی اور ایوان اعلیٰ میں ۴۰ فی صدی نشستیں دی گئی ہیں جس کا مقصود سوائے اس کے اور کچھ نہیں ہے کہ متحدہ ہند کی تشکیل میں موانع حائل کئے جائیں اور ملک کو زیادہ سے زیادہ عرصہ تک غلام بنائے رکھا جائے۔ اندریں حالات وفاق کو منظور کرنے کی کوئی صورت ہی پیدا نہیں ہوتی اور آیندہ جب اس کے خلاف ستیاگرہ شروع کیا جائے گا تو اس تحریک کو ریاستوں کی آبادی میں بھی عام کیا جائے گا تاکہ رئیس بلا استمزاج رعایا وفاق کی شرکت کا کوئی فیصلہ نہ کر سکے۔

جمعیت والنٹیران کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے صدر نے مشورہ دیا ہے کہ اسے بہت زیادہ منظم ہونا چاہئے اور انکی تعلیم و تربیت کی طرف خاص توجہ کرنا چاہئے، کیونکہ اسوقت کے سیاسی سپاہیوں کو آیندہ ملک و قوم کا لیڈر بننا ہے کانگرس والنیٹروں کے علاوہ اور مختلف سبھاؤں اور انجمنوں کے والنیٹروں کو بھی اسی اصول پر تربیت دینا چاہئے اور ملک کی تمام والنیٹر جماعتوں میں باہم اتحاد و اتفاق ہونا چاہئے، کیونکہ بہرحال سب کی منزل مقصود ایک ہی ہے گو راہیں مختلف ہیں، والنیٹروں کی اس تنظیم کے لئے انھوں نے نازی جماعت کے نظم و اصول کے مطالعہ کی سفارش کی ہے۔ اسی کے ساتھ انھوں نے یہ بھی مشورہ دیا ہے کہ اسوقت ملک میں جتنی جماعتیں ایسی پائی جاتی ہیں جن کا مقصود ملک کو برطانوی گرفت سے آزاد کرانا ہے کانگرس کو ان سب کا احترام کرنا چاہئے اور ان سب کو الحاق کر لینا چاہئے۔ کیونکہ اصل چیز مدعا کا اتحاد ہے، طریق کار میں اختلاف ہو تو ہوا کرے

مسٹر سوبھاش بوس نے کانگرس کو مشورہ دیا ہے کہ اندرونی مساعی کے ساتھ ساتھ اسکو اپنے بین الاقوامی تعلقات بھی بڑھانا چاہئے، یعنی یورپ، ایشیا، افریقہ، شمالی، وسطی و جنوبی امریکہ میں اپنے نمایندوں کو بھیجکر اس غلط فہمی کو دور کرنا چاہئے جو ہندوستان کی تہذیب کے متعلق ہر جگہ پیدا کی گئی ہے، اسی کے ساتھ ہم کو اپنی ہمسایہ حکومتوں مثلاً افغانستان، ایران، نیپال، چین، برما اور سیام وغیرہ سے بھی تعلقات وسیع

کرنا چاہئے تاکہ جسوقت ہندوستان آزاد ہو تو وہ بین الاقوامی تعلقات کے لحاظ سے ایک اہم عنصر ہونے کی حیثیت رکھتا ہو۔

آخر میں انھوں نے سیاسی قیدیوں کی آزادی کو حد درجہ اہم ثابت کرتے ہوئے اُن وزراء کے طرزِ عمل کی تعریف کی، جنھوں نے حکومت کی طرف سے اس مطالبہ کو پورا کرتے ہوئے نہ دیکھ کر استعفا دیدیا ہے ـــــ یہ ہے خلاصہ مسٹر سوبھاش بوس کے اس خطبۂ صدارت کا جو کانگرس کے اکیاونویں اجلاس میں انھوں نے ۱۸ فروری ۳۸ء کو بمقام ہری پورہ پڑھا۔ اس خطبہ کی ترتیب، اس کی زبان، اسکا لب لہجہ اور اس کا انداز استدلال سب ایسے دل و دماغ کی چیزیں معلوم ہوتی ہیں جو مغربی سیاست کو سمجھنے کے بعد برطانیہ کی نازک پوزیشن سے فائدہ اُٹھانا چاہتا ہے اور جس کے سامنے ہندوستان کی نجات کا ذریعہ زیادہ تر اشتراکی نظامِ عمل ہے ـــ ہر چند یہ پیشین گوئی کرنا تو درست نہیں کہ مسٹر سوبھاش بوس کا مرتب کیا ہوا پروگرام جوں کا توں ہندوستان کے لئے قابلِ عمل ہے، لیکن اس میں شک نہیں کہ اس میں بہت سی باتیں ایسی ہیں جن پر عمل کرنا چاہئے اور جو یقیناً ملک و قوم کی ترقی کے لئے مفید ثابت ہونگی۔ اسوقت سب سے زیادہ اہم مسئلہ وفاق کے قبول و عدم قبول کا ہے اور ہر چند کانگرس پہلے ہی سے اسکے قبول نہ کرنے کی طرف مایل ہے لیکن مسٹر سوبھاش بوس نے اس انکار میں اور شدت پیدا کردی ہے اور جس حد تک ریاستوں کا تعلق ہے ان کا نقطۂ نظر زیادہ وسیع ہوگیا ہے۔ اسوقت تک کانگرس ریاستوں کی آبادی سے تبادلۂ خیال کے لئے آمادہ نہ تھی، لیکن نئے صدر کی رائے یہ ہے کہ کانگرس کو اپنی تبلیغ ریاستوں میں بھی شروع کردینا چاہئے تاکہ رؤسا بہ اطمینان لیکر وفاق میں شریک نہ ہوں کہ اُن کو اپنی رعایا سے استمزاج کی ضرورت نہیں ہے ـــ مہاتما گاندھی جی نے اسوقت تک کوئی تفصیلی رائے اس خطبہ کے متعلق شایع نہیں کی ہے، لیکن ہم نے جہاں تک غور کیا ہے وہ وفاق کے مسئلہ میں کانگرس کے نقطۂ نظر میں ضرور تبدیلی پیدا کرنے کی کوشش کریں گے اور اگر خون کے دباؤ نے انکی موجودہ آمرانہ حیثیت کو نقصان نہ پہونچایا تو آخر میں وہ ضرور شرکتِ وفاق پر کانگرس کو راضی کرلیں گے

یوپی اور بہار کی وزارتوں کا استعفا

اخبارات کے ذریعہ سے قارئین نگار کو معلوم ہوگیا ہوگا کہ یوپی اور بہار کی وزارتوں نے اس بنا پر استعفا دیدیا ہے کہ گورنر جنرل نے گورنروں کو اس بات کی اجازت نہیں دی کہ وہ سیاسی قیدیوں کی فوری آزادی کے مطالبہ کو پورا کریں ـــ گورنر جنرل کا جو بیان شایع ہوا ہے اس میں اجازت رد دینے کا سبب یہ ظاہر کیا ہے کہ جن قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا جاتا ہے وہ تشدد آمیز جرائم کے مرتکب ہوئے تھے اور تادقتیکہ انفرادی طور پر ہر ہر قیدی کے معاملہ کو نہ سمجھ لیا جاتا (جسکے لئے گورنران طیار تھے) رہائی کا حکم دینا ملک کے امن میں خلل ڈالنے کے امکانات اپنے اندر رکھتا تھا ـــ اس دلیل کی کمزوری کو نہ صرف ہندوستان بلکہ مغرب کے اہل نظر نے بھی تسلیم کیا ہے، چنانچہ لارڈ لوتھین نے جو حال ہی میں ہندوستانی سیاسیات کا مطالعہ کرکے ولایت واپس گئے ہیں، انھوں نے گورنر جنرل کے اس طرزِ عمل کو پسندیدہ قرار نہیں دیا۔ یوپی اور بہار میں اسوقت پندرہ قیدی ایسے ہیں جن کی آزادی چاہی جارہی تھی۔ اگر تھوڑی دیر کے لئے یہ تسلیم کرلیا جائے کہ وہ رہا ہونے کے بعد ضرور بدامنی پیدا کریں گے (درانحالیکہ وہ امن و سکون کے ساتھ زندگی بسر کرنے کا وعدہ کرچکے ہیں اور صوبہ کی وزارتیں بھی اچھی طرح ثابت کرچکی ہیں کہ بصورت نقض امن وہ اپنے اختیارات سے پورا کام لینے کی اہل ہیں) تو کیا انکی دوبارہ گرفتاری ناممکن تھی ـــ کہا جاتا ہے کہ درپردہ سوال بنگال اور پنجاب کے قیدیوں کا تھا کہ اگر دوسرے صوبوں نے بھی یوپی اور بہار کے تتبع میں ان کی آزادی کا مطالبہ کیا تو کیا ہوگا ـــ اسوقت تمام ہندوستان میں سیاسی قیدیوں کی تعداد چار، پانسو سے زیادہ نہیں ہے، لیکن کیا یہ امر حیرتناک نہیں کہ مرکزی حکومت جو فوج پر سالانہ ۶۱، ۴۴ کروڑ روپیہ صرف کرتی ہے، چار پانچ سو باغی قیدیوں کی آزادی سے اس قدر خایف ہے کہ صوبوں کی وزارتوں کو استعفا دینے

پر مجبور کرکے ملک کے نظم و نسق کو تو درہم برہم کر دینے پر راضی ہو سکتی ہے لیکن چند قیدیوں کی رہائی گوارا نہیں کر سکتی ـــــ اس کی بہترین صورت یہی تھی کہ قیدیوں کو رہا کرتے ہوئے وزارتوں کو متنبہ کر دیا جاتا کہ اگر ان کی طرف سے نقض امن کی صورتیں پیدا ہوئیں اور وزارتوں نے اپنے فرائض قیام امن کو ادا نہ کیا تو گورنر براہ راست مداخلت کرکے پھر ان کو گرفتار کر لیں گے۔ اسوقت تک کوئی فیصلہ اس کا نہیں ہوا کہ جن صوبوں میں وزارتوں نے استعفا دیا ہے وہاں اب کس قسم کی حکومت کا تجربہ کیا جائے گا، لیکن خیال کیا جاتا ہے کہ ممکن ہے وزارتیں پھر واپس آجائیں اور فریقین کے اقتدار کو صدمہ پہونچائے بغیر کوئی مفاہمت ہو جائے۔[1]

سیاسیات یوروپ اور برطانیہ

اس دوران میں دو خاص واقعے ایسے ہوئے ہیں جن سے یوروپ کی موجودہ سیاسیات میں برطانیہ کے پوزیشن پر بہت کچھ روشنی پڑتی ہے۔ پہلا واقعہ تو آسٹریا کی تبدیلِ وزارت کا ہے اور دوسرا مسٹر ایڈن برطانیہ کے سکریٹری خارجہ کے استعفے کا ـــــ آسٹریا اپنے جاء وقوع کے لحاظ سے ایک ایسا ملک ہے کہ نہ اٹلی اسکو گوارا کر سکتا ہے کہ جرمنی اقتدار وہاں قایم ہو اور نہ جرمنی اس حقیقت کو نظر انداز کر سکتا ہے کہ آسٹریا حقیقتاً اسی کا ایک ٹکڑا ہے اور وہاں اسی کا اقتدار قایم ہونا چاہئے، چنانچہ کچھ دنوں قبل جب اٹلی اور جرمنی کے تعلقات اتنے خوشگوار نہ تھے۔ ہٹلر کی زبان سے آسٹریا کا نام سننا بھی مسولینی کو گوارا نہ تھا لیکن اب وہاں ایک نازی سردار برسر اقتدار ہو جاتا ہے اور اٹلی کان میں تیل ڈالے بیٹھا ہوا ہے۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ اٹلی اور جرمنی کے درمیان کوئی خاص سمجھوتا ایسا ہو گیا ہے جس کی بنا پر ان دونوں کو اپنے آئندہ جارحانہ اقدام میں ایک دوسرے سے مدد حاصل کرنا ہے ـــ ہو سکتا ہے کہ اٹلی مراکش یا مصر کی طرف قدم بڑھانا چاہتا ہو اور جرمنی نے یہ وعدہ کر لیا ہو کہ وہ فرانس و برطانیہ کی سرحدوں پر الجھنیں پیدا کرکے ان کو مراکش و مصر کی طرف پوری توجہ کرنے کا موقعہ نہ دیگا اور اسی مفاہمت کی وجہ سے آسٹریا میں نازی اقتدار مسولینی نے گوارا کر لیا ہو۔

یہ امر کسی سے مخفی نہیں کہ اسوقت یوروپ کی سیاسیات کا رخ مسولینی اور ہٹلر کی نگاہوں کے ساتھ ساتھ بدل رہا ہے اور ان دونوں میں سے ہر ایک اپنی مستعمرانہ پالیسی کو وسیع کرنے کے لئے بے چین ہے۔ اٹلی اس لئے کہ حبش پر اس کا قبضہ کبھی مفید نہیں ہو سکتا اگر وہ آس پاس کے کسی زرخیز خطہ پر قابض نہ ہو سکے اور جرمنی اس لئے کہ اس کی اقتصادی مشکلات کا دور ہونا صرف توسیع مستعمرات پر منحصر ہے ـــ اسپین میں فاسسٹ اور نازی والنٹیروں کا پہونچکر وہاں کے اشتراکی حکومت کو تباہ و برباد کرنے میں مدد پہونچانا صرف روس کی تحریک اشتراکیت کے ڈر سے نہیں ہے بلکہ اس کا مقصود بھی بحر روم میں برطانیہ کے اقتدار کو صدمہ پہونچانا ہے تاکہ اگر مسولینی کسی وقت سرزمین افریقہ میں کوئی اور اقدام کرے تو اس کو برطانیہ کا خوف باقی نہ رہے۔

یہ کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ برطانیہ کا اقتدار اس وقت بہت گھٹ گیا ہے اور اس کا بڑا سبب بین الاقوامی مجلس میں برطانیہ کا وہ طرز عمل ہے جو اس نے جاپان اور حبش کے باب میں اختیار کیا۔ اس سے قبل کسی کے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہ آسکتی تھی کہ برطانیہ حبش میں اٹلی کی قزاقانہ کارروائیوں کو دیکھتا رہے گا اور حبش کو اپنے وعدۂ امید پر قربان کر دے گا، اسی طرح جاپان نے جو توہین آمیز زیادتیاں کی ہیں ان پر بھی برطانیہ کا بزدلانہ صبر و تحمل کم حیرتناک نہیں۔ لیکن یہ سب واقعات ہیں اور ان سے برطانیہ کی ساکھ کو جو صدمہ پہونچا ہے اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ آخر کار مسٹر ایڈن سکریٹری وزیر خارجہ صرف اس لئے استعفا دینے پر مجبور ہوتے ہیں کہ وزیر اعظم مسٹر چیمبرلین اب اطالیہ کو عرصہ تک ناخوش نہیں رکھ سکتے اور حبش پر اسکی حکومت کے تسلیم کرنے کو اس لئے ضروری سمجھتے ہیں کہ بغیر اس کے مسولینی کے تعلقات انگلستان سے خوشگوار نہیں رہ سکتے اور مسولینی سے بگاڑ کر کے برطانیہ ایسی وسیع سلطنت کو آتش جنگ سے محفوظ رکھنا ممکن نہیں۔

جرمنی اور اٹلی میں مسٹر ایڈن کے استعفے پر اظہار مسرت کیا جا رہا ہے کیونکہ وہ ان دونوں ملکوں کا مخالف تھا، لیکن فرانس اور امریکہ میں

[1] جس وقت کاپی پریس جا رہی تھی معلوم ہوا کہ مفاہمت ہو گئی ہے اور وزارتوں نے اپنا اپنا کام سنبھال لیا ہے۔

اس کو اچھی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا، چنانچہ امریکہ نے توصاف صاف کہدیا کہ اگر حبش پر اٹلی کی حکومت تسلیم کی جاتی ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ منچوکو اور شمالی چین میں جاپان کی حکومت کو ناجائز تسلیم کیا جائے۔

اس میں شک نہیں کہ برطانیہ کی حالت اس وقت بہت تشویشناک ہے اور اس کی سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ اب کیونکر اپنے بھرم کو قایم رکھے۔ بعض کہتے ہیں کہ اب انگلستان میں ویسے سیاست داں دماغ پیدا نہیں ہوتے جیسے اس سے قبل پائے جاتے تھے، لیکن یہ کہنا غالباً زیادہ صحیح ہوگا کہ اب علاوہ انگلستان کے اور ملکوں میں بھی اسی ٹکر کے انسان پیدا ہونے لگے ہیں اور حکومت برطانیہ کے تار و پود میں جہاں جہاں گتھیاں پڑی ہوئی ہیں وہ سب کو معلوم ہو چکی ہیں، جن سے اس کے مخالفین پورا فایدہ اٹھانا چاہتے ہیں اور اٹھانا چاہئے کیونکہ اس رسم کی بنیاد سب سے پہلے دنیا میں اسی نے قایم کی ہے اور اب خود بھی اسے برداشت کرنا پڑے گا۔

مکاتیب غالب

خیال تھا کہ اس مہینے میں ان تمام کتابوں پر تبصرہ پیش کروں گا جو گزشتہ چند ماہ کے اندر موصول ہوئی ہیں لیکن افسوس ہے کہ اب تک اس کا موقعہ نہ مل سکا، تاہم میں ان کتب موصولہ میں سے ایک کتاب کا ذکر ضروری سمجھتا ہوں جو مکاتیب غالب کے نام سے حال ہی میں مولانا عرشی ناظم کتابخانۂ رامپور نے ایڈٹ کی ہے۔

یہ کتاب جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہوتا ہے غالب کے مکتوبات پر مشتمل ہے، لیکن اس میں وہ خطوط نہیں ہیں جو اردوے معلے اور عود ہندی میں نظر آتے ہیں بلکہ وہ غیر مطبوعہ خطوط ہیں جو انھوں نے فرمانروایان رامپور کے نام تحریر کئے تھے اور جو رامپور کے دارالانشا میں محفوظ تھے۔

ان مکاتیب کی تعداد ۱۱۵ ہے اور باوجود اس کے کہ صورت عرایض کی سی ہے۔ غالب نے اپنی سنجیدہ ظرافت و شوخ طبعی کو کسی جگہ ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔ یہ کتاب علاوہ اس ادبی خصوصیت کے ایک تاریخی حیثیت بھی رکھتی ہے کیونکہ اس سے متعدد ایسے واقعات کی تصحیح ہو جاتی ہے جو بہ لحاظ واقعہ یا تاریخ وقوع غلط مشہور ہو گئے ہیں۔ مثلاً:- (الف) میرزا صاحب کے سوانح نگاروں نے خود میرزا صاحب کے ایک خط کے استناد پر لکھا ہے کہ میرزا صاحب کا رامپور سے تعلق اُستادی ۵۵ء میں شروع ہوا۔ حالانکہ یہ ۱۸۵۷ء کا واقعہ ہے۔ (مکاتیب صفحہ ۵۵)

(ب) مولانا مہر نے "غالب" میں لکھا ہے کہ میرزا صاحب کا دربار و خلعت مارچ ۶۲ء میں بحال ہوا۔ حالانکہ یہ مارچ ۱۸۶۳ء کا واقعہ ہے (ملاحظہ ہو مکاتیب صفحہ ۳۵ و دیباچہ صفحہ ۵۵) — (ج) میرزا صاحب کی ایک تحریر سے یہ قیاس قایم کیا گیا ہے کہ پنشن و دربار وغیرہ کی بحالی میں نواب فردوس مکاں کی سعی کو کچھ دخل نہیں حالانکہ یہ سب کچھ نواب فردوس مکاں کی کوشش سے ہوا۔ (ملاحظہ ہو مکاتیب صفحہ ۲۳ - حاشیہ ۲) — (د) میرزا صاحب کے خاندان میں انکی بیوی اور متبنی پوتوں پر بھی مکاتیب کی اشاعت سے خاص روشنی پڑتی ہے۔ چنانچہ ان کی بیوی کے متعلق معلوم ہوتا ہے کہ وہ میرزا صاحب کے انتقال کے بعد صرف چند ماہ زندہ رہی۔ انکی دو یا تین تحریریں بھی دیباچہ میں شامل ہیں (ملاحظہ ہو دیباچہ صفحہ ۱۹) پوتوں کی تاریخہائے وفات بھی سب سے پہلی بار اس کتاب میں شایع کی گئی ہیں۔ (ملاحظہ ہو دیباچہ صفحہ ۲۲ و مکاتیب صفحہ ۴۰ حاشیہ ۱) — آغاز میں ایک مفصل دیباچہ ہے جس میں تعلقات رامپور اور میرزا صاحب کی انشا و متعلقات پر خود میرزا صاحب کی روشنی میں بحث کی گئی ہے — حواشی میں کوشش کی گئی ہے کہ میرزا صاحب کے خطوط کا کوئی گوشہ تشنۂ فہم نہ رہے۔ اور جابجا نواب فردوس مکاں اور نواب خلد آشیاں کے خطوط کے اقتباسات بھی دئے گئے ہیں جن کی وجہ سے کتاب کی خوبی و قدر و قیمت دوبالا ہو گئی ہے — طباعت نہایت اعلےٰ سفید ولایتی کاغذ پر عمدہ و روشن ٹائپ میں کرائی گئی ہے۔ اور جلد نہایت خوشنما ہے۔ آخر میں تین انڈکس بھی دئے گئے ہیں — الغرض یہ کتاب ہر حیثیت سے مولانا عرشی کی فاضلانہ سعی و کاوش اور دربار رامپور کی شاہانہ علم دوستی کا بہترین نمونہ ہے۔ قیمت چار روپیہ ہے اور ملنے کا پتہ مطبع قیمہ بمبئی۔

فلسفہ کیا ہے؟

(مسلسل)

میں ان اعتراضوں کو سلسلہ وار رفع کروں گا کیونکہ بقول جمیس "ان کے رفع کرنے میں بڑی خوبی یہ ہے کہ ہماری رسائی اپنے موضوع کے قلب کی گہرائیوں تک بہ آسانی ہو جاتی ہے"۔

پہلے اعتراض کو لیجئے۔ اس میں تین باتوں پر زور دیا گیا ہے (۱) ایک یہ کہ فلسفہ نے کوئی ترقی نہیں کی وہ آج بھی وہیں ہے جہاں آج سے ڈھائی ہزار سال پہلے تھا۔ (۲) دوسرے یہ کہ اس کے جوابات معین نہیں ہوتے اور (۳) تیسرے یہ کہ اس کا نہ کوئی مقصد ہے اور نہ منہاج۔ لیکن جہاں تک میں سمجھتا ہوں یہ اعتراض کچھ ناانصافی اور کچھ غلط فہمی پر مبنی ہے یعنی یہ کہ وہ اتنا وزنی نہیں جتنا کہ بظاہر نظر آتا ہے، وجوہ یہ ہیں:-

(۱) فلسفہ کی ابتداء ۶۰۰ ق۔م میں ہوئی۔ اس سنہ سے لیکر آج تک کم و بیش ڈھائی ہزار سال ہوتے ہیں یعنی یہ عمر ہے فلسفہ کی۔ لیکن اس مدت میں سے وہ عرصہ منہا کر دینا ضروری ہے۔ جو ۵۲۹ء سے لیکر (جب کہ شاہ جسٹی نین نے بہ جبر فلسفہ کے مدارس بند کرا دئے) ۱۶۰۰ء تک (جبکہ فلسفۂ جدید کی بنیاد پڑی) بسر ہوا۔ یوں باقی کم و بیش چودہ سو سال رہ جاتے ہیں۔ جو انسانی عقل کی تاریخ کے عرصہ کے مقابلہ میں ایک دقیقہ سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے۔

(۲) فلسفہ کے مسایل جیسے کہ یہ ہیں (۱) دنیا کی واحد موجود شے زمین ہے یا مادہ؟ (۲) اگر مادہ ہے تو ایک لاعقل شے ذی عقل کیسے بن گئی؟ (۳) اگر زمین ہے تو مادہ کہاں سے آیا؟ (۴) مادہ کے انتہائی ترکیبی اجزاء کیا ہیں؟ (۵) دنیا ایک اتفاقی ظہور ہے یا مقصدی؟ (۶) دنیا میں وحدت کارفرما ہے یا کثرت؟ (۷) خیر و شر خوشگوار اور ناگوار اشیاء کے دوسرے نام ہیں یا دنیا میں ان کی حیثیت مستقل ہے؟ (۸) شعور اس دنیا کا کوئی مستقل جزء ہے یا ایک حادثہ ہے جو اتفاق سے کرۂ ارض پر نمودار ہو گیا ہے؟ ایسے مسایل میں جن کی تجربی تصدیق ناممکن ہے سائنس نے جو آج اتنی ترقی کی ہے کہ اہل دنیا اس کی ترقی کو دیکھ کر ششدر ہیں تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کے مسایل تجربی تصدیق کے معیار پر پورے اترتے ہیں۔ فلسفہ چونکہ اس آگ میں تپنے کی صلاحیت نہیں

رکھتا اس لئے وہ وہیں نظر آتا ہے جہاں کہ وہ آج سے ڈھائی ہزار سال پہلے تھا۔ حالانکہ جن مسایل پر طالیس نے غور کیا تھا ان پر آج تک لاتعداد مسائل کا اضافہ ہو چکا ہے۔ ایک مسئلہ کے ضمن میں صدہا مسایل نئے پیدا ہو چکے ہیں ایک مسئلہ کے متعلق بعض اُمور جو پہلے مشتبہ تھے وہ اب تیقین ہو چکے ہیں اور جو پہلے تیقین تھے وہ مشتبہ۔ یوں فلسفہ جامد نہیں وہ مسلسل ترقی کر رہا ہے لیکن فلسفہ کا چونکہ ایک تو موضوع ہمہ گیر ہے جس کے متعلق یہ تعین کرنا کہ فلاں اس کے موضوع میں داخل ہے اور فلاں نہیں ناممکن ہے اور دوسرے ایک ایسے ہمہ گیر موضوع کے متعلق مختلف اذہان مختلف طور پر فکر کرتے ہیں اختلاف افراد اختلاف طبایع کو مستلزم ہے اور اختلاف طبایع سے اختلاف نظریات لازم آتا ہے لہذا اپنے تئیں جوابات کی کھوج یہاں بے معنی ہے۔ یوں فلسفہ کا موضوع چونکہ غیر متعین ہے اس لئے بعض کم فہم افراد فلسفی کو ایک ایسے اندھے آدمی سے تشبیہ دیتے ہیں جو ایک اندھیری کوٹھری میں ایک کالی بلّی کو ڈھونڈھ رہا ہے اور یہ کالی بلّی وہ ہے جو وہاں موجود نہیں۔

یوں معین جوابات کی فلسفہ میں سمائی نہیں۔ جہاں فلسفہ کے کسی شعبہ میں معین جوابات دیے جانے لگتے ہیں تو وہ شعبہ فلسفہ نہیں رہتا سائنس بن جاتا ہے گویا ہر سائنس فلسفہ ہی کی شاخ ہے۔ یعنی جب جوابات وثوق اور تعین کے ساتھ ادا ہونے لگتے ہیں تو فلسفہ سے انھیں تعلق نہیں رہتا۔ بہ الفاظ دیگر یہ کہ فلسفہ ایسے مسئلوں کے مجموعہ کا نام ہے جن کے قطعی جوابات ابھی متعین نہیں ہوئے اس طرح فلسفہ کی مثال آم کے درخت کی ہے جس کی کیریاں درخت سے لگی رہتی ہیں اور شاخیں ٹپک پڑتی ہیں۔

اس لحاظ سے دیکھا جائے تو فلسفہ کی ناستواری محض ایک اضافی چیز ہے۔ لیکن اگر وہ اضافی نہ ہو تو بھی بعضوں کے لئے کشش کا باعث ہے فلسفہ کے متعلق ارسطو کہتا ہے کہ وہ حیرت سے پیدا ہوتا ہے اور یہ سچ ہے لیکن وہ نہ صرف حیرت سے پیدا ہوتا ہے بلکہ حیرت بھی پیدا کرتا ہے۔ کوئی ایک معمولی سوال فلسفیوں کے ایک بھرے مجمع میں پوچھ بیٹھئے آپ کو ہر شخص ایک جواب دے گا۔ صحت پر ہیں تو سب ہیں اور غلطی پر ہیں تو سب۔ اس طرح فلسفہ امکانات کے دائرہ کو بہت وسیع کر دیتا ہے۔ ایک معمولی انسان کو معمولی چیزوں پر کوئی حیرت نہیں ہوتی وہ سمجھتا ہے کہ وہ انھیں جانتا ہے لیکن ایک دیانتدار فلسفی کبھی آہنگِ ادعا سے یہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ کسی معمولی چیز کی ماہیئت سے مدعیانہ اور کماحقہ واقف ہے۔ اگر کوئی ایسا کہے تو سمجھئے کہ اس کی دیانت مشتبہ ہے۔

(۳) فلسفہ مشرق میں، جب تک تھا ہم احساسی سحر کے چولہ میں تھا یہ میں اوپر بتا آیا ہوں۔ اس کے بعد جب وہ یونان کے ساحل پر اُترا تو اس کے چولہ کو صنمیات کے لباس سے بدل دیا گیا۔ یہ زمانہ اگرچہ انسانی فکر کے بچپن کا تھا مگر اس میں کچھ کچھ شعور پیدا ہو چلا تھا۔ کیونکہ اس نے یہ بھانپ لیا تھا کہ کائنات میں ترتیب

پائی جاتی ہے۔ یونانی صنمیات کی دیوی (Nemesis) کا فریضہ یہ تھا کہ وہ فطرت کی وحشیانہ طاقتوں کو قابو میں رکھے اور باقاعدگی پیدا کرے۔ اس میں شک نہیں کہ (Pan) نامی دیوتا کو بھی یونانی صنمیات میں ایک خاص رتبہ حاصل ہے اور اس کی ہیئت خود بے قاعدگی کی مظہر ہے تاہم یہ چیز غیر فطری نہیں انسان کا قوائے فطرت کے وحشیانہ پن سے مرعوب ہو جانا قرین قیاس ہے مگر اس بے قاعدگی کے دور میں بھی ایک ترتیب کا خیال اہم چیز ہے۔ یوں صنمیاتی فکر نہایت آہستہ آہستہ حکیمانہ اور فلسفیانہ فکر میں منتقل ہوا۔ انسان کے فلسفیانہ اور حکیمانہ افکار پر صنمیاتی دور کا خاصہ اثر ہے۔ طالیس کے ہاں پانی اصل الاشیاء ہے لیکن یہ پر تو مصریوں کے (Osiris) دیوتا کا ہے۔ اسی طرح ہرقلیطوس افسوسی کے ہاں آگ مصدر موجودات ہے لیکن پھر بھی مصریوں کے دیوتا Ra کا عکس ہے۔ یہی ہرقلیطوس کہتا ہے کہ سورج کو اس کے مدار پر "ارواح منتقم" قایم رکھتی ہیں مگر یہ "ارواح منتقم" (Nemesis) دیوی کا مثنیٰ ہیں۔ یوں فکر انسانی نے بتدریج ترقی کی۔

صنمیاتی دور کے بعد مابعد الطبیعیاتی دور آیا اور مابعد الطبیعیاتی دور کے بعد حکمیاتی دور۔ گویا کولمت نے مراحل ثلاثہ کا جو قانون مرتب کیا ہے وہ کافی غور و تدبر کا نتیجہ ہے۔ فکر انسانی نے اب حکمیاتی منزل میں قدم رکھا ہے لیکن فلسفہ کے حکمیاتی ہونے کے معنی یہ نہیں کہ فلسفہ اپنے مسایل کی طرف یکے بعد دیگرے رجوع ہو انھیں سہج سہج حل کرے۔ اوّلیاتی استدلال سے ہاتھ اُٹھالے، اور مختلف سائنسوں میں تحویل ہو کر رہ جائے جیسا کہ رسل کا خیال ہے کیونکہ ایسی صورت میں یہ ضرورت باقی نہیں رہتی کہ فلسفی کائنات پر مجموعی حیثیت سے نظر کرے اور اس کا ایک مکمل نظریہ ترتیب دے۔ جب یہی ضرورت باقی نہیں رہتی تو خود فلسفہ کب ضروری رہتا ہے۔

(۴) علاوہ ان سب وجوہ کے ایک اور اعتبار سے فلسفہ نے سائنس کے مقابلہ میں بے حد ترقی کی ہے پروفیسر ولیم جیمس پروفیسر جیمس وارڈ کے حوالہ سے کہتا ہے (مسایل فلسفہ باب اول) "بعض لحاظ سے سائنس نے فلسفہ کے مقابلہ میں بہت کم ترقی کی ہے۔ اگر ارسطو اور ڈی کارٹ کو پھر سے دنیا میں آنے کی اجازت کسی نہ کسی طرح مل جائے تو سائنس کے اہم تصورات ان کے لئے نئے اور حیرت انگیز نہیں ہوں گے وہ عناصر سے اشیاء کی ترکیب کے خیال سے، موجودات کے ارتقاء کے تصور سے، بقائے توانائی کے اصل الاصول سے، اور ہمہ گیر جبریت کے مسئلہ سے ناآشنا نہ ہوں گے البتہ خوردبینیں، برقی روشنی، ٹیلی فون، ہوائی جہاز، لاسلکی، زہریلی گیس، آہنی قلعے، اور حکمتوں کی ذیلی جزئیات ان کے لئے ہیبت ناک چیزیں ہوں گی۔ اس کے برعکس اگر وہ مابعد الطبیعیات کی جدید کتابوں کا یا ہمارے فلسفیانہ لکچر روم کا معائنہ کریں

تو ہر چیز ان کے لئے عجیب غریب ہوگی۔ ہمارے زمانہ کا تصوری یا انتقادی انداز ان کے لئے بالکل نیا ہوگا۔ اور اس کا احاطہ کرنے کے لئے انھیں ایک زمانہ درکار ہوگا۔"

اب رہا فلسفہ کے مقصد و منہاج کے تعین کا سوال تو میرا خیال ہے کہ جب فلاسفہ بالعموم علوم مخصوصہ کے نتائج جمع کرتے، ان سے ایک جامع نظریہ ترتیب دیتے، اور یہ بتلاتے ہیں کہ جس دنیا میں ہم رہتے سہتے ہیں اس کی نوعیت اور ہیئت فلاں ہے یعنی جب انھیں سروکار سائنس سے نہیں کائنات کی اس ماہیت سے ہے جو سائنس ضمناً ہمارے روبرو پیش کرتی ہے تو سمجھ میں نہیں آتا کہ مقصد اس کے سوا اور کہتے کس کو ہیں۔ رہا منہاج سو ہر فلسفی اپنے شخصی، ملکی، نسلی، مدنی، مذہبی، اور معاشرتی حالات کے تحت معطیات پیش نظر میں رد و پسند سے کام لیتا ہے اور یہی منہاج ہے۔

اب دوسرے اعتراض کو لیجئے۔ جو اپنی جگہ پر کافی ہے۔

ہکسلے نے اپنے اعتراض میں مفصلۂ ذیل چار باتوں پر خاص زور دیا ہے:۔

(۱) یہ کہ علم کا واحد ماخذ حسّی تجربہ ہے۔

(۲) یہ کہ سائنس اسی حسّی تجربہ پر چلتی ہے اسی لئے اس کے نتائج کا اطلاق خارجی دنیا پر ہوتا ہے۔

(۳) یہ کہ عقل آزاد نہیں وہ ایک کٹھ پتلی ہے جو ہماری خواہشوں اور جبلتوں کے اشاروں پر ناچتی ہے کیونکہ اس کے تار انہی کے ہاتھ میں ہیں۔

(۴) یہ کہ فلسفہ عقل پر مبنی ہے لہٰذا وہ موضوعی ہے یعنی اس کے نتائج کا اطلاق خارجی دنیا پر نہیں ہو سکتا۔

بنا بریں یہاں پر مجھے اسی اعتبار سے پانچ باتیں ثابت کرنی ہیں۔

(۱) یہ کہ علم کے ماخذ دو ہیں (۱) تجربہ اور (۲) عقل۔

(۲) یہ کہ سائنس صرف تجربہ پر نہیں بلکہ عقل پر بھی مبنی ہے

(۳) یہ کہ عقل بالکلیہ خواہشوں اور جبلتوں کے بس میں نہیں وہ ان کی گرفت سے آزاد بھی ہے یعنی خارجی حق کا حصول ممکن ہے۔

(۴) یہ کہ موضوعی کے معنی وہ نہیں جو ہکسلے نے سمجھے ہیں لہٰذا فلسفہ کے آئینہ میں صرف فلسفی ہی کا نہیں بلکہ خارجی حقایق کا بھی عکس جھلکتا ہے۔

(۵) یہ کہ فلسفہ اگر ٹھیٹھ معنوں میں موضوعی ہے تو سائنس بھی اسی قسمت سے دوچار ہے۔

ان پانچوں امور کو میں اسی ترتیب سے ثابت کروں گا جس ترتیب سے کہ میں نے انھیں پیش کیا ہے:

(۱) ہمارا علم یکسر تجربی نہیں۔ اس میں ایک عنصر عقلی بھی ہے۔ یہ صحیح ہے کہ اس عقلی عنصر کو بالعموم حسّی تجربہ

کے ذریعہ واضح کیا جاتا ہے مگر وہ مبنی حسی تجربہ پر نہیں۔ اس قسم کے علم کی چند مثالیں یہ ہیں (ا) دو اور دو چار ہوتے ہیں (ب) مثلث کے دو ضلعے تیسرے ضلع سے بڑے ہوتے ہیں (ج) کل جزو سے بڑا ہوتا ہے (د) اگر ب مساوی ہے ک کے اور ک مساوی ہے ی کے تو ب مساوی ہے ی کے (ھ) ا بیک وقت ا اور ب دونوں نہیں ہو سکتا (و) ا یا ا ہے یا انہیں ہے (ی) ا ا ہے یہ قضیئے ریاضیاتی اور منطقی ہیں۔ اور ان کی صحت کا علم ہم کو حواس کے ذریعہ نہیں ہوتا۔

اس میں شک نہیں کہ ان قضایا کی تفہیم کے لئے حسی تجربہ ضروری ہے کوئی بچہ دو اور دو چار کیسے ہو سکتے ہیں اسوقت تک نہیں سمجھ سکتا جب تک کہ وہ دو کنکریاں اور دو کنکریاں ملا کر چار نہیں بنا لیتا۔ یوں کلی حق کی تحقیق کے لئے جزئی حق کی تکرار از حد ضروری ہے لیکن ایک مرتبہ جب وہ متحقق ہو جاتا ہے تو ہمیشہ کے لئے متحقق ہو جاتا ہے وہ نہ صرف ماضی و حال کے بارے ہی میں صحیح ہوتا ہے بلکہ مستقبل و عدم کے متعلق بھی صحیح ہوتا ہے۔ پس اس حق کا علم حسی تجربہ کے ذریعہ نہیں ہوتا۔ وعقل کے ذریعہ ہوتا ہے لہذا عقلی ہے۔

اس طرح ہکسلے کا یہ کہنا کہ تمام علم حسی ہے غلط ہے لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بھی غلط ہے کہ تمام علم عقلی ہے اس مغالطہ کا شکار بیشتر فلاسفہ ہوئے ہیں۔ پس علم دو طرح کا ہے (۱) حسی اور (۲) عقلی۔ حسی علم کی دنیا غیر عقلی، حادث، اور ممکن ہے اور عقلی علم کی دنیا صرف وجوبی ہے۔

(۲) اب ذرا یہ دیکھئے کہ سائنس کہتے کس کو ہیں۔ آلڈوس ہکسلے لکھتا ہے کہ سائنس سے مراد وہ علم ہے جو مظاہر و واقعات کا مشاہدہ کرتا، ان میں ترتیب اور ربط پیدا کرتا اور یوں قوانین مرتب کرتا ہے سائنس کی یہ تعریف تھامس ہنری ہکسلے (جو آلڈوس ہکسلے کا دادا تھا) کی مبنیہ تعریف سے چنداں مختلف نہیں۔ ٹی۔ پیج ہکسلا کہتا ہے کہ:۔ سائنس سے میں وہ علم مراد لیتا ہوں جو شہادت اور استدلال پر مبنی ہو، یوں مشاہدہ و استدلال پر سائنس کی بنیاد ہے لیکن مشاہدہ ہو یا استدلال دونوں کا دار و مدار استقراء پر ہے۔ اور استقراء کو کوئی شخص حسی تجربہ کی چیز نہیں کہہ سکتا۔ وجہ یہ کہ استقراء خود حسی تجربہ سے مقدم ہے۔ ہمارے حواس معینہ [illegible] جب مجموعہ سے کرسیوں اور میزوں کی مربوط دنیا حاصل کرتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ استقراء مبنی حسی تجربہ پر نہیں مانا کہ وہ استدلال میں بھی پہلے ہی سے مستور ہے تاہم اس سے ثابت صرف اتنا ہوتا ہے کہ اسے نہ تجربہ سے کوئی لگاؤ ہے اور نہ عقل سے تو پھر اس کی صحت کا علم ہم کو ہوتا کیسے ہے؟ یہ بھی ایک سوال ہے مگر اس کا جواب مشکل نہیں۔ کیونکہ استقراء وجدان کی چیز ہے اور وجدان عقل سے منفک نہیں اس کے متعلق میں آئندہ سطور میں اختصار سے کچھ عرض کرونگا

(۳) انسانی فکر کے مورخوں نے اس بات پر بہت زور دیا ہے کہ انسانوں نے ہر وقت عقل کو علم کی خاطر استعمال نہیں کیا۔ تاہم وہ اس حقیقت کو نہ چھپا سکے کہ انسانی ذہن نے جیسے جیسے ترقی کی عقل کا بے غرضانہ استعمال

بھی حتی الوسع کیا۔ صنمیات کا مذہب، اوہام کا سائنس مہوسی کا کیمیا، اور نجوم کا فلکیات بن جانا عقل کے اسی بے غرضانہ استعمال کا نتیجہ ہے۔

یہاں پر میں ایک دو مثالیں پیش کروں گا۔

جیسا کہ میں نے ابتدائی سطور میں بتلایا ہے عقل کا بے غرضانہ استعمال یونانیوں کی ایجاد ہے۔ اور صرف یہی ایک گہر دنیا کے علمی طبقوں میں ان کے طرۂ کلاہ کو سب سے ممتاز کرتا ہے، طالیس ملسطی مصر کا سفر کرتا ہے وہاں دیکھتا ہے کہ مصریوں کے پاس مساحتِ زمین کے بعض طریقے رائج ہیں۔ ہر سال نیل کا دریا اپنی طغیانیوں کو لیکر آتا اور کھیتوں کی مینڈوں کو مٹا ڈالتا ہے۔ جس کی وجہ سے غریب کسانوں کو حد بندیاں پھر سے کرنی پڑتی ہیں ان روز روز کی پریشانیوں سے بچنے کے لئے مصری زمین کو مستطیل رقبوں میں تقسیم کرنے کا ایک طریقہ ایجاد کرتے ہیں۔ طالیس نے غور کرنے پر یہ معلوم کیا کہ اس طریقہ کو اس کے مقصد سے جس کے لئے اسے وضع کیا گیا تھا جدا کیا جا سکتا ہے۔ یوں اس نے اس طریقہ میں تعمیم پیدا کی اور ہر شکل کے رقبوں کی پیمائش کا اسلوب رائج کیا۔ طالیس کو چونکہ کھیتی باڑی سے کوئی لگاؤ نہ تھا اس لئے مساحتِ زمین کے اس نے جو قواعد مرتب کئے وہ علم ہندسہ کی اساس بنے یوں علمی مقصد کا حصول اور انسانی اغراض کی تکمیل کے لئے عقل کا استعمال عقل کے بے غرضانہ استعمال کا ذریعہ بنا۔ یہ عقل کا بے غرضانہ استعمال ہی تھا جس نے یہ دریافت کیا کہ مثلثِ مساوی الساقین کے قاعدہ کے زاوئے ہمیشہ مساوی ہوتے ہیں وہ ہمیشہ کیوں مساوی ہوتے ہیں یہ بھی بے غرضانہ تفکر کا ایک کارنامہ ہے۔

اسی طرح یونانیوں نے نجوم کے فن کو فلکیات کے علم میں بدل دیا۔ صدیوں تک بابل کے مذہبی پیشواؤں نے سیاروں کی حرکت کا مطالعہ کیا تاکہ انسانی مقدرات کی پیش بینی کریں جن پر وہ انھیں متصرف مانتے تھے۔ یونانیوں نے ان سے ان کے مشاہدات کے نتائج مستعار لئے اور طالیس نے ۵۸۵ ق ۔ م ۔ ایشیائے کوچک میں واقع ہونے والے گہن کی پیشین گوئی کی۔ یوں یونانیوں نے مشاہدۂ افلاک کے اصلی محرک کو دیس نکالا دیا اور خالص علمی اغراض کے لئے فلکیات کا مطالعہ شروع کیا۔

انہی واقعات کی بناء پر طالیس ملسطی فلسفۂ یونان کا ابوالآبا شمار ہوتا ہے فطری مظاہر کو پہلے فوق الفطری قوتوں وعوامل سے منسوب کیا جاتا تھا پھر ان قوتوں کو دیوتاؤں اور شیطانوں میں تبدیل کر دیا گیا۔ اس کے بعد یہ فرض کیا جانے لگا کہ ان فوق الانسانی طاقتوں کو عبادتوں، قربانیوں، ہونوں وغیرہ سے رام کیا جا سکتا ہے گویا یہ چیزیں ایک طرح کی رشوت تھیں جن کو لیکر دیوی دیوتا انسانوں کے حالِ خراب پر مہربان ہو جاتے تھے۔ گرج اور بجلی بھی ایسی ہی ہستیوں کے افعال تھے لیکن اینکسی مینڈر نے یہ ثابت کرنا چاہا کہ گرج اور بجلی ہوا کے تیز و تند جھونکوں سے پیدا ہوتے ہیں۔ اس کا خیال تھا کہ ہوا کثیف بادلوں میں گھر کر باہر نکلنے کی کوشش کرتی ہے اس کی اس کوشش سے

بادل پھٹتا ہے جس کی وجہ سے گرج سنائی دیتی ہے اور جہاں شگاف ہوتا ہے وہاں چمک پیدا ہوتی ہے۔ جو بادلوں کی تاریکی کی ضد ہوتی ہے اور بجلی کہلاتی ہے۔ یہ اپنی قسم کی پہلی حکیمانہ "توجیہ" ہے۔

یہاں پر آپ نے دیکھا کہ عقل دو طرح استعمال کی گئی ہے۔ اور اس کے ان دو استعمالوں میں ایک اہم فرق ہے پہلا استعمال عقل کا یہ ہے کہ گرج اور بجلی دیوی دیوتاؤں کے اعمال ہیں۔ اور دوسرا یہ کہ وہ ہوا کے بادلوں میں بند ہونے اور نکلنے کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں عقل کا پہلا استعمال توہم کہلاتا ہے اور دوسرا سائنس توہم میں نامعلوم کو انسانی علامات میں ظاہر کیا جاتا ہے اور سائنس میں بظاہر غیر انسانی علامات میں ظاہر ہوتے ہیں۔

عقل کے مخالفین عقل کی تنقیص کے وقت اس فرق کو نظر انداز کر جاتے ہیں۔ سائنس دنیا کے لئے قوانین نہیں بناتی وہ صرف مظاہر اور واقعات کی فہرست مرتب کرتی ہے سائنس کی کامیابیاں نتیجہ ہیں دنیا پر ایک غیر جانب دارانہ نظر کا۔ یہ غیر جانب دارانہ نظر معروضی واقعات پر کوئی اثر نہیں ڈالتی۔ سائنس واقعات کو اسی رنگ میں لیتی ہے جس رنگ میں کہ وہ اسے نظر آتے ہیں۔ وہ یہ نہیں کہتی کہ اشیاء یوں ہونی چاہئیں، سائنس میں یہ بات صرف اسوقت پیدا ہو سکی جب اس نے اخلاقیات سے کنارہ کشی اختیار کی۔ ابتدائی زمانہ کے علوم مثلاً نجوم اور مہوسی افادات سے مملو تھے ان سے منفعت کے خیالات وابستہ تھے۔ سمجھا یہ جاتا تھا کہ ستاروں کی گردش انسانی مقدرات پر ایک زبردست اثر رکھتی ہے۔ اور یہ کہ بعض عناصر کے ملاپ سے سونا اور چاندی ہاتھ آسکتے ہیں۔ ان وجوہ کی بناء پر سیاروں کی حرکت اور کیمیائی ملاپوں کی ماہیت کا مطالعہ کیا گیا۔ ابتدائی زمانہ کے ماہران طبیعیات یہ سمجھتے تھے کہ دنیا کا ایک مقصد ہے اور یہ کہ وہ اخلاقیات کی رو سے محسن ہے یہ خواہش اب بھی ایک حد تک نفسیات میں پائی جاتی ہے نجوم اور مہوسی کے فنون جب افادی خیالات سے منفک ہو گئے تو انھوں نے محیر العقل ترقی کی۔ اور فلکیات اور کیمیا کے لباس میں ظاہر ہوئے۔ طبیعیات بھی صرف اسی وقت ترقی کر سکی جب اس نے یہ ثابت کرنا ترک کر دیا کہ دنیا میں فلاں فلاں اخلاقی خواص پائے جاتے ہیں۔ نفسیات بھی آج کل طبیعیات کے نقش قدم پر چل رہی ہے۔

توہم سے سائنس کی طرف یہ بڑھاؤ ایک نہایت اہم چیز ہے انسانی خواہشات کی آسودگیوں سے مکمل چھٹکارا عقل کو سب سے پہلے ریاضیات کی قلمرو میں نصیب ہو سکا۔ اعداد کے باہمی علایق کا انسانی جذبات و خواہشات پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ اور نہ انسانی جذبات و خواہشات کا اعداد پر کوئی اثر ہوتا ہے۔ اگر میری خواہشات کا اعداد پر یا ان کے باہمی علایق پر کوئی اثر ہوتا تو ۲ × ۲ صرف ۴ نہ ہوتے بلکہ ۵ - ۶ - ۷ - ۸ بھی ہو سکتے۔ لیکن وہ صرف ۴ ہوتے ہیں اور میں بھی یہ خیال کرتا ہوں کہ وہ صرف ۴ ہوتے ہیں۔ ایسا کیوں ہوتا ہے ایسا میں کیوں خیال کرتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ میں دیکھتا ہوں کہ ہوتا ایسا ہی ہے۔ بہر حال نفس شاعر اور غیر شاعر دونوں کو کھنگال دیجئے آپ ۲ × ۲ کے ۴ ہونے کی وجہ اس کے سوا اور کوئی پائیں گے ہی نہیں کہ وہ ۴ ہوتے ہیں اس لئے کہ ہوتے ہیں۔ یوں

علم الحساب کو تعلق واقعات سے نہیں ہوتا علایق سے ہوتا ہے اور علایق بھی وہ جو تقادیر کے درمیان پائے جاتے ہیں اشیاء کے درمیان نہیں۔

اس نوبت پر اگر یہ کہا جائے کہ (ا × ب) اور (ا × ب) کا حاصل ضرب۔ $ا^{۲}$ - $ب^{۲}$ کیا ہے تو مجھے انکار نہیں کہ وہ ایک واقعہ ہے مگر کیسا واقعہ؟ نہ جمیل نہ مقدس نہ مفید نہ معین اور نہ آرام دہ بلکہ صرف واقعہ۔ اس طرح عقل ریاضیات میں بیم و رجا، خوشی و ناخوشی کے خیالات سے بے پروا ہو کر داد تحقیق دیتی ہے۔

ریاضیات کے بعد عقل کا بے غرضانہ استعمال ہم کو اور علوم میں بھی ملتا ہے ارضیات، فعلیات، اور کیمیا کے علوم اس دعویٰ کی دلیل ہیں۔ یہ علوم مادہ اور اس کی ماہیت سے بحث کرتے ہیں لہٰذا ان میں انسانی اغراض کا کوئی شائبہ نہیں۔ مادہ سے طبیعیات بھی بحث کرتی ہے اور وہ آئن شٹائن، پلینک، رد تھر فورڈ، اور ہائزن برگ کے نظریات سے قبل انہی علوم کے ساتھ تھی یعنی بے غرضانہ تحقیق کا عمل انجام دیتی تھی لیکن طبیعیات جدید کو یہ شرف حاصل نہیں اب مادہ کچھ اس قسم کا بن گیا ہے کہ انسانی خواہشیں ایسے خداؤں میں جو مہندس ہیں اور ایسے ذہنی یا بے ہمہ مسالوں میں جو ہمہ گیر ہیں تبدیل ہو گئی ہیں۔

فلکیات، حیاتیات، نفسیات، سیاسیات، اجتماعی نفسیات، عمرانیات اور دوسرے علوم میں عقل کا بے غرضانہ استعمال اگرچہ ریاضیات کے اتنا پاک، کامیاب، کامل، اور بے عیب نہیں تاہم وہ ان میں پایا ضرور جاتا ہے۔

اور یہ تو ظاہر ہے کہ ریاضیات ہو یا طبیعیات کیمیا ہو یا حیاتیات نفسیات ہو یا سیاسیات، فعلیات ہو یا فلکیات اجتماعی ہو یا عمرانیات سب کی سب فلسفہ کی شاخیں ہیں۔

پس یہاں تک کی بحث سے تین باتیں ثابت ہوتی ہیں۔

(۱) یہ کہ انسانی عقل معروضی یعنی غیر ذہنی واقعہ کا انکشاف کر سکتی ہے اور یہ کہ غرض، تعصب اور خواہش کا اس انکشاف پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔

(۲) یہ کہ عقل ابتداءً خواہشات کو تصدیقات کا درجہ دے سکتی ہے اور اپنی توقعات کا شکار ہو سکتی ہے لیکن سعی و کاوش سے وہ ایسے نتائج کو پا سکتی ہے جن کی تشکیل میں امیدوں کو کوئی دخل نہ ہو یا ہو تو کم سے کم ہو۔ اور

(۳) یہ کہ بعض اوقات ان حالتوں میں جبکہ عقل جبلتوں کی غلام ہوتی ہے اور ان حالتوں میں جبکہ وہ آزادانہ داد تحقیق دیتی ہے تمیز کی جا سکتی ہے۔

(۴) موضوعی کے معنی بالعموم اختیاری کے لئے جاتے ہیں یعنی ہم اپنے دل کے بموجب جو چاہتے ہیں کرتے ہیں اس میں شک نہیں کہ ہمارا اپنے دل کے بموجب کسی کام کو انجام دینا ایک موضوعی فعل ہے مگر جن حالات

میں ہمارا دل ایسا چاہتا ہے وہ کب موضوعی ہیں، انسان کا شعور کائنات کا کوئی بے تعلق مظہر نہیں۔ وہ ایک حیاتیاتی پیداوار ہے جس کو اس کے ماضی نے موجودہ قالب میں ڈھال دیا ہے یوں ہماری خواہشات پر ہمارے ماحول، ہماری نسل، اور ہمارے ورثہ کا بہت اثر ہوتا ہے۔ گویا ان خواہشات کی جڑیں ماضی بعید کی زمین میں گہرے طور پر پھیلی ہوئی ہیں۔ لہٰذا ان کے آئینہ میں عوامل خارجی کا پرتو منعکس ہے۔ یہ خواہشات انہی عوامل سے متعین ہوتی ہیں۔ اور یہ عوامل موضوعی نہیں۔ یہ خارجی عوامل توارث، تہذیب، نسل، ماحول، غذا، معاشرت وغیرہ ہیں ان سے وہ زمین تیار ہوتی ہے جس پر کسی نسل یا فرقہ کی خواہشات کا بیج پھلتا، پھولتا، اور پروان چڑھتا ہے۔ یہ خارجی عوامل دنیا کے حقیقی اجزاء ہیں یوں انسانی خواہشات کائنات کے حقیقی اجزاء کی چغلی کھاتی ہیں۔ اور بنابریں اسقدر موضوعی نہیں جسقدر کہ ہکسلے، رچرڈس، اور لارنس نے انھیں سمجھ رکھا ہے۔

سطور بالا سے یہ نتیجہ بدیہی طور پر اخذ ہو سکتا ہے کہ فلسفہ کے آئینہ میں صرف فلسفی ہی کا نہیں بلکہ خارجی حقایق کا بھی عکس جھلکتا ہے۔ اب یہ دریافت کہ کسی فلسفہ میں فلسفی کا کتنا اور خارجی حقایق کا کتنا حصہ ہے ناظر کا اپنا کام ہے۔ لہٰذا جنس فلسفہ کی قیمت کا اندازہ کرتے وقت ہم کو اشخاص کا عنصر چھانٹ دینا چاہئے اس کے بعد باقی جو چیز رہے گی وہ ایک ایسی چیز ہوگی جس کا اطلاق دنیائے خارجی پر اچھی طرح ہو سکتا ہے۔

یہاں تک تو ہکسلے کے اعتراض کا اصولی جواب تھا اور اب میں چاہتا ہوں کہ تیسرے اعتراض پر غور کرنے سے پہلے ہکسلے کے اعتراض کا ایک الزامی جواب بھی دیتا جاؤں تاکہ ہر لحاظ سے اعتراض کا رد مکمل ہو۔

(۵) سائنس کے متعلق یہ جو کہا جاتا ہے کہ اس کے نتائج کا اطلاق خارجی دنیا پر ہو سکتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ سائنس صرف یہ کہتی ہے کہ حقیقت یوں ہے اور یوں ہے برخلاف اس کے فلسفہ یہ کہتا ہے کہ وہ یوں اس لئے ہے دوسرے لفظوں میں یہ کہ سائنس واقعات کا مشاہدہ کرتی ہے ان کے گٹھے (جو قوانین کہلاتے ہیں) بناتی ہے اور ان گٹھوں پر یا قوانین کے ذریعہ اور واقعات کی پیش بینی کرتی ہے —— ان واقعات کی پیش بینی کرتی ہے جو ابھی مشاہدہ میں نہیں آئے۔ یہ سچ ہے۔ مگر سائنس صرف اتنے عمل پر قناعت نہیں کرتی۔ وہ اس سے کچھ آگے بڑھ نکلتی ہے۔ وہ اپنے مشاہدات سے ضوابط اور ضوابط سے عالمگیر طور پر قابل انطباق نتائج اخذ کرتی ہے مثلاً حیاتیات داں یہ کہتے ہیں کہ اکتسابی خواص وراثتہً منتقل نہیں ہوتے فعلیات داں یہ کہ روح موت پر جسم سے جدا نہیں ہوتی نفسیات داں یہ کہ ذہنی اعمال کی تعبیر دماغی اور عصبی اعمال سے بخوبی ہو سکتی ہے یعنی دماغ اور اعصاب کے عمل کا دوسرا نام ذہن ہے اور حیاتی کیمیا داں یہ کہ جاندار اور بے جان چیزوں میں کوئی خط ایسا نہیں جسے مابہ الامتیاز قرار دیا جا سکے۔ یہ نتائج صحیح بھی ہو سکتے ہیں اور غلط بھی۔ مگر سوال یہ ہے کہ وہ حاصل کیسے ہوئے کیسے ہو سکے؟ کیا حواس کی شہادت پر سے استدلال کر کے؟ نہیں! تو پھر کیا سائنس داں مشاہدہ شدہ چیزوں

سے ان چیزوں کی ماہیت دریافت نہیں کرتا جن کا ابھی مشاہدہ نہیں ہوا؟ — کیا وہ ان چیزوں کے متعلق تعمیمات نہیں بناتا جن کی کھوج ابھی مکمل نہیں ہوئی؟ — اگر وہ ایسا کرتا ہے اور یقیناً کرتا ہے تو وہ غریب فلسفی کیوں مورد لعن وطعن جو اپنے دل کے مطابق حقیقت کو ڈھال لیتا ہے؟ جہاں سائنسداں اپنے قوانین کی بلاواسطہ شہادت سے تجاوز کرتا ہے اور اپنی عقل کو ان یقینات کی تائید میں دلائل وضع کرنے کے لئے استعمال کرتا ہے جن کو وہ جبلتہً ماننا چاہتا ہے تو کیا وہ فلسفی سے ذرہ بھر بھی مختلف ہوتا ہے؟ لہذا کس بناء پر یہ کہنا درست ہے کہ فلسفی کے نتائج کا اطلاق خارجی دنیا پر نہیں ہوسکتا اور سائنس داں کے نتائج کا ہوسکتا ہے؟

لیکن دوسرے کو گنہ گار ثابت کرنے سے چونکہ اپنی بے گنہی ثابت نہیں ہوتی لہذا ہکسلے کے اعتراض کا صحیح جواب وہی ہے جو اوپر دیا گیا۔

(باقی) مرزا محبوب بیگ

آپ کے فایدہ کی بات

اگر حسب ذیل کتابیں آپ علٰحدہ علٰحدہ خریدفرمائیں گے تو حسب ذیل قیمت ادا کرنا پڑے گی اور محصول علاوہ بریں:-

نگارستان	جمالستان	ترغیبات جنسی	شہاب کی سرگزشت	استفسار وجواب ہر دو جلد
دو روپیہ	چار روپیہ	تین روپیہ	ایک روپیہ	چھ روپیہ

معرکۂ سخن	مکتوبات نیاز	اُردو شاعری	ہندی شاعری	میزان کل
ڈھائی روپیہ	ڈھائی روپیہ	دو روپیہ	ڈیڑھ روپیہ	چوبیس روپیہ آٹھ آنے

لیکن

اگر یہ تمام کتابیں ایک ساتھ طلب فرمائیں تو صرف اٹھارہ روپیہ میں مل جائیں گی اور محصول بھی ہمیں ادا کریں گے۔

مینجر نگار لکھنؤ

ناقابل ترمیم ہے، بہت کچھ اشتراکیت پسند تھا لیکن اقتدار حاصل کرنے کے بعد ہٹلر نے خود ہی اس پروگرام سے ہٹنا شروع کیا اور اس میں جو اجتماعی عنصر پایا جاتا تھا وہ کم ہونے لگا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہٹلر نے یہ پروگرام محض عوام کے ووٹ حاصل کرنے کے لئے تیار کیا تھا ورنہ اُسے یہ پالیسی شروع ہی سے پسند نہ تھی۔ بہرحال گو ہٹلر نے نازی جماعت کو فڈر اور ڈرکسلر کی وساطت سے پایا تھا مگر اس کی اصلاح و تنظیم کا ذمہ دار تنہا وہی تھا۔ اور جب سرمایہ داروں نے یہ دیکھا کہ یہ جماعت قوی ہوتی جارہی ہے اور اس کا اشتراکی عنصر ختم ہوتا جارہا ہے تو انھوں نے بھی اُسے کافی مالی امداد دینا شروع کردی

ہٹلر کا عروج ہٹلر کے عروج کا ایک سبب یہ ضرور تھا کہ اس نے لوگوں کے دلوں میں یہ بٹھا دیا کہ جرمنی کا اصل نمائندہ وہی ہے۔ لیکن اس کے علاوہ حسب ذیل اسباب اور بھی تھے :-

(۱) فرانس کے حملہ روہر (Ruhr) کے بعد جرمنی کے ادنیٰ طبقۂ اوسط (Lower middle Class) کی حالت بہت سقیم ہوگئی تھی اور ہٹلر کا پروگرام ان کے لئے بہت امید افزا تھا اس لئے انھوں نے ہٹلر کے مواعید پر بھروسہ کرکے اُسے اپنا پیشوا اور رہبر تسلیم کرلیا۔

(۲) سابق چنسلر برونگ کی سخت گیر پالیسی سے اعلیٰ طبقہ اوسط (Higher middle Class) بھی برہم تھا اس لئے وہ بھی ہٹلر کا طرفدار بن گیا

(۳) بڑے بڑے کارخانہ داروں اور سرمایہ داروں نے ہٹلر کو مالی امداد دینا شروع کردی اس خیال سے کہ ہٹلر ان کے ہاتھ میں ہمیشہ کٹھ پتلی بنا رہے گا۔

(۴) خود جمہوریت جرمنی کے افسروں نے سلطنت کے راز افشا کرنے شروع کردئے

جرمنی میں ہٹلر کے برسر اقتدار ہوجانے کے راز کو سمجھنے کے لئے حسب ذیل تین اہم واقعات کا ذکر بھی ضروری ہے۔

(۱) پیپن۔ شلیشر (Schleicher) اور ہنڈنبرگ کی سازش

(۲) ریشتاغ (جرمن پارلیمنٹ) کی آتشزدگی

(۳) ۳۰ جون کا قتل عام

۱۹۳۲ء میں پریسیڈنٹ ہنڈنبرگ کی عمر ۸۵ برس کی ہوچکی تھی اور اس کے قویٰ بہت مضمحل ہوگئے تھے اور وہ اپنے لڑکے آسکر، اپنے سکریٹری مسز (Meissner) اور جنرل شلیشر کے ہاتھ میں تھا۔ ان لوگوں نے ہنڈنبرگ کو اپنے قبضہ میں رکھنے کے لئے صورت حال یہ پیدا کردی تھی کہ کوئی شخص ہنڈنبرگ سے اسوقت تک نہ مل سکتا تھا جب تک یہ نہ چاہیں۔ پھر چونکہ یہ لوگ ہٹلر سے خائف تھے اس لئے نازیوں کو ہنڈنبرگ کی بارگاہ میں حضوری کا موقع نہیں ملتا تھا۔ اس گروہ کی طاقت اس وجہ سے اور بڑھ گئی کہ ریشتاغ کا اجلاس اول تو بہت کم ہوتا تھا اور کبھی ہوتا بھی تھا تو

بغیر کوئی خاص قانون بنائے عمل ختم ہو جایا کرتا تھا ——— اس کے علاوہ چنسلر مقرر کرنے اور ریشتاغ کو معزول کرنے کا اختیار صرف پریسیڈنٹ کو حاصل تھا اور وہ انھیں لوگوں کے ہاتھ میں تھا۔ ان گروہ بندیوں کا آخر میں نتیجہ نکلا کہ ہر پارٹی نے اپنے اپنے جاسوسوں کے ذریعہ سے دوسری پارٹیوں کے اندرونی راز معلوم کرنے کی کوشش شروع کر دی

برونگ، پیپن، شلیشر ڈاکٹر ہنری برونگ مئی ۱۹۳۰ء سے مئی ۱۹۳۲ء تک جرمنی کا چنسلر رہا۔ برونگ، موجودہ جرمنی کا سب سے زیادہ روشن خیال اور مہذب مدبر تھا۔ اس نے ویمر کے دستور اساسی کو محفوظ رکھا، ہنڈنبرگ کو دوبارہ صدر جرمنی منتخب کرانے کا باعث ہوا، خاکی پوشوں کو جلاوطن کر دینے کی جرأت کی، آسٹریا اور جرمن محصولوں کو متحد کر کے جرمنی کو خارجی حکمت عملی میں فتح دلائی خرچیہ جنگ کے مسئلہ کو تقریباً حل کر دیا لیکن آخر کار پریسیڈنٹ ہنڈنبرگ کے ہاتھوں کتے کی طرح عہدۂ چنسلری سے علٰحدہ کر دیا گیا!

برونگ کو ہٹلر سے سخت نفرت تھی وہ اپنی چانسلری کے دوران میں ہٹلر کے بڑھتے ہوئے اقتدار کو روکنے کی برابر کوشش کرتا رہا۔ مگر اس کے باوجود ہٹلر کو روز بروز زیادہ قوت حاصل ہوتی گئی یہاں تک کہ ۱۹۳۰ء میں ہٹلر کی پارٹی کو الکشن میں ۶۴۰۰۰۰۰ ووٹ ملے اور پارلیمنٹ میں نازی پارٹی کے ۱۰۷ نمائندے پہونچ گئے، اب ہٹلر کی ہستی جرمنی کی بساط سیاست پر ایک معمولی مہرے کی سی نہ تھی بلکہ اس کے حریفوں کو اس سے خطرات پیدا ہو چلے تھے اور برونگ بھی اس کو زیر کرنے کی مختلف تدابیر میں مصروف تھا، مگر اتفاق دیکھئے کہ خود برونگ کی یہ تدبیریں ہٹلر کے موافق ثابت ہوئیں ——— برونگ نے ملک کو اندرونی خلفشار سے بچانے کے لئے نیک نیتی سے خود ہی آئین جرمنی کی خلاف ورزی شروع کی اور اس کا نتیجہ اس کے حق میں خراب نکلا۔ ۱۹۳۰ء میں محض اس خیال سے کہ وہ اپنی رائے کے مطابق تمام ملک پر حکومت کر سکے، برونگ نے ریشتاغ کو برخاست کر دیا اور خود ریشتاغ نے اُسے اس طرح حکومت کرنے کی اجازت دیدی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ جرمن پارلیمنٹ میں "سوشل جمہوری" پارٹی سب سے بڑی پارٹی تھی۔ یہ جماعت اگرچہ برونگ کو زیادہ پسند نہ کرتی تھی مگر دوسری جماعتوں کے مقابلہ میں اُسے ضرور ترجیح دیتی تھی۔ الغرض برونگ خود مختارانہ حکومت کرنے لگا اور جو صرف صدر جرمنی کے رحم و کرم پر موقوف تھی۔

دو سال تک تو کسی نہ کسی طرح کام چلتا رہا لیکن اس کے بعد ۱۹۳۲ء میں ہنڈنبرگ پارٹی کے نزدیک، برونگ کی ضرورت بھی باقی نہ رہ گئی۔ خاکی پوش اور سوشلسٹ تو اُس سے خوش تھے ہی نہیں ہنڈنبرگ پارٹی بھی اُس کے ایک زرعی سمجھوتہ کے پروگرام سے ناراض ہو گئی۔ مئی ۱۹۳۲ء میں ہنڈنبرگ کو اس کی ریاست نوڈک (Neudeck) بھیج دیا گیا اور اس کے لڑکے آسکر کے ساتھ جنرل شلیشر نے خفیہ نامہ و پیام کا سلسلہ جاری کر دیا۔ نوڈک میں ہنڈنبرگ کو یہ یقین دلا دیا کہ برونگ ایک "زرعی بالشویک" ہے چنانچہ جب برونگ، ایک مرتبہ اُس کے پاس اس غرض

سے کیا کہ اُس کے اختیارات میں کچھ اور توسیع کر دی جائے تو ہنڈنبرگ نے صاف انکار کر دیا

اس تمام سازش میں جنرل شلیشر کا ہاتھ کام کر رہا تھا۔ وہ اسوقت وزیر تحفظ تھا اور فوج کا نمایندہ۔ لیکن جب ہنڈنبرگ نے برونگ کو چنسلری سے برخاست کیا تو شلیشر کو نہیں بلکہ پیپن کو چنسلر بنایا۔ کیونکہ خود شلیشر نے پیپن کو چنسلری کے لئے پیش کیا تھا! اور چند دن بعد ہنڈنبرگ کو پیپن پر اتنا اعتماد ہو گیا کہ پیپن بسا اوقات ہنڈنبرگ ہی کے ساتھ ناشتہ کرتا اور ہنڈنبرگ کے محل میں اس طرح آتا جاتا گویا وہ ہنڈنبرگ کا کوئی عزیز ہے مگر ملک اُسے ناپسند کرتا تھا۔ چنانچہ ویمر کے دستور اساسی کے مطابق جب عہدۂ چنسلری ملنے کے بعد پیپن کو الکشن کرانا پڑا۔ تو ہٹلر کی پارٹی کو سب سے زیادہ ووٹ ملے اور آخر کار بڑی جماعت کے لیڈر ہونے کی حیثیت سے ہٹلر کو ہنڈنبرگ نے طلب کیا۔ ہنڈنبرگ سے ہٹلر نے اپنے شرائط پر چنسلری ملنے کا مطالبہ کیا اور جو حقوق مسولینی نے روما پر مارچ کرنے کے بعد طلب کئے تھے وہی ہٹلر نے بھی طلب کئے مگر ہنڈنبرگ نے انکار کر دیا۔ اب ہٹلر نے یہ کوشش کی کہ جرمن پارلیمنٹ کے اجلاس میں پیپن کو شکست دی جائے مگر ریشتاغ کا اجلاس شروع ہوتے ہی پیپن نے پارلیمنٹ کو برخاست کر دیا۔ پارلیمنٹ کو برخاست کر دینے کے بعد پیپن کو نومبر میں پھر الکشن کرانا پڑا مگر اس مرتبہ پھر اُسے شکست ہوئی۔ پارلیمنٹ کا اجلاس دوسری مرتبہ شروع ہوا مگر تین ہی دن کے بعد یہ پارلیمنٹ پھر برخاست کر دی گئی۔ اب تمام ملک روز روز کے الکشنوں سے عاجز آچکا تھا اس لئے برلن میں اشتراکیوں نے ٹریفک کا اسٹرائک کر دیا اور نازیوں نے ان کا ساتھ دیا۔ اس کے بعد دونوں نے مل کر یہ دھمکی دی کہ یہ ہڑتال تمام ملک میں عام کر دی جائے گی۔ آخر کار ہنڈنبرگ اور شلیشر سب کو مجبور ہونا پڑا اور پیپن کی چنسلری ختم کر دی گئی۔ اب کی مرتبہ خود شلیشر کو بہ مجبوری عنان چنسلری سنبھالنا پڑی۔ اصل میں اس کی تو خواہش یہ تھی کہ وہ پس پردہ کام کرے اور چنسلر خود اسی کی مرضی کے مطابق چلتا رہے لیکن وقت یہ پڑی کہ اب اُسے کوئی آدمی دکھائی نہیں پڑتا تھا، چنانچہ اُسے یہ عہدہ خود ہی قبول کرنا پڑا۔

شلیشر اعتدال پسند شخص تھا، اس لئے اُس نے نہایت معتدل قدم اُٹھایا۔ وہ ہر چند ایک حد تک مزدوروں کا حامی بھی تھا مگر ہٹلر کو وہ سخت ناپسند کرتا تھا چنانچہ اُس نے یہ اعلان کیا کہ وہ نہ سوشلسٹ ہے نہ سرمایہ دار۔ اُسنے برونگ کی زرعی اسکیم کی بھی تائید کی مگر عوام اور ہنڈنبرگ دونوں اُس سے ناراض ہو گئے۔ اُس کی ناکامی کا سب سے بڑا سبب یہ تھا کہ سابق چنسلروں کی طرح وہ بھی ہٹلر سے کوئی سمجھوتہ کرنا نہیں چاہتا تھا اور جس پارٹی کو ملک میں سب سے زیادہ ہر دلعزیزی حاصل ہو گئی ہو اس کی مخالفت کر کے حکومت کرنا ناممکن ہے۔ شلیشر بھی اس نکتہ کو جانتا تھا مگر چونکہ اُسے ہٹلر سے عداوت تھی اس لئے بجائے اس کے کہ وہ ہٹلر سے مصالحت کرے اُس نے خود نازی پارٹی کے اندر پھوٹ ڈالنی چاہی۔ اسوقت ہٹلر کی سیاسی انجمن کا افسر اعلیٰ اسٹراسیر تھا جس کے قبضہ میں ۴۰-۳۰ نازی ڈیٹی تھے۔ شلیشر نے اُس کے ساتھ خفیہ سمجھوتہ کرنا شروع کیا۔ ہٹلر کو پتہ چل گیا۔ مگر اُس نے اسٹراسیر کو جماعت

سے خارج کردینے کے بجائے نازی ڈپٹیوں کا ایک جلسہ منعقد کیا جس میں اسٹریسر بھی موجود تھا اور یہاں اس نے اسٹریسر کی غداری کو ظاہر کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ شلیشر اور اسٹریسر کی اتحادی اسکیم ختم ہوگئی

اِس وقت اگر ہٹلر چاہتا تو ملک میں خانہ جنگی شروع کرا سکتا تھا مگر اس نے ایسا نہیں کیا کیونکہ وہ قانونی طور پر طاقت حاصل کرنا چاہتا تھا۔ پیپن کے پاس کوئی جماعت اپنی نہیں تھی اس لئے اُس نے پہلے تو سرمایہ دار جماعت کے لیڈر ڈاکٹر ہگنبرگ سے اتحاد کیا اور پھر ہٹلر کے پاس پہونچا۔ اب صورت یہ پیدا ہوگئی تھی کہ شلیشر عاجز آکر پیپن اور ہگنبرگ دونوں کو گرفتار کرکے ملک میں فوجی ڈکٹیٹرشپ قایم کرنا چاہتا تھا۔ پیپن یہ سن کر ہٹلر کے پاس پہونچا اور اُس سے کہا کہ اگر میرے ساتھ سمجھوتہ نہیں کرتے ہو تو ہم تم دونوں تباہ ہوجائیں گے اور شلیشر ہم دونوں کو گرفتار کرکے ملک میں اقتدار حاصل کرلے گا اور پھر نازی پارٹی بھی فنا ہوجائے گی۔ یہ بات ہٹلر کی سمجھ میں بھی آگئی اور بادل ناخواستہ اُس نے یہ شرط منظور کرلی کہ کابینہ میں ۳ وزرا ہٹلر کی پارٹی کے رہیں اور آٹھ پیپن یا ہگنبرگ کے اس کے بعد ہٹلر اور ہگنبرگ نے ہنڈنبرگ کے سامنے نئی کابینہ کی تجویز پیش کی جسے صدر جرمنی نے منظور کرکے ہٹلر کو چنسلر اور پیپن کو وائس چنسلر مقرر کردیا۔ جب یہ تقرر ہوچکے تو دوسرے دن شلیشر کو معلوم ہوا کہ اس کی حکومت ختم ہوچکی ہے!

جرمن پارلیمنٹ کی آتشزدگی

۵ مارچ ۱۹۳۳ء کو ہٹلر کی چنسلری کو مصدق کرنے کے لئے الکشن ہونیوالا تھا اس سے ۶ دن قبل یعنی ۲۷ فروری ۱۹۳۳ء کو جرمن پارلیمنٹ کی عالیشان عمارت میں آگ لگی اور اس عمارت کے ساتھ ہی جرمن جمہوریت کا بھی خاتمہ ہوگیا!! اس آگ نے صرف پارلیمنٹ کی عمارت ہی کو نہیں جلایا بلکہ اشتراکیوں، جمہوریت پسندوں، کیتھولک اور قوم پرست جماعتوں کو بھی راکھ کردیا! اس آگ کو لگے ہوئے ۵ برس ہوچکے ہیں مگر اس کے انگارے اب بھی روشن ہیں! اس آگ نے ایک شاندار عمارت ہی کو تودۂ خاک نہیں بنایا بلکہ ہزاروں سکون پسندوں، لبرلوں، جمہوریت پسندوں و ہزاروں صائب الرائے اشخاص کی تمام زندگی کے کارناموں کو ملیامیٹ کردیا۔ اس آگ کے شعلوں کے ساتھ، بسمارک، ولیم ثانی اور آئین ویمر کی قدیم جرمن بھی جل کر خاک ہوگیا اور اس کے دھوئیں سے ہٹلر کی تیسری پارلیمنٹ پیدا ہوئی!

اُس وقت جرمنی کی سیاسی فضا یہ تھی کہ گو ہٹلر، چنسلر بنادیا گیا تھا مگر کابینہ میں اس کی جماعت کے صرف ۳ آدمی تھے اور پیپن۔ ہگنبرگ کے آٹھ۔ ہٹلر اپنی قوت قایم کرنے کے لئے چاہتا تھا کہ کسی طرح اس کو اکثریت حاصل ہوجائے، دوسری طرف پیپن ہگنبرگ یہ چاہتے تھے کہ ایسا نہ ہونے پائے ورنہ ان کی پوزیشن کمزور ہوجائیگی یعنی بظاہر تو وہ ایک ہی پلیٹ فارم پر کام کررہے تھے لیکن دراصل دونوں میں سخت اختلاف تھا اور ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کررہا تھا۔ دوسری طرف ہنڈنبرگ ابھی تک ہٹلر سے مطمئن نہیں ہوا تھا اور نازیوں کا یہ خطرہ بھی لاحق ہوگیا تھا کہ کہیں ان کی جماعت الکشن میں شکست نہ پاجائے۔ نازیوں کا اندازہ یہ تھا کہ

۶۰۰ ممبروں کی پارلیمنٹ میں ۲۵۰ نشستیں انھیں مل جائیں گی مگر اکثریت حاصل کرنے کے لئے نصف سے زاید یعنی ۳۰۰ سے زیادہ نشستیں انھیں حاصل کرنا تھیں۔ یہ بھی خیال تھا کہ اشتراکی جماعت کو ۱۰۰ نشستیں ضرور ملجائینگی لہذا ترکیب یہ سوچی گئی کہ کسی طرح ان اشتراکیوں کا خاتمہ کردیا جائے اور ان کی ۱۰۰ نشستوں پر قبضہ کرکے پارلیمنٹ میں اکثریت حاصل کرلی جائے۔ الکشن کا دن بالکل سر پر آرہا تھا اور نازیوں کو کچھ نہ کچھ کرنا تھا۔ آخر انھوں نے کچھ کیا اور اس آتشزدگی سے وہی نتیجہ نکلا جس کی انھیں امید تھی۔ یعنی اس آتشزدگی کا الزام اشتراکی جماعت پر قایم کیا گیا اور ایک سو اشتراکی ممبران پارلیمنٹ گرفتار کرلئے گئے۔

اس واقعۂ آتشزدگی کے اندرونی حالات ابھی تک لوگوں کو اچھی طرح معلوم نہیں ہیں کیونکہ نازیوں نے اپنا کام اتنی ہوشیاری سے کیا کہ گو دنیا کو اس واقعہ کے سلسلہ میں ان کی سازش پر شک ضرور ہوا مگر تفصیلات کسی کو نہ معلوم ہوسکیں۔ بہرحال یہاں ان "اسرار" پر ایک ہلکی سی نظر ڈالنا نامناسب نہ ہوگا

آتشزدگی کی رات کو ایک ڈچ جو تقریباً دیوانہ تھا گرفتار کرلیا گیا۔ اُس کا نام میرینس خان دُرلبے (Marinus Van der Lubbe) تھا اس کے متعلق سرکاری بیانات یہ شائع ہوئے کہ اس کے پاس اشتراکی جماعت کی ممبری کا کارڈ ملا اور ایک اشتہار جس میں اشتراکیوں اور اجتماعیوں میں متحد ہوکر کام کرنے کی اپیل کی گئی تھی، نیز خود اس کے کئی فوٹو اور ایک پاسپورٹ، بھی دستیاب ہوا لیکن بعد کو دوران مقدمہ میں یہ ثابت ہوگیا کہ اسکے پاس پاسپورٹ (پروانۂ راہداری) تو ضرور تھا مگر اور جن چیزوں کا تذکرہ کیا گیا تھا وہ دستیاب نہیں ہوئی تھیں۔ دوران مقدمہ میں یہ ثبوت بھی بہم پہونچایا گیا کہ اُس نے اس سے قبل تین جگہ اور آگ لگائی تھی اور وہ ڈچ اشتراکی نوجوانوں کی جماعت کا ممبر تھا مگر دو برس کے بعد جماعت سے خارج کردیا گیا تھا

الغرض جرمن پولیس نے یہ تسلیم کرلیا کہ آگ لگانے والا لبے تھا مگر اس کے ساتھ اور لوگ بھی شریک تھے۔ چنانچہ چند آدمی اور بھی ماخوذ کئے گئے لیکن شہادت فراہم نہ ہونے کی وجہ سے وہ چھوڑ دئے گئے اور لبے کو پھانسی دیگئی۔

آگ کے ماہرین نے شہادت میں یہ ثابت کردیا تھا کہ آتشزدگی میں آگ لگا دینے والے کیمیاوی اجزا مثلاً فاسفورس، سلفر اور پٹرول کافی مقدار میں استعمال کئے گئے اور ظاہر ہے کہ لبے، اکیلا اتنی چیزیں اندر نہیں لیجا سکتا تھا، دوسرے گرفتاری کے وقت اس کے پاس سے آگ لگانے کا بہت تھوڑا سا سامان ملا تھا۔ خود لبے، نصف اندھا تھا اور ٹٹول ٹٹول کر چل سکتا تھا۔ دوسری طرف پارلیمنٹ کی عمارت میں بالکل اندھیرا چھایا ہوا تھا اور اس واقعہ سے قبل چونکہ وہ عمارت میں کبھی داخل نہیں ہوا تھا اس لئے وہ اس کی ساخت سے بھی واقف نہ تھا کہ اندھیرے میں خاص خاص جگہوں تک پہونچ سکتا

لیکن لبے نے آخر وقت تک ظاہر نہیں کیا کہ نازیوں نے اُسے اس کام پر مامور کیا تھا اس لئے سوال یہ پیدا

ہوتا ہے کہ اگر نازی سازش کے بغیر لبے نے آگ لگائی تو وہ اکیلا اس میں کامیاب کیسے ہوا اور اگر نازی سازش سے اُس نے آگ لگائی تو کسی نازی کا نام کیوں اس سلسلہ میں نہیں لیا؟

بات یہ ہے کہ فان ڈر لبے، موجودہ تہذیب کا ایک بدقسمت فرد تھا جس کے نہ گھر تھا نہ بار، اُسے دو جدید کی سوسائٹی اور حکومتوں سے نفرت تھی اور اس نفرت کی پیاس کو وہ مکانوں میں آگ لگا لگا کر بجھایا کرتا تھا۔ برلن میں وہ کئی جگہ آگ لگا چکا تھا اور اس نے اس کا تذکرہ بھی کئی آدمیوں سے کیا تھا۔ نازیوں کو بھی اُس کا حال معلوم ہو گیا۔

لبے نے اپنے یار دوستوں سے آگ لگنے سے دو ایک دن پہلے یہ کہا تھا کہ میں فلاں روز پارلیمنٹ میں آگ لگاؤں گا۔ برلن جاسوسوں سے بھرا ہوا ہے۔ لبے کے یہ الفاظ نازیوں تک پہونچے۔ وہ پہلے ہی سے کوئی قربانی کا بکرا ڈھونڈھ رہے تھے۔ لبے بیٹھے بٹھائے مل گیا۔ بہرحال نازی بھی اُسی رات کو ڈاکٹر گوئرنگ کے مکان کی سرنگ کے راستہ سے پارلیمنٹ میں داخل ہوئے۔ لبے نے آگ لگائی مگر اُس کا زیادہ اثر نہیں ہوا اور اس کے ساتھ ہی فوراً نازیوں نے دوبارہ خود باقاعدہ آگ لگا دی۔ لبے آگ لگا کر باہر نکلا تو دیکھا کہ سارا ہال جل رہا ہے۔ وہ یہ سمجھا کہ یہ سب اُسی کی کرامت ہے! اس آتشزدگی کو وہ اپنے لئے قابل فخر سمجھتا تھا چنانچہ گرفتاری کے بعد سے وہ برابر پارلیمنٹ کی عمارت کے جلنے کا ذمہ دار اپنے آپ کو بتاتا رہا اور اس سے ہمیشہ انکار کیا کہ اس کے ساتھ کوئی اور بھی شریک تھا۔ یہ وہ نظریہ ہے جس کی ڈمیٹراف نے بھی تائید کی ہے!

قتل عام چنسلر ہونے کے بعد ہٹلر کے پاس دو فوجیں تھیں۔ ایک تو جرمنی کی باقاعدہ فوج (Reichswehr) دوسرے ہٹلر کی پرائیویٹ خاکی پوش، فوج جس کا کپتان ہٹلر کا عزیز دوست روہم تھا۔ ہٹلر اب چاہتا تھا کہ ان دونوں فوجوں میں سے صرف ایک فوج کو اختیارات حاصل رہیں اور اس کے لئے اُس نے باقاعدہ فوج کو ترجیح دی اس مقصد کے لئے خاکی پوش فوج کی قوت کو توڑ دینا ضروری تھا ——— یہ ہے ۳۰ جون ۳۴ء کے قتل عام کا راز!

قتل کی بنیاد مئی اور جون ۳۴ء میں برلن کی سیاسی فضا بہت مکدر ہو رہی تھی۔ انقلاب ہو چکا تھا یعنی نازیوں کو اقتدار حاصل ہو گیا تھا لیکن اس انقلاب اور فتح کا پھل نہیں ملا تھا۔ لوگ نازی اقتصادی پروگرام کو عملی صورت میں دیکھنے کے منتظر تھے، انتہا پسند نازی یہ سمجھنے لگے تھے کہ سرمایہ داروں اور کارخانہ داروں نے نازی لیڈروں کو اپنے دام فریب میں پھنسا لیا ہے۔ انھوں نے ناامید ہو کر ہٹلر سے اپیل کی مگر بے سود!

خاکی پوش بھی غیر مطمئن تھے۔ وہ اپنے آپ کو نازی پارٹی کا رکن رکیں سمجھ رہے تھے۔ اور واقعہ یہ ہے کہ یہی لوگ تھے جو ہٹلر کو اس درجہ پر پہونچانے کا باعث ہوئے تھے۔ اس میں بائیں بازو (Left wing) کے

کئی ایسے آدمی تھے جو نازی اقتصادی پروگرام پر جلد از جلد عمل دیکھنا چاہتے تھے۔

خاکی پوشوں کی تعداد ۲۵ لاکھ تک پہونچ چکی تھی لیکن انقلاب مکمل ہو جانے کے بعد ان کا کوئی کام نہیں رہگیا تھا۔ ہٹلر کی خود سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اب وہ کیا کرے۔ پارٹی کو اب ان کا خرچ برداشت کرنا تکلیف دہ معلوم ہو رہا تھا۔ نیز ان کی جگہ ہٹلر اور دوسرے نازی لیڈروں کی حفاظت کے لئے بطور باڈی گارڈ ایک دوسری پرائیویٹ فوج سیاہ پوش بنالی گئی تھی

خاکی پوشوں کا سپہ سالار روہم تھا۔ جس سے وہ بہت محبت کرتے تھے۔ ان خاکی پوشوں کے متعلق جو صورت حال پیدا ہوگئی تھی اس کا روہم نے یہ حل سوچا کہ انھیں جرمنی کی باقاعدہ فوج میں شامل کرکے ایک نئی قومی فوج تیار کی جائے جس کا سپہ سالار اعلیٰ خود روہم ہو

لیکن جرمن فوجی افسر اس کے لئے تیار نہ تھے۔ اول تو وہ اپنی جگہ روہم کو دینے پر رضامند نہیں تھے۔ دوسرے وہ یہ نہیں چاہتے تھے کہ انھوں نے جو ایک لاکھ مسلح اور منظم سپاہی تیار کئے ہیں ان میں ۲۵ لاکھ غیر منظم، ناتجربہ کار سڑک کے لونڈے، دفتروں کے کلرک، اور ملک کے بچے لفنگے شامل کر دئے جائیں

ادھر ہٹلر ہر چند روہم کو اپنے ہاتھ سے دینے کے لئے تیار نہ تھا مگر دوسری طرف وہ ایک لاکھ مسلح اور منظم فوج کو بھی نظر انداز نہ کر سکتا تھا۔ ہٹلر نے ایک مرتبہ پھر روہم کو اپنے پاس بلایا اور روہم نے پھر اُسے وہی مشورہ دیا مگر ہٹلر نے نہیں مانا اور اس کے بعد ہی یہ حکم دیا کہ یکم جولائی سے خاکی پوش ۲ ماہ کی رخصت پر رہیں گے جس کے دوران میں وہ اپنا یونیفارم نہیں پہن سکتے!

اس سلسلہ میں ایک اور چیز بھی غور کے قابل ہے۔ خاکی پوشوں کے علاوہ ایک اور نازی فوج تیار کی گئی تھی، جسے 'سیاہ پوش' (SS) ! (Schutz Staffeln) کہا جاتا تھا۔ یہ فوج 'گارڈ' کا کام دیتی تھی اور اس کی تعداد ۳ لاکھ تھی۔ اس فوج کا روہم سے کوئی تعلق نہ تھا بلکہ اس کا سردار ہملر نامی ایک شخص تھا جسکو روہم سے عداوت تھی!

قتل عام سے ایک رات قبل ہٹلر، مزدوروں کے ایک کیمپ کا معائنہ کرنے کے بہانہ جنوبی جرمنی چلا گیا۔ اُس کے ساتھ گوبلس اور لٹزے نامی ایک اور آدمی تھا۔ برلن میں 'باغیوں' کا قتل گوئرنگ کے سپرد کیا گیا تھا۔ گوبلس اپنے ایک بیان مطبوعہ اخبار 'منچسٹر گارجین' میں لکھتا ہے کہ قتل کی ایک رات قبل 'لیڈر' کو بغاوت کی اطلاعیں موصول ہوئیں۔ اُس نے فوراً یہ فیصلہ کر لیا کہ اس کا تدارک کس طرح کرنا چاہئے چنانچہ ہم لوگ راتوں رات میونخ پہونچے اور صبح ۶ بجے ہٹلر بذات خود روہم کی جائے قیام پر پہونچا اور اُسے گرفتار کر لیا

سوال یہ ہے کہ اگر روہم کسی بغاوت کی تیاری کر چکا تھا تو وہ میونخ سے ۲۰ میل کے فاصلہ پر اطمینان سے اپنے

گھر پر لیٹا ہوا کیوں سو رہا تھا۔ دوسرے اس میں کیا عقلمندی تھی کہ میونخ میں جس روز بغاوت کی تیاریاں ہو رہی ہوں ہٹلر اُسی دن وہاں پہونچ جائے اور اُسے اپنے لئے کوئی خطرہ نہ نظر آئے؟ بہرحال روہم گرفتار کرکے میونخ لایا گیا اور اُسے حکم دیا گیا کہ خود اپنے گولی مارے مگر روہم نے انکار کیا اور کہا کہ مجھے بجز ہٹلر کے اور کوئی نہ مارے۔ جیلر بار بار ہٹلر کے پاس آتے اور پوچھتے کہ روہم کے ساتھ کیا کیا جائے۔ آخر ہٹلر نے دل مضبوط کرکے اس کے قتل کا حکم دے ہی دیا! اس کے ساتھ ہی جب میونخ میں 'مخالفین' کا قتل ہو چکا تو برلن میں گوئرنگ کو اطلاع دیگئی کہ وہ اپنا کام شروع کرے۔ ان قتلوں کے بارہ میں ہٹلر کے احکام صاف نہ تھے مگر گوئرنگ نے جسے مناسب سمجھا قتل کرنا شروع کر دیا

شلیشر کو بھی اس کے گھر میں جب وہ کسی سے ٹیلیفون پر گفتگو کر رہا تھا قتل کیا گیا اور جب شور کی آواز سُن کر اس کی بیوی دوڑی آئی تو اُسے بھی گولی مار دی گئی تاکہ اس کے شوہر کے قتل کی کوئی شہادت نہ رہ جائے۔

باقی لوگوں کا کورٹ مارشل ہوا جس میں ان سے صرف یہ کہا گیا کہ تمھیں بغاوت کے جرم میں موت کی سزا دی جاتی ہے اور پھر گولی مار دی گئی

بعض آدمیوں کے نکل بھاگنے کی داستان

اس قتل عام میں بعض لوگوں کے نکل بھاگنے کی داستان بھی بہت دلچسپ ہے۔ مثلاً ایک شخص، ٹری ورانس سے نازی اس لئے دشمن ہو گئے تھے کہ وہ (۱) برونگ کا خاص دوست تھا (۲) فوج میں اس کا کافی اثر تھا (۳) ہٹلر سے وہ عداوت رکھتا تھا اور اس کا اظہار علی الاعلان کیا کرتا تھا

اس کو قتل کرنے کے لئے ایک درجن سیاہ پوش ایک لاری میں بیٹھ کر ریوالور ہاتھ میں لئے اُس کے گھر پہونچے ٹری ورانس اس وقت لنچ کھا کر اپنے گھر ہی میں ٹینس کھیل رہا تھا۔ ان سیاہ پوشوں کو پہلے ٹری ورانس کا ایک لڑکا ملا تو انھوں اُس سے چلا کر پوچھا کہ ٹری ورانس کہاں ہے۔ اتفاق سے ٹری ورانس کا باپ کوٹھے پر بیٹھا تھا اُس نے یہ گفتگو سن کر کہا۔ کیا ہے۔ "میں یہاں ہوں" سیاہ پوش اوپر دوڑے مگر وہاں ٹری ورانس کے باپ کو پایا۔ اتنے میں لڑکے نے اپنے باپ سے سارا واقعہ بیان کر دیا تھا، وہ یہ سنتے ہی اپنی موٹر پر سیدھا شہر کی طرف بھاگا۔ سیاہ پوشوں نے بھی اس کا پیچھا کیا مگر چونکہ سڑکوں پر کافی آدمی چل رہے تھے اس لئے سرِ راہ وہ اُس پر گولی نہ چلا سکے اور ٹری ورانس پہلے سیاہ پوشوں کی نظر سے بچ کر اور کسی راستہ سے ہوتا ہوا شلیشر کے گھر پہونچا۔ یہاں اُسے معلوم ہوا کہ وہ بھی قتل کر دیا گیا تو وہ وہاں سے بھاگ کر کسی گاؤں کی سڑک کی طرف گیا اور وہاں اپنا موٹر ایک درخت سے لڑا کر تاکہ یہ سمجھا جائے کہ وہ کسی گاؤں میں چھپا ہے بذریعہ ٹیکسی پھر شہر میں داخل ہوا اور ایک دوست کے یہاں جا کر چھپ رہا

مکتوباتِ نیاز

کیوں صاحب، یہ کیا بات ہے کہ سوال عمر، زید، بکر کا آیا تو ـــــ "التفات کے دریا بہا دئے"
اور ـــــ چوں نوبتے باشد آتش بجام کردند
ساقی یہ تری کم نگہی یاد رہے گی!

آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ کل سے اس وقت تک مارے غصہ کے سوائے "خونِ دل پینے اور خونِ جگر کھانے" کے اور کچھ نہیں کیا۔ میں جانتا ہوں آپ اسے لکھنوی شاعری سمجھ کر ہنس پڑیں گے اور اس طرح گویا میرے زخم پر اور "نمک پاشی" فرمائیں گے۔ لیکن آپ کی ان ٹھنڈی گرمیوں کا جواب یہی ہو سکتا ہے یا پھر یہ کہ محسن کاکوروی کا یہ شعر پڑھ دوں:۔

کہاں ہے آتش یاقوت لب میں وہ بھڑک باقی
کہ خطِ سبز نے چھینٹا دیا آبِ زمرد کا

لیکن آپ کیا خاک سمجھیں گے، آپ کو کیا سلیقہ ہے، کل پرنس مرزا باقر علی خاں صاحب کے پاس جاؤں گا اور اس رعایت لفظی کی داد اُن سے لونگا۔ سنا آپ نے۔ وہیں گانا سنونگا، اور کبوتر بازی کے متعلق تمام معلومات حاصل کر کے اس موضوع پر ایک مضمون آپ کے نام سے نگار میں شایع کر دونگا۔ آپ کانوں پر ہاتھ دھریں گے، واویلا مچائیں گے۔ میں کہونگا یہ جھوٹ بکتے ہیں۔ انھوں نے ہمیشہ یہی کام کیا ہے اور اب بھی اسی پر زندگی کا انحصار ہے۔ اگر موقع قسم کھانے کا آیا تو حلف بھی اُٹھا لونگا۔ الغرض آپ کو پریشان کرنے کے لئے وہ سب کچھ کروں گا، جس کا آپ کو علم بھی نہیں ـــــ اور ستائیے!

جانِ نیاز ـــــ یہ کیا ظلم ہے جو مجھ پر ڈھایا جا رہا ہے۔ آپ باوجود مجبور ہونے کے اس قدر آزاد کہ جسوقت جو کچھ جی میں آیا کہدیا اور میں باوصف آزاد ہونے کے اتنا مجبور کہ آج جو تحریر آپ کی ملی ہے اس کا جواب اب سے ایک ماہ کے بعد نگار ہی کے ذریعہ سے دے سکتا ہوں۔ آپ ہی کا لکھا ہوا مصرعہ دہرانا پڑتا ہے کہ

چہ قیامتی کہ نمی رسی زکنارِ ما بہ کنارِ ما

یہ "الٹی میٹم" آپ نے کس کو دیا ہے۔ انھیں کو نا ـــــ "جو نہیں جانتے وفا کیا ہے" میں ڈر گیا کہ کہیں خطاب میری طرف تو نہیں ہے ـــــ یہ آپ کو لیکر کہاں جائیں؟ ـــــ ذرا وضاحت سے فرمائیے، میں سمجھا نہیں۔

آپ کی غزل کی داد کیا دے سکتا ہوں
نظر کو تابِ تماشائے حسنِ یار کہاں؟

آپ کے یہ دو شعر کبھی نہیں بھول سکتا

امید تیرا بُرا ہو ڈبو دیا تو نے — دئے ہیں آخری دم تک فریب ساحل کے
تمام رات تصور میں گفتگو اُن سے! — تمام رات فسانے تباہیِ دل کے!!

جس وقت یہ تحریر آپ کی نگاہ سے گزریگی میں حیدرآباد میں ہونگا۔ اور غالباً اخیر مارچ تک وہیں رہوں گا۔ اگر آپ اس دوران میں اپنا ترکش کچھ اور خالی کرنا چاہیں تو "امپیریل پوسٹ آفس" کے ذریعہ سے

بر دست و پائے بند گرانے نہادۂ
نازم بہ بندگی کہ نشانے نہادۂ

گرامی - تسلیم - غالب کی فارسی شاعری کے متعلق آپ میری رائے مجھ سے صرف ایک جملہ میں چاہتے ہیں۔ اچھا تو سنئے، لیکن غالب ہی کی زبان میں، کہتا ہے:-

نظم غالب نگر کہ سپند اری
کز کمیں گاہ جستہ خیلِ غزال

اسوقت تک غالب کی شاعری کے متعلق دفتر کے دفتر لکھے جا چکے ہیں لیکن خدارا بتایئے کیا اس سے بہتر رائے آپ کی نگاہ سے کبھی گزری ہے اور وہ بھی اتنے مختصر الفاظ میں! — آپ اس کا حقیقی رنگ سخن دیکھئے، الفاظ کے تیکھے پن پر نگاہ ڈالئے، بیان کی شوخی و بیباکی کو سامنے رکھئے، طرزِ ادا کی صفائی و شستگی پر غور کیجئے اور پھر اس بیان پر کہ

"کز کمیں گاہ جستہ خیلِ غزال"

کیا آپ اسے غالب کی شوخ نگاری کا معجزہ نہ کہیں گے؟

میرے نزدیک غالب نے اپنی عمر میں دو غلطیاں کیں ایک بہت بڑی اور ایک بہت چھوٹی۔ بڑی یہ کہ اس نے ریختہ میں شاعری کی اور چھوٹی یہ کہ اس نے فارسی میں غزلیں بھی کہیں۔ اگر آج اس کا اُردو دیوان جسے وہ خود بھی "مجموعۂ بیرنگ" کہتا ہے، وجود نہ ہوتا اور جو وقت تغزل فارسی میں صرف کیا ہے وہ مثنوی میں صرف کیا جاتا تو غالب کی حقیقی عظمت کا اندازہ کوئی کرتا یا نہ کرتا لیکن دنیا اس کا جواب نہ پیش کر سکتی

اس کے معنی یہ نہیں کہ میں اس کے دیوان ریختہ یا تغزل فارسی کا مداح و معترف نہیں، ہوں بلکہ مقصود یہ ظاہر کرنا ہے کہ فطرت نے اسے جس کام کے لئے پیدا کیا تھا اس کی طرف اس نے پوری توجہ نہیں کی

محب گرامی - ایک زمانہ کے بعد آپ نے یاد فرمایا۔ میں نے تو اس خیال سے مراسلت میں تقدیم نہیں کی کہ آپ مجھ سے خفا ہیں۔ اور آپ نے اس لئے پرسش نہیں کی کہ میں کبھی آپ سے خفا ہو ہی نہیں سکتا، اور جو کبھی خفا ہونا نہ جانے اسکو پوچھنا ہی کیا؟ اللہ، اللہ، کیا فرقِ مراتب ہے! —— جی ہاں، زندہ ہوں، لیکن شکر ادا کرنے کی حد تک نہیں۔

آپ پر رشک کرنا تو کوئی جرم نہیں بشرطیکہ آپ کو اس کا یقین بھی آجائے کہ رشک واقعی کوئی تکلیف دہ چیز ہے۔
یہ نہ آپ کی گزشتہ زندگی پر طعن ہے اور نہ میری موجودہ زندگی کی صحیح تصویر، بلکہ مقطع کی بات تھی اس لئے مجبوراً سخن گسترانہ انداز میں بیان کی گئی۔ آپ کچھ اور خیال نہ کیجئے گا۔
یقیناً میرے خیالات میں تغیر پیدا ہوگیا ہے اور بہت کافی۔ آپ ملامت انگیز انداز سے پوچھتے ہیں، یہ کیا ہے؟
جواب میں سوائے اس کے اور کیا کہہ سکتا ہوں کہ

لو وہ بھی کہتے ہیں کہ یہ بے ننگ و نام ہے
یہ جانتا اگر تو لٹاتا نہ گھر کو میں

خوش رہئے، کیونکہ ایک زمانہ وہ آنے والا ہے جب یہ مجھے برا کہنے والے بھی تھک کر بیٹھ رہیں گے میرے لئے جینا اجیرن ہو جائیگا آپ کو معلوم نہیں "ملامتیا" طبقہ کا درویش ہوں اور میرے مدارج کی ترقی کا راز اسی میں پنہاں ہے کہ لوگ مجھے گالیاں دیں اور میں سن سنکر ہنسوں۔

بر کفے جام شریعت بر کفے سندانِ عشق
ہر ہوسناکے نہ نداند جام و سنداں باختن

یہ شعر سعدی کا ہے۔ آپ سے کس نے کہدیا کہ غالب کا ہے۔

تلطف فرمائے بندہ ۔ یاد آوری کا شکریہ قبول فرمائیے اور تاخیر جواب پر معذرت منفعل! گرامی نامہ پرسوں پہونچا اصولاً و طبعاً مجھے اسی دن اظہار تشکر کرنا چاہئے تھا، لیکن اس دوران میں چند در چند مکروہات کا شکار رہا اور طبیعت کسی طرح حاضر نہ ہوئی کہ کوئی کام کی بات کرتا۔ آج بھی بادلِ ناخواستہ اس فرض کو ادا کر رہا ہوں۔
ادبی انجمن کی تاسیس پر مبارکباد قبول فرمائیے اور بزم مشاعرہ برپا کرنے پر دعائے کامیابی۔ آپ مجھے یاد فرماتے ہیں، یہ آپ کی محبت ہے، لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ ــــ "آجکل آپ سے باہر ہے نظام" اور اسلئے اُسے محفل میں طلب کرنا خطرہ سے خالی نہیں۔
اول تو یوں بھی معمولاً میں مشاعروں کی شرکت سے گریز کرتا ہوں، چہ جائیکہ اُسوقت جب طبیعت غیر حاضر ہو۔

غالبِ خستہ کے بغیر کون سے کام بند ہیں

گرامی عزیز ۔ آپ نے نہایت لطیف بحث چھیڑی ہے اور اتنی خوبصورتی کے ساتھ آپ نے استدلال کیا ہے کہ اس میں قطعاً کسی اضافہ کی گنجایش معلوم نہیں ہوتی۔
ایک ہی شعر میں مادیت سے گزر کر دفعتاً وجدان کی دنیا میں پہونچ جانا اچھے شعراء کے کلام میں بھی کمتر نظر آتا ہے، کیونکہ اکثر اس کو بالکل تصوف بنا کر رکھدیتے ہیں اور بہت کم ایسے ہیں جو تغزل کے حدود سے آگے نہیں بڑھتے غالب کے کلام

میں اس کی مثالیں اچھی اچھی ملتی ہیں۔ اس کا ایک مشہور شعر ہے:۔

ترے خیال سے روح اہتزاز کرتی ہے
بہ جلوہ ریزی باد و بہ پرفشانی شمع

دوسرا مصرعہ بالکل مادیات سے تعلق رکھتا ہے، اور پہلا یکسر وجدانیات سے شاعر "جلوہ ریزی باد" اور "پرفشانی شمع" کو دیکھتا ہے، لیکن فوراً ہی حواسِ ظاہری کی دنیا سے گزر کر خیال و روح کے عالم میں پہونچ جاتا ہے اور اتنی خوبصورتی کے ساتھ کہ تغزل میں اور جان پڑ جاتی ہے۔ دوسری مثال ملاحظہ ہو:۔

ترے جواہر طرفِ کلہ کو کیا دیکھیں،
ہم اوجِ طالعِ لعل و گہر کو دیکھتے ہیں،

"لعل و گہر" دیکھ کر جو مادی چیزیں ہیں، شاعر کا خیال فوراً اُن کے "اوجِ طالع" کی طرف منتقل ہو جاتا ہے جو بالکل وجدانی چیز ہے اور غزل کی رنگینی بدستور قایم رہتی ہے۔ اسی خیال کو دوسرے زاویۂ نگاہ سے اس نے یوں ظاہر کیا ہے:۔

گوہر کو عقدِ گردنِ خوباں میں دیکھنا
کیا اوج پر ستارۂ گوہر فروش ہے

غالب کے اور چند شعر اسی رنگ کے سنئے:۔

وفاداری بہ شرطِ استواری اصلِ ایماں ہے — مرے بتخانہ میں تو کعبہ میں گاڑو برہمن کو

شمع بجھتی ہے تو اس میں سے دھواں اُٹھتا ہے — شعلۂ عشق سیہ پوش ہوا میرے بعد

ہے رنگ لالہ و گل و نسریں جدا جدا — ہر رنگ میں بہار کا اثبات چاہیئے

اگر آپ اس التزام کے ساتھ تمام مشہور شعراء کے کلام کا انتخاب یکجا کر دیں تو بڑی خدمت ہو۔

استغفر اللہ، کیا بچوں کی سی باتیں کرتے ہو۔ جس چیز کو تم اتنا اہم سمجھتے ہو وہ اب کھیل سے زیادہ نہیں۔ بسم اللہ کے گنبد میں تم نے پرورش پائی ہے، تمھیں کیا خبر کہ "عقل و ہوش" کا معیار اب کیا ہے۔ سجدے کرتے کرتے، ناک رگڑتے رگڑتے ڈیڑھ ہزار برس کا طویل زمانہ گزر گیا لیکن ابتک تم نے خدا اور بُت کے فرق کو نہ سمجھا۔

برہمن گشتمے گر ایں قدر زنار می بستم

ایک طرف یہ بھی کہتے ہو کہ اسلام نے بُت پرستی کو مٹایا اور دوسری طرف اسی میں مبتلا بھی ہو، بُت، خواہ وہ خدا ہی کا کیوں نہ ہو، بُت ہے اور توڑنے جانے کے قابل اور خدا، خواہ وہ کوئی بُت ہی کیوں نہ ہو، قابلِ پرستش ہے۔ مگر تم اس نازک فرق کو نہیں سمجھ سکتے۔ جاؤ، اُٹھو وضو کر کے نماز پڑھو، تمھارا بُت تم سے خفا نہ ہو جائے۔ میں بھی جاتا ہوں، آئینہ سامنے رکھ کر اپنے خدا کو پوجوں گا۔

باب الاستفسار

درود شریف

(جناب نذیر احمد صاحب۔ سواسرا)

عرصہ سے سوچا تھا کہ درود شریف کے متعلق آپ کے خیالات معلوم کروں آج آخر لکھنے بیٹھ ہی گیا۔ اسلام نے اس کو اتنی اہمیت کیوں دی حتیٰ کہ پانچوں وقت کی نماز میں اس کا پڑھنا لازمی قرار دیا۔ اور قرآن شریف میں بھی اس کی تاکید ہے میں خود بھی اس کا ورد رکھتا ہوں اور یہ واقعہ ہے کہ اس کے کثرت سے پڑھنے سے ایک عجیب قسم کا اطمینان قلب محسوس کرتا ہوں آپ اس کی کیا تاویل کریں گے ہم میں پرانا نمازی ہوں (لیکن تنگ خیال نہیں) پچھلے دنوں نماز ترک کردی تھی آجکل پھر مذہبیت غالب ہے اور پانچوں وقت نماز پڑھتا ہوں۔ بہتر ہو اگر بذریعہ نگار مفصل جواب دیا جائے۔

(نگار) اس سے غالباً آپ کو انکار نہ ہوگا کہ درود شریف ہو یا اور کوئی دعا، ان سب کا تعلق عبادت سے ہے اسلئے سب سے پہلے مختصراً عبادت کی حقیقت کو سمجھ لیجئے۔

پرستش یا عبادت سے مراد ہی کسی ایسی ہستی کے سامنے اظہار عجز و طلب فلاح کرنا ہے جو انسانی ہستی سے بہت بلند واقع ہوئی ہے اور جس کا اصطلاحی نام خدا ہے۔ اس لئے عبادت کا تعلق محض جذبات انسانی سے ہے اور الفاظ و حرکات کو اس میں کوئی اہمیت حاصل نہ ہونا چاہئے۔ لیکن ایسا نہیں ہے۔

اس کا سبب یہ ہے کہ خدا کا جو تصور عام طور پر مذاہب کی طرف سے پیش کیا جاتا ہے وہ اتنا عجیب و غریب ہے کہ اسکے سامنے انسان اپنی انفرادیت و شخصیت، اپنی رائے و تمیز، اپنی آزادی و خودداری سب کچھ کھو بیٹھتا ہے اور اپنے تمام قوائے ذہنیہ معطل کرنے کے بعد ہی وہ محسوس کرسکتا ہے کہ اس نے "حق بندگی" ادا کیا، اس لئے ظاہر ہے کہ جب معاملہ خدا ایسی عجیب و غریب ہستی کو خوش کرنے اور خوش رکھنے کا ہو تو ایک "بندۂ خدا" کے جذبات نیایش و پرستش کی شدت کا کیا عالم ہوگا اور کس شدید تاثر کے ساتھ "حضوری" کا تصور اس پر مستولی ہونا چاہئے۔

پھر چونکہ ایک مذہبی انسان یہ بھی یقین رکھتا ہے کہ خدا اپنی تمام لازوال و غیر متناہی قوتوں کے ساتھ ساتھ ہر وقت "گوش برآواز" بھی رہتا ہے اور "بصارتِ مطلق" ہونے کی بھی صفت کا حامل ہے، اس لئے وہ اس کی تعریف میں کچھ الفاظ بھی اپنی زبان سے ادا کرتا ہے (جس کا نام حمد و ثنا ہے) اور اپنے حرکات سے اپنے عجز و تذلل کو بھی ظاہر کرنا چاہتا ہے (جس کا نام رکوع و سجود وغیرہ ہے)۔

مذہب نے خدا اور بندہ کے درمیان اس تعلق کا تصور چونکہ اسی دنیا کے شاہ و گدا کو سامنے رکھ کر قایم کیا ہے اسلئے وہی تمام باتیں جو یہاں کی ایک خود مختار فرمانروا ہستی کو خوش کرنے کے لئے ضروری سمجھی جاتی ہیں خدا سے بھی متعلق کر دی گئیں اور عبادت یا حمد و ثنا کی صورت بھی تقریباً وہی قرار دی گئی جو کسی دربارِ شاہی میں رعایا و خدام کی طرف سے زمین بوسی وغیرہ کی صورت میں نظر آتی ہے۔ اور ان میں سوائے اس کے کوئی فرق نہ رکھا گیا کہ خدا کی تعریف کا نام "حمد" رکھدیا اور بادشاہ کی تعریف کا (بہ تبدیلی حروف) مدح اُس کو "خدا" کے لفظ سے یاد کرتے تھے تو اس کو اور چند حروف کے اضافہ کے ساتھ "خداوند" کہنے لگے۔ انھوں نے سوچا کہ اگر بادشاہ تعریف سے خوش ہو کر انعام و اکرام کرتا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ خدا بھی خوش ہو کر بخشش و عطا سے کام نہ لے اور اگر بادشاہ بغاوت اور عدولِ حکم سے برہم ہوتا ہے تو یقیناً خدا کو بھی سرکشی و نافرمانی سے غضبناک ہونا چاہئے

میں یہاں اس امر سے بحث نہ کروں گا کہ خدا کا یہ تصور اور عبادت کا یہ فلسفہ بجائے خود کسقدر لغو و مہمل ہے، کیونکہ موضوعِ زیرِ بحث سے اس کو کوئی تعلق نہیں۔ میں تو صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ درود شریف یا کسی اور طریقِ عبادت سے انسان کو تسکین ہونا چاہئے یا نہیں۔

جب خدا اور بندہ کا تعلق وہی قرار پایا جو آقا و خادم یا مولیٰ و غلام کا ہے تو یہ بات بالکل صاف ہو جاتی ہے کہ حصولِ مقصود کے لئے جو ذرایع یہاں موثر ہو سکتے ہیں وہی وہاں بھی کارگر سمجھے جائیں گے اور جس طرح یہاں انسان کو اپنی امیدوں کی تکمیل کے خیال سے تسکین پہونچتی ہے اسی طرح وہاں کی آرزوؤں کی تکمیل کے خیال سے بھی پہونچنا چاہئے۔ میں یہ ماننے کے لئے تیار نہیں کہ خدا کی عبادت کسی غرض پر مبنی نہیں ہے، دنیاوی ثروت و دولت نہ سہی، اخروی آسایش و راحت تو ہے۔ "زہرۂ صبح و جامِ بلور" نہ سہی، جنت کا "موتی محل" اور وہاں کی "اچھوتی حور" تو ہے؟ اور زیادہ بلند جایئے، قربِ خداوندی کی تمنا تو ہے؟ اس سے زیادہ اور عمیق فلسفہ تراشی کیجئے۔ حیزِ اصلی میں گم ہونا تو ہے، حدودِ تعینات سے گزر کر لامتناہی میں جذب ہو جانا تو ہے؟ بہرحال عبادت کا خیال خواہ وہ کسی نہج و صورت سے ہو، غرض سے خالی نہیں ہے اور اگر ہمیں یہ یقین ہو جائے کہ ہماری کوئی غرض ہمارے کسی قول و فعل سے پوری ہو سکتی ہے تو اس قول یا فعل سے تسکین ہونا ضروری ہے۔

بنا بریں اگر درود شریف کے وِرد سے آپ کو تسکین ہوتی ہے تو اس کا کھلا ہوا نفسیاتی سبب موجود ہے اور اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں۔ لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ نفسِ درود شریف کے الفاظ میں کوئی خاص اثر پوشیدہ ہے

اور ہر شخص اس سے وہی تسکین حاصل کر سکتا ہے جو آپ کو حاصل ہوتی ہے۔

درود شریف کے ورد سے جو سکون قلب آپ کو میسر آتا ہے، بالکل وہی ایک ہندو کو گائتری کے پڑھنے سے ایک عیسائی کو دعائے لیسوع کے ورد سے حاصل ہوتا ہے اور اس سے بہ آسانی یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ حقیقتاً نہ درود کے الفاظ میں کوئی طلسمی اثر موجود ہے نہ گائتری اور دعائے لیسوع میں بلکہ اس کا تعلق خود اپنے اعتقاد و یقین سے ہے۔ آپ ایک ہندو سے کہئے کہ وہ درود پڑھا کرے اور آپ گائتری کا جاپ کیجئے نہ آپ کو تسکین حاصل ہوگی نہ ہندو کو۔

اگر آپ کو درود شریف اور نماز سے کوئی ذہنی فایدہ پہونچتا ہے تو یقیناً آپ کو اسکی پابندی کرنا چاہئے اور تمام ایسے نفوس کے لئے جو بغیر اس قسم کی تدابیر کے اپنی وحشت نہیں کھو سکتے، علاج کی یہی صورت مناسب ہے۔ آپ نے وہ قصہ پڑھا ہوگا کہ لومڑی ایک شیر کو ہلاک کرنے کے لئے کس طرح اس کو ایک کنویں پر لے گئی اور وہاں پہونچکر جب شیر نے پانی میں اپنا عکس دیکھا تو یہ سمجھ کر کہ کوئی دوسرا شیر جنگل میں آگیا ہے اس پر حملہ کرنے کے لئے کنویں کے اندر پھاند پڑا ——— یہ اوراد و وظایف بھی بالکل اسی قسم کی ترکیبیں ہیں اور انھیں لوگوں کے لئے جسکی زندگی بغیر اس شکنجہ کے دور نہیں ہو سکتی۔

اب رہا نفس "درود شریف" کے دعا ہونے کا مسئلہ، سو "درود شریف" ایک دعا و التجا تو ضرور ہے لیکن اپنے لئے نہیں دوسروں کے لئے ——— عام طور پر درود شریف میں جو الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں وہ یہ ہیں:-

"اللھم صل علے محمد وعلی آل محمد واصحابہ"۔ حضرات شیعہ "آلِ محمد" سے آگے نہیں بڑھتے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ "اے خدا محمد، و آل محمد و اصحاب رسول پر برکت نازل کر"۔ کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ پر نزولِ برکات کی دعا سے خدا خوش ہوتا ہے اور دعا مانگنے والے کو بھی اس کا ثواب ملتا ہے۔ ثواب سے مراد وہی خوشنودی خدا، وہی اعمال سیئہ کی معافی اور آخر کار وہی بہشت و کوثر یا قرب خداوندی ہے جس کا ذکر ابھی کیا گیا ہے۔

درود میں کوئی لفظ ایسا نہیں ہے جس سے یہ ظاہر ہو کہ درود پڑھنے والا خود کوئی خواہش اپنی پیش کرتا ہے بلکہ وہ رسول و آلِ رسول کے لئے دعا کرتا ہے۔ درانحالیکہ ایسی برگزیدہ ہستیوں کے لئے نزول برکات کی دعا کرنا بالکل ایسا ہی ہے جیسے یہ کہنا کہ

دعا قبول ہو یارب کہ عمر خضر دراز

میں نہیں سمجھتا کہ "تحصیلِ حاصل" کی اس سے زیادہ بہتر مثال کوئی اور پیش کی جا سکتی ہے۔

مجھے نہیں معلوم کہ آپ درود کا ورد اس کو سمجھ کر کرتے ہیں یا بغیر سمجھے لیکن گمان غالب یہی ہے کہ اس کے مفہوم پر غور کئے بغیر یہ مشغلہ جاری رکھتے ہیں ورنہ یہ تسکین و سکین سب ختم ہو جاتی اور میری ہی طرح آپ بھی گمراہ ہو جاتے۔

دو حقیقتیں

یہ نظم میرے عزیز دوست پنڈت انند نرائن مُلا کی ہے جو لکھنؤ کے دورِ حاضر کے شعراء میں خاص امتیاز رکھتے ہیں آپ غزل بھی کہتے ہیں اور نظمیں بھی، لیکن اگر آپ مجھ سے یہ پوچھیں کہ ان کی غزلیں زیادہ کامیاب ہوتی ہیں یا نظمیں تو میں اس کا کوئی جواب نہیں دے سکتا، کیونکہ جس وقت ان کی غزل میری نگاہ سے گزرتی ہے تو میں ان کی نظموں کو بھول جاتا ہوں اور جب نظمیں پڑھتا ہوں تو غزلیں محو ہو جاتی ہیں۔

ذیل کی نظم میں شاعر نے جس نزاکت خیال اور فلسفیانہ انداز سے اپنے مقصد کو پیش کیا ہے وہ داد سے مستغنی ہے۔

(اڈیٹر)

مرے ترقی پسند اک دوست، کل یہ تقریر کر رہے تھے
ہر اک خرابیِ دورِ حاضر، مجھی سے تعبیر کر رہے تھے،

یہ کہہ رہے تھے "بنا ہے تو ہی، تمام باطل پرستیوں کی
ترے ہی دل میں ہیں خوابگاہیں، مذاقِ انسانی پستیوں کی

ترے ہی خوابوں کی چادروں سے، نقوشِ مستی چھپے ہوئے ہیں
ترے ہی جامے ہر ایک ایوانِ زندگی میں لگے ہوئے ہیں

وہی فسانے خلافِ فطرت، ابھی ترے لب سنا رہے ہیں
وہی قدامت کے مقبروں میں ترے دیئے ٹمٹما رہے ہیں

جہاں میں دو ہی حقیقتیں ہیں، "ہے جنسیہ دار و مدارِ ہستی
ہے جن سے قائم نظامِ عالم، ہے جنکے دم سے بہارِ ہستی"

ہو ایک اُنمیں سے جسمِ عورت کا، دوسری جیب مرد کی ہے
جہاں کی ہر شاہراہِ اخلاق، انھیں کے قدموں نے گرد کی ہے

ہر ایک تمدن کا خول کیا ہے، ہر ایک تہذیب خاک کی ہے
ہمیشہ دستِ ہوس سے اپنے، نقابِ فطرت کی چاک کی ہے

ہر ایک گنبد میں زندگانی کے گونجتی ہیں صدائیں اِنکی
گڑی ہیں ہر انقلابِ دنیا کے زلزلوں میں بنائیں اِنکی

جہاں میں تیرے سے چند ناداں، جو نامِ اُلفت کا لے رہے ہیں
وہ یا تو خود کھا رہے ہیں دھوکا، نہیں تو دھوکا سا دے رہے ہیں

کہاں گزران لطافتوں کا حیات کی سخت منزلوں میں
انھیں تو بھول آئی کب کی دنیا، ترے تصور کی منزلوں میں
مثال حرفِ غلط اسے لوحِ زندگی سے مٹائیں گی یہ
ہوائے دنیا کے رخ پہ بھڑکر، چراغ تیرا بجھائیں گی یہ

حیات کو اک نہ ایک دن یہ برہنگی کا پیام دیں گی،
ترے جنازے کو دوش پر لیکے، دعوتِ رقصِ عام دیں گی

اگر یہی دو حقیقتیں ہیں، تو میں یقیناً ہوں نقشِ باطل
اگر محبت ہے زہر ہستی، تو شعر میرے ہیں سمِ قاتل
مگر یہ کیا بات ہے؟ کہ جب ایک دوسرے سے یہ چار ہونگی
ہنسی اُڑاتی ہیں جیسے میری، اُسی طرح بیقرار ہوں گی
بڑھیں گی اِک دوسرے کی جانب، مرا پیام نگاہ لیکر
مرے ہی سینہ سے آگ لیکر، مرے ہی ہونٹوں سے آہ لیکر
سنائیں گی یہ بصد ترنم، کبھی نظر سے، کبھی زباں سے
وہی ترانے، اُڑا لئے ہیں جو میرے لبہائے خونچکاں سے
مرے تصور سے رنگ لیں گی، مرے ہی خوابوں سے نور لیں گی
مری تمناؤں کے خزانوں سے، اپنے موتی ضرور لیں گی،
الٰہی کس ارتقا کے مرکز کے سمت تہذیب جا رہی ہے
کہ جیسے انسانیت سے اپنی، بشر کو خود شرم آ رہی ہے
یہ عقل کی مادہ پرستی، مزاجِ دنیا بدل رہی ہے
یہ روحِ انساں کو رکھ کے اپنے قدم کے نیچے کچل رہی ہے
مجھے یہ تسلیم میں بشر ہوں، جگر میں پانی نہیں، لہو ہے
ہزار ہیں دل میں آرزوئیں، مگر یہی جانِ آرزو ہے
مری امیدیں، مری امنگوں کے چاہے کام آئیں یا نہ آئیں
مرے ستارے نہ جگمگائیں، چاہے سینے میں ڈوب جائیں
مگر میں اس بدمذاق دنیا سے ایک دن انتقام لے لوں
میں اپنے خونِ جگر کے قطروں سے، کاش اتنا ہی کام لے لوں
بڑے جو بنتے ہیں عقل والے، انھیں بھی دل کا پیام دیدوں
سحر کے بے روح پیکروں کو، حرارتِ خونِ شام دیدوں

جلے ہوئے ہیں جو برف میں دل، انھیں بھی اک شعلہ زار کر دوں
جہاں کی سیلی ہوئی فضاؤں کو، برق سے ہمکنار کر دوں

اپنی خوابگاہ کے دریچے سے

یہ نظم میرے مخلص دوست جناب اثر اکبرآبادی کی ہے اور پنڈت انند نرائن ملا کی نظم کے ساتھ میں اسکو اسلئے درج کرتا ہوں تاکہ لوگ سمجھیں کہ حقیقت دنیا میں ہمیشہ ایک ہی رہی ہے اور جب دل کی گرہ اس سے کھلنے لگتی ہے تو ہر زبان سے ایک ہی قسم کی آواز پیدا ہوتی ہے۔ (اڈیٹر)

میں دور دنیا کی شورشوں سے، یہاں کھڑا مسکرا رہا ہوں
یہ رات، یہ خامشی فضا کی، یہ چاند کی پرسکوت لہریں
بلندیوں پر نظر کشِ موجِ ذوق خاموش ایریل[1] ہیں
حجاب سے بادلوں کے مجھ کو بلا رہا ہے کوئی فرشتہ
وہ اک دریچہ کھلا فلک کا وہ ایک معصوم حور جھانکی،
پری اک اتری زمیں کی جانب فلک سے اوڑھے سفید چادر
وہ مشتری کی جبیں سے ٹپکے حیا کے کچھ گرم گرم قطرے
وہ سن سے گزرا فضائے بالا میں ڈر کے سایوں سے ایک طائر
فلک پہ ہے زندگی درخشاں، فلک پہ خوشیاں برس رہی ہیں
یہاں کی خاموشیوں میں افسردہ موت انگڑائی لے رہی ہے
وہ ایک ڈاکو نے بیگناہوں کے سر کو آخر کچل کے چھوڑا
وہ نامرادِ وفا کا اٹھا زمانے سے انتقام لینے
وہ ایک معصوم کے گلے پر ابھی ستم کی چھری چلی ہے
وہ گود میں لیکے آئی دنیا فریبِ عشرت کا نقشِ تازہ
امیر "حوروں" کے ساتھ اسوقت گا رہے ہیں سکوں کے نغمے
وہ اک مہوس کے گندے ہاتھوں نے بڑھکے عصمت کے پھول نوچے
وہ ایک پردے سے ہو رہے ہیں گناہ کے بے شمار شانے
وہ اک سپاہی نے ایک قیدی کے سرد سینے پہ آگ رکھدی
وہ اک برہمن نظر بچا کر چرا رہا ہے بتوں کے گہنے
اثر یہ دنیا ہے اک جہنم، اثر یہ انسان جہنمی ہے

جھلک رہی ہیں فلک پہ تارے، میں چشمِ حیرت بنا ہوا ہوں
فضا کی خنکی میں مشتہر ہیں شباب کی بادہ بار موجیں
جبینِ کبر و غنا پہ گویا یہ کہکشاں عشرت کے تازہ بل ہیں،
تجلیوں کا یہ ہی تصرف کہ اب نظر بھی ہے عین جلوہ
وہ کہکشاں کے قریب سے آئی مجھ کو آواز کارواں کی
کنار میں ہے رہِ پہلی مینا، تو ہاتھ میں ہے سنہری ساغر
وہ چننے آئی فلک سے زہرائے خودی کے شکستہ شیشے،
کہ جیسے اپنی ہی سرد تخئیل سے کوئی چونک جائے شاعر
زمیں کی تاریکیاں ابھی تک تجلیوں کو ترس رہی ہیں!
جفا کے تیور چڑھے ہوئے ہیں، وفا کی جنت اجڑ چلی ہے
وہ ایک مفلس نے زندگی کی رگوں کا سارا لہو نچوڑا،
وہ ایک "بیکار" جا رہا ہے شکست قسمت سے کام لینے
وہ سامنے اک مکاں سے اب تک صدائے فریاد آ رہی ہے
وہ جا رہا ہے کوئی خموشی سے لیکے ہاتھوں پہ اک جنازہ
غریب کی نیند اڑ چکی ہے گلی کے کتوں کے شور و غل سے
وہ ایک یاہو[2] نژاد انساں نے غم کے تازہ طریق سوچے
وہ اک شرابی کی شعلہ کاری اگل رہی ہے نئے شرارے
وہ چھپ کے شیطان نے جیل خانے کی اک پرانی سلاخ توڑی،
وہ ایک مسجد میں شیخ اپنے خدا کو دینے چلا ہے دھوکے
یہاں ہیں شیطان کو ہزاروں خدا کی لیکن ابھی کمی ہے

---

[1] Yahoo کہ Aerial کہ

آرام شاہ

(سنہ ۶۰۷ھ / ۱۲۱۰ء)

قطب الدین ایبک کے بعد اس کا بیٹا آرام شاہ تخت نشین ہوا، لیکن اُس نے صرف ایک سال حکومت کی ہوگی، کہ کئی صوبے ہاتھ سے نکل گئے اور آخر کار التمش جو اُسوقت بدایوں کا گورنر تھا تخت نشین کیا گیا۔ منہاج سراج کا بیان ہے کہ آرام کے انتقال کے وقت حکومتِ ہندوستان چار حصوں میں منقسم تھی۔ سندھ میں ناصرالدین قباچہ حکمران تھا۔ دہلی اور اُسکے ماتحت صوبے شمس الدین التمش کے پاس تھے۔ لکھنوتی پر خلجی خاندان متصرف تھا (کیونکہ قطب الدین کی وفات پر علی مردان نے خود مختاری کا اعلان کر دیا تھا) اور لاہور، فرمانروایانِ دہلی، سندھ اور لاہور کے درمیان استخوانِ جنگ بنا ہوا تھا۔

شمس الدین التمش

(سنہ ۶۰۷ - ۶۳۳ھ / ۱۲۱۰ - ۱۲۳۵ء)

جو نسبت ایبک کو محمد غوری کے ساتھ حاصل تھی وہی التمش کو ایبک کے ساتھ تھی صاحب طبقات ناصری نے بیان کیا ہے کہ التمش ترکی نژاد تھا اور "قبائل البری" سے تعلق رکھتا تھا۔ اس کے باپ کا نام ایلمخان تھا اور نہایت کم سنی سے یہ بے انتہا ذہین تھا۔ اس کے بھائیوں نے ازراہ حسد اُسے ایک سوداگر کے ہاتھ فروخت کر دیا اور یہ سوداگر دوسرے غلاموں کے ساتھ اسے غزنی لے آیا، جہاں قطب الدین ایبک نے اُسے اور غلاموں کے ساتھ ایک لاکھ جیتل میں خریدا اور اپنے ساتھ دہلی لے آیا۔ ایبک اسے اپنے بیٹوں کی طرح رکھتا تھا اور یہ بھی اپنے حُسن خدمات سے ایبک کی نگاہوں میں خاص وقعت و عزت حاصل کرتا جاتا تھا حتی کہ رفتہ رفتہ ایبک نے اُسے امیر شکار بنا دیا اور پھر یکے بعد دیگرے گوالیار، برن اور بدایوں کی گورنری اُسے دی گئی۔ چنانچہ جب آرام شاہ تخت نشین ہوا تو یہ برن یا بدایوں ہی میں تھا اور امرائے دہلی نے یہیں سے اُسے طلب کر کے بجائے آرام شاہ کے تخت نشین کیا۔

لفظ التمش کے رسم خط اور معنی کے متعلق مورخین کا اختلاف ہے۔ وصاف نے اس کو اِلتمش قرار دیا ہے۔ اور بعض التوتمش اور ایلتمش کہتے ہیں۔ برگز نے تاریخ فرشتہ کے ترجمہ میں ظاہر کیا ہے کہ التمش موجودہ ترکی زبان میں

شمس الدین التمش کا نسب

لفظ التمش کی تحقیق

"ساٹھ" کو کہتے ہیں اور چونکہ اول مرتبہ بازار میں اس کی قیمت ساٹھ تومان قرار پائی تھی اس لئے اُسے التمش کہنے لگے۔ ملا بدایونی نے لکھا ہے کہ

"وجہ تسمیہ بہ التمش آنست کہ تولد وے در شب گرفت ماہ[1] واقع شد و ترکان ایں چنیں مولود را التمش می گویند"

مسٹر ڈاؤس نے جو ترکی زبان کا بہت بڑا محقق ہے بدایونی کے اس بیان کو صحیح مان کر ظاہر کیا ہے کہ ترکی میں "اے" چاند کو کہتے ہیں اور "تومش" صیغہ معروف ہے جس کے معنی ہیں "اسے گھٹا دیا" اس کا مجہول تو تلمش ہے جسکے معنی ہیں "گھٹایا ہوا" اس لئے اگر بدایونی کا بیان صحیح ہو تو بھی اصل نام حسب قاعدہ ترکی زبان اسے تو تلمش ہونا چاہئے، لیکن اسکے سکوں سے معلوم ہوتا ہے کہ صحیح لفظ التمش ہے۔

جسوقت التمش تخت نشین ہوا تو تاج الدین یلدوز نے، جو غزنی میں شہاب الدین غوری کے بعد حکمراں تھا، مصلحت اسی میں دیکھی کہ اُس سے مصالحت کرلے، چنانچہ اُس نے "چتر و دور باش" (جو علامت تھی خود مختار حکومت و سلطنت کی) اس کے پاس بھیج دیا۔ قباچہ نے البتہ اطاعت کرنے سے انکار کیا، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۶۱۳-۱۴ھ / ۱۲۱۶-۱۷ء میں اس نے قباچہ کو شکست دیکر پنجاب کے سارے شمالی حصہ کو فتح کرلیا اور اپنے بیٹے ناصر الدین محمود کو وہاں کا حاکم مقرر کیا۔

قباچہ کی شکست

ہر چند ہندوستان کے اندر بھی التمش کے لئے کچھ نہ کچھ وجہ خلش پائی جاتی تھی لیکن سب سے بڑا خطرہ جس نے سارے ایشیا کو سہما دیا تھا مغلوں کا تھا۔

چنگیز خاں کا خروج ہو چکا تھا اور وہ سیل فتنہ جو وسط ایشیا سے اُٹھا تھا اُس کی لہریں چاروں طرف ٹکرا رہی تھیں چنانچہ اُس کی سب سے پہلی علامت جس کا اثر ہندوستان پر پڑ سکتا تھا یلدوز کی فراری تھی جو خوارزم شاہ کی شکست خوردہ فوج کے آگے آگے اُس سے مغلوب ہو کر ہندوستان میں بھاگ آیا اور حدود نراین میں التمش کی فوج سے اُس کا مقابلہ ہوا[2]۔

چنگیز خاں کا خروج

حالانکہ یہ تھی کہ ایک بعد دیگرے شکست خوردہ اور پسپا کرنے والی جماعتیں ہندوستان میں آرہی تھیں، پہلے ترکی گورنروں نے ہند کا رخ کیا، اس کے بعد جلال الدین جو خوارزم کا آخری بادشاہ اور سمرقند و بخارا سے ہرات اصفہان تک وسیع سلطنت کا حقدار تھا، دریائے سندھ تک پہونچا اور پھر اُس کے تعاقب میں چنگیز خاں آیا جس نے ۶۱۸ھ / ۱۲۲۱ء میں جلال الدین کو یہاں سے بھی بھگا کر اندرون سندھ تک پہونچا دیا۔

اس میں شک نہیں کہ یہ طوفان نہایت ہولناک تھا لیکن جس زور شور سے اُس نے ہندوستان کا رخ کیا تھا

---

[1] "گرفت ماہ" چاند گہن کو کہتے ہیں۔ [2] یہ اس جنگ میں گرفتار ہوا اور بدایوں مقید کرکے بھیجدیا گیا بعد کو یہیں مرگیا یا قتل ہوا اس کی قبر بدایوں میں موجود ہے (طبقات ناصری صفحہ ۱۳۵)

اُسی سرعت کے ساتھ یہ کم بھی ہوگیا کیونکہ مغلوں کی جماعت زیادہ تر مغرب کی طرف مائل تھی اور ہندوستان کو انھوں نے خوش قسمتی سے زیادہ قابل وقعت نہیں سمجھا۔

التمش کی فتوحات

جب التمش اس عہد فتنہ سے گزر گیا تو اُس کی قوت اور زیادہ ہوگئی کیونکہ ایلدوز و قباچہ دونوں صفحۂ تاریخ سے غائب ہو چکے تھے۔ ایک مقید ہوکر اپنی زندگی ختم کر چکا تھا اور دوسرا مغلوں اور خوارزم شاہیوں سے مغلوب ہونے کے بعد فرار ہوکر اور دریائے سندھ میں ڈوب کر اپنی جان دے چکا تھا (۶۲۷ھ/۱۲۳۰ء)

اس سے قبل ۶۲۲ھ/۱۲۲۵ء میں التمش نے خود بنگال جاکر اپنا اقتدار وہاں قائم کر لیا تھا اور وہاں کے گورنر غیاث الدین نے جو اس وقت تک وہاں بالکل خود مختار تھا، اطاعت اختیار کر لی تھی۔ علاوہ اس کے رنتھنبور (۶۲۳ھ/۱۲۲۶ء) مندور (۶۲۴ھ/۱۲۲۷ء) اوجھ (۶۲۵ھ/۱۲۲۸ء) اور گوالیار (۶۳۰ھ/۱۲۳۲ء) پر بھی قبضہ حاصل ہوگیا اور مالوہ، بھیلسہ، اوجین (۶۳۲ھ/۱۲۳۵ء) اور ملتان (۶۳۳ھ/۱۲۳۶ء) کی کامیاب مہموں نے بھی التمش کی سلطنت کو بہت زیادہ مستحکم بنا دیا۔

التمش کے عہد میں علم و فضل کا مرکز

ہر چند التمش کی زندگی زیادہ تر سیاسی مشاغل اور افکار جنگ و حرب میں بسر ہوئی لیکن پھر بھی اُسکی فیاضیوں نے دہلی کو علما و فضلا کا مرکز بنا رکھا تھا۔ قاضی حمید الدین ناگوری، مُلّا عماد الدین، ملا جمال الدین اسی عہد کے درخشندہ جوہر تھے۔ فخر الملک عطائی جو تیس سال تک وزیر بغداد رہ چکا تھا اور کمالات ظاہر و باطن میں شہرت تامہ رکھتا تھا سلطان التمش کے دربار میں آیا اور اُسی کی قدر شناسی نے اُسے منصب وزارت پر متمکن کیا۔ نور الدین محمد عوفی، (جامع الحکایات کا مصنف) اسی کے زمانہ میں تھا۔ جب چنگیز خانی فتنہ سے وسط ایشیا درہم برہم ہو رہا تھا تو بہت سے علما و فضلا ہندوستان کی طرف بھاگ آئے اور انھیں میں امیر روحانی بھی تھا جو بخارا سے دہلی آیا اور التمش نے اُس کی بہت قدر کی یہ شخص اپنے عہد کا بہت بڑا شاعر تھا۔ فتوحات التمش میں اس کے یہ اشعار تہنیت خاص شہرت رکھتے ہیں:۔

خبر بہ اہلِ سما بُرد جبرئیل امین — ز فتحنامۂ سلطان عہد شمس الدین
کہ اے ملائکہ قدس آسمانہا را — بدیں بشارتے بندید کلبہ و آئین
کہ از بلادِ سوالک شہنشہِ اسلام — کشاد بار دگر قلعہ سپھر... آئین
شہِ مجاہد و غازی کہ دست و تیغش را — روانِ حیدرِ کرار می کند تحسین[1]

التمش کی درسگاہ

اُس نے ایک بہت بڑی درسگاہ تعمیر کرائی تھی جہاں دور دور سے طلبہ آتے تھے اور وظائف حاصل کر کے تحصیل علوم میں مشغول رہتے تھے، فیروز شاہ تغلق ایک صدی سے زیادہ زمانہ گزرنے کے بعد اپنی فتوحات فیروز شاہی میں اس مدرسہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ:۔

"مدرسہ سلطان شمس الدین التمش مسمار ہو چکا تھا میں نے دوبارہ اُس کی تعمیر کرائی اور صندل کے دروازے لگوائے

---

[1] فرشتہ جلد ۱۔ صفحہ ۶۷۔

علاوہ اس کے ستون صحن، گنبد وغیرہ کو بھی از سر نو تعمیر کرایا"

اسی سلسلہ میں فیروز شاہ تغلق نے اُس تالاب کا بھی ذکر کیا ہے جو حوض شمسی کے نام سے مشہور ہے۔ فیروز شاہ تغلق نے اس کی مرمت کرائی اور پانی آنے کے جو راستے مسدود کر دئے گئے تھے اُن کو صاف کرایا۔[1]

ابن بطوطہ نے لکھا ہے کہ:-

"شمس الدین التمش بڑا صالح اور عادل بادشاہ تھا، دادرسی کی طرف اُسے خاص توجہ تھی چنانچہ اُس نے حکم دیدیا تھا کہ سوائے فریادی اور مظلوم کے اور کوئی شخص رنگین کپڑے نہ پہنے۔ چنانچہ جب وہ کسی کو رنگین ملبوس میں دیکھتا تو سمجھ جاتا کہ اس پر ظلم ہوا ہے اور فوراً بلا کر اُس سے حالات دریافت کرتا۔ انصاف کرنے کے لئے وہ شب و روز ہر وقت مستعد رہتا تھا۔ اس نے محل کے دروازہ پر دو شیر سنگ مرمر کے رکھے اور اُن کے گلے میں دو آہنی زنجیریں ڈالکر اُن میں گھنٹیاں لٹکا دیں۔ جب کوئی مظلوم رات کو آتا تو زنجیر کو جنبش دیتا اور سلطان فوراً قصر سے باہر آکر اُس کی فریاد سنتا"

دادرسی

۶۲۶ھ میں خلافت عباسیہ نے ہندوستان کو ایک مستقل اور جداگانہ سلطنت تسلیم کرکے جامۂ خلافت سلطان التمش کے لئے روانہ کیا اور اُس نے حد درجہ فخر و مباہات کا اظہار کرکے جامۂ عباسی کو قبول کیا اور تمام امرائے دربار کو خلعت و انعامات سے سرفراز کیا۔[2]

التمش کی توجہ سکوں کی طرف

عہد التمش سے پہلے سکوں پر کہیں عربی اور کہیں ناگری رسم خط میں حکمران کا نام لکھا جاتا تھا اور دیگر علامات بھی وہی ہوتی تھیں جو ہندوستان کے لئے موزوں تھیں یا قبل سے رائج تھیں مثلاً شیو کا بیل وغیرہ، لیکن التمش نے سب سے پہلے خالص چاندی کا تنکہ (جس کا وزن ۱۷۵ گرین کا تھا) رائج کیا اور اس پر عربی خطمیں اپنا نام وغیرہ منقوش کر دیا۔ طلائی تنکہ اُس نے نہیں بنایا بلکہ نصف صدی بعد عہد بلبن میں رائج ہوا۔

التمش کی وفات

التمش نے ۲۶ سال تک حکومت کی اور شعبان ۶۳۳ھ (اپریل ۱۲۳۶ء) میں بنیان کی مہم سے واپس آکر دہلی میں انتقال کیا۔


منہاج سراج (صاحب طبقات ناصری) کا بیان ہے کہ جرأت و سیاست، شرافت نفس، ذہانت طبع، علم دوستی و ہنر پروری، عالی حوصلگی و دریا دلی، کریم الاخلاقی و فیاضی میں اس کا نظیر مشکل سے ملسکتا ہے اور عدل و انصاف کی طرف اُسے وہی توجہ تھی جو ایک فرمانروا کو ہونی چاہئے۔

---

[1] فتوحات فیروز شاہی۔ جلد ۳۔ صفحہ ۳۸۲۔

[2] فرشتہ جلد ۱ صفحہ ۶۶۔

ہندوستان سنہ ۶۳۳ھ (سنہ ۱۲۳۶ء) میں



۲۰۰ میل انگریزی

عہدِ شمس الدین التمش (خاندانِ غلام کا نہایت مشہور بادشاہ)

رُکن الدین فیروز شاہ

(سنہ ۶۳۳-۶۳۴ھ / ۱۲۳۵-۱۲۳۶ء)

التمش کے بعد اُس کا بیٹا رُکن الدین فیروز شاہ تخت نشین ہوا۔ لیکن یہ اپنے باپ کے اُصولِ جہانبانی پر کاربند نہیں رہا اور اس نے شاہی خزانہ کو نہایت بیدردی سے اُڑانا شروع کیا۔ اس کے عیش و عشرت کی زندگی اور انتظام سلطنت کی طرف سے بے پروائی نے بہت جلد امراءِ سلطنت کو اس کی طرف سے منحرف کر دیا، اُسکی ماں شاہ ترکان نے اپنے بیٹے کی غفلت سے ناجائز فایدہ اُٹھاکر قصر کے اندر سخت مظالم شروع کر دئے اور التمش کی بہت سی حرموں کو تہ تیغ کرا دیا۔ آخر کار جب اُس نے التمش کے سب سے چھوٹے بیٹے شاہزادہ قطب الدین کو جو دوسری بیوی کے بطن سے تھا قتل کر دیا، تو التمش کی بیٹی رضیۃ الدین نے صدائے احتجاج بلند کی اور امراء نے شاہ ترکان کو مقید کرکے رضیہ کو تخت نشین کر دیا۔ سلطان رکن الدین اس وقت دہلی سے باہر بغاوتوں[1] کے فرو کرنے میں مصروف تھا۔ جب دہلی واپس آیا تو یہاں کا رنگ ہی دوسرا تھا۔ آخر کار یہ بھی قید ہوا اور صرف ۶ ماہ ۲۸ روز سلطنت کر سکا۔[2]

انتزاعِ حکومت اور اسیری

رضیہ سلطان

(سنہ ۶۳۴-۶۳۷ھ / ۱۲۳۶-۱۲۳۹ء)

غلام خاندان میں رضیہ سلطان کا عہد خاص طور سے نمایاں نظر آتا ہے اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ وہ عورت تھی اور دوسرا سبب یہ ہے کہ وہ حقیقتہً اپنے اندر ایسے صفاتِ جہانبانی رکھتی تھی جو مردوں میں بھی مشکل سے پائے جاتے ہیں۔ شمس الدین التمش خود اس بات کو اچھی طرح محسوس کرتا تھا کہ اُس کی تمام اولاد میں صرف رضیہ اس قابل ہے کہ

---

[1] اودھ میں محمد شاہ (رکن الدین کے چھوٹے بھائی) نے بغاوت شروع کی۔ بدایوں میں عزالدین سالاری نے۔ ملتان میں عزالدین کبیر خاں ایاز نے۔ ہانسی میں ملک سیف الدین نے اور لاہور میں ملک علاءالدین جانی نے۔

[2] فرشتہ جلد ۱ صفحہ ۶۸۔ طبقات ناصری جلد ۲۔ صفحہ ۳۳۰ و ۳۳۱

عنانِ سلطنت اُس کے ہاتھ میں دی جائے، چنانچہ جب وہ فتح گوالیار سے واپس آیا تو حکم دیا کہ رضیہ اُس کی ولی عہد تسلیم کی جائے۔ اس سے بعض لوگوں نے دریافت بھی کیا کہ متعدد اولاد نرینہ ہونے کی حالت میں لڑکی کو ولی عہد بنانا کس حکمت پر مبنی ہے؟ اُس نے جواب دیا کہ "میرے بیٹے ہوا و ہوس میں مبتلا ہیں اور اُن میں ایک بھی اس قابل نہیں کہ انتظام سلطنت کر سکے۔ رضیہ ہر چند صورتاً عورت ہے لیکن بہ لحاظ اپنی صفات کے ایک مرد ہے اور اپنے تمام بھائیوں سے افضل ہے"[1]

یہ بھی عجیب اتفاق ہے کہ ساتویں صدی ہجری میں تین مسلمان عورتیں فرمانروا ہوئیں اور اُنھوں نے نہایت شہرت حاصل کی۔ ایک شجرۃ الدُّر، مصر میں مملوک خاندان کی ملکہ تھی، جس نے حروبِ صلیبیہ میں فرانس کے بادشاہ لوئی نہم کو شکست دی۔ دوسری ابش جس نے مغلوں کی نشو و ترقی کے زمانہ میں تقریباً ایک ربع صدی تک فارس میں حکومت کی، اور تیسری رضیہ جو ہر چند صرف ساڑھے تین سال ہندوستان پر حکمران رہی لیکن اس مختصر زمانہ میں حُسن انتظام سے اپنے تئیں غیر فانی بنا گئی اور تاریخ میں وہ واقعات چھوڑ گئی جن پر اُس کی جنس کو ہمیشہ فخر و ناز رہے گا۔

ساتویں صدی ہجری کی تین فرمانروا عورتیں

افسوس ہے کہ کتبِ تاریخ سے رضیہ کی تعلیم و تربیت کا مفصل حال معلوم نہیں ہوتا لیکن یہ یقینی ہے کہ اس کی تعلیم و تربیت کی طرف سلطان التمش نے پوری توجہ سے کام لیا ہوگا کیونکہ طبقات ناصری کے بیان سے معلوم ہوتا ہے[2] کہ اس کی ماں سلطان کی نہایت محبوب بیوی تھی اور کوشک فیروزی میں خاص قصرِ شاہی اس کا قیام گاہ تھا۔

رضیہ کی تعلیم و تربیت

فرشتہ نے اُس کے اکتسابات علمیہ کے متعلق صرف اس قدر لکھا ہے کہ "قرآن مجید را بہ آداب می خواند از بعضے علوم فی الجملہ نصیبے داشت"۔ اس سے ظاہر ہے کہ اُس زمانہ میں جس قدر تعلیم لڑکیوں کے لئے ضروری تھی وہ سب اس نے حاصل کی تھی۔ رہی تربیت سو اس کے متعلق بھی مورخ مذکور کی یہ رائے ہے کہ "جو صفات شاہان ذی عقل و صاحب لرائے کے لئے ضروری ہیں وہ سب کے سب رضیہ میں موجود تھے۔ اور اُس عہد کے تمام صاحبان نظر نے اسکو تسلیم کر لیا تھا کہ رضیہ اگر مرد ہوتی تو پھر چون و چرا کی کوئی گنجایش ہی نہ تھی"۔

رضیہ نے تخت نشین ہوتے ہی تمام اُن قواعد و ضوابط کو جو اس کے باپ کے عہد میں رائج تھے اور رکن الدین کے زمانہ میں باطل ہو چکے تھے از سرِ نو قایم کیا اور کمال احتیاط کے ساتھ اپنی عادلانہ حکومت شروع کی۔

نظام الملک محمد جنیدی وزیر اور بعض دیگر امرا نے مخالفت کی اور آمادۂ جنگ ہوئے، لیکن رضیہ نے اپنے حُسن تدبیر اور فطری شجاعت سے کام لے کر ان سب کو درہم و برہم کر دیا اور اپنی مخالف قوتوں کا استیصال تمام کر دیا۔

مردم شناسی

جو عزل و نصب اُس نے اپنی حکومت میں کئے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بڑی مردم شناس تھی چنانچہ خواجہ

---

[1] طبقات اکبری صفحہ ۳۱۔ [2] طبقات ناصری صفحہ ۳۳۳۔ جلد دوم

مہدی غزنوی کا تقرر (بجائے نظام الملک جنیدی کے) عہدۂ وزارت پر اور ملک سیف الدین ایبک کا نیابت لشکر پر اور سلطنت کے تمام دیگر حکام و امراء کا ایک مقام پر تبادلہ اس کی کافی شہادت ہے۔

جب تمام حکام اور صوبہ داروں کو رضیہ کی قوت اور اہلیت کا علم ہو گیا تو ساری مملکت میں لکھنوتی سے لیکر دیبل تک تمام سرداروں اور امیروں نے سر اطاعت اس کے سامنے خم کر دیا۔[1]

منہاج السراج مصنف طبقات ناصری اسی کے عہد میں ناصریہ کالج سے متعلق ہوا اور گوالیار کا قاضی مقرر کیا گیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ رضیہ کیسی علم دوست اور ہنر شناس تھی۔

طبقات ناصری کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ دہلی میں اسوقت معزی کالج موجود تھا جسکے دروازہ کو جامع مسجد کا دروازہ سمجھکر ملاحدہ کا گروہ اندر گھس آیا تھا۔[2]

رضیہ مردانہ لباس پہنتی تھی اور قبا و کلاہ کے ساتھ دربار کیا کرتی تھی۔ ہاتھی پر بھی سوار ہوتی تھی، لیکن گھوڑے کی سواری اُسے بہت پسند تھی۔ جنگ کے وقت فوج کی ترتیب خود کرتی تھی اور سب کے دوش بدوش میدانِ کارزار میں داد مردانگی دیتی تھی۔

رضیہ کے زوال کا سبب امیر جمال الدین یاقوت (حبشی) کو بتایا جاتا ہے جو میر آخور کے عہدہ پر ممتاز تھا اور رضیہ اُس کا ہاتھ پکڑ کر گھوڑے پر سوار ہوا کرتی تھی۔ لوگ رضیہ کے اس انتخاب کو شبہ نگاہوں سے دیکھتے تھے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایسا خیال کرنا لوگوں کی زیادتی تھی جس کا کوئی ثبوت نہیں ہے[3]۔ حقیقت یہ ہے کہ قطب الدین ایبک اور شمس الدین کے عہد میں غلاموں کی اہمیت بہت بڑھ گئی تھی۔ التمش نے تو ترکی مملوکوں کا ایک دستہ ہی "چہل خانی" یا چہل گانی کے نام سے الگ کر لیا تھا جو التمش کے بعد بہت خود سر ہو گیا اور تمام امراء کو سخت تکلیف پہونچانے لگا۔ جب رضیہ کے عہد میں یاقوت، امیر الامراء کے درجہ تک پہونچ گیا تو ترکی امراء کو ایک حبشی غلام کی ترقی ناگوار ہوئی اور اُس کی سیادت میں رہنا اُنھوں نے اپنے لئے باعث ذلت خیال کیا اس لئے اُن لوگوں نے بغاوتیں شروع کیں۔ انھیں باغیوں میں ملک التونیہ حاکم بھٹنڈا بھی تھا چنانچہ رضیہ خود اس کے مقابلہ کے لئے ۶۳۴ھ/۱۲۳۶ء میں روانہ ہوئی۔ اس جنگ میں یاقوت حبشی مارا گیا اور رضیہ مقید ہو گئی لیکن رضیہ اس شکست کے بعد بھی کامیاب ہوئی اور ملک التونیہ نے اُس سے شادی کر لی۔

---

[1] طبقات ناصری جلد دوم صفحہ ۳۳۴۔ [2] طبقات ناصری نے اس واقعہ کو رضیہ کے ابتدائی عہد میں درج کیا ہے لیکن طبقات اکبری اور دیگر کتب تاریخ شمس الدین التمش کے آخری عہد میں اس کا وقوع ظاہر کرتے ہیں جن مورخین نے اس واقعہ کا ذکر کیا ہے اُن سب کا ماخذ زبدۃ التواریخ مصنفہ نور الحق ہے۔ [3] Medieval India by Lane poole P. 73

اس کے بعد یہ دونوں دہلی کی طرف آئے کہ سلطنت پر دوبارہ قبضہ کر سکیں لیکن سلطان معزالدین (رضیہ کا بھائی) جو دہلی کا بادشاہ تسلیم ہو چکا تھا مقابلہ کے لئے بڑھا اور ان دونوں کو شکست دی۔ جب یہ بھاگ کر کیتھل پہونچے تو ان کا لشکر بھی منحرف ہو گیا اور آخرکار دونوں ہندوؤں کے ہاتھ گرفتار ہو کر قتل کر دئے گئے۔

۲۴ ربیع الاول ۶۳۸ھ کو شکست ہوئی اور ۲۵ ربیع الآخر کو رضیہ قتل ہوئی، اس نے تین سال ۶ دن حکومت کی[1]

رضیہ کا قتل

معزالدین بہرام شاہ

(۶۳۷-۶۳۹ھ / ۱۲۳۹-۱۲۴۱ع)

ہر چند رضیہ ۶۳۸ھ میں قتل ہوئی لیکن معزالدین بہرام شاہ تخت دہلی پر ۶۳۷ھ / ۱۲۳۹ع ہی سے متمکن تھا، جب رضیہ کو سرہند میں شکست حاصل ہوئی۔

منہاج سراج نے اس کے صفات میں لکھا ہے کہ "وہ بیباک و خونخوار تھا لیکن اسی کے ساتھ حد درجہ بے تکلف اور با حیا طبیعت پائی تھی۔ وہ ظاہری شان و شوکت، آرائش و زینت سے گریز کرتا تھا اور وہ تمام مراسم تکلفات جو بادشاہوں کے دربار میں نظر آتے ہیں اُس نے ترک کر دئے تھے"

جب یہ تخت نشین ہوا تو اختیارالدین اسی کے ساتھ نائب السلطنت بنایا گیا اور مہذب الدین کو وزارت کا عہدہ سپرد ہوا لیکن چند دن بعد بہرام شاہ اختیارالدین سے ناخوش ہو گیا[2] اور آخرکار اس کو قتل کر کے ملک بدرالدین سنقر کو ابن حاجب مقرر کیا (۶۳۸ھ / ۱۲۴۰ع) اسی سلسلہ میں وزیر مہذب الدین پر بھی حملہ کیا گیا لیکن وہ صرف زخمی ہو سکا۔

اختیارالدین کا قتل اور وزارت

اس کے بعد بدرالدین سنقر نے خود بہرام شاہ کے خلاف ایک سازش[3] شروع کی اور ارادہ کیا کہ اُسے معزول کر دے لیکن وزیر مہذب الدین نے (جسے اس سازش میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی لیکن اُس نے بہ لطائف الحیل شرکت سے احتراز کیا) بادشاہ کو برمحل اطلاع دیدی، اور اس نے وہاں پہونچکر مجمع کو منتشر کر دیا۔ اس کے بعد سنقر، بدایوں

---

[1] فرشتہ ۱- ۶۹ ۲- بریگی کی یہ وجہ بیان کیجاتی ہے کہ اُسنے معزالدین کی بہن سے شادی کر لی تھی اور علاوہ اس کے اپنے دروازہ پر دن میں تین بار نوبت بجواتا تھا اور وہاں ہر وقت ہاتھی جھوما کرتے تھے۔ اس شان و شوکت کو بہرام شاہ اچھی نگاہوں سے نہ دیکھتا تھا اسی لئے اُس کے درپے آزار ہو گیا۔ ۳- اس سازش کی وجہ یہ تھی کہ وہ وزیر مہذب الدین سے زیادہ اپنا اقتدار پیدا کرنا چاہتا تھا لیکن بہرام شاہ نے اس کا موقع نہیں دیا اور اس سے کچھ برہم ہو گیا۔ چنانچہ سنقر نے خود بادشاہ کے دفع کرنے کی تدبیر شروع کی۔

بھیجدیا گیا۔ اور بہرام شاہ کا اعتماد کسی پر نہ رہا۔ (۶۳۹ھ / ۱۲۴۱ء)

اسی اثناء میں مغلوں نے لاہور پر حملہ کر کے قبضہ کر لیا اور وہاں کا گورنر اختیار الدین قراقش بھاگ کر دہلی چلا آیا[1] بادشاہ نے نظام الملک مہذب الدین وزیر اور قطب الدین حسن وکیل سلطنت اور دیگر امراء کو اُن کے مقابلہ کے لئے روانہ کیا لیکن یہ لوگ دریائے بیاس تک پہونچے تھے کہ مہذب الدین نے ایک خفیہ تحریر بادشاہ کے پاس روانہ کی کہ "جن امراء کو آپ نے میرے ساتھ روانہ کیا ہے وہ ناقابل اعتماد ہیں آپ خود تکلیف فرمائیں تو مناسب ہے" بادشاہ نے جواب میں لکھا کہ "واقعی یہ لوگ گردن مارنے کے قابل ہیں چند دن تم ان کے ساتھ مُدارا رکھو پھر میں آکر ان سب کو سزا دوں گا" مہذب الدین نے یہ فرمان شاہی ان کو دکھا کر آمادۂ فساد کر دیا اور سب کے سب بجائے مغلوں کی طرف بڑھنے کے دہلی لوٹ آئے اور محاصرہ کر کے بتاریخ ۸ ذیقعدہ ۶۳۹ھ / ۱۲۴۲ء بہرام شاہ کو قتل کر دیا۔ اس نے صرف دو سال اور ڈیڑھ ماہ حکومت کی۔

علاء الدین مسعود شاہ

(۶۳۹-۶۴۴ھ / ۱۲۴۱-۱۲۴۶ء)

بہرام شاہ کے قتل کے بعد ہی ایک جماعت نے عز الدین بلبن کو جو التمش کا داماد تھا بادشاہ منتخب کیا لیکن دن ختم ہونے سے پہلے دوسری جماعت نے جس پر بعد کو اکثر کا اتفاق ہو گیا علاء الدین مسعود (رکن الدین فیروز کے بیٹے) کو تخت نشین کر دیا۔ اس کے عہد کے خاص خاص واقعات یہ ہیں :-

خاص خاص واقعات کی تفصیل

۸ ذیقعدہ ۶۳۹ھ / ۱۲۴۲ء	مسعود شاہ تخت نشین ہوا۔
۲ جمادی الاول ۶۴۰ھ / ۱۲۴۲ء	وزیر مہذب الدین نے امراء ترک کے ہاتھوں سے تمام کام نکال لئے تھے اس لئے اُنھوں نے اسے قتل کر دیا۔
۶۴۱ھ / ۱۲۴۳ء	منہاج سراج طبقات ناصری نے عہدۂ قضا سے استعفا دیا اور ۹ رجب کو طوغان خاں والیِ بنگال کے دربار میں حاضر ہونے کے لئے روانہ ہوا۔ لکھنوتی میں یہ دو سال تک رہا۔ انھیں دو سال کے عرصہ میں مسعود شاہ نے توسیع سلطنت کی طرف توجہ کی[2] اور اپنے

[1] منہاج سراج نے قبضہ لاہور کی تاریخ ۶ جمادی الثانی ۶۳۹ھ کی تحریر ہے اور تاریخ الفی میں ۶۳۸ھ تحریر ہے۔ [2] منہاج سراج کے الفاظ یہ ہیں :- "درین دو سال سلطان علاء الدین را در اطراف ممالک فتوح را بسیار بود"

دونوں چچا جلال الدین اور ناصر الدین کو قید سے آزاد کر کے قنوج و بہرائچ اُن کی جاگیر مقرر کی گئی۔

شوال ۶۴۲ھ / ۱۲۴۵ء — راجہ جاج نگر نے لکھنوتی پر حملہ کیا اور غرۂ ذیقعدہ میں شمر خان قیران سلطان علاء الدین کے حکم سے فوج لیکر لکھنوتی پہونچا اور بعد کو یہی لکھنوتی کا فرمانروا تسلیم کیا گیا۔ اسی سال غیاث الدین بلبن امیر حاجب مقرر کیا گیا۔ (اس وقت یہ الغ خاں کے نام سے مشہور تھا)

۱۴ صفر ۶۴۲ھ / ۱۲۴۵ء — منہاج سراج، دہلی واپس آیا اور اپنے سابقہ عہدہ پر بحال ہوا۔

رجب ۶۴۲ھ / ۱۲۴۶ء — مغلوں نے منگو خاں کی سرکردگی میں اوچھ پر حملہ کیا مسعود شاہ خود مقابلہ کے لئے روانہ ہوا لیکن مغل اُسکے پہونچنے سے قبل واپس چلے گئے۔

۶۴۴ھ / ۱۲۴۶ء — مسعود شاہ کی صحبت میں چند نااہل لوگوں کو دخل حاصل ہوگیا اور اُس نے جبر و ظلم، عیش و عشرت لہو و لعب میں اپنے اوقات صرف کرنے شروع کئے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ملک میں بدامنی کے آثار نظر آنے لگے اور امراء نے مجبور ہوکر اس کے چچا ناصر الدین کو بلایا اور بتاریخ ۲۳ محرم اُسے قید کر کے ناصر الدین کو تخت نشین کر دیا۔

ناصر الدین محمود شاہ

(۶۴۴ھ - ۶۶۴ھ / ۱۲۴۶ء - ۱۲۶۵ء)

مسعود شاہ کے بعد ناصر الدین محمود بن شمس الدین تخت نشین ہوا جو غلام خاندان میں خاص امتیاز رکھتا ہے۔ یہ التمش کا سب سے چھوٹا لڑکا تھا اور اس کی تعلیم و تربیت میں حد درجہ کوشش کی گئی تھی۔ سلطان مسعود شاہ کے

لہ اس واقعہ کے متعلق مورخین نے سخت غلطی کی ہے۔ فرشتہ، نظام الدین احمد، ملا عبد القادر اور دیگر مورخین نے بیان کیا ہے کہ ۶۴۲ھ میں مغلوں نے لکھنوتی پر حملہ کیا اور طبقات اکبری میں تو اُن کا راستہ بھی متعین کر دیا ہے کہ وہ تبت کی راہ سے بنگالہ پہونچے بعض مغربی مورخین (مثلاً الفنسٹن وغیرہ) نے بھی یہی غلطی کی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس غلطی کا اصل ماخذ طبقات ناصری ہے جس میں لکھا ہے کہ "درشوال سنہ اثنا واربعین وست مأۃ کدار جنگیز خاں بد لکھنوتی آمد" لیکن حقیقت یہ ہے کہ بجائے جاج نگر کے جنگیز خاں غلطی سے تحریر ہوگیا ہے۔ طبقات کا جو نسخہ کلکتہ میں باہتمام کپتان ناسولیس صاحب ۱۸۶۴ء میں شایع ہوا ہے اس میں بھی متن کے اندر جنگیز خاں لکھا ہے لیکن حاشیہ پر جاجنگر بطور نسخہ کے تحریر ہے۔ مسٹر اڈورڈ طامس نے البتہ اس غلطی کو محسوس کر کے اپنی تاریخ کو اس سے محفوظ رکھا ہے۔

عہد میں ولایت بہرائچ اس کے سپرد تھی اور اُسی وقت سے اس کے افسانہ ہائے عدل و رعیت پروری تمام ملک میں مشہور تھے، چنانچہ مسعود شاہ کے انتقال پر تمام امراء و اعیان نے قصرِ سفید میں تخت شاہی پر اس کو متمکن کیا اور شعراء نے قصائدِ تہنیت پیش کر کے بیش بہا انعامات حاصل کئے۔ منہاج سراج نے اپنی مشہور تاریخ کو اس بادشاہ کے نام سے منسوب کر کے اُس کا نام طبقات ناصری رکھا[1] اور اس کے حالاتِ حکومت پندرہ سال یعنی ۶۵۸ھ تک نہایت تفصیل کے ساتھ لکھے۔

ناصر الدین علاوہ عادل و شجاع ہونے کے حد درجہ عابد و مرتاض تھا۔ خزانہ شاہی سے ایک پیسہ بھی اپنے اوپر صرف نہ کرتا تھا اور صرف کلام مجید لکھ کر اپنا نفقہ حاصل کرتا تھا[2]۔

ابن بطوطہ مشہور سیاح نے ناصر الدین کے ہاتھ کا لکھا ہوا قرآن خود دیکھا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ:۔

"قاضی کمال الدین نے مجھے ایک نسخہ بادشاہ کے ہاتھ کا لکھا ہوا دیا جو نہایت خوشخط تھا"[3]

نظام الدین احمد کے حوالہ سے فرشتہ نے لکھا ہے کہ:۔

"وہ ہر سال دو مصحف کی کتابت کرتا۔ ایک بار اُس کا قلمی مصحف کسی امیر نے زیادہ قیمت دیکر خرید لیا سلطان کو جب یہ خبر معلوم ہوئی تو اُسے ناگوار ہوا اور آیندہ کے لئے حکم دیا کہ میرے ہاتھ کا لکھا ہوا کلام مجید خفیہ طور سے بازار کی معمولی قیمت پر فروخت کیا جائے"

سلطان ناصر الدین صرف ایک منکوحہ بی بی رکھتا تھا اور کوئی خادمہ وغیرہ نہ تھی۔ ایک دن بی بی نے شکایت کی کہ میرے ہاتھ روٹی پکاتے پکاتے جلے جاتے ہیں اگر کوئی کنیز لے لی جائے تو کیا حرج ہے" سلطان نے جواب دیا کہ:۔

"بیت المال بندگان خدا کا حق ہے میں اس میں سے کچھ صرف نہیں کر سکتا ورنہ کوئی کنیز مہیا کر دیتا"[4]

ناصر الدین دوسرے کے جذبات کا بہت لحاظ کرتا تھا اور کبھی کسی کو تکلیف پہونچانا یا مایوس کرنا پسند نہ کرتا تھا۔ ایک بار وہ کلام مجید کی تلاوت کر رہا تھا کہ ایک شخص اجنبی آگیا اور بولا کہ "لفظ فیہ مکرر لکھا ہوا ہے"، سلطان نے فوراً اُس لفظ کے گرد قلم سے حلقہ کھینچ دیا اور اُس شخص کا حال پوچھ کر رفع حاجت کر دی۔ جب وہ چلا گیا تو پھر قلم تراش سے اُس حلقہ کو مٹا دیا۔ ایک غلام نے دریافت کیا کہ حلقہ کھینچنے اور پھر اُس کے محو کر دینے کا کیا سبب تھا؟ بادشاہ نے جواب دیا کہ "یہ شخص اپنی حاجت لیکر آیا تھا اگر میں اُس سے کہدیتا کہ لفظ فیہ غلط تحریر نہیں ہوا تو وہ نادم ہو جاتا اسلئے میں نے حلقہ کھینچ دیا کہ اس کا محو کر دینا بہ نسبت غبار ملال رفع کرنے کے زیادہ آسان ہے"

مذہب کا وہ حد درجہ احترام کرتا تھا اور عظمت نبوی کے خیال سے ہر وقت کانپتا رہتا تھا۔ اس کا ایک ندیم تھا جس کا نام محمد تھا۔ سلطان ناصر الدین جب اس کو بلاتا تو ہمیشہ نام لیکر پکارتا اور جو کام ہوتا کہدیتا۔ ایک دن تاج الدین کہکر آواز دی

---

[1] فرشتہ صفحہ ۱۷۰ و ۱۷۱ — [2] فرشتہ صفحہ ۱۷۱ — [3] الیٹ جلد سوم صفحہ ۵۹۲ — [4] طبقات اکبری صفحہ ۲۷۔

معلم اکبر نے اس کو گلے سے لگالیا اور اس کے آنسو پونچھتے ہوئے کہا کہ "بیشک یہی ہونا چاہئے اور میں ضرور تیری خواہش پوری کروں گا۔" اس کے بعد وہ نسیم کی طرف مخاطب ہوا اور کوئی بات اس کے کان میں کہی۔ نسیم فوراً فضا میں بلند ہوگیا اور کچھ دیر ہمارے سروں پر منڈلا کر کرۂ مریخ کی طرف رُخ کرکے روانہ ہوگیا۔

معلم اکبر نے صرصر سے مخاطب ہوکر کہا کہ "عساکر نور کی تعداد یقیناً بڑھنا چاہئے اور اُسے منظم ہوکر جدید ترین آلات و اسباب سے آراستہ ہونا چاہئے ورنہ افواج تاریکی پر غالب آنا مشکل ہوگا۔"

صرصر نے عرض کیا کہ "کیا مجھے کرۂ مریخ جانے کی اجازت مل سکتی ہے تاکہ میں وہاں پہونچکر محبت و اخوت کا درس لوگوں کو دوں اور باطل کے خلاف جماعت حقہ کو منظم کرکے امن و سکون کی تبلیغ کروں۔"

معلم اکبر نے جواب دیا کہ "ابھی تیری روانگی کا وقت نہیں آیا کیونکہ بہت سے اُصول ہنوز سکھانے باقی ہیں، لیکن سچ بتا کیا تو واقعی اپنے ابناء جنس کے دلوں کو محبت و اخوتِ عامہ کی روشنی سے معمور کرنا چاہتا ہے۔"

صرصر نے کہا "اے میرے مرشد و ہادی، میری تو رات دن یہی التجا ہے اور سوتے جاگتے ایک لمحہ کے لئے بھی یہ خیال دل سے محو نہیں ہوتا۔"

جامِ زر بولا کہ "اے آقا، میں نے بھی اپنی زندگی صرف اس کوشش کے لئے وقف کردی ہے کہ کائنات کا انتظام امن و سکون کے سوا اور کسی چیز پر قایم نہ ہو اور عمومی رشتۂ اخوت استوار کرکے ایک ایسے نظم حکومت کی بنیاد ڈالی جائے جس کا نام "مملکتِ متحدۂ سیارگان" ہو۔"

یہ سنکر میں بے اختیارانہ "جامِ زر" سے ہم آغوش ہوگیا اور معلم اکبر بھی انتہائی تاثر کے ساتھ بولا کہ "اے جامِ زر، اس میں شک نہیں کہ جس مقصد کا اظہار تو نے کیا ہے، عین وہی میرا مدعا ہے اور قدرتِ عظمیٰ کا مقصود حقیقی"۔ اس کے بعد اس نے مجھ سے مخاطب ہوکر کہا ــــ "کیا تو سمجھتا ہے جو جامِ زر نے کہا اور کیا تو اپنے کرۂ ارض میں اس مقصد کی ترویج کے لئے آمادہ ہے۔"

میں نے کہا کہ "جامِ زر نے اسوقت وہ بات کہی ہے جو میری روح میں گونج رہی تھی لیکن الفاظ سے میں اسے ظاہر نہ کرسکتا تھا، میں تو ایسا محسوس کررہا ہوں کہ زندگی کا صحیح نصب العین میرے ہاتھ آگیا ہے اور میں بیتاب ہوں کہ کس طرح کرۂ ارض پر پہونچکر اس تحریک کی اشاعت کروں ــــ "ممالک متحدۂ سیارگان"! ــــ کتنا عجیب و غریب خیال ہے کتنی مقدس و پاکیزہ بات ہے۔ اگر اس کی تبلیغ میں میری جان بھی کام آجائے تو میں سمجھوں گا کہ زندگی ٹھکانے لگ گئی۔"

یہ سُنکر معلم اکبر کے چہرہ سے غیر معمولی مسرت کے آثار ظاہر ہونے لگے اور میں خود اپنے تاثرات میں گم ہوکر رہ گیا۔

باب (۶)

دلآرام

جامِ زر اور دلآرام کے ساتھ میرے تعلقات اتنے گہرے ہو گئے تھے کہ میری ہر سانس گویا انھیں کے جسم سے چھو چھو کر نکلتی تھی۔ میں جب دلآرام کو دیکھتا تو میرا قلب شدت جذبات سے اُچھلنے لگتا، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ معطر نسیم سحر کی طرح میری روح کے اندر نفوذ کر گئی ہے اور اگر کبھی اس کا یہ اثر زایل ہو گیا تو میں مر جاؤں گا۔

اس میں تین صفتیں نہایت عجیب و غریب پائی جاتی تھیں، آزادی، جرأت اور صداقت۔ اور ان تینوں کا امتزاج اسقدر توازن کے ساتھ پایا جاتا تھا کہ کرۂ ارض میں مجھے کہیں نظر نہ آیا تھا۔ اسکی ذہنی و اخلاقی جرأت کے سامنے میں کانپ کانپ اُٹھتا تھا اور اس کی صداقت کا یہ عالم تھا گویا ایک شفاف آئینہ ہے جس میں مجھے اپنا سراپا نظر آ رہا ہے۔

جامِ زر بڑا دانشمند تھا، غیر معمولی دانشمند! غالباً سیارۂ کوکب الدجاجہ کی آبادی جہاں سے وہ آیا تھا، ذہنی حیثیت سے بہت ترقی کر چکی تھی اور اس کی روحانی تہذیب درجۂ کمال کو پہونچ چکی تھی۔

جامِ زر کی معلومات اتنی وسیع و عمیق تھیں گویا وہ ایک روحانی "دائرۃ المعارف" تھا اسلئے میں نے اسے ہر مسئلہ میں اپنا مشیر و رہبر بنا لیا تھا۔ اپنی غیر معمولی فراست کے ساتھ وہ حد درجہ منکسر مزاج بھی تھا اور سادگی پسند بھی۔ جب تک وہ خاموش رہتا تو یہ معلوم ہوتا کہ اس کو عالم و کاروبار عالم کی خبر ہی نہیں لیکن جب گفتگو پر آمادہ ہو جاتا تو ایک "دنیائے آگاہی" نظر آنے لگتا۔ مجھکو اسی کی صحبت میں سب سے پہلی بار یہ معلوم ہوا کہ تکمیلِ حُسن کیا چیز ہے اور "حُسنِ تکمیل" کسے کہتے ہیں۔"

ایک دن ہم تینوں آبشار بہجت کے قریب ایک سایہ دار درخت کے نیچے بیٹھے ہوئے تھے کہ وہ میری طرف مخاطب ہوا "تمھیں معلوم ہے کہ معلم اکبر ایک مرکز روحانی کی حیثیت رکھتا ہے جس سے روحانی شعاعیں نکل نکل کر چاروں طرف پھیل رہی ہیں، جن کی ہم کو جستجو ہے۔ اس لئے ظاہر ہے کہ جب تک ہم مرکز سے وابستہ نہ رہیں گے کامیابی دشوار ہے"

میں نے کہا۔ "اس کی کیا صورت ہے"

اسنے جواب دیا۔ "صرف یہ کہ سوائے تکمیل کے اور کوئی مقصد اپنا قرار ہی نہ دو"

میں نے پوچھا "تکمیل سے کیا مراد ہے اور اس کے حاصل کرنے کا کیا طریقہ ہے"
اس نے کہا۔ "اس کی صورت صرف یہ ہے کہ اپنے ابناء جنس کے ہر ہر فرد اور دنیا کے ہر ذی حیات سے محبت رکھو اور تمھاری زبان سے وہی بات نکلے جو تمھارے دل میں ہے"
دلآرام بولی۔ "اور لوگ اسے نہ سمجھیں تو؟"
جام زر نے کہا۔ "نہ سمجھنے دو، کچھ پرواہ نہیں۔ تمھیں بہرحال ان سے محبت ہی کرنا ہے۔ دنیا میں محبت کرنا نفرت کرنے سے زیادہ آسان ہے۔ اگر تمھارے ساتھ کوئی برا سلوک کرتا ہے تو تم اس کا جواب برائی سے نہ دو اور اسے معاف کر دو"
میں نے کہا۔ "کرۂ زمین میں تو اس خیال کے لوگ شاذ و نادر ہی پیدا ہوتے ہیں"
وہ بولا۔ "ہاں، تمھارا کرۂ زمین ابھی تک مادرِ زمانہ کے رحم ہی کے اندر پرورش پا رہا ہے اور ابھی تک یہ جنین کے باہر نہیں آیا۔ میرے کرہ میں تو ہر شخص اسی اُصول پر کاربند ہے۔ یاد رکھو کہ ایک سچا ہادی کسی کو حکم نہیں دیتا ہے بلکہ رہنمائی کرتا ہے۔ وہ اپنے خیالات کی اشاعت جبر و سختی سے نہیں کرتا بلکہ صلح و آشتی سے، اُلفت و محبت سے۔ وہ خود کچھ نہیں کہتا لیکن اس کی روح کے اندر سے نکلنے والی روشنی خود شاہراہ حیات کو متعین کر دیتی ہے۔
یاد رکھو کہ تمھارا اصول کار بھی ہمیشہ محبت ہی ہونا چاہیئے، آسمانی سلطنت جسے تم دنیا میں قایم کرنا چاہتے ہو ایک فردوس حقیقت ہے، ایک بہشت صداقت ہے، ایک گلستانِ نشاط ہے۔ تم لوگوں کی ان کی ایک جھلک دکھاؤ اور وہ خود جوق در جوق اس کے اندر آجائیں گے"
میں نے کہا کہ "اکثر رہنماؤں میں یہ عادت پائی جاتی ہے کہ وہ قدیم دیرینہ روایات کے پابند ہوتے ہیں، وہ ماضی کی عزت ایک مقدس مذہب کی حیثیت سے کرتے ہیں اور قدیم مصلحین کے خیالات سے سرمو تجاوز کرنا پسند نہیں کرتے گویا اُنکے دل و دماغ بوسیدہ مزار ہیں جن میں قدماء کی ہڈیاں مدفون ہیں"۔
جام زر نے کہا۔ "یہ بالکل درست ہے، ہر شخص نے اپنا روحانی نقطۂ نظر علٰحدہ مقرر کر لیا ہے اور اسی کی پاسداری کرتا ہے، لیکن ہم کو "بہترین" کی تلاش "قدیم ترین" میں نہ کرنا چاہیئے، بلکہ نگاہ ہمیشہ آگے رکھنا چاہیئے تاکہ ہم میں مستقبل کے اندر نفوذ کر جانے کی صلاحیت پیدا ہو جائے۔ زمانۂ قدیم کی توہین کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے کیونکہ جو مصلح جس زمانہ میں ہوا وہ اپنے عہد کے لحاظ سے اتنا ہی کر سکتا تھا جتنا اس نے کیا۔ ہم کو چاہیئے کہ ماضی کی اُن تمام آرزوؤں کو جو پوری نہیں ہو سکی ہیں پورا کر کے دکھا دیں، مگر یہ اسی وقت ممکن ہے جب ہمارا نظریۂ عمل اور ہمارا رجز صرف یہ ہو کہ "آگے بڑھو۔ آگے بڑھو"

میں جام زر کی گفتگو سے اسقدر مسحور تھا کہ یہ بھی یاد نہ رہا تھا وہ یہاں ہے یا نہیں لیکن اس کے آخری فقرہ نے ہم دونوں کو چونکا دیا۔ اب ہمارے کانوں میں ہر چار طرف سے یہی آواز آرہی تھی کہ

"آگے بڑھو۔ آگے بڑھو"

میں نے اس سے سوال کیا کہ "اس آسمانی سرزمین میں یہ کہدینا آسان ہے، لیکن یہ بتاؤ کہ جس وقت ہم اپنے اپنے کروں میں پہونچیں گے اور یہ پیام سنائیں گے تو کیا یہ لوگوں کے دلوں پر تیر کا سا کام نہ دے گا اور قدامت کے دفتر پارینہ میں اس سے آگ نہ لگ جائے گی۔ پھر اسوقت ہمیں کون سنبھالے گا، کون ہمیں مشورہ دے گا؟"

یہ سنکر وہ بالکل خاموش رہا، اس کی آنکھیں بند تھیں اور چہرہ کا رنگ متغیر ہو رہا تھا۔ لیکن "آگے بڑھو۔ آگے بڑھو" کی آواز بدستور میرے کانوں میں آرہی تھی۔

دلآرام کی حالت عجیب تھی، کچھ دیر تو وہ بھی خاموش رہی لیکن پھر وہی نعرہ لگاتی ہوئی جھیل کے کنارے رقص کرنے لگی۔

جام زر نے مجھ سے کہا "تم نے دیکھا، ایک قاید و رہنما میں اُس جوش و ولولہ کی ضرورت ہے جو دلآرام میں پایا جاتا ہے، میں بہت ضعیف ہو گیا ہوں اس لئے یہ چیز مجھ سے مفقود ہو گئی ہے، تم ابھی نوجوان ہو اور یہ جوش عمل اپنے اندر پیدا کر سکتے ہو اگر واقعی یہ لگن دل میں لگ جائے"

اتنی دیر میں دلآرام رقص کناں پھر واپس آئی اور بولی کہ "آؤ میں تمھیں بتاؤں کہ ہم اپنا مقصد کیونکر حاصل کر سکتے ہیں"

دلآرام آگے آگے تھی اور ہم اس کے پیچھے۔ یہ ہمیں بالکل معلوم نہ تھا کہ آج ایک جلسہ منعقد ہونے والا ہے جس میں معلم اکبر کی طرف سے دلآرام کو تقریر کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔

جلسہ میں پہونچنے کے بعد مختصر الفاظ میں معلم اکبر نے دلآرام کا تعارف حاضرین سے کرایا اور اسکے بعد اس نے اپنی تقریر شروع کی:۔

"اے کائنات کی عورتو، میں تمھیں تمھاری اُن بہنوں کی طرف سے جو کرۂ زہرہ میں رہتی ہیں سلام پہونچاتی ہوں، کیونکہ ہم سب ایک ہی زنجیر کی کڑیاں ہیں اور ہمارے اغراض و مقاصد ایک ہیں۔

آپ کو معلوم نہیں کہ زہرہ کی عورتیں کتنے زمانہ سے آزادی کے لئے جنگ کر رہی ہیں۔ آزادی ہر انسان کا فطری حق ہے۔ ہمارا خدا مہربان آقا کی حیثیت رکھتا ہے نہ کہ ظالم بردہ فروش کی سی۔ آزادی کی حمایت خدا کی حمایت ہے اور زہرہ کی عورتوں کا مذہب آزادی اور صرف آزادی ہے۔ وہ سوائے آزادی کے کسی چیز کی طلبگار نہیں اور ان کی روحیں اسی گوہر گم گشتہ کے لئے بیتاب ہیں۔

نگار

اڈیٹر:- نیاز فتحپوری

معاون:- جلیل اعظمی

جلد ۳۳ | فہرست مضامین اپریل سنہ ۳۸ء | شمار ۴

پیام محبت (نظم) --- عالی جناب جنرل شاہزادۂ والاشان معظم جاہ بہادر ---- ۲
ملاحظات ---- ۴
فلسفہ کیا ہے؟ ---- محبوب علی ---- ۹
اُردو غزل میں سچائی ---- فراق گورکھپوری ---- ۱۸
سیاسیات یوروپ ---- ۲۶
ادب اور دنیا کا مستقبل ---- احتشام رضوی ماہلی ایم-اے ---- ۳۵
فن خطابت اور اہل عرب ---- جلیل الرحمٰن اعظمی ---- ۴۰
مکتوبات نیاز ---- ۵۴
باب الاستفسار ---- ۶۲
اسلامی ہند ---- ۱۵۱
نغمۂ کارواں ---- ۱۷

اصلی برقی قوام (تمباکوئے خوردنی قیمتی فی تولہ ۴ عہ) صرف شیخ خورشید علی پرفیومر نظیر آباد لکھنؤ کے پتہ سے مل سکتا ہے

پیامِ محبت

اثر:۔ عالی جناب شاہزادۂ والاشان معظم جاہ بہادر

یہ ترجیع بند شاہزادۂ والاشان معظم جاہ بہادر کا عطیہ ہے اور اس لحاظ سے کہ نظم مسلسل کی طرف شاہزادۂ محتشم الیہ کا یہ بالکل پہلا اقدام ہے، یقیناً "یادگار جمیل" کی حیثیت رکھتا ہے ۔ نظم کا میدان جتنا وسیع ہے اتنا ہی دشوار گزار بھی ہے۔ اس میں انسان کھو بھی جاتا ہے اور ٹھوکریں بھی کھاتا ہے، لیکن شاہزادۂ ممدوح کی اس فکر اولین میں جتنے امکانات ترقی پوشیدہ ہیں انھیں کوئی صاحب نظر نظر انداز نہیں کرسکتا ۔ اس پیام محبت میں جسے "پیام مجبوری" یا داسوخت کہنا زیادہ موزوں ہوگا، شاہزادۂ والاشان نے اپنی والہانہ شیفتگی کی تصویر جس تکمیل حسن کے ساتھ پیش کی ہے وہ یقیناً داد سے مستغنی ہے اور اگر مجھے یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ میں اپنی حد سے تجاوز کرنے والا قرار دیا جاؤں گا تو یہ ظاہر کرنے میں مجھے مطلق تامل نہ ہوتا کہ اس نظم سے جو بوئے برشگی آرہی ہے وہ یقیناً کسی داغ تازہ کا نتیجہ معلوم ہوتی ہے ۔ محبت کی تڑپ ہر جگہ ایک ہے جو سر پھوڑنے کے لئے سنگ مرمر اور سنگ خارا میں امتیاز کرنے کی فرصت نہیں رکھتی۔ سچ ہے

عشق ہر جا می رود ماوا بہ ساماں می برد

شاعری کا وہ عنصر جو اسے الہام و اعجاز کی حد تک پہونچا دیتا ہے صرف عنصر صداقت ہے وہ غزل ہو یا نظم، داستان حسن و عشق ہو یا بیان فلسفہ و حکمت ہر جگہ کامیابی کا راز خلوص جذبات میں پنہاں ہے۔ آنسو ہنسنے میں بھی نکل آتے ہیں اور رونے میں بھی، لیکن ایک جگہ وہ "سیل نشاط" ہیں اور دوسری جگہ "طوفان غم" ٹوٹے ہوئے دل کے جذبات پریشان اور دکھے ہوئے جی کی داستان سے لطف اٹھانے کے لئے فلسفہ و منطق نہیں بلکہ صرف دل دردمند درکار ہے اور اگر یہ جنس دنیا سے ناپید نہیں ہوگئی تو کوئی وجہ نہیں کہ شاہزادۂ ممدوح کے ان نشتروں سے جو خون ٹپک رہا ہے وہ کم از کم اس کے دامن کو رنگین نہ بنادے جو اس نظم کا مخاطب صحیح ہے۔ گو نہ ہمیں اس کے سمجھنے کا حق حاصل ہے نہ اس کی جستجو کا۔

نیاز

اے جذبۂ محبت ان سے یہ حال کہنا
ان کو اگر خوشی ہو میرا ملال کہنا
وہ دیں جواب اگر کچھ دل کا سوال کہنا
اُن کا بیان سُن کر اپنا خیال کہنا
پھر میرا نام لیکر میرا سلام کہنا
میرا سلام کہکر
میرا پیام کہنا

کہنا کہ میری دنیا برباد ہو رہی ہے
نغمیں خموشیوں میں فریاد ہو رہی ہے
اک تازہ رسم اُلفت ایجاد ہو رہی ہے
بیداد کر رہے ہو بیداد ہو رہی ہے
پھر میرا نام لیکر میرا سلام کہنا
میرا سلام کہکر
میرا پیام کہنا

کہنا کہ زندگی میں کوئی مزا نہیں ہے،
یعنی نظر تمھاری درد آشنا نہیں ہے
جب سے بچھڑ گئے ہو وہ دل رہا نہیں ہے
میری مصیبتوں کی کچھ انتہا نہیں ہے
پھر میرا نام لیکر میرا سلام کہنا
میرا سلام کہکر
میرا پیام کہنا

کہنا کہ اب کہاں ہے وہ آپ کی عنایت
یا آپ وہ نہیں ہیں یا آگئی قیامت
لب تک نہ آسکے گی دل میں جو ہے شکایت
اک حرفِ آرزو ہے یا درد کی حکایت
پھر میرا نام لیکر میرا سلام کہنا
میرا سلام کہکر
میرا پیام کہنا

کہنا کہ یاد کرلو بھولی ہوئی کہانی
گزری تمہاری خاطر کس طرح زندگانی
دل نقشِ آرزو ہے یا درد کی نشانی
قسمت نے تم کو پایا اور کھو گئی جوانی
پھر میرا نام لیکر میرا سلام کہنا،
میرا سلام کہکر
میرا پیام کہنا

کہنا کہ تم نہیں ہو پر یاد آرہے ہو
یہ بھی ہے اک عنایت یوں ظلم ڈھا رہے ہو
میری نظر سے چھپ کر دل میں سما رہے ہو
جس کو بنا چکے تھے اُس کو مٹا رہے ہو
پھر میرا نام لے کر میرا سلام کہنا
میرا سلام کہکر
میرا پیام کہنا

کہنا کہ پھیر لی ہے جب سے نگاہ تم نے
دل لے کے کر دیا ہے دل کو تباہ تم نے
کیوں مجھ سے ترک کردی وہ رسم و راہ تم نے
مجھ کو نہیں بتایا میرا گناہ تم نے
پھر میرا نام لیکر میرا سلام کہنا
میرا سلام کہکر
میرا پیام کہنا

کہنا کہ اک بلا ہے اب زندگی کسی کی
قایم رہے گی غم سے کب تک خوشی کسی کی
تم بھی سمجھ رہے ہو بے چارگی کسی کی
محسوس کر رہے ہو شاید کمی کسی کی
پھر میرا نام لیکر، میرا سلام کہنا
میرا سلام کہکر
میرا پیام کہنا

کہنا کہ ایک بے کس فریاد کر رہا تھا
ناشادیوں سے خوش تھا دل شاد کر رہا تھا
خود اپنی زندگی پر بیداد کر رہا تھا
کچھ بھولنے کی دھن تھی کچھ یاد کر رہا تھا
پھر میرا نام لیکر میرا سلام کہنا
میرا سلام کہکر
میرا پیام کہنا

کہنا کہ جب مقدر سویا ہوا نہیں تھا
میری نظر حسیں تھی سارا جہاں حسیں تھا
انصاف سے بتاؤ یہ رنگ بھی کہیں تھا
غم آج دل شکن ہے کل تک تو دل نشیں تھا
پھر میرا نام لیکر میرا سلام کہنا
میرا سلام کہکر
میرا پیام کہکر

کہنا کہ ہیں نظر میں گزرے ہوئے زمانے
وہ شوق کی کہانی وہ درد کے فسانے
میری شکایتوں پر وہ عذر وہ بہانے
میں نے کہا بہت کچھ افسوس تم نہ مانے
پھر میرا نام لیکر میرا سلام کہنا
میرا سلام کہکر
میرا پیام کہنا

ملاحظات

وفاق اور ریاستیں

ہندوستان کا دستورِ جدید جو اہلِ ہند کی گزشتہ پنجاہ سالہ کاوشوں کا نتیجہ ہے، نظریہ اور نیت کے لحاظ سے خواہ کتنا ہی آسان، قابلِ قبول اور امید افزا کیوں نہ ہو، لیکن جس وقت عملی نقطۂ نظر سے اس پر غور کیا جاتا ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ نہایت زبردست خارزار ہے جہاں قدم قدم پر دامن اُلجھنے کا اندیشہ ہے۔ یہاں تک کہ وفاق کے تمام عناصر اپنی اپنی جگہ نہایت غیر متیقن اور مشتبہ نگاہوں سے اسے دیکھ رہے ہیں اور ابتک ان کی سمجھ میں نہیں آیا کہ اس عطیہ کو "کالائے بد" سمجھ کر رد کردیں یا ایک شدنی "سانحہ" قرار دیکر کسی نہ کسی طرح اس کو اپنے لئے "گوارا" بنانے کی کوشش کریں۔ اس تذبذب کا سب سے بڑا شکار "ریاستوں" کا عنصر ہے درانحالیکہ اُصولاً ان کے لئے دستورِ جدید میں وہ سب کچھ موجود ہے جس سے زیادہ کی توقع دنیا کے اس دورِ اشتراکیت میں ان کو کبھی نہ کرنا چاہئے۔

وفاق حقیقتاً ایک پنچایتی قسم کا نظامِ حکومت ہے جس میں شریک ہونے والے فریق کسی ایک دستور یا قانون پر اتفاق کرکے اجتماعی حیثیت سے اپنے آپ کو چند مقررہ اُصول کا پابند بنا لیتے ہیں، اس میں شک نہیں کہ ایسے نظامِ حکومت کی ان ملکوں میں بہت زیادہ ضرورت ہوتی ہے جہاں آبادی کی کثرت تمام افراد کو بمشکل کسی ایک مرکز پر مجتمع کرسکتی ہے اور جہاں مختلف زبان و تہذیب اور مختلف مذاہب و روایات رکھنے والی قومیں پائی جاتی ہوں، چونکہ آبادی کے لحاظ سے ہندوستان یک مختصر براعظم کی حیثیت رکھتا ہے اور اس کے طول و عرض میں مختلف الخیال قومیں بہ کثرت موجود ہیں اس لئے یہاں کے لئے وفاقی حکومت زیادہ مناسب سمجھی گئی جس کا کامیاب تجربہ اس سے قبل امریکہ، کناڈا اور آسٹریلیا وغیرہ میں ہوچکا ہے[1]

ہندوستان کی مجوزہ وفاقی حکومت دو اہم عناصر پر مشتمل ہے ایک صوبوں کی خود مختار حکومتیں اور دوسرے وہ ریاستیں جہاں کوئی قدیم فرمانروا خاندان عرصہ سے حکمراں چلا آرہا ہے[2] ان دونوں میں رابطۂ اتحاد قایم رکھنے کا فرض حکومت برطانیہ نے اپنے سر لیا ہے اور مرکزی حکومت کو ایک سرپنچ کی حیثیت دیکر ان دو مختلف و متضاد عناصر کو شیر و شکر بنانے کا مشکل فرض

---

[1] اشاعت آیندہ میں ہم تفصیل کے ساتھ بتائیں گے کہ وفاق کی سیاسی و تاریخی حقیقت کیا ہے اور ہندوستان میں اس کا نفاذ کیا معنی رکھتا ہے۔

[2] ہندوستانی ریاستوں کی آزادی اور برطانیہ کی بالادستی کی مفصل داستان کسی آیندہ اشاعت میں سنئے گا

اس کے سپرد کر دیا ہے۔

اب آپ ان عناصر سہ گانہ پر غور کیجئے تو معلوم ہوگا کہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کی طرف سے غیر مطمئن ہے اور جس طرح اکھاڑے میں آنے سے پہلے دو پہلوانوں کے دل ایک غیر متیقن کیفیت کے ساتھ دھڑکتے رہتے ہیں اسی طرح یہ بھی تردد و اضطراب میں مبتلا ہیں اور کوشش کر رہے ہیں کہ نفاذِ وفاق سے پہلے ہی جہاں تک ممکن ہو اپنے اپنے اغراض کی تکمیل کے لئے راستہ کو صاف و ہموار بنالیں

اس مسئلہ میں سب سے بڑی دقت جس نے ابتک معاملہ کو سلجھنے نہیں دیا، اجزاء وفاق کے نقطہ ہائے نظر کا اختلاف ہے ایک طرف صوبوں کی حکومت ہے جو اپنے آپ کو خود مختار، ترقی یافتہ اور آزاد خیال ظاہر کرتی ہے، دوسری طرف ریاستیں ہیں جو شخصی حکومت ہونے کی حیثیت سے بالکل جداگانہ اُصولِ حکمرانی رکھتی ہیں اور جہاں قدیم روایات خاندانی کی عزت و پرستش کو تہذیب و شائستگی کا انتہائی معیار سمجھا جاتا ہے۔ رہا تیسرا فریق یعنی حکومت برطانیہ سو اس کے نزدیک نہ صوبوں کا مفاد کوئی اہمیت رکھتا ہے، نہ ریاستوں کی آزادی کی بقا کوئی معنی ـــــ وہ صرف اپنے تجارتی اغراض اور اپنی بین الاقوامی سیاسی اہمیت کو دیکھتی ہے۔ ایک ہاتھ اس کا زمانہ کی نبض پر ہے اور دوسرا حکومت کی مشینری کے لیور پر۔ وہ میٹر کو دیکھتی جاتی ہے اور سوئی کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ لیور کو حرکت دیتی جاتی ہے۔ برطانوی ذہنیت بالکل ایک لچکدار کمانی کی سی ہے کہ جب تک کوئی دباؤ اس پر نہیں ہے وہ پوری قوت کے ساتھ اُبھری رہیگی، لیکن دباؤ پڑتے ہی وہ اتنا ہی دب جائے گی جتنا وزن اس پر ڈالا گیا ہے۔ وہ کھنچنے اور سمٹنے سے نہیں ڈرتی بلکہ ڈرتی ہے صرف اس سے کہ کہیں وہ ٹوٹ نہ جائے، سو آپ حکومت برطانیہ کی تاریخ اُٹھا کر دیکھئے تو معلوم ہوگا کہ پھیلنے اور سمٹنے کی منزلوں سے تو وہ بارہا گزری، لیکن "نقطۂ کسر و انکسار" (Breaking point) سے ہمیشہ بچی رہی۔ الغرض برطانیہ کی یہ لچکدار پالیسی آخر زبردست چیز ہے کہ اس سے تعلق رکھنے والی قوموں کو خود اپنے اوپر بھی اعتماد باقی نہیں رہا، غیروں کا کیا ذکر ہے اور یہی وہ اصل راز ہے جس کو سمجھنے کے بعد ہندوستان گھبرا اُٹھا اور جس طرح دم گھٹنے کے بعد ایک شخص بے اختیار ہاتھ پاؤں چلانے لگتا ہے اسی طرح یہ بھی بے چین ہو گیا

ریاستیں بھی اس حقیقت سے بے خبر نہیں ہیں، لیکن چونکہ ان کی رگوں سے یہ خون نہایت آہستہ آہستہ نچوڑا گیا ہے[1] اس لئے ان میں وہ کیفیت اضطراب پیدا نہیں ہوئی جو برطانوی ہند کی آبادی میں نظر آتی ہے مگر اب کہ وفاق کا مسئلہ درپیش ہے اور ریاستوں کو اپنے آیندہ بقاء و تحفظ کے خیال سے برطانیہ کی گزشتہ تاریخ سیاست کی ورق گردانی کرنی پڑی ہے

---

[1] برطانیہ کی اس پالیسی پر بھی ہم آیندہ ایک مستقل مقالہ پیش کریں گے جس میں بتایا جائے گا کہ اس نے کیونکر تمام معاہدات کو پس پشت ڈال کر ریاستوں پر اپنی سیادت قایم کی

ان میں کم ازکم یہ احساس ضرور پیدا ہو گیا ہے کہ ہندوستان کے آیندہ نظام حکومت میں ان کا وجود بھی ایک وزن رکھتا ہے، لیکن یہ بات ابتک ان کی سمجھ میں نہیں آئی کہ اپنے وزن سے انھیں کیا کام لینا چاہئے۔ نیز یہ کہ اگر کسی وقت برطانیہ نے محسوس کر لیا کہ ہندوستان کا سودا اپنے پلڑے کو ہلکا کرنے ہی سے ہو سکتا ہے تو وہ فوراً ریاستوں کے وزن کو علٰحدہ کر دیگا اور اسے مطلق پرواہ نہ ہوگی کہ ان کا کیا حشر ہوا — ایسی حالت میں ریاستوں کو کیا کرنا چاہئے اور اس خطرناک مستقبل کی آمد سے قبل ان کی موجودہ پالیسی کیا ہونا چاہئے ؟ — اس کو وہ ابتک نہیں سمجھ سکیں، کیونکہ اگر انھوں نے اس کو سمجھ لیا ہوتا تو شرکت وفاق کے لئے سب سے پہلے اور جلد از جلد انھیں کو طیار ہونا چاہئے تھا جس کی وضاحت ہم آیندہ کریں گے

ریاستوں کو معلوم ہونا چاہئے کہ ہرچند برطانیہ ان کی امداد کا محتاج ہے، لیکن یہ احتیاج صرف اسی وقت تک قایم رہنے والی ہے، جب تک ملک کا انقلاب اس کو کسی اور پالیسی کی تعیین پر مجبور نہیں کرتا، کیونکہ ہرچند ریاستوں کا رقبہ تقریباً ہندوستان کے پانچویں حصہ کے برابر ہے، لیکن چار بہرحال ایک سے زیادہ وزن رکھتا ہے اور وزنی چیز کے ساتھ ساتھ حکومت برطانیہ کا جھک جانا کوئی نئی بات نہیں ہے۔ اس کے ثبوت میں سب سے بڑی دلیل جو اسوقت پیش کی جا سکتی ہے وہ لارڈ لوتھین کا بیان ہے جو حال ہی میں شایع ہوا ہے۔ یہ وہی لارڈ لوتھین ہیں جو چند دن ہوئے ہندوستان کی سیاسی حالت کا مطالعہ کرنے خود یہاں تشریف لائے تھے اور جن کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ آیندہ وفاق کی بساط حکومت پر وہ ایک زبردست مُہرے کی حیثیت اختیار کرنے والے ہیں۔ یہ ہرچند گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کی ترمیم و تنسیخ کو تو ضروری نہیں خیال کرتے لیکن یہ بات انھوں نے اُصولاً تسلیم کر لی ہے کہ کانگرس کے بعض مطالبات اور خصوصیت کے ساتھ وہ جن کا تعلق ریاستوں کے نظام حکومت سے ہے یقیناً توجہ طلب ہیں۔ گویا بہ الفاظ دیگر یوں سمجھئے کہ انھوں نے "شرکتِ وفاق" کی مقررہ شرائط کی "کمیت" کو بدستور قایم رہنے دیا لیکن "کیفیت" میں تبدیلی کو وہ بھی ضروری سمجھتے ہیں اور یہی وہ تغیر ہے جو سب سے زیادہ ریاستوں کو متاثر کرنے والا ہے

بہرقطع نظر اس سے کہ ریاستوں کو لارڈ لوتھین کا یہ مشورہ دینا کہ وہ زیادہ ذمہ دارانہ طرز حکومت قایم کریں بجائے خود صحیح ہے یا غلط یا یہ کہ ریاستوں کو اس پر عمل کرنا چاہئے یا نہیں، دیکھنے کی بات صرف یہ ہے کہ اس طرح کے مباحث کیوں پیدا ہو رہے ہیں صرف اس لئے کہ ریاستیں شرکتِ وفاق میں پس و پیش کر رہی ہیں اور اگر انھوں نے مزید انتظار کیا تو عجب نہیں ہوا کا رُخ بالکل بدل جائے اور جو مراعات انھیں اسوقت حاصل ہیں وہ بھی ہاتھ سے کھو بیٹھیں، کیونکہ برطانوی ہند کے مطالبات و ضروریات کے مقابلہ میں ریاستی ہند کی رعایت صرف اسی وقت تک حکومت گوارا کر سکتی ہے، جب تک نقطۂ انکسار سامنے نہیں آیا ہے لیکن اگر اس وقت حکومت نے یہ محسوس کر لیا کہ ملک کے عام مطالبات کے مقابلہ میں اسے اپنے اقتدار یا ریاستوں کی خود مختاری میں سے کسی ایک کی قربانی چڑھانا ضروری ہے تو وہ بلا تکلف ریاستوں کی گردن سامنے کر دیگی اور خود اپنی جان کو خطرہ میں نہیں ڈالیگی — اس میں کلام نہیں کہ کسی ایسے ملک کی حکومت جس میں مختلف الخیال عناصر شامل ہوں بڑے جھگڑے

کی چیز ہے، لیکن اگر ان میں سے ہر عنصر کسی ایک غرض مشترک پر قایم ہو جائے تو مفاہمت چنداں دشوار نہیں ہوتی مسئلۂ زیر بحث میں صورتِ مفاہمت متعین کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے ہر ایک کا زاویۂ نگاہ معلوم کر لیا جائے۔

برطانوی ہند کے باشندے خواہ وہ کانگرس سے تعلق رکھتے ہوں یا مسلم لیگ سے عام طور پر یہ خواہش رکھتے ہیں کہ ہندوستان پر انگریزی حکومت قایم نہ رہے اور داخلی و خارجی سیاست تامتر خود اہل ملک کے ہاتھ میں ہو۔ حکومت کہتی تو یہی ہے کہ ملک کا یہ مطالبہ بالکل درست ہے اور جس وقت اہلِ ملک میں اسکی صلاحیت پیدا ہو جائے گی یہ بھی ہو رہے گا لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ اپنے اقتدار و تسلط کو کسی طرح ہاتھ سے دینا گوارا نہیں کرتی اور آخری ساعت تک اس کی یہی کوشش رہیگی کہ ہندوستان اسکے مقبوضات سے باہر نہ ہونے پائے۔ رؤسا یہ چاہتے ہیں کہ انکی خود مختارانہ حیثیت پر کوئی زوال نہ آئے اور حدودِ ریاست کے اندر کسی اور قوت کو کسی قسم کا دخل حاصل نہ ہو — آپ نے دیکھا کہ ان تینوں عناصر کا میلان ایک دوسرے سے کسقدر مختلف ہے، اگر برطانوی ہند کے باشندوں کی خواہش پوری ہو جائے تو ہندوستان میں نہ انگریزوں کا وجود باقی رہ سکتا ہے نہ رئیسوں کا، اگر حکومت کی پنہاں اغراض بار آور ہوں تو اہل ملک غلامی کے حدود سے کبھی باہر نہیں آسکتے اور اگر رؤسا ہند کی تمنائیں پوری ہو جائیں تو ہندوستان میں کوئی عام دستوری قانون جو ملک کے تمام افراد پر حاوی ہو کبھی نافذ نہیں ہو سکتا گویا صورتِ حال یہ ہے کہ بظاہر مقصودِ سفر تو ایک ہی بتایا جاتا ہے لیکن سفر کرنے والوں کا رُخ ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہے، ایک کا منہ مشرق کی طرف ہے تو دوسرے کا مغرب کی طرف، کوئی شمال کی طرف دیکھ رہا ہے تو کوئی جنوب کی طرف — یہ ہے منزل وفاق کے مسافروں کا حال اور یہ ہے موجودہ سیاسیات ہند کی غیر تیقن کیفیت جسکو ہر فریق دور کہنا چاہتا ہے لیکن کوئی صورت کامیابی کی نظر نہیں آتی — کانگرس یہ تو چاہتی ہے کہ ملک پر سوائے اہل ملک کے کسی اور کا اقتدار قایم نہ رہے، لیکن یہ مقصود حاصل کیونکر ہو؟ یہ بات ابتک اسکی سمجھ میں نہیں آئی۔ انگریز یہ ضرور چاہتے ہیں کہ ہندوستان پر ان کی گرفت کسی طرح ڈھیلی نہ پڑنے پائے لیکن اس مدعا کے حصول کا طریقہ کیا ہے؟ اس کا فیصلہ وہ ابتک نہیں کر سکے۔ رؤسا ہند کی یہ تمنا ضرور ہے کہ اگر اب سے ۵۰ سال قبل کی آزادی ان کو دوبارہ حاصل نہیں ہو سکتی تو کم از کم موجودہ اقتدار ہی ان کا قایم رہے، لیکن یہ خواہش پوری کیونکر ہو؟ اس کی کوئی تدبیر ان کے ذہن میں اس وقت تک نہیں آئی

حقیقت یہ ہے کہ دنیا کا کوئی کام جو اجتماعی حیثیت رکھتا ہے اس وقت تک پورا نہیں ہو سکتا جب تک اس میں شامل ہونے والے تمام افراد ایک حد تک اپنے اغراض کی قربانی پر آمادہ نہ ہوں اور روادارانہ ذہنیت سے کام نہ لیں۔ اگر اصولاً یہ بات طے پا چکی ہے کہ ہندوستان کا آیندہ دستورِ حکومت وفاقی حیثیت رکھے گا (اور بہ حالاتِ موجودہ یقیناً اس سے بہتر کوئی فیصلہ ممکن بھی نہ تھا) تو پھر اس فکر میں سر کھپانا کہ تجویز وفاق ہی کو درہم برہم کر دیا جائے سخت غیر دانشمندانہ فعل ہے عقل کا اقتضاء صرف یہ ہے کہ اس تجویز کو جلد سے جلد عملی صورت دیدینا چاہئے تاکہ اگر اس کے بعد کسی اور منزل کی طرف قدم اُٹھانا ہے تو اسمیں تاخیر نہ پیدا ہو۔ لیکن صورت یہ ہے کہ ایک طرف کانگرس بھی اس کو ٹھکرا رہی ہے اور دوسری طرف رؤسا ہند بھی اسکو قہر کی

نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں۔ پھر کانگرس اگر مخالفت کر رہی ہے تو ایک حد تک نادرست بھی نہیں کیونکہ وہ اس ترکیب سے بیش از بیش مراعات حاصل کرنا چاہتی ہے اور اس کی یہ تدبیر زیادہ ناکام نہ رہیگی (جیسا کہ لارڈ لوتھین کی آخری تحریر سے ثابت ہوتا ہے) لیکن حیرت تو ریاستوں پر ہے جو شرکت وفاق سے احتراز کر رہی ہیں اور یہ نہیں سمجھتیں کہ آخر میں جو بات انکے لئے سب سے زیادہ نقصان رساں ثابت ہوگی وہ ان کی یہی کیفیت احتراز ہے۔ کانگرس کا ایک اہم مقصود یہ بھی ہے کہ ہندوستان سے "رئیس و ریاست" کا عنصر محو کر دیا جائے اس لئے اگر وہ موجودہ شرائط پر شرکت وفاق کے لئے آمادہ نہیں تو اس کے معنی صرف یہ ہیں کہ وہ حکومت سے اس بات کا مطالبہ کر رہی ہے کہ اگر ریاستوں کو وفاق میں شریک کیا جا رہا ہے تو انکو اور زیادہ بیدست و پا بنا کر شریک کیا جائے۔ چنانچہ ریاستوں میں ذمہ دار حکومت (Responsible Govt.) کے قیام اور رائے عامہ کے تحت انتخاب نمایندگان وفاق کا مطالبہ اسکا کھلا ہوا ثبوت ہے۔ لیکن ریاستیں اس خطرہ کی طرف سے بالکل مطمئن ہیں اور سمجھ رہی ہیں کہ وفاق کی مخالفت، کانگرس کی ہمنوائی ہے اور اس طرح وہ گویا برطانوی ہند کی ہمدردی حاصل کر رہی ہیں۔ درانحالیکہ اسکا دوسرا نام اپنے ہاتھ سے اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا ہے، کانگرس کے اصرار طالکار کی زد تو ریاستوں ہی پر پڑ رہی ہے اور یہ بھی انکی ہاں میں ہاں ملا کر گویا اس امر کی توثیق کر رہی ہیں کہ کانگرس کے مطالبات انکے خلاف واقعی حق بجانب ہیں اور حکومت اگر انکو پورا کرے تو انھیں کوئی عذر نہیں ہے۔ ریاستیں اپنی اندرونی آزادی کی بقاء کے لئے (جسے صحیح معنے میں آزادی کہنا آزادی کی توہین ہے) اسقدر مضطرب ہیں کہ انھیں مطلق ہوش نہیں کہ اس باب میں ان کی حرکات مذبوحی انھیں کتنا نقصان پہونچا رہی ہیں اور شرکت وفاق میں جتنی تاخیر انکی طرف سے ہو رہی ہے اسیقدر انکی آزادی سلب کر لئے جانے کا امکان ہے۔ ریاستوں کو اسوقت یہ غور نہ کرنا چاہئے کہ وفاق میں شریک ہونے سے انھیں کیا فایدہ پہونچتا ہے (حالانکہ پہونچتا ہے) بلکہ دیکھنا یہ چاہئے کہ عدم شرکت سے انکو کیا نقصان پہونچنے والا ہے۔ یہ زمانہ حقوق استبداد حاصل کرنے کا نہیں بلکہ حقوق آزادی دینے اور لینے کا ہے۔ اس لئے اگر ریاستوں نے فیصلہ صرف اس فکر و تردد میں بسر کر دی کہ آیندہ کے لئے وہ قوت بالادست کی طرف سے مطمئن ہو کر اپنے معاہدوں اور سندوں کی اہمیت پر زیادہ اعتماد کرنے کی صورتیں پیدا کر لیں تو اسکا نتیجہ سوائے اسکے کچھ نہ ہوگا کہ وہ معاہدات کی رہی سہی قیمت بھی گھٹا دیں گے، کیونکہ تمام برطانوی ہند ان کا مخالف ہے اور ولایت کے ذمہ دار اخباروں کا لب و لہجہ بتا رہا ہے کہ حکومت کس طرح آہستہ آہستہ ملک کے تمام مطالبات کے سامنے گردن جھکاتی جا رہی ہے۔

علاوہ اسکے یہ بھی سمجھنے کی بات ہے کہ اگر ہندوستان کی تمام ریاستیں اتحاد و اتفاق کے ساتھ وفاق کی شرکت کو نامنظور کرنے پر آمادہ ہو جائیں تو بھی اس میں کچھ وزن پیدا ہو سکتا ہے لیکن جبکہ اس کا کوئی امکان نہیں ہے اور سیکڑوں چھوٹی چھوٹی ریاستیں ایسی ہیں جن کے مفاد کو شرکت وفاق سے کوئی نقصان نہیں پہونچتا اور جن کی شرکت سے وہ تناسب پورا ہو سکتا ہے جو قیام وفاق کے لئے ضروری ہے، تو پھر چند ریاستوں کا اس سے علحدہ رہنا کوئی معنی نہیں رکھتا اور ان کا یہ احتراز کبھی ان کے لئے مفید نہیں ہو سکتا بلکہ اندیشہ نقصان کا ہے، کیونکہ اس طرح بہت جلد ان کی رعایا میں اضطراب پیدا ہو جائے گا اور ان کی سیادت کو بجائے خارجی قوتوں کے خود اندرونی ہیجان کا مقابلہ کرنا پڑے گا اور پھر ان کی مدد کرنے کے لئے نہ وفاق کی حکومت طیار ہوگی، نہ دوسرے نائب ملک معظم ہونے کی حیثیت سے دخل دینا پسند کرے گا۔ اب وقت ہے کہ وہ سارا اپنی روایات قدیمہ کو بھول جائیں اور نئی دنیا میں نئے عزائم اور نئی تدابیر کے ساتھ قدم رکھیں۔ رہا معاملہ شخصی اقتدار کا سو وہ بھی قایم رہ سکتا ہے بشرطیکہ وہ اپنے آپ کو ملک و اہل ملک کی خدمت کے لئے وقف کر دیں۔ روما میں اب نیرو اور کالیگولا دوبارہ پیدا نہیں ہو سکتے لیکن مسولینی برابر پیدا ہوتے رہیں گے اور اسی قوت و جبروت کے ساتھ جو جبابرۂ روما کو کسی وقت حاصل تھی

فلسفہ کیا ہے؟

(مسلسل)

بہ لحاظ ترتیب اب نمبر تیسرے اعتراض کا ہے جس کے بموجب ہر وہ شخص جو بیس منٹ تک مسلسل بول سکتا ہے اور صغریٰ و کبریٰ سے واقفیت رکھتا ہے فلسفی بن بیٹھتا ہے اس قسم کے افراد بہت سے "اپنے فلسفے" پیش کرتے ہیں انکو نہ سائنس سے اُنس ہوتا ہے نہ ادب سے نہ ریاضیات سے نہ تاریخ سے نہ معاشیات سے نہ ہیئت سے نہ حیاتیات سے اور نہ نفسیات سے انھیں انس ہے تو بس فلسفہ سے گویا کائنات من حیث المجموع سے کم کوئی چیز ان کی نظروں میں جچتی ہی نہیں ۔ یہ اعتراض بھی اپنی جگہ پر کافی وزنی ہے ۔لیکن اس کی وجہ یہ ہے کہ سائنس ہو یا ادب، ریاضیات ہو یا تاریخ معاشیات ہو یا ہیئت حیاتیات ہو یا نفسیات سب مہارت، دستگاہ، تربیت، مشق، دقتِ نظر کی طالب ہیں ۔ان موضوعات میں تعلیم و تربیت کی ضرورت ہے یہ ضرورتیں فلسفہ میں بھی اتنی لابدی ہیں مگر ایک چیز ہے جو فلسفہ میں اور ان موضوعات میں مابہ الامتیاز ہے اور وہ یہ کہ ان صفات کی عدم موجودگی میں جنھیں میں نے اوپر گنایا ہے آپ نہ سائنس کو ہاتھ لگا سکتے ہیں نہ ریاضیات کو لیکن فلسفہ پر نظر ڈالئے تو معلوم ہوگا کہ یہاں پر مابعد الطبیعی عقل آرائی کو خالص یاوہ گوئی سے تمیز کرنا سخت دشوار ہے ۔اکثر و بیشتر واہیات قسم کی باتیں اس خوبی سے مابعد الطبیعی عقل آرائیوں کا نقاب اوڑھ لیتی ہیں کہ اچھی اچھی بصیرتگاہیں نقاب کی تہ کی بھونڈی صورتوں کو نہیں دیکھ سکتیں بس یہی واقعہ ہے جو غیر تربیت یافتہ اذہان کو فلسفہ کی طرف لڑھکا دیتا ہے یہ آسانی کسی اور علم میں نہیں

اس کے علاوہ چھ وجوہ اور ہیں جن کا تذکرہ یہاں ضروری ہے :۔

(۱) فلسفہ کا موضوع بے حد وسیع ہے جو شخص دنیا پر مجموعی حیثیت سے نظر کرتا ہو تو بتلائیے کہ کون چیز اس کے موضوع میں داخل نہیں ۔ یہ تو ہوئی ایک وجہ

(۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ فلسفہ میں فلسفی کا بھی عنصر خاصہ ہوتا ہے ہر شخص ہر چیز پر مساوی دھیان نہیں دے سکتا لہٰذا وہ رد و پسند سے کام لیتا ہے اور اسی رد و پسند کا دار و مدار تمتر اس کے دل پر ہوتا ہے

یوں کسی فلسفہ کو غلط اور کسی کو صحیح نہیں کہا جا سکتا ہے فلسفہ جزءً صحیح اور جزءً غلط ہے ۔

(۳) تیسری وجہ یہ ہے کہ فلسفہ ناقابل تصدیق ہے۔ اگر کوئی شخص کہے کہ دو اور دو پانچ ہوتے ہیں تو اس کی تردید ہوسکتی ہے کیونکہ تجربی تصدیق اس کے قول کو غلط ثابت کرسکتی ہے لیکن اگر وہی شخص یہ کہے کہ دنیا ایک دوزخ ہے یا ہستی کی اصل فلاں ہے تو اس کی تردید نہیں ہوسکتی کیونکہ اس کے دعوؤں کی تجربی تصدیق محال ہے آپ اسکے دعوؤں کو واہیات کہہ سکتے ہیں مگر ان کے واہیات ہونے کو تشفی بخش طور پر ثابت نہیں کرسکتے

(۴) چوتھی وجہ وجدان کا ملکہ ہے جس نے ہر کس وناکس کو اس بات کا حق دار بنا دیا ہے کہ وہ اس کا نام لے کر جو اول جلول بکنا چاہے بک دے۔ وجدان ایک قابل قدر ملکہ ہے لیکن اس کے استعمال کا دائرہ اسی نسبت سے مختصر بھی ہے۔ وہ جملہ ملکات انسانی میں سب سے زیادہ نوخیز ملکہ ہے اور اگر اسے صحیح طور پر استعمال کیا جائے تو اس سے ایسے انکشافات ہاتھ لگ سکتے ہیں جن تک تحلیلی عقل کی رسائی ناممکن ہے حسن کار کی تخلیقات اور ماہران ریاضیات وسائنس کے اکتشافات سب وجدانی چیزیں ہیں لیکن بایں ہمہ وجدان عقل سے جدا نہیں۔ تربیت یافتہ عقل ہی مسلسل استدلال کے ذریعہ نئی بایتں دریافت کرتی ہے یہ نئی باتیں اگرچہ استدلال کا ایک بڑا پشتارہ اپنی پیٹھ پر سنبھالے ہوئے ہوتی ہیں مگر بذات خود عقل کی پیداوار نہیں ہوتیں وہ وجدانی ہوتی ہیں۔

(۵) پانچویں وجہ تحلیل نفسی ہے فرائڈ، یونگ، اور ایڈلر کے نظریات نے بکسلے اور لارنس کے خیالات پر گہرا اثر ڈالا یہ پانچوں عقل کی توہین، تضعیف اور تحقیر میں بہت پیش پیش ہیں۔ یہ اسے عدیم الشعور کا ایک آلۂ کار سمجھتے ہیں

اس عقیدہ نے احمقوں کے لئے ایک اچھی منڈی فراہم کی اب ہر کس وناکس اپنی متاع فاسد وکاسد کو لئے ہوئے بازار فلسفہ میں دوڑا چلا آرہا ہے روحانیات اور تھیوسوفی وغیرہ کے فلسفے جہالت کے بطن سے تحلیل نفسی اور وجدان کی صلبی اولاد ہیں۔

(۶) چھٹی وجہ یہ ہے کہ فلسفی کے لئے کون باتیں ضروری ہیں اس کا اب تک تصفیہ نہیں ہوا۔ اگر کوئی معمار گھر اچھا نہ بنائے یا اگر کوئی مصور تصویر اچھی نہ کھینچے یا اگر کوئی کیمیا داں عناصر کی تعداد، ترتیب، اور جوہری اوزان سے واقف نہ ہو تو آپ اس کے جہل کا پردہ فوراً چاک کرسکتے ہیں۔ لیکن اگر کوئی فلسفی صحت فکر اور اصابت رائے کا حامل نہ ہو تو اس بات کا پتہ چلایا نہیں جاسکتا۔ اور پھر اگر غلطی سے اسے زبان وبیان پر کافی دسترس حاصل ہو تو اس کے لئے پیروؤں کی ایک جماعت کا پیدا کرلینا کچھ مشکل نہیں

تاہم میرے خیال میں فلسفی کے لئے ذیل کی دس باتیں ضروری ہیں اور ان کے بغیر کم از کم میرے نزدیک کوئی فلسفی اچھا فلسفی نہیں بن سکتا

(۱) پہلی ضروری چیز یہ ہے کہ فلسفی کو عہد گزشتہ کے افکار کا مکمل علم حاصل ہو اس سے ہوگا یہ کہ اگلوں نے کیا غلطیاں کیں یہ معلوم ہوجائے گا اس سے فایدہ یہ متصور ہے کہ ان غلطیوں کا اعادہ پھر سے نہیں ہوگا۔ پھر یہ بھی معلوم ہوجائیگا کہ

مسلمہ عالم فلسفیانہ نتائج کیا ہیں اس سے فایدہ یہ ہوگا کان نتائج کے اخذ و استنباط میں کافی وقت صرف نہ ہوگا۔ اور تیسری بات جو اتنی ہی اہم ہے یہ ہے کہ بڑے بڑے فلسفیوں کے انتقادی اسالیب کا مطالعہ خود مطالعہ کرنے والے کے اپنے فکر میں ایک انتقادی شان پیدا کر دے گا

(۲) دوسری ضروری چیز یہ ہے کہ فلسفی تہذیب و تربیت یافتہ ہو تہذیب کا تعلق افراد سے نہیں نسل سے ہے لہذا اس میں وہ کمالات بھی داخل ہیں جو کسی نسل نے گزشتہ زمانہ میں حاصل کئے۔ یوں نسلی روایات جن امور پر مبنی ہوتی ہیں ان کی دل سے قدر کرنا بھی فلسفی کے لئے ضروری ہے ان چیزوں کے ملنے سے فلسفی میں ایک ایسی بات پیدا ہو جاتی ہے جو اسے حماقت کے اشتہار سے روکتی ہے اور جنس فضول کو بازار میں آنے نہیں دیتی۔

(۳) تیسری ضروری چیز یہ ہے کہ فلسفی میں مربوط اور مسلسل فکر کی استعداد ہو فلسفی کے لئے استدلال نہایت ضروری ہے۔ لیکن استدلال دعویٰ کے مساوی نہیں وہ دعویٰ کی تائید میں دلائل پیش کرنے کے مترادف ہے۔

مربوط اور مسلسل فکر کی یہ استعداد بڑی حد تک اکتسابی ہے۔ دماغ اس میں شک نہیں کہ ایک عطیۂ فطرت ہے مگر کوئی دماغ کتنا ہی ذہین کیوں نہ ہو اس وقت تک صحیح اور بہتر طور پر فکر نہیں کر سکتا جب تک کہ وہ خاص طور پر تربیت نہ پائے شخصی اپج پر دوسروں کے علم کا بوجھ لادنا بے شک بعض حلقوں میں ظلم کے ہم معنی ہے لیکن یہ بھی تو ظلم ہے کہ شخصی فکر کے آلہ کو تربیت کے سوہن سے تیز نہ کیا جائے

(۴) چوتھی ضروری چیز یہ ہے کہ فلسفی اپنے مطالب کو وضاحت اور صفائی کے ساتھ بیان کرے۔ یہ ضرورت شدید ہے۔ فلسفہ بہ لحاظ اپنی ماہیت کے ایک مشکل اور دقیق موضوع ہے لہذا ضرورت ہے کہ اس کے بیان میں شگفتگی اور صفائی پیدا کی جائے۔ فلسفی کو قابل فہم بننا چاہیئے اسے بیان و زبان پر قدرت حاصل کرنی چاہیئے۔ اسے مختصر اور قابل فہم الفاظ استعمال کرنے چاہئیں۔ اور اپنے مطلب کو تمثیلات اور استعارات کے ذریعہ مرغوب اور دلچسپ بنانا چاہیئے۔ یہ چیزیں فلسفہ کو شاعری سے قریب کر دیتی ہیں۔ فلاطون، بیکن، ہیوم، شوپن ہائر، برڈلے، برگساں، ولیئر، رسل، الیگزینڈر وغیرہ کی تحریروں کا مطالعہ کسی طرح کسی اول درجہ کے ادیب کی تحریروں کے مطالعہ سے کم لذت انگیز نہیں لیکن بیشتر فلسفی اس بات کی پروا نہیں کرتے۔

(۵) پانچویں ضروری چیز یہ ہے کہ فلسفیانہ صداقت معلوم کرنے کی خواہش دل میں موجزن ہو۔ اس خواہش کی راہ میں ان گنت روڑے حائل ہیں مگر ایک سچے فلسفی کی شان یہ ہے کہ وہ ان سب پر غلبہ پائے

(۶) چھٹی ضروری چیز یہ ہے کہ فلسفی کی بصیرت (یا وجدان) قوی ہو۔ اس سے حقایق مجرد کا علم ہوتا ہے لیکن واضح رہے کہ بصیرت اور چیز ہے اور نری تخیل یا ذہنی عادات اور چیز ہیں

(۷) ساتویں ضروری چیز یہ ہے کہ فلسفی امکانات کو رد نہیں کرے

(۸) آٹھویں ضروری چیز یہ ہے کہ فلسفی متعصب نہ ہو۔ تعصب حق اور علم کی طلب کو کم کر دیتا ہے۔ پھر متعصب شخص اپنے خلاف کوئی بات سننی نہیں چاہتا وہ اپنی ذات اور اپنے عقاید کی تنقیدوں پر غور نہیں کرتا وہ انھیں ہیچ سمجھتا ہے اور یہ سچے فلسفی کی شان نہیں۔ سچا فلسفی اپنی تنقیدات سے گھبراتا نہیں۔ وہ ان پر ہمدردانہ غور کرتا ہے۔ وہ اگر صحیح ہیں تو ان کو تسلیم کرتا ہے اور غلط ہیں تو ان کے جواب دیتا ہے۔ فلسفی دوسروں کی مشکلات، دوسروں کے نظریات، سے اسی وقت ہمدردی رکھ سکتا ہے جب کہ وہ غیر متعصب ہو۔

(۹) نویں ضروری چیز یہ ہے کہ فلسفی متکبر نہ ہو اور نہ سست ہو۔ سستی سے عقلی تحقیق کی مشقت بارِ گراں معلوم ہوتی ہے کاوش اور کوشش کی راہیں مسدود ہو جاتی ہیں۔ حاصل شدہ چیزیں بہت معلوم ہونے لگتی ہیں۔ غرور کی وجہ سے اہم ترین واقعات معمولی واقعات بن جاتے ہیں حالانکہ کوئی واقعہ معمولی نہیں ہوتا۔

(۱۰) دسویں اور آخری ضروری چیز یہ ہے کہ فلسفی شک پسند ہو لیکن شک مقصود نہ ہو بلکہ صرف ذریعہ۔ اس سے انتقاد کی صلاحیت انسان میں پیدا ہوتی ہے اور انتقاد فلسفہ کا مایۂ ناز خاصہ ہے

آخری اعتراض یہ ہے کہ فلسفہ سے ہم کو تنازع للبقا میں کوئی مدد نہیں ملتی۔ آج ساری دنیا کو ضرورت اسکی ہے کہ کھانے کے لئے دو روٹیاں اور پہننے کو چار گز کپڑا ملے اور فلسفہ نہ روٹی کا سوال حل کرتا ہے اور نہ کپڑے کا۔

یہ اعتراض بھی کافی اہم ہے۔

لیکن ممکن دفاع اس کا یہ ہے کہ دنیا میں صرف دو روٹیاں اور چار گز کپڑا ہی سب کچھ نہیں۔ اس میں شک نہیں کہ ان کی فراہمی پہلے ضروری ہے لیکن ان کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ انسان کو مدنیت کی تعلیم دی جائے۔

مفید تعلیم کا رجحان آج دنیا میں عام ہے۔ ٹائمس لندن کے ایک نامہ نگار نے آج سے سات آٹھ سال پہلے اخبار مذکور کے تعلیمی ضمیمہ میں اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے لکھا تھا کہ مفید تعلیم کا بڑھتا ہوا رجحان خوش آیند ضرور ہے مگر ایک اہم خطرہ بھی اپنے میں پوشیدہ رکھتا ہے۔ وہ یہ کہ یہ تعلیم تعلیمیافتہ طبقے میں پیوپاریانہ ذہنیت پیدا کر دے گی لوگ ہر چیز کو خواہ وہ جسمانی ہو یا روحانی تولوں ماشوں میں ناپنے کے عادی ہو جائیں گے۔ تہذیب و تمدن سے بیگانگی پیدا ہوگی اور ان نسلی ورثوں کو جن پر اقوام ناز کرتی ہیں سخت دھکہ پہونچے گا

اور یہ خیال اس کا بالکل صحیح ہے

آج ہمارے ملک میں افلاس اور بے روزگاری کی وجہ سے مروجہ نصاب تعلیم کی فرسودگی کے خلاف سخت احتجاج برپا ہیں۔ لیکن ان بعض دیگر وجوہ سے قطع نظر بھی کر لی جائے جو اس افلاس اور بے روزگاری کے اصلی اسباب ہیں تو بھی مفید اور فنی یا صنعتی تعلیم کا پرچار زیادہ سے زیادہ ہونے کی ضرورت ہے تاہم دو باتیں نظر انداز نہیں ہونی چاہئیں ایک تو یہ کہ تعلیمی اداروں کو صنعتی اسکولوں میں نہ بدلا جائے اور دوسری یہ کہ مفید تعلیم کی

تعریف سے فلسفہ خارج نہیں۔ آپ درسگاہوں کو سیونگس بنکیں فرض کر سکتے ہیں لیکن آپ اگر اصل زر و سود کا مطالبہ صرف نقدی کی صورت میں کریں تو آپ غلطی پر ہوں گے

مفید تعلیم کی اس بحث کے سلسلہ میں اگر میں ڈاکٹر گرنیول پرائر کے ان خیالات کو یہاں پر پیش کروں جو موصوف نے جاپان کی حالیہ تعلیمی کانفرنس میں ظاہر فرمائے ہیں تو غالباً بے جا نہ ہوگا۔

ڈاکٹر پرائر نے کہا کہ "اس جدید تعلیم کا ایک لازمی جز و جس پر زور دیا جا رہا ہے یہ ہے کہ طلباء کو شخصی زندگی کے لئے بہتر طور پر تیار کیا جائے ایسے لوگ بہت ہیں جو یہ خیال کرتے ہیں کہ زندگی کے لئے تیاری حصول معاش کے لئے طلباء کو تیار کرنے کے مترادف ہے ۔۔۔۔۔

"یہ سچ ہے کہ طالب علم کو کسب معاش کے لئے تیار کرنا بھی تعلیم کا مقصد ہے مگر صرف کسی ایک متعین پیشہ یا فن کی تعلیم ہی زندگی نہیں کہی جا سکتی ۔۔۔۔۔ زندگی کے لئے تیاری کا مفہوم محض کسی فن یا پیشہ کی تعلیم سے بہت زیادہ وسیع ہے۔ سماج کی زندگی کے لئے طالب علم کی شخصی حیثیت اور ذہنی حالت کو تربیت دینا بھی زندگی کے لئے نئی نسلوں کی تیاری کے مفہوم میں شامل ہے

"تعلیم کا مسئلہ زیادہ تر طلباء کی ایسی تربیت کا مسئلہ ہے کہ وہ اپنے ہمسایوں کے ساتھ پرامن زندگی بسر کرنا سیکھیں"

یوں ڈاکٹر پرائر کی رائے میں تعلیم کا مقصد طلباء کے لئے صرف روٹی اور کپڑا مہیا کرنا نہیں بلکہ ان میں "حق اور آزادی کی محبت، روزانہ معاملات کے متعلق ایک متوازن فہم عامہ، سماجی ذمہ داری کا احساس، اور دنیائے جدید کے سیاسی اور اوا قتصادی مسائل سے واقفیت" بھی پیدا کرنا ہے۔ تو اب دیکھنا یہ ہے کہ فلسفہ کی تعلیم ان امور کی تکمیل میں کہاں معاون ہو سکتی ہے۔

فلسفہ اپنے طالبوں میں مفصلہ ذیل خصوصیات جنہیں مختصر طور پر فلسفیانہ طبیعت کہا جاتا ہے پیدا کرتا ہے۔

(۱) قلب و نظر میں وسعت۔ فلسفہ کا مطالعہ ہماری تنگ نظری کو دور کرتا ہے وہ چونکہ دنیا پر مجموعی حیثیت سے نظر کرتا ہے اس لئے فلسفی کی نظر بھی قومی و نسلی حدود کو توڑ ڈالتی ہے۔

(۲) رواداری و خوش فہمی۔ فلسفہ میں چونکہ فلسفی کی شخصیت کا ایک عنصر قابل لحاظ حد تک شامل ہوتا ہے۔ اس لئے ہر فلسفی اس بات سے واقف ہوتا ہے کہ کسی فلسفی کا فلسفہ نہ کامل صحیح ہے اور نہ غلط وہ صحت اور غلطی کا معجون ہے اس احساس کی وجہ سے فلسفی اپنے مخالف کی رائے کو بھی اتنی ہی اہم سمجھتا ہے جتنی اہم کہ خود اپنی رائے کو۔

فلسفی اس بات کو بخوبی جانتا ہے کہ ہر قوم ایک دین، ایک عقیدہ، اور ایک سجدہ گاہ کیوں رکھتی ہے۔ لہٰذا دنیا میں جتنی اقوام ہیں اتنے ہی عقاید ہیں اور ایسا ہونا ضروری ہے فلسفی چونکہ اپنے عقیدہ سے گہری وابستگی رکھتا ہے اس لئے اسے مطلق تعجب نہیں ہوتا اگر اور اشخاص بھی اپنے عقیدوں سے ویسی ہی گہری وابستگی رکھیں فلسفی عقاید سے زیادہ ان

وناداری کو پسند کرتا ہے جو ہر شخص کو اپنے معتقدات سے ہوتی ہے وہ وفاداری کا وفادار ہوتا ہے اور یہی رواداری ہے پس جو چیز عالم فکر و نظر میں رواداری کہلاتی ہے وہ عالم عمل میں انصاف اور عالم جذبات میں ہمہ گیر محبت کہلاتی ہے یوں فلسفہ ایک عالمگیر انسانی برادری پیدا کرتا ہے وہ ہمیں کسی مخصوص خطۂ ارض کا باشندہ نہیں بننے دیتا بلکہ سنسار نواسی بناتا ہے۔

(۳) بے تعصبی و بے غروری۔ غیر متعصب اور بے غرور ہونا فلسفی کے لئے سب سے ضروری چیزیں ہیں وہ عالم فکر میں بھی اتنی ہی پسندیدہ ہیں جتنی کہ عالم عمل میں۔

(۴) سنجیدگی و بے حسی۔ فلسفی رنج و مسرت سے بہت زیادہ متاثر نہیں ہوتا۔ وہ ہر چیز کو اس کی [illegible] سب جگہ دیتا ہے۔

(۵) حق اور آزادی کی محبت

دنیا کے تمام لوگ راستی اور عدل کی راہ سے ہٹ جاتے ہیں۔ ان کے باہمی تعلقات کی [illegible] بر طمع کے اور کچھ نہیں ہوتی۔ ان کی تمام حوصلہ مندیوں کا انحصار ایک حماقت آمیز ناپائدار شہرت کے حصول پر ہوتا ہے اب رہا میں تو مجھے بدی سے کوئی سروکار نہیں۔ میری حالت پر کسی کو رشک نہیں کرنا چاہئے۔ میں دربار و سرکار کی عزت کو سخت حقارت کی نظروں سے دیکھتا ہوں۔ اور اپنا قدم ہرگز سرزمین فارس پر نہ رکھوں گا، تھوڑے پر قناعت کروں گا اور یہاں جس طرح چاہتا ہوں رہتا ہوں۔"

یہ ایک خط ہے جو ایک فلسفی ہرقلیطوس کی طرف سے ایران کے صاحب دبدبہ و جلال شہنشاہ دارا کو لکھا گیا۔

"یاد رکھو جو لوگ حقیقت کی تلاش میں لگے ہیں وہ دراصل موت کی تلاش میں لگے ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جو موت سے خوف زدہ ہونے کی بجائے الٹا اس کے پیچھے دوڑتے ہیں۔

اگر تم زہد و تقوی کو اپنا شعار زندگی بناؤ صبر و حلم کے زیور سے اپنے آپ کو آراستہ کرو عدل و انصاف کو مدنظر رکھو استقلال و ضبط نفس کے خوگر بنو نفسانی خواہشات سے کنارہ کش رہو تو تم یقیناً آسمانی مسرت کے حقدار ہو ایسی حالت میں موت سے ڈرنا اپنی تمام پاکیزگی نفس کی توہین کرنا ہے۔"

"اپالوڈرس بھئی تم تو عورتوں سے بھی زیادہ کم زور دل نکلے میں نے عورتوں کو اس لئے یہاں سے روانہ کر دیا تھا کہ وہ میری رخصت کے وقت شور و غل نہ کریں۔ مگر یہ معلوم نہ تھا کہ مردوں کے بھیس میں ایک عورت ابھی باقی ہے اماں تم مرد ہو دل کو مضبوط رکھو اور مجھے خوشی خوشی رخصت کرو۔"

یہ ملفوظات ہیں سقراط کے جو آزادیِ ضمیر، آزادیِ عمل، اور آزادیِ خیال کا ایک زبردست بطل تھا۔

(۶) صحت فکر و اصابت رائے — جس علم میں تیقنات کم ہوں اور ممکنات زیادہ اور جہاں شک و تنقید پر زور دیا جاتا ہو وہاں یہ خصوصیات از خود پیدا ہو جاتی ہیں۔

(۶) حق اور علم کی طلب۔ فلسفہ کے معنی خود دانائی کی محبت کے ہیں۔ لہذا فلسفی سے زیادہ جویائے حق و علم اور کوئی نہیں ہو سکتا۔

(۸) تہذیب نفس و بلند نظری۔ فیثا غورث کہتا ہے "اس دنیا میں جہاں انسانوں کی اکثریت ثروت اور شہرت کی دیوانی ہے بعض ہستیاں ایسی بھی ہیں جو ان دنیوی مکروہات سے دور رہتی ہیں اور جنھوں نے صرف مطالعۂ قدرت اور انکشافِ رازِ ہستی کو اپنا مقصودِ حیات قرار دے لیا ہے اور انہی کو میں فلسفی کہتا ہوں۔"

فلاطون کہتا ہے "جب اسے (یعنی فلسفی کو) برا بھلا کہا جاتا ہے تو وہ اپنے مخالف کے اخلاق پر کوئی حملہ نہیں کرتا اور نہ اس کے سب و شتم کا جواب ترکی بہ ترکی دیتا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ جب وہ یہ سنتا ہے کہ فلاں شخص ہزاروں ایکڑ زمین کا مالک ہے تو وہ اس چیز کو نفرت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ کیونکہ اپنے عالمِ تخیل میں وہ پوری دنیا پر غور و خوض کرنے کا عادی ہے۔ اور جب وہ کسی کو اپنے روبرو کسی خاندان کی مدح و ستایش کرتے پاتا ہے اور یہ سنتا ہے کہ فلاں ایک شریف شخص ہے کیونکہ ایک متمول خاندان کا چشم و چراغ ہے تو وہ اس معیارِ شرافت کو پست اور اس نقطۂ نظر کو سطحی خیال کرتا ہے کیونکہ اسے یہ معلوم ہے کہ ہر انسان کے ہزارہا نہیں بلکہ لکھوکھا آبا و اجداد گزر چکے ہیں جن میں کئی فقیر بھی تھے اور امیر بھی۔ شاہ بھی تھے اور گدا بھی، وحشی بھی تھے اور متمدن بھی۔"

(۹) عدل پروری، ضبطِ نفس، قناعت، جفاکشی، بے خوفی، صاف گوئی، پاک بازی، اعتدال پسندی، حلم، انکسار، سنجیدگی، تواضع، شرافت، خندہ جبینی، فیاضی، اور خلوص۔ یہ وہ صفتیں ہیں جو فلسفیوں میں پیدا ہو جاتی ہیں۔ ان صفات کی پیدایش کو اگرچہ فلسفیانہ مسائل سے براہ راست کوئی علاقہ نہیں ہوتا تاہم ان کے مطالعہ سے یہ باتیں از خود پیدا ہو جاتی ہیں۔ یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ یہ سب صفتیں ایک شخص میں پیدا نہیں ہو سکتیں کیونکہ فلسفی باوجود تمام باتوں کے انسان ہوتا ہے۔ اور چونکہ انسان ہوتا ہے اس لئے انسانی غلطیوں سے بالکلیہ مبرا نہیں ہوتا۔ تاہم فلسفہ صفاتِ مذکورہ میں سے کچھ نہ کچھ صفتیں ہر طالب فلسفہ میں پیدا ضرور کر دیتا ہے یہ صفتیں زندگی کی اصلی قدریں ہیں اور کوئی نہیں کہہ سکتا کہ وہ ایک عمدہ مدنیت کے لئے روٹی اور کپڑے کے اتنی ضروری نہیں۔

پس جنس فلسفہ کی قیمت کا اگر کوئی اندازہ ممکن ہے تو وہ انہی اثرات کے ذریعہ سے جو فلسفہ طالبان فلسفہ کی زندگیوں پر مترتب کرتا ہے اور ان اثرات سے دوسرے لوگ بھی متاثر ہوتے ہیں (رسل)

آپ فیثا غورث، ہرقلیطوس، برمانیدس، انیکساغورث، دیمقراطیس، سقراط، انٹیس تھینز، دیوجانس، ابی قور، زینو، فلاطون، ارسطو، پرہو، ہی پاشیا، فارابی، برونو، ڈی کارٹ، بیکن، اسپنوزا، لاک، برکلے، ہیوم، کانٹ، فشٹے، شیلنگ، ہیگل، مل، اسپنسر، مساریک، رسل، آئن سٹائن وغیرہ کے حالات اور واقعات پر نظر ڈالئے تو آپ پر میرے متذکرۂ صدر بیان کی صداقت واضح ہو جائے گی۔

ڈی کارٹ جب سویڈن کی ملکہ کرسٹینا کے سامنے پیش ہوتا ہے تو جہاز کا ناخدا ملکہ کی جناب میں عرض کرتا ہے "حضور عالیہ! میں جس شخص کو جہاں پناہ کی بارگاہ میں پیش کرنے کی عزت حاصل کر رہا ہوں وہ انسان نہیں دیوتا ہے اس نے مجھے بحر و فضا کے متعلق تین ہفتوں میں وہ باتیں بتلائیں جو مجھے ساٹھ سال میں بھی معلوم نہ ہو سکی تھیں۔

برکلے کے متعلق ریٹر بری کہتا ہے۔ برکلے کی ملاقات سے قبل مجھے گمان بھی نہ تھا کہ اسقدر علم کا اجتماع اس قدر انکسار اور معصومیت کے ساتھ بجز فرشتوں کے کسی بشر میں بھی ہو سکتا ہے"

کانٹ کے بارے میں اتنا کہنا کافی ہے کہ جب اس نے وفات پائی تو ایک چھوٹا سا روشن ابر صاف اور شفاف نیلے آسمان میں سے گزر رہا تھا۔ وہ اتنا چمکدار اور دلکش تھا کہ ایک مجمع اسے دیکھنے کے لئے جمع ہو گیا۔ مجمع میں سے ایک شخص نے کہا "یہ کانٹ کی روح ہے جو آسمان کی طرف اڑی جا رہی ہے" کیا یہ ایک خوبصورت اور موثر خراج تحسین نہیں اس بلند مرتبہ جرمن فلسفی کی جناب میں جو زندگی میں بھی ستاروں کی طرح بلند، پاک، منور نظروں کے سامنے مگر رسائی سے دور تھا!

میں نے عمداً صرف تین فلسفیوں کا ذکر کیا ہے اور وہ بھی صرف اس لئے کہ دوسروں کی رائیں انکے باب میں جلد فراہم ہو سکیں ورنہ ہر فلسفی کے متعلق کھوج کرنے پر ایسی ہی خوبصورت رائیں دریافت کیجا سکتی ہیں بفرصت شرط ہے۔

تو کیا فلسفہ بقول ہکسلے ایسی بانجھ عورت ہے جسکے ساتھ زندگی بسر کرنا زندگی خراب کرنے کے مترادف ہو؟

واقعہ یہ ہے کہ فلسفہ اعلیٰ مدنیت کا مظہر اور امن و سلام کا داعی ہے۔ فلسفہ کے متعلق میں نے اوپر یہ بتلایا ہے کہ وہ ہمیں مختلف سائنسوں کے نتائج کو باہم ملا کر مجموعی حیثیت سے دنیا کے متعلق ایک جامع نظریہ ترتیب دینا سکھاتا ہے اجزائے مختلف کا یہ امتزاج فلسفہ کی بہت بڑی خصوصیت ہے جس طرح وہ مختلف سائنسوں میں ربط پیدا کرنا سکھاتا ہے ویسے ہی مختلف اقوام، افراد، اور ملل میں بھی ربط پیدا کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔ موجودہ زمانہ کی سب سے بڑی کمزوری یہ ہے کہ ہم میں ربط پیدا کر سکنے کی صلاحیت نہیں اور یہ کمزوری تہذیب کے لئے ایک مستقل خطرہ ہے۔

آج بر و بحر و فضا کے سینے توپوں کی گڑگڑاہٹ، بندوقوں کی سنسناہٹ جنگی جہازوں اور آبدوزوں کی سرسراہٹ اور ہوائی جہازوں کی پھڑپھڑاہٹ سے دہلے جا رہے ہیں۔ ایسا کیوں ہو رہا ہے؟ اس لئے کہ ہم میں ربط پیدا کرنے کی صلاحیت نہیں ہے آج دنیا کی ہر حکومت قیام امن کے نام پر افواج اور اسلحہ کی مد میں لاکھوں کروروں پونڈ سالانہ صرف کر رہی ہے کیا ان ارباب حکومت ان خداوندان بست و کشاد کو یہ سمجھانے نہیں دیتا کہ وہ قوم کی دولت کو خود قوم ہی کے قتل پر صرف کر رہے ہیں؟ کیا ملک و ملت کی حفاظت کی "مقدس امانت" کا لحاظ اسی طرح کیا جاتا ہے؟

آج دنیا کے ہزاروں کارخانے ہوائی جہاز، گیس کے بمب، کلدار توپیں اور اسی قسم کے دوسرے آلات حرب لاکھوں کی تعداد میں تیار کر رہے ہیں کیا ان اسلحہ ساز کمپنیوں کے مالکوں، ناظموں، اور حصہ داروں کو یہ معلوم نہیں کہ انکا پیسہ موت کی تجارت میں صرف ہو رہا ہے اور ان کی دولت کا بالقوہ منبع لنگڑے، لولے، اندھے، مفلوج، بے حس،

بار بار صلحناموں کی خلاف ورزی کرنا خطرہ سے خالی نہیں اس لئے اس کا سدباب ضروری ہے۔ الغرض کانفرنس جاری رہی اور آخرکار ہٹلر کے سفیر ہرفان ربن ٹراپ نے ہٹلر کی طرف سے ایک تجویز مصالحت کا اعلان کیا جس کے شرائط یہ تھے :۔

(۱) جرمنی، فرانس اور بلجیم کے مابین ایک پچیس سالہ صلحنامہ کہ اس دوران میں ایک ملک دوسرے کے خلاف کوئی کارروائی نہ کرے گا۔ (۲) مغربی فضائی معاہدہ۔ (۳) اخلاقی تخفیف اسلحہ (۴) ایک مشرقی ضمانتی میثاق بشمول لیتھونیا (باستثنا، روس)۔ (۵) جرمنی کی لیگ آف نیشن میں مراجعت بشرطیکہ یہ تمام شرائط منظور کرلی جائیں (۶) بڑے توپخانوں اور ٹینکوں کو ختم کردینا ان کے علاوہ اس تجویز میں یہ تحریک بھی کی گئی تھی کہ نہ صرف جرمنی بلکہ فرانس میں بھی استصواب رائے عامہ کیا جائے۔

اس تجویز صلح کو بغور دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بظاہر تو یہ بہت عمدہ چیز ہے مگر دراصل ڈھول کے اندر پول ہے جنگ عظیم کے بعد یورپین ممالک میں کوئی دو سو مصالحانہ میثاق ہوئے مگر کوئی ایک بھی موثر ثابت نہیں ہوا۔ امدادی میثاق البتہ کارآمد ثابت ہوسکتے تھے اور اسی لئے ہٹلر کو ان کی زیادہ خواہش تھی۔ اس سے فایدہ یہ تھا کہ اس طرح اُسے نہ صرف اپنے دشمنوں میں سے ایک ایک کو ختم کردینے کا موقع تھا بلکہ مغرب کی طرف سے مطمئن ہوکر وہ مشرق کی طرف اپنے ہاتھ پاؤں بڑھا سکتا تھا۔ اخلاقی تخفیف اسلحہ کی تحریک، جس میں فرانس اور جرمنی کے مابین نفرت بڑھانے والی کتابوں کی اشاعت کی بندش بھی شامل تھی ایک ایسے ملک کی طرف سے پیش ہونا جہاں کے نوجوانوں کو دوسروں کے خلاف بھڑکایا جاتا ہو، حیرت انگیز چیز تھی۔ ماہرین کے نزدیک تعدادی بنیاد پر ایک مغربی فضائی معاہدہ اصطلاحی (Technical) ناممکنات میں سے تھا۔ رہ گئے بڑے توپخانے اور ٹینک، سو جرمنی انھیں چیزوں میں سب سے زیادہ کمزور تھا لہذا اس کے لئے یہی بہتر تھا کہ یہ سامان کسی ملک کے پاس نہ رہے۔

اس کے بعد سیاسی مول تول شروع ہوا مگر ہٹلر کا جو مقصد تھا وہ حاصل ہوچکا تھا یعنی رہائن لینڈ پر فوجی قبضہ! البتہ ایک چیز ہٹلر کو خوش نہ آئی اور وہ یہ کہ دول لوکارنو نے ایک قرطاس ابیض شایع کیا کہ برطانیہ، فرانس اور بلجیم میں جرمن جیرہ دستی کے خلاف ایک حفاظتی فوجی اتحاد قایم کیا جائے گا۔ اسی کے بعد تینوں ملکوں کے سپہ سالاروں میں گفت وشنید بھی ہونے لگی۔ بعدہٗ برطانیہ کے وزیر خارجہ، مسٹر اڈن نے ہٹلر کے پاس ایک مراسلہ بھیجا کہ آیا وہ اپنے مشرقی میثاق میں روس کو شامل کرنے کے لئے تیار ہے یا نہیں دوسرے وہ اس امر کے لئے کیا ضمانت دیتا ہے کہ آیندہ صلحناموں کی خلاف ورزی نہ کرے گا۔ یہ سوالات ہٹلر کے پاس اسوقت پہونچے۔ جب یورپ میں ایک تازہ واقعہ سے پھر سنسنی پیدا ہوگئی تھی۔ حبش کا دارالسلطنت عدیس ابابا فتح ہوگیا تھا اور اس کا بادشاہ ہیلی سلاسی اپنے ملک سے بھاگ گیا تھا۔ ہٹلر نے مسٹر اڈن کے اس نوٹ کا آج تک جواب نہیں دیا۔

ستمبر ۱۹۳۶ء میں برطانیہ نے جدید میثاق لوکارنو کی تحریک شروع کی لیکن جرمنی نے جو جواب دیا وہ بہت مبہم تھا جنوری ۱۹۳۷ء میں مسٹر اڈن نے پھر گفت و شنید کرنا چاہی مگر جرمنی نے پھر ٹالدیا۔

اس اثنار میں دو واقعات ایسے ہوئے جس سے دوسری طاقتوں کو تازہ خطرات پیدا ہو گئے:۔

(۱) ۲۵ نومبر ۱۹۳۶ء کو جرمنی اور جاپان نے ایک قسم کے سمجھوتہ کا اعلان کیا۔ یہ سمجھوتہ جو بین الاقوامی اشتراکیت کے خلاف کیا گیا تھا پانچ سال کے واسطے ہوا تھا۔ اس سمجھوتہ کی رو سے جرمنی اور جاپان کی ایک مستقل کمیٹی بنی جسکا کام اشتراکیت کے مقابلہ میں حفاظتی اور تحقیقاتی مشورے کرتے رہنا تھا۔

(۲) اسی دوران میں روم و برلن کے درمیان مفاہمت ہوئی اور ہر چند یہ ہٹلر اور مسولینی کے درمیان کوئی باضابطہ سمجھوتہ نہ تھا مگر چونکہ دونوں ملکوں کی پالیسی اب بالکل ایک ہو گئی تھی۔ اس لئے جرمنی اور اٹلی دونوں اسپین کے جھگڑے میں حصہ لینے لگے اور دونوں نے ایک ہی دن جنرل فرنیکو کی حکومت کو تسلیم کر لیا۔ گورنگ، بلمو برگ اور نیورتھ، روم گئے مسولینی نے خود بھی جرمنی جانے کا اعلان کیا (اور بعد کو گیا بھی۔ اب ہٹلر کے متعلق خبر ہے کہ وہ بھی روما جائے گا)

گو روم باضابطہ طور پر جدید جرمن۔ جاپان معاہدہ میں شریک نہیں ہوا مگر اس سمجھوتہ پر اٹلی میں اظہار اطمینان و مسرت ضرور کیا گیا اور اطالوی وزیر خارجہ نے یہ کہا کہ چونکہ بحر الکاہل سے اٹلی کا کوئی مفاد وابستہ نہیں ہے اس لئے اتنا کہنا کافی ہے کہ اشتراکیت کی مخالفت میں اٹلی جاپان کے ساتھ متحد الخیال ہے۔ دنیا کے تین سرگرم اور اپنی فتوحات کو وسعت دینے والے ممالک، جرمنی، جاپان اور اٹلی کے اس اتحاد نے دنیا کو ایک بار پھر چونکا دیا!

جنگ کئی وجوہ کی بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہٹلر کے لئے جنگ ناممکن ہے۔ یہاں اس مسئلہ پر تھوڑا سا تبصرہ کر دینا بہتر ہوگا!۔ ایک دلیل یہ پیش کی جا سکتی ہے کہ جرمنی کے پاس جنگ کے لئے روپیہ نہیں ہے، ۔لیکن مفلسی نے جنگ کو کبھی نہیں روکا ہے! ——— ہو سکتا ہے کہ روپیہ کی کمی کے سبب سے جنگ کرنے میں دقتیں پیش آئیں مگر ایک ایسے ملک کو جو افلاس کی وجہ سے اپنی جان کی بھی پرواہ نہ کرتا ہو، جنگ کی صورت میں ان ملکوں سے کم ہی نقصان اٹھانا پڑے گا جو کافی دولتمند ہیں چنانچہ اقتصادی بائیکاٹ کے باوجود اٹلی نے حبش میں اپنی جنگ جاری رکھی۔

یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ جرمنی کے پاس جنگ جاری رکھنے کے لئے کافی مقدار میں خام پیداوار نہیں ہے۔ مگر واقعہ یہ ہے کہ جرمنی کے پاس آج خام پیداوار اتنی ہی مقدار میں ہے جتنی کہ ۱۹۱۴ء سے پہلے تھی اور باوجود اپنی تجارت کے مسدود ہو جانے کے وہ ۴ برس تک سرگرمی سے لڑتا رہا۔ تیسری یہ دلیل پیش کی جا سکتی ہے کہ جرمن پارلیمنٹ میں ہٹلر کے مخالفین اب بھی موجود ہیں اور جنگ چھڑ جانے کی حالت میں مزدور طبقہ لڑنے کے لئے تیار نہ ہوگا۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ جرمنی اور روس ایسے ملکوں میں جہاں ایک پارٹی کے علاوہ دوسروں کو ابھرنے نہیں دیا جاتا مخالفوں کی طاقت ہر سال کم ہوتی جاتی ہے اور بقول ایک جرنلسٹ کے کافی پروپیگنڈا کرنے سے ہر چیز اچھی معلوم ہونے لگتی ہے یہانتک کہ

موت بھی!

اس کے علاوہ ہٹلر کے راستہ میں کچھ اور بھی مشکلات حائل ہیں مثلاً آسٹریا اور میمل کا مسئلہ۔ درۂ برنر میں ہٹلر کی فوجوں کو آسٹریا کی طرف بڑھنے سے روکنے کے لئے مسولینی کی افواج موجود رہتی ہیں (مگر اب کابینۂ آسٹریا میں ایک نازی ہم خیال وزیر مقرر ہونے اور اٹلی کے خاموش رہنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہٹلر کا اقتدار آسٹریا کے اندرونی انتظام میں بڑھتا جا رہا ہے اور مسولینی کوئی مداخلت نہیں کرنا چاہتا) میمل میں بھی ہٹلر، پولینڈ سے سمجھوتہ ہونے کی وجہ سے کوئی ہنگامہ نہیں کرنا چاہتا۔ میمل، لوتھینا کی ریاست میں ہے مگر پولینڈ چاہتا ہے کہ لیتھونیا پر بجز اس کے کوئی اور دست تصرف دراز نہ کرے اور ہٹلر یہ چاہتا نہیں کہ اس وقت پولینڈ سے بھی اس کی ٹھن جائے

روس کے ساتھ ہٹلر کی دشمنی اظہر من الشمس ہے۔ ایک مرتبہ تو اُس نے ایک انٹرویو میں یہ کہا تھا کہ ہم کسی مشرقی میثاق میں شامل نہیں ہو سکتے کیونکہ ہمیں یہ کسی حالت میں گوارا نہ ہوگا کہ ہم روس کے ساتھ مل کر کسی دوسرے سے جنگ کریں اور اس قسم کے عہد نامہ پر دستخط کرنے کے بجائے، میں مرجانا زیادہ پسند کروں گا۔

لیکن جب ہم تصویر کے دوسرے رُخ پر نظر ڈالتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ جرمنی، جنگ کے لئے ہر طرح کا سامان تیار کر رہا ہے مثلاً جرمن فوج کی تنظیم اور فضائی بیڑہ میں اضافہ۔

دوسرے یہ کہ جرمنی کی یہ خواہش کہ مشرق یا وسط یورپ میں اس کے مقبوضات بڑھ جائیں، صرف جنگ ہی کی صورت میں پوری ہو سکتی ہے۔

تیسرے یہ کہ آسٹریا میں جرمنی کی ریشہ دوانیاں، لیتھونیا کے خلاف دھمکیاں، سوئٹزرلینڈ، ہالینڈ، رومانیا، یوگوسلیویا غرضکہ ہر جگہ جرمن باشندوں کی سازشیں، بجائے خود ثابت کر رہی ہیں کہ نازی کیا چاہتے ہیں۔

چوتھے یہ کہ نازی تحریک نے جو دراصل ایک فوجی تحریک ہے ملک میں ایسی جنگی اسپرٹ پیدا کر دی ہے جسکا ہر وقت عملی صورت میں مظاہرہ ہو سکتا ہے خواہ ہٹلر چاہے یا نہیں ـــــ اس کے علاوہ کیا یہ نہیں ہو سکتا کہ ۵ برس کے بعد لیتھونیا، جرمنی کا حبش بن جائے؟

اس وقت جرمنی کی پالیسی صرف یہی نہیں ہے کہ جنگ عظیم میں اُس نے جو کچھ ضایع کر دیا ہے اُسے پھر حاصل کرے بلکہ وہ یہ چاہتا ہے کہ اُس سے بھی زیادہ مل جائے۔ نازی تحریک کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ تمام جرمن اقوام ایک ہو جائیں جس کے معنی یہ ہیں کہ آسٹریا، اور پھر زکوسلیویکا، سوئٹزرلینڈ، ڈنمارک، ہالینڈ اور شاید اطالوی ٹرال اور ڈنیزگ کے جرمن سب ملکر ایک جدید متحدہ جرمنی کے اجزا بن جائیں۔ جرمنی کو اپنی سلطنت وسیع کرنے کی یہ خواہش اسوجہ سے نہیں ہے کہ اس کی پیدائش کی رفتار زیادہ ہو رہی ہے بلکہ اس وجہ سے کہ وہ دنیا کے ملکوں میں اپنے وقار کو زیادہ بڑھانا چاہتا ہے حقیقت یہ ہے کہ جرمنی میں پیدائش کی رفتار بجائے زیادہ ہونے کے کم ہوتی جا رہی ہے چنانچہ تازہ ترین اعداد و شمار کا حساب

لگانے سے اندازہ کیا جاتا ہے کہ (موجودہ جرمن حدود کے اندر) ۱۹۷۵ء میں اس کی آبادی صرف ۶۴ کروڑ ۹۰ لاکھ رہ جائے گی حالانکہ اسوقت اس کی آبادی ۶ کروڑ ۵۰ لاکھ ہے۔ رہا یہ مسئلہ کہ دوسرے ملکوں پر قبضہ کرکے وہاں جرمن آبادی کی کھپت کی جائے گی سو اس کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ ۱۹۱۴ء میں تمام جرمن نوآبادیات میں جرمنوں کی مجموعی آبادی تقریباً ۲۵ ہزار تھی جو اور ملکوں کو چھوڑ کر صرف پیرس میں بسنے والے جرمنوں کی آبادی سے بھی کم تھی!

معاہدہ ورسیلز میں جرمنی کے ساتھ جو ناانصافیاں کی گئی تھیں ان کا ازالہ، ہٹلر کے برسر اقتدار ہونے سے قبل ہی ہونے لگا تھا۔ جمہوریت ویمر میں بیرونی فوجی اقتدار ختم کر دیا گیا تھا، اسٹریس مان کے ماتحت رہائن لینڈ سے بیرونی افواج چلی گئی تھیں اور برونگ و پیپن کے عہد میں تاوان جنگ کی ادائگی بھی بند ہوگئی تھی۔ پیپن شلیشر کے عہد حکومت میں اتحادیوں نے یہ بھی تسلیم کر لیا تھا کہ فوجی قوت میں جرمنی دوسرے ملکوں سے برابری کر سکتا ہے۔ ہٹلر نے اس سلسلہ کو چیریہ فوجی بھرتی، سار پر قبضہ اور عہد نامۂ ورسیلز کی دفعات کی مذمت کرکے جاری رہنے دیا ہے مگر اس کی پالیسی کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسولینی اُس سے خوش نہیں (اب ایسا نہیں معلوم ہوتا) ڈنمارک اُس سے ناراض ہے، اور ہالینڈ اور سوئٹزرلینڈ اُس سے بگڑے ہیں۔ اُس نے فرانس کو اپنے خلاف متحد کر دیا ہے۔ کیونکہ فرانس کا داہنا بازو جرمنی سے متنفر ہے اور بایاں ہٹلر سے، اُس نے آسٹریا کو اُس وقت اپنے سے الگ کر دیا جب اُسے اُس کی گود میں ہونا چاہئے (معلوم نہیں آیندہ کیا صورت پیدا ہو) اُس نے روس، فرانس اور یورپ کی چھوٹی ریاستوں کو اپنے خلاف متحد کرایا اور سب سے بڑھکر یہ کہ روس کو جمعیتہ اقوام میں داخل کرا دیا۔

ایک چیز کا البتہ اُس نے خیال رکھا، وہ یہ کہ انگلستان کی دوستی کو ہاتھ سے نہیں کھویا۔

بہرحال، جرمنی، یورپ کے لئے ایک معمہ بنا رہا ہے۔ بہترین صورت یہ ہے کہ جرمنی کو طاقتور بننے کا موقع دیا جائے، مگر بہت زیادہ طاقتور نہیں۔ جرمنی کو اُس کا کھویا ہوا وقار مل جانا چاہئے لیکن اگر جرمنی اتنا طاقتور ہوجائے کہ اپنی سابقہ شکست کے عوض میں دوسری جنگ لڑنا چاہے تو ——؟ بہرحال دو چیزیں صاف ہیں۔ جرمنی ہی یورپ میں ایک عالمگیر جنگ کے شعلے بھڑکا سکتا ہے، دوسرے یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ ہٹلر کے کیا ارادے ہیں

۱۹۱۴ء کے موسم گرما اور ۱۹۳۵ء کے موسم خزاں کا اگر مقابلہ کیا جائے تو بہت سی باتیں ملتی جلتی نظر آئیں گی ولیم ثانی کے گرد بھی ایک سازشی گروہ تھا، ہٹلر کے پاس بھی ہے، ولیم ثانی، "چمکتی ہوئی زرہوں" کی باتیں کیا کرتا تھا، ہٹلر بھی اپنے ہتھیاروں کی سلامتی کی دعا مانگتا ہے، ولیم ثانی نے اپنے بحری بیڑہ سے برطانیہ کو چیلنج دیا تھا۔ گوئرنگ اپنے فضائی بیڑے سے چیلنج دے رہا ہے، لارڈ ہالڈین ۱۹۱۲ء میں برلن کسی مقصد کو ساتھ لیکر آئے تھے اور ۱۹۳۵ء میں سر جان سائمن آئے۔

مگر خود ہٹلر، جنگ سے بیزاری کا اظہار کرتے ہوئے کہتا ہے :- "یورپ میں ایسا کوئی مسئلہ نہیں ہے جو جنگ کو حق بجانب قرار دے سکے۔ میں بالکل پاگل نہیں ہوں۔ جنگ سے کوئی بات طے نہ ہوگی بلکہ معاملات اور زیادہ خراب ہو جائیں گے۔ اس سے ہماری نسلوں کا خاتمہ ہو جائے گا اور وہ وقت آجائے گا کہ ایشیا اور بالشویزم، یورپ میں حکومت کرنے لگیں ------ مجھے گھر پر بہت کام کرنا ہے ------ کیا تم واقعی یہ سمجھتے ہو کہ میں ایک نئی جنگ چھیڑ کر اپنے کام کو خراب کر دوں گا"

حقیقت یہ ہے کہ اگر بغیر جنگ کئے اس کا مقصد حاصل ہو جائے تو ہٹلر واقعی جنگ نہیں چاہتا اور یہ بھی اصلیت ہے کہ وہ جنگ کے لئے تیار نہیں ـــــ ابھی!

ہٹلر کے مشیرانِ امور خارجہ

یہاں پر نہایت مختصر الفاظ میں ہٹلر کے مشیران امور خارجہ کا کچھ ذکر مناسب ہوگا۔

بیرن فان نیورتھ ـــــ جرمنی کا سرکاری وزیر امور خارجہ۔ نیورتھ تازی نہیں ہے۔ مگر پریسیڈنٹ ہنڈنبرگ نے ہٹلر کو چنسلر مقرر کرتے وقت اُس سے یہ اصرار کیا تھا کہ نیورتھ، کابینۂ جدید میں وزیر خارجہ رہے گا۔ غالباً ہنڈنبرگ کا اس سے یہ مقصد تھا کہ اس طرح نازی پالیسی کی انتہا پسندی پر ایک قسم کی بندش عاید رہے گی لیکن جب ہٹلر کو نیورتھ سے سابقہ پڑا تو مقدم الذکر کو وہ بہت عمدہ آدمی معلوم ہوا اور وہ نیورتھ کے فیصلوں کی بڑی قدر کرنے لگا۔ یہی وجہ ہے کہ ابھی تک نیورتھ کو کوئی گزند نہیں پہونچا ہے۔ دوسرے نیورتھ کے خیالات خواہ ہٹلر سے دوسری باتوں میں مختلف ہوں مگر ایک مسئلہ پر دونوں متفق الرائے ہیں یعنی یہ کہ برطانیہ سے دوستی رکھی جائے۔

فان ربن ٹراپ ـــــ جرمن سفیر متعینہ لندن، ہٹلر کا امور خارجہ میں خاص مشیر کار ہے۔ ربن ٹراپ ہی نے جون ۱۹۳۵ء میں اُس جرمن وفد کی قیادت کی تھی جس نے انگریزی۔ جرمنی بحری معاہدہ پر دستخط کئے تھے۔

یہ معاہدہ کئی وجوہ سے بہت اہم تھا! (۱) اس صلحنامہ کی رو سے برطانیہ نے جرمنی کو از سر نو بحری بیڑہ تیار کرنے کی اجازت دیدی اور جرمنی کو اس کی اجازت ملگئی کہ وہ برطانیہ کے بحری بیڑہ کی ایک تہائی تعداد کے برابر اپنا بیڑہ تیار کر سکتا ہے یعنی بحری قوت کے معاملہ میں جرمنی اور فرانس مساوی کر دئے گئے۔ (۲) یہ معاہدہ برطانیہ، فرانس اور اٹلی کے مبینہ 'متحدہ محاذ' کے اعلان کے بعد ہوا ہے اس لئے اس 'متحدہ محاذ' سے جو امیدیں قایم ہوئی تھیں وہ ختم ہوگئیں۔ (۳) برطانیہ نے عین اُس زمانہ میں جبکہ وہ جرمنی پر ایک 'غیر قانونی' بری فوج قایم کرنے کا الزام لگا رہا تھا اُسے ایک 'قانونی' بحری فوج قایم کرنے کی اجازت دیدی جس سے جرمنوں نے یہ سمجھا کہ برطانیہ کی طرف سے دوستی کا یہ اچھا مظاہرہ ہے۔

ربن ٹراپ نے انگلستان اور سوئٹزرلینڈ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی ہے اور انگریزی و فرانسیسی بلا تکلف

بولتا ہے اور اسی وجہ سے ہٹلر اس کی بہت زیادہ قدر کرتا ہے۔

فان پیپن — سابق چنسلر ہٹلر کا سفیر خاص متعینہ آسٹریا ہے۔ پیپن کے دو خاص دوست اور ساتھی جن میں سے ایک کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ اس کی تقریر تیار کرتا تھا خاص اسی کے دفتر میں نازیوں کے ہاتھوں مارے گئے مگر پیپن نے سکوت کے ساتھ اس کو برداشت کیا اور اب نازی حکومت ہی کی طرف سے آسٹریا میں جرمنی کا سفیر ہے۔

روزن برگ فلسفی روزن برگ، اُمور خارجہ کا ماہر ہے اور ہٹلر کا خاص آدمی۔ وہ ہٹلر کے اخبار ڈالکشی بوباختر، کا اڈیٹر، اور نازی پارٹی کے سیاسی شعبۂ خارجہ کا افسر ہے۔ ایک چیز "روزن برگ اسکیم" کے نام سے مشہور ہے۔ یہ اسکیم مشرق میں جرمن مقبوضات بڑھانے کی اسکیم ہے جس کی ہٹلر نے آج تک تردید نہیں کی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ہٹلر اپنے خیالات، روزن برگ سے ہی لیتا ہے۔

مالیات جرمنی خیال یہ ہے کہ جرمنی کی اقتصادی حالت پہلے سے بہت بہتر ہوگئی ہے مگر حقیقت غالباً یہ نہیں ہے۔ ۱۹۳۴ء کے آخر میں جرمن بیکاروں کی تعداد ۱۸۰۰۰۰۰ تھی۔ ۱۹۲۹ء کے مقابلہ میں جو مالی حالت کے اعتبار سے جنگ عظیم کے بعد جرمنی کا بہترین سال تھا یہ تعداد صرف ۶ لاکھ زیادہ ہے! جرمن مصنوعات ۱۹۳۰-۲۹ء کے برابر ہیں۔ ۱۹۲۹ء میں جرمن اشیاء برآمد کی آمدنی ۱۳ ارب تھی۔ ۱۹۳۳ء میں ان کی آمدنی صرف ۵ ارب رہ گئی اور ۱۹۳۴ء میں ۴ ارب ۸ الاکھ ۷۰ ہزار! جرمنی کی صنعت و حرفت خاص کر اس کی بیرونی تجارت پر منحصر ہے مگر وہ بھی جرمن طلائی سکہ کی قیمت بڑھ جانے اور دوسرے ملکوں میں اشیاء درآمد پر مختلف بندشوں اور بین الاقوامی بائیکاٹ کی وجہ سے گھٹنے لگی۔

مگر پھر بھی جرمنی کو درآمد کا سلسلہ جاری رکھنا ضروری تھا کیونکہ اُسے خام پیداوار کی سخت ضرورت تھی۔ اُسے ریشم، ربر، نکل، ٹین، تانبہ، کرومیم وغیرہ درکار تھے اور ان چیزوں کو کچھ نقد اور کچھ ادھار کرکے اس نے کافی مقدار میں خرید کیا مثلاً جرمن اسٹیل ٹرسٹ نے ۱۹۳۳ء میں ۲۰۹۰۰۰ ٹن سوئٹزرلینڈ کا لوہا خریدا تھا مگر ۱۹۳۴ء میں اسی کمپنی نے ۸۰۰۰۴ ٹن خریدا۔ ۱۹۳۲ء اور ۱۹۳۵ء کے درمیان خام نکل (جو سامان جنگ کے لئے ضروری ہے) اس نے سہ چند خریدا۔ اس کے علاوہ زرعی ترقی اور زرعی پیداوار بڑھانے کی بھی ہر ممکن کوشش کی گئی تاکہ جنگ کی صورت میں اگر سامان خورد و نوش کی بندش ہوجائے تو ملک پر اثر نہ پڑے۔ مزید براں ہر سعی بلیغ اس امر کی بھی کی گئی کہ ایک چیز دوسری چیز سے نکالی جائے مثلاً بُرادہ سے شکر اور آٹا، لکڑی اور کوئلہ سے گیسولین، کیمیاوی ریشوں سے کپڑا اور کوئلہ سے مکھن وغیرہ۔ ملازموں کو مجبور کیا گیا کہ وہ اپنی تنخواہوں سے "فضائی تحفظ" اور مزدوروں کی انجمنوں کو چندہ دیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ نوکروں کی تنخواہیں چندوں کی بھرمار سے مستقلاً کم ہوگئیں۔

لیکن پھر بھی حکومت کو اتنی مدوں میں روپیہ خرچ کرنا تھا کہ حساب سمجھ ہی میں نہیں آتا تھا۔ حکومت کو اشیاء درآمد

کی قیمت بھی دینا تھی، بے روزگاری دور کرنے کے لئے مختلف تعمیری اسکیموں میں روپیہ بھی خرچ کرنا تھا، تجدید اسلحہ کے واسطے الگ روپیہ درکار تھا اور پھر ملک کا معمولی بجٹ بھی تیار ہونا تھا اور یہ سارا کام ہٹلر کے مشہور مالیات ڈاکٹر شاسٹ (Schacht) کو کرنا تھا۔ غیر ملکوں میں اندازہ کیا گیا تھا کہ صرف اسلحہ سازی کی مد میں جرمنی ۶۰۰۰۰۰۰۰ پاؤنڈ ہر سال خرچ کرتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اتنا روپیہ کیونکر اور کہاں سے آتا ہے؟ بتایا جاتا ہے کہ شاسٹ نے دو ترکیبیں کی ہیں۔ پہلے تو اُس نے روز کا کام چلانے کے لئے بنکوں، اور بیمہ کمپنیوں وغیرہ سے قرض لینا شروع کیا یہ ایک طرح کا زبردستی کا قرض تھا اور اس کے معاوضہ میں قرض دینے والی کمپنیوں کو صرف ایک سرکاری تمسک مل جاتا تھا کہ ہم نے تم سے اتنا قرض لیا ہے۔ اس کے علاوہ اُس نے سابقہ سرکاری قرضوں کی شرح سود گھٹا کر بھی آمدنی میں کچھ اضافہ کیا۔ ان تمام کارروائیوں کے معاوضہ میں حکومت نے عوام کو یقین دلایا کہ وہ یہ سب کچھ ملک کے تحفظ اور قیام امن کے لئے کر رہی ہے حالانکہ روپیہ جنگ کی تیاری میں صرف ہوتا تھا۔

مگر واقعہ یہ ہے کہ شاسٹ خواہ غیر ملکیوں کے تجارتی نقطۂ نگاہ سے ایماندار آدمی نہ ہو لیکن جرمنی کی مالی حالت سنبھالنے میں اُس نے بہت مدد کی اور اُس نے جرمنی کو دنیا کی تاریخ میں کامیاب ترین "دیوالیہ" بنا دیا۔ جرمن تجارتی کمپنیاں، انگلستان، امریکہ، فرانس اور اسکنڈینیویا وغیرہ کی قرضدار ہیں اور ان ممالک کے تاجر جرمنی کو اپنے ملکوں کی پیداوار بھیجتے ہیں لیکن شاسٹ نے ان سے کہا کہ تم ہماری چیزیں بھی خریدو ورنہ ہم اپنا قرض نہیں ادا کر پائیں گے کیونکہ ہمیں اگر روپیہ ملیگا ہی نہیں تو تمھیں دیں گے کہاں سے۔ شاسٹ مسلسل کئی مرتبہ قرضوں کی جزوی ادائی کے التوا کا اعلان کرتا رہا اور ساتھ ہی یہ دھمکی بھی دی کہ ہمارا کاروبار نہ چلا تو ہم ادائی سے قطعاً انکار کر دیں گے۔

بہرحال ان قرضوں سے جرمنی اپنے سامان جنگ میں اضافہ کرتا رہا اور اُس کے آئندہ دشمن مثلاً فرانس، روس اور انگلستان وغیرہ قرض دے دے کر اس کی امداد کرتے رہے۔ سب سے زیادہ لطف کی بات اُسوقت ہوئی جب دسمبر ۳۴ء میں انگلستان کے بنک نے یہ فیصلہ کیا کہ جرمنی کو ساڑھے سات لاکھ پونڈ قرض دئے جائیں تاکہ وہ اپنے پرانے تجارتی قرضوں کو ادا کر سکے ـــــ اور سات منٹ میں آبنائے انگلستان عبور کر کے لندن پر گولہ باری کرنے والے ہوائی جہاز تیار کرلے!

سامان تجارت کے تبادلہ کے سلسلہ میں بھی شاسٹ بہت کامیاب رہا۔ اُسے ریاستہائے بلقان سے خام پیداوار خریدنے کی ضرورت تھی مگر نقد روپیہ پاس نہ تھا۔ چنانچہ وہ ان ریاستوں کے دارالحکومتوں میں پہونچا اور یہ سمجھوتہ کر لیا کہ جرمنی ان کی تمباکو، روئی اور معدنیات خرید کرے گا مگر بجائے نقد روپیہ کے ان کے معاوضہ میں جرمنی اپنے مصنوعات دے گا۔ بلقان کے اکثر بڑے بڑے تاجروں کا روپیہ جرمنی میں پھنسا تھا، شاسٹ نے کہا کہ ان

روپیوں کی ادائی بھی وہ بذریعہ تبادلۂ مصنوعات (خصوصاً گولی، بارود وغیرہ) کریگا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بلقان کی بعض ریاستیں مثلاً یونان نے اپنی تمباکو کے عوض جرمنی کے کارتوس اور بارود وغیرہ لینا شروع کر دیا۔ اس طریقہ سے ریاستہائے بلقان میں جرمنی کا سیاسی اور اقتصادی اثر پھیلنے لگا۔ اس کے بعد شاشٹ نے یہ کیا کہ تبادلہ میں جو مصنوعات وہ حاصل کیا کرتا تھا انھیں بجائے جرمنی لانے کے کسی دوسرے ملک کے بندرگاہ بھجواتا اور وہاں نقد سکوں کے عوض میں انھیں فروخت کرکے نقدی حاصل کرتا۔ اس روپئے سے وہ ان ملکوں سے سامان خریدتا جو تبادلہ کی تجارت اس سے نہیں کرتے تھے!

شاشٹ کی مختصر سوانح حیات

شاشٹ ۱۸۷۷ء میں پیدا ہوا اور جرمنی کی متعدد یونیورسٹیوں میں تعلیم پائی سب سے پہلے وہ ایک معمولی کلرک کی حیثیت سے ملازم ہوا مگر اسکی قابلیت کا پتہ ڈائرکٹروں کو تھوڑے ہی عرصہ میں چل گیا اور وہ بہت جلد ترقی پاتے ہوئے اسی بنک کا ڈپٹی ڈائرکٹر بنا دیا گیا۔ اس کے بعد وہ ایک دوسرے بنک کا ڈائرکٹر مقرر کیا گیا۔

سنہ ۲۳ء میں جب جرمن 'مارک' (سکہ) کی ساکھ بگڑ گئی تو اسے کرنسی کمشنر مقرر کیا گیا اور اس نے دوسرا سکہ جاری کرکے جرمن کرنسی میں بدنظمی نہیں پیدا ہونے دی۔ اس کے بعد اسے وزارت مالیات پیش کی گئی مگر جب اس نے یہ عہدہ قبول کرنے سے انکار کر دیا تو جرمن بنک کی صدارت پیش کی گئی جسے اس نے منظور کر لیا۔ سنہ ۳۰ء میں اس نے اس عہدہ سے استعفا دیدیا مگر مارچ سنہ ۳۳ء میں ہٹلر نے اسے پھر اسی جگہ پر متمکن کر دیا۔ اسے ۳ لاکھ مارک سالانہ تنخواہ ملتی ہے جو جرمنی میں سب سے بڑی تنخواہ ہے۔ اسے وزارت اقتصادیات بھی آسانی سے مل سکتی تھی مگر اسے غالباً اس نے اس وجہ سے نہیں منظور کیا کہ اس کی تنخواہ صرف ۳۸ ہزار مارک سالانہ تھی۔

شاشٹ، گوئیلس اور پارٹی کے بائیں بازو کو نہیں پسند کرتا ہے، اسے اس کا بھی احساس ہے کہ یہودیوں کے خلاف جہاد کرنے سے ملک کی بیرونی تجارت کو نقصان پہونچیگا چنانچہ ایک مرتبہ اس نے اپنی تقریر میں اپنے خیالات کا کچھ اظہار بھی کر دیا تھا مگر گوئیلس نے اس تقریر کو شایع نہیں ہونے دیا۔

ضرورت ہے

نگار جنوری و اپریل تا دسمبر سنہ ۳۴ء — جون سنہ ۳۵ء — مئی، جولائی و اگست سنہ ۳۶ء — فروری و ستمبر سنہ ۳۷ء کے پرچوں کی اگر کوئی صاحب علیحدہ کرنا چاہیں تو دفتر میں اطلاع دیں۔

منیجر نگار

ادب اور دنیا کا مستقبل[1]

ادب ہماری زندگی کا وہ متحرک اور لرزاں آئینہ ہے جس میں انسانی زندگی کا مقصد، انسانوں کی شخصیت، اُنکے رنج وغم، اُن کی ہنسی خوشی اور اُن کے تمام دوسرے احساسات اور خیالات کی تصویریں دیکھی جا سکتی ہیں جسطرح آئینہ ہمیں دھوکا نہیں دیتا کہ ہمارے چہرے کے داغ اور دھبے ہم سے چھپالے اُسی طرح سچا ادب بھی ہماری زندگی کی حسین اور قبیح حقیقتوں کو بے نقاب کرکے دنیا کے سامنے پیش کرتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ آئینہ بالکل دھندلا ہو اور عکس اُس میں صاف دکھائی نہ دے، ادب پر اس طرح کے پردے ڈال دئے گئے ہوں کہ وہ ہماری سچی ترجمانی نہ کرے مگر جس کو ہم حقیقی ادب کہتے ہیں اُس کا فرض یہی ہے کہ جس دور میں ہمارے سماج کی جو حالت رہی ہے اُس کا سچا نقشہ ہمارے سامنے لائے اور آنے والی زندگی کی پر پیچ منزلوں کی طرف رہنمائی کرے۔ اگر ادب نے یہ نہ کیا بلکہ سچائیوں سے جان بچا کر ہمیں تخیلی روحانیت اور دور از کار تصوف کی طلسمی دنیا میں ہمیں گم کردہ منزل بنا دیا یا دور دور کی باتوں میں ہمیں بھلائے رکھا تو گویا اُس نے اپنی وہ بڑی خدمت انجام نہیں دی جو اُس کے سپرد تھی۔

ادب کی ہمہ گیری کے سلسلہ میں صرف اتنا کہہ سکتا ہوں کہ ادب کو دنیا کی وہ آنکھ ہونا چاہئے جو ہمارے نظام معاشرت کے تار تار سے گزر جائے، ادب کو دنیا کا وہ دل ہونا چاہئے جس پر کائنات کے دکھ درد کا ہر راز فاش ہو!

اب وہ زمانہ نہیں رہا کہ کتابیں صرف دلچسپی کے لئے لکھی اور پڑھی جائیں بلکہ اُن سے اب ہم اپنی زندگی بنانے اور انسانیت کو سنوارنے کا کام لیتے ہیں۔ ادب فنونِ لطیفہ کا کوئی بے معنی اور نیم شعوری تصور نہیں بلکہ ہمارا وہ حربہ ہے جس پر ہم بھروسہ کر سکتے ہیں۔ ادیب اور مصنف اگر زندگی کی مشکلوں سے بھاگنے والے انسان نہیں ہیں، اگر ماضی کے پرستار نہیں ہیں، اگر محدود معلومات کے لوگ نہیں، اگر عصبیت کا شکار نہیں ہیں تو وہ بڑی بڑی سیاسی انجمنوں سے زیادہ کارآمد ہیں، وہ بڑی بڑی مذہبی اور اصلاح پسند جماعتوں سے زیادہ مفید ہیں۔

اسوقت میں آپ کا کچھ وقت یہ بتانے میں لینا چاہتا ہوں کہ صرف ادب اور ادب کے پرستار ہی وہ کام

---

[1] یہ مضمون انجمن ترقی پسند مصنفین کی دوسری ہندوستانی کانفرنس میں پڑھا گیا۔

کر سکتے ہیں جو کوئی اور جماعت نہیں کر سکتی۔ ایک سیاست دانوں کی انجمن ملکی مفاد، طبقات کی جنگ اور اُن ذاتی مسائل پر غور کرے گی جن کا تعلق کسی ایک خاص جماعت یا زیادہ سے زیادہ کسی ایک خاص ملک سے ہے۔ وہاں وطن پرستی کا اتنا جوش ہوتا ہے کہ دوسرے ملکوں کے انسان انسان ہی نہیں معلوم ہوتے۔ جاپان بدھ مذہب کے فلسفہ کا قائل ہونے کے باوجود، اہمسا کے اُصول کا مدعی بن کر، اپنی روزانہ کی زندگی میں قابلِ قدر انسانی دوستی دکھا کر بھی چین میں بسنے والوں کے خون سے کھیل سکتا ہے۔ ملکی سیاستیں قومیت اور وطنیت کے محدود تخیل کا شکار ہیں۔ اُن کو انسانوں سے ہمدردی نہیں بلکہ اپنے ملک سے ہمدردی ہے اور اپنے ملک میں بھی صرف اُن لوگوں سے جو ایک خاص طرح سے زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں۔ ہٹلر کے جرمنی میں یہودیوں کو کوئی جگہ اس لئے نہیں مل سکتی کہ وہ نازیت کے ماننے والے نہیں ہیں، اُن کی رگوں میں وہ سُرخ خون نہیں ہے جو آریہ نسل کے جرمن باشندوں کے لئے ضروری ہے۔

یہی حال اُن انجمنوں کا ہے جن کی بنیاد مذہب پر ہے۔ چونکہ اُن کے یہاں کسی ایک خاص مذہب یا مسلک کے متعلق برتری کا خیال قایم کر لیا جاتا ہے اس لئے وہ بھی اختلافات کی جانب تیزی سے رہنمائی کرتی ہیں اور وحدتِ انسانیت کا وہ خواب جو ہمیشہ دنیا کے بڑے بڑے سوچنے والوں نے دیکھا ہے کبھی پورا نہیں ہوتا۔ وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ مذہبی انجمنیں اور محدود ملکی سیاسیات سے دلچسپی رکھنے والی جماعتیں سماج کی بڑھتی ہوئی پیچیدگیوں کا اندازہ نہیں لگاتیں بلکہ دنیا کو اپنے تیار کئے ہوئے سانچے میں ڈھالنا چاہتی ہیں لیکن اس کے برعکس ادبی مصنفین کا ایک ایسا گروہ جو درحقیقت انسانوں کی مادی اور روحانی ضرورتوں کا احساس رکھتا ہے، ان محدود اور گھرے ہوئے تصورات سے بہت آگے جاتا ہے۔ وہ تمام انسانوں کے عام جذبات کی ترجمانی کر کے، عوام میں نئی صلاحیتیں اور نئی قوتیں پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے، وہ ایسے سوچنے والوں اور لکھنے والوں کا گروہ ہوتا ہے جس کے سامنے ہندوستان کے عوام، روس کے عوام یا امریکہ کے عوام نہیں ہوتے بلکہ تمام دنیا کے انسان ہوتے ہیں۔ ادیب ساری دنیا کے لوگوں کے محسوسات میں سے وہ مشترک جذبات تلاش کر لیتا ہے جس کے اثر سے کائنات لرز رہی ہے۔ اس لئے میں نے پہلے کہا ہے کہ ادیبوں سے ہم کو جو امید ہو سکتی ہے وہ کسی سیاسی انجمن سے ممکن نہیں۔ لیگ آف نیشنز (League of Nations) کے لئے یہ ممکن ہے کہ وہ ابی سینیا پر اٹلی کا قبضہ دیکھ کر ایک بزدل کتے کی طرح بھونک بھونک کر خاموش ہو جائے مگر ایک سچا ادیب، ایک ترقی پسند لکھنے والا اسکے خلاف سب سے پہلے آواز اُٹھائے گا کیونکہ یہ غلامی انسانیت کی توہین ہے۔ جنرل فرنیکو اور اسپینی جمہوریت پسندوں کی لڑائی میں "کمیٹی عدم مداخلت" (Non-Intervention Committee) دھکیاں دیدیکر اور سیاسی بازی گری دکھا دکھا کر رہ جائے مگر ایک ادیب اسے خاموشی سے نہیں دیکھ سکتا۔ ایسی مثالیں آپ کو

بہت ملیں گی کہ جب وطن اور مذہب کے اجارہ دار ظلم و جور کی دراز دستیوں پر سر جھکائے ہوئے بیٹھے تھے تو ادیبوں نے مظالم کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی۔ میں پھر دُہراتا ہوں کہ ترقی پسند ادیبوں کی ایک بین الاقوامی انجمن وہ سب کچھ کر سکتی ہے جو کسی اور سے ممکن نہ ہو سکا ـــ دوسرے الفاظ میں اسے یوں سمجھئے کہ ہمیں ایک عالمگیر ادب چاہئے یہ نہ سوچئے کہ اسکے لئے ایک عالمگیر زبان کی ضرورت ہو بلکہ اس سے یہ مراد ہے کہ ہر کتاب کو اُن خیالات اور جذبات، اُن ارادوں اور اُن مقاصد کا آئینہ دار ہونا چاہئے جو تمام بنی نوع انسان کی ملک ہیں۔ ہر کتاب میں انسانوں کی وہ پاکیزہ آرزو شامل ہونی چاہئے جو آزادی حاصل کرنے کے لئے بیچین ہے۔ زندگی جن تکالیف سے بھری ہوئی ہے اور سماج اور قانون نے جو پابندیاں ہم پر عاید کر دی ہیں اُن سے نفرت ہر انسان کے سینہ میں کسی نہ کسی وقت ظاہر ہوتی ہے، اُصولِ زندگی کے بلند تر نظریوں کے حاصل کرنے کا شوق ہر ترقی پسند انسان کے یہاں پیدا ہوتا ہے اس لئے عالمگیر ادب وہی ہے جو ان تمام جذبات کو اپنے یہاں جگہ دے جو ساری دنیا کے آدمیوں کو اپنی نظر کے سامنے رکھے، جب وہ کچھ پیش کرے تو کسی ایک ملک کے انسانوں کے لئے نہیں بلکہ ساری دنیا کے اُن تمام انسانوں کے لئے جو زندگی کی مصیبتوں سے جنگ کر کے ان پر فتح حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اگر اس وقت ہم دُور دُور کی باتوں کو نظر انداز کر کے اپنا دائرۂ خیال چھوٹا کر دیں تو صاف الفاظ میں یوں کہہ سکتے ہیں کہ ہمیں زیادہ تر اُن موضوعات پر لکھنا چاہئے جن میں دنیا کے تمام انسان ضروریات اور جذبات کے لحاظ سے مشترک ہیں۔ دنیا کے کس حصہ کے باشندے ہیں جو بھوک لگنے پر بھوک سے بیچین نہیں ہوتے؟ کون غریب ہے جو سرمایہ دار کے مظالم سے پریشان نہیں ہو جاتا؟ کون شخص ہے جو سماج اور قانون کی بیجا پابندیوں سے گھبرا کر چیخ نہیں اُٹھتا؟ کون غلام ملک ہے جو زنجیروں کا بوجھ محسوس کر کے اُسے توڑنے کی کوشش نہیں کرتا۔؟ یہ وہ مشترک جذبات ہیں جو کسی ملک تک محدود نہیں بلکہ ہر جگہ موجود ہیں۔ جہاں ایسی فضا پیدا ہو جائے وہاں ادیبوں کا فرض ہے کہ صرف انھیں موضوعات کا انتخاب کریں جو دبے ہوئے طبقہ سے اتنی ہمدردی پر مبنی ہوں کہ وہ اپنے دبانے والوں سے بغاوت پر آمادہ ہو جائیں۔ اگر ادیب نے ایسا نہیں کیا تو اُس نے وہ خدمت ہی انجام نہیں دی جس کی اُس سے امید ہے۔

ہمارے ذاتی اور ملکی اختلافات کتنے ہی ہوں، ہمارے طرزِ معاشرت میں ایک دوسرے سے کتنا ہی فرق ہو ہمارے مذہبی اختلافات کی خلیج کتنی ہی وسیع ہو، ہمارے صدیوں کے جھگڑوں نے کوئی شکل اختیار کر لی ہو مگر ادب کا فرض ہے کہ ان تمام چیزوں سے بلند ہو کر، تمام انسانوں کی زندگی میں وہ مرکزی اور بنیادی مناسبت تلاش کرے جس سے کوئی ملک اور کوئی طبقہ خالی نہیں۔ جس روز ادب نے اتنی وسعت اختیار کر لی وہی دن انسانیت کی فتحمندی کا دن ہوگا۔ ادب ہمارے خیال اور شعور میں گہرائی پیدا کر کے، ہمارے احساسات کو انسانی ہمدردی کے سانچہ میں ڈھال کر ہمارے دلوں میں یہ جذبہ پیدا کرتا ہے کہ ساری دنیا انسانوں کی ہے، یہ انسانوں کے خون اور

گوشت سے بنی ہے اور انسان اس کی مٹی اور نباتات سے پیدا ہوئے ہیں۔ میکسم گورکی ایک موقعہ پر تمام دنیا کے انسانوں کو ایک بتاتے ہوئے لکھتا ہے کہ "ادب ہم سے بتاتا ہے کہ چین کا رہنے والا ہن ٹوائے (Hen Tsay) عشق و محبت میں گرفتار ہو کر اُسی کرب اور بے چینی کا شکار ہے جیسے ہسپانوی ڈان جوآن (Don Juan)، ایک حبشی عاشق رنج و مسرت کے وہی گیت گاتا ہے جو ایک فرانسیسی عاشق، مینن لسکاٹ اور ایک جاپانی رقاصہ کی محبت میں ایک ہی سا درد ہوتا ہے۔ ایشیا میں بھی ایک خونی اسی طرح قابل نفرت ہے جیسے یورپ میں ------ ہر ملک میں مذہبی ریاکاروں کی کیفیت ایک سی ہے ــــ زندگی کے وہ بے رحم اختلافات جو افراد، طبقات یا اقوام میں دشمنی اور نفرت کا بیج بوتے ہیں ادب کے نزدیک صرف ایک پرانی غلطی پر مبنی ہیں۔ انسانوں کے شریف ارادے ایسی غلطیوں کو مٹا سکتے ہیں۔"

ادب پر سرمایہ پرستوں کا قبضہ نہیں ہونا چاہئے۔ ادب کو کسی طبقہ کی ملک نہیں ہونا چاہئے کیونکہ اُسکو ساری دنیا کے لئے لکھنا ہے۔ اُس کا مقصد ہی یہی ہے کہ وہ قوموں، ملکوں اور جماعتوں کے باہمی جھگڑوں کو ہمیشہ کے لئے مٹا دے۔ یہ صحیح ہے کہ ہندوستان ایک غیر تعلیم یافتہ ملک ہے اور یہ کمی ترقی پسند ادیبوں کے ارادوں میں روڑے اٹکائے گی مگر اس خیال سے یہ شریف ارادہ ہی ترک کر دینا ہمت کی کمی کا اظہار کرتا ہے۔

ہم کو تمام دنیا کے انسانوں کو ایک کرنے پر لگ جانا چاہئے کیونکہ ہم جتنی دیر کرتے جائیں گے وہ خوشنما مستقبل ہم سے دور ہوتا جائے گا جس کے ہم آرزومند ہیں۔ امریکہ کی (International Relations Society) انٹرنیشنل ریلیشنز سوسائٹی نے کوئی تین سال ہوئے ایک سوال شایع کیا تھا کہ آنے والی دُنیا کو پُرامن بنانے کے لئے دنیا کے نوجوان کیا کر سکتے ہیں؟ یورپ اور امریکہ کی بہت سی یونیورسٹیوں کے طلباء نے جوابات بھیجے تھے۔ بلغاریہ کے کسی طالب علم نے لکھا تھا کہ ہمیں یعنی نوجوانوں کو کسی شہنشاہی جنگ میں حصہ لینے اور فوجوں میں بھرتی ہونے سے انکار کر دینا چاہئے۔ یہ جواب اس وسیع انسانی تصور پر مبنی ہے جس کا ذکر میں کر رہا ہوں۔ دنیا کا مستقبل خوشگوار بنانے کے لئے اسی طرح کے مضبوط ارادوں کی ضرورت ہے اور اگر ساری دنیا کے ادیب دنیا کو ترقی کے راستہ پر لگانے کا اسی طرح ارادہ کر لیں تو انسان، انسان کو غلام نہ بنائے، سرمایہ دار مزدور کا خون نہ چوسے، سماج کے ٹھیکہ دار وہ مظالم روا نہ رکھیں جنھیں وہ اپنا حق سمجھے ہوئے ہیں۔

میکسم گورکی، آگے بڑھکر ایک جگہ پر پھر لکھتا ہے کہ:- "اس موجودہ دور میں جب انسانی برادری اور سماجی اشتمالیت کا خیال کھلے طور پر حقیقت اور ضرورت میں تبدیل ہو رہا ہے ہم پر فرض ہے کہ ہم اس کوشش

میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھیں کہ عالمگیر اخوت کا صحت بخش خیال پوری سرعت سے تکمیل کو پہونچ کر عوام کے دل و دماغ میں داخل ہو جائے۔"

عزیز دوستو! آج یہیں یہ مستقل عزم کر لو کہ جو کچھ لکھو گے وہ انسانیت کو اُبھارنے کے لئے لکھو گے، غلاموں کو آزاد کرانے کے لئے لکھو گے، اُن تمام زنجیروں کے توڑنے کے لئے لکھو گے جو ترقی کی طرف جانے سے روکتی ہیں۔ پھر تمھیں خود نظر آئے گا کہ آج کی دنیا جو افلاس، بھوک، بیکاری اور غلامی سے کراہ رہی ہے کس طرح امن و سکون کا گھر بن جاتی ہے!

احتشام رضوی ماہلی ایم۔اے

آپ کے فایدہ کی بات

اگر حسب ذیل کتابیں آپ علٰحدہ علٰحدہ خرید فرمائیں گے تو حسب ذیل قیمت ادا کرنا پڑے گی اور محصول علاوہ بریں

گلستان	جمالستان	ترغیبات جنسی	شہاب کی سرگزشت	استفسار و جواب ہر سہ جلد
دو روپیہ	چار روپیہ	تین روپیہ	ایک روپیہ	نو روپیہ

معرکۂ سخن	مکتوبات نیاز	اُردو شاعری	ہندی شاعری	میزان کل
ڈھائی روپیہ	ڈھائی روپیہ	دو روپیہ	ڈیڑھ روپیہ	ستائیس روپیہ آٹھ آنے

لیکن

اگر یہ تمام کتابیں ایک ساتھ طلب فرمائیں تو صرف بیس روپیہ میں مل جائیں گی اور محصول بھی ہمیں ادا کریں گے

منیجر نگار لکھنؤ

فنِ خطابت اور اہلِ عرب

ملکۂ تقریر و تحریر نے تہذیب و تمدن کی دنیا میں ہمیشہ بڑے بڑے انقلاب پیدا کئے ہیں اور ترقی علوم و فنون بڑی حد تک اس کی ممنون ہے

خطابت عربوں کے مایۂ ناز فنون میں سے ہے اور دنیا میں مشکل سے کوئی قوم اس باب میں ان کا مقابلہ کرسکتی ہے۔ عرب اگرچہ جاہل تھے لیکن وہ فطری طور پر بڑے زبان آور اور فصیح البیان واقع ہوئے تھے، قدرت نے اُن کو جذبات اور ادراکات کے اظہار پر ایسی قوت عطا فرمائی تھی جس کی مثال اُس زمانہ کی بڑی سی بڑی شائستہ و متمدن قوم میں نہیں ملسکتی

زبان کا اُن کو فطرتاً ذوق تھا، ہر طرف سخن سنجی اور سخن فہمی کا بازار گرم تھا، اُن کے کسی قبیلہ میں جب کوئی نیا شاعر یا خطیب پیدا ہوتا تھا تو ہر طرف سے مبارکباد کے پیغام پہونچتے تھے عورتیں رقص و سرود کے جلسے کرتی تھیں اور سارے قبیلہ میں خوشیاں منائی جاتی تھیں

زبان اور اُسکی تدریجی ترقی جس طرح قوم کی زندگی کے ارکان، مذہب، علوم، عادات و اخلاق، رسم و رواج وغیرہ ہیں اُسی طرح زبان بھی ہے

جب سے انسان ہے اُسی وقت سے زبان بھی پائی جاتی ہے، انسان کی آبادی جس قدر زمین کے وسیع رقبہ میں پھیلتی گئی اُس کی زبان بھی وسیع ہوتی گئی اور ایک دوسرے سے مختلف تا اینکہ اب بے شمار زبانیں نظر آتی ہیں۔

ابتدا میں کونسی زبان رائج تھی اس کا کوئی قطعی جواب نہیں دیا جاسکتا، ہر زبان کا حامی یہ ثابت کرنیکی کوشش کرتا ہے کہ اُسی کی زبان "اُم الالسنہ" ہے لیکن فیصلہ دشوار ہے۔

مذہبی طبقہ کا خیال ہے کہ زبان کی پیدائش "منجانب اللہ" ہے، افلاطون، ابن فارس اور علماء اشعریہ کا بھی یہی مذہب ہے مگر دوسرے گروہ کا یہ خیال ہے کہ زبان الہامی نہیں بلکہ وضعی ہے، یہ ابوعلی فارسی، ابن جنی اور علماء معتزلین کی رائے ہے

حامیان نظریۂ ارتقاء کا بھی یہی خیال ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جس طرح جانور حرکتوں اور اشاروں کے ذریعہ سے

ایک دوسرے کا مطلب سمجھ لیتے ہیں۔ ٹھیک اُسی طرح انسان ابتداءً اشاروں اور مختلف حرکتوں سے اپنا مافی الضمیر ظاہر کرتا تھا، پھر رفتہ رفتہ جب اُس نے ترقی کی تو وہی اشارے "آواز" میں اور پھر آواز "الفاظ" میں تبدیل ہوئی یہاں تک کہ انھیں الفاظ سے باقاعدہ زبان پیدا ہوگئی اور یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے

عربی زبان کی مختصر تاریخ دنیا کے انقلابات کی وجہ سے عربی زبان نے بھی بڑے بڑے پلٹے کھائے، چنانچہ اگر موجودہ عربی زبان کا، زمانۂ جاہلیت کی زبان سے مقابلہ کیا جائے تو بڑا فرق نظر آئے گا۔ اسلام سے قبل چونکہ عربوں میں تصنیف و تالیف کا رواج نہ تھا اس لئے زبان عربی کی تاریخ آفرینش کا پتہ نہیں چلتا اور نہ یہ صحیح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ یہ کس زبان سے نکلی ہے

اس زبان کی تدوین کا خیال سب سے پہلے حضرت علی کو پیدا ہوا، وجہ یہ ہوئی کہ اسلام کی کثرت فتوحات نے جب تمام دنیا پر اپنا سکہ بٹھا دیا اور عرب و عجم میں ارتباط کے نئے نئے سامان پیدا ہوئے تو اُس کا اثر زبان پر بھی پڑا اور لوگوں کو اس بات کا اندیشہ پیدا ہوا کہ عربی زبان بہت جلد مختلف زبانوں کی آمیزش سے بگڑ کر ایک نئی صورت اختیار کرلے گی۔ اس موقع پر حضرت علی پہلے شخص ہیں جنھوں نے اپنے تتبع اور استقراء سے چند قواعد لکھے اور ابوالاسود دوئلی کو حکم دیا کہ وہ اسی نہج پر عربی زبان کے قواعد کی تدوین کریں چنانچہ انھوں نے اس مہتم بالشان کام کا آغاز کیا اور اسی بنیاد پر بعد کو اور عمارتیں کھڑی کی گئیں

بنو امیہ اور بنو عباس کے عہد میں جوں جوں علوم و فنون مدون ہوتے گئے اُسی قدر زبان بھی ترقی کرتی گئی، دوسری زبانوں سے منطق، فلسفہ، ریاضی اور ہیئت وغیرہ کی کتابوں کے ترجمے کئے گئے، اُن کی اصطلاحات اور اُن کے مطالب ادا کرنے کے لئے دوسری زبانوں سے الفاظ مستعار لئے گئے، انتظام ملکی اور نظم و نسق سلطنت کے لئے نئے نئے عہدے اور مناصب قایم کرنے پڑے جن کے متعلق بہت سے الفاظ کا اضافہ ہوا

گزشتہ صدی کے وسط میں جو انقلاب عربی زبان پر آیا وہ پچھلے انقلابات سے کم نہ تھا، مصر و شام میں علوم جدیدہ کا سیلاب اس زور سے آیا کہ کسی کو اتنی فرصت بھی نہ ملی کہ اُن کے لئے اصطلاحات علمیہ وضع کرلیتے اس لئے انگریزی جرمنی، فرانسیسی اصطلاحات کے بہت سے الفاظ عربی زبان میں داخل ہوگئے

اس زمانہ میں عربی زبان کے اندر جو اضافہ ہوا وہ دو قسم کا ہے، ایک تو وہ جو دوسری زبان سے عربی میں داخل ہوئے جیسے تلغراف، بنطلون، پروجرام، دابور، فونوغراف وغیرہ دوسرے وہ جو علوم جدیدہ، نئے آلات و ایجادات کے لئے خود زبان عربی کے الفاظ ان معانی کے مقابلہ میں پیدا ہوگئے، جیسے جریدہ، مجلہ، مدیر، کلیۃ، رسمیۃ اور وسام وغیرہ۔

خطابت کی تعریف خطابت ایک طبعی چیز ہے، انسان ابتدائے آفرینش سے اپنے تمدنی و معاشرتی ضروریات

کے سمجھنے اور سمجھانے میں اپنا مافی الضمیر زبان سے ادا کرنے پر مجبور ہے، لغوی معنے کے اعتبار سے ہر ایسے کلام کو جو دوسروں کو سمجھانے کے لئے کیا جائے "خطابت" کہتے ہیں۔ لیکن اصطلاح میں اُس فن کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ سے یہ معلوم کیا جا سکے کہ ایک خطیب اپنی تقریر کو کن طریقوں سے موثر بنا سکتا ہے اور اپنے دعویٰ کو کس طرح سامعین کے دلوں پر بٹھا سکتا ہے، علامہ "ابن رشد" نے اپنی کتاب "تلخیص الخطابۃ" میں اُسکی تعریف کی ہے کہ:۔ "خطابت اور خطاب لغت میں اُس کلام کو کہتے ہیں جو دوسروں کو سمجھانے کے لئے کیا جائے مگر حکماء کی اصطلاح میں اُس فن کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ سے دوسروں کو تمام اصناف کلام میں حتی الامکان مطمئن کیا جا سکے"

علامہ "ابن اثیر" نے اپنی کتاب "المثل السائر" میں بیان کیا ہے کہ ہر شخص کسی علم کو پڑھکر اپنے آپ کو اُس علم کی طرف منسوب کر سکتا ہے، لیکن ایک شخص خطیب و کاتب اُسوقت تک نہیں ہو سکتا جب تک وہ تمام علوم پر حاوی نہ ہو، اس فن کا موضوع کوئی خاص چیز نہیں کوئی چھوٹے سے چھوٹا مسئلہ اور بڑے سے بڑا قضیہ ایسا نہیں جو اُسکے وسیع دائرۂ علم سے خارج ہو، کوئی ذہنی یا محسوس چیز ایسی نہیں جس پر خطابت کا زور نہ چلتا ہو، اس لئے ضروری ہے کہ خطیب کا دماغ ہر قسم کے معلومات کا خزینہ ہو

خطابت و صحافت کا فرق

قوت گویائی سب لوگوں میں یکساں نہیں پائی جاتی، کسی میں یہ قوت زیادہ ہوتی ہے اور کسی میں کم، بعض لوگ فطرتاً فصیح البیان اور زباں آور ہوتے ہیں اور بعض معمولی سی معمولی بات بھی ادا نہیں کر سکتے مگر اچھے انشا پرداز ہوتے ہیں، بعض محض خوش تقریر ہوتے ہیں مگر قوت صحافت ان میں بالکل مفقود ہوتی ہے، بعض ایسے ہوتے ہیں جن میں تقریر و تحریر دونوں صفتوں میں سے کوئی صفت نہیں پائی جاتی اور بعض ایسے ہوتے ہیں جن کو ان دونوں میں کافی ملکہ حاصل ہوتا ہے

علامہ ابو ہلال عسکری نے اصناف رجال کی اسی تفصیل کو بتاتے ہوئے خطیب کو مندرجۂ ذیل اُصول پر عمل پیرا ہونے کی تاکید کی ہے:۔

"جو شخص اچھی تقریر نہ کر سکتا ہو اس کے لئے خاموش رہنا زیادہ بہتر ہے، لیکن جو شخص خوش بیان ہو اس کو اعتدال اختیار کرنا چاہئے، کیونکہ طوالت بیان لوگوں کو مکدر کر دیتی ہے اور لمبی چوڑی تقریریں کرنے والے بہت کم ایسے ہیں جو لغزشوں سے محفوظ رہیں" (کتاب الصناعتین صفحہ ۱۵)

اسباب خطابت

غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ عربوں میں مندرجۂ ذیل وجوہ کی بنا پر خطابت کا بہت زور و شور تھا۔

۱۔ عرب زیادہ تر ناخواندہ تھے اس لئے لازمی طور پر بجائے تحریر کے تقریر اُن کے لئے زیادہ مفید و کارآمد تھی۔

۲۔ عرب فطرتاً فصیح و بلیغ اور بڑے زبان آور تھے قومی اور ملکی نظم و نسق میں جب اُنھیں ضرورت پیش آتی تو وہ فوراً تقریر سے کام لیتے تھے

۳۔ عرب پہلے چھوٹے چھوٹے قبیلوں اور جماعتوں کی حیثیت سے زندگی بسر کرتے تھے اس لئے تقریر کے موقع پر وہ آسانی سے ایک جگہ جمع ہو جایا کرتے تھے،

۴۔ عرب میں پہلے ڈاک وغیرہ کا سلسلہ نہ تھا اس لئے دور دراز مقامات پر پیغامات وغیرہ بھیجنے کے لئے وفود بھیجے جاتے تھے جس میں رئیس الوفد عموماً تقریر کے ذریعہ سے لوگوں کو پیغامات پہونچاتا تھا

۵۔ عربوں میں کشت و خون کا بازار ہمیشہ گرم رہتا تھا، ان موقعوں پر جوش و ہمت دلانے کے لئے تقریر کرنے والے کی سخت ضرورت ہوا کرتی تھی

آداب خطابت

لوگوں کو کسی حقیقت کے سمجھانے اور کسی مسئلہ کے متعلق مطمئن کرنے کے لئے ایک خطیب کو اپنے خطبہ میں جن باتوں کے ملحوظ رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے وہ مندرجۂ ذیل ہیں:۔

(۱) خطیب کے لئے بہت ضروری ہے کہ وہ موقع و محل کو اچھی طرح سمجھ لے کہ یہاں کس قسم کے لوگ جمع ہیں؟ اُن کے طبائع کا میلان کس طرف ہے؟ اُن کے خاص خاص جذبات و احساسات کیا ہیں؟ اُن کو کن کن طریقوں سے بیدار کیا جا سکتا ہے؟ کبھی وہ اپنے مقصد پر سنجیدگی سے روشنی ڈالے اور موثر پیرایہ میں سامعین کے مردہ جذبات کو برانگیختہ کرے اور کبھی جرح و قدح، زجر و توبیخ کے پہلو سے ان کے احساسات کو ٹھیس لگائے۔

قوم و ملک میں سیاسی زندگی اور قومی روح پیدا کرنی ہو تو خطیب کو سیاست اور قومی روایات سے بخوبی واقف ہونا چاہئے تاکہ وہ سمجھ سکے کہ قوم اور ملک کے احساسات اور جذبات کیونکر برانگیختہ کئے جا سکتے ہیں؟ اُن کے دلوں میں قوم پرستی، حب وطن کے شریف جذبات کیونکر راسخ کئے جا سکتے ہیں؟ اُس کے موثر طریقے کیا ہیں؟ اور اُن کو کیونکر کام میں لانا چاہئے؟

انسان چونکہ فطرتاً تقلید پرست واقع ہوا ہے اس لئے اُس کے اخلاق و عادات کو اپنی جگہ سے ہٹانا کچھ آسان کام نہیں، قومی روایات اور قومی سرمایہ کی حفاظت کا انسان کو سب سے زیادہ خیال ہوتا ہے، یہانتک کہ وہ اُن لوگوں سے لڑنے مرنے پر تُل جاتا ہے جو اُس کے قومی روایات میں کوئی تغیر یا ترمیم کرنا چاہتے ہیں۔

ہر زمانہ اور ہر قوم کے سیاست داں حتیٰ کہ وہ لوگ بھی جو سب سے زیادہ استبداد پسند ہوتے ہیں اپنی اپنی قوموں کے تخیلات و اعتقادات کا ہمیشہ احترام کرتے ہیں اور حتی الامکان اُن کے خلاف عمل پیرا ہونے سے گریز کرتے ہیں، اُن کے خیال میں بھی یہ بات نہیں آتی کہ وہ لوگوں کے خیالات و اعتقادات کو پس پشت ڈال کر فرض قیادت انجام دے سکیں گے، اگر وہ ایسا کریں تو ان کی ساری عزت خاک میں مل کر رہ جائے، یہی وہ چیز ہے جو

جو زمانہ کے خطباء اور انسانی فطرت کے نبض شناسوں نے ہمیشہ قومی جذبات کے مشتعل کرنے میں پیش نظر رکھی ہے۔

(۲) خطیب کو بہادر اور بلند آواز کا ہونا چاہئے، اُس کو چاہئے کہ وہ اپنا انداز بیان مدعیانہ اور متحکمانہ رکھے، جو کچھ بیان کرنا ہو پورے وثوق اور انتہائی قطعیت کے ساتھ کہے، اگر اُسے کسی عقیدہ کو سامعین کے دلوں میں راسخ کرنا ہے تو اُس کو چاہئے کہ وہ اپنا عقیدہ سننے والوں پر اس طرح ظاہر کرے کہ وہ خود اُس کا حد درجہ یقین رکھتا ہے۔ "شاید" "غالباً" "ممکن ہے" اور اسی طرح کے دوسرے الفاظ جن سے مقرر کا شک وشبہ ظاہر ہوتا ہو، دعویٰ کی قوت کو ضعیف کر دیتے ہیں

اسی طرح اپنے دعوے کو دلائل و براہین کے ساتھ پیش کرنا ہی سامعین کو اس بات کی دعوت دینا ہے کہ وہ محل نقد و نظر ہیں اور ظاہر ہے کہ نظریات خواہ کتنے ہی قوی ہوں بدیہیات کا مقابلہ نہیں کر سکتے

مقرر اپنے خیالات کے اظہار میں شک و تذبذب کے الفاظ اور عقلی دلایل و براہین سے جتنا زیادہ گریز کرے گا اُسی قدر اپنی تقریر میں زیادہ کامیاب ہوگا، دنیا کے بڑے بڑے سیاست داں اور بانیان مذاہب جب کسی قوم کے احساسات کو برانگیختہ کرنا چاہتے ہیں یا کسی عقیدہ کو رواج دینا چاہتے ہیں تو ہمیشہ اسی مدعیانہ طرز بیان کا خیال رکھتے ہیں

آنحضرت صلعم کے رضاعی باپ حضرت حلیمہ کے شوہر جب مکہ تشریف لائے تو قریش نے کہا "کچھ سنا ہے تمہارا بیٹا کہتا ہے کہ لوگوں کو مر مر کر پھر جینا ہوگا" انھوں نے آنحضرت صلعم سے پوچھا، آپ نے نہایت پرجوش لہجہ میں فرمایا "اگر وہ دن آیا تو میں آپ کا ہاتھ پکڑ کر بتا دوں گا کہ جو کچھ میں کہتا تھا سچ تھا" یہ سُنکر وہ فوراً مسلمان ہو گئے، ان فقروں کا اثر اُن پر عمر بھر رہا، وہ کہا کرتے تھے کہ "میرا بیٹا میرا ہاتھ پکڑ کر جنت میں پہونچائے گا"[1]

اسی طرح جب کفار قریش نے آکر حضرت ابو طالب سے شکایت کی "کہ اب تک ہم آپ کا خیال کرتے رہے اب معاملہ حد سے تجاوز کر چکا ہے، محمدؐ ہمارے بتوں کو بُرا بھلا کہتے ہیں اور ہم کو اُن کی عبادت سے روکتے ہیں یا تو آپ اُنھیں روک دیجئے یا خود بیچ سے علٰحدہ ہو جائیے تاکہ ہم اور وہ آپس میں نپٹ لیں" حضرت ابو طالب نے سرور عالم صلعم کو بلا کر فرمایا "اے برادر زادے! مجھ پر اتنا بوجھ نہ ڈال جو میری طاقت سے باہر ہو" آنحضرت نے اُسوقت ایک پرجوش وقار اور پرعظمت اولوالعزمی کے ساتھ فرمایا:-

یا عم! واللہ لو وضعوا الشمس فی یمینی	چچا جان! خدا کی قسم اگر یہ لوگ میرے داہنے ہاتھ میں آفتاب

[1] اصابہ تذکرۂ حارث ج ۱۲

والقمر فی یساری علی ان اترک ہذا الامر، ماترکتہ، حتی یظہر اللہ تعالیٰ او اُھلک فیہ
(سیرت حلبیہ جلد اول صفحہ ۲۸۷)

اور بائیں میں ماہتاب لاکر رکھدیں تاکہ اس فریضہ کی تبلیغ سے باز آجاؤں تب بھی میں نہ چھوڑونگا تاوقتیکہ خدا اپنے دین کو سب پر غالب کرے یا میں اسی کوشش میں قربان نہ ہوجاؤں۔

حضرت ابوطالب پر اس جواب کا بڑا اثر ہوا انھوں نے ایک پر ہیبت لہجہ میں فرمایا۔ "جاؤ تمھارا جو جی چاہے کرو، خدا کی قسم میں تمھیں کسی حالت میں کفار کے سپرد نہ کروں گا" اور پھر یہ شعر پڑھا:۔

واللہ لن یصلوا الیک بجمعہم حتیٰ اوسد فی التراب دفینا

خدا کی قسم وہ تمھاری طرف ہرگز نہیں پہونچ سکتے جب تک کہ میں مٹی میں نہ ملا دیا جاؤں

(۳) خطیب کو چاہیے کہ حتی الامکان اپنے مافی الضمیر کو ایسے سادہ مثالوں اور تشبیہات کے ذریعہ سے ظاہر کرے جو سامعین کے سامنے اُس کا ایک موثر نقشہ کھینچ دیں ورنہ تقریر گو کتنی ہی بلیغ ہو سامعین پر اُسکا خاک اثر نہ ہوگا۔

اس عنوان کے ماتحت علامہ جاحظ اور ابوہلال عسکری نے بہت سے دلچسپ قصے لکھے ہیں جن میں سے ایک درج ذیل ہے:۔

ابوعلقمہ نحوی مشکل اور مغلق الفاظ بولنے کا عادی تھا، اُس پر کبھی کبھی مرگی کا دورہ ہوا کرتا تھا ایک مرتبہ وہ بصرہ میں کسی سڑک پر جارہا تھا کہ یک بیک اُس پر دورہ پڑا، اور وہ سڑک کے کنارہ گر پڑا، لوگ اُس کے چاروں طرف جمع ہوگئے اور اُس کے کانوں میں اذان دینے لگے۔ جب اُس کو ہوش آیا تو وہ یہ کہتا ہوا اُٹھ کھڑا ہوا۔

مالکم تکاکئون علیّ کانکم تکاکئون علی ذی جنۃ افرنقعوا عنی

تم لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ تم مرے پاس اس طرح جمع ہوگئے جیسے لوگ آسیب زدہ کے پاس جمع ہوتے ہیں مرے پاس سے چلے جاؤ

(کتاب البیان والتبیین جزء اول صفحہ ۲۰۲)

(۴) خطیب کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ خطبہ دیتے وقت اس بات کا خاص طور سے خیال رکھے کہ لوگ اُسکی تقریر سننے سے اُکتا نہ جائیں کیونکہ جب سامعین کسی تقریر سے اُکتا جاتے ہیں تو مقرر خواہ کیسے ہی خطیبانہ پیرایہ میں تقریر کررہا ہو اس کی آواز پر کان نہیں دھرتے۔

ایک ماہر علم موسیقی کی خوش الحانی اُسی وقت تک لطف دیتی ہے جب تک وہ ایک خاص حد میں رہے حد سے بڑھ جانے کے بعد وہی ترنم ریز آواز جو پہلے دلکش اور بھلی معلوم ہوتی تھی کانوں کو گراں اور ناگوار گزرنے لگتی ہے۔

ایجاز و اختصار بلاغت کی جان ہے، طوالت بیان بذات خود کلام کے اثر کو گھٹا دینے والی چیز ہے، مثلیں،

کہاوتیں اور مقولات جو زبان زد عوام ہوتے ہیں اُن کی خصوصیت مشترکہ یہ ہوتی ہے کہ اُن کا مفہوم وسیع ہوتا ہے لیکن الفاظ کا شمار بہت ہی محدود۔

جس چیز کو علمار ادب "آمد" سے تعبیر کرتے ہیں اُس کا اہم جز اختصار ہے، طوالت بیانی میں ہمیشہ آورد اور تصنع کی جھلک نظر آتی ہے۔ ایجاز میں جو سحر ہوتا ہے وہ تطویل میں قائم نہیں رہ سکتا۔

(۵) خطیب کو اپنے حرکات و سکنات کا بھی بہت خیال رکھنا چاہئے، مثلاً اُس کی آواز معتدل ہو یعنی نہ اتنی پست ہو جس کو لوگ سن نہ سکیں، نہ اتنی بلند اور کرخت جس سے لوگ نفرت کریں، زبان صاف اور شستہ ہو، دل قوی اور مضبوط ہو، تقریر کرتے وقت اُس کے ہاتھ پاؤں نہ کانپیں، آواز میں رعشہ پیدا نہ ہو، چہرے کی رنگت نہ بدلے، دل میں دھڑکن ہوتی ہو نہ داڑھی میں بار بار کھجلی

روزمرہ کا تجربہ ہے کہ جب ہم ایک خاص طرز سے اپنے بعض اعضار جسم میں تغیرات پیدا کر لیتے ہیں تو بغیر کسی ہیجان خارجی کے اُن آثار جسمانی کے تناسب ایک احساسی کیفیت از خود پیدا ہو جاتی ہے، تھیٹر اور سینما میں کام کرنے والے وہ ایکٹر اور ایکٹرس جو جذبات کی تصویر، حرکات و سکنات کے ذریعہ سے پیش کرتے ہیں اور اُن جذبات و کیفیات کو واقعتاً اپنے اوپر طاری کر لیتے ہیں وہی اپنے مقصد میں زیادہ کامیاب ثابت ہوتے ہیں۔

مثلاً کوئی شخص اپنی زبان اور جسمانی نقل و حرکت سے دلیری اور بہادری کا نمونہ دکھانا چاہتا ہے، یا کسی بے کس اور غم زدہ کا پارٹ کرنا چاہتا ہے تو اُن جذبات کے ادا کرنے میں وہ ایکٹر زیادہ کامیاب ثابت ہوگا جس کے دل میں واقعی تھوڑی دیر کے لئے شجاعت، جوانمردی یا غم و الم کی کیفیت پیدا ہو جائے

کسی جادو بیان مقرر کی تقریر میں جس طرح اُس کے الفاظ تیر و نشتر بنکر دل میں اُترتے ہیں، ٹھیک اُسی طرح اُس کی آواز، حرکات و سکنات، اشارات و کنایات کا بھی اثر پڑتا ہے، کلام پر زور دینے کے لئے ہاتھوں سے اشارہ کرنا جوش کے موقعوں پر مٹھیاں بند کر کے زور سے ہاتھوں کو ہلانا عموماً ہر مقرر میں پایا جاتا ہے

زمانۂ قدیم سے فن خطابت میں اشاروں کے استعمال پر بھی زور دیا جا رہا ہے اور آج بھی اس فن کی جہاں باقاعدہ تعلیم دی جاتی ہے، وہاں انتخاب الفاظ اور اُس کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ ساتھ اشاروں کے استعمال کی بھی باقاعدہ تعلیم ہوتی ہے

انھیں باتوں کو علامہ ابو ہلال عسکری نے "کتاب الصناعتین" میں بالتفصیل بیان کرتے ہوئے لکھا ہے "اگر کسی خطیب کو دوران تقریر میں اطمینان قلب نصیب نہ ہو تو وہ دہشت اور خوف کی وجہ سے کبھی اپنے اظہار خیال میں کامیاب نہیں ہو سکتا

جب مقرر سامعین کی عظمت سے زیادہ متاثر ہو جاتا ہے تو اُس کی قوت شعور ماند پڑ جاتی ہے، قوت تحقیق

تنقید معطل ہو جاتی ہے، غور و تحقیق کا مادہ سلب ہو جاتا ہے اور اُس کے حواس بجا اور درست نہیں رہتے۔ وہ جو کچھ دیکھتا ہے حاضرین کی آنکھوں سے دیکھتا ہے، جو کچھ سنتا ہے اُنھیں کے کانوں سے سنتا ہے یہاں تک کہ وہ گلوگرفتہ ہو جاتا ہے اور ایک لفظ بھی زبان سے نہیں ادا کر پاتا

حضرت عثمانؓ خطبۂ خلافت دینے پہلی مرتبہ جب ممبر پر تشریف لائے تو حمد و ثنا کے بعد کچھ بیان نہ کر سکے اور صرف یہ کہکر ممبر پر سے اُتر آئے۔

ان الذین کانا قبلی کانا یعدان لہذا المقام مقالاً، وانتم الی امام عادلٍ احوج منکم الی امام قائل	یہ شک مجھ سے پہلے جو دو حضرات (ابوبکر اور عمر) گزرے ہیں وہ پہلے ہی سے اس جگہ کے لئے خطبے تیار کرلاتے تھے لیکن تم کو خطیب امام کے بہ نسبت عادل امام کی زیادہ ضرورت ہے۔

(کتاب الصناعتین صفحہ ۱۵)

اسی طرح خراسان میں ایک شخص بڑی آن بان اور جوش و خروش کے ساتھ خطبہ دینے کے لئے ممبر پر آیا لیکن وہ جو کچھ کہنا چاہتا تھا بھول گیا، اور صرف یہ شعر پڑھکر نیچے اُتر آیا۔

لئن لم اکن فیکم خطیباً فانی بسیفی اذا جدّ الوغی لخطیب	اگرچہ اسوقت میں فرض خطابت تمھارے سامنے انجام نہ دے سکا۔ خیر، اُسوقت جب جنگ چھڑ جائے گی تو میں اپنی تلوار سے اس فرض کو پورا کروں گا۔

(کتاب الصناعتین صفحہ ۱۵)

لیکن یہی خاموشی اور گلوگرفتگی اگر خوف اور دہشت کی وجہ سے نہ ہو بلکہ جذبات کی فراوانی سے متاثر ہو کر خطیبانہ پیرائے میں ظاہر ہو تو مجمع پر بڑا اچھا اثر پڑتا ہے

سکندر اعظم کا جب انتقال ہوا اور جنازہ مجمع کے سامنے لایا گیا تو ہر طرف سناٹا چھایا ہوا تھا، لوگ سیاہ لباس میں ملبوس، گردن جھکائے کھڑے ہوئے تھے، اُن کے دلوں پر خوف اور دہشت طاری تھی، اتنے میں اُن میں سے ایک شخص آگے بڑھا، اس نے سر اُٹھایا، گرد و پیش نظر ڈالی اور ایک سانس لی، ایسا معلوم ہوا کہ ان سیاہ پوش ماتمیوں کے نظارے نے اُس کے دل پر کوئی خاص اثر کیا اور وہ کچھ نہ کہہ سکا، کچھ دیر کے بعد اُس نے مجمع کی طرف چشم باز آنکھوں سے دیکھا، ہونٹوں کو کسی قدر جنبش ہوئی اور آہ کے ساتھ ملے جلے یونانی زبان کے کچھ الفاظ سنائی دئے جس کے مفہوم کو عرب کے مشہور شاعر ابوالعتاہیہ نے اپنے اس شعر میں نظم کیا ہے:-

وکانت فی حیاتک لی عظاۃً وانت الیوم اوعظ منک حیاً	تیری زندگی ہمارے لئے نصیحت تھی، لیکن آج تیری موت تیری زندگی سے زیادہ ہمارے لئے باعث عبرت ہے

(کتاب الصناعتین صفحہ ۱۲)

اس متاثرانہ طرز ادا نے مجمع میں ایک عام بے چینی اور اضطراب کی لہر دوڑا دی، دیکھا تو حاضرین کی آنکھوں سے آنسو ٹپک رہے تھے

خطابت کی اثر اندازی

قوت گویائی خدا کی عطا کردہ نعمتوں میں سب سے بڑی نعمت ہے، اُسی کی وجہ سے انسان کو دیگر مخلوقات پر برتری حاصل ہے، وہی قوموں کے اخلاق سدھارتی ہے، عیوب کی اصلاح اور مفاسد کا سدباب کرتی ہے، وہی دلوں میں جوش وخروش، دماغوں میں ولولے اور بازوؤں میں قوت پیدا کرتی ہے، اور دم بھر میں انقلاب برپا کر دیتی ہے۔

خطباء ہمیشہ قوم وملک کے جذبات واحساسات سے کھیلتے رہتے ہیں، وہ کبھی اپنے قطرہائے اشک کے سیلاب میں اُنھیں ڈبو دیتے ہیں اور کبھی اپنے برق صفت تبسم سے اُن کے خرمن سکون وراحت کو جلا کر خاکستر کر دیتے ہیں، وہ کبھی اپنی پرجوش تقریروں سے قلب وروح کو تڑپاتے ہیں اور کبھی اپنی جادو بیانیوں سے ساری قوم کو اپنے ذاتی اغراض ومقاصد کی قربانگاہ میں بھینٹ چڑھا دیتے ہیں

دراصل اثر پذیری نفس انسانی کا فطری خاصہ ہے ہم بعض چیزوں کو بسا اوقات صرف اسوجہ سے تسلیم کر لیتے ہیں کہ یہی دوسروں کے بھی خیالات ہیں، خواہ یہ نفس انسانی کی کمزوری ہی کیوں نہ ہو مگر یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اس خاصہ نفس کا اثر حیات اجتماعیہ پر بہت کچھ ہوتا ہے

خطباء اس صفت سے اُس وقت زیادہ فایدہ اُٹھاتے ہیں جب افراد قوم ایک انبوہ کی شکل میں جمع ہو جاتے ہیں اور اُن کی ذاتی رائے اور آزادی رخصت ہو جاتی ہے، پھر اُن کو اس سے بھی غرض نہیں رہتی کہ جس مقصد کے لئے وہ متاثرانہ شان سے بیتاب نظر آرہے ہیں، کس قسم کا ہے، بلکہ اسقدر مسحور ہو جاتے ہیں کہ اپنی جان تک کی پرواہ نہیں کرتے اور ہر عزیز سے عزیز چیز کی قربانی کرنے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں

شکسپیر کی روایت کے مطابق جولیس سیزر جب قتل ہو چکا تو بروٹس مع دیگر قاتلوں کے پلیٹ فارم پر آیا اور اسباب قتل پر ایک شاعرانہ تقریر کی جس کا اثر یہ ہوا کہ تمام حاضرین اُس کے ہم آہنگ ہو گئے اور سیزر کے قتل کو نہ صرف جائز بلکہ بہتر سمجھنے لگے اور بروٹس کو "محسن ملک" کے شاندار خطاب سے پکارنے لگے

بروٹس کے الفاظ ابھی ہوا ہی میں گونج رہے تھے کہ سیزر کا دوست مارک انٹونی جسے غلطی سے بروٹس اپنا دوست سمجھ رہا تھا نمودار ہوا، بروٹس پلیٹ فارم اُس کے حوالہ کر کے خود چلا گیا، انٹونی نے اپنی تقریر شروع کی جو جس قدر بلیغ تھی اُسی قدر بروٹس کے حق میں سم قاتل، اُس کی تقریر ابھی ختم بھی نہ ہونے پائی تھی کہ حاضرین کے دلوں میں سیزر کی موافقت اور بروٹس کی مخالفت کے جذبات پیدا ہونے لگے اور تقریر کے ختم ہوتے ہوتے یہانتک نوبت پہونچ گئی کہ سارا مجمع ایک مجنونانہ جوش کے ساتھ قاتلین سیزر سے انتقام لینے کے لئے بے خود ہو گیا اور

وہی لوگ جو چند منٹ پہلے بروٹس کو ملک کا سب سے بڑا "محسن"، قوم و ملک کی قیادت کا سب سے زیادہ مستحق اور اپنی عزت و احترام کا سب سے بڑا "تاجدار" سمجھے تھے، اب دفعتہً اُسی بروٹس اور اُسی کے رفقاء کے خون کے پیاسے ہو گئے اور اُن میں سے جتنے اُنھیں مل سکے تہ تیغ کر ڈالا اور اس طرح چشم زدن میں شاہی بساط اُلٹ دی گئی اور ایوان حکومت تاراج کر ڈالا گیا

بعض الفاظ اور فقرے اپنے اندر مقناطیسی قوت رکھتے ہیں، لیکن اُن کی قوت تاثیر میں اُن کے مفہوم کو کبھی دخل نہیں ہوتا، اکثر ایسا ہوتا ہے کہ وہ الفاظ جو مجمع پر زیادہ اثر کرتے ہیں، سامعین کے دلوں میں کچھ اس طرح گھر کر جاتے ہیں کہ اُن کے متعلق لوگوں کا یہ اعتقاد ہو جاتا ہے کہ تمام اجتماعی مشکلات کا حل انھیں الفاظ کے ساتھ وابستہ ہے

اس قسم کے الفاظ اور فقروں کی حالت یہ ہوتی ہے ادھر مقرر کی زبان سے نکلے اُدھر سامعین پر ایک ہیبت سی چھا گئی، اور احترام و عظمت نے اُن کو سرنگوں کر دیا، گویا اُن میں ایک طاقت الٰہی مضمر ہوتی ہے جو آنکھوں سے نظر نہیں آتی مگر اُن کی مخفی طاقت چند لمحوں کے اندر بڑے بڑے زاہدوں اور عابدوں کے قلوب میں جھرجھری پیدا کر دیتی ہے جس سے اچانک وہ تڑپ اُٹھتے ہیں

حضرت ابوبکر صدیق کی وہ مشہور تقریر جو انھوں نے رسول خدا صلعم کے انتقال کے بعد مسلمانوں کے اضطراب کو مٹانے کی غرض سے کی تھی۔ اسی قسم کی تھی۔ آپ نے صحابۂ کرام کو مخاطب فرما کر کہا:-

اَلا، من کان یعبد محمداً فان محمداً قد مات ومن کان یعبد اللہ فان اللہ حیٌّ لا یموت وما محمدٌ الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل افائن مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم ومن ینقلب علی عقبیہ فلن یضر اللہ شیئاً وسیجزی اللہ الشاکرین

ہاں! جو لوگ محمدؐ کو پوجتے ہیں اُنکو معلوم ہونا چاہیئے کہ محمدؐ کا انتقال ہو گیا، لیکن جو لوگ خدا کو پوجتے ہیں اُنکو جاننا چاہیئے کہ خدا زندہ ہے جو مرے گا نہیں، محمد صلعم تو صرف ایک پیغمبر تھے، اُن سے پہلے بھی پیغمبر گزر چکے ہیں۔ کیا وہ اگر مر گئے یا شہید کر دئے گئے تو تم لوگ پھر اپنی ایڑیوں کے بل لوٹ جاؤ گے، جو لوگ اپنی ایڑیوں کے بل لوٹ جائیں گے وہ خدا کو کچھ نقصان نہیں پہونچائینگے، خدا شکر کرنے والوں کو جلد جزائے خیر دیگا۔

یہ چند جملے تھے لیکن اس مختصر سی تقریر کا لوگوں پر یہ اثر ہوا کہ روتے روتے سب کی ہچکیاں بندھ گئیں اور لوگ مسجد سے نکلے تو یہی آیت پڑھتے ہوئے نکلے۔ حضرت عمر جن کو سب سے زیادہ اس بات پر اصرار تھا کہ "رسول خدا کا انتقال نہیں ہوا ہے" جب انھوں نے حضرت ابوبکر کی زبان سے اس آیت کو سنا تو وہ فرماتے ہیں کہ اُسوقت مجھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا یہ آیت آج ہی نازل ہوئی ہے۔

ذاتی سطوت کا خطابیات پر اثر

تقریر کی کامیابی کا انحصار ایک حد تک ذاتی سطوت اور شخصی نفوذ پر بھی ہوتا ہے جن لوگوں میں یہ مقناطیسی قوت پائی جاتی ہے وہ اپنے ذاتی غلبہ کے بل پر اپنے خیالات کو سامعین کے ذہنوں میں راسخ کر دیتے ہیں اور لوگ اُن کی اس طرح اطاعت کرتے ہیں جس طرح حیوانات اپنے مالک کے مطیع ہوتے ہیں اس قسم کی فطری اور ذہنی سطوت قوموں کے اُن تمام بڑے بڑے آدمیوں کو حاصل ہوتی ہے جنھوں نے اپنے کارناموں سے دنیا پر دھاک بٹھا دی ہے

دنیا میں جو صاحب سطوت ہستیاں گزری ہیں اُن کے کارناموں سے گو اُن کی پوزیشن بڑھ جایا کرتی ہے لیکن اُن کی ذاتی سطوت اور اُن کا شخصی نفوذ کبھی خارجی مؤیدات کا ممنون احسان نہیں ہوتا، بلکہ شہرت سے قبل ہی اُن میں ایک ایسی تسخیر کی قوت پائی جاتی ہے جو قلوب انسانی کو اپنی طرف کھینچ لیا کرتی ہے اور اُن پر اپنے رعب کا سکہ جما دیتی ہے

نپولین جب پہلی مرتبہ گرفتار ہوا تو کچھ عرصہ کے بعد موقع پاکر فرار ہو گیا: اُس کے قدیم سپاہیوں کی ایک مختصر سی جماعت اُس کے ساتھ تھی جو بلحاظ تعداد، بلحاظ آلات جنگ اور سامان رسد اس قابل نہ تھی کہ کسی قوی حریف کا مقابلہ کر سکتی، مگر اس باہمت معزول تاجدار نے اُسی کی مدد سے ملک فرانس بلکہ تمام یورپ کے خلاف اپنے تخت پر قابض ہونے کی ٹھان لی

پہلے ہی معرکہ میں بیس ہزار تازہ دم جوانوں کا سامنا کرنا پڑا، ایسے نازک موقع پر کوئی دوسرا ہوتا تو بدحواس ہو جاتا، لیکن نپولین تن تنہا غیر مسلح اپنی صف سے نکلا اور کمال اطمینان کے ساتھ فریق مخالف کی صف کے سامنے آکھڑا ہوا، اور سینہ کھول کر ایک پر اثر لہجہ میں اپنے مخالف سپاہیوں سے جن میں سے اکثر کسی زمانہ میں اُسی کے ماتحت رہ چکے تھے خطاب کر کے للکارا کہ "تم میں سے کون ہے جو اپنے باپ کے عریاں سینہ پر فیر کرنے کو تیار ہے؟" اس آواز کا ساحرانہ اثر ہوا، ہر طرف سے "کوئی نہیں، کوئی نہیں" کی صدا بلند ہوئی اور وہ فوجی افسر جو نپولین کو گرفتار کرنے کے لئے بھیجے گئے تھے اور جنھوں نے اُس کے قید کر کے لانے کا حلف اُٹھایا تھا، سب کے سب اُس کی صورت دیکھتے ہی اُس کے حلقہ بگوش بن گئے اور معاً تمام سپاہی اپنی جماعت چھوڑ کر اُس کے علم کے نیچے آ گئے

غزوۂ حنین میں جب مسلمانوں کو فتح حاصل ہوئی تو اعراب کو یہ جمع و استیگر ہوئی کہ مال غنیمت جلد از جلد تقسیم کر دیا جائے، یہ خواہش بیتابی کی حد تک پہونچ گئی، آنحضرت صلعم نے مال غنیمت کا بڑا حصہ قریشی سرداروں کو دیدیا اور اُن کے مقابلہ میں انصار مدینہ کو گویا کچھ بھی نہیں دیا، اس پر گروہ انصار میں چہ میگوئیاں شروع ہوئیں اور انھوں نے آپس میں کہنا شروع کیا کہ "خدا پیغمبر کی مغفرت کرے، آخر انھوں نے اپنی ہی عزیزوں اور

ہموطنوں کا ساتھ دیا اور ہمیں چھوڑ دیا، حالانکہ خون ہماری تلواروں سے ٹپک رہا ہے"

آنحضرت صلعم کو جب اس واقعہ کی اطلاع ہوئی تو آپ نے صرف انصار کو ایک خیمہ میں جمع کیا اور اصل واقعہ کے متعلق دریافت کیا، انصار نے عرض کیا کہ "ہم میں سے کسی ذمہ دار شخص نے ایک لفظ بھی نہیں کہا، ہاں چند ناتجربہ کار نوجوانوں نے یہ ضرور کہا ہے" آپ نے اُس وقت ایک پرجوش تقریر فرمائی، جس کے جستہ جستہ فقرے مختلف حدیثوں میں ملتے ہیں۔ آپ نے فرمایا:۔

یامعشر الانصار! الم اجدکم ضلالاً فہدکم اللہ بی، وکنتم متفرقین فالفکم اللہ بی، وعالۃً فاغناکم اللہ بی

گروہ انصار! کیا میں نے تم کو گمراہ نہیں پایا پس خدا نے مری وجہ سے تم کو ہدایت کی، تم متفرق تھے خدا نے مری وجہ سے تمھارے دلوں میں محبت اور یک جہتی پیدا کی، تم محتاج اور مفلس تھے خدا نے مری وجہ سے تمکو مالدار بنا دیا۔

آپ یہ فرما رہے تھے اور ذاتی سطوت اور خطابت کی سحر طرازی کا یہ عالم تھا کہ اُسوقت صدہا متنفس میں ایک شخص بھی ذی روح معلوم نہیں ہوتا تھا، ہر شخص ہمہ تن گوش بنا ہوا ایک ربودگی کے عالم میں آپ کے چہرہ پر نظریں جمائے بیٹھا تھا، آپ نے سلسلہ تقریر کو جاری رکھتے ہوئے ان کے اصل اعتراض کا جواب دیا اور فرمایا:۔

اما ترضون ان یذھب الناس بالشاۃ والبعیر وتذھبون بالنبی الی رحالکم؟ فواللہ لما تنقلبون بہ خیرٌ مما ینقلبون (بخاری غزوۂ حنین صفحہ ۶۲۰)

کیا تم پسند نہیں کرتے ہو کہ لوگ اونٹ اور بکریاں لیجائیں اور تم اپنے گھروں میں خود پیغمبر کو لے جاؤ؟ خدا کی قسم تم جو لیکر جاؤ گے وہ اُس سے بہتر ہے جو دوسرے لوگ لیجائیں گے۔

اس تقریر کا یہ اثر ہوا کہ وہی انصار جو چند منٹ پہلے کبیدہ خاطر ہو رہے تھے اسقدر روئے کہ اُنکی داڑھیاں تر ہوگئیں اور وہ سب بیک آواز پکار اُٹھے:۔ "رضینا"

سطوت ذاتی کی یہی وہ صفت تھی جس نے صحرائے عرب کے ایک ان پڑھ کی سب سے تسلیم کرائی اور قاعدین عظام کی صف میں اُسے ایک ممتاز جگہ دینے میں تمام دوسری خصوصیات سے زیادہ اُسکی مدد کی۔

خطبہ کے اجزا خطبہ کے تین جز ہوتے ہیں۔ مقدمہ، اثباتِ مدعا، خاتمہ۔ مقدمہ میں خطیب کو دو چیزوں کا خیال رکھنا چاہئے، اول تو یہ کہ تقریر کی ابتدا ایسی خوبی سے ہو کہ سامعین اُس کے سننے کی طرف مائل ہو جائیں اور اُن کے دلوں پر اُس کی ہمدردی کا سکہ بیٹھ جائے، وہ جو کچھ بیان کرے اُسے غور سے سنیں اور حرف بحرف صحیح سمجھیں۔ دوسرے یہ کہ اُن کو تقریر کا مقصد اجمالی طور سے معلوم ہو جائے

عہد قدیم میں خطبائے عرب کا دستور تھا کہ وہ خطبۂ حمد و ثنا سے شروع کرتے تھے پھر براعۃ استہلال کے طور پر ایسی باتیں بیان کرتے تھے جس سے مقصد کی طرف مجملاً اشارہ ہو جائے، اُس کے بعد اپنے مقصد کو دلایل سے ثابت کرتے تھے

اہل عرب اکثر کجاووں پر بیٹھکر خطبہ دیا کرتے تھے خود آنحضرت صلعم نے بعض مواقع پر اونٹ کی پیٹھ پر بیٹھکر خطبہ دیا ہے، مگر علامۂ جاحظ نے ایک روایت نقل کی ہے کہ آپ نے بعد میں اس کو ممنوع بھی قرار دیدیا تھا[1]

عصا یا اسی قسم کی کوئی چیز لیکر خطبہ دینا جس پر ٹیک لگائی جا سکے بہت معاون ثابت ہوتا ہے۔ ابن ماجہ میں ہے کہ آنحضرت صلعم جب مسجد میں خطبہ دیتے تھے تو دست مبارک میں عصا ہوتا تھا اور میدان جنگ میں جب خطبہ دیتے تھے تو کمان پر ٹیک لگاتے تھے

اب تقریریں مغربی تہذیب کے موافق زیادہ تر اس قسم کی رسمی چیزوں سے خالی ہوتی ہیں، اب خطیب یا اسپیکر عموماً تکلفات سے بچکر بہت ہی سادے اور لطیف پیرایہ میں تقریر کا آغاز کرتے ہیں، یہ چیز نئی نہیں ہے، عہد قدیم میں بھی کہیں کہیں اس کی مثالیں ملتی ہیں، نمونہ کے طور پر حضرت جعفر طیار کی وہ تقریر جو انھوں نے محامد اسلام پر نجاشی بادشاہ حبشہ کے سامنے کی تھی درج ذیل ہے، علمار ادب متفق اللفظ ہیں کہ محامد اسلام پر آج تک اس سے بہتر کوئی تقریر نہیں ہوئی وہو ہذا

"اے بادشاہ! ہم جاہل اور گمراہ تھے، ہم بتوں کو پوجتے تھے، مردار کھاتے تھے، بدکاریاں کرتے تھے رشتہ داری کو توڑتے تھے، ہمسایوں کو ستاتے تھے اور ہم میں کے قوی لوگ کمزوروں کو کھا جاتے تھے، اسی اثنا میں خدا نے ہماری طرف ایک نبی بھیجا جس کی شرافت نسبی، راست بازی، دیانت داری اور پاکبازی سے ہم بخوبی واقف تھے، اُس نے ہم کو خدا کی وحدانیت کی طرف بلایا، اور یہ سکھلایا کہ ہم خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں، اور اُن بتوں کی پرستش چھوڑ دیں جن کو ہم پہلے پوجا کرتے تھے، اُس نے حکم دیا کہ سچ بولو، صلۂ رحمی کرو، ہمسایوں کے ساتھ بھلائی سے پیش آؤ، حرام کاریوں اور زنا سے بچو، اُس نے ہم کو برائیوں سے روکا اور کہا کہ جھوٹی باتیں نہ کہو، یتیم کا مال نہ کھاؤ، اُس نے ہم کو حکم دیا کہ ہم نماز پڑھیں زکوۃ دیں، اور حج کریں، ہم اُس پر ایمان لائے اور ہم نے اُسکو سچا جانا"

اثبات مدعا خطیب کو تقریر شروع کرنے سے پہلے جس چیز کی فکر ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ جو کچھ اُسے بیان کرنا ہے اُسے دلائل سے ثابت بھی کرے، اِس لئے کہ کوئی دعویٰ بغیر دلیل کے مانا نہیں جاتا، اثبات مدعا میں اُس کو قیاسات کی بھی ضرورت پڑتی ہے لیکن خطابت میں منطقی قیاسات سے کام نہیں لیا جاتا اس لئے اُس کی

---

[1] آپ نے فرمایا ہے:- "لا تجلسوا ظہور دوابکم مجالسا" (کتاب البیان والتبیین صفحہ ۱۴۱)

"کاوِ کاوِ سخت جانیہائے تنہائی" کا جس میں اگر کوئی شرکت و ہمدردی کرے بھی تو اپنے کو گوارا نہیں
آپ کی دلدہی سے میرا جی کچھ خوش تھوڑا ہی ہوا، لیکن چونکہ آپ اس رمز سے واقف نہیں ہیں اور یہ قصور لاعلمی کی وجہ سے ہوا ہے، اس لئے معاف کرتا ہوں ـــ دنیا میں کیا آپ کے لئے بھی اب کوئی لطف باقی نہیں رہا جو بوڑھیوں کی طرح ردِّ بلا کی دعائیں دینے لگے۔ میں تباہ ہوں تو ہوا کروں، لیکن آپ کی گرمیِ محفل کا حال سنکر تو خوش ہوتا ہوں۔ پھر وہ بات آپ مجھ سے کیوں پوچھتے ہیں جس کے جواب میں سوائے اس کے میں اور کچھ نہیں کہہ سکتا کہ "آپ سے مطلب؟"

مجموعۂ استفسار و جواب کا تیسرا حصہ

شایع ہوگیا

یہ کتاب کیا باعتبار اپنی گوناگوں علمی و ادبی، تاریخی و تنقیدی مذہبی و معاشرتی مباحث اور کیا لحاظ جامعیت اتنی مکمل ہے کہ زبان اُردو اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے۔ اس میں بعض ایسے مسایل زیر بحث آگئے ہیں جن پر اظہار خیال نہ صرف دشوار بلکہ غیر ممکن ہے۔ بعض استفسارات کی فہرست یہ ہے:۔
زحمت و تکلیف کا محل استعمال ـــ ابوریحان بیرونی ـــ نفس روح ـــ مسیح علم و تاریخ کی روشنی میں۔ مولویہ ـــ ظالم نیرون ـــ مہاتما گاندھی کس فلسفہ کے متبع ہیں ـــ بچوں کی ابتدائی تعلیم ـــ لقمان ـــ مجنوں ـــ عالم برزخ ـــ یاجوج ماجوج ـــ کلیلہ و دمنہ ـــ ہاروت و ماروت، زہرہ و اسم اعظم ـــ مزدک و مزدکیت ـــ عقل و مذہب کی جنگ اور خدا سے انکار ـــ واقعۂ شق القمر ختم نبوت۔ خوارج کی تاریخ۔ خاتون ختنہ ـــ خطابیہ ـــ ایک لفظ اور مصرعہ کی تحقیق ـــ حدیث پر تاریخی و فنی گفتگو ـــ مذہب و مذہبیات ـــ مہدوی جماعت اور امام مہدی ـــ نور محمدی و پل صراط ـــ فارسی زبان اور طنزیات ـــ وجود روح ـــ تناسخ حاضرات ـــ حروفی طبقہ ـــ رضا شاہ پہلوی کی داستان ترقی ـــ ایک عجیب استفتاء وغیرہ وغیرہ۔
اس کی ضخامت ۹۶ صفحات اور قیمت خریداران نگار سے عہ اور غیر خریداران سے سے رعلاوہ محصول۔
پہلا اور دوسرا حصہ بھی تقریباً اتنا ہی ضخیم ہے اور اُن کی قیمتیں بھی عہ فی حصہ خریداران نگار سے اور سے رفی حصہ غیر خریداران نگار سے علاوہ محصول ہیں۔

منیجر نگار لکھنؤ

باب الاستفسار

نمرود اور جناب ابراہیمؑ —— اہلِ عرب اور تغزل

(مسٹر فضل الٰہی - کراچی)

(۱) کہا جاتا ہے کہ حضرت ابراہیم کو نمرود نے آگ میں پھینکدیا تھا لیکن اللہ نے انھیں بچا لیا اور آگ پھول ہوکر رہ گئی - براہ کرم مطلع فرمائیے کہ اس روایت کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے اور کلام مجید سے اس کا کہاں تک تطابق ہوتا ہے

(۲) اُردو فارسی میں جو صورت غزل کی پائی جاتی ہے کیا وہ عربی لٹریچر میں بھی موجود ہے اور اسکی عشقیہ شاعری کا کیا انداز ہے

(نگار) آپ کا پہلا استفسار کافی طویل بحث چاہتا ہے اور چونکہ میں آج ہی ایک طویل سفر پر لکھنؤ سے باہر جا رہا ہوں اس لئے اس مسئلہ کو میں ماہ آیندہ پر اُٹھا رکھتا ہوں اور دوسرے استفسار کا مختصر جواب عرض کئے دیتا ہوں۔

اُردو فارسی میں جو صورت غزل نگاری کی پائی جاتی ہے وہ عربی زبان میں کبھی نہیں پائی گئی - فارسی و اُردو غزل فنی حیثیت سے ایسی چیز ہے جس میں ایک شعر کا تعلق دوسرے سے ضروری نہیں اور اہل عرب چونکہ صرف قصاید و مراثی لکھا کرتے تھے اس لئے وہ تسلسل بیان کے عادی تھے اور یہ بات کبھی ان کی سمجھ میں نہیں آئی کہ ایک ہی بیت کے اندر کیونکر تمام جذبات عشق کو سمیٹا جا سکتا ہے

بہرحال مراثی کو تو چھوڑئے کہ اس میں بیان حسن و محبت کا کیا موقعہ لیکن قصاید میں ضرور اسکی گنجایش تھی اور اس سے انھوں نے فایدہ اُٹھایا - آپ کو معلوم ہوگا کہ قصیدہ کی تمہید کو اصطلاح میں تشبیب کہتے ہیں، اسی کا دوسرا نام "نسیب" ہے - اور اسی کو آپ ان کی غزل نگاری بھی کہہ سکتے ہیں، کیونکہ اس کے علاوہ عشقیہ شاعری کا

وجود عہد جاہلیت سے لیکر عہد اسلام تک ان کے یہاں کہیں اور نہیں پایا جاتا

اس نوع کی تشبیب میں بیان حسن و عشق کی چند مخصوص و متعین صورتیں ان کے یہاں پائی جاتی تھیں اور الٹ پلٹ کر ہمیشہ انھیں کو دہرایا جاتا تھا مثلاً ــــ ایک بدوی گھومتا پھرتا، صحرائی خاک چھانتا ہوا ایک ایسی جگہ پہونچتا ہے جہاں اسے کسی کیمپ کے نشان نظر آجاتے ہیں، وہ گڑھے دیکھ کر سمجھتا ہے کہ یہاں منگنیں گاڑی گئی تھیں، مینگنیاں دیکھ کر خیال کرتا ہے کہ وہاں اونٹ باندھے گئے تھے، دھواں کھائے ہوئے پتھروں کو دیکھ کر سمجھتا ہے کہ اسی جگہ کھانا پکایا گیا تھا، اور اسی سلسلہ میں اس کا ذہن منتقل ہوتا ہے کہ گزشتہ زمانہ میں ایک وقت اس کا قبیلہ بھی اس کی محبوبہ کے قبیلہ کے ساتھ صحرا میں خیمہ زن تھا اور دونوں کس لطف سے چراگاہ میں وقت بسر کرتے تھے۔ پھر اس زمانہ کی یاد میں وہ بیان کرنا شروع کرتا ہے کہ جس جگہ اس کا اور اس کی محبوبہ کا خیمہ نصب تھا وہاں کے نشانات ہوا اور بارش نے کس طرح مٹا دئے اور پھر بعد کو اسی جگہ سبزہ اُگا اور ہرنیوں نے اسے اپنی چراگاہ بنا لیا وغیرہ وغیرہ۔

بعض شعراء اسی بیان کے ساتھ محبوبہ کی جدائی کا سین بھی پیش کرتے تھے کہ صبح کو خیمے اونٹوں پر بار ہو رہے ہیں کجاوہ میں اس کی محبوبہ بیٹھتی ہے اور اسے صحرا میں تنہا چھوڑ کر چلی جاتی ہے، چنانچہ وہ یہ تمام باتیں یاد کر کرکے آہ و زاری کرنے لگتا ہے اور ماتم میں مصروف ہو جاتا ہے

پھر یہ سلسلۂ خیال آرائی اسی جگہ ختم نہیں ہو جاتا بلکہ وہ اپنی محبوبہ کا سراپا اس کے لباس اور اس کے زیور کی تفصیل بیان کرتا ہے، اس کے سفر کا حال لکھتا ہے، کسی اور سے اس کی شادی ہو جانے اور اس کی اولاد پیدا ہونے کا بھی ذکر کرتا ہے اور آخر میں وہ اپنے درد جدائی اور اضطراب کے بیان پر تشبیب کو ختم کر دیتا ہے

قدیم عرب شاعری میں تشبیب کا جو انداز تھا اور جس سلسلۂ بیان کا اہتمام کیا جاتا تھا وہ بعد کو بھی بدستور قائم رہا چنانچہ آپ عہد جاہلیت سے لیکر عہد اسلام تک تمام قصاید کی نسیب کا مطالعہ کیجئے بہ لحاظ جذبات سب میں آپ کو وہی یکرنگی نظر آئے گی شاعر کیمپ کے نشانات کا ذکر کرے گا تو یہی کہے گا گویا کاغذ پر قلم سے نقوش بنائے گئے ہیں، محبوبہ کی رعنائی کے اظہار میں ہرن کی تشبیہ ضرور استعمال کرے گا، اور اپنے آنسوؤں کے متعلق یا تو یہ کہے گا کہ کسی پھٹی ہوئی چھاگل سے پانی کے قطرے ٹپک رہے ہیں یا یہ کہ کسی ہار کے ٹوٹے ہوئے موتی ہیں۔ لیکن چونکہ مترادفات کے لحاظ سے عربی زبان بہت زیادہ وسیع و مالدار ہے اس لئے الفاظ کے تغیر و تنوع کی وجہ سے ایک ہی مفہوم یا تشبیہ کی بار بار تکرار بُری نہیں معلوم ہوتی

تشبیب کی نوعیت اور فنی تشلیل عہد جاہلیت ہی میں قائم ہو چکی تھی اور دور جاہلیت کے بعد بھی کسی شاعر نے اس سے منحرف ہونے کی جرأت نہیں کی، لیکن یہ ضرور ہے کہ آہستہ آہستہ اس میں برگشتگی یقیناً پیدا ہونے لگی، درانحالیکہ بدوی عہد میں اس کی یکسانیت وہی تھی اور دیہی و شہری شاعر کے انداز میں کوئی فرق نہ پایا جاتا تھا،

چنانچہ قیس بن الخطیم، حسان بن ثابت اور عدی بن زید اپنی محبوبہ کے حسن کا بیان اور درد جدائی اسی انداز میں کرتے ہیں جس طرح امرء القیس۔ اس کا سبب یہ ہے کہ عہد جاہلیت میں ایک شہر کا رہنے والا بھی بدوی معاشرت سے پوری طرح واقف تھا، لیکن بعد کو جب عہد اسلام میں شہر کے لوگ بدوی زندگی کی خصوصیات سے بے خبر رہنے لگے تو نسیب کا وہ رنگ بھی پھیکا پڑ گیا اور ہر قصیدہ کی ابتدا میں وہی ایک خیمہ و خرگاہ کا رونا رہ گیا، چنانچہ عہد عباسیہ کے ایک نقاد نے اس کو دیکھ کر کس قدر پر لطف بات کہی کہ کیا ہر وہ شخص جو شعر موزوں کر سکتا ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ عاشق بھی ہو اور اس کا عشق صحرا کے اسی حصہ سے شروع ہو جہاں قبایل خیمہ زن ہوتے ہیں

قصاید کی ان تشبیبوں سے ہم کو یہ ضرور پتہ چلتا ہے کہ عہد جاہلیت میں تعلقات محبت بڑی اہمیت رکھتے تھے، اور اُن کو انجام تک پہونچانے کے لئے مراسم نکاح کا ادا کیا جانا ضروری نہ تھا۔ اگر ایک شخص کسی عورت سے محبت کرنے لگتا تھا تو اس کے معنے یہ نہیں تھے کہ وہ محض نکاح کرنے کے لئے محبت کرتا ہے بلکہ اگر اس کی محبوبہ کی شادی کسی اور سے ہو جاتی تھی تو بھی اس کا عشق بدستور قایم رہتا تھا، بلکہ اس میں اور زیادہ فتادگی و برشتگی پیدا ہو جاتی تھی۔ اسی کے ساتھ عہد جاہلیت کے قصاید کی تشبیب سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اس قسم کی مواصلت زیادہ تر موسم بہار میں ہوتی تھیں جب چراگاہیں سبز ہوتی تھیں اور جب مختلف قبایل اپنے اپنے کمپ مرغزاروں میں آکر نصب کر دیتے تھے۔ اسکے بعد جب یہ موسم ختم ہو جاتا تھا اور قبایل ایک دوسرے سے جدا ہو جاتے تھے تو موسم عشق و محبت بھی ختم ہو جاتا تھا اور عاشق و معشوق دونوں پھر آیندہ موسم بہار تک تڑپنے کے لئے تنہا رہ جاتے تھے۔

رہا یہ سوال کہ تشبیب کا رواج عرب شاعری میں کب سے شروع ہوا اور قدیم ترین نسیب کونسی ہے، اس کا یقینی جواب دینا مشکل ہے بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ مہلہل نے قصیدے میں نسیب کا اضافہ کیا، لیکن قصیدے سے علحدہ خالص بیان حسن و جمال مہلہل سے پہلے بھی پایا جاتا تھا، چنانچہ جب نعمان نے شاہ انوشیروان کو ایک کنیز بھیجی تھی تو اسی کے ساتھ اس کی تعریف میں ایک تحریر بھی ساتھ روانہ کی تھی

نسیب کی قسم کے عاشقانہ جذبات "نغمۂ سلیمان" میں بھی پائے جاتے ہیں اور مصر قدیم کی شاعری میں بھی ملتے ہیں

ضرورت رشتہ

ایک شریف خاندان، خوبصورت۔ شوخ دوشیزہ کی۔ جو تعلیم یافتہ تو ہو مگر آزاد خیال نہ ہو۔ والدین کی اکلوتی ہو تو اسے ترجیح دیجائے گی۔ لڑکا شریف خاندان، خوبصورت۔ ۲۲ سال کا، بمشاہرہ ۳۵۰ سرکاری ملازم ہے۔ تصاویر کا تبادلہ بالکل ضروری ہے

و۔ ذریعہ منیجر نگار لکھنؤ

ندیم آیا اور کام کرکے گھر چلا گیا۔ جب تین دن تک حاضر نہ ہوا تو سلطان نے اُس کو طلب کرکے وجہ دریافت کی۔ اُس نے کہا کہ "سلطان ہمیشہ میرا نام لیکر پکارا کرتا تھا اُس دن بالکل خلاف معمول تاج الدین کہکر آواز دی میں سمجھا کہ سلطان کچھ برہم ہے بیقرار و مضطرب ہوکر گھر چلا گیا" سلطان نے قسم کھا کر کہا کہ "میں تم سے مطلق رنجیدہ نہیں ہوں اُس دن تمھارا نام نہ لینے کی وجہ یہ تھی کہ میں باوضو نہ تھا اور بغیر طہارت کامل کے لفظ محمد میں اپنی زبان سے ادا نہ کرسکتا تھا"[1]

چونکہ سلطان مذہبی زندگی کی طرف زیادہ شغف رکھتا تھا اس لئے تمام اُمور سلطنت غیاث الدین بلبن کے ہاتھوں طے پاتے تھے اور حقیقت یہی ہے کہ ناصر الدین کی کامیابی بحیثیت فرمانروا ہونے کے صرف بلبن کی قابلیت کی ممنون تھی جس نے اپنی غیر معمولی ذہانت و فراست، شجاعت و پامردی، اور نظم و نسق سے سلطان ایبک اور سلطان التمش کے عہد کو بھلا دیا

خاندانِ غلام کی تاریخ میں یہ عجیب بات نظر آتی ہے کہ جب تک حکومت و سلطنت کسی مملوک کے ہاتھ میں رہی انتظام ہمیشہ اچھا رہا اور جب وہ بادشاہ کے نسبی سلسلہ میں منتقل ہوئی تو سارا انظام درہم برہم ہوگیا۔ بلبن، سلطان التمش کا غلام بھی تھا اور داماد بھی۔ جب بیس سال سے زیادہ حکومت کرنے کے بعد سلطان ناصر الدین کا وقت آخر آیا تو غیاث الدین بلبن بادشاہ ہوا اور اس قدر قابلیت سے اُس نے حکومت کی کہ تاریخ اسلام میں بہت کم مثالیں ایسی نظر آتی ہیں

عہد ناصر الدین کے خاص خاص واقعات یہ ہیں:-

۶۴۴ھ / ۱۲۴۶ء — ناصر الدین تخت نشین ہوا اور کوہستان جودی کے رانا کے خلاف بلبن کی سرکردگی میں ایک مہم روانہ کی گئی۔ رانا نے گزشتہ سال مغلوں کی رہنمائی کی تھی

۶۴۵ھ / ۱۲۴۷ء — ناصر الدین نے مملکت قنوج میں قلعۂ نندنا (تلسندا، تلندا) کو فتح کیا اور بلبن نے رانا دلکی ملکی کو مغلوب کیا اور پھر دونوں فوجیں کڑہ کی طرف بڑھیں

۶۴۶ھ / ۱۲۴۸ء — بلبن نے رانائے رنتنبور کے خلاف فوج کشی کی اور خواجہ بہاء الدین ایبک اس جنگ میں شہید ہوا

۶۴۷ھ / ۱۲۴۹ء — ناصر الدین نے اپنی بیٹی کی شادی بلبن سے کی اور الغ خان اعظم کا خطاب عنایت کیا

۶۴۸ھ / ۱۲۵۰ء — عز الدین نے ملتان کا محاصرہ کیا جہاں شیر خاں سنقر حاکم تھا لیکن ناکامیاب رہ کر اوچھ واپس آیا

۶۴۹ھ / ۱۲۵۱ء — عز الدین نے ناگور میں بغاوت کی لیکن ناصر الدین کے پہونچنے پر اُس نے اطاعت اختیار کی

[1] فرشتہ صفحہ ۴۷

عہد خاندان غلام کی ایک عجیب خصوصیت

امور سلطنت اور غیاث الدین بلبن

خاص خاص واقعات کی تفصیل

بادشاہ مالوہ کی طرف گیا۔ راجہ ناہر دیو کو شکست ہوئی اور نرور فتح ہوا
الغ خاں نے گوالیار پر فوج کشی کی
منہاج سراج کو عہدۂ قضا تفویض ہوا

۶۵۰ھ / ۱۲۵۲ء — سلطان نے اوچھ اور ملتان کے راستہ سے لاہور اور غزنیں کی طرف سفر اختیار کیا اور عماد الدین ریحان نے بادشاہ کو بلبن کی طرف سے کشیدہ کر دیا

۶۵۱ھ / ۱۲۵۳ء — بلبن کو اپنی جاگیر اقطاع ہانسی و کوہستان سوالک کی طرف روانگی کا حکم دیا گیا۔ اس کے بعد افواج شاہی اس کے خلاف روانہ کی گئیں اور ہانسی شاہزادہ رکن الدین کو دیا گیا۔ بلبن نے ناگور کو اپنا مرکز قرار دیا اور ناہر دیو کے خلاف فوج کشی جاری رکھی۔ شیر خاں نے دریائے سندھ کو عبور کیا۔

۶۵۲ھ / ۱۲۵۴ء — حدود پنجور (بجنور؟) میں بادشاہ کو بہت سا مال غنیمت ہاتھ آیا۔ یہاں سے فارغ ہو کر وہ بدایوں ہوتا ہوا دہلی واپس آیا
امراء نے بلبن کی موافقت میں بادشاہ سے مخالفت شروع کی۔ جب بادشاہ کو خبر معلوم ہوئی تو وہ دہلی سے سرہند کی طرف چلا جہاں ان سب کا اجتماع تھا لیکن جب وہ ہانسی کے قریب پہونچا تو امرائے مذکور کھرام اور کیتھل کی طرف ہٹ گئے اور وہاں فوجی مظاہرہ شروع کیا۔ آخر کار باہم صلح ہو گئی اور بلبن کی طرف سے بادشاہ کا دل صاف ہو گیا۔ اور ریحان جو باعث فساد تھا دربار سے علٰحدہ کر کے بدایوں بھیجدیا گیا

۶۵۳ھ / ۱۲۵۵ء — بادشاہ اپنی ماں ملکہ جہاں سے (جو حبالہ قتلغ خاں میں تھی) ناخوش ہو گیا اور دونوں کو اقطاع اودھ دے کر رخصت کر دیا۔ قتلغ خاں نے بغاوت کی لیکن الغ خاں بلبن نے اس کو پسپا کر کے کالنجر تک ہٹا دیا

۶۵۴ھ / ۱۲۵۶ء — قتلغ خاں کے خلاف فوجی کارروائی جاری رہی

۶۵۵ھ / ۱۲۵۷ء — غیاث الدین بلبن نے بغاوت کی اور سامانہ کے قریب قتلغ خاں بھی اس کا شریک ہو گیا۔ اس کے بعد دونوں دہلی کی طرف بڑھے لیکن ہزیمت کھا کر واپس آئے

۶۵۶ھ / ۱۲۵۸ء — بادشاہ مغلوں کے مقابلہ کے لئے روانہ ہوا جو ملتان تک پہونچ گئے تھے لیکن کوئی مقابلہ نہیں ہوا اور بادشاہ واپس آیا

۶۵۷ھ / ۱۲۵۹ء — خاص عساکر سلطانی جنوب کی طرف روانہ کئے گئے۔ دار الحکومت میں امن و سکون رہا اور حاکم لکھنوتی نے خراج روانہ کیا

۶۵۸ھ / ۱۲۶۰ء | الغ خاں میواتیوں کی سرکوبی کے لئے مامور ہوا اور ہلاکو خاں (مغل) کی طرف سے ایک سفارت دہلی آگئی

۶۶۴ھ / ۱۲۶۵ء | ۱۱ جمادی الاول کو بادشاہ نے انتقال کیا

غیاث الدین بلبن

(۶۶۴-۶۸۶ھ / ۱۲۶۵-۱۲۸۷ء)

بلبن بھی ترک تھا اور اُسی سرزمین کا جہاں التمش پیدا ہوا تھا "طائفۃ البری" اس کے قبیلہ کا نام تھا جب مغلوں نے اس حصہ ملک کو غارت کیا تو بلبن اُن کے ہاتھ آگیا۔ ایک سوداگر نے اُس کو مول لے لیا اور بغداد میں خواجہ جمال الدین بصری کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ خواجہ اس کو سلطان شمس الدین التمش کے پاس دہلی لایا اور سلطان نے معقول قیمت دے کر لے لیا[1]

ابن بطوطہ نے بیان کیا کہ جب بلبن سلطان شمس الدین التمش کے روبرو لایا گیا تو اُس نے خریداری سے انکار کر دیا کیونکہ یہ بہت پستہ قامت اور بدصورت تھا۔ بلبن نے یہ معلوم کر کے سوال کیا کہ "جہاں پناہ اور غلام کس کے لئے خریدے گئے ہیں؟" التمش نے ہنسکر جواب دیا کہ "اپنے لئے" بلبن نے عرض کیا کہ "تو پھر ایک مجھے خدا کے لئے مول لے لیجئے" یہ سُن کر التمش خوش ہوا اور اس کو مول لے کر سقہ کی خدمت سپرد کر دی[2]

بلبن کی فراست

چونکہ بلبن فطرت کی طرف سے بہترین صفات و خصائل لیکر آیا تھا اس لئے اُس کا تقرب بڑھتا گیا۔ رضیہ کے عہد میں میر شکار ہوگیا اور سلطان بہرام شاہ نے اس کو میر آخور بنا دیا۔ سلطان علاء الدین مسعود کے زمانہ میں "امیر حاجب" ہوگیا اور سلطان ناصر الدین نے تو تمام اُمور سلطنت ہی اس کے سپرد کر دئے۔ یہانتک کہ سلطان ناصر الدین کے بعد بالاتفاق سب نے اس کو اپنا بادشاہ تسلیم کر لیا

ترکی ترقی

بلبن نے اپنا طویل زمانۂ سلطنت جس فراست و دانائی سے بسر کیا ہے اس کو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ یہ خصوصیات کیونکر اُسے حاصل ہوگئیں جبکہ اس کا زمانۂ تربیت کافی تکلیف و مصائب میں بسر ہوا

---

[1] فرشتہ صفحہ ۴۷

[2] Medival India by S. Lane Poole P. 78

بلبن کی فرض شناسی

ضیاء الدین برنی نے اپنی تاریخ فیروز شاہی میں[1] لکھا ہے کہ:-

"جس زمانہ میں یہ صرف ایک سردار کی حیثیت رکھتا تھا اُس وقت وہ عیش و تفریح کی طرف مایل تھا۔ بذلہ سنج ندیم اور خوش گلو مُغنّی اُس کی محفل میں رہتے تھے اور وہ بھی بادہ خواری، قماربازی اور اسی طرح کے دوسرے مشاغل میں مصروف نظر آتا تھا لیکن جب بادشاہ ہوا تو اُس نے اپنی زندگی کا ورق ہی اُلٹ دیا۔ نہ کہیں محفل عیش و طرب تھی نہ بزم بادہ خواری وہ صدرجہ متین و سنجیدہ ہوگیا۔ شرابخواری کو نہ خود ترک کیا بلکہ عام طور سے اُس کے استعمال کی سخت ممانعت کردی۔ نماز روزہ کا سختی کے ساتھ پابند ہوگیا، یہاں تک کہ اشراق و تہجد کی نماز بھی وہ ترک نہ کرتا تھا، ہمیشہ باوضو رہتا، بغیر علماء و صلحاء کی صحبت کے کھانا نہ کھاتا، ہمیشہ اُن سے مسائل شرعیہ دریافت کرتا رہتا اور بزرگوں کے مکانوں پر خود حاضری دیتا، لوگوں کی تعزیت کرتا، اکابر کے جنازوں میں حاضر رہتا اور اگر راستہ میں کہیں مجلس وعظ برپا دیکھتا تو تعظیماً سواری سے اُتر پڑتا اور کچھ دیر سنتا۔ یہ تھا اُس کے زہد و ورع کا عالم"[2]

انتظام سلطنت اور آداب حکمرانی

انتظام سلطنت کا اُسے اسقدر خیال تھا کہ جب تک وہ پوری طرح کسی شخص کی شرافت نفس اور اہلیت کو معلوم نہ کرلیتا اُسوقت تک اُس کو کوئی عہدہ نہ دیتا اور اگر کوئی ملازم یا حاکم صلاح و تقوے، دیانت و امانت سے منحرف ہوجاتا تو فوراً معزول کردیتا۔ کبھی رذیل اور معمولی لوگوں سے بات نہ کرتا۔ کسی ہزل گو یا مسخرہ کو دربار میں آنے نہ دیتا اور ہمیشہ نہایت سنجیدہ اور معقول لوگوں کو اپنی صحبت میں رکھتا۔ وہ قہقہہ سے کبھی نہ ہنستا تھا اور نہ کسی اور کو جرأت ہوتی تھی کہ اُس کے سامنے ہنسے[3]

فیاضی و دریادلی

ملحقات طبقات ناصری مصنفہ شیخ عین الدین بیجاپوری کے حوالہ سے فرشتہ نے لکھا ہے کہ "فتنۂ چنگیز خانی سے بھاگ کر ترکستان، ماوراء النہر، خراسان و عراق، فارس اور روم و شام وغیرہ کے پندرہ شاہزادوں نے بلبن

---

[1] ضیاء الدین برنی کی "تاریخ فیروز شاہی" نہایت مشہور کتاب ہے جس سے دیگر مورخین (فرشتہ وغیرہ) نے بہت مدد لی ہے۔ یہ کتاب طبقات ناصری کے بعد لکھی گئی ــــ منہاج السراج نے سلطنت سلطان ناصر الدین محمود کے صرف پندرہ سال تک کے حالات لکھے تھے، اس کے بعد ایک صدی تک کسی مورخ نے توجہ نہیں کی آخر کار ضیاء الدین برنی کو خیال پیدا ہوا اور اس نے سلطان غیاث الدین بلبن کے حالات سے اپنی تاریخ کو شروع کرکے سلطان فیروز شاہ تغلق کے حالات پر ختم کردیا ہے ــ چونکہ فیروز شاہ تغلق کے عہد میں اس نے یہ تاریخ مرتب کی تھی اس لئے اسی کے نام سے منسوب کی گئی تاریخ فیروز شاہی میں مسلسل واقعات کا لحاظ کم رکھا گیا ہے اور تاریخوں کی صحت کی طرف بھی زیادہ اعتنا نہیں کیا گیا تاہم اس لحاظ سے کہ اس عہد کی تاریخ کوئی اور مرتب نہ تھی تمام مورخین نے اس سے فایدہ اُٹھایا ــــ ضیاء الدین برنی کا آخری زمانہ نہایت افلاس و تنگدستی میں بسر ہوا اس کی قبر حضرت امیر خسرو کے مزار کے قریب ہی نظام الدین (دہلی) میں واقع ہے۔

[2] طبقات اکبری صفحات ۳۹-۴۰ ــ [3] تاریخ فیروز شاہی ضیاء الدین برنی جلد سوم صفحہ ۱۰۰

کی سلطنت میں پناہ لی تھی بلبن نے ان میں سے ہر ایک کے لئے ایک محلہ الگ کر دیا تھا اور سب کے شاہانہ وظایف مقرر کر دئے تھے

دربار بلبن علم کا مرکز تھا

چونکہ اس زمانہ میں وسط ایشیا اور اس کے جوار کے تمام صاحبانِ کمال تاتاری فتنہ سے پریشان تھے اسلئے ان کے لئے سوائے سلطنت دہلی کے اور کوئی مامن نہ تھا اور یہی وجہ تھی کہ :-

"زبدہ و نجبہ و خلاصۂ عالم از اصحاب سیف و قلم و سازندہ و خوانندہ و ارباب ہنر کہ در ربع مسکون عدیل و نظیر نہ داشتند در درگاہِ بلبن جمع شدہ بودند و درگاہِ او را بر درگاہِ محمودی و سنجری ترجیح می دادند"[1]

عدل پروری

بلبن کی عدل پروری کا یہ عالم تھا کہ وہ انصاف کے معاملہ میں کسی کی رعایت نہ کرتا تھا اور نہ کسی کی سفارش کو مانتا تھا۔ اس نے اپنے لڑکوں سے صاف صاف کہدیا تھا کہ اگر کبھی تمہاری طرف سے ظلم و ستم ظاہر ہوگا تو میں بغیر سزا دئے ہوئے نہ چھوڑوں گا

بلبن کے نصائح

جو نصیحتیں وہ اپنی اولاد کو سناتا تھا اُس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ وہ کن اُصول پر حکمرانی کرنا چاہتا تھا۔ اُسنے ایک بار اپنے بیٹوں سے کہا کہ "دیکھو ایک بادشاہ کی نجات چار باتوں پر منحصر ہے ایک یہ کہ وہ خدا سے ڈر کر رعایا کے آرام و سکون کا انتظام کرے۔ دوسرے یہ کہ فسق و فجور کا ملک سے استیصال کلی کر دے۔ تیسرے یہ کہ خدمات حکومت ہمیشہ خدا ترس، امین اور شائستہ لوگوں کے سپرد کرے۔ چوتھی بات یہ کہ ظلم و ستم نہ ہونے دے اور انصاف کرنے میں کسی کی رعایت نہ کرے"

انصاف کی ایک مثال

ایک بار ملک نعیق پسر جامدار نے جو امراء کبار میں سے تھا اور ولایت بدایوں اُس کی جاگیر میں تھی حالت مستی میں ایک فراش کو اسقدر دُرّے مارے کہ وہ مر گیا۔ جب سلطان بلبن بدایوں پہونچا تو فراش کی بیوی دربار عام میں حاضر ہوئی۔ سلطان بلبن نے اُسی وقت سب کے سامنے ملک نعیق کو طلب کیا اور اس قدر دُرّے لگوائے کہ وہ بھی مر گیا اور بدایوں کے بریدوں (پرچہ نگاروں) کو جنھوں نے اس واقعہ کی اطلاع اُسے نہیں دی تھی شہر کے پھاٹک پر سُولی دیدی

انصاف کی ایک اور مثال

اسی طرح ایک بار ہیبت خاں نے جو سلطان بلبن کے نہایت معتبر غلاموں میں سے تھا اور اقطاع اودھ جاگیر میں رکھتا تھا ایک شخص کو حالتِ مستی میں مار ڈالا۔ اُس کی بیوی سلطان کے پاس فریاد لائی۔ سلطان نے ہیبت خاں کو طلب کر کے پانچسو دُرّے لگوائے اور عورت سے کہا کہ "ہیبت خاں آج تک میرا غلام تھا لیکن آج سے تو اس کی مالک ہے۔ تجھے اختیار ہے چاہے مار ڈال چاہے معاف کر دے"۔ بمشکل تمام ہیبت خاں نے بیس ہزار تنکہ

---

[1] فرشتہ۔ صفحہ ۵۰

دے کر اُس عورت کو راضی کیا اور نجات پائی۔[1]

محکمۂ جاسوسی

سلطان بلبن نے اپنی سلطنت کے صحیح حالات معلوم کرنے کے لئے کثرت سے جاسوس یا بریدمقرر کر دئے تھے اور وہ نہایت سختی سے احتساب کیا کرتا تھا۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ نہ جاسوس کوئی غلط خبر اُس تک پہونچا سکتا تھا اور نہ حکام کو جادۂ اعتدال سے ہٹنے کا یارا تھا

فوج کی تنظیم و ترتیب

بلبن نے تخت نشین ہوتے ہی جس طرف توجہ کی وہ سپاہ تھی اس نے تمام فوج کا جایزہ لیا اور کمان ایسے ہاتھوں میں دی جن کی وفاداری مسلم تھی۔ بلبن اپنی سلطنت میں دورہ بھی کثرت سے کیا کرتا تھا اور خود انتظامی حالات کو دیکھکر اُن میں اصلاحیں کیا کرتا تھا۔ ہر چند وہ نظم و نسق کے باب میں بہت سخت تھا لیکن پھر بھی وہ بہت رحم و کرم کرتا اور ضعفاء کا بہت خیال رکھتا۔ ایک بار بلبن کو معلوم ہوا کہ عہد شمسی (شمس الدین التمش) کے بہت سے سپاہی ضعیف ہو کر بیکار ہو گئے ہیں۔ بلبن نے حکم دیا کہ جو مواضعات اُن کے پاس ہیں خالصہ میں لے لئے جائیں اور ہر ایک کے لئے تیس تنکہ بطور مدد معاش کے مقرر کر دیا جائے اس سے ان لوگوں میں سخت اضطراب پیدا ہو گیا اور سب کے سب ملک فخر الدین کوتوال کے پاس روتے ہوئے آئے۔ کوتوال ملول و مضمحل سلطان کی خدمت میں گیا اور دریافت کرنے پر عرض کی کہ " جہاں پناہ نے ضعفاء کو اپنے رحم و کرم سے محروم کر دیا ہے اگر خدا نے قیامت کے دن بھی اسی طرح ہم ضعیفوں کو مردود کر دیا تو ہمارا کیا حشر ہوگا؟" یہ سن کر سلطان بلبن بہت رویا اور فرمایا کہ " نہج سابق پر سب کی معاش بحال رکھی جائے اور آیندہ کوئی تعرض نہ کیا جائے "[2]

رحم و کرم

سفر کے دوران میں اگر کسی پُل، گھاٹ یا گزرگاہ عام پر پہونچ جاتا تو اپنے سرداروں کو مقرر کرتا کہ سب سے پہلے عورتوں، بچوں، ضعیفوں اور کمزور جانوروں کے گزر جانے کا انتظام کریں اور پھر دوسرے لوگ عبور کریں۔

باغیوں کی سرکوبی

سلطان بلبن کبھی اس کو گوارا نہ کرتا کہ کوئی شخص اُس کی سلطنت میں بغاوت یا نقض امن کا مجرم ہو۔ وہ مفسدوں اور باغیوں کو سخت سزائیں دیتا اور خود فوج لیجا کر سرکوبی کرتا۔ طغرل کی بغاوت میواتیوں کی شورش اس کے عہد کے خاص واقعات ہیں۔ پھر بلبن نے جس طرح ان فتنوں کو فرو کیا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سیاست میں بھی وہ خاص ملکہ رکھتا تھا

شکار کا شوق

بلبن کو شکار کا بھی بہت شوق تھا۔ دہلی کے چاروں طرف بیس بیس کوس تک کا جنگل شکار کے لئے مخصوص کر لیا تھا اور جاڑوں میں روزانہ صبح کو ہزار سواروں کی جمعیت لے کر نکل جاتا اور رات کو واپس ہوتا۔ علاوہ سواروں کے ایک ہزار سپاہ پیادہ فوج کی بھی ہوتی جب ہلاکو کو بغداد میں یہ خبر معلوم ہوئی کہ سلطان بلبن شکار کا اسقدر شایق ہے

---

[1] تاریخ فیروز شاہی ضیاء الدین برنی جلد سوم صفحہ ۱۰۱ — [2] فرشتہ صفحہ ۷۸، تاریخ فیروز شاہی جلد سوم صفحہ ۱۰۸

تو اُس نے کہا کہ بلبن معلوم ہوتا ہے بڑا تجربہ کار اور ہوشیار بادشاہ ہے۔ وہ بظاہر شکار کو جاتا ہے لیکن اس سے مقصود یہ ہے کہ اس کے سپاہی اور گھوڑے محنت کے عادی رہیں اور خطرہ و ضرورت کے وقت اچھا کام دے سکیں[1]

سطوت و جبروت

سلطان غیاث الدین بلبن اپنے تمام صفات رحم و کرم، بذل و نوال کے ساتھ سطوت و جبروت بھی بدرجۂ اتم قایم رکھتا تھا اور لوگوں کے دلوں میں اس نے اپنی ہیبت و عظمت بہت قایم کر رکھی تھی۔ تخت نشینی کے دوسرے سال جب اس نے جلوس نکالا تو سیکڑوں کوس سے لوگ دیکھنے کے لئے جمع ہوئے اور اس قدر تزک و احتشام کی نمایش کی گئی کہ دنیا متحیر تھی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس سے قبل کسی بادشاہ نے اس شان و شوکت کا اظہار نہیں کیا

خودداری

وہ اپنی خانگی زندگی میں بھی اس کا لحاظ رکھتا تھا کہ کوئی خادم گستاخ نہ ہو جائے اور اس لئے وہ کبھی کسی سے بے تکلف ہو کر نہ ملتا تھا اس کے بعض ایسے خادم جو ہر وقت خلوت میں ساتھ رہتے تھے اُن کا بیان ہے کہ ہم نے کبھی بادشاہ کو خلوت کے نصف لباس میں نہیں دیکھا ہمیشہ وہ اپنے پورے ملبوس میں نظر آتا تھا[2]

بلبن کے بڑے بیٹے کا نام محمد سلطان تھا جو بعد کو خان شہید کے نام سے مشہور ہوا۔ اس کی تعلیم و تربیت کے انتظام میں بلبن نے نہایت احتیاط سے کام لیا۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ مکارم اخلاق اور محاسن اوصاف میں وہ اپنا نظیر نہ رکھتا تھا۔ فضیلت دانش و ہنر میں بھی وہ بے مثل شخص تھا اور اس کا دربار علما و فضلا کا مرکز تھا۔ صاحبان فضل و کمال اور شعرا عصر ہر وقت اس کے پاس جمع رہتے اور وہ اپنی شاہانہ بخشش سے سب کو مالا مال کر دیتا۔ حضرت امیر خسرو جن کی ذات پر ہندوستان کو فخر حاصل ہے اور خواجہ حسن جو بہترین شعرا میں سے تھے اسی شاہزادہ کے دربار کے جواہر تابندہ میں سے تھے۔ محمد اس قدر مہذب تھا کہ مجلس میں بعض اوقات پورا ایک ایک دن ایک ایک رات بسر ہو جاتی لیکن اپنا زانو بلند نہ کرتا۔ وہ قسم نہ کھاتا اور اگر کبھی ضرورت ہوتی تو صرف "حقا" کہدیتا۔ عمر بھر اس کی زبان سے کوئی ناملائم لفظ نہیں نکلا۔ اس کی مجالس میں زیادہ تر شاہنامہ، دیوان خاقانی و انوری خمسۂ نظامی اور اشعار امیر خسرو پڑھے جاتے۔ حضرت امیر خسرو فرماتے ہیں کہ:۔

بلبن کے بڑے بیٹے محمد سلطان کے خصایل

"بہ جدت طبع و دریافت معنی دقیق و سخن شناسی و یاد داشت اشعار متقدمین و متاخرین ہمچو محمد سلطان کم کسے را دیدہ ام"

محمد سلطان کی تہذیب

محمد سلطان کے پاس ایک بیاض تھی جس میں اُس نے بیس ہزار اشعار قدما کے انتخاب کئے تھے امیر خسرو اور خواجہ حسن کا بیان ہے کہ "اس سے بہتر انتخاب کوئی دوسرا کر ہی نہ سکتا تھا" جب محمد سلطان شہید ہوا تو اس بیاض کو سلطان بلبن نے امیر علی جامدار کے سپرد کیا اور پھر یہاں سے حضرت امیر خسرو کے پاس پہونچی اور اُس سے

محمد سلطان کی بیاض

---

[1] تاریخ فیروز شاہی جلد سوم صفحہ ۱۰۳ — [2] تاریخ فیروز شاہی جلد سوم صفحہ ۱۰۰

بہت سے صاحبانِ ذوق نے اشعار کا انتخاب کیا

بزرگوں کا احترام

اقامتِ ملتان کے زمانہ میں شیخ عثمان ترمذی جو اپنے وقت کے بہت بڑے بزرگ و درویش تھے تشریف لائے۔ محمد سلطان نے تحائف پیش کرکے اقامتِ ملتان کی درخواست پیش کی اور ایک خانقاہ تعمیر کرانے دیہات وقف کر دینے کا وعدہ کیا لیکن شیخ نے قبول نہ کیا

سوز دل

اگر اس کی مجلس میں احیاناً کوئی شعر ایسا پڑھ دیتا جس میں کوئی پند و نصیحت ہوتی تو سارے کام چھوڑ کر اس طرف متوجہ ہو جاتا اور اس کی آنکھوں میں آنسو آجاتے۔ ایک بار صحبت سماع برپا تھی شیخ عثمان اور شیخ صدرالدین بن شیخ بہاءالدین ذکریا بھی موجود تھے کسی شعر پر ان لوگوں کو رقت طاری ہوئی تو سلطان محمد فرط تاثر سے بیتاب ہو گیا اور ان حضرات کے سامنے دست بستہ کھڑا ہو کر زار زار رونے لگا

شیخ سعدی کی طلبی

سلطان محمد نے دو بار اپنا خاص آدمی اور قیمتی تحائف شیخ سعدی شیرازی کے پاس بھیجکر ملتان آنے کی درخواست کی لیکن شیخ نے اپنی ضعیفی کا ذکر کرکے معذرت چاہی اور کہلا بھیجا کہ امیر خسرو وہاں موجود ہیں انکی قدردانی فرمائی جائے"

سلطان محمد کی شہادت

افسوس ہے کہ قبل بادشاہ ہونے کے شاہزادہ کو مغلوں نے شہید کر ڈالا ورنہ بلبن کے بعد اس کا عہد یقیناً عجیب و غریب برکت ثابت ہوتا اور نہیں کہا جا سکتا کہ پایۂ تخت دہلی کی شہرت کس حد تک پہونچ جاتی۔[1]

عہد بلبنی کے اکابر علماء و دیگر ارکان سلطنت

بلبن کے عہد میں اور بھی بڑے بڑے صاحب کمال موجود تھے مثلاً شیخ فریدالدین مسعود شکر گنج، شیخ المشیوخ بہاءالدین زکریا، شیخ صدرالدین بن شیخ بہاءالدین، شیخ بدرالدین غزنوی، خلیفہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اور سید مولہ وغیرہ کہ ان میں سے ہر ایک بے مثل شخص تھا[2]

علاوہ مشائخ و علماء کے اور لوگ بھی خاص خاص صفات کے موجود تھے مثلاً ایبک کشلی خاں جو تیراندازی نیزہ بازی اور دیگر فنونِ حرب میں اپنا جواب نہ رکھتا تھا۔ اسی طرح بلبن کا برادرزادہ علاءالدین محمد بن اعزالدین جو مجلس آرائی اور بخشش و کرم میں بڑی شہرت رکھتا تھا۔ مصر و شام، روم و بغداد، عراق و خراسان وغیرہ سے شعراء اور اکابر علماء آتے تھے اور اس کے بذل و نوال سے بہرہ مند ہو کر نہایت مطمئن و مسرور واپس جاتے تھے

ایک بار خواجہ شمس الدین اور خواجہ معین الدین قطب الدین حسن غوری کے ندیم خاص نے چند اشعار علاءالدین کی مدح میں کہکر مغنیوں کو یاد کرا دئے اور تاکید کر دی کہ تقریب نوروز (جشن بلبنی) میں ان کو گا کر سنائیں جب جشن منعقد ہوا تو مطربوں نے وہی اشعار مدح سنائے علاءالدین بھی موجود تھا۔ یہ سن کر مجلس سے اٹھ گیا اور گھر پہنچکر

---

[1] تاریخ فیروز شاہی جلد سوم صفحہ ۱۱۰۔ فرشتہ صفحہ ۷۹ — [2] فرشتہ صفحہ ۸۳

دریافت کیا کہ یہ اشعار کس کے تھے۔ چنانچہ خواجہ شمس الدین کو طلب کرکے مجلس نوروز کا تمام سامان و اسباب جو اُسنے اپنے لئے ترتیب دیا تھا اُٹھا کر خواجہ شمس الدین کو دیدیا اور دس ہزار تنکہ مطربوں کو بلا کر دیا۔ اس کی سخاوت کا یہ عالم تھا کہ آخر وقت میں اس کے پاس سوائے اُس کپڑے کے جو اُس کے جسم پر تھا ایک چیز بھی باقی نہ رہ گئی تھی[1]

امرائے بلبنی کی فیاضیاں

بلبن نے جو۔ پہلے ایک معمولی غلام تھا اور پھر بھشتی ہوگیا اور اس کے بعد رفتہ رفتہ ترقی کرکے میر شکار، میر آخور، جنرل اور وزیر کے درجہ تک پہونچا بہ حیثیت بادشاہ اور وزیر ہونے کے چالیس سال تک ہندوستان پر حکومت کی اور اس میں شک نہیں کہ اس کا زمانہ عجیب خیر و برکت کا زمانہ تھا، انتظام سلطنت، عدل و انصاف، بیدار مغزی و دور اندیشی، رحم و کرم، علم پروری، ہنر شناسی الغرض ہر اعتبار سے سلطان بلبن اپنا جواب نہ رکھتا تھا رعایا مسرور و مطمئن تھی، عمّال امین و متدین تھے علماء و فضلا، شعراء و مشائخ کا ہجوم تھا علم و فضل کا چشمہ ہر جگہ سے اُبلتا ہوا نظر آتا تھا ملک میں ہر جگہ امن و سکون کی حکومت تھی۔ تمام ایشیا کے بڑے بڑے شاہزادے، امراء اور شعراء دربار کی رونق بڑھا رہے تھے اور حضرت امیر خسرو کا یہ فرمانا بالکل صحیح ہے کہ "اس وقت بخارا بھی جو وسط ایشیا کا بہت بڑا مرکز علم و ہنر تھا دہلی پر رشک کر رہا تھا"

حکومت بلبن پر ایک عمومی تبصرہ

مسٹر لین پول کی رائے ہے کہ سلطان بلبن سے زیادہ کسی بادشاہ نے نہیں سمجھا کہ ہندوستان پر حکومت کرنے کا بہترین طریقہ کیا ہوسکتا ہے اور یہاں کی رعایا کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہئے[2]

فراست و دانائی

غیاث الدین بلبن کی تمام سیاسی زندگی ایک مرقع ہے اُس جرأت و بسالت و فراست و دانائی کا جو نہ صرف غلام خاندان بلکہ تمام مسلم فرمانروایان ہند میں بہت کم نظر آتا ہے

ناصر الدین شاہ کی کامیابی کا راز

اس نے مسلسل بیس سال تک ناصر الدین محمود شاہ کی جس محنت و صداقت سے خدمت انجام دی اُسکی اہمیت اسوقت بہت بڑھ جاتی ہے جب دیکھا جاتا ہے کہ وہ زمانہ کس سازش و بغاوت کا تھا اور مغلوں نے حکومت ہند کے قیام کو کس قدر دشوار بنا دیا تھا۔ ناصر الدین ایک درویش صفت بادشاہ تھا۔ قرآن مجید لکھ کر اپنی معاش بہم پہونچاتا تھا اور اُس کی اکیلی بیوی بغیر اس کے کہ کوئی خادمہ اُس کی مدد کرے کھانا پکایا کرتی تھی وہ ایک فیاض طبیعت فاضل شخص تھا اور ہمیشہ علماء و حکما کی صحبت پسند کرتا تھا لیکن ساتویں صدی کے پر آشوب عہد کے لئے وہ یقیناً کسی طرح موزوں نہ تھا جب کہ ہندوستان کو ایک نہایت ہی سخت گیر، جنگجو اور سیاست داں بادشاہ کی ضرورت تھی پھر باوجود ان صفات کے فقدان کے جو کامیابی ناصر الدین کو حاصل ہوئی اُس کی وجہ صرف یہی تھی کہ بلبن اس کا دست راست تھا اور اس نے ساری سلطنت کو اپنی مٹھی میں کر رکھا تھا

---

[1] تاریخ فرشتہ صفحہ ۷۸ — [2] Medieval India by Lane Pole

مغلوں کے حملوں کا اندفاع۔ باغیوں کی سرکوبی۔ بلبن کی سخت گیری کے اسباب۔ قزاقوں کا انتظام۔ قلعوں اور سڑکوں کی تعمیر۔ ترک جاگیرداروں کا انتظام

اس وقت ہندوستان کی اندرونی حالت بھی ہندؤں کی بغاوتوں سے خطرناک تھی اور مغلوں کے حملوں نے اور زیادہ اُسے ہولناک بنا دیا تھا لیکن یہ بلبن ہی کا دماغ تھا جس نے بیک وقت ان دونوں کا انسداد کر دیا اُدھر پنجاب کی طرف شیر خاں اپنے برادر عم زاد کو متعین کر کے مغلوں کی پیشقدمی روک دی اور اِدھر اندرون ملک میں باغیوں کی ایسی سخت سرکوبی کی کہ اُن کے حوصلے بالکل پست ہو گئے۔ علاوہ اس کے ایک اور مصیبت ترک امراء کی بھی تھی جن کی سازشوں اور بغاوتوں نے سلطنت کی بنیاد کو متزلزل کر رکھا تھا، مگر بلبن ان کا بھی حریف غالب ثابت ہوا اور کامل بیس سال تک اس نے ناصر الدین کی سلطنت کو اسقدر حسن انتظام کے ساتھ چلا دیا کہ تاریخ، مشکل سے ایسی دوسری نظیر پیش کر سکتی ہے

جب ناصر الدین کے بعد خود اس کا عہد سلطنت شروع ہوا، تو حالات بدستور تھے، ترک خوانین اب بھی موقع کے منتظر تھے، ہندو بغاوتیں کرنے کے لئے صرف ذرا سا بہانہ چاہتے تھے۔ قرب وجوار کے لٹیرے دہلی کے دروازہ تک آکر لوگوں کو پریشان کیا کرتے تھے، اور سب سے زیادہ یہ کہ مغلوں کی جماعتیں سرحد پر منڈلا رہی تھیں، اس لئے اگر اس نے سختی سے کام لیا تو وہ معذور تھا اور اس کو بہ حیثیت ایک دانشمند فرمانروا کے ایسا ہی کرنا چاہیئے تھا

اس نے اپنی آہنی تدبیروں سے قرب وجوار کی لوٹ مار کا سدباب کیا اور دہلی کے نواح میں جسقدر گاؤں آباد تھے اُن میں عسکر سلطانی نے گھس گھس کر قزاقوں کو گرفتار کیا، جنگلوں کو صاف کیا اور تقریباً ایک لاکھ آدمیوں کی قربانی کر کے ان غارتگروں کی کمین گاہ کو پُرامن قابل زراعت ضلع میں تبدیل کر دیا

اس نے تمام ایسے مقامات میں جہاں فتنہ پردازوں کو فساد پیدا کرنے کا موقع ملتا تھا، قلعے تعمیر کرائے چوکیاں قائم کیں اور اس طرح تمام اُن راستوں کو صاف اور پُرامن بنا دیا جو بقول ضیاء برنی، ساٹھ سال سے قزاقوں کا مسکن بنے ہوئے تھے، اور لوگوں کی آمد و رفت وہاں مسدود تھی۔ ظاہر ہے کہ یہ انتظام نرمی سے آسانی سے نہ ہو سکتا تھا اس لئے جب بلبن کو کسی ایسے گروہ کا پتہ چلتا تو وہ فوراً شیر کی طرح وہاں پہونچ گیا اور شیر ہی کی طرح دشمنوں اور فتنہ برپا کرنے والوں کو پارہ پارہ کر دیا۔ اس غرض سے اس نے بہت سے جنگل کٹوا کر سڑکیں بنوا دیں اور حقیقت یہ ہے کہ یہ تدبیر اس کی بہت کارگر ہوئی

دوسرا مرحلہ ترک جاگیرداروں کا تھا جو جاگیروں پر اپنا موروثی حق قایم کئے ہوئے تھے۔ اگرچہ یہ سب بلبن ہی کی قوم و قبیلہ کے تھے اور اُنھیں "چہلگانی" امراء سے تعلق رکھتے تھے، جن کا ایک فرد خود بلبن بھی تھا، لیکن بلبن نے مطلقاً ان کی رعایت نہیں کی اور بڑی حد تک ترک امراء کے خودسرانہ اقتدار کو گھٹا دیا حتےٰ کہ شیر خاں کو بھی جو خود اسی کا بنایا ہوا تھا اس نے فنا کر دینے میں کوئی تامل نہیں کیا

تیسری خلش مغلوں کے حملہ کی تھی، چنانچہ بلبن نے اس غرض سے ایک بڑی زبردست اور مہذب فوج

مرتب کی اور اکثر و بیشتر دارالحکومت میں اپنا وقت صرف کیا، تاکہ وہ پوری طرح اپنی مرکزی قوت سے مغلوں کا مقابلہ کر سکے اگر وہ کبھی اس طرف کا رُخ کریں یہی سبب تھا کہ اپنی ساری حکومت میں اس نے دور دراز مقام کی صرف ایک مہم (بنگال) اختیار کی، جہاں عرصہ سے لوگ آمادہ بغاوت تھے اور حاکموں کا اقتدار قریب قریب اُٹھ چکا تھا

بختیار خلجی کے بعد سے پندرہ گورنر وہاں حکمران رہ چکے تھے لیکن چونکہ دہلی سے بنگال بہت دور واقع تھا اس لئے مرکز حکومت کا اثر وہاں بہت کمزور تھا۔ جسوقت غیاث الدین بلبن تخت نشین ہوا تو طغرل (بلبن کا محبوب ترین غلام) بنگال کا گورنر تھا۔ اس کو اوڑیسہ کی طرف بہت کامیابی ہوئی اس لئے کچھ تو وہاں کی دولت سے بدمست ہو کر اور کچھ یہ خیال کر کے کہ بلبن مغلوں کے خلاف اپنی تدابیر میں مصروف ہے اس نے خود مختاری کا اعلان کر دیا۔

بلبن نے ایک فوج اُس طرف روانہ کی لیکن طغرل نے تلوار اور دولت دونوں کی قوت سے کام لیکر کامیابی حاصل کی اور افواج دہلی کے اکثر سپاہی بھاگ نکلے۔ بلبن جو اس نوع کے مناظر سے آشنا نہ تھا، یہ خبر سن کر سخت برافروختہ ہوا اور اُس نے فوج کے جنرل ایتگین کو اودھ میں سولی دیکر اپنا غصہ فرو کیا۔ اس کے بعد اُس نے دوبارہ فوج روانہ کی لیکن وہ بھی کامیاب نہ ہوئی، اب بلبن کے لئے سوائے اس کے کوئی چارہ کار نہ تھا کہ وہ خود وہاں جائے، چنانچہ اُس نے شہزادہ محمد کو تو مغلوں سے عہدہ برآ ہونے کے لئے دہلی میں چھوڑ دیا، اور خود اپنے دوسرے بیٹے بغرا خاں کو ساتھ لیکر باوجود اس کے کہ بارش سخت تھی لکھنوتی کا عزم کر دیا۔ کہیں اس نے دریاؤں کو کشتیوں کے ذریعہ سے عبور کیا کہیں کیچڑ پانی میں یونہی گھوڑا ڈال کر لبریز سیدانوں اور وادیوں کو طے کیا۔ الغرض عجیب و غریب اسکندرانہ عزم کے ساتھ اس نے کوچ کیا، حتےٰ کہ لکھنوتی پہونچ گیا۔ یہاں پہونچکر معلوم ہوا کہ طغرل مع اپنی فوج اور ذخائر کے جاجنگر بھاگ گیا ہے۔ بلبن اس سے اور زیادہ برہم ہوا اور عہد کیا کہ "میں دہلی کا اُسوقت تک نام بھی نہ لوں گا جب تک کہ باغیوں کا اچھی طرح خون نہ بہالوں"۔ چنانچہ طغرل بیگ کا تعاقب کیا گیا اور کچھ عرصہ تک مطلق پتہ نہ چلا کہ وہ کہاں چھپا ہوا ہے۔ چند دن بعد اتفاق سے بلبن کے ایک دستۂ فوج کو بنجاروں کا ایک قافلہ ملا جو طغرل کے لشکر سے واپس آرہا تھا۔ اس سے سارا پتہ معلوم ہوا اور چالیس سپاہیوں کے "مقدمۃ الجیش" نے آگے بڑھ کر دیکھا کہ دشمن کے سپاہی اپنے اپنے کام میں مصروف ہیں۔ کوئی کپڑے دھو رہا ہے، کوئی گا بجا رہا ہے، ہاتھی گھوڑے اِدھر اُدھر چر رہے ہیں۔ اس دستہ نے خیال کیا کہ اگر اصل فوج کو خبر کی گئی تو اُسوقت تک طغرل یہاں سے کوچ کر جائے گا اس لئے اُنھوں نے تلواریں نیام سے نکال لیں اور سیدھے طغرل کے خیمہ میں حملہ کر دیا۔ طغرل یہ ہنگامہ سنکر اپنے گھوڑے پر سوار ہوا اور بھاگا لیکن دریا عبور کرنے سے پہلے گرفتار ہوا اور قتل کر دیا گیا۔

اس کے بعد وہ وقت آیا کہ بلبن اپنے عہد کو پورا کرتا چنانچہ اس نے بازار لکھنوتی کے دونوں جانب سولیاں قایم کیں اور طغرل کے جتنے اعزہ و شرکاء اور سپاہی ہاتھ آئے سب کو دار پر کھینچ دیا۔ دو دن تک یہی ہنگامۂ دار و گیر قایم

بلبن کا مقابلہ باغیوں سے

بنگال کی مہم

بلبن کی سکندرانہ اولوالعزمی

بلبن کی سختی

رہا اور طرفداران طغرل میں سے اگر کوئی گدا بھی نظر آیا تو وہ بھی اس مصیبت سے نہ بچ سکا۔ ضیاء برنی کا بیان ہے کہ "جس سختی کے ساتھ بلبن نے ان لوگوں کو سزا دی اُس کی نظیر اس سے قبل کبھی نظر نہیں آئی"۔

بیٹے کی فہمائش

بلبن جب اس سے فارغ ہوا تو اُس نے اپنے بیٹے بغراخاں کو بلاکر، یہاں کا گورنر مقرر کیا اور حلف لیا کہ وہ تمام بنگال کو اپنے قبضہ میں لاکر ہمیشہ اطاعت کرتا رہے گا۔ اس کے بعد اس نے شاہزادہ سے پوچھا "کیا تم نے دیکھا؟" وہ اس سوال کا مطلب نہ سمجھا۔ دوبارہ پھر یہی پوچھا تو وہ اس مرتبہ بھی خاموش و متحیر رہا۔ تیسری بار پھر بلبن نے یہی سوال اور اسی کے ساتھ یہ تفصیل بھی بیان کی کہ "تم نے دیکھا جو سزائیں میں نے باغیوں کو دی ہیں۔ اگر کبھی تم نے حکومت دہلی سے انحراف کیا تو یاد رکھو کہ تمھارا حشر بھی وہی ہوگا، جو تم نے ابھی بازار لکھنوتی میں دیکھا"۔

اس تنبیہ کے بعد بلبن تو دہلی واپس چلا آیا اور تقریباً نصف صدی تک بغراخاں اور اس کی اولاد نے بنگال میں حکومت کی، درانحالیکہ "غلام خاندان" کی حکومت دہلی میں بلبن کے تین سال بعد ہی ختم ہوگئی

بلبن کا انتقال

بنگال کی مہم سے فارغ ہونے کے بعد بلبن کی زندگی اس کے بیٹے محمد کی شہادت سے جو مغلوں کا مقابلہ کررہا تھا بے لطف ہوگئی تھی اور ہر چند دہ دن بھر انتظاماتِ سلطنت میں بغیر کسی اظہار تاثر کے مصروف نظر آتا تھا لیکن رات کو وہ مضطرب ہوجاتا تھا اور آخر کار چار سال کے بعد ہی وہ بھی اس دنیا کو چھوڑکر اپنے بیٹے سے جاملا۔

بلبن نے بہ حیثیتِ شاہ و وزیر، چالیس سال تک ہندوستان پر حکومت کی اور یہ نصف صدی کا زمانہ ہندوستان کی تاریخ اسلام میں بہت عروج و اقبال کا زمانہ سمجھا جاتا ہے

معزالدین کیقباد

(سنہ ۶۸۶-۶۸۹ھ / ۱۲۸۷-۱۲۹۰ء)

کیقباد کی تخت نشینی

بقول لین پول، بلبن انھیں لوگوں میں تھا جو اپنے بعد کوئی جانشین نہیں چھوڑ جاتے خود اس کا خیال تھا کہ اپنے بعد محمد کو جانشین کرجائے گا لیکن جب وہ شہید ہوگیا تو اس نے بغراخاں کو طلب کیا لیکن اس نے بنگال کی پُرتعیش زندگی کو چھوڑنا گوارا نہیں کیا اس لئے بلبن نے برہم ہوکر محمد کے بیٹے کیخسرو کو نامزد کردیا

جب بلبن کا انتقال ہوا تو امراء نے کیخسرو کو نظرانداز کردیا اور بغراخاں کے بیٹے کیقباد کو تخت نشین کردیا یہ ایک اچھے اخلاق کا شاہزادہ تھا لیکن اس کی پرورش اسقدر خلوت میں ہوئی تھی کہ وہ سوائے لطف و تفریح

پھر، اب وقت آگیا ہے کہ ہم، تمام بسنے والی دنیاؤں کی عورتیں اپنی آزادی حاصل کرنے کے لئے کمربستہ ہو جائیں تاکہ آیندہ جو نسلیں ہمارے بعد آنے والی ہیں وہ صحیح معنے میں بیباک و جری پیدا ہوں۔ یاد رکھو کہ اگر دنیا میں عورت نے آزادی حاصل کرلی تو مرد نہ کبھی بوڑھا ہوگا نہ بیمار، یاد رکھو کہ دنیا اس وقت تک غلامی کی بلا سے نجات نہیں پا سکتی، جب تک عورت آزاد نہیں ہے، اس لئے اُٹھو اور آگے بڑھو اس عزم کے ساتھ کہ جو قدم آگے پڑا ہے وہ پیچھے نہ ہٹے گا اور جو نگاہیں سامنے دیکھ رہی ہیں وہ پھر پیچھے پلٹ کر نہ دیکھیں گی"

اے میری بہنو، آفرینش نام آزادی کا ہے، اور اگر خدا آزاد ہے تو تم کو بھی آزاد ہی رہ کر زندہ رہنا ہے۔ وہ آزادی جو فضا میں طیور کو حاصل ہے، میدانوں میں دریاؤں کو میسر ہے، اور ایتھر میں برقپاروں کے اندر پائی جاتی ہے

ریب و شک کی منزل سے اب گزر جانا چاہئے پس و پیش و تذبذب کو دور کر دینا چاہئے اور یہ سمجھ کر آگے قدم بڑھانا چاہئے کہ جن زنجیروں میں ہم جکڑے ہوئے ہیں انھیں اب ٹوٹ کر رہنا ہے، جس قفس میں ہم زندگی بسر کر رہے ہیں اس کی تیلیوں کو پارہ پارہ ہو جانا ہے۔ بڑھو اس بے خوفی کے ساتھ جو ایک شیرنی میں پائی جاتی ہے، اس قوت کے ساتھ جو تیر از کمان جستہ میں نظر آتی ہے اور اس سرعت کے ساتھ جو سورج کی کرنوں کو حاصل ہے

دنیا میں صرف ایک ہی صداقت پیدا کی گئی ہے جس کا نام آزادی ہے۔ اور جو قوتیں آزادی سلب کرنے والی ہیں وہ شیطانی قوتیں ہیں جن کا مقابلہ نہ کرنا نہ صرف اس وعدۂ ازل کی توہین ہے جو روحِ انسانی نے پروردگار عالم کے سامنے کیا تھا، بلکہ خود خدا کی توہین ہے جس کی برداشت ممکن ہے مرد کا کلیجہ کر سکے لیکن ہم عورتوں کا نازک دل اس کی تاب نہیں لا سکتا"

دلآرام کی اس تقریر نے حاضرین میں عجیب و غریب جوش پیدا کر دیا اور ہر طرف سے "نعرۂ آزادی" بلند ہونے لگا، عورتیں ایک دوسرے سے گلے مل مل کر فرط مسرت سے آبدیدہ ہو گئیں اور مردوں نے اپنے سر اُنکے قدموں پر جھکا دئے۔

باب (۷)

دوست پرست

دوست پرست جو قسطوریوں کا طالب علم تھا، "اتحاد مابین سیارگاں" کا بڑا پُرجوش حامی تھا۔ اول اول جب اس نے اس موضوع پر گفتگو کی تھی تو میں اسی وقت اس کی طرف مایل ہو گیا تھا اور معلم اکبر بھی اس کے اس

خیال کی بہت تعریف کرتا تھا

اس کے بعد جب جام زر اور دلآرام نے "مملکت متحدۂ سیارگاں" کی تجویزیں پیش کیں تو پھر ہر جلسہ میں ہر جگہ یہی ذکر تھا اور ہر ہر فرد سوچ رہا تھا کہ کیونکر ان تحریکوں کو عملی صورت دیجا سکتی ہے۔

دوست پرست کی تجویز بہت زیادہ عملی تھی اور وہ چاہتا تھا کہ تمام سیاروں کے درمیان باہمد گر تبادلۂ خیال و سہولت کا ذریعہ بھی پیدا کیا جائے جس کو وہ بالکل قابل عمل سمجھ کر تیقنات ریاضی میں شمار کرتا تھا۔

وہ کہتا تھا کہ مختلف کروں میں بعض ایسی ہستیاں پائی جاتی ہیں جو ایک دوسرے کے ساتھ رابطۂ روحانی رکھتی ہیں چنانچہ خود اپنے کرے میں بھی وہ بعض ایسی ہستیوں کے وجود کا یقین رکھتا تھا۔ اس نے بیان کیا کہ وہ ان سے ملا تھا اور انھوں نے بتایا کہ اب مختلف کروں کے درمیان سلسلۂ پیام رسانی جاری ہے۔

دوست پرست اس حقیقت سے آگاہ تھا کہ کائنات میں ایسی برقی شعاعیں پوشیدہ ہے جن سے یہ کام لیا جا سکتا ہے اور ہر چند عام طور پر اس کا علم لوگوں کو حاصل نہیں ہے لیکن جلد وہ وقت آنے والا ہے جب ان شعاعوں کی اس زبردست قوت سے دنیا آگاہ ہو جائے گی اور ایک کرہ سے دوسرے تک سلسلۂ پیام رسانی جاری ہو جائے گا۔

جس دن نسیم کرۂ مریخ پر اپنے فرائض انجام دیکر واپس آیا تو معلم اکبر نے ہم سب کو طلب کیا تاکہ نسیم اپنی رپورٹ سنائے۔ نسیم نے بیان کیا کہ جب وہ معلم اکبر کی ہدایت کے موافق کرۂ مریخ پہونچا تو وہاں کی حق پرست جماعت بہت سقیم حالت میں تھی اور ظلماتی افواج نے سخت فساد برپا کر رکھا تھا لیکن اس نے پہونچکر ایک سیاہ ابر کے اندر ان افواج کو گھیر لیا اور آخر کار وہ بالکل منتشر ہو گئی اور جماعت حقہ غالب ہو کر امن و سکون کی اشاعت میں مصروف ہو گئی

صرصر یہ سنکر فرط مسرت سے اچھل پڑا اور معلم اکبر سے عرض کی کہ "اے آقا مجھے بھی کچھ قوت و روشنی عطا کر تاکہ میں بھی وہاں پہونچکر فطرت کا پیام لوگوں کو پہونچاؤں"

معلم اکبر یہ سنکر مسکرایا اور ساتھ ہی دوست پرست سے خطاب کیا کہ وہ اپنا نظریہ بیان کرے۔ دوست پرست نے کہا "اس وقت بہت کم ایسے ذہین و دانشمند نفوس پائے جاتے ہیں جو تمام مذاہب عالم میں اتحاد پیدا کرنے اور مختلف اقوام کا اختلاف دور کر کے امن و سکون پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہوں۔ لیکن وہ وقت جلد آنے والا ہے جب ایسے ہی وسیع النظر، ترقی پسند لوگ بکثرت پیدا ہوں گے اور انھیں تدابیر پر غور کریں گے جو اسوقت اس کرۂ محبت میں ہم سب کے سامنے ہے۔

جام زر اور دلآرام کے خیالات یقیناً قابل مبارکباد ہیں، لیکن میں نے جو کچھ سوچا ہے وہ یکسر عملی چیز ہے۔ میرا مدعا یہ ہے کہ کائنات کے تمام کروں میں جہاں آبادی پائی جاتی ہے۔ باہمد گر روابط گفت و شنید قایم کئے جائیں اور اس طرح

ان سب کو ایک نظام اور ایک ہی رشتہ سے وابستہ کر دیا جائے ۔ ایک کائناتی حکومتِ وفاق۔ ایک عالمگیر جمہوریت ایک کائنۂ سیارگان عالم ۔"

میں نے بات کاٹتے ہوئے کہا ۔ "کیا یہ صرف خیال ہی خیال نہیں ہے۔ کیا عملاً اس کا حصول اتنا دیر طلب و مستبعد نہیں ہے کہ فی الحال اس پر گفتگو کرنا قبل از وقت سمجھا جائے۔"

دوست پرست نے شفقت آمیز نگاہ سے دیکھتے ہوئے جواب دیا کہ "اے کرۂ ارض کے فرزند، یہ دن تو لوحِ محفوظ میں مقرر ہو چکا ہے، معلم اکبر فیصلہ کر چکا ہے کہ یہ ہو کر رہے گا اور اسوقت ہم اسی کا سنگ بنیاد رکھنے جا رہے ہیں"

جامِ زر بولا ۔" اے دوست پرست، ان رازوں کے انکشاف میں اتنی جلدی نہ کرو، ممکن ہے ہمارے درمیان بعض ایسے نفوس بھی ہوں جن کو پہلے اس سے زیادہ نرم غذا دینے کی ضرورت ہو۔"

دوست پرست نے کہا "اس راز کو چھپانے کی ضرورت نہیں جبکہ ہم اس کو بے نقاب کرنے ہی کے لئے یہاں جمع ہوئے ہیں اور یہاں کوئی متنفس ایسا نہیں ہے جو اس راز کو برداشت نہ کر سکے۔"

میں نے حیرت سے معلم اکبر کی طرف دیکھا تو اس نے مسکراتے ہوئے کہا "دوست پرست نے جو کچھ کہا وہ بالکل صحیح ہے۔ اس وقت تمام سیارگانِ عالم کے باشندے آہستہ آہستہ لیکن نہایت استحکام کے ساتھ بلندی کی طرف جا رہے ہیں۔ یاد رکھو کہ دنیا میں حقیقت ہمیشہ ایک ہی رہی ہے اور ہر زمانہ اپنے استعداد کے لحاظ سے اسکو قبول کرتا ہے۔

اس وقت جامِ زر، دلآرام اور دوست پرست نے جس حقیقت کا اظہار کیا ہے، اسی پر کائنات کا مستقبل قایم ہونا ہے، اور فی الحال تم سب کو اپنا مقصود سیارۂ امن و سکون تک پہونچنا قرار دینا چاہئے۔"

صرصر نے پوچھا "یہ سیارہ کہاں ہے"

معلم اکبر نے کہا "یہ ہر شخص کے دل کے اندر موجود ہے"

میں نے پوچھا "کرۂ زمین پر حصول امن اور دفعِ جنگ کے لئے کیا تدابیر اختیار کرنا چاہئے"

معلم اکبر نے جواب دیا کہ "امن و سکون پھیلانا سب سے پہلے ماؤں کا فرض ہے، اس کے بعد اُستادوں کا، ماں کی گود میں جو بات ان کی کان میں پڑے وہ امن و سکون کی ہو اور مدرسہ میں جو سبق ان کو دیا جائے وہ صلح و آشتی کا ہو۔ اسی کے ساتھ عمال حکومت کو امن پسندانہ قانون کا نفاذ کرنا چاہئے اور اخباروں میں اسکی تلقین برابر ہوتی رہنا چاہئے، جاؤ ایک جامعہ صرف امن و سکون کی تعلیم کی غرض سے قایم کرو۔ ایک متحدہ انجمن بھی بناؤ جسمیں ہر قوم و مسلک کے مرد و عورت شریک ہوں اور ان کا مقصود صرف اشاعتِ امن ہو۔ فوجوں کو توڑ دو کیونکہ وہ خوف و بے اطمینانی پیدا کرتی ہیں، ایک ایسا ترانہ پیش کرو جسے ہر قوم کے بچے یکساں جوش سے گائیں، ایک ایسا جھنڈا بناؤ جس کے نیچے کرۂ زمین کے تمام باشندے جمع ہو سکیں، ایک بین الاقوامی معیار اخلاق و تہذیب کا ایسا قایم کرو جسپر

سب یکساں کاربند ہوں، الغرض ہر اس چیز کو فنا کردو جو ہلاکت یا بربادی پیدا کرنے والی ہے اور ایسی فضا پیدا کردو جس میں سوائے محبت و ہمدردی کے کچھ نہ ہو"

حاکم حاکمیان نے جو سیارۂ ارانوس سے آیا تھا پوچھا کہ "یہ تمام باتیں کتنے زمانہ میں قابل عمل ہوں گی"

معلم اکبر نے جواب دیا "بہت تھوڑے زمانہ میں، کیونکہ لوگوں کے دلوں میں اس خواہش کا تخم بویا جا چکا ہے"

میں نے پوچھا کہ "میں اپنے بزرگوں کو کیا پیغام جا کر سناؤں؟"

معلم اکبر نے جواب دیا "میں نے جو کچھ تم سے کہا وہی پیغام تمام کرۂ ارض والوں کے لئے ہے۔ جب تم ان کے پاس جاؤ تو ان سے کہو کہ "اے انسانیت کے رہنماؤ، اے کرۂ ارض کے دانشمندو، اے زمین کے حاکمو، وہ روشنی جس کا دنیا کو انتظار تھا تمہارے قدموں کے پاس ہے، آنکھیں کھول کر دیکھو اور اسی کی مدد سے اپنی راہِ عمل تلاش کرو، تم اب ایک نئے دور میں قدم رکھ رہے ہو، ایک نئی روح تمہاری منتظر ہے، لڑائیاں بند کردو، باہمی اختلافات مٹا دو، اور جب تم کسی پر ظلم کرو تو سمجھو کہ یہ تمہارے ہی گوشت و خون کا ایک جزو ہے، صورت و شکل کا فرق کوئی چیز نہیں، نسل و قوم کا امتیاز کوئی معنے نہیں رکھتا اور خدا نے سب کو ایک ہی طرح کی زندگی بسر کرنے کے لئے پیدا کیا ہے۔ وہ زندگی جو سراسر عمل ہے لیکن عملِ محبت۔ وہ زندگی جو یکسر لطف و ہمدردی ہے اور جو صرف دوسروں کے دلوں کے اندر رہ کر بسر کی جاتی ہے۔

یہ وہ باتیں ہیں جنھیں نئی نسل کو زیادہ سمجھنا چاہئے، کیونکہ قوم کے تجربہ کار بوڑھے نوجوانوں ہی کو آئندہ جنگ کے لئے طیار کر رہے ہیں اور انھیں کا خون اپنے جذبۂ خود غرضی پر بہانا چاہتے ہیں۔ یہی نوجوان مرنے مارنے کے لئے آگے کئے جائیں گے اور انھیں کی بیویاں اور مائیں ان کی واپسی کے انتظار میں تڑپ رہی ہوں گی"

یہ سنکر میری حالت متغیر ہو گئی اور میں ایسا محسوس کرنے لگا کہ شاید میرا دل سینہ سے باہر آجائیگا۔ خون نہایت تیزی سے رگوں میں دوڑ رہا تھا اور ضربات نبض کا یہ عالم تھا گویا ان کا درمیانی وقفہ مٹ گیا اور انکی جنبش کا نظام کسی برقی رو سے متعلق ہو گیا ہے۔ میں علحدہ ایک گوشہ میں جا کر سر پکڑ کر بیٹھ گیا اور دیر تک اپنی قوم کی حالت پر آنسو بہاتا رہا۔

باب (۸)

حاکم حاکمیان

جب اول اول ہم معلم اکبر کے حضور میں حاضر ہوئے تھے تو میں نے اپنے پاس ایک عجیب و غریب روشن ہستی کو پایا جو مجھے اپنی طرف کھینچ رہی تھی۔ بعد کو معلوم ہوا کہ یہی حاکم حاکمیان ہے جو سیارۂ زحل سے آیا ہے۔

آیندہ جنوری سنہ ۳۹ء کا "نگار"

مصحفی کے لئے وقف ہوگا

نگار

جلد ۳۳	فہرست مضامین مئی سنہ ۱۹۳۸ء	شمار ۵

ملاحظات ---------- ۲
عالمِ حیوانات کی ایک نہایت حقیر مخلوق ---------- ۹
ادب اور زندگی ---------- مجنوں گورکھپوری ---------- ۲۱
فنِ خطابت اور اہلِ عرب ---------- جلیل الرحمان اعظمی ---------- ۲۸
اُردو غزل ---------- فراق گورکھپوری ---------- ۳۷
معیارِ زر کا مسئلہ ---------- شبلی (بی کام) ---------- ۴۶
مکتوبات نیاز ---------- ۵۳
باب الاستفسار ---------- ۵۶
مطبوعات موصولہ ---------- ۶۰
اسلامی ہند ---------- ۱۶۳
نغمۂ کارواں ---------- ۲۱

اصلی برقی قوام (تمباکوئے خوردنی قیمتی فی تولہ ۴ عہ) صرف شیخ خورشید علی پرفیومر نظیر آباد لکھنؤ کے پتہ سے ملسکتا ہے

نگار

اڈیٹر:- نیاز فتحپوری

معاون:- جلیل اعظمی

جلد ۳۳	مئی سنہ ۳۸ء	شمارہ ۵

ملاحظات

مسئلۂ وفاق میں ریاستوں کی غلط پالیسی

ہندوستان میں جدید ایکٹ کا نفاذ تو ہو گیا ہے، لیکن دستورِ جدید کا نفاذ ابتک نہیں ہوا۔ ہندوستان کے صوبے خود مختار ہو چکے ہیں اور جس حد تک صوبجاتی خود اختیاری کا تعلق ہے دونوں ایوانوں کے ذریعہ سے تمام کام اسی طرح انجام پا رہے ہیں جو جدید ایکٹ کا منشا رہے۔ لیکن حقیقی مدعا محض اس صوبجاتی خود اختیاری سے حاصل نہیں ہو سکتا اور نہ اس کا نام دستورِ جدید ہے

دستورِ جدید سے مراد وفاق کا قیام ہے اور یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک ریاستوں کی شرکت یا عدم شرکت کا مسئلہ طے نہ پا جائے، کیونکہ اعلانِ وفاق کے بعد ہندوستان کے صوبے تو از خود اس سے متعلق ہو جائیں گے، لیکن ریاستیں اس پر مجبور نہیں ہیں ان کو اختیار دیا گیا ہے خواہ شریک ہوں یا نہ ہوں اور اگر ہوں تو بھی وہ اپنی مخصوص شرائط پیش کر سکتی ہیں جنکی منظوری یا عدم منظوری تاج کے اختیار کی بات ہے

اس مسئلہ میں سب سے زیادہ اہم دو پہلو بحث کے ہیں۔ ایک یہ کہ آیا بغیر شرکتِ رؤسار وفاق مناسب وممکن ہے یا نہیں اور دوسرا یہ کہ ریاستوں کو اس باب میں کیا طرزِ عمل اختیار کرنا چاہئے۔ ریاستوں کی تعداد اسوقت ہندوستان میں چھ سو کے قریب ہے جس میں کروروں روپیہ سالانہ کی آمدنی سے لیکر صرف چند سو سالانہ آمدنی رکھنے والی ریاستیں شامل ہیں یعنی اگر ایک طرف حیدرآباد ایسی عظیم الشان ریاست پائی جاتی ہے جس کی آمدنی کروروں روپیہ کی ہے تو دوسری طرف کاٹھیاوار کی بعض ایسی ریاستیں ہیں جن کا رقبۂ حکومت صرف چند ایکڑ زمین ہے اور جن کی آمدنی کا اوسط ایک معمار کی آمدنی سے زیادہ نہیں۔ بہرحال اس میں شک نہیں کہ حکومت بالادست کے ساتھ ان ریاستوں کے تعلقات مختلف حیثیت رکھتے ہیں، لیکن یہ ناقابل انکار حقیقت ہے کہ ہم ان میں سے کسی کو "برطانوی ہند" کا جزو نہیں کہہ سکتے اور ان میں سے ہر ایک علٰحدہ سیاسی وحدت رکھتی ہے۔ اسی کے ساتھ اگر آپ رقبۂ حکومت پر غور کریں تو ریاستی ہند کی اہمیت اور زیادہ بڑھ جاتی ہے کیونکہ اگر برطانوی ہند کا رقبہ گیارہ لاکھ مربع میل کے قریب ہے تو ریاستی ہند کا رقبہ بھی ۷ لاکھ مربع میل سے کچھ زیادہ ہی ہے اور اگر آبادی کو پیش نظر رکھا جائے تو بھی اس کا پانچواں حصہ انھیں ریاستوں میں زندگی بسر کرتا ہے۔ اس لئے ظاہر ہے کہ کسی ملک کے نظم ونسق اور خصوصیت کے ساتھ وفاقی نظامِ حکومت میں رقبہ وآبادی کے اتنے بڑے حصہ کو کسی طرح نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اور اسی لئے قیام وفاق کی ضروری شرط یہ قرار دی گئی ہے کہ تاوقتیکہ ریاستی آبادی کے نصف حصہ پر حکمراں ریاستیں یا اتنی ریاستیں جو مجموعی حیثیت سے کونسل آف اسٹیٹ میں کم ازکم ۵۲ ممبران بھیج سکتی ہیں، شریک نہ ہوں، وفاق کا قیام ممکن نہیں ہے

اس قدر بیان سے یہ بات تو صاف ہوگئی کہ رؤسار ہند کی شرکت کے بغیر وفاق کا قیام نہ کسی طرح ممکن ہے نہ مناسب۔ لیکن اگر ریاستیں اپنی اس اہمیت کو سامنے رکھ کر یہ سمجھنے لگیں کہ وفاق کا قیام بالکل ان کے ہاتھ میں ہے تو بھی درست نہیں اس کے سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے آپ ریاستوں کی نمایندگی پر غور کرلیں

کونسل آف اسٹیٹ میں ریاستوں کو مجموعی حیثیت سے ۱۰۴ ممبران کی نامزدگی کا اختیار دیا گیا ہے، بڑی بڑی ریاستوں کو پانچ سے لیکر ایک تک اور چھوٹی چھوٹی ریاستوں کو دو سے لیکر پانچ ریاستوں کے گروپ تک فی گروپ ایک ایک ممبر نامزد کرنے کا حق حاصل ہے۔ لیکن اگر آپ یہ سمجھنا چاہیں کہ یہ تقسیم کس نقطۂ نظر سے کی گئی ہے تو اس کا کوئی عام اُصول متعین نہیں کیا جاسکتا کسی جگہ آبادی کی کثرت کا لحاظ کیا گیا ہے، کہیں جغرافی اہمیت کو پیش نظر رکھا گیا ہے اور کہیں اس امر کو کہ ازروئے معاہدہ تاج اور ریاست کے باہمی تعلقات کیا ہیں۔ لیکن اس تقسیم کی نوعیت اس قدر عجیب وغریب ہے کہ اگر ۶۰۰ ریاستوں میں سے ۲۰ بڑی ریاستیں مل کر یہ فیصلہ کرلیں کہ وہ وفاق میں شریک ہوں گی تو پھر باقی ۵۸۰ ریاستوں کی مخالفت کوئی معنی نہیں رکھتی کیونکہ اس طرح تناسب آبادی پورا ہوجائیگا، اسی طرح اگر تمام بڑی بڑی ریاستیں وفاق کی مخالف ہوجائیں تو بھی وہ کچھ نہیں کرسکتیں کیونکہ ۵۲ ممبروں کی تعداد چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے گروپ سے بہ آسانی پوری ہوسکتی ہے

اب اسی کے ساتھ آپ اس حقیقت پر غور کیجئے کہ قوتِ بالادست اور رؤسار ہند کے درمیان جو تعلقات قایم ہیں انکی

نوعیت کیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ جس حد تک معاہدوں کا تعلق ہے رئیسوں کا تعلق براہ راست تاج سے ہونا چاہئے، لیکن عملی صورت یہ ہے کہ غریب تاج کو یہ بھی خبر نہیں کہ اس نے کن کن ریاستوں سے کیا معاہدہ کیا ہے۔ تاج برطانیہ بالکل شطرنج کے بادشاہ کی حیثیت رکھتا ہے اور اس کو صرف اس لئے لگا رکھا ہے کہ اگر کبھی لوگوں میں جذبۂ شاہ پرستی پیدا کرکے کام نکالنے کی ضرورت آپڑے تو اس سے کام نکال لیا جائے ورنہ یوں تو ظاہر ہے کہ برطانیہ کا تمام نظم و نسق کابینہ کے ہاتھ میں ہے اور بادشاہ بہ اختیار خود اپنی مرضی سے کہیں شادی بھی نہیں کرسکتا، کسی اور اختیار کا کیا ذکر ہے۔ الغرض ریاستوں کا کاغذی تعلق یوں چاہے تاج ہی سے ہو، لیکن عملی تعلق یکسر حکومت ہند کے محکمۂ سیاسیات سے ہے اور اس محکمہ نے رفتہ رفتہ ریاستوں کو جس طرح اپنے قابو میں کرلیا ہے وہ بھی کسی سے مخفی نہیں، پھر ایسی صورت میں یہ توقع کرنا کہ ریاستیں مجموعی حیثیت سے حکومت ہند کی مخالفت کرنے کی جرأت کریں گی خلاف عقل ہے، اگر بڑی بڑی ریاستوں نے حکومت ہند کی خواہش کے خلاف وفاق کی مخالفت کی بھی تو اس سے قیام وفاق پر کوئی اثر نہیں پڑ سکتا کیونکہ چھوٹی چھوٹی ریاستیں بہ کثرت موجود ہیں اور ان میں اتنی تاب بھی نہیں کہ پولیٹیکل ایجنٹ کے معمولی کلرک کا کہنا ٹال جائیں چہ جائیکہ حکومت ہند کا محکمۂ سیاسیات۔ اس لئے جس حد تک ریاستوں کی رضامندی یا عدم رضامندی کا تعلق ہے نفاذِ وفاق پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور اس لئے اس صورت میں ریاستوں کے سامنے یہ سوال نہ آنا چاہئے کہ وہ وفاق میں شریک ہوں یا نہ شریک ہوں بلکہ صرف یہ کہ ان کو کن شرائط کے ساتھ شریک ہونا چاہئے

جدید ایکٹ کی رو سے ریاستوں پر کسی قسم کی پابندی عاید نہیں کی گئی ہے اور وہ نہایت آزادی کے ساتھ جو شرائط چاہیں پیش کرسکتی ہیں لیکن ان کی منظوری یا عدم منظوری ملک معظم کے ہاتھ میں ہے، اس لئے ظاہر ہے کہ اگر انھوں نے ایسی شرائط پیش کیں جن سے وفاق ناقابل عمل ہوجائے تو اس سے بہتر یہ ہے کہ وہ وفاق میں شریک ہی نہ ہوں، لیکن شرکت کا ارادہ کرنا اور پھر عملاً اس کو دشوار بنا دینا قرینِ عقلمندی نہیں

جدید ایکٹ کے نفاذ کے بعد عام طور پر رئیسوں کو یہ خیال پیدا ہوگیا ہے کہ وفاق میں شریک ہونے کے بعد ان کی آزادی و خود مختاری بالکل چھن جائے گی اور وفاقی حکومت کو ریاستوں کے معاملات میں بھی دخل حاصل ہوجائے گا، حالانکہ ان میں سے ایک بات بھی صحیح نہیں ہے کیونکہ اس امر کی نہایت صاف الفاظ میں وضاحت کردی گئی ہے کہ سوائے اُن معاملات کے جو رئیسوں نے از خود خوشی سے وفاق کے سپرد کردئے ہیں اور کسی مسئلہ میں نہ وفاق کی عدالتوں کو دخل دینے کا حق حاصل ہوگا نہ اس کی مجلس عاملہ کو اور حدودِ ریاست کے اندر رئیسوں کی فرمانروایانہ حیثیت بدستور قایم رہے گی اب رہگیا یہ امر کہ وہ کونسے معاملات ہیں جن کی سپردگی حکومتِ وفاق چاہتی ہے، اس پر ہم آیندہ تفصیل سے بحث کریں گے لیکن فی الحال مختصراً یوں سمجھ لیجئے کہ ان میں سے اکثر ایسے معاملات ہیں جن سے (چند بڑی بڑی ریاستوں کو چھوڑ کر) عام طور پر ریاستوں کو اسوقت بھی کوئی تعلق نہیں ہے۔ کتنی ریاستیں ایسی ہیں جن کے یہاں، ڈاک خانہ، ریل اور کرنسی خود ان کی پائی جاتی ہے اور بینکنگ یا کارپوریشن ٹیکس پر ان کی فلاح کا انحصار ہے۔ اور اگر بعض ریاستوں میں یہ سب کچھ

پایا جاتا ہے تو بھی سوال یہ ہے کہ وہ اس سے کتنا نفع حاصل کر رہی ہیں اور کیا حکومت وفاق کے انتظام میں دیدینے کے بعد وہ زیادہ فایدہ کی توقع نہیں کرتیں؟ لیکن اگر محض اپنا شاہانہ اقتدار و جبروت قایم رکھنے کے لئے بعض رؤسا یہ محکمے وفاق کے سپرد کرنا مناسب نہیں سمجھتے، تو پھر ان کو اس کی قیمت ادا کرنے میں تامل نہ کرنا چاہئے اور انھیں سوچنا چاہئے کہ جس ملک میں وہ زندگی بسر کر رہے ہیں اس کی آبادی کے بڑے حصے کے حقوق کچھ ان پر بھی عاید ہوتے ہیں اور اس کی فلاح و بہبود کے لئے حکومت کا ہاتھ انھیں بھی بٹانا چاہئے

اس میں شک نہیں کہ کانگرس دستورِ جدید کے ماتحت حکومتِ وفاق کی مخالف ہے اور اس کی وجہ یہ بیان کیجاتی ہے کہ ہندوستان کی آزادی اس طرح حاصل نہیں ہوسکتی، لیکن کانگرس کی اس مخالفت کی حقیقت تو اسی وقت کھل گئی تھی جب اس نے وزارت کے عہدے قبول کرلئے گویا دستورِ جدید کے مطابق کام کرنے کی رضامندی ظاہر کردی تھی۔ ہرچند حال ہی کے سالانہ اجلاس میں پھر کانگرس نے وفاق کی مخالفت میں ایک تجویز پاس کی ہے، لیکن یہ کانگرس کی صرف سیاسی چالیں ہیں اور آخر میں وہ شرکتِ وفاق کو بھی اسی طرح منظور کرلے گی، جس طرح اس نے صوبوں میں عہدہائے وزارت کو قبول کیا ہے، کیونکہ بحالات موجودہ وہ مستعمراتی آزادی سے زیادہ اور کچھ نہیں چاہتی اور یہ اسے اچھی طرح معلوم ہے کہ دستورِ جدید کے نفاذ کے بعد جو منزل آنے والی ہے وہ مستعمراتی آزادی کی ہے۔ اس لئے اگر ریاستیں یہ سمجھتی ہیں کہ وہ کانگرس کی ہمنوا ہوکر نفاذِ وفاق کو محال بنادیں گی یا یہ کہ کانگرس کی ہمدردی حاصل کرلیں گی تو غلطی پر ہیں، کیونکہ کانگرس کا اصل اعتراض تو یہی ہے کہ ریاستیں بہ حیثیت ریاست ہونے کے اس میں شریک نہیں کی جاتیں بلکہ شرکت کا سودا رئیسوں سے کیا جاتا ہے اور جو ممبر اُن کی طرف سے بھیجے جائیں گے وہ ریاستی آبادی کے نمایندہ نہ ہوں گے بلکہ رئیس کے پسندیدہ ہوں گے، چنانچہ کانگرس کا مطالبہ ہے کہ ریاستوں میں ذمہ دار حکومتیں قایم کی جائیں اور فیڈرل حکومت کے دونوں ایوانوں کے لئے جو ممبر وہاں سے آئیں وہ رعایا و ریاست کے انتخاب کئے ہوئے ہوں نہ کہ رئیس کے نامزد کردہ۔ اور اس صورت میں رئیسوں کا شرکتِ وفاق سے باز رہنا یا اس میں تاخیر سے کام لینا، برطانوی حکومت کے پوزیشن کو جو یہاں وفاقی حکومت قایم کرنے پر تلی ہوئی ہے بہت نازک بنادینا ہے اور اگر ریاستیں غور سے کام لیں تو بہ آسانی سمجھ سکتی ہیں کہ اگر برطانوی حکومت اِدھر یا اُدھر کسی قطعی فیصلہ پر آمادہ ہوئی تو وہ کبھی ریاستوں کے حق میں نہیں ہوسکتا

ہرچند کانگرس کا یہ مطالبہ کہ ریاستوں میں ذمہ دار حکومت قایم کردی جائے اور وہاں سے جو ممبر آئیں وہ پبلک کے انتخاب کئے ہوئے ہوں، اُصولاً نظریۂ وفاق کے بھی مخالف ہے اور ناقابل عمل بھی ہے۔ کیونکہ اگر صوبجاتی حکومتوں کی طرح ریاستوں میں بھی دستوری حکومت قایم ہوجائے تو پھر عناصرِ وفاق کا اختلاف باقی نہیں رہتا درانحالیکہ مختلف عناصر ہی کو یکجا کرکے کوئی ایک مشترک راہِ عمل اختیار کرنا حکومتِ وفاق کا اصل مقصود ہے۔ ناقابل عمل اس لئے کہ جب برطانوی ہند میں بھی ابھی تک اقلیت و اکثریت کا جھگڑا طے نہیں ہوا، جہاں ۵۰ سال سے کانگرس اتحادِ عمل کی کوشش کر رہی ہے،

تو ریاستوں سے اس کی توقع کرنا کہ وہ چند سال کے اندر اس نزاع کو مٹا سکیں گی بالکل خلاف عقل ہے اور اگر ایسا ممکن ہو تو بھی ریاستوں کی رعایا سے یہ امید رکھنا کہ ان کے انتخاب کئے ہوئے ممبر رئیسوں کے نامزد کردہ ممبروں سے بہتر ہونگے درست نہیں، کیونکہ یہ تجربہ برطانوی ہند میں بھی ابھی تک کامیاب نہیں ہوا اور بہت کچھ اصلاح کا محتاج ہے۔ الغرض باوصف اس کے کہ کانگرس جو شرطیں ریاستوں کی شرکت کے لئے ضروری قرار دیتی ہے وہ بجائے خود کوئی اہمیت نہیں رکھتیں، لیکن صورتِ حال یہ ہے کہ انگریزی ذہنیت آہستہ آہستہ کانگرس کے ان مطالبات سے مرعوب ہوتی جارہی ہے اور وہاں کے ذمہ دار زبانوں سے اب جو بات نکلتی ہے اس میں ایک پہلو کانگرس کی رعایت کا ضرور ہوتا ہے۔ یہ سب کیوں ہے؟ صرف اس لئے کہ ریاستیں اپنے پس وپیش سے اس برزخی دور (Transitional Period) کو طویل تر بناتی جارہی ہیں اور اس طوالت سے کانگرس کو کافی موقعہ فایدہ اُٹھانے کا مل رہا ہے

حال ہی میں وایسرائے اور گاندھی جی کی ملاقات اور آج ۲۹ اپریل کی خبروں کے مطابق مسٹر جینا اور گاندھی جی کی گفتگو سب وفاق کے سلسلہ کی چیزیں ہیں ۔ اسی طرح وایسرائے اور تمام گورنروں کا رخصت لیکر ولایت جانا قیام وفاق کے شرائط وتدابیر پر غور کرنے کے لئے ہے

ہرچند اسوقت تک یہ راز افشا نہیں ہوا کہ وایسرائے اور گاندھی جی کی گفتگو کا موضوع کیا تھا، لیکن یہ بالکل یقینی ہے کہ یہ گفتگو وفاق کے متعلق تھی اور وایسرائے ایکبار خود گاندھی جی کی زبان سے بھی یہ سُن لینا چاہتے تھے کہ وہ شرکتِ وفاق کے لئے آمادہ ہیں۔ جیسا کہ ہم ابھی ظاہر کرچکے ہیں، کانگرس کی مخالفت، وفاق سے بالکل جنگ زرگری کی حیثیت رکھتی ہے اور وہ درپردہ شرکت وفاق کے لئے بالکل آمادہ ہے۔ لیکن مخالفت کا اظہار صرف اس لئے کیا جارہا ہے کہ جدید ایکٹ میں وہ کچھ اور ترمیم کراسکیں اور اس ترمیم کا سب سے زیادہ خراب اثر جس حصۂ ملک پر پڑنا ہے وہ ریاستیں ہیں ۔ اب گاندھی جی کا مسٹر جینا سے ملنا بھی صرف اس غرض کے لئے ہے کہ وہ مسلم لیگ یا کم ازکم مسٹر جینا کو وفاق کے لئے راضی کریں تاکہ جو سمجھوتا وایسرائے اور گاندھی جی کے درمیان ہوچکا ہے وہ جلد اور زیادہ اکثریت کے ساتھ قابلِ عمل ہوسکے۔ پھر چونکہ مسٹر جینا خود اپنی ذات سے بہت ماڈریٹ خیال کے آدمی ہیں اس لئے اس کا نتیجہ یہی ہونا ہے کہ یا تو ان کے اثر سے مسلم لیگ بھی شرکتِ وفاق کے لئے راضی ہوجائے گی اور اگر یہ نہ ہوا تو مسٹر جینا اور انھیں کے ساتھ اُن مسلمان زمینداروں اور تعلقہ داروں کی جماعت جو مسلم لیگ میں شریک ہے علٰحدہ ہوکر وفاق میں شریک ہوجائے گی

یہ ہے اندرونی چالیں جو وفاق کو کامیاب بنانے کے لئے چلی جارہی ہیں اور جن کو یقیناً کامیاب ہونا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ ریاستیں ابتک پارامونٹسی اور فیڈرل سبجکٹس ہی کے جھگڑے میں پڑی ہوئی ہیں اور یہ بات مطلق ان کی سمجھ میں نہیں آتی کہ وہ جس فریق سے معاملہ کرنا چاہتی ہیں اس کے مصالح کا اقتضا کیا ہے اور اس سے قبل وہ محض اپنی اغراض کی بنا پر ان کے کتنے مطالبات کو رد کرچکا ہے

اس میں شک نہیں کہ ریاستوں کو اپنی آزادی و خود مختاری قایم رکھنے کا پورا حق حاصل ہے اور یہ بھی درست ہے کہ ریاستی عنصر کو ملائے رکھنا حکومتِ برطانیہ کے لئے مفید ہے، لیکن چونکہ صوبجاتی حکومتیں ان دونوں کی مخالف ہیں اور صوبجاتی عنصر کو قیام وفاق میں بڑی اہمیت حاصل ہے اس لئے برطانیہ کی پالیسی کو دیکھتے ہوئے اب وقت یہ سوچنے کا نہیں ہے کہ زیادہ سے زیادہ نفع کس تدبیر سے حاصل ہو سکتا ہے بلکہ اس امر پر غور کرنے کا کہ کم سے کم نقصان کی صورت کیا ہے ۔ اگر ریاستیں پہلے ہی وفاق میں شرکت کے لئے طیار ہو جاتیں اور جدید ایکٹ کے نفاذ کے بعد ہی قابل قبول شرائط کے ساتھ دستاویز شرکت پر دستخط کر دیتیں، تو پھر کانگرس کے لئے دو ہی صورتیں تھیں یا تو وہ انھیں شرائط کے ساتھ جو ایکٹ میں درج ہیں وفاق میں شریک ہو جاتی یا اس سے قطعاً انکار کر دیتی، اور یہ دونوں صورتیں ریاستوں کے لئے مفید تھیں، لیکن چونکہ ریاستوں نے اس میں پس و پیش کیا اس لئے کانگرس کو موقعہ ملگیا کہ وہ حکومت کو دبائے، چنانچہ وہ برابر دباتی چلی جا رہی ہے اور اندیشہ ہے کہ اس دباؤ میں ریاستوں کا وہی حشر نہ ہو جو پوری روٹی کے لئے آدھی روٹی بھی ہاتھ سے کھو دینے والوں کا ہوتا ہے

حیرت ہے کہ ایک طرف ریاستیں یہ بھی نہیں چاہتیں کہ کانگرس کی تحریک کامیاب ہو کر ان کی شخصی آزادی کو سلب کرے اور دوسری طرف وہ شرکتِ وفاق میں اپنے تذبذب اور پس و پیش سے کانگرس کو یہ موقعہ بھی دے رہی ہیں کہ وہ اُن کے یہاں ڈیماکریسی قایم کرنے میں کامیاب ہو جائے ۔ اسوقت جو کانگرس کی طرف سے یہ آواز بلند ہو رہی ہے کہ شرکتِ وفاق کے لئے ریاستوں میں ذمہ دارانہ حکومتوں کا قیام ضروری ہے اور جس کی تائید برطانیہ کے بعض نہایت ذمہ دار زبانوں سے بھی سننے میں آرہی ہے، وہ نتیجہ ہے صرف اس کا کہ ریاستوں نے دستورِ جدید سے فایدہ اُٹھانے کا زریں موقعہ ہاتھ سے دیدیا اور اگر اب بھی انھوں نے اس کو نہ سمجھا تو رہی سہی فرصت بھی ختم ہو جائے گی اور پھر اس کی تلافی کسی طرح ممکن نہ ہوگی

کانگرس کا یہ مطالبہ کہ پہلے ریاستوں میں ذمہ دارانہ حکومت قایم ہو جانا چاہئے، اس کے بعد ان کو شرکتِ وفاق کی دعوت دینا چاہئے، بالکل خود غرضی پر مبنی ہے ۔ کیونکہ اس سے اس کا مقصود حقیقتاً ریاستوں کو فایدہ پہونچانا نہیں ہے، بلکہ صرف یہ ہے کہ وہاں سے جو پبلک کے انتخاب کردہ ممبر آئیں گے وہ کانگرس کے زیر اثر رہیں گے اور اس طرح ایوانِ حکومت میں ان کا پہلو قوی ہو جائے گا ۔ چونکہ کانگرس کو یقین ہے کہ رؤسا کے نامزد کردہ ممبران زیادہ تر وہی باخبر لوگ ہوں گے جنھوں نے وفاق کی اسکیم کا گہرا مطالعہ کیا ہے اور جو ہر بات میں کانگرس کے ساتھ ہاں میں ہاں ملانے کے لئے آمادہ نہیں ہو سکتے، اس لئے وہ چاہتی ہے کہ ریاستوں میں ڈیماکریٹک حکومت قایم ہو جائے اور پبلک نااہل لوگوں کا انتخاب کر کے کانگرس کے ہاتھ کو مضبوط کر دے ۔ اس جگہ کوئی شخص یہ اعتراض نہیں کر سکتا کہ ریاستوں کی پبلک کی طرف سے اس گمان بد کی کیا وجہ ہے کہ ان کا جو انتخاب ہوگا غلط ہوگا، کیونکہ ہمارا گزشتہ چوتھائی صدی کا تجربہ بتاتا ہے کہ برطانوی ہند کی رعایا میں بھی ابتک صحیح رائے دینے کا سلیقہ پیدا نہیں ہوا اور ووٹ و انتخاب کی تنظیم وہاں بھی حد درجہ ناقص ہے، پھر ریاستوں کی رعایا

سے جو اس نوع کے نظامِ حکومت سے بالکل آشنا ہے کیا توقع کی جا سکتی ہے کہ ان کا انتخاب صحیح و درست ہوگا۔ علاوہ اس کے جس ذمہ دار حکومت کے قیام کا مطالبہ ریاستوں میں کیا جاتا ہے اسکی تعیین بھی بالکل مبہم ہے۔ اگر اس سے مراد اسی قسم کی حکومت ہے جو برطانوی صوبوں میں پائی جاتی ہے، تو سب سے پہلے یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ کیا صوبوں کی ذمہ دار حکومت واقعی کوئی (Ideal) چیز ہے اور اس سے بہتر صورت حکومت کی کوئی اور نہیں ہو سکتی۔ بہترین حکومت کا معیار دو چیزیں ہیں، اقتصادی آسانیاں اور امن و سکون، سو برطانوی صوبوں کی حکومت میں یہ دونوں مفقود ہیں عام جہل و افلاس، بیکاری و پریشانی سے ہر وہ شخص واقف ہے جو یہاں کا رہنے والا ہے اور امن و سکون کے فقدان سے دنیا کا ہر وہ شخص آگاہ ہے جو یہاں کے فرقہ وارانہ فسادات کی خبریں آئے دن اخباروں میں دیکھتا رہتا ہے۔ اس لئے جب تک ڈیماکریٹک حکومتوں کے مدعی عملاً یہ ثابت نہ کر دکھائیں کہ ان کا نظامِ حکومت واقعی معیاری چیز ہے اسوقت تک انھیں ریاستوں کے موجودہ نظم و نسق پر نکتہ چینی کا کوئی حق حاصل نہیں ہے

یہ بات اہلِ نظر سے پوشیدہ نہیں کہ کانگرس صرف نیشنل حکومت چاہتی ہے مکمل آزادی کا تصور اس کی ذہنیت کے لحاظ سے بہت بلند چیز ہے۔ یعنی نہ وہ انگریزوں کو یہاں سے نکالنا چاہتی ہے نہ سرمایہ داری کو تباہ کرنا چاہتی ہے اور چونکہ نیشن یا قوم میں زمیندار، تعلقہ دار، سرمایہ دار، اور رؤسا بھی شامل ہیں اس لئے وہ ان میں سے کسی کی انفرادیت یا وحدت (Unity) کو مٹانا نہیں چاہتی۔ پھر جب حقیقت یہ ہے تو اسے کیا حق حاصل ہے کہ وہ ریاستوں کی اس وحدت (Unity) کی مخالفت کرے جو وہاں کی صرف شخصی حکومت سے وابستہ ہے۔ علاوہ اس کے جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ہندوستان کی بعض بڑی ریاستوں میں وہاں کی آٹوکریٹک حکومت اپنی رعایا کے لئے وہ سب کچھ کر رہی ہے جو اسوقت تک صوبوں کی ڈیماکریٹک حکومت بھی نہیں کر سکی تو ہم کو کانگرس کے اس عمومی مطالبہ پر حیرت ہوتی ہے اور اندیشہ پیدا ہوتا ہے کہ اس تحریک کی تہ میں کہیں ہندؤں کا وہی فرقہ وارانہ جذبہ تو کام نہیں کر رہا، جس سے گاندھی ایسا شخص بھی محفوظ نہیں رہ سکا

بہرحال اگر ریاستیں بہ حالات موجودہ اپنے وجود کو قایم رکھنا چاہتی ہیں تو ان کو چاہئے کہ وہ "اس ذمہ دارانہ حکومت" کے مطالبہ کے خلاف سختی سے پروپاگنڈا کریں اور اسی کے ساتھ یہ کہ جلد از جلد وفاق میں شریک ہو جائیں کہ یہ بھی ایک صورت اس مطالبہ کے ختم کر دینے کی ہے۔ اگر انھوں نے تاج سے سودا کرنے میں وقت ضایع کر دیا تو جو کچھ مل رہا ہے وہ بھی ہاتھ سے جاتا رہیگا اور جو موقعہ پولیٹکل ڈپارٹمنٹ کی گرفت سے آزاد ہونے کا حاصل ہو رہا ہے بہ صورت عدم شرکتِ وفاق پیچیدہ صورت اختیار کر لے گا

آیندہ جنوری ۱۹۳۹ء کا نگار مصحفی کے لئے وقف ہوگا۔ نگار کی سب سے پہلی خصوصی اشاعت (مومن نمبر) کے بعد میرا ارادہ ہوا تھا کہ مصحفی کی تمام خصوصیات شاعری کو پیش کیا جائے، لیکن معلوم نہیں کیوں وہ ارادہ ملتوی کرنا پڑا اور اسکے بعد مسلسل یہ التوا قایم رہا۔ بہرحال اب میں نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ آیندہ جنوری کا نگار اس موضوع کے لئے وقف ہو اور بہترین دماغوں کے بہترین افکار اردو شاعری کے اس بہترین شاعر کے متعلق پیش کئے جائیں۔

نیاز

عالم حیوانات کی ایک نہایت حقیر مخلوق

دنیا میں چیونٹی سے زیادہ کمزور و حقیر جاندار کوئی نہیں سمجھا جاتا لیکن اسی کے ساتھ اس کی محنت و جفاکشی، ہوشیاری و ذہانت بھی ہمیشہ سے ضرب المثل چلی آتی ہے۔ چنانچہ انگریزی زبان میں جب کسی سست و کاہل آدمی کو غیرت دلانا ہوتی ہے تو اس سے یہی کہتے ہیں کہ چیونٹی کے پاس جا اور اس سے محنت و عقل سیکھ۔ حیوانات کا مطالعہ اور ان کی خصوصیات کا علم انتہائی دلچسپ چیز ہے اور تاریخ طبیعی میں اس کو بڑی اہمیت دیجاتی ہے، چنانچہ ماہرین نے ایک ایک جاندار کی تحقیق پر اپنی زندگیاں صرف کردی ہیں اور پھر بھی ان کی تحقیق مکمل نہیں ہوئی۔

آیئے آج کی صحبت میں اس دلچسپ و معصوم موضوع پر گفتگو کریں اور دنیا کی اس مخلوق کے عجائب و غرائب آپ کو سنائیں جسے آپ ہر وقت روندتے ہوئے گزر جاتے ہیں اور کبھی محسوس نہیں کرتے کہ آپ نے دنیا کی کتنی عظیم الشان ہستی کو پامال کردیا ہے۔ اگر آپ نے کبھی غور کیا ہوگا تو دیکھا ہوگا کہ چیونٹی کا جسم ایک سخت خول کے اندر رہتا ہے اور اسکے جسم کے تین حصے ہوتے ہیں۔ پہلا حصہ وہ جس میں سر آنکھ اور منھ شامل ہیں۔ دوسرا حصہ سینہ کا جس میں پر اور پاؤں جڑے رہتے ہیں اور تیسرا حصہ پشت کا۔

ہر چیونٹی کے سر پر دو آنکڑے سے ہوتے ہیں جن سے سونگھنے کا کام لیتی ہے۔ چیونٹی کی آنکھیں پانچ ہوتی ہیں ان میں سے تین تو معمولی آنکھوں کی طرح ہوتی ہیں لیکن باقی دو آنکھوں میں سے ہر ایک متعدد چھوٹی چھوٹی آنکھوں کا مجموعہ ہوتی ہے گویا بہت سے لنس اکٹھا کردئے گئے اور انھیں سے درحقیقت وہ دیکھتی ہے۔ پہلی تین آنکھوں سے انھیں صرف نزدیک کی چیزیں دکھائی پڑتی ہیں اور باقی دو آنکھوں سے دور کی زیبونٹیوں کی آنکھیں مادہ چیونٹیوں سے مقابلۃً زیادہ تیز ہوتی ہیں

اس کے سینہ پر نیچے کے حصہ میں دو دو سوراخ ہوتے ہیں جس سے وہ سانس لیتی ہے۔ اس کے پاؤں چھ اور پر چار ہوتے ہیں لیکن مادہ چیونٹیوں کے پر صرف تھوڑے عرصہ تک قایم رہتے ہیں۔ اس کے پیٹ کے بھی دو حصے ہوتے ہیں۔ پہلا سینہ سے جڑا رہتا ہے اور اسی سے رگڑتا بھی رہتا ہے جس سے ایک تیز آواز پیدا ہوجاتی ہے بعض مادہ چیونٹیوں کے پیٹ کے دوسرے حصہ میں زہر اور ڈنک بھی ہوتا ہے

ان کی ۳ قسمیں ہوتی ہیں۔ ایک تو نر جس کا جسم کافی خوبصورت اور اعضا (بجز منھ کے) مضبوط ہوتے ہیں دوسری مادہ، جو نر کے مقابلہ میں یونہی کمزور ہوتی ہے لیکن اس کا منھ اور پیٹ زیادہ بڑا ہوتا ہے تیسری قسم، کام کرنے والی یا مزدور چیونٹیوں کی ہوتی ہے یہ چیونٹیاں ہوتی تو مادہ ہیں مگر ان میں انڈے دینے کی طاقت زایل ہو چکی ہوتی ہے اور پر بھی نہیں ہوتے۔ ان کی آنکھیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں اور بعض میں وہ تینوں معمولی آنکھیں ہوتی ہی نہیں جن کو (Ocelli) کہتے ہیں۔ البتہ ان کے سر کے آنکڑے پاؤں اور منھ وغیرہ کافی مضبوط ہوتے ہیں

ایسی ذات کی چیونٹیاں جن میں نر و مادہ دونوں کے پر ہوتے ہیں شہد کی ملکہ کی طرح ہوا میں جوڑا کھاتی ہیں جب جوڑا کھانے کا وقت آتا ہے تو ہر چیونٹی حتیٰ کہ کام کرنے والی چیونٹیاں بھی اپنے سوراخوں سے باہر نکل آتی ہیں۔ شہد کی نر مکھی اور نر چیونٹی میں ایک فرق یہ ہے کہ مقدم الذکر جوڑا کھاتے ہی مرجاتا ہے اور موخر الذکر بھی جوڑا کھانے کے بعد مرجاتا ہے مگر فوراً نہیں بلکہ کچھ عرصہ کے بعد۔ علاوہ بریں شہد کی مکھیوں میں صرف ایک مادہ مکھی جو 'ملکہ مکھی' کہلاتی ہے انڈے دیتی ہے مگر چیونٹیوں میں اکثر انڈے دیتی ہیں۔

جوڑا کھانے کے بعد مادہ چیونٹی اپنے پر جھاڑ کر زمین میں گڈھا کھود کر یا کسی پرانی لکڑی یا پتھر کے نیچے گھس جاتی ہے اور باہر کا راستہ بند کر کے اندھیرے میں بغیر کچھ کھائے پیئے بچوں کی پیدایش کے انتظار میں بیٹھی رہتی ہے۔ اس حالت میں بعض اوقات اُس کو مہینوں گزر جاتے ہیں۔ جب بچے نکل آتے ہیں تو یہ انھیں اپنے تھوک سے پالتی ہے۔ یہ بچے بڑے ہو کر سب کے سب 'کام کرنے والی' چیونٹیاں بن جاتے ہیں۔ اب چونکہ ان کی ماں بچے دینے کے بعد بے انتہا کمزور ہو جاتی ہے لہذا اُس میں حرکت کی طاقت نہیں رہتی اس لئے یہ بچے زمین کے اندر سے سوراخ کر کے ہوا آنے کے لئے راستہ بناتے ہیں اور اپنی کمزور ماں کو کھانا لا کر کھلاتے رہتے ہیں۔ یہ ماں اب مستقل طور سے انڈا دینے والی مشین ہو جاتی ہے جس کے صرف دو کام ہوتے ہیں، ایک انڈے دینا، دوسرے کھانا

وہ چیونٹیاں جن میں بچے نکالنے کی طاقت نہیں ہوتی اپنا غول بنا کر دوسری چیونٹیوں کے کسی کمزور غول پر حملہ کر دیتی ہیں اور ان کے انڈے لے کر سینے لگتی ہیں

چیونٹیوں کے انڈے اتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ لوگوں کو پہلی نظر میں اچھی طرح سے دکھائی بھی نہیں پڑتے۔ یہ انڈے ایک دوسرے کے تقریباً بالکل مشابہ ہوتے ہیں اور کوئی شخص انھیں دیکھ کر یہ نہیں بتا سکتا کہ ان میں سے کس قسم کے بچے نکلیں گے یعنی نر، یا مادہ یا مزدور۔ عام طور پر بچے ۲۰ دن میں نکل آتے ہیں، درجۂ حرارت کے لحاظ سے اس مدت میں کمی یا بیشی بھی ہو سکتی ہے

بچے جب پیدا ہوتے ہیں تو نہایت نرم اور شفاف ہوتے ہیں اور ان کی آنکھیں نہیں ہوتیں۔ مزدور چیونٹیاں بچہ کو یا تو اُگی ہوئی رقیق غذا، یا تازہ ترکاری کے ٹکڑے کھلاتی ہیں۔ شہد کی مکھی کی بابت کہا جاتا ہے کہ بچہ کی جنس کا انحصار

کھانے کے اوپر ہوتا ہے لیکن چیونٹی کے متعلق اس بارہ میں معلومات مکمل نہیں ہوئی ہیں۔ بچہ جب ایک مہینے میں پوری طور سے بڑھ چکتا ہے تو مزدور چیونٹی (یعنی وہ بچے جو پہلے پیدا ہو چکتے ہیں وہ اور کام کرنے لگتے ہیں) اُسے کچھ اور زمین میں گاڑ دیتے ہیں اور یہ اپنے اوپر ایک ریشمی خول، تان لیتا ہے۔ کچھ بچے ایسے ہوتے ہیں جو یہ خول نہیں بناتے۔ ان کو مزدور چیونٹیاں زمین میں نہیں گاڑتیں بلکہ وہ خود یونہی نشوونما پاتے رہتے ہیں۔ بچپن سے گزرنے کے بعد اُس میں وہ تمام اعضاء جو ایک مکمل چیونٹی میں ہوتے ہیں پیدا ہو جاتے ہیں لیکن وہ بہت ہی چھوٹے ہوتے ہیں اس منزل میں زندگی کی کوئی علامت اس میں ظاہر نہیں ہوتی اور وہ خاموش پڑا رہتا ہے۔ وہ کچھ کھاتا پیتا بھی نہیں۔ اس کے بعد رفتہ رفتہ اسکے تمام اعضاء مکمل ہو جاتے ہیں اور اس میں جوان چیونٹیوں کا گہرا رنگ آجاتا ہے۔ اس کے بعد مزدور چیونٹیاں اُسے خول سے گھسیٹ کر کھانا وغیرہ کھلاتی ہیں اور اُسوقت سے وہ ایک معمولی جوان چیونٹی کی طرح زندگی بسر کرنے لگتا ہے۔

پیدائش سے لیکر سن بلوغ تک پہونچنے کے لئے دو مہینہ سے لیکر ۵ مہینے تک کا زمانہ صرف ہوتا ہے، شہد کی مکھی یہ تینوں مدارج ۱۶ دن میں طے کر لیتی ہے اور تیلی تقریباً ۲۵ دن میں۔ نر چیونٹیاں بہت جلد مر جاتی ہیں اور مزدور چیونٹیاں چار پانچ برس تک زندہ رہتی ہیں۔ ملکہ چیونٹی کی عمر اس سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔ چنانچہ بعض کا تجربہ یہ ہے کہ وہ پندرہ برس تک زندہ رہ سکتی ہے

چیونٹی کا خون سفید ہوتا ہے اور اسی خون کے ذریعہ سے پیٹ کے اندر اُس کے مختلف حصوں میں غذا پہونچتی ہے انسانوں کے برخلاف چیونٹی کا خون نہ تو رگوں میں دوڑتا ہے اور نہ بدن کے تمام حصوں کو آکسیجن پہونچاتا ہے۔ چیونٹی کے نہ تو پھیپھڑے ہوتے ہیں اور نہ گلپھڑے بلکہ اس کے جسم میں مسامات ہوتے ہیں اور جسوقت وہ اپنا جسم پھلاتی ہے تو مسامات کے ذریعہ سے ہوا اندر پہونچ جاتی ہے اور جب وہ اپنا بدن سکوڑتی ہے تو ہوا اندر کی گندگیوں کو لیکر باہر نکل جاتی ہے چیونٹی کا دماغ سر پر ہوتا ہے اور اُس کی آنت دماغ کے نیچے سے ہو کر گزرتی ہے۔

ذخیرہ جمع کرنے والی چیونٹیاں

بعض قدیم سائنسدانوں کی یہ رائے تھی کہ چیونٹیوں کا ایک طبقہ اناج جمع کرتا ہے مگر اس کے بعد شمالی اور وسطی یورپ کے سائنس دانوں نے اس تحقیق کو محض ایک افسانہ قرار دیا۔ پھر ۱۸۲۹ء میں مسٹر سائکس نے (جو ہندوستان میں رہ چکے تھے) اپنا ذاتی تجربہ یہ بیان کیا کہ چیونٹیاں نہ صرف گھاس کے بیج جمع کرتی ہیں بلکہ غلہ بھی اکٹھا کرتی ہیں جس کو وہ پانی برسنے کے بعد دھوپ میں رکھ کر خشک کرتی ہیں اور پھر اُسے اپنے سوراخ میں لے جا کر رکھ آتی ہیں۔ مسٹر جے۔ ٹی۔ ماگرج نے ۱۸۷۳ء میں مزید تجربات کے بعد یہ معلوم کیا کہ ایک چیونٹی اپنے سوراخ میں ۱۸ قسم کے مختلف تخم جمع رکھتی ہے اور یہ کوشش کرتی ہے کہ یہ تخم جڑ نہ پکڑنے پائیں

امریکہ میں ایک خاص قسم کی چیونٹی ہوتی ہے جو بہت چھوٹی اور پھیکے رنگ کی ہوتی ہے۔ ان کے متعلق دیکھا گیا ہے کہ یہ پودوں کی پتیوں کو کاٹ کاٹ کر ان کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے اپنے سوراخوں میں لیجاتی ہیں چنانچہ بعض

سائنس دانوں نے یہ خیال کیا کہ ان ٹکڑوں کا یہ اپنے سوراخ میں فرش بچھاتی ہیں اور بعض کی یہ رائے ہوئی کہ انھیں کھاتی ہیں مگر بعد میں معلوم ہوا کہ ان ٹکڑوں کو نہ وہ کھاتی ہیں، نہ بچھاتی ہیں بلکہ ان کو ایک خاص قسم کے پودوں کی کاشت کے لئے جنھیں (Fungus[1]) کہتے ہیں بطور کھاد کے استعمال کرتی ہیں۔ اکثر اس کھاد کے لئے پھول اور نارنگی کا چھلکا بھی استعمال کیا جاتا ہے چیونٹیاں ان زمین دوز باغات کا درجۂ حرارت اس طرح سے اپنے قابو میں رکھتی ہیں کہ زمین میں چھوٹے چھوٹے سوراخ کر لیتی ہیں اور حسب ضرورت ان سوراخوں کو کھولتی اور بند کرتی رہتی ہیں۔

۱۸۹۹ء میں یہ تحقیق ہوا کہ جب ملکہ چیونٹی کو صحبت کی خواہش ہوتی ہے تو وہ اس (Fungus) کی ایک گولی اپنے منہ میں لے لیتی ہے اور جفتی کھانے کے بعد اپنے کو زمین کے اندر دفن کر کے بچہ نکالنے بیٹھ جاتی ہے۔ اس حالت میں چونکہ پتیاں کھاد کے لئے نہیں مہیا کی جا سکتی ہیں اس لئے اپنے کچھ انڈے کچل ڈالتی ہے جنپر (Fungus) بآسانی جم جاتا ہے

مگر ۱۹۰۵ء میں مسٹر جے۔ میر مزید تحقیق کے دوران میں اس نتیجہ پر پہونچے کہ (Fungus) کچلے ہوئے انڈوں کے اوپر نہیں بلکہ ملکہ کے تھوک پر اگتا ہے

شہد کی چیونٹی یوں تو کئی قسم کی چیونٹیاں ایسی ہوتی ہیں جو پھولوں سے شہد چوس لاتی ہیں اور اپنے گھونسلوں میں آکر اسے اپنے بچوں کو کھلا دیتی ہیں۔ لیکن وہ چیونٹی جو واقعی شہد کی چیونٹی کہلاتی ہے دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک "مزدور"، جو شہد چوس کر لاتی ہے اور دوسری وہ جو صرف اپنے گھونسلہ میں رہتی ہے اور شہد رکھنے کی ایک بوتل کا کام دیتی ہے۔ اس قسم کی چیونٹی کے پیٹ میں پھولنے کی بہت طاقت ہوتی ہے۔ ان میں سے بعض چیونٹیوں کا پیٹ اتنا پھولا رہتا ہے کہ اگر وہ حرکت کریں تو خطرہ رہتا ہے کہیں وہ پھٹ نہ جائے چنانچہ وہ اپنے گھونسلوں میں لٹکی رہتی ہیں۔ امریکہ کے قدیم دیسی باشندے ان چیونٹیوں کو بطور مٹھائی کے کھاتے ہیں۔ اس قسم کی چیونٹیوں کا مکمل تجربہ مکوک (Mc Cook) نے ۱۸۸۲ء میں کیا اور اپنے تمام تجربات قلمبند کئے۔ مکوک نے اس نظریہ کو بھی غلط بتایا کہ ان چیونٹیوں کی قسم جداگانہ ہوتی ہے۔ اس کے نزدیک مزدور چیونٹی اور شہد کی چیونٹی میں جو خاص فرق ہے وہ یہ ہے کہ موخرالذکر کا پیٹ بہت بڑا ہوتا ہے۔

اب سوال یہ ہوتا ہے کہ ان چیونٹیوں کا پیٹ اسقدر بڑا کیوں ہوتا ہے۔ چونکہ اس قسم کی چیونٹیاں صرف شمالی امریکہ آسٹریلیا، اور جنوبی افریقہ کے ریگستانی علاقوں میں پائی جاتی ہیں اس لئے ایک وجہ تو یہ بتائی جا سکتی ہے کہ خشک آب و ہوا

---

[1] (Fungus) وہ پودے ہوتے ہیں جن میں کلوروفل (Chlorophyll) یعنی وہ سبز مادہ جس سے پودے اپنی غذا پیدا کرتے ہیں نہیں ہوتا۔ اس قسم کے پودوں کو اپنی غذا کے لئے کسی دوسرے پودے یا جانور کا محتاج رہنا پڑتا ہے

یہ تغیر پیدا کر دیتی ہے۔ مسٹر فورل FOREL (چیونٹیوں کے ایک مبصر) کا بیان ہے کہ انتہائی خشک آب و ہوا کی وجہ سے ان چیونٹیوں کو اپنے گھونسلہ کے اندر ہی رہنا پڑتا ہے اور ایسی حالت میں اگر ان کے پیٹ میں کچھ غذا موجود رہے تو ان کے لئے وہ بہت کارآمد ہوتی ہوگی۔ وھیلر Wheeler نے اس بیان کی صداقت تسلیم کرتے ہوئے کہا ہے کہ "اس کی وجہ غالباً یہ ہوگی کہ خشک خطوں میں بسا اوقات انھیں عرصہ تک بھوکا رہنا پڑتا ہے اس لئے وہ مناسب زمانہ میں اپنی غذا جمع کر لیتی ہیں اور پھر اپنے گھونسلوں سے اس وجہ سے نہیں نکلتی ہیں کہ انھیں فراہمی غذا کی ضرورت ہی نہیں ہوتی" لیکن ریگستانوں کی چیونٹیوں پر جو تجربات ہوئے ہیں ان سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اگر ان چیونٹیوں کو غذا کی ضرورت ہو تو خواہ کیسا ہی قحط کا زمانہ کیوں نہ ہو وہ اپنے گھونسلوں میں نہیں رہ سکتی ہیں۔

فوجی چیونٹیاں

یہ چیونٹیاں جن کو "تاتاری" چیونٹیاں کہنا زیادہ موزوں ہوگا، افریقہ، ایشیا اور امریکہ کے گرم خطوں میں پائی جاتی ہیں۔ ان کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں اور ان کی جسامت وغیرہ میں بھی بہت فرق ہوتا ہے۔ "مادہ" اور "کام کرنے والی" چیونٹیاں اندھی اور بغیر پر کے ہوتی ہیں۔ نر کے پر بھی ہوتے ہیں اور آنکھیں بھی ان میں سے بعض چیونٹیوں کے لئے کوئی مخصوص جائے قیام نہیں ہوتی وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل و حرکت کیا کرتی ہیں۔ مگر ان کا سفر رات کے وقت ہوتا ہے اور دن میں کسی سوراخ میں اپنا عارضی مکان بنا لیتی ہیں۔ وہ سورج کی شعاعوں کی تاب نہیں لا سکتیں۔ سیوج نے ۱۸۴۵ء میں یہ تجربہ کیا تھا کہ اگر ان چیونٹیوں کو کثرت غذا کی وجہ سے دن میں زیادہ عرصہ تک باہر ٹھہرنا پڑے تو وہ گرد و غبار سے ایک طرح کا سائبان بنا لیتی ہیں اور اپنے منہ سے ایک رقیق قسم کا مادہ نکال کر اس سے گارے اور سیمنٹ کا کام لیتی ہیں۔ البتہ جب وہ گھنی گھاس یا پتیوں کے بیچ میں ہوتی ہیں تو انھیں اس قسم کا سائبان بنانے کی ضرورت نہیں پڑتی

بعض اوقات ان میں سے کچھ چیونٹیاں خود ہی اپنے جسموں سے سائبان طیار کر لیتی ہیں لیکن جونہی کسی خطرہ کی اطلاع ملتی ہے سائبان ٹوٹ جاتے ہیں اور ساری چیونٹیاں ایک منظم طریقہ سے اپنے دشمن کی طرف جھپٹتی ہیں۔ جب یہ خطرہ دور ہو جاتا ہے، یا دشمن پر کامیابی حاصل ہو جاتی ہے یا مفروضہ خطرہ بے بنیاد ثابت ہوتا ہے تو از سر نو سائبان اسی طرح بنا لئے جاتے ہیں

یہ چیونٹیاں جب سفر کرتی ہیں تو اپنے ساتھ اپنے انڈے، بچے سب لے جاتی ہیں۔ یہ چیونٹیاں سانپوں اور چھپکلیوں وغیرہ پر بھی کامیابی سے حملہ کر دیتی ہیں بلکہ بندروں اور سور وغیرہ کو بھی مار ڈالتی ہیں۔ یہ بہت زور سے کاٹتی ہیں اور چونکہ نہایت کثیر تعداد میں حملہ کرتی ہیں لہذا ان کے کاٹنے سے سخت تکلیف ہوتی ہے۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ نہ صرف معمولی سانپ بلکہ بعض اوقات اژدہے بھی ان کا شکار بن جاتے ہیں۔ اژدہے کو جب خوب پیٹ بھر کر کھانا ملتا ہے تو وہ بالکل بے حس ہو کر کئی دن تک ایک ہی جگہ پڑا رہتا ہے اور ان چیونٹیوں کا آسانی سے شکار بن جاتا ہے اگر ان چیونٹیوں

کی فوج کسی گھر میں داخل ہو تو چوہوں اور چھپکلیوں وغیرہ کی حرکت سے ان کی آمد کا پتہ چل جاتا ہے۔ اگر چارپائیوں کے پائے پانی سے بھرے ہوئے برتن میں نہ رکھے جائیں تو بعض اوقات وہ ان پر بھی چڑھ جاتی ہیں۔ یہ مکانوں کے اندر ایک جگہ سے دوسری جگہ اپنے شکار کی تلاش میں گھوما کرتی ہیں اور جب کوئی عمدہ چیز پائی جاتی ہیں تو وہیں پر اکٹھا ہو جاتی ہیں لیکن اگر انھیں حسب منشا کوئی چیز نہیں ملتی تو وہ دوسری جگہ چلی جاتی ہیں

یہ چیونٹیاں گوشت خور ہوتی ہیں۔ تازہ گوشت خواہ وہ کسی قسم کا ہو ان کی مرغوب غذا ہے۔ اس کے علاوہ دودھ، شکر، نمکین گوشت، وغیرہ بھی کھاتی ہیں، مگر یہ کہنا غلط ہے کہ ہر وہ چیز جسے ہم کھا سکتے ہیں وہ بھی اس کو کھاتی ہیں

بعض مرتبہ بجائے زمین پر رہنے کے وہ درختوں پر چڑھ جاتی ہیں اور شہد کی مکھیوں کی طرح جھنڈ بنا کر ہار کی شکل میں لٹک جاتی ہیں۔ سیوج نے ایک بار دیکھا کہ بہت سی چیونٹیاں ہار کی طرح کسی درخت کی شاخ سے لٹکی ہوئی تھیں اور انھیں پر سے اوپر نیچے اور چیونٹیاں آ جا رہی تھیں اسی طرح وہ ایک زنجیر بنا کر دریاؤں اور چشموں کو عبور کر لیتی ہیں لیکن جب کوئی طوفان آجاتا ہے اور وہ پانی میں ہوتی ہیں تو سب مل کر ایک گیند کی شکل اختیار کر لیتی ہیں اور اپنے انڈوں اور بچوں کو اپنے درمیان محفوظ رکھ کر پانی پر تیرنے لگتی ہیں

امریکہ میں کئی قسم کی فوجی چیونٹیاں پائی جاتی ہیں جو زیادہ تر خشک و گرم حصوں ہی میں نظر آتی ہیں۔ یہ چیونٹیاں ہمیشہ سفر ہی نہیں کرتیں بلکہ ان کے مستقل گھونسلے ہوتے ہیں جہاں سے وہ کبھی کبھی شکار کی تلاش میں نکلتی ہیں۔ بلٹ نے اس قسم کی چیونٹیوں کے واقعات کے سلسلہ میں لکھا ہے کہ ان میں کی ایک چھوٹی قسم اکثر ہمارے مکان پر دھاوا بولا کرتی تھی پہلے وہ مکڑیوں کو مار کر ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتی اور پھر ان ٹکڑوں کو اپنے ساتھ لیجاتی اس قسم کی چیونٹیاں اکثر جنگلوں میں دیکھی جاتی ہیں اور جنگل میں ان چیونٹیوں کی موجودگی کا پتہ اس طرح چل جاتا ہے کہ چھوٹی چھوٹی چڑیاں ان کے پیچھے پیچھے بھاگنے لگتی ہیں۔ یہ چیونٹیاں لاکھوں کی تعداد میں ہوتی ہیں اور جب نکلتی ہیں تو تین چار گز کی چوڑائی میں زمین سیاہ نظر آنے لگتی ہے۔ اس فوج کے آگے اور بازوؤں پر چھوٹی چھوٹی چیونٹیاں چلتی ہیں اور یہ دستے عموماً بوٹ، اور مکڑیوں وغیرہ پر حملہ کرتے ہیں مکڑیاں ان سے بھاگ کر جان بچانے کی کوشش کرتی ہیں مگر بھاگنے میں انھیں ایسی گھبراہٹ ہوتی ہے کہ فوج کے مرکزی حصہ کے سامنے آجاتی ہیں۔ ان چیونٹیوں کو اپنا شکار پکڑنے میں سب سے زیادہ آسانی اُسوقت ہوتی ہے جب درخت کی کوئی شاخ جو زمین پر گر جاتی ہے سامنے پڑی مل جائے۔ ایسی حالت میں مکڑیاں یا بوٹ وغیرہ اُس شاخ پر چڑھ جاتے ہیں اور کچھ چیونٹیاں ادھر اُدھر سے شاخ پر چڑھ جاتی ہیں۔ جب ان کے شکار کو کہیں بھاگنے کا راستہ نہیں ملتا تو وہ زمین پر کود پڑتا ہے یعنی اپنے دشمنوں کے بیچ میں! اسکے گرتے ہی چیونٹیاں اُس سے لپٹ جاتی ہیں اور کاٹ کاٹ کر اُس کا خاتمہ کر دیتی ہیں

برازیل میں بعض اقسام کی چیونٹیاں بالکل خانہ بدوشوں کی طرح ہوتی ہیں اور چار پانچ روز سے زیادہ کسی

مام پر نہیں رہتیں۔ یہ چیونٹیاں قطار در قطار انڈے بچے لئے لاکھوں کی تعداد میں ایک سمت چلدیتی ہیں اور کھوکھلے تنوں یا گرے ہوئے تنوں کے نیچے جن میں کھوکھلا پن ہوتا ہے پناہ لیتی ہیں۔ ایک محقق کا بیان ہے کہ میں نے ایکمرتبہ گرے ہوئے تنے کو ہٹا کر دیکھا تو اس میں لاکھوں چیونٹیاں ایک جھنڈ کی طرح لٹکی ہوئی تھیں اور ان کی ٹانگیں بھورے تاگے کی مانند معلوم ہوتی تھیں۔ وہی محقق لکھتا ہے کہ ایک مرتبہ میں نے ان کے جھنڈ میں لکڑی ڈالدی اور جب اُسکو باہر نکالا تو اُس میں بہت سی چیونٹیاں لپٹی ہوئی نظر آئیں جن میں بچے بھی تھے اور معمولی چیونٹیاں بھی۔ انکے علاوہ بعض ایسی چیونٹیاں بھی تھیں جن کے جبڑے اور دیگر اعضا مقابلۃً بڑے تھے

سمی کراسٹ نے ان چیونٹیوں کے بارہ میں لکھا ہے کہ یہ آب و ہوا کی تبدیلی کے وقت ایک جگہ سے دوسری جگہ کثیر تعداد میں نکل پڑتی ہیں۔ ان کی فوج میں کوئی خاص نظام نہیں پایا جاتا مگر ان کے راستہ میں جو بھی کیڑا مکوڑا آجاتا ہے وہ ان کی دستبرد سے نہیں بچتا۔ 'بوٹ' کو قدرت نے جست کرنے کی طاقت دی ہے مگر اُس کے پچھلے پاؤں کو یہ چیونٹیاں پکڑ لیتی ہیں اور پھر وہ بھاگ نہیں پاتا کیونکہ چیونٹیاں اُس کے پاؤں توڑ ڈالتی ہیں اور وہ اُچکنے کے قابل نہیں رہتا۔ گھروں پر یہ چیونٹیاں عموماً رات کے وقت اور بارش کی ابتدا میں حملہ کرتی ہیں۔ جس جگہ یہ جانا چاہتی ہیں، وہاں بہت سے سوراخ بنالیتی ہیں اور سوراخ بنانے کے لئے ان کی فوج کئی حصوں میں منقسم ہوجاتی ہے۔ گھر میں ان کے داخلہ کے ساتھ ہی چوہے اور دوسرے کیڑے مکوڑے ادھر ادھر بھاگنے لگتے ہیں۔ یہ چیونٹیاں برخلاف دوسری معمولی چیونٹیوں کے میٹھی چیز نہیں پسند کرتی ہیں اور نہ مردہ کیڑوں سے رغبت کرتی ہیں۔ چونکہ وہ معمولی کیڑے مکوڑوں کو مار کر گھر کو صاف کر دیتی ہیں اس لئے گھروں پر ان کا حملہ ایک لحاظ سے ہمارے لئے فایدہ مند ثابت ہوتا ہے

ایک نہایت عجیب و غریب بات یہ ہے کہ ہرچند یہ چیونٹیاں بالکل اندھی ہوتی ہیں مگر ایک چیز کی صرف بو سونگھ کر وہ اُسی سمت چل پڑتی ہیں اور اتنی تیزی سے کہ انکھیاری چیونٹیاں بھی نہیں چل سکتیں، علاوہ اس کے ایک خاص بات اس قسم کی چیونٹیوں میں یہ بھی ہوتی ہے کہ وہ ایک اجنبی مقام سے بہت جلد آشنا ہوجاتی ہیں چنانچہ فورل نے لکھا ہے کہ اگر ان چیونٹیوں کا ایک جھنڈ کسی اجنبی مقام پر جس سے وہ قطعاً ناآشنا ہیں پھینک دیا جائے تو پانچ منٹ کے اندر جمع ہوکر وہ اپنی قطار مرتب کرلیگا، مگر دوسری چیونٹیاں کم از کم گھنٹہ بھر میں مجتمع ہوسکیں گی۔ یہ چیونٹیاں اپنے انڈے بچے اپنے ساتھ لے جاتی ہیں اور راستہ میں جو سوراخ ملتا ہے اس کا معائنہ کرتی جاتی ہیں پھر جو جگہ ان کو مناسب معلوم ہوتی ہے وہاں بہت باقاعدہ طریقہ سے داخل ہوجاتی ہیں

غلام بنانے والی سرخ چیونٹیاں

ایک قسم کی یوروپین چیونٹی ہوتی ہے جسے Formica Sanguinea کہتے ہیں۔ یہ چیونٹی خون کی طرح، محنتی اور بہت جنگجو ہوتی ہے۔ وھیلر کہتا ہے کہ یہ چیونٹیاں اپنے کام میں مداخلت کرنے والے پر اپنے جبڑے کی ہڈی سے حملہ

کرتی ہیں اور زخم میں ایک خاص قسم کا تیزاب داخل کر دیتی ہیں

اس چیونٹی کے متعلق مشہور ہے کہ یہ صرف اپنے غلاموں سے کام لیتی ہے مگر یہ صحیح نہیں کیونکہ وہ خود بھی کسی کی مدد کے بھی اپنا گھونسلہ تیار کر سکتی ہیں، کھانا لا سکتی ہیں اور اپنے بچوں کی پرورش کر سکتی ہیں

کہا جاتا ہے کہ یہ چیونٹیاں سال میں صرف دو تین مرتبہ غلام پکڑنے کی مہم پر نکلتی ہیں۔ وھیلر نے ان مہمات کو اس طرح بیان کیا ہے:-

کام کرنے والوں کی فوج عموماً صبح روانہ ہو جاتی ہے اور سہ پہر کو واپس آتی ہے۔ ایسا کم ہوتا ہے کہ چیونٹیاں یکے بعد دیگرے گھونسلوں پر ایک ہی دن حملہ کریں۔ ان چیونٹیوں کی فوج کئی حصوں میں منقسم ہو کر چلتی ہے اور سیدھی اپنی شکارگاہ کی طرف بڑھتی ہے۔ اس فوج کا کوئی ہراول یا مقدمۃ الجیش ایسا نہیں ہوتا جو بطور رہنما کے کام کرے بلکہ تمام چیونٹیاں آگے پیچھے آتی جاتی رہتی ہیں مثلاً اگر کچھ چیونٹیاں آگے چل رہی ہیں تو ان کے پیچھے آنے والی چیونٹیاں بسا اوقات ان کے آگے بڑھ جاتی ہیں اور اس طرح آگے والی پیچھے ہو جاتی ہیں اس لئے یہ امر ایک حد تک تعجب خیز ضرور ہے کہ باوجود اس نقص کے یہ فوج اپنی منزل مقصود پر براہ راست کیسے پہونچ جاتی ہے معلوم ایسا ہوتا ہے کہ ان چیونٹیوں کو غلام چیونٹیوں کے جائے قیام کی خبر پہلے سے ہو جاتی ہو گی، کیونکہ حملہ کرنے سے ان کے اسکاوٹ ایک ایک دو دو کی تعداد میں ہفتوں تک باہر گھوما کرتے ہیں اور پھر اپنے تجربات اپنی جماعت سے آکر بتاتے ہیں۔ اور چونکہ ساری جماعت بعد کو اکٹھا کسی ایک ہی گھونسلہ پر حملہ کرتی ہے اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ ان اسکاوٹوں کی یادداشت بھی اچھی ہوتی ہے جو اُس خاص گھونسلہ کو قرب و جوار کے متعدد گھونسلوں میں بھول نہیں جاتے

جب حملہ کرنے والی جماعت اُس گھونسلہ کے قریب پہونچ جاتی ہے جس پر حملہ کرنا مقصود ہوتا ہے تو فوج کے اگلے حصہ کی چیونٹیاں فوراً حملہ نہیں کر دیتی ہیں بلکہ محاصرہ کر کے باقی ماندہ فوج کا انتظار کرتی رہتی ہیں۔ اس اثنا میں محصور چیونٹیاں یا تو اپنے گھونسلہ کی حفاظت کے لئے تیار ہو جاتی ہیں یا اپنے بچوں کو لیکر حملہ آور فوج کی صفیں چیر کر بھاگ نکلنے کی کوشش کرتی ہیں۔ لیکن حملہ آور چیونٹیاں، محصور چیونٹیوں کے مزدوروں سے اُسوقت تک نہیں بولتیں جب تک وہ ان کا مقابلہ نہ کریں۔ حملہ آور چیونٹیاں ان غلام چیونٹیوں کے بچوں کو بھی پکڑ لاتی ہیں اور پھر انھیں پالتی ہیں۔ واسمین کا خیال ہے کہ ان چیونٹیوں کے حملہ کا مقصد ہی یہ ہوتا ہے کہ ہزیمت خوردہ چیونٹیوں کے بچوں کو لیکر ان کی پرورش کریں مگر یہ نظریہ غلط معلوم ہوتا ہے کیونکہ سینگوئنی چیونٹیوں کی معمولی آبادیاں بھی ایسی پائی گئی ہیں جہاں بغیر ان غلاموں کے کام چلتا رہتا ہے۔ یہ البتہ کہا جا سکتا ہے کہ سینگوئنی چیونٹیاں بعض وقت غذا کی خواہش میں بھی دوسری چیونٹیوں کے گھونسلوں پر حملہ کر دیتی ہیں اور اس خواہش کا ثبوت یہ دیا جاتا ہے کہ جن

چیونٹیوں پر حملہ کیا جاتا ہے وہ بسا اوقات ایسی ہوتی ہیں جن کو غلام بنا کر نہیں رکھا جا سکتا۔ ورمین Warmann کہتا ہے کہ ان حملوں کا مقصد صرف یہی نہیں ہوتا کہ غلام قبیلہ کے بچے چھین لئے جائیں بلکہ اکثر "لے سیس" Lasius قسم کی چھوٹی چیونٹیوں کے انڈے بچے کھا جانے کے لئے بھی حملہ کیا جاتا ہے

'لے سیس' چیونٹیاں اکثر رات کے وقت نکلتی ہیں مگر مادہ چیونٹیاں جو بھاری ہوتی ہیں اکثر گر پڑتی ہیں اور اسی عالم میں سینگوئنی چیونٹیاں ان کو پکڑ کر اپنے گھونسلوں تک لے آتی ہیں اور وہاں ان کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتی ہیں۔ امریکہ میں بھی سینگوئنی چیونٹیوں کی کئی قسمیں پائی جاتی ہیں مگر ان میں اور یورپین سینگوئنی چیونٹیوں میں کچھ فرق پایا جاتا ہے مثلاً یہ کہ ہر چند امریکہ میں بھی سینگوئنی چیونٹیوں کے گھونسلے بغیر غلام چیونٹیوں کی موجودگی کے پائے جاتے ہیں، لیکن جن گھونسلوں میں غلام چیونٹیاں پائی جاتی ہیں تو بہت کثرت سے پائی جاتی ہیں۔ وھیلر کے نزدیک اس کے یہ اسباب ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ امریکن سینگوئنی چیونٹیاں یوروپین چیونٹیوں کے مقابلہ میں زیادہ حملہ کرتی رہتی ہیں دوسرے جن 'غلام' چیونٹیوں پر حملہ کیا جاتا ہے وہ یوروپین چیونٹیوں سے بھی زیادہ کمزور اور بزدل ہوتی ہیں

سینگوئنی چیونٹیوں کی جو ملکہ ہوتی ہے اس میں ہمت و شجاعت اور فتحمندی کا جذبہ بڑا زبردست پایا جاتا ہے۔ چنانچہ چیونٹیوں کے مشہور مبصر وھیلر (Wheeler) نے بیان کیا ہے کہ میں نے ۱۹۰۶ء میں سینگوئنی چیونٹیوں کی ایک ملکہ کو غلام قسم کی چیونٹیوں کے ایک گھونسلہ میں چھوڑ دیا جس میں مزدور چیونٹیاں اور ان کے انڈے بچے سبھی موجود تھے۔ جیسے ہی یہ ملکہ چیونٹی اس گھونسلہ میں پہونچی اس پر دوسری چیونٹیوں نے حملہ کر دیا مگر اس نے نہایت پامردی سے سب کا مقابلہ کیا، بہتوں کو مار ڈالا اور کئی خولوں (Cocoons) پر قبضہ کر کے ایک دوسرے سوراخ میں گھس گئی۔ جب اس سوراخ پر بھی چیونٹیوں نے حملہ کیا تو یہاں بھی اس نے ان سب کا مقابلہ کیا۔ آخر کار کچھ عرصہ کے بعد ان خولوں (Cocoons) سے کام کرنے والی چیونٹیاں نکل آئیں جنھوں نے ملکہ کا ساتھ دیا اور ملکہ نے ان کی مدد سے پھر پورے گھونسلہ پر قبضہ کر لیا

امیزن چیونٹیاں اور ان کے غلام

چیونٹیوں کی ایک اور قسم "پولیرگس" (Polyergus) کہلاتی ہے جو یورپ اور شمالی امریکہ دونوں ایک جگہ پائی جاتی ہے اور امیزن (Amazon) کہلاتی ہے۔ لیکن امیزن اور سینگوئنی چیونٹیوں کے غلاموں اور غلامی کے نظریہ میں بہت فرق ہے۔ سینگوئنی چیونٹیاں تو بغیر ان غلاموں کی امداد کے بھی اپنا کام نکال لیتی ہیں مگر امیزن چیونٹیاں بغیر غلاموں کے کوئی کام نہیں کر سکتیں اور ان کی آبادی بغیر ان غلام چیونٹیوں کے باقی نہیں رہ سکتی۔ وھیلر کہتا ہے کہ اگر کوئی غذا از خود ان کے منہ تک پہونچ جائے تو خیر ورنہ وہ بغیر غلاموں کی مدد کے کھانا بھی نہیں کھا سکتیں۔ لیکن کس قدر عجیب بات ہے کہ باوجود اتنی کاہلی کے جب وہ باہر حملہ کرنے نکلتی ہیں تو نہایت تیز، چست و چالاک اور منظم ہو جاتی ہیں۔

یہ چیونٹیاں جب حملہ کرنے چلتی ہیں تو گھونسلہ سے یکایک باہر نکل آتی ہیں اور دروازہ پر سب کی سب جمع ہو جاتی ہیں اس کے بعد وہ ایک ساتھ نہایت تیزی کے ساتھ روانہ ہوتی ہیں۔ جب یہ فوج، منزل مقصود پر پہونچ جاتی ہے تو سینگوئنی چیونٹی کی فوج کی طرح باہر انتظار نہیں کرتی بلکہ دفعتاً اندر گھس جاتی ہے اور جلدی سے سارے انڈے بچوں کو لیکر اپنے گھونسلہ میں واپس آجاتی ہے۔ اگر غلام چیونٹیاں ان پر حملہ کرتی ہیں تو وہ ان کا سر توڑ ڈالتی ہیں۔ مگر جب یہ چیونٹیاں مال غنیمت لیکر واپس ہوتی ہیں، تو اس وقت ان کی رفتار میں وہ تیزی نہیں رہتی جو حملہ سے پہلے پائی جاتی تھی اور نہ فوج اتنی منظم ہوتی ہے سینگوئنی کی طرح یہ چیونٹیاں بھی سیدھے اپنے مخالفین کے گھونسلہ پر حملہ کرتی ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے ابھی اسکاؤٹ ہوتے ہیں

بہرحال فتح کے بعد جب یہ اپنے گھر پہونچتی ہیں تو ان میں پھر وہی سستی پیدا ہو جاتی ہے اور ان کے غلام ان کو کھانا وغیرہ کھلاتے رہتے ہیں۔ یہ غلام، جیسا کہ لکھا جا چکا ہے، اکثر اپنی آقا چیونٹیوں کو راستہ سے اٹھا کر پھر گھر لے آتے ہیں اور باہر نہیں جانے دیتے۔ جب کوئی آبادی کی آبادی کسی نئے مقام پر جا کر رہنا چاہتی ہے تو سارا انتظام غلام چیونٹیوں کے سپرد کر دیا جاتا ہے جو نئی جائے قیام کے محل وقوع وغیرہ کو دیکھ کر انتخاب کرتی ہیں اور پھر اپنی آقاؤں کو وہاں لے آتی ہیں۔ لیکن سینگوئنی چیونٹیاں ایسے موقعوں پر بجائے اس کے کہ اپنے غلاموں کی مدد سے نئی جائے قیام پر جائیں خود ان کو وہاں لے جاتی ہیں

امیزن کی ایک قسم اور ہے جسے "بری وسپ" (Brevicorn) کہتے ہیں یہ صنف کولیریڈو اور کسکاڈجدید کے پہاڑی علاقوں میں پائی جاتی ہے ان چیونٹیوں کی شکلیں بہت جاذب نظر ہوتی ہیں۔ ان کی ملکہ اور مزدور ارغوانی رنگ کے ہوتے ہیں اور نر کالے رنگ کے جن کے پر سفید ہوتے ہیں۔ یہ چیونٹیاں جب کہیں حملہ کرتی ہیں تو بات یہ ہوتی ہے کہ فریقین میں سے کسی طرف اتلاف جان نہیں ہوتا۔ غلام قسم کی چیونٹیاں جن پر حملہ کیا جاتا ہے وہ مقابلہ نہیں کرتیں اور حملہ آور بھی اس کے جواب میں ان سے کچھ نہیں بولتیں بلکہ ان کے بچوں کو لیکر خاموشی سے اپنے گھر چلی جاتی ہیں

چیونٹیوں کے دوست اور مہمان

یہاں پر چیونٹیوں اور چیونٹیوں کی گائوں (ایفڈ۔ Aphid) کا ذکر بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ یہ (Aphid) پودوں پر رہتے ہیں اور ان کی پتیوں کو چوستے ہیں۔ اس کے بعد جو رقیق مادہ ان کے منہ سے نکلتا ہے وہ بہت میٹھا ہوتا ہے۔ ۲۴ گھنٹوں میں یہ کیڑا اس مادہ کے کم از کم ۸۰ قطرے ٹپکاتا ہے۔ بعض مرتبہ یہ مادہ جسے شہد کا قطرہ (Honey dew) کہتے ہیں اتنا زیادہ ہو جاتا ہے کہ پتی پر سے زمین پر گر پڑتا ہے۔ چیونٹیاں شہد کے ان قطروں کی بہت شایق ہوتی ہیں اپنے سوراخ ہی" Aphid " کے قریب بناتی ہیں۔ یہ ان کو کھاتی

نہیں ہیں بلکہ ان کو دوسرے دشمنوں سے بچانے کی کوشش کرتی ہیں حتیٰ کہ وہ انھیں ایک سبزہ زار سے دوسرے سبزہ زار تک لیجاتی ہیں اور ان کی پوری حفاظت کرتی ہیں۔ بعض مبصرین نے چیونٹیوں کو (Aphids) کے انڈے موسم خزاں میں جمع کرتے اور ان کو اپنے گھونسلوں میں حفاظت سے رکھتے دیکھا ہے یہاں تک کہ ان سے بچے نکل آتے ہیں اور جب وہ بڑے ہو جاتے ہیں تو خود ہی ان کو پودوں پر بٹھا آتی ہیں۔ جاڑے اور برسات کے دنوں میں وہی چیونٹیاں ان کو اپنے گھونسلوں میں واپس لیجاتی ہیں اور جب موسم معتدل ہو جاتا ہے تو پھر انھیں باہر نکال لاتی ہیں۔ اسی طرح چند کیڑے اور بھی ہوتے ہیں جن سے چیونٹی ایک قسم کا رقیق دشیریں مادہ حاصل کرتی ہے۔ ایک قسم کی تتلی کے بچے بھی اسی طرح کا مادہ پیدا کرتے ہیں اور چیونٹیاں ان کو بھی اپنے گھونسلوں میں لے آتی ہیں اور ان کی بہت حفاظت کرتی ہیں

کچھ کیڑے ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے تعلقات چیونٹی سے مہمان اور میزبان کے ہوتے ہیں۔ یہ کیڑے چیونٹوں کے سوراخوں میں رہتے ہیں اور ان کی تعداد کم از کم ۱۵۰۰ ضرور ہوتی ہے ورنہ یونتوان کی تعداد تین ہزار تک دیکھی گئی ہے۔ ان کی بعض قسمیں ایسی ہیں جو چیونٹوں کی دوست ہی نہیں ہوتیں بلکہ وہ ڈاکو، لٹیرے اور قاتل بھی ہوتے ہیں۔ ان میں سے بعض کیڑے مردہ چیونٹوں کو کھا لیتے ہیں محتاج چیونٹوں پر بھی حملہ کرتے ہیں اور اگر موقع مل جائے تو تندرست و توانا چیونٹوں پر بھی حملہ کر دیتے ہیں۔ یہ کیڑے چیونٹوں سے شکل و صورت میں بہت ملتے ہیں۔ چیونٹیاں بھی جب ان کو کہیں دیکھ پاتی ہیں تو مار ڈالتی ہیں مگر اکثر کیڑے اپنے منہ سے کوئی ایسا بدبودار مادہ نکالتے ہیں کہ چیونٹی اس کی برداشت نہیں کر سکتی اور بھاگ جاتی ہے۔ لیکن اگر یہی کیڑے بہت بڑی تعداد میں کسی چھوٹی کوٹھری میں چند چیونٹوں کے ساتھ بند کر دئے جائیں تو یہ ان کو فوراً مار ڈالیں گی

کیڑے کی ایک قسم اور ہے جو چیونٹوں کی آبادی میں انھیں کے ساتھ رہتا ہے مگر چیونٹیاں ان کی پرواہ نہیں کرتیں اور نہ ان کی طرف توجہ کرتی ہیں مکھیوں اور پروانوں کے بچے اسی قسم میں شامل ہیں۔ جو باورچی خانہ کے بچے ہوئے ذرات پر زندگی بسر کرتے ہیں۔ اس قسم کے کیڑوں کی ایک قسم ایسی بھی ہے جو فوجی چیونٹوں کے ساتھ رہتی ہے اور چیونٹیاں ان سے کچھ تعارض نہیں کرتیں بلکہ ان کو اس کی اجازت دیدیتی ہیں کہ جو شکار انھوں نے کیا ہے اس سے یہ بھی متمتع ہو سکیں۔ بعض کیڑے چیونٹوں کا جسم چاٹ کر زندہ رہتے ہیں کہا جاتا ہے کہ اس طرح چاٹنے سے چیونٹی کے جسم سے کوئی رقیق اور لذیذ مادہ نکلتا ہے جو ان کی غذا ہے

ان کیڑوں کے علاوہ ۳-۴ سو قسم کے کیڑے ایسے بھی ہیں جن سے چیونٹوں کے تعلقات واقعی مہمان و میزبان کے سے ہیں — وہیلر لکھتا ہے کہ ان کے اور چیونٹوں کے تعلقات بہت دوستانہ ہوتے ہیں، چنانچہ یہ کیڑے چیونٹوں کے ساتھ چھپ چھپ کر یا ڈر ڈر کر نہیں رہتے بلکہ ان کے درمیان اطمینان سے رہتے ہیں۔ ان میں سے بعض ایسے

ہوتے ہیں جن کے بالوں سے ایک طرح کا لذیذ مادہ نکلتا ہے اور چیونٹیاں اس کو بہت شوق سے چاٹتی ہیں چیونٹیاں ان کی بہت حفاظت کرتی ہیں، صاف رکھتی ہیں، دھلاتی ہیں ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجاتی ہیں اور اگرچہ یہ کیڑے بسا اوقات چیونٹیوں کے انڈوں کو کھا جاتے ہیں مگر چیونٹیاں ان کے ساتھ اس قسم کے مراعات کئے جاتی ہیں۔ اس قسم کے بعض کیڑے بالکل اندھے ہوتے ہیں لہذا چیونٹیاں انھیں اجازت دیدیتی ہیں کہ وہ ان کی پیٹھ پر گھنٹوں تک چڑھے رہیں۔ اسی قسم کے ایک اور مہمان کو (Antennophorus) کہتے ہیں۔ یہ کیڑے چیونٹیوں کے جسم سے لپٹے رہتے ہیں مگر اس انداز سے کہ پورے جسم پر ان کا تناسب برابر رہتا ہے اور کسی ایک خاص عضو پر زیادہ بوجھ نہیں پڑتا جس کی وجہ سے چیونٹی کی رفتار میں کوئی کمی نہیں واقع ہوتی۔ یہ کیڑے ایک لحاظ سے کتوں کی 'کلنی' کے مشابہ کہے جاسکتے ہیں مگر 'کلنی' کتے کا خون چوس لیتی ہے اور یہ کیڑے چیونٹی کا خون نہیں چوستے بلکہ جب وہ ایک چیونٹی سے دوسری چیونٹی تک جاتے ہیں تو ان کی اُگلی ہوئی غذا پر بسر کرتے ہیں

چیونٹیاں ان کیڑوں کو نہیں ستاتیں مگر ایک اور قسم کے کیڑے ہیں جن کو (Ciliciano) کہتے ہیں یہ کیڑے چیونٹی کا خون چوستے ہیں اس لئے چیونٹی بھی جب ان کو پکڑ پاتی ہے تو فوراً مار ڈالتی ہے

ایک چھوٹی اور نیلی مکھی مکسکو اور میکساس (امریکہ) کی چیونٹیوں کی آبادی میں پائی جاتی ہے۔ ان کے بچے چیونٹیوں کے بچوں کے ساتھ رہتے ہیں مگر انھیں کا خون چوستے ہیں۔ لیکن تعجب انگیز امر یہ ہے کہ چیونٹیاں ان مکھیوں کے بچوں سے تعرض نہیں کرتیں بلکہ ان کی پرورش کرتی ہیں

ان بیرونی کیڑوں کے علاوہ چیونٹی کے جسم کے اندر بھی بہت سے چھوٹے چھوٹے کیڑے پائے جاتے ہیں۔ مگر ان کے متعلق ابھی زیادہ تحقیقات نہیں کی گئی

"نگار" کے پرانے پرچے

نگار کے مندرجۂ ذیل پرچے دفتر میں موجود ہیں جن اصحاب کو ضرورت ہو طلب کرلیں، قیمتیں وہی ہیں جو سامنے درج ہیں:-

(۱۹۲۲ء) ستمبر ۴ر۔ (۱۹۲۶ء) جنوری۔ جون۔ نومبر ۵ر فی پرچہ۔ (۱۹۲۷ء) اپریل۔ مئی و جون ۴ر فی پرچہ (۱۹۲۹ء) دسمبر ۵ر۔ (۱۹۳۰ء) مئی ۴ر۔ (۱۹۳۱ء) جولائی تا دسمبر ۴ر فی پرچہ۔ (۱۹۳۲ء) فروری تا دسمبر (علاوہ اپریل) ۴ر فی پرچہ۔ (۱۹۳۳ء) فروری۔ جولائی و اکتوبر ۴ر فی پرچہ۔ (۱۹۳۶ء) فروری۔ مارچ۔ اپریل۔ دسمبر ۵ر فی پرچہ۔ (۱۹۳۷ء) مارچ۔ اپریل۔ مئی۔ جون۔ جولائی۔ اگست۔ اکتوبر۔ نومبر و دسمبر ۸ر فی پرچہ۔

منیجر نگار۔ لکھنؤ

عہدِ جاہلیت

اہلِ عرب کو خطابت اور شاعری میں جو ملکہ حاصل تھا اُس کا مجملاً ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ یہ دونوں کمال اُن کی فطرت میں داخل تھے، ہر قبیلہ کا جس طرح ایک شاعر ہوتا تھا، اُسی طرح ایک ایک خطیب بھی ہوتا تھا، گو یہ ملکہ اُن میں خداداد طریقہ پر پایا جاتا تھا تاہم زمانہ طفولیت ہی سے ہونہار بچوں کو اس کے لئے طیار کیا جاتا تھا، اس لئے شاعروں کی طرح خطیبوں کی تعداد بھی اُن میں بہت زیادہ تھی

مگر زمانۂ جاہلیت کے جو خطبے ہم تک پہونچے ہیں وہ اشعار کے مقابلہ میں بہت کم ہیں، اسلام سے پہلے عربوں میں چونکہ تصنیف و تالیف کا رواج نہ تھا اس لئے وہ زمانہ جاہلیت میں مدون نہ ہو سکے، اور رفتہ رفتہ ضائع ہوتے گئے نظم خواہ کتنی ہی بڑی کیوں نہ ہو آسانی سے یاد رہ سکتی ہے نثر اُس کے مقابلہ میں تھوڑی بھی مشکل سے دماغ میں محفوظ رہتی ہے، یہی وجہ ہے کہ اُس زمانہ کے خطبوں کا اکثر اور بیشتر حصہ ضائع ہو گیا چند خطبات کے صرف چند فقرے جو مسجع اور مقفی ہونے کی وجہ سے شعر کے ہم پلہ تھے راویوں کو یاد رہ سکے اور پھر مدون ہو کر ہم تک پہونچے

زمانۂ جاہلیت کے خطباء میں کعب بن لوی، حرثان بن محرث، سحبان وائل باہلی، قیس بن خارجہ، (خطیب داحس وغبراء) خویلا بن عمر (خطیب یوم الفجار) قس بن ساعدۃ الایادی (خطیب عکاظ) اور اکثم بن صیفی (ملک الخطباء نعمانیہ) بہت مشہور گزرے ہیں۔ جن میں سے سحبان وائل باہلی خاص طور پر قابل ذکر ہیں، یہ اپنے زمانہ کے ایک بلند پایہ خطیب اور امام مانے جاتے ہیں، جن کی خطابت آج تک ضرب المثل ہے چنانچہ کسی خطیب کی بہت زیادہ تعریف کرنی ہوتی ہے تو کہا جاتا ہے " ہو اخطب من سحبان " یعنی وہ سحبان سے زیادہ بولنے والا ہے

سحبان کا خاص کمال یہ تھا کہ وہ خطبہ دیتے دیتے پسینہ پسینہ ہو جاتے تھے لیکن نہ دورانِ تقریر میں کہیں ٹھہرتے تھے اور نہ سارے خطبہ میں کوئی لفظ مکرر استعمال کرتے تھے

قس بن ساعدۃ الایادی نے عہد جاہلیت اور عہد اسلامی دونوں پائے تھے، آنحضرت نے ایک مرتبہ ان کو " سوق عکاظ " میں دیکھا کہ سُرخ اونٹ پر بیٹھے ہوئے خطبہ دے رہے ہیں آپ نے خطبہ کو بغور سُنا اور اُسکی بلاغت پر تعجب کیا، وہ کہہ رہا تھا:۔

ایہا الناس ! اجتمعوا وعُوا، من عاش مات ومن مات فات، وکلُّ ما ہو آتٍ آت، مالی اریٰ الناس یموتون ولا یرجعون، ارضوا فاقاموا أم حُبسوا فناموا

یا معشر ایاد ! این ثمود وعاد، واین الاباء والاجداد این المعروف الذی،

لوگو ! جمع ہو جاؤ اور یاد رکھو، جس کو زندگی ملی ہے وہ مریگا اور جو مر گیا سو مر گیا، جو کچھ ہونے والا ہے وہ ہو کر رہے گا مجھے کیا ہوا ہے کہ دیکھتا ہوں، لوگ مرتے ہیں اور پھر واپس نہیں آتے کیا وہ خوش ہوتے ہیں اور ٹھہر جاتے ہیں، یا روک لئے جاتے ہیں اور سو جاتے ہیں۔

اے جماعت ایاد کے لوگو، بتاؤ کیا ہوئے ثمود و عاد، اور کہاں گئے آباء اور اجداد، وہ احسان کیا ہوا جس کا

لم یشکر و الظلم الذی لم ینکر، اُقسم قسماً باللہ ان للہ دیناً، ہو ارضیٰ لہ من دینکم ھذا
(کتاب البیان والتبیین صفحہ ۱۷۲)

شکر ادا نہیں کیا گیا اور وہ ظلم کہ دھر گیا جسکا کبھی انکار نہیں کیا گیا، میں خدا کی قسم کھاتا ہوں کہ بیشک خدا کا ایک "دین" ہے جس کو وہ تمھارے اس دین سے زیادہ پسند کرتا ہے۔

زمانۂ جاہلیت کے خطبے عقد الفرید، کتاب البیان والتبیین، اغانی، تاریخ طبری اور تاریخ ابن اثیر وغیرہ ادبی اور تاریخی کتابوں میں جستہ جستہ ملتے ہیں

عہدِ اسلام زمانۂ جاہلیت میں قوت خطابت سے جو کام لئے جاتے تھے اُن کا دائرہ محدود تھا، اس لئے اُس زمانہ میں خطابت و تقریر کو وہ عروج نہ ہو سکا جو شعر و شاعری کو حاصل تھا۔ لیکن زمانۂ اسلام میں معاملہ برعکس ہو گیا

اسلام نے خطابت کو عروج و کمال پر پہونچا دیا، جہالت و ضلالت، کفر و شرک کی وجہ سے اُس میں جو کچھ نقایص تھے وہ سب کے سب دور ہو گئے، اور جذبات بہیمیہ کا اظہار موقوف ہو گیا۔ قرآن مجید نے فصاحت و بلاغت کا بہترین معیار پیش کر کے اسلوب بیان میں ایسی روح پھونکی کہ عہد اسلام کی خطابت کا رتبہ جاہلیت کی خطابت سے کہیں بڑھ گیا، سیاسی واقعات اور غزوات و فتوحات نے عرب کی پرجوش طبیعتوں کے لئے بہت سے نئے میدان کھول دئے اب کیا تھا؟ قوت خطابت نے اور زور پکڑا اور اُن کا صرف مذہبی جوش، حمایت دین، ترغیب شجاعت اور تعلیم اخلاق میں ہونے لگا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اسلام کے بعد عربی شاعری کا وہ زور باقی نہیں رہا جو زمانہ جاہلیت میں تھا اس لئے کہ اُس کی ساری طاقت اب خطابت کی طرف منتقل ہو چکی تھی

دراصل خطابت و شاعری کے ڈانڈے ملے ہوئے ہیں، اسی وجہ سے اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ جو خطیب ہوتا ہے وہ شاعر بھی ہوتا ہے، اور جو شاعر ہوتا ہے وہ خطیب بھی، فرق صرف یہ ہے کہ بعضوں کی طبیعت کا رجحان شاعری کی طرف زیادہ ہوتا ہے اور بعضوں کی طبیعت کا میلان خطابت کی طرف زیادہ ہوتا ہے۔ علامۂ جاحظ نے اپنی کتاب "البیان والتبیین" میں "الجمع بین الخطابۃ والشعر ومن اشتہر بذلک" کا عنوان قایم کر کے اُن تمام ادباء کی ایک مکمل فہرست لکھی ہے، جو خطیب بھی تھے اور شاعر بھی

خطباء اسلام اپنے خطیبانہ انداز میں بہت ہی پرجوش خطبہ دیا کرتے تھے، جس میں قومی غیرت اور دینی حمیت کے جذبات برانگیختہ کئے جاتے تھے اور مجاہدین کو سرفروشی کا جوش دلایا جاتا تھا، مواقع جنگ پر فوجوں کی ترتیب، صف بندی کے اُصول، دشمن پر حملہ کرنے اور اُس سے بچنے کے قواعد پر زور دیا جاتا تھا، اُنھیں بتایا جاتا تھا کہ بقاء حیات کے لئے صرف یہی ضروری نہیں کہ انسان اپنے دشمن کی مدافعت کرے بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ وہ خود سبقت کر کے اُس کو فنا کرے اور شکست دینے کی کوشش کرے۔

اس موضوع پر اُن کے پرجوش خطبے ہی دراصل اُن کی کامیابی کا راز ہوتے تھے، چنانچہ جنگ یرموک میں حضرت خالد بن ولید کا خطبہ، جنگ قادسیہ میں حضرت مغیرہ کا خطبہ، غزوہ فارس میں حضرت خلید بن منذر کا خطبہ اور فتح اندلس میں حضرت طارق بن زیاد کا خطبہ، اس کی روشن مثالیں ہیں۔

روم اور یونان کی تاریخیں پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کی دونوں قومیں "فن خطابت" میں بہت کمال رکھتی تھیں، اُن میں بہت سے خطبا، ایسے گزرے ہیں جنھوں نے اپنی زبان کی طاقت اور زور بیان سے بڑے بڑے انقلابات برپا کر دئے، اُن کے خطبے آج کمال خطابت کی بے مثال یادگاریں ہیں

خصوصاً یونان، تہذیب و تمدن، تعلیم و ترقی کے اعتبار سے بہت ہی امتیازی شان رکھتا تھا، وہاں اس فن کی باقاعدہ تعلیم دی جاتی تھی تاکہ وہ قوم و ملک کی بہتر سے بہتر طریقہ پر خدمات انجام دے سکیں، چنانچہ اس موضوع پر سب سے پہلی تصنیف اسی خطۂ ارضی کی یادگار ہے

لیکن اہل عرب کو یہ خاص فخر و امتیاز حاصل ہے کہ جب اُن پر ترقی کا سایہ بھی نہ پڑا تھا اُسوقت بھی فصاحت و بلاغت اُن کے قومی خصایص میں داخل سمجھی جاتی تھی اور اُن کے خطیب دنیا کے بہترین مقرر مانے جاتے تھے۔

نوشیرواں نے جب خطبائے عرب کی تعریفیں سنیں تو اُن سے ملاقات کا شوق پیدا ہوا، اُس نے نعمان بن منذر سے اپنی یہ خواہش ظاہر کی، نعمان نے ہر قبیلہ سے دو، دو، تین، تین مقرر جمع کر کے اُس کی خدمت میں روانہ کئے، جن میں قبیلۂ بنی تمیم سے اکثم بن صیفی، حاجب بن زرارہ، قبیلۂ بنوبکر سے حارث بن ظالم، قیس بن مسعود قبیلۂ بنوعامر سے خالد بن جعفر، علقمہ بن علاثہ اور عامر بن طفیل وغیرہ جیسے بلند پایہ خطبہ شامل تھے

ان میں سے ہر ایک نے نوشیرواں کے سامنے اپنی جادو بیانی اور سحر افرینی کا ثبوت دیا اور اپنی زبان آوری و فصیح البیانی پر خراج تحسین حاصل کیا، جن کو علامہ احمد بن عبدربہ نے عقد الفرید جزو ثالث میں مفصل بیان کیا ہے

ڈیماسٹھینز خطباء یونان کا امام مانا جاتا ہے لیکن اُس کے کل خطبات "اکسٹھ" سے زیادہ نہ تھے مسلمانوں میں حضرت علی مرتضیٰ کے خطبات سیکڑوں کی تعداد میں موجود ہیں جن کو شریف مرتضیٰ نے "نہج البلاغۃ" میں جمع کر دیا ہے

ان خطبات میں جہاں ایک طرف فصاحت و بلاغت کی حلاوت پائی جاتی ہے وہیں دوسری طرف ایسا زور بیان اور جوش و خروش پایا جاتا ہے کہ سننے والوں کے دل لرز اُٹھتے ہیں پھر زور خطابت کا عالم وہاں اور واضح نظر آتا ہے جہاں حضرت علی نے قوم کو جنگ پر اُبھارا ہے اور اُن کے دلوں میں شجاعت و بہادری کے شریف جذبات برانگیختہ کئے ہیں

مثال کے طور پر آپ کا وہ مختصر خطبہ درج ذیل ہے جو آپ نے جنگ صفین میں اُسوقت دیا تھا جب موقع

نہایت نازک تھا۔ آپ فرماتے ہیں:۔

معاشر المسلمین!
استشعروا الخشیۃ، وتجلببوا السکینۃ، وعضوا علی النواجذ فانہ انبی للسیوف من الہام واکملوا اللأمۃ، وقلقلوا السیوف فی اغمادھا قبل سلّہا والحظوا الخزر واطعنوا الشزر ونافحوا بالظبار وصلوا السیوف بالخطار واعلموا انکم بعین اللہ، ومع ابن عم رسول اللہ فعاودوا الکرّ، واستحیوا من الفرّ فانہ عار فی الاعقاب ونار فی یوم الحساب وطیبوا عن انفسکم نفسا وامشوا الی الموت مشیا سجحا، وعلیکم بہذا السواد الاعظم والرواق المطنب، فاضربوا ثبجہ فان الشیطان کامن فی کسرہ، قد قدم للوثبۃ یدا واخر للنکوص رجلا، فصمدا صمدا حتی ینجلی لکم عمود الحق وانتم الاعلون واللہ معکم ولن یترکم اعمالکم

اے مسلمانو!
تم خوف خدا کو اپنا شعار بنالو، اطمینان وسکون حاصل کرو، دانتوں سے دانت ملائے رکھو، اسلئے کہ یہ بات تلوار کو سروں پر کارگر ہونے نہیں دیتی، زرہ کو اچھی طرح پہن لو، تلواریں کھینچنے سے پہلے نیاموں میں انھیں جنبش دے لو، چاروں طرف کنکھیوں سے دیکھتے جاؤ اور دائیں بائیں نیزہ بازی کرتے جاؤ، دشمن کو تلوار کی باڑھ پر دھرلو، اور تلواروں کو دشمن کے قدموں سے ملائے رکھو، تم اچھی طرح سمجھ لو کہ تم خدا کی نظروں کے سامنے ہو، اور رسول کے ابن عم کے ساتھ ہو، دشمن پر پلٹ کر حملہ کرو۔ اور بھاگنے سے شرم کرو، اس لئے کہ بدنامی اسکا انجام ہے اور قیامت کے دن عذاب جہنم اسکا بدلہ ہے اپنی روح کو اسکی خواہشوں سے خوش کرو اور بطیب خاطر موت کی طرف چلے چلو، تم اس زبردست جماعت اور طنابوں سے کھنچے ہوئے خیمے پر ٹوٹ پڑو، اس کے اندر گھسنے والے پر تلواریں برسادو۔ اس لئے کہ شیطان اسی اطراف رواق میں چھپا ہوا ہے جو آگے بڑھنے کے لئے پیش دستی کرتا ہے پھر واپس ہونے کے لئے پیچھے ہٹتا ہے لڑو، لڑو، یہانتک کہ حقانیت کا قدرتی نشان تمھارے لئے ظاہر ہوجائے تم ہی لوگ غالب رہوگے خدا کی مدد تمھارے ساتھ ہے، وہ تمھارے عمل کو کبھی ضائع نہ کرے گا۔ (نہج البلاغۃ صفحہ ۵۷)

وعظ گوئی اور عہد اسلام

خطابت کی ایک قسم وعظ گوئی بھی ہے اس کا رواج عہد اسلامی سے زیادہ ہوا، ملک و قوم میں جب کوئی نئی مذہبی یا سیاسی تحریک پیدا ہوتی ہے تو اس کی اشاعت و مقبولیت کے لئے تقریروں ہی سے کام لیا جاتا ہے، تحریک جسقدر اہم ہوتی ہے اسی قدر تقریریں بھی پرجوش اور زوردار ہوتی ہیں

اسوقت جب عرب کی شاعری اور خطابت بلاغت کی معراج پر پہونچ چکی تھی اور اہل عرب اس ذوق سے مخمور اور اس نشہ میں سرشار نظر آرہے تھے حجاز کی مقدس سرزمین مکہ سے ایک نئی آواز سنائی دی جس کو سب سے

حیرت و استعجاب کے کانوں سے سُنا، یہ داعی حق پیغمبر اسلام صلعم کی آواز تھی جو ایک ولولہ انگیز اور مغلوب نہ ہونے والی طاقت رکھتی تھی اور بلاغت کے اُس مرتبہ کی مدعی تھی جو بشری طاقت سے بالاتر ہے، سارا عرب مقابلہ کے لئے طیار ہوا لیکن اُس عظیم الشان جبروت اور جلال نے مخالفانہ ہمتوں کو پست اور ارادوں کو پست کر دیا

وہ یعنی اسلام ایک اہم ترین دینی اور سیاسی تحریک تھی اُس کے بانی مقدس یعنی آنحضرت صلعم کے خطبات و مواعظ بھی نہایت اہم تھے، جو فصاحت و بلاغت، حقانیت مضامین اور اسلوب بیان کے اعتبار سے اپنی آپ ہی نظیر تھے، آپ جمعہ، عیدین، موسم حج اور مواقع جنگ وغیرہ پر دینی اور سیاسی اجتماع پر وعظ فرمایا کرتے تھے، جس میں خدا کی حمد و ثنا، نصائح و مواعظ، اوامر و نواہی اور حکمت و عبرت کی باتیں ہوا کرتی تھیں، آنحضرت صلعم کے بعد خلفاء راشدین کے زمانہ میں بھی یہی دستور رہا

وعظ گوئی کو مذہبی حیثیت سے ایک خاص اہمیت حاصل ہے اس لئے کہ واعظ درحقیقت خلیفۃ اللہ اور نائب رسول کی حیثیت رکھتا ہے، اُس کے خطبات کا تعلق روحانیات اور نجات ابدی سے ہوتا ہے، وہ سامعین کے ایمانی جذبات کو برانگیختہ کرکے اُن تمام حقوق کو واضح کرتا ہے جو خدا کے اُس پر اور اُس کے خدا پر ہیں۔ وہ جو کچھ کہتا ہے خدا اور رسول کی طرف سے کہتا ہے، اس لئے وہ دماغ میں جلاء، جسم میں حرارت اور دلوں میں عمل کا جوش پیدا کر دیتا ہے

وعظ گوئی پر مذہبیات کا اثر

دنیا میں ابتک جتنے بڑے بڑے انقلابات رونما ہوئے ہیں اُن پر اگر نظر غائر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ اُن خیالات کے دوران میں "انسان" ہمیشہ خیالات کا ایک مخصوص جامہ پہن لیتا ہے اور اُسی کے اثرات طرح طرح کے انقلابات کے محرک ہوتے ہیں۔ اُن "مجموعۂ خیالات" کی اگر تعبیر ہو سکتی ہے تو لفظ "مذہب" یا "دین" سے

یہ ایک حقیقت ہے کہ انسان کو ہمیشہ ایک دین و مذہب کی ضرورت رہی ہے جب تک کوئی مذہبی عقیدہ اُس کے دل و دماغ پر غلبہ حاصل نہیں کر لیتا، اُسوقت تک اُس کے قوائے عمل شل اور اُس کے اعضاء بے حس و حرکت رہتے ہیں، مذہب کے لوگوں کے مشاعر و احساسات، افعال و اعمال پر جو تسلط اور غلبہ حاصل ہے اُس کی بنا پر اُس کی اہمیت سے کسی ذی فہم شخص کو انکار نہیں ہو سکتا

دنیا پر جب سے آفتاب تمدن نور افگن ہوا ہے اُسوقت سے ابتک انسان ہمیشہ مذاہب ہی کے آگے سرنگوں رہا ہے اور بانیان مذاہب ہی کے لئے اُس نے مختلف زمانوں میں طرح طرح کے بُت، ہیاکل اور معابد تعمیر کئے ہیں، دنیا کا ہر وہ تمدن جو کبھی روئے زمین پر آب و تاب سے جلوہ گر ہوا اُس کے آگے آگے ہمیشہ مذاہب ہی کی مشعلیں رہنمائی کرتی رہی ہیں

ہر قوم کے لئے اُس کے عقاید اساسی نعمت ہوتے ہیں، اُن کی قدر کرنا اور شورشوں سے اُن کو محفوظ رکھنا اُس قوم کا اولین فرض ہوتا ہے، اُنھیں معلوم ہے کہ اُن کے زوال کا دن دراصل وہی ہے جس روز اُن کے عقاید کی بنیادیں کھوکھلی ہو جائیں اور معتقدات نشانۂ ہدف بن جائیں

لوگ چونکہ ہمیشہ اپنے معتقدات کے پیچھے سرگرداں رہتے ہیں اس لئے واعظوں کا اُن پر بہت آسانی سے منتر چل جاتا ہے، وہ بڑی شان سے اُن کے افعال و اعمال کی نگرانی کرتے ہیں اور اُن سے حسب موقع جو چاہتے ہیں اپنی مرضی کے مطابق کام لیتے ہیں اور ایک آلۂ بے جان کی طرح اُنھیں جدھر چاہتے ہیں گھماتے رہتے ہیں

اتقاؤ پرہیزگاری وعظ گوئی کے لئے حقایق دینیہ اور احکام شرعیہ سے واقف ہونے کے علاوہ دینداری اور پرہیزگاری ایک لازمی شرط ہے، دنیا میں کامیابی جس چیز کا نام ہے وہ دراصل تمام تر نتیجہ ہے اُس کے عمل و پرہیزگاری کا، تاریخ میں صدہا ایسی ہستیاں گزری ہیں جو علم و فضل، عقل و دانائی کے اعتبار سے یگانۂ روزگار تھیں لیکن اپنی بداعمالیوں کی وجہ سے آج مرقع عبرت بنی ہوئی ہیں

یونان میں "ڈیماستھینز" ایک مشہور جادو بیان خطیب گزرا ہے جو فن خطابت کے اسرار و دقایق کا ماہر تھا، ایک مرتبہ لوگوں نے اُس سے دریافت کیا کہ "خطابت میں کامیابی کا اصلی راز کیا ہے" اُس نے جواب دیا "عمل" لوگوں نے پوچھا "اُس کے علاوہ" اُس نے کہا "عمل" انھوں نے پھر یہی سوال دہرایا، اُس نے اس مرتبہ بھی یہی جواب دیا کہ "عمل"

دنیا میں گو صدہا واعظ پیدا ہوتے رہتے ہیں مگر غور سے دیکھا جائے تو ایسے بہت کم نکلیں گے جو وعظ گوئی کی درحقیقت اہلیت بھی رکھتے ہوں، ایسے واعظ اور مقرر جو بظاہر اپنے تقدس اور زباں آوری سے لوگوں کو مرعوب کرکے اُنھیں اپنے ذاتی اغراض کا شکار بناتے ہیں زیادہ عرصہ تک اپنی دسیسہ کاریوں سے اصل حقیقت کو چھپا نہیں سکتے آخرکار اُنھیں ناکامی کا منھ دیکھنا ہی پڑتا ہے

تاریخ میں اس کی بکثرت مثالیں ملتی ہیں کہ بڑے بڑے پارسا جن کے علم و فضل اور تقدس کی دور دور تک شہرت تھی جب اُن کا جامۂ پارسائی چاک ہوا تو کیا کچھ داغ سیہ کاری دیکھنے میں نہیں آئے۔

دور اکبری کا مشہور امام اور خطیب "قاضی مخدوم الملک" جو ایک عرصہ تک ہندوستان کی مسند "شیخ الاسلامی" پر بھی متمکن رہ چکا تھا اور جس کی پابندی شریعت کی ایک دنیا مداح تھی جب اُس کی قلعی کھلی تو دیکھنے والوں نے دیکھا اور سننے والوں نے حیرت و استعجاب کے کانوں سے سنا کہ غصب کا سارا مال اُس کے یہاں سے برآمد ہوا پھر آخر جو کچھ اُس کا حشر ہوا دنیا سے پوشیدہ نہیں

فرانس کا "روبس پیر" ایک زباں آور خطیب تھا جسے انقلاب فرانس کے دور اولین میں ایک خاص زعیمانہ

اقتدار حاصل ہوگیا تھا، مگر اُس کی بداعمالیوں نے اُس کی قسمت کا پانسہ پلٹ دیا، انقلاب کا دوسرا دور اُس کے زوال کا پیش خیمہ ثابت ہوا، مدت کی دبی ہوئی مخالفتیں اُبھریں جو بالآخر اُس کے نام و نمود، عزت و اقتدار کو خاک میں ملا کر رہیں

بہرحال جو بات واعظ کے لئے سب سے زیادہ ضروری ہے وہ یہ ہے کہ قبل اس کے کہ وہ مسند وعظ پر اپنے لئے کوئی جگہ حاصل کرے اُس کو چاہئے کہ وہ اپنے عمل اور کردار کی اصلاح کرے، اپنے ظاہر و باطن کو درست کرے، اپنے عزم و ارادے، عقاید و خیالات میں پختگی پیدا کرے، دعوت الی الحق اور اشاعت دین میں دنیا کا خوف، حکومت کا ڈر، جان و مال کی محبت۔ اعزاؤ اقربا کی ملامت کسی چیز کی پروا نہ کرے، اپنے اندر قوت ایمانی پیدا کرے، اور اپنی شخصیت اور مرضی کو خدا کی ذات اور مشیت پر نثار کردے یہ وہ طاقت ہے جو وعظ و تقریر کی اثر اندازی میں دس گنا اضافہ کر دیتی ہے، غور سے دیکھا جائے تو دنیا میں جو لوگ تاریخی انقلابات کے باعث ہوئے ہیں وہ صرف چند مسکین ہی ہستیاں تھیں جن کی قوت ایمانی مضبوط اور مستحکم تھی

عموماً ہر شخص کی زبان اُس کے خیالات و جذبات کی صحیح ترجمان ہوتی ہے ایک متقی اور خدا پرست شخص کی زبان پر وہی الفاظ آتے ہیں جو دنیا کی بے ثباتی، کائنات کی بے چارگی حمایت دینی اور طاعت خداوندی کے مترادف ہوتے ہیں، مگر اس کے برعکس ایک دنیادار اپنی بات چیت اور گفتگو میں اُنھیں الفاظ کا خوگر ہوتا ہے جن سے دنیا پرستی، غفلت شعاری، عیش پسندی اور بدکرداری ظاہر ہوتی ہے

حضرت علی کے وہ صدہا خطبات جو نہ صرف خطابت و بلاغت کی جان سمجھے جاتے ہیں بلکہ حمیت دینی، غیرت مذہبی خدا پرستی اور اُس کی رضاجوئی کی جیتی جاگتی تصویریں ہیں۔ اُٹھا کر دیکھئے آپ کو صاف معلوم ہوجائے گا کہ کن وجوہ کی بنا پر انھوں نے مذہب و دین کے مقدس صفحات پر عزت دوام پایا ہے۔ بطور نمونہ کے ایک خطبہ درج ذیل ہے:۔

اتقوا اللہ عباد اللہ! بادروا آجالکم باعمالکم وابتاعوا مایبقی لکم بما یزول عنکم، وترحلوا واستعدوا للموت، فقد اظلکم۔ وکونوا قوما صیح بہم، فانتبہوا واعلموا، ان الدنیا لیست لکم بدار، فاستبدلوا، فان اللہ سبحانہ لم یخلقکم عبثاً ولم یترککم سدیً۔ وما بین احدکم وبین الجنۃ او النار الا الموت ان ینزل بہ وان

بندگان خدا! خدا سے ڈرو، عمل خیر کے ساتھ اپنی موت کی طرف بڑھو، وہ چیز خریدو جو تمھارے پاس باقی رہنے والی ہے اُس چیز کے عوض میں جو تمھارے پاس سے زائل ہونے والی ہے تم کوچ کرو اور موت کے لئے تیار ہوجاؤ جس کا سایہ تم پر چھایا ہوا ہے۔ تم وہ قوم بن جاؤ جو آواز دینے پر بہت جلد بیدار ہوجاتی ہے، یہ اچھی طرح سمجھ لو کہ تمھارا اصلی گھر دنیا نہیں ہے۔ تم اُس کو تبدیل کر ڈالو، خدا نے تمھیں بیکار نہیں پیدا کیا ہے اور تم کو مہمل نہیں بنایا ہے۔ تمھارے اور جنت یا دوزخ کے درمیان موت کے سوا کوئی حد فاصل نہیں ہے

غایۃ تنقصہا اللحظۃ وتہدمہا الساعۃ الجدیرۃ بقصر المدۃ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فیا لہا حسرۃ علی کل ذی غفلۃ ان یکون عمرہ علیہ حجۃ وان تؤدیہ ایامہ، الی شقوۃ۔

نسئل اللہ سبحانہ ان یجعلنا وایاکم ممن لا تبطرہ نعمۃ ولا تقصر بہ عن طاعۃ ربہ غایۃ، ولا تحل بہ الموت ندامۃ ولا کآبۃ

تمہاری عمر اور بقا کی مسافت جس کو ایک ایک لمحہ فنا کے ڈالتا ہے تقلیل مدت کے لایق ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کس قدر افسوس ہے اُس غافل شخص پر جس کے لئے اُسکی زندگی ایک حجت دبرہان ہو لیکن وہ اپنا زمانہ عقادت میں گزار رہا ہے۔

ہم خدا سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہم کو اور تمکو اُن لوگوں میں سے بنا دے جنکی نعمتیں اُنھیں تکبر اور سرکشی میں مبتلا نہیں کرتیں۔ نہ کوئی دنیاوی فایدہ اُنھیں عبادت پروردگار سے باز رکھتا ہو اور نہ انکو موت کے بعد کسی قسم کی ندامت اور پشیمانی اُٹھانی پڑتی ہو۔ (نہج البلاغۃ صفحہ ۵۶)

خطباء اسلام اور واعظین اپنی تقریروں کو ہمیشہ حمد وثنا سے شروع کرتے تھے، اور زیادہ سے زیادہ موثر بنانے کے لئے دوران تقریر میں اکثر احادیث اور آیات قرآنی سے استدلال بھی کرتے تھے، بلکہ بسا اوقات آیات کے مجموعہ سے پورا پورا خطبہ تیار کر لیتے تھے۔ ذیل میں "مصعب بن زبیر" کا وہ خطبہ درج کیا جاتا ہے جو انھوں نے اہل عراق سے اپنے بھائی "عبداللہ بن زبیر" کی بیعت لیتے وقت دیا تھا، اُس میں سورۂ قصص کی ابتدائی آیتیں ہیں، جن میں اپنا پورا مطلب واضح کر دیا گیا تھا، وہو ہذا

طسم ۵ تلک آیات الکتاب المبین ۵ نتلو علیک من نبأ موسیٰ وفرعون بالحق لقوم یومنون، ان فرعون علا فی الارض وجعل اہلہا شیعا، یستضعف طائفۃ منہم یذبح ابناءہم ویستحی نساءہم انہ کان من المفسدین (واشار بیدہ نحو الشام) ونرید ان نمن علی الذین استضعفوا فی الارض ونجعلہم ائمۃ ونجعلہم الوارثین (واشار بیدہ نحو الحجاز) ونمکن لہم فی الارض ونری فرعون وہامان وجنودہما منہم ما کانوا یحذرون (واشار بیدہ نحو العراق)

طسم ۵ یہ کتاب مبین کی آیتیں ہیں ہم تم کو موسیٰ اور فرعون کا سچا قصہ سناتے ہیں، اُن لوگوں کے لئے جو ایمان لانا چاہیں۔ بیشک فرعون نے دنیا میں سرکشی کی اُس نے زمین کے بسنے والوں کے بہت سے گروہ کر دئے، بعض اُن میں سے کمزور رہتے جنکے بچوں کو وہ ذبح کرتا تھا اور عورتوں کو شرماتا تھا بیشک وہ فساد کرنے والوں میں سے تھا، (اور اپنے ہاتھ سے شام کی طرف اشارہ کیا) ہم چاہتے ہیں کہ اُن لوگوں پر احسان کریں جو ملک میں کمزور ہیں اُن کو امام بنا دیں اور اُنھیں ملک کے وارثین میں سے کر دیں (اور ہاتھ سے حجاز کی طرف اشارہ کیا) ہم چاہتے ہیں کہ ملک میں اُنھیں طاقتور بنا دیں اور فرعون اور ہامان اور اُنکے لشکریوں میں سے اُن لوگوں کو دکھا دیں جو خدا سے نہیں ڈرتے۔ (اور ہاتھ سے عراق کی طرف اشارہ کیا)۔ (آداب اللغۃ العربیہ صفحہ ۱۹۲۔ جزو اول)

جلیل الرحمان اعظمی

مکتوبات نیاز

قبلۂ روحانیاں ، سجدۂ نیاز قبول ہو، دلپرسی کا شکریہ، میں اس دوران میں بہت فکرمند رہا، اپنے لئے نہیں، بلکہ آپ کے لئے " ساری دنیا کے ہیں جو میرے سوا "

خیر یہ تو نہیں کہتا کہ میں نے ان کے لئے دنیا چھوڑ دی ہے اور دنیا چھوڑنا چاہوں بھی تو کہاں جاؤں لیکن یہ تو آپ کو بھی معلوم ہے کہ میں اُن سے ہٹ کر اپنی کوئی دنیا علٰحدہ قایم نہیں کرسکا اور اس سے زیادہ عذاب ایک انسان کے لئے اور کیا ہوسکتا ہے کہ وہ جینا تو جانتا ہو لیکن اپنے لئے نہیں۔ آپ کہیں گے یہ تو انسانیت کا نہایت بلند معیار ہے۔ ہوسکتا ہے۔ مگر مجھے اس سے معاف ہی رکھا جاتا تو بہتر تھا

آپ کو معلوم ہے کہ میں دشمن سے اسقدر نہیں گھبراتا، جتنا دوست سے۔ کیونکہ وہ دوست ہونے کے بعد بھی میرا اعتبار حاصل نہیں کرسکتا اور یہ دشمن ہوکر بھی میرا اعتماد نہیں کھوتا۔ پھر چونکہ میں اپنی اس کمزوری سے اچھی طرح واقف ہوں اسلئے جہاں تک ممکن ہوتا ہے اُسے چھپاتا ہوں، لیکن کب تک ؟ آخر کار یہ راز کھُل جاتا ہے اور میں تباہ ہوجاتا ہوں

بالکل یہی صورت اسوقت بھی پیش آئی۔ آپ اگر نہ پوچھتے تو شاید میں کہتا بھی نہیں، لیکن چونکہ آپ کو اپنا ہمدرد سمجھتا ہوں اس لئے یہ سب کچھ لکھنا پڑا، سو وہ بھی بطریق شکایت نہیں، بلکہ بہ اندازِ عرضِ حال ــ جانتا ہوں کہ باینہمہ غفلت و بیوفائی جس وقت وہ سامنے آجائیں گے، مجھے سر جھکا دینا ہی پڑے گا۔ "شیوۂ تسلیم" لاکھ مشکل سہی، لیکن اس سے جی چرانا اور زیادہ مشکل ہے۔ بہرحال میں اسوقت جس منزل سے گزر رہا ہوں وہ صبر آزما ضرور ہے، لیکن ہمت شکن نہیں۔ اور اب کہ آپ کی تحریر نے اور زیادہ ڈھارس بندھادی ہے، مایوس ہونا کفرانِ نعمت ہے۔ جیوں گا اور آپ کی محبتوں کا دم بھروں گا۔

اس میں شک نہیں کہ ہو بڑے ظالم یعنی ظلم کرتے ہو یہ جانکر کہ ظلم ہے اور اسے کہتے بھی ہو یہ سمجھ کر کہ یہ دوسرا ظلم ہوگا۔

میں پوچھتا ہوں کہ تم نے مجھ سے اس کا ذکر ہی کیوں کیا اور پھر اس مبالغہ کے ساتھ گویا قیامت اب پھر کبھی نہ آئے گی۔ ہوش کی باتیں کرو، یہ تم نے کیا خیال کیا ہے میں اور تمھارے کہے کا یقین کرکے اپنی زندگی تلخ کرلوں، اتنا بیوقوف تو نہیں ہوں! مجھے دوسرے ذرایع سے حقیقت کا علم ہوچکا ہے اور خوب جانتا ہوں کہ اس کو تمھارا " بہارِ زندگی " کہنا صرف اسلئے ہے کہ تمھیں خود اپنے " خزاں رسیدہ " ہونے کا یقین ہوگیا ہے۔

میں اس ــ " گوشۂ ابرو جوابِ گوشۂ ابرو دہد " ــ کے نشتروں سے اچھی طرح واقف ہوں۔ تم جس دنیا کا ذکر

کر رہے ہو وہ تمثیل و نقل کی دنیا ہے، میں نے تو یہ تماشے روزِ الست میں دیکھے اور جان سلامت لے آیا
کل ہی شام کو تمہارے رفیق کار تشریف لائے تھے۔ ماشاء اللہ کیا صورت و سیرت پائی ہے۔ میں نے کم آدمی ایسے دیکھے ہیں جن کا چہرہ انکے دل کی ایسی کھلی ہوئی تفسیر ہو۔ تمہارا ذکر بھی خاص مربیانہ لب و لہجہ میں فرمایا، اور میں خوش ہوا کہ تمہیں خیر ایک بزرگ تو ہم سفر ملگئے۔ اب یہ کون دیکھتا ہے کہ منھ کدھر ہے اور پٹھا کدھر!

مکرمی۔ آپ نے نہایت ضروری بحث کی طرف توجہ دلائی لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ایسی صورتوں میں کہنے سننے کا حق سب سے پہلے محرک کو حاصل ہونا چاہئے۔ میں نہایت شوق سے آپ کے خیالات نگار میں شایع کروں گا اور اگر آپ سے کہیں اختلاف ہوا تو اسے بھی ظاہر کردوں گا۔ میرے پاس فی الحال اتنا وقت نہیں کہ میں اس دلچسپ تفریح میں حصہ لے سکوں۔ جہاں تک سننے کا تعلق ہے میں حاضر ہوں، لیکن کہتے پر مجبور نہ کیجئے، ایسی باتیں میں سننا اچھا ہوں، آپ کو معلوم ہی ہے

ہاں، لکھنؤ میں ریڈیو اسٹیشن جاری ہوگیا ہے اور وہ کلیاں جو عبارت ہیں شام اودھ سے وہاں پھر کچھ آثارِ حیات نظر آنے لگے ہیں۔ آپ تو جانتے ہی ہیں کہ لکھنؤ ایک لٹا ہوا شہر ہے، لیکن چونکہ غارتگری کو زیادہ زمانہ نہیں گزرا اس لئے اس دورِ خزاں میں بھی کہیں کہیں دو چار خشک پنکھڑیاں عہدِ بہار کی نگاہوں سے گزر جاتی ہیں۔ اب اس کو ادبار کہئے یا مشرقیت، بہرحال ایک چیز یہاں ایسی ضرور ہے جو ہندوستان کے دوسرے متمدن شہروں میں نہیں پائی جاتی۔ اگر ریڈیو اسٹیشن نے "حسنِ مراعات" سے کام لیکر اس کو باقی رکھنا چاہا تو وہ بہت کچھ کر سکتا ہے

فی الحال میرا ارادہ کہیں باہر جانے کا نہیں ہے۔ لیکن افتادِ وسائنہ کی کسے خبر ہے

صدیقِ محترم۔ اُردو لٹریچر میں ہیومر (Humour) کہاں؟ اور ہو بھی کیسے سکتا ہے جس دور سے ہندوستان اور خصوصیت کے ساتھ مسلمان گزر رہا ہے، وہ مرثیہ کا طلبگار ہے نہ کہ ہوجق کا ـــ اسوقت اُردو کے جتنے مزاحیہ نگار ہیں ان سب میں اس چیز کا فقدان ہے جسے فطری آمد کہتے ہیں۔ جو مضمون اُٹھا کر دیکھئے معلوم ہوتا ہے کہ ہنسنے ہنسانے کے لئے خاص اہتمام کیا جارہا ہے اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بسا اوقات غصہ آجاتا ہے ـــ لٹریچر میں مزاح اسوقت پیدا ہوتا ہے جب انتقادی دور انتہائی عروج پر پہونچ جائے اور یہ سب عروجِ تمدن کی باتیں ہیں، آزادی کی برکتیں ہیں، اقتصادی بے فکری کے کھیل ہیں۔ سو بتائیے ان میں کونسی چیز ہمیں حاصل ہے ـــ خالی پیٹ ہنسنا، کھسیانا پن کہلاتا ہے اس لئے اگر بجائے مزاح کے "زہرخند" کے قسم کے لٹریچر کی طرف توجہ کی جائے تو زیادہ موزوں ہے، لیکن اس "طعنۂ نایافت" کا نباہنا اور زیادہ مشکل ہے

سوائے ایک دو کے، ہمارے یہاں جتنے مزاحیہ نگار ہیں ان سب کی حیثیت اُن نقالوں کی سی ہے کہ اگر کسی محفل میں انکی شکم پری ہوئی تو اہلِ محفل ہی کو گالیاں سنانا شروع کردیتے ہیں۔ بھرانکو سمجھانا آسان نہیں کہ دریدہ دہنی اور مزاح میں زمین و آسمان کا فرق ہے

علاوہ اسکے یہ رنگ وہی شخص کامیابی کے ساتھ نباہ سکتا ہے جسکا مطالعہ بہت وسیع اور ذوق ہمہ گیر ہو۔ پھر غور کیجئے کہ اس سلسلہ میں آپ کس کس کا نام لے سکتے ہیں۔ ایک سدا صاحب جن کے آپ بھی معترف ہیں اور میں بھی محض اسوجہ سے کوئی ترقی نہ کر سکے کہ انھیں مطالعہ سے نفرت ہے عنفوان شباب میں اکثر حصہ وقت کا "طرحداریوں" کی رعایت میں صرف ہوا اور اب اسکی سوگواری سے فرصت نہیں فطرت نے تو ضرور فیاضی سے کام لیا تھا، لیکن خود انھوں نے اسکی کوئی قدر نہ کی۔ اور قدر کیا نہیں کی میں تو یہی سمجھتا ہوں کہ زمانہ ہی نے اسکا موقع نہیں دیا بہرحال آپ اس موضوع پر کچھ لکھنا چاہتے ہیں تو لکھئے لیکن زمین بنجر ہے، کاوش سے کوئی نتیجہ نکلتا نظر آتا نہیں۔

میں بعض مضامین کے سلسلہ میں نام بنام اپنی رائے ظاہر کر چکا ہوں، نگاہ سے گزری ہوگی، میں اب بھی اسی پر قائم ہوں اور اس میں کسی تغیر و تبدل کی گنجایش نہیں پاتا۔ اگر آپ واقعی سنجیدگی سے اس طرف متوجہ ہونا چاہتے ہیں تو میری رائے میں سب سے پہلے لکھنؤ کے اس دور کو لیجئے جسنے سرشار اور سجاد حسین پیدا کئے، کافی مسالا ہاتھ آجائیگا اور پھر اسکی ارتقائی یا انحطاطی منزل پر بحث کیجئے

اس دور میں پنجاب میں ایک شخص پطرس پیدا ہوا تھا جس میں بڑی صلاحیت پائی جاتی تھی، لیکن افسوس کہ اب وہ پطرس نہیں رہا، بخاری ہو گیا ہے۔ عبدالعزیز فلک پیما اب بھی زندہ ہے اور میرے نزدیک وہ ہندوستان کا بہترین مزاحیہ نگار ہے

یو۔ پی نے صرف ایک شخص محفوظ علی پیدا کیا لیکن وہ بھی دولت مستعجل ثابت ہوا، رشید احمد البتہ گھسٹتے چلے جا رہے ہیں۔ انکے علاوہ یہاں اور کوئی قابل ذکر نہیں۔ سب تیسرے اور چوتھے درجہ کے لکھنے والے ہیں۔ کوئی دوسرے درجہ کا بھی نہیں

اسوقت طبیعت حاضر نہیں، ورنہ شاید کچھ اور کہہ سکتا

حضرت اسلامت — آپ نے بھی کس طبقہ کا ذکر کیا۔ آپ اتنا وقت کسی اور گناہ میں صرف کرتے تو بہتر تھا۔ یہ "خراب دعائے صلوٰۃ دوام" طیار کرنے والے، یہ باوجود "آستینی" کے انتہائی "دراز دستی" سے بھی نہ چوکنے والے اور یہ وہ سب کچھ کر گزرنے والے جو دوسروں کیلئے ممنوع ہے، ہماری قوم کے وہ افراد ہیں جنھیں پاؤں کا چھالا کہنا چاہئے کہ جب تک آپ انھیں پھوڑ نہ ڈالیں، راستہ چلنا ممکن نہیں۔ انھوں نے سلطنتوں کو کھا لیا، قوموں کو ہضم کر لیا، مذہب کیا چیز ہے — یہ ملک و ملت کے لئے بیماری ہے اور بیماری بھی دق کی، استسقا کی جس سے چھٹکارا ممکن نہیں اسلئے اگر اتنے طویل و تلخ تجربہ کے بعد اس سے کوئی توقع فلاح کی رکھے، تو اسکے "اہل جنت" ہونے میں کوئی شک نہیں — قدرت نے اول اول جب تخلیق کائنات کا ارادہ کیا تو سوائے "حسن محض" یا "خیر محض" کی آفرینش کے اور کوئی خیال سامنے نہ تھا چنانچہ ایک زمانہ تک سے اپنا سارا وقت "تخلیق جمال" میں صرف کیا۔ سو اتفاق سے دفعتاً یہ فلسفیانہ بات ذہن میں آئی کہ "حسن" تو بالکل امتیازی چیز ہے اور اسکا کوئی مفہوم اسوقت تک متعین ہو ہی نہیں سکتا جب تک اسکی ضد موجود نہ ہو۔ یہ خیال آتے ہی دفعتاً ردعمل ہوا اور اتنا شدید کہ بیک وقت ایک ہی چیز سے تمام "مناظر جمال" کے ابھارنے کا کام لے لیا گیا۔ آپ کو معلوم ہے کہ یہ "کیا تھی وہی" — پھر اس لحاظ سے تو اس کا وجود ضروری ہے کہ نہ ہو تو "تعینات جمال" کا کوئی مفہوم باقی نہیں رہتا۔ مشکل یہی ہے کہ دنیا اس حقیقت سے آگاہ نہیں اور وہ کانٹوں ہی کو حاصل چمن سمجھنے لگی ہے پھر اگر اس خارزار کے دفع کرنے کے لئے ایکبار باغ اجاڑ دینا ہی ضروری قرار پائے تو ہمیں اس میں بھی تکلف نہ کرنا چاہئے — جب عضو ماؤف کاٹا جاتا ہے تو اسی کے ساتھ جسم صحیح کا بھی ایک حصہ شامل کر لیا جاتا ہے اور اسے سب خوشی سے برداشت کرتے ہیں۔ کیا آپ کو اس سے انکار ہے؟ — آپ خدا کے لئے سب کچھ کیجئے لیکن اس گروہ کی باتیں مجھ سے کبھی نہ کیجئے۔ اگر آپ یہ کہیں کہ آفتاب مغرب سے نکل سکتا ہے تو مان لونگا، لیکن یہ کبھی نہیں مان سکتا کہ اس طبقہ میں کوئی فرد صالح کبھی پیدا ہو سکتا ہے۔

باب الاستفسار

عبادت۔ مذہب۔ ضمیر۔ تصوف

(جناب محمد سلیمان صاحب اخگر۔ تخت پڑی)

محترم مدیر "نگار" ازراہ کرم اولین فرصت میں ذیل کے استفسارات کا جواب دے کر ممنون فرمایا جائے:۔

میری نشوونما مذہبی احول میں ہوئی ہے اور ایک ایسے خاندان کے ساتھ تعلق رکھتا ہوں جس کے جملہ افراد صبغۃ من اللہ کے لباس میں ملبوس ہیں

میری یہ حالت ہے کہ اپنے بزرگوں کے اصرار سے بجبر و اکراہ نماز پڑھتا ہوں، روزہ رکھتا ہوں، لیکن مجھے اطمینان قلب اور حقیقی سرور حاصل نہیں ہے، دل میں مختلف قسم کے اوہام و شکوک پیدا ہوتے ہیں، اعمال کا دارومدار اخلاص باطن تزکیہ و تصفیہ قلب پر ہے، ظاہری زہد و تقویٰ محض نمود و نمایش کا باعث ہیں، حقیقت کی کسوٹی پر ان اعمال کی چنداں وقعت نہیں ہے، میں دیکھتا ہوں کہ بعض لوگ باوصف آثار و تدین کے افعال مذمومہ اور اعمال شنیعہ کے مرتکب ہیں، یہ امر میرے لئے بدرجۂ غایت حیرت انگیز ہے، میں دریافت کیا چاہتا ہوں کہ مذہب کا اصلی مفہوم کیا ہے، اس شاہراہ ترقی پر گامزن ہونے کے لئے کون سے اخلاقی روحانی مدارج کو عبور کرنا پڑتا ہے۔

(۲) نیز فلسفہ ضمیر پر وضاحت سے روشنی ڈالی جائے، بعض اشخاص کا خیال ہے کہ ضمیر دراصل مذہبی عقل یا حس کا نام ہے

(۳) تصوف کیا چیز ہے؟ اگر واقعی کوئی سودمند چیز ہو تو تصوف کی مشہور کتب کی فہرست بھی دیدی جائے، ورنہ خیر،

(نگار) آپ نے اپنے شکوک و اوہام کی وضاحت نہیں کی، یعنی اگر آپ کو عبادت سے حقیقی سرور حاصل نہیں ہوتا تو کیوں؟ یہ بالکل صحیح ہے کہ اعمال کا مدار خلوص و صداقت ہے، لیکن عبادت کا مدعا بھی تو اس کے سوا کچھ نہیں۔ اگر کچھ لوگ ایسے ہیں جو باوصف نماز و روزہ کی پابندی کے افعال قبیحہ کے مرتکب ہوتے ہیں تو یہ قصور عبادت کا نہیں بلکہ خود اُن کا ہے، عبادت کا لازمی نتیجہ تصفیۂ قلب نہیں ہے، لیکن جس ذریعہ سے تزکیۂ اخلاق ہو سکتا ہے وہ یقیناً عبادت ہے

فرض کیجئے کسی منزل تک پہونچنے کے لئے ایک شخص کے سامنے کئی راستے ہیں اور وہ ایک راستہ پر چل کھڑا ہوتا ہے، لیکن اگر کچھ دور چل کر اس کو شک پیدا ہو جائے کہ یہ راستہ غلط ہے اور اُسے پھر لوٹ کر وہ دوسرا غلط راستہ اختیار کرلے اور منزل تک پہونچ سکے تو یہ تصور راستہ کا نہ ہوگا بلکہ خود راستہ چلنے والے کا ہوگا

عبادت کا صحیح مفہوم اپنے اندر وہ کیفیت پیدا کرتا ہے جو خلاق عالم و عالمیان کے تصورِ صحیح سے اُسے قریب تر کردے اور خدا کا صحیح تصور صرف یہ معنی رکھتا ہے کہ انسان اپنے مفہوم کلی کو سمجھنے لگے مفہوم کلی سے میری مراد یہ ہے کہ وہ انفرادی طور پر صرف اپنی ذات کو سامنے رکھکر "انسان" کا مفہوم سمجھنے کی کوشش نہ کرے بلکہ تمام نوع انسانی کو "وجودِ واحد" قرار دیکر اپنے آپ کو اسکا جزو قرار دے ۔۔۔ اس صورت میں اُسے تمام افرادِ نوع انسانی سے وہی لگاؤ ہو جائے گا جو خود اپنی ذات سے ہے اور ایک جذبۂ لاذاتیت ( ) پیدا ہو کر وہ سراپا ایثار و لطف بن جائے گا ۔ یہی وہ چیز تھی جس نے محدود صورت میں دنیا کی قوموں کو اُبھارا اور جس کے فقدان نے انھیں دنیا سے محو کر دیا ۔ لیکن اب کہ علوم و فنون کی ترقی نے تمام کرۂ ارض کے باشندوں کو ایک دوسرے سے وابستہ کر دیا ہے، اس جذبہ کو ملک و قوم کے تعینات سے گزر کر عام "انسانیت" کے حدود میں آجانا چاہئے اور انسانوں کا رشتہ بجائے رنگ و نسل کے صرف اس اُصول پر قایم ہونا چاہئے کہ وہ سب ایک ہی کرہ کے رہنے والے ہیں

وہ زمانہ جب عرب کے لوگ سوائے اپنے سب کو عجمی کہتے تھے ختم ہو چکا ہے، وہ دور جب اہل عجم اپنی شان و شوکت کے سامنے ساری دنیا کو حقیر و ذلیل سمجھتے تھے باقی نہیں رہا ۔ وہ عہد جب خدا کی پوجا، اذان و ناقوس میں سے صرف ایک ہی ذریعہ سے ضروری قرار دیجاتی تھی گزر گیا ۔ کیونکہ وہ زمانہ ان متفرق تعینات کا تھا جب ایشیا کا انسان یوروپ کے انسان سے اور امریکہ کا باشندہ انکا کے باشندہ سے ناواقف تھا ۔ اب زمین اتنی وسیع نہیں رہی جتنی ہمارے جہل و ناآگاہی کے زمانہ میں وسیع نظر آتی تھی وہ بہت تنگ ہو گئی ہے، اتنی تنگ کہ ہم یہاں سے بیٹھے بیٹھے کرۂ ارض کے ہر ہر فرد سے باتیں کر سکتے ہیں، اس لئے ان مختلف تعینات کو صرف ایک "تعین" میں تبدیل ہو جانا چاہئے اور وہ تعین صرف رشتۂ انسانیت کا ہے

دنیا میں مذاہب کا وجود اکثر و بیشتر اسی محدود نقطۂ نظر کے تحت عمل میں آیا جب "انسان کلی" کا مفہوم متعین نہ ہوا تھا اس لئے عیسائی مسلمان کا دشمن تھا اور مسلمان عیسائی کا، اب کہ گبر و ترسا، ہندو مسلمان بہ حیثیت انسان ہونے کے ایکدوسرے سے قریب تر ہو گئے ہیں، مذہب کا قدیم مفہوم بدل جانا چاہئے اور اسکی بنیاد اس حقیقت کو سامنے رکھ کر استوار کرنا چاہئے کہ سارا کرۂ ارض صرف ایک گھر ہے جس کے اندر تمام انسان ایک دوسرے کے ساتھ صلح و آشتی کے ساتھ زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں ۔

مذہب کا مدعا پہلے یہ ہوا کرتا تھا کہ وہ کسی ایک مخصوص عقیدہ کو پیش کر کے کسی قوم و ملک کو اُبھارے، اور اُسوقت کی تنگ علم کو دیکھتے ہوئے یہ خیال بُرا نہ تھا، لیکن تاریخ مذاہب کا مطالعہ بتاتا ہے کہ اس خیال نے رفتہ رفتہ ایک عسکری خود غرضی اختیار کر لی اور اس کا مقصود صرف ایک دوسرے کو بُرا کہنا اور ذبح کرنا رہ گیا ۔ خدا کا مفہوم ہر مذہب نے جداگانہ قرار دے لیا اور جنت و دوزخ عطا کرنے کی خدمت خدا سے چھین کر خود اپنے ہاتھ میں لیلی، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جو مذاہب محض امن و سکون کی تبلیغ کا دعوے

لیکر نمودار ہوئے تھے وہ بھی اپنا ہاتھ خون سے رنگین کئے بغیر نہ رہ سکے اور آخر کار عقلی و اخلاقی حیثیت سے ان کی اہمیت رفتہ رفتہ اسقدر کم ہوگئی کہ مذہب کا وجود ہی امن و سکون کا منافی قرار پاگیا

بہرحال مذہب کسی زمانہ میں مفید ہوا ہو یا مضر، بحالات موجودہ اس کے نقصانات کھلے ہوئے ہیں اور اس کو ذریعۂ نجات قرار دینا حماقت ہے۔ البتہ اگر ملتوں کا امتیاز مٹا دینے کے بعد کوئی ایسا دین رائج کیا جائے جو اپنا نصب العین ماوراء مسجد و مندر قرار دے تو بیشک چل سکتا ہے ورنہ مذاہب کی عمر اب ختم ہو چکی ہے اور تجربہ نے ان کو بہت ناکامیاب ثابت کیا ہے

اسلام مدعی ہے کہ وہ امن و سکون کا حامی ہے، اور اس میں کلام نہیں کہ اس کا اخلاقی معیار بھی بہت بلند ہے لیکن تلوار چلائے بغیر وہ بھی نہ رہ سکا اور عمل تکفیر کا سہارا اس نے بھی ڈھونڈھا۔ اس لئے مسلمان رہنے میں تو کوئی حرج نہیں، بشرطیکہ آپ غیر مسلم کو "غیر انسان" سمجھ کر اس سے نفرت نہ کریں اور اگر نماز و روزہ سے یہ کیفیت کسی کے دل میں پیدا نہیں ہوتی تو وہ بالکل بے معنی چیز ہے۔ جس چیز کا نام "صبغۃ اللہ" ہے وہ فی الحقیقت "انسان کامل" کے اسی مفہوم کو متعین کرتا ہے جس کا ذکر میں نے ابھی کیا کیونکہ "خدائی رنگ" کائنات کی ہر ہر چیز میں پایا جاتا ہے اور ہمیں اس لحاظ سے ہر ہر چیز محبوب ہونا چاہئے لیکن عام طور پر مولویوں اور قایدین قوم کے نزدیک صبغۃ اللہ (خدائی رنگ) سے مراد وہ خون ہے جو شہید گنج کی مسجد کے لئے بہایا جائے۔ گویا خدا کو بت سمجھ کر اس کا ایک استھان مقرر کر لیا گیا ہے کہ اس جگہ کے علاوہ وہ کہیں اور نہیں پایا جا سکتا۔ پھر آپ اسلام کا یہ مفہوم کیوں قرار دیں اور خود کو محراب و منبر کا پابند کیوں سمجھیں۔ ایک وقت مسلمان کی ہمتوں کا تقاضہ یہ تھا کہ جہاں وہ قدم رکھدیتے تھے سجدہ گاہ ہو جاتا تھا، ساری دنیا خدا کا معبد تھا اور جس طرف وہ منھ کر لیتے تھے خدا بھی اپنا منھ اسی طرف پھیر لیتا تھا، مگر اب ان کا خدا صرف اس مسجد میں مقید نظر آتا ہے جو سب سے زیادہ ویران ہے اور جہاں انھوں نے صدیوں سے کوئی سجدۂ عبودیت ادا نہیں کیا

دیکھئے اسلام کا مطالعہ آپ کبھی مولویوں اور پیروں کی وساطت سے نہ کیجئے، یعنی ان کی زندگی کو سامنے رکھکر اسلام کے سمجھنے کی کوشش نہ کیجئے بلکہ ان سب سے کٹ کر خود فیصلہ کیجئے کہ اگر اسلام کا یہ دعوے صحیح ہے کہ وہ دنیا میں امن و سکون کی اشاعت کے لئے آیا ہے تو اس کا مفہوم اور اس کی بتائی ہوئی طاعت و عبادت کا مدعا کیا ہونا چاہئے

نماز نام محض رکوع و سجود کا نہیں ہے، قعدہ و قیام کا نہیں ہے، مخصوص آیات کے پڑھ لینے کا نہیں ہے بلکہ اپنے اوپر اس کیفیت کے طاری کر لینے کا ہے جو عبد و معبود کے تعلق کو استوار کرتی ہے اور اس تعلق کا مفہوم صرف یہ ہے کہ ہم میں سے ہر ہر فرد کا خیال اپنے ابنائے جنس کے ساتھ الٰہانہ وسعت اختیار کرلے۔ پھر اگر نماز سے یہ کیفیت آپ میں پیدا نہیں ہوتی تو آپ کی نمازیں بالکل بیکار ہیں اور اگر علاوہ نماز کے کسی اور طریقہ سے آپ میں یہ ذہنیت پیدا ہو سکتی ہے تو آپ کے لئے وہی طریقہ صحیح عبادت ہے اور ممکن ہے کہ مولوی اس باب میں آپ سے برہم ہو لیکن خدا جو تمام تعینات سے بے نیاز ہے کبھی آپ سے مواخذہ نہ کرے گا

کوشش کیجئے کہ نماز آپ میں یہی وسعتِ خیال پیدا کرے، لیکن اگر آپ کا ذوق اس سے پورا نہیں ہوتا تو یقیناً نماز آپ پر فرض نہیں ہے، خدا کو کسی اور ایسے ذریعہ سے یاد کیجئے جو آپ کے قلب و روح کو مطمئن کر سکے

ضمیر کوئی الہامی چیز نہیں ہے بلکہ وہ پیداوار ہے ماحول کی، اسی لئے ایک فعل جو ایک قوم کے نزدیک بُرا سمجھا جاتا ہے دوسری قوم کے نزدیک اچھا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ مذہبی حس نے اس کی تشکیل میں بہت مدد کی ہے لیکن چونکہ مذہب خود انسان کی پیدا کی ہوئی چیز ہے، اس لئے ضمیر کو کوئی مستقل بالذات شے قرار دینا درست نہیں اور اختلافِ رنگ و نسل یا اختلافِ ملک و قوم کے ساتھ اس میں بھی اختلاف پیدا ہوتا رہتا ہے

چونکہ مسلمان بچے گہوارہ ہی سے یہ سنتے آتے ہیں کہ سور ناپاک ہے اس لئے وہ بڑے ہو کر بھی اس سے متنفر رہتے ہیں اور انگلینڈ میں انگریز نہایت خوشی سے اُسے کھاتے ہیں اور ان کا ضمیر مطلق سرزنش نہیں کرتا۔ ایک مسلمان اگر عیسائی ہو جائے تو بھی وہ سور کا گوشت نہ کھا سکے گا اور ہندو مسلمان ہونے کے بعد بھی گائے کے گوشت سے احتراز کرے گا۔ الغرض ضمیر ہمیشہ مذہب اور سوسائٹی کے دباؤ سے پیدا ہوتا ہے اور ان اثرات سے ہٹ کر اس کا علٰحدہ وجود کوئی حقیقت نہیں رکھتا

تصوف حقیقتاً نام ہے اس چیز کا جو انسان کو "حسنِ محض اور خیرِ محض" سے متاثر ہونے کا اہل بناتی ہے اور تعینات مذہب سے بہت بلند واقع ہوئی ہے۔ ایک صوفی کی پہچان یہ ہے کہ وہ سارے عالم سے محبت کرتا ہو اور جذبۂ نفرت و استکراہ سے اس کا دل پاک ہو۔ اسی کا دوسرا نام "صبغۃ اللہ" ہے اور یہی وہ حقیقت ہے جس پر تمام نوعِ انسانی کو کسی نہ کسی دن متفق ہونا پڑے گا اور یہی مستقبل کا مذہب قرار پائے گا، اگر واقعی بغیر مذہب کے کام نہ چل سکا

لیکن آپ اسکی جستجو کتابوں میں نہ کیجئے، اس کو اصطلاحاتِ تصوف میں نہ ڈھونڈھئے کہ یہ سب بے معنی باتیں ہیں، بلکہ خود اپنے دل میں تلاش کیجئے، اپنی ہستی کے اندر اسکی جستجو کیجئے جس طرح مذہب کو مولویوں نے خراب کیا ہے، اسی طرح تصوف کو صوفیوں نے۔ نہ اُنکی کتابیں اس قابل ہیں کہ انھیں پڑھکر مذہب کی حقیقت سمجھی جائے اور نہ انکے ملفوظات اس لائق کہ ان سے تصوف کا صحیح مفہوم اخذ کیا جائے۔ ان دونوں کو غرقِ آب کیجئے اور خود اپنے اندر ڈوب جائیے۔ اسی راز کو بیدل ان الفاظ میں ظاہر کرتا ہے:۔

ستم ست گر ہوست کشد کہ بہ سیرِ سروِ سمن درآ
تو ز غنچہ کم نہ دمیدۂ درِ دل کشا بہ چمن درآ

مختصر یوں سمجھ لیجئے کہ محبت کا دوسرا نام "تصوف" ہے اور محبت کوئی فن نہیں ہے کہ جس کا مطالعہ کرنے کے لئے آپ کو کتابوں کی ضرورت ہو۔ گردنے خم کن و معراجِ کلا ہے دریاب

مطبوعات موصولہ

صحیفۃ التکوین فارسی مثنوی ہے ہز ہائنس مہتر چترال کی جسے نہایت اہتمام سے قومی کتب خانہ ریلوے روڈ لاہور نے شایع کیا ہے۔ یہ مثنوی جو تقریباً تین ہزار اشعار پر مشتمل ہے اپنے موضوع کے لحاظ سے بالکل نئی چیز ہے۔ اس میں نہ کوئی فسانۂ حسن و عشق نظم کیا گیا ہے جو عموماً مثنوی نگاروں کا شعار ہے، اور نہ کوئی مناظرۂ شعر و ادب، بلکہ تفسیر ہے کلام مجید کی بالکل جدید اسلوب سے اور نئے زاویۂ نگاہ سے۔

یونہ تو علم و مذہب کی جنگ ہمیشہ سے رہی ہے، اور چونکہ سلطنتیں مذہب کی حمایت کرتی تھیں اس لئے فتح ہمیشہ مذہب ہی کو حاصل ہوئی، لیکن عہد حاضر میں چونکہ دنیا کو مذہبی آزادی ملگئی اور حکومتوں کو اسکی پرواہ نہیں رہی کہ کوئی خدا کو مانتا ہے یا نہیں، رسولوں کا معتقد ہے یا نہیں، اس لئے اب اس جنگ میں مذہب پیچھے ہٹتا جارہا ہے اور علم اسپر غالب آرہا ہے۔ اس کا بڑا سبب عقول انسانی کی ترقی اور سائنس کے عملی مشاہدات ہیں جو یکسر ریاضی پر مبنی ہوتے ہیں اور جن سے انکار ممکن نہیں۔ پھر اگر ان مسلمات و حقایق کے خلاف کوئی بات مذہبی تعلیمات میں نظر آتی ہے تو لوگ اس کو باور نہیں کرتے اور اس طرح مذہب کا اقتدار آہستہ آہستہ ختم ہوتا جارہا ہے ــــ میں اس سے قبل ایک مسلسل مضمون کے ذریعہ سے بتا چکا ہوں کہ وہ کونسے مذہبی مسلمات ہیں جو اب درخور یقین نہیں اور اہل مذاہب کے لئے کوئی چارۂ کار سوائے اسکے نہیں کہ یا تو وہ اپنے عقاید کو ترک کردیں یا انکی کوئی ایسی تاویل کریں جس سے مذہب علم کا ہمنوا نظر آنے لگے ــــ چنانچہ اہل کلیسا عرصہ سے اسکی کوشش کررہے ہیں اور اب بعض مسلمان علماء نے بھی اس طرف توجہ شروع کی ہے۔ یہ کتاب اسی نوع کی توجہ کی ایک اچھی مثال ہے ــــ اس مثنوی میں پہلے علوم عقلیہ کی ترقی اور انکشافات جدیدہ کا ذکر کرتے ہوئے تالیف کتاب کا مقصد ظاہر کیا ہے اور اس کے بعد مادہ و ہیولی، تخلیق عالم، ارتقاء نظام کہکشاں، نظام شمسی، تشکیل کرۂ زمین، ظہور حیات، ارتقاء نسل انسانی وغیرہ تمام ان مسائل سے بحث کی ہے جو اسوقت مسلمات و حقایق سمجھے جاتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ یہ ثابت کیا ہے کہ قرآن پاک کی تعلیم بھی وہی ہے جو علوم جدیدہ نے پیش کیا ہے ــــ علمی نظریوں کے ساتھ کتب سماوی کی تعلیمات کو منطبق کرنا اس لحاظ سے کہ ان نظریوں میں تبدیلی ہر وقت ممکن ہے خطرہ سے خالی نہیں جیسا کہ خود فاضل مصنف نے بھی ظاہر کیا ہے لیکن بعض علمی مسایل ایسے بھی ہیں جو واقعی حقایق کی صورت رکھتے ہیں اور ان کو سامنے رکھ کر اگر کتب سماوی کا مطالعہ کیا جائے تو چنداں مضایقہ نہیں۔ یہی وہ خیال تھا جسکی بنا پر فاضل مصنف نے یہ جرأت کی اور غالباً یہ کہنا نادرست نہ ہوگا کہ ان کی یہ جسارت بڑی حد تک مشکور ہوئی ہے ــــ میں خود اس کا موافق نہیں ہوں کہ کتب الہامی میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے وہ علمی نقطۂ نظر سے بھی کوئی خاص قیمت رکھتا ہے کیونکہ ایسی کتابوں کا مقصود صرف اخلاق کی تعلیم تھی اور فلکیات، و ریاضیات وغیرہ کے مسایل بیان کرنا انبیاء و رسل کا مدعا نہ تھا۔ عالم رویا میں جو کچھ عام طور پر محسوس کیا جاتا تھا اسی طرح اس کا ذکر کردیا جاتا تھا، لیکن اگر کوئی شخص اس قسم کی تاویل کرتا ہے تو میں اس پر غور ضرور کرتا ہوں اور اگر وہ اس میں کامیاب ہوگیا تو ایک طرف میں اسکی ذہانت کی داد بھی دیتا ہوں اور دوسری طرف یہ افسوس بھی کرتا ہوں کہ کاش یہ ذہانت مذہب سے علیحدہ ہوکر خالص تحقیقات علمی میں صرف کی جاتی ــــ اس مثنوی کی زبان نہایت صاف و سہل ہے اور حیرت ہوتی ہے کہ ایسے دقیق مسایل ایسی سلجھی ہوئی زبان میں کیونکر منضبط ہوسکے اگر کہیں کہیں مشکل الفاظ آگئے ہیں تو فٹ نوٹ میں ان کا ترجمہ بھی دیدیا گیا ہے۔ چونکہ ہز ہائنس والی چترال

کی مادری زبان فارسی ہے اس لئے فارسی میں لکھنے پر تو وہ یقیناً مجبور تھے، لیکن بجائے نثر کے انھوں نے نظم کو کیوں اختیار کیا، اس کا سبب ہمیں معلوم نہیں۔ ہوسکتا ہے کہ ذوقِ شعری سے مجبور ہوکر انھوں نے ایسا کیا ہو، یا پبلک کی دلچسپی مدنظر رہی ہو، بہرحال یہ مثنوی اس میں کلام نہیں کہ ہر لحاظ سے قابلِ قدر ہے اور ہر اس شخص کو جو فارسی کے ساتھ کچھ بھی علمی ذوق رکھتا ہو اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ کتاب مجلد، خوشخط نہایت نفیس طباعت کے ساتھ دبیز کاغذ پر شایع کی گئی ہے۔ قیمت درج نہیں ہے، لیکن قومی کتب خانہ لاہور سے دریافت کرنے پر معلوم ہوسکتی ہے۔

متعہ اور اسلام امامیہ مشن لکھنؤ کا دسواں تبلیغی رسالہ ہے جو کچھ اور اضافوں کے ساتھ دوبارہ شایع کیا گیا ہے۔ اس کے پہلے اڈیشن پر میں نے اپنے جو خیالات ظاہر کئے تھے ان پر بھی فاضل مصنف نے گفتگو کی ہے۔ منقولات کے نقطۂ نظر سے مسئلہ متعہ کے متعلق تو اب بھی میری وہی رائے ہے جو پہلے تھی، یعنی یہ کہ ابتدائے عہدِ اسلام میں وہ یقیناً رائج تھا اور یقینی طور سے نہیں کہا جا سکتا کہ اس کا سدباب کب اور کیونکر ہوا، لیکن عہدِ حاضر میں ایسے مسایل کو چھیڑنا جن کا تعلق اصل مذہب سے نہ ہو بلکہ تغیر پذیر تمدنی مسایل سے ہو اور پھر اس پر یہ اصرار کرنا کہ ان کا فیصلہ اب سے ڈیڑھ ہزار سال قبل کے نقطۂ نگاہ سے ہونا چاہئے، کوئی معنی نہیں رکھتا۔ مذہب کے اس حصہ کے متعلق جو اصولی عقاید سے علاحدہ صرف وقتی احکام کی حیثیت رکھتا ہے، یہ کہنا کہ انقطاعِ وحی کے بعد بہ حیثیت کلی اس میں کسی تغیر و تبدل کی گنجایش نہیں، مذہب کے حقیقی مفہوم کو مسخ کر دینا ہے۔ انسانی ذہنیت کی دنیا میں کوئی چیز ایسی نہیں جو داخلی و خارجی پہلو نہ رکھتی ہو، یہی حال مذہب کا بھی ہے اور ہر اس شخص کو جو کسی مذہب کا پابند ہے سمجھنا چاہئے کہ ان دونوں پہلوؤں میں کیا فرق ہے۔ شریعت اسلام کا داخلی پہلو صرف وہ مخصوص عقاید ہیں جن کی بنا پر ہم حکم لگاتے ہیں کہ یہ شخص مسلمان ہے اور وہ نہیں اور اس کا خارجی پہلو زندگی کے ان مسایل سے تعلق ہے، جن میں ہر اہلِ نظر کو رائے زنی کا حق حاصل ہے اور جن کے متعلق وقت و ضرورت کے لحاظ سے مختلف قوانین وضع ہوسکتے ہیں۔ متعہ کا مسئلہ بھی منجملہ انھیں مسایل کے ایک ایسا مسئلہ ہے جس پر صرف وقت حاضرہ کے لحاظ سے گفتگو کرنا چاہئے کیونکہ اگر یہ ثابت ہو بھی جائے کہ رسول اللہ نے اسے جایز رکھا تھا اور بعد کو اس کے عدم جواز پر احکام نافذ نہیں کئے گئے، تو یہ کوئی دلیل اس امر کی نہیں کہ اب بھی اسے قایم رہنا چاہئے

اگر شریعت اسلام کو اسقدر محدود کر دیا گیا اور عقیدہ کی تنگی اس حد تک پہونچ گئی کہ جو قانون منضبط ہونا تھا وہ ہوچکا اور اب انقطاعِ وحی کے بعد کسی کو کچھ کہنے کی گنجایش نہیں، تو پھر ان ہزاروں مسایل میں جو تمدن جدید کی ترقی کے سلسلہ میں سامنے آگئے ہیں کسی مولوی یا مجتہد کو کچھ کہنے کا حق باقی نہ رہیگا اور شریعت اسلام نام رہجائیگا صرف ان چند مسایل کا جو انقطاعِ وحی سے قبل متعین ہوچکے تھے۔ اس لئے ایسے مسایل میں جو اسلام کے خارجی پہلو سے تعلق رکھتے ہیں ہمیشہ وقت و ضرورت کا خیال رکھنا چاہئے اور اسی کو پیش نظر رکھ کر فیصلہ کرنا چاہئے۔ اس رسالہ میں علاوہ منقولات کے معقولات سے بھی کام لیا گیا ہے اور فاضل مصنف نے یہ ثابت کرنے کی بھی کوشش کی ہے کہ نفسیاتِ انسانی کا اقتضا یہی ہے کہ متعہ جایز قرار دیا جائے، درانحالیکہ اگر سچ پوچھئے تو انسان اس قید دبند کو بھی پسند نہیں کرتا اور وہ اس سے زیادہ کھل کھیلنے کے لئے بیتاب ہے۔ شریعت و قانون کا مقصود ہی خواہشات انسانی کی ناجایز آزادی کو روکنا ہے اس لئے بہترین قانون وہی کہلائیگا جو آخری حد تک اس آزادی کا سدباب کرسکے۔ اگر واقعی متعہ کی صورت ایسی ہی ہے کہ انسان اس سے زیادہ پابندی کا متحمل نہیں ہوسکتا تو بیشک جواز متعہ کو ہم بہتر قانون کہیں گے لیکن اگر وہ جذبۂ شہوت پرستی کی ایک انتہائی قابل برداشت رعایت کی صورت رکھتا ہو تو اسے ہم ترقی یافتہ شریعت نہیں کہہ سکتے۔ اس مسئلہ میں صحیح رائے قایم کرنے کے لئے "شہوانیات یا جنسیات" کا مطالعہ بہ حیثیت علم و فن کے بہت ضروری ہے۔ افسوس ہے کہ عربی و فارسی میں اس فن کی طرف بالکل توجہ نہیں کی گئی، اردو میں بھی سوائے "ترغیبات جنسی" اور "فلسفۂ شباب" کے کوئی اور کتاب اس وقت تک نہیں لکھی گئی

اسی لئے مولانا نے بحث کے اس پہلو کو چھوڑ دیا ہے جو مخصوص اس فن سے تعلق رکھتا ہے، ورنہ شاید وہ اس نتیجہ پر نہ پہونچتے اور جنسی جذبات کی آزادی سے سوسائٹی کو محفوظ رکھنے کے لئے وہ اور طریقوں کے رواج کو زیادہ مناسب قرار دیتے۔ اگر ہم یہ فرض کرلیں کہ دنیا کا کوئی بڑے سے بڑا مذہب انسان کے جذبۂ شہوانی کو اس حد تک مغلوب نہیں کرسکتا کہ اسکے لئے ادارۂ متعہ وغیرہ کا قیام غیر ضروری قرار پائے، تو کم از کم اقتصادی مسایل کا اقتضا تو ایسا نہیں ہے جو اس زمانہ میں اس نوع کے لٹریچر کی اشاعت گوارا کرسکے۔ بہرحال جس حد تک محض روایات کا تعلق ہے، یہ رسالہ یقیناً کامیاب ہے لیکن درایت کی رو سے اس میں کوئی بات ایسی نہیں جو متعہ کے جواز یا استحسان کا کسی کو یقین دلاسکے۔ ہوسکتا ہے کہ رسول اللہ کے زمانہ میں اسکی ضرورت رہی ہو، لیکن جب تک یہ ثابت نہ کیا جائے کہ اب بھی اس کی ضرورت باقی ہے، یہ رسالہ امامیہ مشن کی تبلیغ تو کرسکتا ہے، لیکن "انسانی مشن" کی نہیں۔ اسکی قیمت ۹ ہے اور ملنے کا پتہ امامیہ مشن لکھنؤ

نہج البلاغہ کا استناد یہ بھی امامیہ مشن لکھنؤ کا تبلیغی رسالہ ہے جسے مولانا سید علی نقی صاحب نے مرتب کیا ہے۔ نہج البلاغہ جناب امیر کے خطبات واحکام، اقوال ومکاتیب کا مجموعہ ہے جسے علامہ سید رضی موسوی نے ایک شیرازہ سے منسلک کیا اور اس کے بعد مولانا محمد عبدہ نے حواشی وغیرہ کے اضافہ سے جامعۂ اسلامیہ تک اس کو پہونچایا۔ نہج البلاغہ، بیان وانشاء کے ان محاسن کے علاوہ جنھوں نے اس مجموعہ کو "معجزۂ ادب" کی حیثیت دیدی ہے، معنی کی گہرائیوں کے لحاظ سے بھی نہایت بلند مرتبہ رکھتا ہے اور سوائے ابن خلکان اور اس کے بعض متبعین (جن میں جرجی زیدان بھی شامل ہیں) سب نے اسکو جناب امیر کے ملفوظات قرار دیا ہے۔ اس رسالہ میں تمام ان اکابر کے اقوال وآرا کو جمع کردیا گیا ہے جو نہج البلاغہ کو جناب امیر کا کلام یقین کرتے ہیں اور سید رضی سے اس کی نسبت کو غلط قرار دیتے ہیں۔ وہ حضرات جو نہج البلاغہ کا مطالعہ کرتے رہتے ہیں ان کے لئے اس رسالہ کا مطالعہ بھی ازبس ضروری ہے۔ قیمت ۴ ہے اور ملنے کا پتہ امامیہ مشن لکھنؤ

لاتفسدوفی الارض مجموعہ ہے مولانا سید علی نقی صاحب کے چند مواعظ کا، جن کا موضوع اس مجموعہ کے عنوان سے ظاہر ہے۔ ان خطبات میں مولانا نے مسلمانوں کے سامنے صلح وامن کا صحیح خاکہ پیش کرکے بتایا ہے کہ اسلام کا مقصود حقیقی کیا ہے اور مسلم جماعت کا موجودہ افتراق کس درجہ قابل ملامت ہے۔ یہ مجموعہ نہ صرف اپنے مقصود ومعنی بلکہ انداز بیان کی شگفتگی کے لحاظ سے بھی قابل قدر چیز ہے البتہ سلسلۂ گفتگو میں کہیں کہیں بعض ایسے مسایل کو بھی چھیڑ دیا گیا ہے جن پر جمہور اسلام متفق نہیں ہوسکتا اور جن کے ذکر کی ضرورت بھی نہ تھی۔ عام اصلاحی خطبات میں معجزہ وغیرہ کی بحث چھیڑ دینا، ان روایتی مسایل پر گفتگو کرنا جو کسی فریق کے نزدیک محل نظر ہوسکتے ہیں، مناسب نہیں، اخلاق کا درس محض اخلاق کی بلندی کو سامنے رکھکر دیا جائے تو زیادہ موثر ہوسکتا ہے اور اس کا افادہ بھی بہت عام ہوتا ہے، لیکن روایات کا قدم درمیان آیا اور نزاع شروع ہوگئی۔ ان خطبات میں بہت زیادہ اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ جو کچھ کہا جائے وہ عمومی حیثیت سے سب کے لئے گوارا ہو اور اس لئے عام علما کے مواعظ سے یقیناً میں ان کو بہت بلند پاتا ہوں۔ اس مجموعہ کی قیمت ۸ ہے اور ملنے کا پتہ امامیہ مشن لکھنؤ

خاتم النبیین ۷۰۰ صفحات کا رسالہ ہے سیرۃ نبوی پر جسے جناب ابراہیم عمادی نے مرتب کیا ہے۔ یہ کتاب چار حصوں پر منقسم ہے، پہلے حصہ میں آدم سے لیکر حضرت عیسیٰ تک سات انبیا کے مختصر حالات درج ہیں، دوسرے حصہ میں ولادت نبوی سے سنہ ۶ھ تک کے واقعات قلمبند کئے گئے ہیں، تیسرے میں غزوات کا ذکر ہے اور چوتھے میں شمایل نبوی کا۔ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ اس رسالہ میں فاضل مرتب نے زیادہ تر انھیں حالات وواقعات کو لیا ہے جو اخلاق سے تعلق رکھتے ہیں اور خلاف عقل باتوں سے بڑی حد تک سکوت کیا ہے۔ زبان بھی نہایت سادہ وسلیس ہے اور انداز بیان بھی

دلکش و موثر ہے - قیمت درج نہیں ہے - مرتبہ سے اسمٰعیل بیگ محمد ہائی اسکول بمبئی ۳ سے خط و کتابت کی جائے -

تفسیر سورۂ کافرون مولانا حمید الدین فراہی اس عہد کے ان مخصوص علماء میں سے تھے جن کو فہم قرآن کا خاص ملکہ قدرت کی طرف سے ملا تھا اور جنھوں نے اپنی زندگی اسی ایک مقصد کے لئے وقف کردی - سرائے میر اعظم گڈھ سے ایک رسالہ اصلاح نامی کئی سال سے شایع ہو رہا ہے اور اس کا مقصود یہی ہے کہ مولانا فراہی کے تمام علمی مساعی منصۂ شہود پر آجائیں، چنانچہ یہ رسالہ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے - اس سے قبل سورۂ الفیل اور سورۂ لہب کی تفسیر بھی یہی ادارہ شایع کرچکا ہے اور آیندہ بھی اس سلسلہ کے جاری رکھنے کا اعلان کرچکا ہے - مولانا کا اسلوب تفسیر متقدمین و متاخرین دونوں سے علٰحدہ ہے، کیونکہ مطالب قرآن کے سمجھنے میں وہ دوسروں کی رائے کا تتبع نہیں کرتے بلکہ خود ان کے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں اور جس نتیجہ پر پہونچتے ہیں بغیر کسی لیپ پوت کے بیان کردیتے ہیں اسی لئے عام طبقۂ علماء ان کو اچھی نگاہ سے نہیں دیکھتا اور ان کی تفسیر میں کچھ ایسی باتیں پاتا ہے جن کو ان کی مقلدانہ ذہنیت تسلیم کرنے سے ابا کرتی ہے - میرے نزدیک دور حاضر میں صرف مولانا فراہی کی تفسیر ایسی ہیں جو ذہن انسانی کو اپیل کرسکتی ہیں اور وہ حضرات جو قرآن کا مطالعہ فطری زاویۂ نگاہ سے کرنا چاہتے ہیں، انکی تسکین انھیں کے مقالات سے ہوسکتی ہے - اس رسالہ کی قیمت نہ رہے اور ملنے کا پتہ اصلاح پریس - سرائے میر (اعظم گڈھ)

نور مشرق مجموعہ ہے جناب مہرلال ضیا فتح آبادی کی نظموں کا جو اس سے قبل مختلف رسایل میں شایع ہوچکی ہیں - ہرچند ضیا صاحب ایک ہندو گھرانے میں پیدا ہوئے ہیں، لیکن بہ لحاظ نظرت وہ سبحہ و زنار کی حدود سے بہت بلند زندگی بسر کرتے ہیں - ان کا نصب العین خارجی حیثیت سے آزادی کا صحیح درس دینا ہے اور داخلی حیثیت سے "حسن محض" سے متاثر ہونا جسے ماہرین جمالیات "خیر محض" بھی کہتے ہیں - ظاہر ہے کہ جو شخص ان خصوصیات کو سامنے رکھ کر شاعری کرے گا اس کا کلام یقیناً دلکش ہوگا - ضیا صاحب باوجود نوجوان ہونے کے ذہنی حیثیت سے "پختہ مغزان چنوں" کی صف میں جگہ پانے کے قابل ہیں اور اگر ان اکتسابات کو نظرانداز کردیا جائے جو تجربہ کے بعد ہی میسر آسکتے ہیں تو یہ مجموعہ تمام وہ خوبیاں رکھتا ہے جو ایک ذہین نوجوان کے کلام میں پائی جاسکتی ہیں - کتاب مجلد شایع ہوئی ہے اور طباعت و کتابت کے لحاظ سے بھی عام سطح سے بلند ہے قیمت ایک روپیہ ہے اور ملنے کا پتہ گپتا پرنٹنگ ورکس سپلینڈر روڈ - دہلی

یادگار محشر عبید اللہ محشر کا مجموعۂ کلام ہے - یہ ضلع بستی کے رہنے والے تھے اور گورکھپور کے کالج میں تعلیم پاتے تھے کہ دفعتاً ۲۰ سال کی عمر میں یکم مارچ ۳۷ء کو انتقال کرگئے - انکی اس بیوقت موت سے ان کے احباب داغ زدہ بہت متاثر ہوئے یہانتک کہ انکے ایک عزیز دوست اشفاق حسین خانصاحب کو انکی یادگار میں یہ مجموعہ شایع کرنا پڑا - ابتداء میں مرحوم کے حیات و اساتذہ کی بھی تقریظیں درج ہیں جنکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ محشر شعر و ادب کا نہایت پاکیزہ ذوق رکھتے تھے اور میں بھی انکے کلام کے مطالعہ سے اسی نتیجہ پر پہونچا ہوں - چنانچہ استدلالاً چند اشعار یہاں پیش کرتا ہوں :-

تقاضائے ہستی کی بھی لاج رکھ لوں ۔۔۔ میں ہونے پہ اپنے مٹا چاہتا ہوں،

مری خواہشیں پوچھتے ہیں وہ محشر ۔۔۔ انھیں کیا بتاؤں میں کیا چاہتا ہوں

اور سنئے کسی مایوس کا افسانۂ غم ۔۔۔ میں نہ کہتا تھا کہ ہستوں کو رلا دیتا ہے

کتنا امید فزا ہے یہ فریب منزل ۔۔۔ مجھ کو دو چار قدم اور بڑھا دیتا ہے

جب نہ دیکھی ہو کبھی دنیا میں چشم التفات ۔۔۔ پھر تو سب اپنے ہیں محشر کوئی بیگانہ نہیں،

زیست کی بے کیفیوں میں لطف غم پیدا کریں ۔۔۔ ہوسکے تو اعتبار وعدۂ فردا کریں،

رمز العروض فن عروض پر ایک مختصر سا رسالہ ہے جسے جناب مولوی سید عبد الحمید صاحب حمید رئیس پٹنہ سٹی نے مرتب کیا ہے اور کوشش کی ہے کہ نہایت سہل انداز سے اس فن کے نکات کو سمجھا دیا جائے۔ اس فن پر اس سے قبل بڑی بڑی کتابیں لکھی گئی ہیں جن میں جلال لکھنوی کی کتاب کو خاص شہرت حاصل ہے۔ ورا سکے بعد مختصر رسالوں کی صورت میں تو بکثرت اشاعت ہوئی، لیکن میں سمجھتا ہوں کہ حمید صاحب کا یہ رسالہ باوجود مختصر ہونے کے بہت کام کی چیز ہے اور جو لوگ سرسری نگاہ سے ضروری معلومات اس فن کی حاصل کرنا پسند کرتے ہیں انکے لئے یہ کامطالعہ فائدہ سے خالی نہیں۔ یہ رسالہ شاد بک ڈپو پٹنہ سے ۸ر میں ملسکتا ہے

تاریخی اٹلیس انوار احمد صاحب علوی بی اے نے جو امیر الدولہ اسکول لکھنؤ میں تاریخ کے استاد ہیں یہ اٹلیس مرتب کیا ہے، جس سے مقصود یہ ہے کہ تاریخ ہندوستان کے تمام اہم واقعات نقشوں کے ذریعہ سے بتائے جائیں اس میں آریوں کی آمد سے لیکر برطانیہ کے تسلط تک ۹ نقشے دئے گئے ہیں اور ہر نقشہ کے ذریعہ سے بتایا گیا ہے کہ کس عہد حکومت میں ہندوستان کا کتنا حصہ مفتوح ہوا۔ اسی کے ساتھ مقابل کے صفحہ پر اس حکومت کے زمانہ کے تمام اہم واقعات دیدئے ہیں تعیین واقعات و تاریخ میں صحت کا خاص خیال رکھا گیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ آسان طریقہ تاریخ و جغرافیہ کی تعلیم کا اور کوئی نہیں ہوسکتا۔ ضرورت ہے کہ اسکو نصاب میں داخل کرکے علوی صاحب کی ہمت افزائی کیجائے تاکہ آیندہ وہ اس سے زیادہ شرح و بسط اور رنگین نقشوں کے ساتھ اس کو شایع کرسکیں۔ یہ اٹلیس انوار بک ڈپو امین آباد سے ۱۲ر میں ملسکتا ہے۔

وفاق ہند جدید کانسٹی ٹیوشن پر اردو میں غالباً یہ بالکل پہلی قابل ذکر کتاب ہے جسے خان بہادر ڈاکٹر سید نجم الدین احمد جعفری ال، ال ڈی، بار ایٹ لا نے مرتب کیا ہے۔ ہر چند یہ کتاب میکملن کی شایع کی ہوئی اور Eddy & Lawson کی لکھی ہوئی کتاب کی طرح بہت مختصر ہے، لیکن ہے تمام ضروری مسایل پر حاوی۔ اس میں وفاقی حکومت کی مختصر تاریخ دیکر بتایا ہے کہ ہندوستان میں رفتہ رفتہ یہ خیال پختہ ہوا اور پھر وفاقی حکومت کے سلسلہ میں جتنے اہم مسایل قابل غور و مطالعہ ہوسکتے ہیں ان کو مختصراً بیان کردیا ہے۔ سیاست یوں تو ہمیشہ سے بہت پیچیدہ چیز ہے لیکن ہندوستان کا جدید کانسٹی ٹیوشن خصوصیت کے ساتھ حد درجہ پیچیدہ ہے اور اس کو سمجھنے کے لئے نہایت غور و فکر کی ضرورت ہے۔ چونکہ فیڈریشن یا وفاق ابھی تک عمل پذیر نہیں ہوا ہے، اسلئے نہیں کہا جا سکتا کہ آیندہ کن حالات دخائر الیطہ کے ساتھ رونما ہوگا لیکن جس حد تک موجودہ ایکٹ ۳۵ء کا تعلق ہے اسکو سمجھنا ہر اس شخص کا فرض ہے جو ہندوستان کی سیاسیات سے کچھ بھی دلچسپی رکھتا ہے۔ اس کتاب کی عبارت بڑی حد تک سلیس و شگفتہ ہے اور شروع میں اصطلاحات کا بھی ترجمہ دیدیا گیا ہے۔ طباعت و کتابت نہایت پسندیدہ ہے اور ایک روپیہ میں اردو لٹریچر کمپنی دہلی سے ملسکتی ہے۔

پریم ترنگ مسٹر کاشی رام چاولہ کی تالیف ہے جس کا پہلا حصہ اس سے قبل شایع ہوچکا ہے۔ چاولہ صاحب آزاد خیال اور آزاد مشرب لوگوں میں سے ہیں جو مذہب کے قیود سے بلند ہوکر افراد و نوع انسانی کے باہمی تعلقات پر غور کرتے ہیں اور اسی لئے وہ ہر مذہب سے دلچسپی رکھتے ہیں انھوں نے اس مجموعہ میں تمام مشہور مذہبی و الہامی کتابوں کے اقتباسات پیش کرکے بتلایا ہے کہ مذاہب کی تعلیم حقیقتاً ایک ہے اور اس لئے تعصب مذہبی یکسر تعلیمات مذہب کے منافی ہے۔ چاولہ صاحب کی یہ کوشش لایق تحسین ہے، گو ہم جانتے ہیں کہ مذاہب کی حالت اب اصلاحات کی حد سے گزر چکی ہے اور جو چیز اصلاح کی حد سے گزر جائے، اس کو مٹ جانا ہی چاہیئے

چاولہ صاحب ڈپٹی کمشنر ہوشیارپور کے دفتر میں ملازم ہیں اور انھیں سے یہ کتاب مل سکتی ہے۔ قیمت درج نہیں ہے

نیساں جوبلی نمبر الہ آباد یونیورسٹی کی اردو اسوسی ایشن کی طرف سے ایک سہ ماہی رسالہ نیساں کے نام سے جاری ہے۔ یہ اسی کا جوبلی نمبر ہے جو دسمبر ۳۷ء میں شایع ہوا ہے اور نہایت دبیز کاغذ پر بہترین طباعت و کتابت کے ساتھ ۲۷۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس مجموعہ میں ادب و انشاء کے متعلق اچھے اچھے مقالے نظر آتے ہیں جو زیادہ تر یونیورسٹی کے اساتذہ و طلبہ کے لکھے ہوئے ہیں اس نوع کے رسایل کی اشاعت زبان کی خوش بختی کی دلیل ہے اور ہمارے لئے یہ امر باعث مسرت ہے کہ پروفیسر سید محمد رضا مین علی صاحب ضامن جو شعبۂ اردو کے صدر ہیں الہ آباد یونیورسٹی میں اردو کے ذوق کو اس قدر عام کردیا ہے کہ ہندو بھی اس طرف متوجہ نظر آتے ہیں۔

اس مجموعہ میں جتنے مضامین ہیں وہ سب اسی معیار کے ہیں جو الہ آباد یونیورسٹی سے شایع ہونے والے مجلہ کی طرف سے پیش ہونا چاہئے اس کی قیمت دو روپیہ مقرر ہے جو اس کی ظاہری و معنوی خصوصیات کے لحاظ سے کسی طرح نامناسب نہیں۔

کسی اور چیز سے واقف ہی نہ تھا۔ چنانچہ تخت نشین ہوتے ہی اُس نے عیش و عشرت کو اپنا مشغلہ قرار دے لیا اور سارا انتظام سلطنت اپنے نائب نظام الدین کے سپرد کر دیا

نظام الدین بے انتہا ہوشیار شخص تھا اس لئے اُس نے کیقباد کی کمزوریوں سے فایدہ اُٹھا کر خود بادشاہ بن جانے کی تدابیر شروع کیں چنانچہ اس نے سب سے پہلے کیخسرو پر ہاتھ صاف کیا اور اس کے بعد نو مسلم مغلوں کا قتل عام کرایا جو دہلی میں آباد تھے۔ اس نے اسی پر کفایت نہیں کی بلکہ باپ بیٹوں میں بھی کشیدگی پیدا کرادی لیکن بعد کو جب اودھ میں دریائے سرجو پر دونوں کی ملاقات ہوئی تو معاملہ صاف ہوگیا اور برہمی دور ہوگئی[1]

جب یہ دہلی واپس آیا تو وزیر نظام الدین کو زہر دیکر مروا ڈالا اور اس کے بجائے جلال الدین خلجی گورنر سامانہ وزیر مقرر ہوا

حضرت امیر خسرو نے قران السعدین میں لکھا ہے کہ جب سلطان کیقباد ۶۸۶ھ میں تخت نشین ہوا تو پانچ ہزار امرار اس کے دربار میں تھے اور ایک لاکھ فوج اس کی حضوری میں رہتی تھی اور اس کی سلطنت بنگال سے دریائے سندھ تک وسیع تھی

اس کو علم و ادب کا فطری ذوق تھا لیکن لہو و لعب کی کثرت سے وہ سب محو ہوگیا اور اس کا زمانہ بہ اعتبار ترقی علم و ہنر اور حسن انتظام کے بہت ناکامیاب ثابت ہوا سلطان کیقباد غلام خاندان کا آخری فرمانروا تھا

---

[1] حضرت امیر خسرو نے قران السعدین میں اس کشیدگی و ملاقات کا حال تفصیل سے درج کیا ہے۔

باب نہم

خاندان خلجی

جلال الدین فیروز شاہ

۶۸۹-۶۹۵ھ
۱۲۹۰-۱۲۹۵ء

سلطان کیقباد غلام خاندان کا آخری بادشاہ تھا۔ اس کے بعد سلطنت خلجی خاندان[1] میں منتقل ہوئی۔ اس خاندان میں کل چھ فرمانروا ہوئے اولین فرمانروا جلال الدین فیروز شاہ خلجی تھا اور آخری ناصر الدین خسرو شاہ

جلال الدین فیروز شاہ کی تاریخ اورنگ نشینی

جلال الدین فیروز شاہ کی تاریخ اورنگ نشینی، فرشتہ نے ۶۸۷ھ، ضیاء الدین برنی نے ۶۸۸ھ، اور امیر خسرو نے

---

[1] فرشتہ نے تاریخ نظام الدین احمد بخشی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ:-

"خلجی خاندان خالج خاں داماد چنگیز خاں کی اولاد میں سے ہے اور اسی لفظ خالج کی بگڑی ہوئی صورت خلج اور خلجی ہے۔ خالج خاں اور اس کی بیوی (چنگیز کی بیٹی) کے درمیان کچھ ملال پیدا ہوگیا اور خالج خاں چنگیز کے خوف سے بھاگ کر کوہستان غور و جرجستان میں پناہ گزیں ہوگیا۔ اور رفتہ رفتہ چالیس گھرانے اس کے خاندان کے یہیں آکر مقیم ہوگئے۔ چنگیز خاں کے بعد جب سلاطین غور نے ممالک ہند کو تسخیر کیا تو خلجی بھی یہاں آئے اور شاہی ملازمت اختیار کر کے آہستہ آہستہ صاحب اقتدار ہوگئے"

لیکن مصنف تاریخ سلاجقہ کا بیان ہے کہ:-

"ترک ابن یافث" کے گیارہ بیٹوں میں سے ایک کا نام خلج تھا اور اسی کی اولاد خلجی کہلاتی ہے" (بقیہ فٹ نوٹ نمبر ۱ و ۲ صفحہ ۱۶۵ پر ملاحظہ کیجئے)

مفتاح الفتوح میں ۶۸۹ھ تحریر کی ہے اور یہی تاریخ زیادہ قابل اعتبار ہے

جلال الدین فیروز شاہ جب تخت نشین ہوا تو وہ بالکل ضعیف تھا اور اس کی عمر ستر سال کی ہو چکی تھی۔ اس نے بادشاہ

(بقیہ فٹ نوٹ نمبر ۱ و نمبر ۲ صفحہ ۱۶۴)

فرشتہ نے اسی بیان کو مرجح سمجھا ہے، کیونکہ غزنوی خاندان کی تاریخوں میں امیر سبکتگین اور محمود غزنوی کے بہت سے امراء کو قوم خلج سے متعلق ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر یہ صحیح ہے تو پھر خلجیوں کا عہد چنگیز خانی عہد سے مقدم ماننا پڑے گا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ خالج خاں چنگیز خاں کا داماد اسی خلجی خاندان کا ایک فرد ہوا اور جلال الدین فیروز شاہ کا باپ اسی کی اولاد میں سے ہو۔

۵۷ھ غیاث الدین بلبن نے اپنے بڑے بیٹے محمد سلطان کو اپنا ولی عہد قرار دیا تھا لیکن جب وہ شہید ہو گیا تو بلبن نے اپنے دوسرے بیٹے بغرا خاں کو ولی عہد مقرر کیا لیکن چونکہ وہ نااہل تھا، اور طلب کرنے پر بھی حاضر نہیں ہوا، اس لئے اُس نے اپنے آخر وقت میں اس نامزدگی کو منسوخ کر کے محمد سلطان کے بیٹے کیخسرو کو اپنا جانشین قرار دیا۔ لیکن ملک فخر الدین کوتوال چونکہ سلطان محمد خاں شہید کی طرف سے صاف نہ تھا اس لئے بلبن کے مرنے پر اسنے کوشش کی کہ کیخسرو کے بجائے کیقباد، بغرا خاں کا بیٹا تخت نشین ہو۔ اور اس میں وہ کامیاب ہو گیا۔ کیقباد بادشاہ ہوتے ہی لہو و لعب، سیر و تفریح، رقص و سرود کی مجالس میں مصروف ہو گیا اور سارا انتظام اپنے وزیر ملک نظام الدین کے سپرد کر دیا جو ملک الامراء فخر الدین کوتوال کا داماد تھا۔ ملک نظام الدین نے کیقباد کی کمزوری کو دیکھ کر خود بادشاہ بننے کا خیال پیدا کیا اور اس خواہش کے ماتحت اس نے نہ صرف کیخسرو کو مکر و فریب سے قتل کرا دیا بلکہ بہت سے اور امراء دربار کو بھی تہ تیغ کر دیا نتیجہ یہ ہوا کہ تمام رعایا اور امراء اس سے برہم ہو گئے۔ جب کیقباد بیمار ہوا تو اُسے اپنے باپ کی نصیحت یاد آئی اور نظام الدین کو دفع کرنے کی غرض سے ملتان جانے کا حکم دیا۔ لیکن نظام الدین نے اس پر عمل نہیں کیا اور آخر کار لوگوں نے اسے زہر دیکر مار ڈالا۔ اب یہ وقت غلام خاندان کی حکومت کے لئے بہت نازک تھا۔ کیقباد بستر علالت پر موت کا انتظار کر رہا تھا۔ اس کی اولاد میں صرف ایک بچہ تین سال کا (کیومرث) موجود تھا۔ جلال الدین فیروز خلجی جو پہلے میرِ جاندار اور نائب سمانہ تھا، شائستہ خاں کا خطاب حاصل کر کے اقطاع بلند شہر کا حکمراں ہو چکا تھا اور تمام امراء خلجی اسے اپنا سردار تسلیم کرتے تھے۔ دوسری طرف ترکوں کی جماعت خلجیوں کی اس بڑھی ہوئی قوت سے متنفر ہو کر چاہتی تھی کہ حکومت انھیں کے خاندان میں رہے۔ الغرض اس کشمکش کے عالم میں جب کیقباد پر لقوہ و فالج کا حملہ ہوا اور وہ صاحب فراش ہو کر بالکل معطل ہو گیا تو ترک کی جماعت نے جس کے سردار ملک ایتمر کچن و ملک ایتمر سرخہ تھے کیقباد کے بیٹے کیومرث کو تخت نشین کر دیا۔ اس طرف جب خلجیوں کو معلوم ہوا تو وہ جلال الدین خلجی کے گرد جمع ہو کر اپنی کامیابی کی صورتیں سوچنے لگے۔ جب کیومرث تخت نشین ہو چکا تو ملک ایتمر کچن بہادر پور چلا گیا وہاں سے جلال الدین کو کوئی بہانہ کر کے لے آئے اور فنا کر دے۔ لیکن خلجیوں کو یہ سارا حال معلوم ہو گیا اس لئے ملک ایتمر کو انھوں نے آتے ہی ختم کر دیا اور جلال الدین خلجی کے بیٹوں نے پانسو سواروں کی جمعیت سے پایۂ تخت پر یلغار کر دیا اور کیومرث کو معہ فخر الدین کوتوال کے بیٹوں کے قید کر کے اپنے باپ کے پاس لے گئے۔ ملک ایتمر سرخہ نے تعاقب کیا لیکن وہ بھی مارا گیا۔ اب دہلی کے خواص و عوام نے کیومرث کی مدد کرنے کے لئے ہجوم کیا لیکن فخر الدین کوتوال نے اس خیال سے کہ اس کے بیٹے خلجیوں کے قبضہ میں ہیں دہلی وہ ہلاک نہ ہو جائیں لوگوں کو اس ارادہ سے باز رکھا۔ اس کے بعد اکثر لوگ و امراء نے جلال الدین خلجی کے ہاتھ پر بیعت کر لی اور سلطنت ہند غلاموں یا ترکوں کے ہاتھ سے خلجیوں کے قبضہ میں آ گئی

(ماخوذ از طبقات اکبری، فرشتہ و تاریخ فیروز شاہی)

ہوتے ہی چتر شاہی کے سرخ رنگ کو جو خونریزی کی علامت تھی امن و سکون کے سپید رنگ میں تبدیل کیا اور حد درجہ نرمی و آشتی کے ساتھ حکومت شروع کی۔ اُصول جہانبانی کا اقتضاء یہ تھا کہ وہ بلبنی خاندان کے تمام بقیہ افراد کو قتل یا قید کر دیتا لیکن اُس نے ایسا نہیں کیا بلکہ اس کے خلاف بلبن کے بھتیجے ملک چھجو کو کڑہ کی ولایت سپرد کی اور تمام امراء و رعایا کے ساتھ بہت نرمی و مہربانی کا طرز عمل اختیار کیا۔ یہاں تک کہ دہلی کے تمام بڑے بڑے لوگ اس کی طرف مایل ہو گئے اور قصر کیلوگڑھی[1] میں جاکر بیعت کرنے لگے

نئی دہلی کی بنیاد

جلال الدین نے تمام اُن عمارات کو جو نا تمام تھیں مکمل کرایا۔ ایک باغ نصب کرا کے اس کے چاروں طرف سنگین حصار کرا دیا۔ مسجد و بازار کی طرح ڈالی۔ امراء کو تاکید کی کہ وہاں اپنے مکانات تعمیر کرائیں اور رفتہ رفتہ پرانی دہلی بگڑ کر نئی دہلی قایم ہو گئی اور بادشاہ نے مستقلاً یہیں سکونت اختیار کر لی

جلال الدین کی اسلامت طبع

سلطان جلال الدین بڑا خدا ترس، رحم دل اور خطا پوش بادشاہ تھا اس نے کبھی خونریزی کو روا نہیں رکھا اور بڑے بڑے مجرموں کی خطائیں درگزر کر دیں

جب جلال الدین پُرانی دہلی گیا اور قصر کے پاس اُترا تو اُس نے نماز شکرانہ ادا کی اور بہ آواز بلند کہا کہ میں کیونکر خدا کا شکر ادا کر سکتا ہوں کہ جس تخت کے سامنے میں نے برسوں سر جھکایا ہے اُس پر آج اپنا قدم رکھتا ہوں اس کے بعد وہ کوشک محل میں جو غیاث الدین بلبن کا محل خاص تھا گیا اور وہاں پہونچتے ہی گھوڑے سے اُتر پڑا۔ ملک احمد حبیب نے عرض کیا کہ "سواری سے اُترنے کی کیا ضرورت ہے جبکہ یہ قصر بھی بادشاہ کی ملکیت ہے"۔ جلال الدین نے کہا کہ "یہ میرے آقائے دلی نعمت کا قصر ہے اور مجھ پر تعظیم فرض ہے"۔ پھر ملک حبیب احمد نے کہا کہ "بادشاہ کو یہیں سکونت اختیار کرنی چاہیئے" جلال الدین نے جواب دیا کہ "اس عمارت کو شاہ بلبن نے اپنی سرداری کے عہد میں تعمیر کرایا ہے اس لئے یہ اُسکے وارثان کی ملکیت ہے میں صرف عارضی مصلحت کی وجہ سے قواعد اسلام کو ترک نہیں کر سکتا"۔ جب کوشک محل کے اندر جلال الدین پہنچا

---

[1] اس نام میں اختلاف ہے۔ فرشتہ نے "کیلوکہری" اور ضیاء الدین برنی نے "کیلوگھڑی" لکھا ہے۔ سید احمد خاں نے آثار الصنادید میں فرشتہ کا تتبع کیا ہے لیکن آرائش محفل میں اس کو "کیلوگڑھی" لکھا ہے۔ جنرل کننگھم نے دہلی کے آثار قدیمہ پر جو رپورٹ شایع کی ہے اس میں بھی "کیلوگڈھی" درج کیا ہے۔ "کیلوگڈھی" ایک گاؤں کا نام تھا جو ساحل جمنا پر واقع تھا معز الدین کیقباد نے اس جگہ باغ اور قصر تیار کرانے شروع کئے تھے اور یہیں رہا کرتا تھا یہ گاؤں اُس جگہ تھا جہاں اب ہمایوں کا مقبرہ نظر آتا ہے۔ کیلوگڈھی کو قصر معزی بھی اس لئے کہتے تھے کہ وہاں معز الدین کیقباد نے قلعہ تعمیر کرایا تھا جس کا اب کوئی نشان باقی نہیں ہے۔ حضرت امیر خسرو نے اس قلعہ کی تعریف قرآن السعدین میں کی ہے

قصر نگوم کہ بہشتے فراخ — روفتہ طوبے در او ابشاخ

پہلے یہاں جمنا بہتی تھی لیکن ۱۸۰۸ء میں اس نے اپنا راستہ بدل دیا اور دریا سے اس مقام کا فصل زیادہ ہو گیا

تو وہ اُس جگہ نہیں بیٹھا جہاں شاہ بلبن بیٹھا کرتا تھا بلکہ امراء کی نشست میں جلوس فرما کر حاضرین سے کہا کہ "ایتمر کچن اور ایتمر سرخہ کا گھر تباہ ہو کہ انھوں نے میرے مار ڈالنے کا قصد کیا اور میں اپنی جان کے اندیشہ سے اس گناہ کا مرتکب ہوا ورنہ کہاں بادشاہی اور کہاں میں دیکھئے مآل کار کیا ہوتا ہے اور میری اولاد پر کیا گزرتی ہے"۔

جلال الدین بے انتہا حلیم و کریم تھا جب وہ کسی کو جاگیر دیتا تو کبھی اُس میں تغیر نہ کرتا اور امراء و مقربین سے اگر کوئی جرم سرزد ہوتا تو کبھی اُنھیں ذلیل نہ کرتا۔ وہ امراء کے ساتھ مساویانہ سلوک کرتا اور نہایت بے تکلفی کے ساتھ اُن سے ملتا

حلم و کرم

وہ علم دوست بھی اسی درجہ کا تھا۔ حضرت امیر خسرو، تاج الدین عراقی، خواجہ حسن، موید جاجرمی، موید دلوانہ، امیر ارسلاں کلامی وغیرہ جو اپنے عہد کے بڑے فاضل و کامل لوگ تھے جلال الدین کے ندیم تھے امیر خاصہ، حمید راجہ غزل خوانان دربار میں سے تھے اور محمد شاہ چنگی، فتو خاں، نصیر خاں اور بھرو رجو موسیقی کے بے بدل ماہر تھے اس کے مطرب تھے امیر خسرو روز اس کی مجلس میں کوئی نہ کوئی نئی غزل پڑھتے اور شاہانہ انعامات کی بارش اُن پر ہوتی۔ جب جلال الدین عہدۂ میر جاندری سے ترقی پاکر عارض ممالک کے درجہ پر پہونچا تو اُسی وقت امیر خسرو کو اپنے پاس بلا لیا اور سفید جامہ و کمر بند عنایت کرکے، جو امرائے کبار کے لئے مخصوص تھا، اُن کو مصحف داری کی خدمت سپرد کر دی اور بہت بڑا منصب مقرر کر دیا۔ جب بادشاہ ہوا تو یہ التفات اور زیادہ بڑھ گیا اور دہلی کے شاہی کتب خانہ کا اہتمام امیر خسرو کے سپرد کر دیا[1]۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ علم و ہنر کی پوری قدر کرتا تھا اور مردم شناسی کی صحیح قابلیت اپنے اندر رکھتا تھا۔ جلال الدین خود بھی شعر کہتا تھا چنانچہ بدایونی[2] نے اسکے یہ دو شعر نقل کئے ہیں:۔

امیر خسرو کی قدر شناسی

آں زلف پریشانت ژولیدہ نمی خواہم — واں روئے چو گلنارت تفسیدہ نمی خواہم
بے پیرہنت خواہم یک شب بہ کنار آئی — ہاں بانگ برآمد ایں پوشیدہ نمی خواہم

جلال الدین کی شاعری

اسی طرح جب وہ محاصرۂ کوالیار میں مصروف تھا تو وہاں اُس نے ایک عمارت مقبرہ تیار کرائی اور یہ رباعی [illegible]

---

[1] فرشتہ صفحہ ۹۰۔ تاریخ فیروز شاہی (الیٹ) جلد سوم صفحہ ۱۴۴۔ طبقات اکبری صفحہ ۶۱

[2] اس کتاب کا نام منتخب التواریخ ہے اور اس کا مصنف ملا عبد القادر بدایونی ہے چونکہ بہت سے لوگوں نے منتخب التواریخ کے نام سے کتابیں لکھی ہیں اس لئے ملا عبد القادر کی منتخب التواریخ کو ممتاز کرنے کے لئے صرف تاریخ بدایونی کے نام سے مشہور ہے

بدایونی میں عہد غزنوی سے لیکر اکبر کے چالیس سال تک کے واقعات درج کئے گئے ہیں۔ عہد اکبری کی یہ مستند تاریخ سمجھی جاتی ہے گو اس میں شک نہیں کہ اس نے بہت زیادہ سختی سے تنقید کی ہے

ملا عبد القادر ۹۴۷ھ یا ۹۴۹ھ میں بتقام بدایوں پیدا ہوا۔ اس کے باپ کا نام شیخ ملوک شاہ تھا اور شیخ بچو سنبھلی کا (جو مشہور درویش تھے) مرید تھا۔ ملوک شاہ کا انتقال ۹۶۹ھ میں ہوا۔ (بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۶۸ پر ملاحظہ ہو)

کی تاکہ بطور کتبہ کے وہاں درج کی جائے:-

مارا کہ قدم بر سرِ گردوں ساید — از تودۂ سنگ و گل چہ قدر افزاید
ایں سنگِ شکستہ زاں نہادیم درست — باشد کہ دلِ شکستۂ آساید[1]

غیاث الدین بلبن کے بھتیجے ملک چھجو نے ولایت کڑہ میں سلطان مغیث الدین کا لقب اختیار کرکے اپنے نام کا سکہ اور خطبہ جاری کردیا اور ایک عظیم لشکر لے کر دہلی کی طرف روانہ ہوا۔ جب یہ خبر شاہ جلال الدین خلجی کو پہونچی تو اُس نے اپنے بیٹے ارکلی خاں کو ہراول بنا کر آگے روانہ کیا اور خود بارہ کوس کے فاصلہ سے عقب میں روانہ ہوا۔ ارکلی خاں اور چھجو کا مقابلہ

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۶۷)

عبدالقادر نے تکمیل علوم اسوقت کے بڑے بڑے علماء کی خدمت میں جاکر کی اور علاوہ تمام فنون متداولہ کے موسیقی، تاریخ اور علم نجوم میں بھی کافی مہارت پیدا کی۔ جلال خاں قورچی نے اسے دربار اکبری میں پیش کیا اور چالیس سال تک وہ شیخ مبارک اور اس کے دونوں بیٹے فیضی اور ابوالفضل کے ساتھ رہا۔ بدایونی ہمیشہ ان دونوں بھائیوں سے برہم رہا کیونکہ اس کے نزدیک یہ ملحد تھے۔

ملا بدایونی بڑا فاضل شخص تھا۔ اس نے شہنشاہ اکبر کی فرمایش سے مختلف کتابیں عربی اور سنسکرت سے فارسی میں ترجمہ کیں جن میں معجم البلدان، جامع رشیدی اور رامائن خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔ اس نے فن حدیث میں ایک کتاب بحر الاثمار لکھی اور دوسری کتاب اخلاق میں نجات الرشید تصنیف کی۔ اس نے کچھ حصہ مہابھارت کا بھی فارسی میں ترجمہ کیا تھا اور ملا شاہ محمد شاہ آبادی کی تاریخ کشمیر کا (جسے شاہ آبادی نے اصل ہندی زبان سے ترجمہ کیا تھا) بھی خلاصہ کیا۔ باوجود اس کے کہ ملا عبدالقادر، شہنشاہ اکبر کا بہت زیادہ زیر بار احسان تھا اس نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ وہ اکبر سے اس لئے ملتا تھا کہ اس نے مذہب کا خیال ترک کردیا اور صحیح طریقۂ شریعت سے منحرف ہوگیا تھا۔

چونکہ بدایونی کی نفرت اکبر اور اس کے درباریوں سے اسی بنا پر بہت بڑھ گئی تھی اس لئے اس نے عہد اکبری کی تاریخ نہایت تعصب کے ساتھ درج کی ہے اور اکثر جگہ اپنی بیجا نکتہ چینیوں سے اس کو پایۂ اعتبار سے گرا دیا ہے۔ یہ تاریخ ۱۰۰۴ھ کے ابتدا میں ختم ہوجاتی ہے مراۃ العالم میں لکھا ہے کہ "اس تاریخ کے مسودات عہد جہانگیر میں دستیاب ہوئے۔ اور جب ملا عبدالقادر کی اولاد سے پوچھا گیا تو انھوں نے انکار کیا کہ ہم اس سے واقف نہ تھے۔ چنانچہ جہانگیر اس پر ناخوش ہوا۔ افسوس ہے کہ تزک جہانگیری میں اس کا کہیں ذکر نہیں پایا جاتا۔ تاہم یقینی ہے کہ ۱۰۲۵ھ (یعنی جہانگیر کے دسویں سال جلوس) تک اس تاریخ کا کسی کو پتہ نہ تھا، کیونکہ مصنف مآثر رحیمی شکایت کرتا ہے کہ سوائے طبقات اکبری اور اکبر نامہ کے اور کوئی تاریخ نظر نہیں آتی

ہرچند بدایونی نے اعتراف کیا ہے کہ اس کی تاریخ صرف تاریخ اکبر شاہی اور طبقات اکبری سے ماخوذ ہے حتیٰ کہ وہ نجات الرشید میں اسے صرف طبقات کا خلاصہ تحریر کرتا ہے لیکن واقعہ یہ ہے کہ اس نے بہت کچھ اور بھی شامل کیا ہے اور خصوصیت کے ساتھ وہ لب و لہجہ جس سے اسکا تعصب پیدا ہے صرف بدایونی ہی کے دماغ کا نتیجہ کہا جاسکتا ہے۔ طبقات شاہجہانی میں بدایونی کا سنہ وفات ۱۰۲۴ھ لکھا ہے۔ [1] بدایونی صفحہ ۴۶

ہوا، جس میں تمجو کو شکست ہوئی۔ ملک تمجو نے امیر علی میر جاندار اور دوسرے باغی امراء کو قید کرکے اُنکی گردن میں دوشاخہ[1] ڈال کر اونٹوں پر سوار کر دیا اور اپنے باپ کے پاس اسی حال میں روانہ کیا۔ جب یہ لوگ بادشاہ کے پاس پہونچے تو اُس نے فوراً اپنی آنکھوں پر رومال ڈال لیا اور بے اختیار ہوکر چیخ پڑا کہ "یہ کیا ہے؟ فوراً ان لوگوں کو اُتارو اور حمام میں لے جاؤ" جب یہ لوگ نہا چکے تو خاص خلعتیں عطا ہوئیں اور دربار میں بلاکر حد درجہ نرمی و محبت سے اُن کے ساتھ پیش آیا۔ اُس کے اس طرز عمل سے یہ لوگ سخت منفعل ہوئے لیکن بادشاہ اس کو بھی گوارا نہ کرسکا اور کہا کہ "آپ لوگوں نے مجھ سے بغاوت کرکے کوئی نمک حرامی نہیں کی کیونکہ میں تمہارا بادشاہ نہ تھا کہ مجھ سے مخالفت نمک حرامی ہوتی بلکہ تم نے اپنے ولی نعمت کی طرفداری کی اور یہ تمہارا فرض تھا"

اتفاق سے چند دن بعد تمجو کو بھی کسی زمیندار نے گرفتار کرکے پیش کر دیا۔ بادشاہ نے اس کی بڑی عزت کی اور ملتان بھیجکر وہاں کے حاکم کو لکھا کہ "شاہ بلبن کے برادر زادہ کو نہایت دلجوئی سے رکھا جائے اور اس کے لئے تمام سامان عیش و تفریح کا مہیا کیا جائے"۔ لوگوں نے کہا بھی کہ دشمنوں کے ساتھ یہ سلوک مناسب نہیں ہے ان کو قتل کر دینا چاہئے۔ لیکن سلطان جلال الدین نے کہا کہ "میں ضعیف ہوگیا ہوں اور اسوقت تک میں نے کسی کا خون نہیں بہایا اب وقت آخر میں مجھے اس پر مجبور نہ کرو"۔ اس واقعہ کو ضیاء الدین برنی نے تاریخ فیروز شاہی میں نہایت تفصیل کے ساتھ درج کیا ہے اور لکھا ہے کہ "خود حضرت امیر خسرو نے اس واقعہ کی روایت اُس سے کی تھی"[2]

سلطان جلال الدین کی نرمی و آشتی پسندی سے بعض مفسد مزاج خلجی برہم تھے اور نشہ شراب کے وقت بسا اوقات کہہ گزرتے تھے کہ "ایسے بادشاہ کو قتل کر ڈالنا چاہئے"۔ سلطان جلال الدین کو یہ خبریں ملتی تھیں تو وہ ہمیشہ یہ کہکر ٹالدیتا کہ "شراب کے نشہ میں انسان ایسی ہی فضول باتیں بک دیا کرتا ہے، ان پر اعتنا نہ کرنا چاہئے"۔

جب سلطان کا رحم و کرم اس حد تک بڑھ گیا تو ایک دن ملک تاج الدین کوچی کے مکان پر یہ لوگ جمع ہوئے اور نشہ کی حالت میں یہ فیصلہ کیا کہ "ملک تاج الدین بادشاہ ہونے کے قابل ہے"۔ ایک نے کہا کہ "میں اس نیم شکاری (چاقو) سے جلال الدین کا فیصلہ کئے دیتا ہوں"۔ دوسرے نے کہا کہ "ابھی تلوار سے اس کے دو ٹکڑے کر دوں گا"۔ بادشاہ کو اس کی خبر ہوئی تو سب کو طلب کیا اور برہم ہوکر ایک تلوار ان لوگوں کے سامنے ڈالدی اور کہا کہ "اگر تم میں کوئی مرد ہے تو اسی وقت نکل آئے اور مجھ سے مردانہ فیصلہ کرلے، ورنہ یوں فضول مزخرفات بکنے سے کیا فائدہ ہے"۔ سب لوگ نادم و منفعل کھڑے تھے اور بادشاہ کا غصہ بڑھ رہا تھا۔ آخر ملک ناصر "دوات دار" نے جو بادشاہ کا ندیم تھا اور خود بھی اس سازش کرنے والی جماعت میں شریک تھا عرض کیا کہ "جہاں پناہ کو معلوم ہے کہ نشہ کی حالت میں انسان کے منہ سے ایسی ہی

---

[1] دوشاخہ سے مراد جُوا ہے جو بیلوں کے کندھوں پر رکھا جاتا ہے

[2] تاریخ فیروز شاہی (الیٹ) جلد ۳ صفحہ ۱۳۸ - فرشتہ ۹۱ - طبقات اکبری صفحہ ۵۸

فضول باتیں نکل جاتی ہیں اور اگر بادشاہ مواخذہ کرے گا تو پھر ہم لوگوں کے لئے مفر کہاں ہے"۔ سلطان جلال الدین کا غصہ اس الحاح سے فرو ہو گیا اور کسی کو معمولی تنبیہ بھی نہیں کی[1]

عفو و کرم کی مثال

غیاث الدین بلبن کے عہد میں جب جلال الدین نائب سمانہ اور سہ جاندار تھا، تو صوبہ کیتھل اُس کی حکومت میں تھا۔ اس نے مولانا جلال الدین سے جو شعرائے عصر میں سے تھے اور جن کے پاس ایک گاؤں مدد معاش میں بطور جاگیر یا وظیفہ کے تھا، حسب قاعدہ خراج طلب کیا۔ مولانا نے برہم ہو کر جلال الدین کی ہجو میں ایک مثنوی لکھی اور اس کا نام خلجی نامہ رکھا۔ جب جلال الدین بادشاہ ہوا تو یہ ڈرے اور اپنے گلے میں رسی ڈال کر گناہگاروں کی طرح دربار میں حاضر ہوئے لیکن سلطان جلال الدین نے نہایت عزت سے ان کی پذیرائی کی اور خلعت فاخرہ اور انعامات سے سرفراز کر کے اس گاؤں کے علاوہ ایک گاؤں اور جاگیر میں دیا[2]

دوسری مثال

اس سے زیادہ دلچسپ ایک اور واقعہ ہے۔ جس زمانہ میں جلال الدین نائب سمانہ اور منڈاہروں کے دیہات پر تاخت میں مصروف تھا تو ایک منڈاہر نے اس کے چہرہ پر آکر تلوار ماری اور ایسا سخت زخمی کیا کہ جلال الدین ایک سال تک بیمار رہا اور زخم کا نشان آخر عمر تک نہ گیا۔ جب جلال الدین بادشاہ ہوا تو یہ منڈاہر بھی مولانا جلال الدین کی طرح گلے میں رسی ڈال کر حاضر ہوا۔ سلطان نے اس کو دیکھ کر کہا کہ "میں نے اس منڈاہر جیسا کوئی مرد نہیں دیکھا"، اور علاوہ خلعت وغیرہ کے ایک لاکھ جیتل کا وظیفہ مقرر کیا۔

خدا ترسی

سلطان جلال الدین نے چونکہ مغلوں کے مقابلہ میں متعدد بار جنگ کی اور کامیابی بھی حاصل کی اس لئے اسکے ذہن میں آیا کہ اُسے مجاہد فی سبیل اللہ کہا جائے تو ناموزوں نہ ہوگا۔ اس لئے اُس نے اپنی بیوی ملکہ جہاں سے کہا کہ:۔ "جب قضاۃ و علماء اس کے پاس آئیں تو وہ اپنی طرف سے اس کی تحریک کرے"۔ چنانچہ ملکہ جہاں نے ان لوگوں سے تحریک کی اور سب نے بالاتفاق تسلیم کیا کہ سلطان کو مجاہد فی سبیل اللہ کہنا نہ صرف جایز بلکہ واجب ہے اور جلال الدین کے حضور میں جا کر درخواست پیش کی کہ "آیندہ سے خطبہ میں سلطان کو مجاہد فی سبیل اللہ کے لقب سے یاد کرنے کی اجازت دیجائے" سلطان جلال الدین یہ سن کر کانپ گیا اور آبدیدہ ہو کر کہا کہ "میں نے ملکہ جہاں کو اس پر آمادہ کیا تھا کہ وہ آپ لوگوں سے اس کی تحریک کرے لیکن حقیقت یہ ہے کہ میری یہ تمام نبرد آزمائیاں محض دنیاوی غرض اور ہوس جاہ کی بنا پر تھیں اور جہاد مقصود نہ تھا اس لئے میں اس کا اہل نہیں ہوں اور ہرگز اس لقب کو اختیار نہیں کر سکتا"[3]

---

[1] طبقات اکبری صفحہ ۶۰۔ تاریخ فیروز شاہی (الیٹ) ۳۰۔ ۱۴۲۔ فرشتہ صفحہ ۹۱

[2] تاریخ فیروز شاہی صفحہ ۱۴۳۔ طبقات اکبری صفحہ ۶۰۔ فرشتہ صفحہ ۹۱-۹۲

[3] تاریخ فیروز شاہی۔ ۱۴۵۔ طبقات اکبری صفحہ ۶۱۔ فرشتہ صفحہ ۹۲

امن پسندی

جب سلطان جلال الدین نے ۶۸۹ھ میں جھائیں[1] اور مالوہ فتح کرکے قلعۂ رنتھنبھور کا محاصرہ کیا اور تمام مناجق وغیرہ نصب کرادیں تو اس کو صرف اس وجہ سے انجام تک نہ پہونچا سکا کہ اس میں زیادہ خونریزی ہوتی اور یہ اُسے پسند نہ تھا[2]

سیدی مولہ کا قتل

جلال الدین کے عہد میں سیدی مولہ کے قتل کا واقعہ ایک ایسا ہے جس میں مورخین اُسے قابلِ الزام اور اسکی فطری نرمی کے خلاف خیال کرتے ہیں لیکن اگر منصفانہ نگاہ سے غور کیا جائے تو نہ سیدی مولہ کا قتل نامناسب فعل قرار دیا جاسکتا ہے اور نہ جلال الدین کے رحم و لطف پر کوئی الزام اس سے عاید ہوتا ہے۔ تمام مورخین نے اس واقعہ کو نہایت شرح وبسط کے ساتھ بیان کیا ہے ہم بھی یہاں مختصر الفاظ میں اُس کا ذکر کرنا ضروری خیال کرتے ہیں

سیدی مولہ ایک درویش تھا جو "ولایت ملک بالا" سے عہد بلبن میں دہلی آیا تھا۔ ملحقات شیخ عین الدین بیجاپوری میں لکھا ہے کہ "یہ جرجان سے حضرت شیخ فریدالدین گنج شکر کی زیارت کو ہندوستان آیا تھا اور حضرت شکر گنج کی اجازت سے عہد بلبن میں دہلی آیا تھا"۔ بہرحال یہ یقینی ہے کہ سیدی مولہ ایک بزرگ صورت صوفی منش آدمی تھا اور جب وہ دہلی میں آیا تو بہت جلد اُس کی شہرت عام ہوگئی اور تمام امراء خوانین و ملوک اُس کے پاس آنے جانے لگے۔ کہا جاتا ہے کہ وہ کسی سے ایک پیسہ نہیں لیتا تھا لیکن اُس کے مصارف شاہانہ تھے اور اسی وجہ سے لوگ زیادہ معتقد ہوگئے تھے اُس نے زرِ کثیر صرف کرکے ایک خانقاہ تعمیر کرائی اور نہایت فراخدلی کے ساتھ لنگر جاری کیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اُس کے مطبخ میں روزانہ ایک ہزار من میدہ، دوسو من قند، دوسو من شکر، پانسو من گوشت اور اسی قدر گھی کا صرف تھا۔ علاوہ اس کے وہ نہایت دریا دلی سے ایک ایک شخص کو تین تین ہزار اشرفیاں انعام میں دیدیتا تھا۔ الغرض اُسکی زندگی ایک معمہ تھی اور مخلوق نے ہر طرف سے اُس کو گھیر رکھا تھا۔ جب سلطان جلال الدین کا زمانہ آیا تو بھی اس کی یہی حالت تھی اور تمام امراء وغیرہ وہاں حاضری دیا کرتے تھے۔ ان ہی لوگوں میں ایک شخص قاضی جلال الدین کاشانی بھی تھا یہ شخص بڑا مفسد تھا اور اس نے آہستہ آہستہ اپنا اقتدار قایم کرکے سیدی مولہ کے دل میں سلطنت کی ہوس پیدا کردی اور اب خانقاہ سلطان جلال الدین کے خلاف سازش کا مرکز ہوگئی۔ چند دن بعد سازش مکمل ہوگئی اور یہ قرار پایا کہ آیندہ جمعہ کو جب بادشاہ نماز کے لئے باہر نکلے تو اس کو قتل کردیا جائے اور سیدی مولہ کے دس ہزار مرید جمع ہوکر اپنے پیر کو تخت پر بٹھادیں۔ اتفاق سے ایک شخص اس سازش میں ایسا بھی تھا جو سلطان جلال الدین کا بہی خواہ تھا اس لئے وہ فوراً بادشاہ کے پاس گیا اور تمام حالات مفصل عرض کردئے بادشاہ نے اُن سب کو طلب کرکے دریافت کیا تو سب نے انکار کردیا اور تحقیقات سے بھی کوئی شہادت ایسی فراہم نہ ہوسکی جو جرم کو ثابت کردیتی۔ لیکن چونکہ دیگر ذرایع سے اس سازش کا پایا جانا یقینی طور سے ثابت ہوچکا تھا اس لئے قاضی جلال الدین کاشانی کو بدایوں عہدۂ قضا پر بھیج دیا گیا اور دیگر امراء کو جو

---

[1] فرشتہ نے اسکو جھاین لکھا ہے۔ طبقات اکبری میں جہان درج ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس سے مراد جبین ہے لیکن یہ غلط ہے کیونکہ علاء الدین خلجی کے عہد میں جہاں اس مقام کا ذکر آیا ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مقام رنتھنبھور کے قریب تھا اور اسی کو شہر نو یا نوشہر بھی کہتے تھے۔

[2] فرشتہ صفحہ ۹۴۔ طبقات اکبری ۶۲۔ تاریخ فیروز شاہی ۱۴۶-۱۴۷

سازش میں شریک تھے خارج البلد کر دیا گیا۔ اس کے بعد سیدی مولہ دست و پابستہ قصر کے سامنے لایا گیا۔ بادشاہ اسوقت کوٹھے پر بیٹھا تھا۔ بادشاہ نے سیدی مولہ سے گفتگو شروع کی۔ اسوقت شیخ ابوبکر طوسی بھی جو جلال الدین کا بے انتہا ممنون تھا اپنے چند مریدوں کے ساتھ یہاں موجود تھا اس کی طرف مخاطب ہو کر کہا کہ "دیکھو سیدی مولہ نے مجھ پر کیسا ظلم کیا ہے کچھ تمھیں انصاف کرو" یہ سنتے ہی طوسی کے ایک مرید نے سیدی مولہ پر حملہ کیا اور استرہ سے اُس کو کئی جگہ زخمی کیا قبل اس کے کہ سلطان کوئی آخری فیصلہ کرتا شاہزادہ ارکلی خاں نے وہیں بالاخانہ سے ایک فیلبان کو اشارہ کیا اور اس نے دفعتہً اپنے ہاتھی سے سیدی مولہ کو کچل دیا[1]

سیدی مولہ کے قتل میں جلال الدین قابل الزام نہیں

اول تو واقعات سے کہیں یہ ثابت نہیں ہوتا کہ سیدی مولہ کو جلال الدین نے قتل کر دیا اور اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ وہ اس کے قتل سے خوش ہوا تو ہم نہیں سمجھ سکتے کہ ایک باغی کی سزا اور کیا ہو سکتی ہے۔ اگر اتفاق سے جلال الدین کو سازش کا حال برمحل نہ معلوم ہو جاتا تو نتیجہ یہی ہوتا کہ جلال الدین قتل کر دیا جاتا اور سلطنت اگر سیدی مولہ کو نہ ملتی تو بھی ملک میں نقض امن اور فساد تو ضرور ہی ہو جاتا

سلطان جلال الدین کے متعلق عام طور سے تمام مورخین نے تسلیم کر لیا ہے کہ وہ ضرورت سے زیادہ رحیم و نرم مزاج تھا اور یقیناً اُصول جہانداری کے لحاظ سے اُس میں یہ بڑا نقص تھا کیونکہ وہ اپنی نرمی کی وجہ سے چوروں اور قطاع الطریق کو بھی کافی سزا نہ دے سکتا تھا اس لئے اگر سیدی مولہ کے معاملہ میں اُس نے نسبتاً سختی سے کام لیا تو ظاہر ہے کہ واقعی یہ سازش نہایت سخت رہی ہوگی اور وہ اس فتنہ کے فرو کرنے پر مجبور ہو گیا ہوگا

سلطان جلال الدین اپنی صفات کے لحاظ سے عجیب و غریب بادشاہ تھا اور اس کی زندگی کا کوئی واقعہ ایسا نہیں ہے جو اس کے فطری رحم و رافت کے منافی ہو لیکن افسوس ہے کہ اس کے بھتیجے علاء الدین نے جو اس کا داماد بھی تھا اور ملک چھجو کے بعد کڑہ کا حاکم مقرر کیا گیا تھا نہایت بزدلی اور سفاکی کے ساتھ اسے قتل کرا دیا اور خود تخت نشین ہو گیا۔

علاء الدین کی سرکشی

مورخین نے اس واقعہ کو نہایت تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے ہم بھی مختصراً اس کا ذکر ضروری خیال کرتے ہیں:-

سنہ ۶۹۰ھ / ۱۲۹۱ء میں جب ملک چھجو نے بغاوت کی تو حکومت کڑہ علاء الدین کے سپرد کی گئی جو جلال الدین کا بھتیجہ بھی تھا اور داماد بھی۔ یہ بڑے عزم کا شخص تھا اور چاہتا تھا کہ اپنے مقبوضات کو بہت زیادہ وسیع کر لے۔ چنانچہ اس نے چند دن بعد بھلسہ پر لشکر کشی کی اجازت بادشاہ سے طلب کی اور وہاں سے بہت سا مال غنیمت حاصل کر کے دہلی آیا بادشاہ بہت خوش ہوا اور اقطاع کڑہ کے ساتھ اقطاع اودھ کا اضافہ بھی اس کی حکومت میں کر دیا۔ علاء الدین نے بادشاہ سے چندیری پر تاخت کی اجازت طلب کی اور وہ بھی اس کو دی گئی چنانچہ یہ کڑہ واپس آیا اور ایک کثیر فوج کے

---

[1] فرشتہ صفحہ ۹۳۔ تاریخ فیروز شاہی صفحات ۱۴۴ - ۱۴۵

ساتھ روانہ ہوا۔ حقیقت یہ ہے کہ چندیری کا صرف بہانہ تھا مقصود اس کا دکن کی طرف جانے کا تھا تاکہ وہاں اپنی حکومت مستقلاً قائم کرے۔ کہا جاتا ہے کہ وہ اپنی ساس ملکہ جہاں اداہ اور اپنی بی بی سے آزردہ تھا۔ اس لئے کسی دور جگہ رہنا چاہتا تھا لیکن واقعہ یہی ہے کہ اس کا حوصلہ موجودہ خدمات کے لحاظ سے بہت زیادہ بلند تھا اور وہ جلال الدین شاہ کی محبت و کمزوری سے فایدہ اُٹھا کر ایک خود مختارانہ فرمانروا کی حیثیت پیدا کرنے کا آرزومند تھا

کڑہ میں اس نے کسی سے یہ ظاہر نہیں کیا کہ وہ کہاں جاتا ہے اور سیدھا اچ پور پہونچا (۱۲۹۳ء/۶۹۳ھ) اور یہاں سے چل کر دیوگر فتح کیا اور بہت سا مال غنیمت لیکر خاندیس ہوتا ہوا مالوہ کا رخ کیا اور یہاں سے کڑہ پہونچا

سلطان جلال الدین اس وقت گوالیار کے قریب شکار میں مصروف تھا کہ اسے بھی یہ خبر معلوم ہوئی۔ چونکہ وہ علاء الدین کی طرف سے مشتبہ ہو گیا تھا اس لئے اُمرا سے رائے طلب کی کہ کیا کرنا چاہئے بعض نے یہ رائے دی کہ بادشاہ کو چندیری پہونچکر ڈیرے ڈال دینا چاہئے تاکہ جب علاء الدین اس طرف سے گزرے، تو مجبوراً اُسے حاضر ہو کر سارا مال غنیمت پیش کر دینا چاہئے ورنہ ممکن ہے کہ کثرتِ دولت سے اس کا دماغ منحرف ہو جائے اور سرکشی اختیار کرلے، بادشاہ کو یہ رائے پسند نہیں آئی اور دہلی واپس گیا

چند دن بعد علاء الدین کی عرضداشت کڑہ سے پہونچی کہ میں تمام مال غنیمت پیش کرنے کے لئے آمادہ ہوں لیکن اس خیال سے کہ میں ایک سال سے حاضر نہیں ہوا اور ممکن ہے کہ میرے دشمنوں نے بادشاہ کو بدظن کر دیا ہو اسلئے آتے ہوئے ڈرتا ہوں اگر عفو تقصیر کا فرمان خط مبارک سے لکھ کر بھیجدیا جائے تو میں حاضر ہوتا ہوں۔ اسی کے ساتھ علاء الدین نے لکھنوتی جانے کی طیاریاں شروع کر دیں کہ اگر بادشاہ مع لشکر کے آئے گا تو وہ لکھنوتی پہونچکر وہاں اپنی حکومت قایم کرلے گا

جب علاء الدین نے بادشاہ کو یہ عرضداشت روانہ کی تو ایک خط اپنے بھائی الماس بیگ کے پاس بھی روانہ کیا جسمیں لکھا تھا کہ بادشاہ میری جان کا مالک ہے اور اس کی رنجش نے میری زندگی تلخ کر دی ہے اگر واقعی وہ میرے خون کا پیاسا ہے تو مجھے مطلع کرو تاکہ میں زہر کھا کر مر جاؤں یا کسی طرف نکل جاؤں۔ لیکن یہ خط صرف بادشاہ کے دکھلانے کا تھا۔ خفیہ طور سے اس نے اپنے بھائی کو لکھ بھیجا تھا کہ اس خط کو دکھا کر بادشاہ کو اس بات پر آمادہ کرے کہ وہ جریدہ بغیر لشکر کے کڑہ چلا آوے۔

چنانچہ الماس بیگ نے ایسے رنگ میں اس معاملہ کو پیش کیا کہ جلال الدین تنہا کڑہ جانے پر راضی ہو گیا اور الماس بیگ کو پہلے روانہ کر دیا اور ایک ہزار سوار لیکر کیلوگڈھی سے روانہ ہوا۔ جب ڈبائی پہونچا تو خشکی کا سفر چھوڑکر دریا کا سفر اختیار کیا اور ۷ رمضان ۶۹۵ھ/۱۲۹۶ء کو کڑہ پہونچا۔ علاء الدین نے الماس بیگ کو بادشاہ کے پاس بھیجا تاکہ تنہا بادشاہ کو کشتی میں بٹھا کر لے آئے اور فوج ہمراہ نہ آسکے چنانچہ الماس بیگ اس میں کامیاب ہوا اور عین اُسوقت جبکہ آفتاب غروب ہو رہا تھا اور بادشاہ ساحل پر اُتر کر علاؤ الدین کے ساتھ حد درجہ محبت سے گفتگو کر رہا تھا کہ اس کا سر

جلال الدین کا قتل

تن سے جدا کر دیا گیا

سلطان جلال الدین خلجی نے سات سال اور چند ماہ تک حکومت کی

سلطان علاؤالدین خلجی

۶۹۵ھ / ۱۲۹۵ء = جنوری ۱۲۱۶ء / ۷۱۵ھ

اس میں شک نہیں کہ جس بیدردی کے ساتھ علاء الدین نے اپنے چچا اور خسر سلطان جلال الدین کو قتل کرا کے سلطنت حاصل کی وہ تاریخ اسلام میں بدترین داغ کہا جا سکتا ہے لیکن حیرت ہے کہ وہی شخص جس نے اپنی سلطنت کی ابتدا ایسی سفاکی سے کی ہو، جس نے بدترین خونریزی کے ساتھ تخت حکومت حاصل کیا ہو، باعتبار نظم ونسق، بہ لحاظ فتوحات، بہ حیثیت دولت واقبال ایسا کامیاب حکمران ثابت ہو کہ تاریخ اسلام مشکل سے اس کا کوئی دوسرا نظیر اُس عہد میں پیش کر سکے۔

علاؤالدین کی بیدار مغزی

یہ بالکل صحیح ہے کہ علاء الدین ظالم وسفاک تھا، جاہل وناشائستہ تھا لیکن اسی کے ساتھ یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ وہ بے انتہا بیدار مغز اور مستقل ارادہ کا شخص تھا۔ اس نے بیس سال تک حکومت کی اور اس زمانہ میں سلطنت دہلی کے حدود دکن تک وسیع ہو گئے۔ بڑے بڑے راجاؤں نے سر اطاعت خم کر دیا۔ دولت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ سیکڑوں نئی نئی عمارتیں قائم ہو گئیں۔ علماء وفضلاء سرزمین دہلی کے ذرہ ذرہ سے پیدا ہونے لگے۔ خانقاہیں آباد ہو گئیں۔ مساجد کی رونق بڑھ گئی، مدارس میں درس وتدریس کا مشغلہ عام ہو گیا۔ بڑے بڑے صاحبانِ دل وارباب ذوق رونما ہو گئے۔ دربار اساتذۂ فن کا مرکز بن گیا۔ ارزانی حیرتناک طریقہ تک بڑھ گئی۔ اور سلطنت ایسی نظر آنے لگی جیسے کسی مشینری میں کوئی نہایت قوی اور بالکل نیا انجن کام کر رہا ہو۔ الغرض یہ تھا نظام حکومت اس مسلمان بادشاہ کے عہد کا جس کا شمار حد درجہ کے ظالم لوگوں میں کیا جاتا ہے

سلطنت کی رونق

یقیناً وہ فضولی کی حد تک فیاض وسخی نہ تھا لیکن ایسی متعدد مثالیں ملیں گی کہ مناسب وقت پر اُس نے کمال بیدردی سے دولت صرف کر دی اور مصلحت کے مقابلہ میں کبھی طمع کو ترجیح نہیں دی

داد ودہش

جب علاء الدین کڑہ سے دہلی کی طرف تخت نشین ہونے کے لئے چلا تو اس نے حکم دیا کہ نہایت آزادی کے ساتھ روپیہ تقسیم کیا جائے اس سے مقصود یہ تھا کہ دہلی پہونچتے پہونچتے ایک بڑی جماعت متبعین کی اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔ چونکہ جلال الدین کے قتل سے لوگوں میں برہمی پیدا ہو گئی تھی اور یہ بھی خیال تھا کہ شاید دہلی میں جنگ کرنی پڑے

یہ حد درجہ اُصول وضابطہ کا شخص تھا اور غیر معمولی فہم وفراست رکھتا تھا۔ اس کی کشش کا یہ حال تھا گویا قوتِ مقناطیسی کا خزانہ ہے اور جو اس سے چھو جاتا ہے بغیر متاثر ہوئے نہیں رہتا۔ وہ ہر مسئلہ پر ایسی فاضلانہ اور جنچی تلی رائے دیتا تھا گویا ہر چیز اس پر آئینہ ہے اور ہر معاملہ کا اس نے خردبینی مطالعہ کیا ہے ۔ وہ ایک لمحہ بھی اپنے وقت کا ضایع نہ کرتا اور جب جامعہ کے لکچروں سے فارغ ہوتا تو کتب خانہ میں چلا جاتا اور مطالعہ میں مصروف ہو جاتا

جام زر نے مجھ سے کہا کہ کائنات کا کوئی سیارہ ایسا نہیں ہے جس کے حالات کی تفتیش اس نے نہ کی ہو اور صدگاہوں میں مہینوں بیٹھ کر فضا کی تمام آبادیوں کا مطالعہ نہ کیا ہو۔ اس نے ایک نقشہ طیار کیا تھا جس میں ہر سیارہ کا نام، اس کی جائے وقوع، اس کی آفرینش کا زمانہ، اس کا جغرافیہ، اس کی تاریخ، اسکے سیاسی واقتصادی حالات، سبھی کچھ درج تھا

جب طلبہ کو معلوم ہوا کہ حاکم حاکمیان کا علم اس قدر وسیع ہے تو سب نے اس سے التجا کی کہ وہ اپنی معلومات سے فایدہ اُٹھانے کا موقع دے اور آخر کار ایک دن اس کی تقریر کے لئے مقرر ہو گیا۔

جس پلیٹ فارم پر وہ لکچر دے رہا تھا وہیں اس نے اپنا طیار کیا ہوا نقشہ بھی لٹکا دیا تھا تاکہ موقعہ موقعہ سے وہ اسپر نشاندہی بھی کرتا جائے۔ اس وقت ہر شخص بیتاب تھا اور میں بھی منتظر تھا کہ دیکھوں یہ کرۂ ارض کے متعلق کن خیالات کا اظہار کرتا ہے

اس کے لکچر میں ایک عجیب بات یہ تھی کہ وہ کسی سیارہ کا نام لیکر اس کا ذکر نہیں کر رہا تھا، لیکن جو حالات وہ بیان کر رہا تھا اس سے پتہ چل جاتا تھا کہ وہ کس سیارہ کے متعلق گفتگو کر رہا ہے۔

میں اس کے ایک ایک لفظ کو نہایت غور سے سن رہا تھا، لیکن میری حیرت کی انتہا نہ رہی، جب اس نے اپنا لکچر کرۂ ارض کا ذکر کئے بغیر ختم کر دیا۔ ہر چند دوسرے کروں کے مقابلہ میں کرۂ ارض اپنی تہذیب ومشائستگی کے لحاظ سے اتنا بلند مرتبہ نہیں رکھتا تھا کہ خصوصیت کے ساتھ اس کا ذکر کیا جاتا، لیکن ایک لفظ بھی اس کے متعلق نہ کہنا یقیناً زیادتی تھی جسے میں برداشت نہ کر سکا اور بے اختیارانہ میں نے معلم اکبر سے حاکم وحاکمیان کے اس طرز عمل کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی۔ چونکہ اس دوران میں اکثر طلبہ کو کرۂ ارض کے حالات سے دلچسپی پیدا ہو گئی تھی اس لئے سب نے میرے اس طرز عمل کو پسند کیا اور متعدد آوازیں میری موافقت میں بلند ہونے لگیں

حاکم حاکمیان نے میری طرف حیرت سے دیکھا، کیونکہ وہ مجھے ایک معمولی خامکار طالب علم سمجھتا تھا اور کبھی اسکے خیال میں بھی یہ بات نہ آسکتی تھی کہ میں ایسی جرأت کر سکوں گا۔ لیکن چونکہ وہ بڑا نفسیات داں بھی تھا اور مجمع کے رخ کا اندازہ کر رہا تھا اس لئے وہ اُٹھ کھڑا ہوا اور نقشہ کی طرف ایک خاص جگہ نشاندھی کی جہاں لفظ "کشمکش" درج تھا۔ اس کے بعد اس نے مجمع کو مخاطب کر کے کہا کہ:۔

"میں اپنے عزیز دوست کے احتجاج سے بہت خوش ہوا اور یقیناً میں اس کرۂ "کشمکش" کو نظر انداز نہ کرتا اگر

اس کی تاریخ عہد طفلی سے گزر گئی ہوتی۔ تاہم باوجود اس کے کہ حقیقی تہذیب کے نشانات ابھی تک وہاں نظر نہیں آتے اور اسکا ارتقار ہنوز شروع بھی نہیں ہوا، اس کی ترقی کے امکانات پائے جاتے ہیں۔ میں مبالغہ کا عادی نہیں ہوں، لیکن اسقدر ضرور عرض کروں گا کہ "کرۂ کشمکش" کا مستقبل کافی روشن ہے اور ایک دن آئے گا جب وہ نظام شمسی میں ایک قابل ذکر سیارہ کی حیثیت اختیار کرلے گا۔ اس کی آبادی جس دور سے گزر رہی ہے وہ حیوانات اور مخلوقات اعلیٰ کے درمیان کا دور ہے۔ وہاں کے بسنے والے یقیناً حیوانیت کے حدود سے گزر گئے ہیں لیکن انسانیت کبریٰ کی حدود میں ابھی تک انھوں نے قدم نہیں رکھا۔ وہ انسان تو ہیں لیکن ارتقائی درجہ میں ان کی فطرت انسانیت کی طرف بڑھ رہی ہے لیکن ابھی تک اس کو حاصل نہیں کرسکی۔ اسکی حالت بالکل ایسی ہی ہے جیسے خمیر تو طیار ہو جائے لیکن ابھی اس سے روٹیاں نہ طیار کی جاتی ہوں

آپ نے دیکھا ہوگا کہ جب کوئی نقاش تصویر طیار کرتا ہے تو پہلے اس کا پس منظر متعین کرتا ہے، جب کوئی مغنی گانا چاہتا ہے تو پہلے ایک بے معنی آواز پیدا کرتا ہے، جب کوئی بت ساز مجسمہ طیار کرنا چاہتا ہے تو پہلے ایک خاکہ بنالیتا ہے۔ بالکل یہی حالت "کرۂ کشمکش" کی آبادی کی ہے کہ وہ طیار ہونے والی تصویر کا صرف پس منظر ہے، پیدا ہونے والے نغمہ کی محض ابتدائی آواز ہے اور سانچہ میں ڈھلنے والے بت کا صرف خاکہ ہے۔ یقیناً اس کے بعد تکمیل نقش کے لئے متعدد منازل سے اُسے گزرنا ہے اور جب تک یہ تدریجی ارتقار کا زمانہ ختم نہ ہو جائے، وہ کوئی اہمیت حاصل نہیں کرسکتا، لیکن مجھے یقین ہے کہ وہ مستقبل قریب میں یہ تمام مرحلے طے کرلیگا اور وہاں کا انسان جو اسوقت صرف انسان ہونے کا خواب دیکھ رہا ہے، حقیقی معنے میں جیتا جاگتا چلتا پھرتا انسان نظر آئے گا

باب (۹)

بعض سماوی فن کار

اس وقت یہاں ایک سوسائٹی قایم ہوگئی تھی جس کا نام "انجمن اصلاح زمین" تھا اور میں چاہتا تھا کہ اس میں تمام سماوی انجمنیں حصہ لیں۔ میں چاہتا تھا کہ آسمانی فن کاروں کی انجمن میں سے بعض روحوں کا انتخاب کرکے انھیں کرۂ ارض جانے کی دعوت دوں تاکہ یہ وہاں پہونچکر حصول مقصود میں میری اعانت کرسکیں۔ چنانچہ میں بہت سے روحانی، اخلاقی، ذہنی، جمالیاتی اور غنائی جلسوں میں شریک ہوا تاکہ وہاں دور دراز کروں سے آنے والے طلبہ کا مطالعہ کروں اور اُن میں سے بعض کا انتخاب کرکے کرۂ زمین پر آنے کی دعوت دوں

ان تمام صحبتوں میں سب سے زیادہ دلچسپ و امید افزا انجمن دلآرام کی تھی جہاں کی ہر ہر بات سے خیال و نظر

کی بلندی اور اخلاق کی انتہائی پاکیزگی ظاہر ہوتی تھی۔ اول اول تو میں اس انجمن کی توجہ حاصل نہ کر سکا لیکن آخر کار اس نے بھی ہماری سوسائٹی میں شرکت کا ارادہ کر لیا اور اس میں شک نہیں کہ یہ میری انتہائی خوش قسمتی تھی کہ دلآرام کو اس تحریک کی طرف مایل کر سکا

ایک عام جلسہ برپا تھا اور دلآرام ایک خوبصورت ملکہ کی طرح تمام فضا پر چھائی ہوئی تھی کہ اس نے "آزاد پا" سے جو کرۂ ویرآن کا نمایندہ تھی رقص کرنے کی درخواست کی۔ اب میں کیا کہوں کہ اس کے رقص کا کیا عالم تھا، روح و جسم کی ایسی ہم آہنگی اور نغمہ و حرکت کا ایسا عجیب و غریب توازن کبھی میری نگاہ سے نہ گزرا تھا۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ کائنات کا ہر ہر ذرہ رقص کر رہا ہے اور اگر "آزاد پا" رقص کرتے کرتے ٹھہر گئی تو شاید فطرت اپنی جنبش نبض کھو بیٹھے گی

اس سے قبل ایک بار اس نے مجھ سے عجیب و غریب گفتگو کی تھی۔ اس نے ایک دن کہا کہ "میں تو صرف اس خدا پر ایمان لا سکتی ہوں جو رقاص ہو، جو رقص نواز ہو، میرا معبود ایسا ہی ہے اور اسی لئے میری عبادت میرا رقص ہے"

میں نے کہا کہ "کرۂ ارض کا خدا تو ایسا نہیں ہے، وہاں تو ایک نہایت جبروت و جلال رکھنے والے خدا کی حکومت ہے"

وہ یہ سن کر ہنسی اور جواب دیا کہ "ہوگی، لیکن میں تو خدا کا تصور ہی نہیں کر سکتی جب تک نغمہ و رقص اور حسن و محبت کا تصور میرے سامنے نہ ہو، میں انھیں کیفیات کے اندر اس کو پاتی ہوں اور پھر اس میں کھو جاتی ہوں۔ میرا خدا ایک غیر متناہی رقص و نغمہ ہے، ایک لانہایت حسن و محبت ہے"

جسوقت دلآرام نے اپنا رقص ختم کیا تو میں اُس کی اسی گفتگو کے خیال میں محو تھا اور میری یہ محویت اتنی بڑھ گئی کہ جلسہ ختم ہونے کے بعد بھی یہ سماں عرصہ تک میری آنکھوں کے سامنے پھرتا رہا اور میں اسوقت چونکا جب روحِ اکبر نے جلسہ میں اپنی تقریر شروع کی — اس نے کہا:—

"اے میرے عزیز بچو، شاید تم میں سے بعض کو یہ بات بہت عجیب معلوم ہوگی خدا رقاص ہے اور رقص و نغمہ کو پسند کرتا ہے۔ لیکن جب تم رقص و نغمہ کی حقیقت جان لوگے تو شاید تمھیں اس سے انکار نہ ہوگا

رقص سے یہاں اعضاء کی جنبش مراد نہیں بلکہ روح کا اہتزاز مقصود ہے اور جس چیز کو میں سماوی نغمہ کہتا ہوں وہ صرف فطرت کی ہم آہنگی ہے۔ پھر خدا کا تصور رقاص و نغمہ زن کی حیثیت سے مادی اشکال سے متعلق نہیں بلکہ اس کیفیاتی دنیا سے وابستہ ہے، جہاں ذہن انسانی گنگناتا ہے اور روحِ انسانی رقص کرتی ہے۔

کروں کی گردش میں، ذرات کی حرکت میں، انسان کے ارادہ و عمل میں، ہر جگہ یہی رقاصانہ بیخودی کام کر رہی ہے اور میں نے یہی نشاط و ولولہ پیدا کرنے کے لئے تمھیں یہاں جمع کیا ہے۔

تمھارا انتہا مقصد صرف یہ ہونا چاہئے کہ اپنی روحوں کو نغمۂ الوہیت میں جذب ہو جانے دو، لیکن جسم کو بھی بیکار نہ جانو کہ فی الحقیقت یہ بھی اتنا ہی پاکیزہ و مقدس ہے، جتنی روح اور اس کا حُسن حُسنِ خداوندی کا آئینہ ہے"

اس تقریر کے ختم ہونے کے بعد آزاد پا نے کہا کہ "میں کرۂ ارض جانے کے لئے طیار ہوں تاکہ وہاں کے باشندوں کو رقص کی شعریت اور شعر کا رقص سمجھاؤں"

یہ سُنکر آتش بار جو کرۂ مشتری کا شاعر تھا بولا "تم انھیں رقص کی شعریت تو بیشک سکھا سکتی ہو، لیکن شعر کی کیفیت رقص کیونکر بتا سکوگی اگر تم خود شاعر نہیں ہو"

آزاد پا بولی "واقعی میں شاعر نہیں ہوں، اور اے میرے عزیز دوست مجھے بتایئے کہ شاعری کیا ہے"

آتش بار نے جواب دیا "شاعری انسان اعظم کا خواب صباحی ہے، حُسن کی پاکیزہ سانس ہے، جذبات کی پرستش ہے، موسیقی کا سرچشمہ ہے اور روح کا چھلک پڑنا"

شاہناز نور نے جو کرۂ سیریس کی مغنیہ تھی پوچھا "اے آتش بار شاعری کہاں ملسکتی ہے"

آتش بار بولا "کہیں نہیں، اگر اس کا وجود خود اپنے اندر نہیں ہے۔ شعر نام ہے دل کے جذبات اُبل پڑنے اور روح کے گنگنانے کا"

میں نے پوچھا "شاعری کا مقصد کیا ہے"

اس نے جواب دیا "اس کا مقصود صرف امن و سکون پھیلانا، اور کائنات کو ایک رشتہ سے وابستہ کر دینا ہے"

آہنگ زن، مریخ کے شاعر و مغنی نے پوچھا "لیکن اس نغمہ کو کون گائے گا"

میں نے کہا "آتش بار یہ گیت بنائے گا، تم اس کو موسیقی میں ڈھالوگے اور شاہناز نور اسے گائے گی"

معلم اکبر نے ہم سب کی یہ تجویزیں سنکر کہا:۔ "تم جتنا زیادہ کائنات پر غور کروگے، اسیقدر زیادہ موسیقی اس میں پاؤگے۔ فطرت کی بنیاد ہی موسیقی پر ہے، اور خدا کی زبان صرف موسیقی ہے"

حاکم حاکمیان نے کہا "میں نے اس دوران میں کرۂ زمین یا کرۂ کشمکش کا بہت غایر مطالعہ کیا ہے اور میں کہہ سکتا ہوں کہ وہاں ترقی کے بہت امکانات پائے جاتے ہیں۔ میں نے ارادہ کر لیا ہے کہ میں بھی وہاں جاؤں گا اور یہ خداوندی پیغام لوگوں کو سنا کر ایک نیا معبد بناؤں گا۔ معبدِ محبت، ایک نئی عبادت انھیں سکھاؤں گا۔ عبادتِ لطف و ہمدردی یہ معبد تمام دنیا کا معبد ہوگا اور یہ پوجا تمام مخلوق کی پوجا ہوگی"

اس کے بعد یہ اُٹھے اور ان سب نے اس فہرست میں اپنا نام درج کیا جس میں میرے "اعوان و انصار" کے نام درج تھے۔ اسوقت میری مسرت کا عجیب عالم تھا اور میری زبان بند تھی۔ دل میں جو جذبات موجزن تھے انکے ظاہر کرنے کیلئے مجھے الفاظ نہ ملتے تھے اور میری سمجھ میں نہ آتا تھا کہ خدا کی اس لطف و عنایت کا شکریہ کس طرح ادا کروں۔ میری حالت اسوقت ایک سجدۂ خاموش کی سی تھی، اور میں ایسا محسوس کر رہا تھا، گویا الوہیت کی تمام کیفیتیں میرے اندر سما گئی ہیں اور میں تمام کائنات پر چھایا جا رہا ہوں۔

آیندہ ماہ میں مسئلۂ خلافت وامامت پر ایک معرکۃ الآرا مقالہ کا انتظار کیجئے

نگار

رسالہ ہر مہینے کی ۱۵ تاریخ تک شایع ہوجاتا ہے

رسالہ نہ پہونچنے کی صورت میں ۲۵ تاریخ تک دفتر میں اطلاع ہونی چاہئے ورنہ رسالہ مفت نہ روانہ ہوگا

سالانہ قیمت پانچ روپیہ (صہ) ششماہی تین روپیہ (صے)

بیرون ہند سے بارہ شلنگ آٹھ روپیہ (صے) سالانہ پیشگی مقرر ہے

جلد ۳۲	فہرست مضامین جون ۳۸ء	شمارہ ۶

ملاحظات ---------- ۳

دہلی ولکھنؤ اسکول کی شاعری ---------- عبدالمالک آروی ---------- ۹

وفاق ---------- ۳۴

شیخ امام بخش ناسخ ---------- فراق گورکھپوری ---------- ۴۲

سیاسیات یوروپ ---------- ۴۹

مبادیات تنقید ---------- مجنوں گورکھپوری ---------- ۵۷

منظومات ---------- مضطر ایم۔اے۔ شرف زیدی ---------- ۶۳

اسلامی ہند ---------- ۱۷۵

نغمۂ کارواں ---------- ۲۵

اصلی برقی قوام (تمباکوئے خوردنی قیمتی فی تولہ ۴ھ) جو قطعاً نزلہ نہیں پیدا کرتا۔ شیخ خورشید علی پرفیومر نظیر آباد لکھنؤ کے پتہ سے ملسکتا ہے

اِس ماہ کے رسالہ میں

فہرست سے پہلے آپ کو ایک مطبوعہ کارڈ نظر آئے گا۔ براہِ کرم اسے پڑھ لیجئے اور اگر "مجموعۂ استفسار و جواب" کی کوئی جلد درکار ہے تو اس کی خانہ پُری کرکے بیرنگ پوسٹ کر دیجئے۔ ٹکٹ لگانے کی ضرورت نہیں

لیکن اگر آپ کو ضرورت نہیں یا فی الحال آپ کے پاس یہ مجموعہ موجود ہے تو پھر کارڈ کو ضایع کر دیجئے یا آیندہ کسی وقت کے لئے محفوظ رکھئے

"مجموعۂ استفسار و جواب" ایک قسم کی دائرۃ المعارف یا سائکلوپیڈیا ہے جس میں سیکڑوں ایسے مسائل پر روشنی ڈالی گئی ہے، جن کا علم ہر شخص کے لئے ضروری ہے۔ ہر چند یہ سب نگار میں شایع ہو چکے ہیں، لیکن گزشتہ سترہ سال کی جلدوں کو ہر وقت سامنے رکھنا یا وقت ضرورت ان میں کسی مخصوص بحث کو ڈھونڈھ نکالنا آسان کام نہیں، اس لئے یہ تینوں جلدوں کا مجموعہ اپنے پاس رکھئے تاکہ آپ تلاش و جستجو کی زحمت سے بچیں۔ اگر آپ کے پاس تینوں جلدوں کا پورا سٹ موجود نہیں ہے تو اب اسے پورا کر لیجئے

آیندہ جنوری ۳۹ء کا "نگار"

"مصحفی" نمبر ہوگا

اساتذۂ قدیم میں "مصحفی" جس مرتبہ کا شاعر ہوا ہے، اس کا اندازہ یوں نہ کرنا چاہئے کہ میر کے ساتھ ساتھ اس کا نام بھی لیا جاتا ہے بلکہ اس طرح کہ شاعری کی جن جن اصناف میں اس نے اپنا کمال پیش کیا، اُن کو چھونے کی ہمت میر کو بھی نہیں ہوئی

تمام اُردو شعراء میں یہ خصوصیت صرف مصحفی کو حاصل تھی کہ اس نے ہر رنگ کو اختیار کیا اور جس رنگ کو اختیار کیا اسے اپنا بنا لیا۔ خصوصیت کے ساتھ مشکل زمینوں کو مانوس بنا دینا، کہ اس باب میں تو اس کا ہمسر کوئی پیدا ہی نہ ہوا

مصحفی نمبر، بہت ضخیم ہوگا اور مومن نمبر کی طرح انتہائی احتیاط کے ساتھ مرتب کیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں جن جن عنوانات پر مقالے درکار ہیں ان کی مختصر سی فہرست یہ ہے:۔ (۱) مصحفی کی شاعرانہ خصوصیات۔ (۲) مصحفی تذکرہ نگار کی حیثیت سے۔ (۳) مصحفی اور اسکے ہمعصر اساتذہ (۴) مصحفی اور اسکے تلامذہ (۵) مصحفی کی شاعری پر ماحول کا اثر (۶) مصحفی بہ حیثیت ایک انسان کے۔ (۷) مصحفی ایک نقاد کی حیثیت سے۔ (۸) مصحفی اور مختلف اصناف سخن وغیرہ وغیرہ۔ ان کے علاوہ آپ اور جو عنوان مناسب سمجھیں اس پر لکھ سکتے ہیں۔ مضمون معہ تصویر زیادہ سے زیادہ اکتوبر ۳۸ء کے آخر تک پہونچ جانا چاہئے۔

منیجر نگار

ملاحظات

کیا کانگرس واقعی کامل آزادی چاہتی ہے

جو حضرات نگار کا مطالعہ کرتے رہتے ہیں، انھیں معلوم ہے کہ میں کانگریسی خیال کا آدمی ہوں اور کانگرس ہی کو ملک کا سب سے زیادہ اہم سیاسی ادارہ سمجھتا ہوں، یہاں تک کہ میں نے مسلم لیگ کے وجود کو ہمیشہ بیکار سمجھا اور مسلمانوں کو یہی مشورہ دیا کہ انھیں کانگرس میں شریک ہونا چاہیئے۔ لیکن چونکہ تقلید و تتبع میری فطرت کے خلاف ہے، اور بلا تحقیق و جستجو، بلا تفکر و تدبر، ضمیر کے منافی میں کبھی کوئی راہ اختیار نہیں کرتا، اس لئے کانگرس کی حمایت کے معنی میرے لغت میں یہ نہیں ہو سکتے کہ اگر اس میں کوئی خامی یا نقص پایا جائے تو میں اس کی بھی تعریف کروں اور اگر کسی وقت وہ اپنے مقصد یا عمل کے لحاظ سے قابل اعتراض ادارہ بن جائے تو بھی میں اس کا حامی بنا رہوں

ایک جماعت کی تنظیم کے دو پہلو ہوا کرتے ہیں ایک اس کا نظریہ، دوسرے اس کا عمل، یعنی پہلے ہم یہ متعین کر لیتے ہیں کہ ہمارا مقصود کیا ہے اور پھر اس کے بعد اس کے حصول کے لئے تگ و دو شروع کرتے ہیں، گویا بالفاظ دیگر یوں سمجھئے کہ اُصول و عمل دو چیزیں ہیں جن پر حصول مدعا کا انحصار سمجھا جاتا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ اُصول بالکل بیکار چیز ہے اگر ان پر عمل نہ کیا جائے اور اسی لئے دنیا میں جب کوئی انقلاب رونما ہوا تو وہ اُصول کا نہیں بلکہ شخصیتوں کا مرہون منت تھا اور جب وہ شخصیتیں نہ رہیں تو اُصول بھی بیکار ہو گئے

اس کی کھلی ہوئی مثالیں ہم کو تاریخ مذاہب میں ملتی ہیں۔ اسلام کے اُصول آج بھی وہی ہیں جو تقریباً چودہ سو سال پہلے پائے جاتے تھے۔ لیکن چونکہ شخصیتیں وہ نہیں ہیں اس لئے وہ اُصول بالکل بے روح ہو کر رہ گئے ہیں۔ الغرض ہر اجتماعی ادارہ میں ہمیشہ انھیں دو پہلوؤں کو سامنے رکھ کر تبصرہ کیا جائے گا۔ اب آیئے اس کلیہ کو پیش نظر رکھ کر ہم کانگرس کا بھی تجزیہ کریں

کانگرس نے، ہمیشہ اس کا اعلان کیا کہ وہ ہندوستان کے لئے مکمل آزادی چاہتی ہے اور یہ ایسا اعلان ہے کہ اخلاقی و اُصولی حیثیت سے دشمن کو بھی اس کی مخالفت نہیں ہو سکتی، لیکن اس وقت تک جتنی شخصیتیں اس مقصود کے حصول کے لئے اُٹھیں، ان میں سوائے دو چار کے سب وہی تھیں، جن کی حلق سے تو یقیناً آزادی کی آواز نکلتی تھی، لیکن دل میں اُن کے کچھ اور تھا جسے وہ ظاہر نہ کرتی تھیں —— وہ کچھ اور کیا تھا؟ —— اس کو میں آگے چلکر بیان کروں گا۔ سب سے پہلے ہم کو یہ سمجھنا چاہئے کہ

"مکمل آزادی" کا صحیح مفہوم کیا ہو سکتا ہے

سیاسیات کا ہر طالب علم واقف ہے کہ اب دورِ ملوکیت آخری سانسیں لے رہا ہے اور اس کی جگہ ڈماکریسی نے لیلی ہے لیکن ڈماکریسی سے میری مراد برطانیہ عظمیٰ کی سی اصطلاحی ڈماکریسی نہیں جس کے سامنے ارسٹاکریسی کی عیش پرستیاں اور عیاشیاں بھی شرما جاتی ہیں، بلکہ وہ حقیقی ڈماکریسی جو ملک کے تمام افراد کو انسانیت کی ایک ہی سطح پر دیکھنا چاہتی ہے۔ اس کا نام آپ چاہے جمہوریت رکھئے یا اشتراکیت، فوضویت رکھئے یا عدمیت

نوعِ انسان کی غلامی کا ذمہ دار صرف یہ جذبہ ہے کہ ایک جماعت اپنے آپ کو دوسری جماعت سے بلند سمجھے اور اس جذبہ کی پرورش سب سے زیادہ دو چیزوں نے کی۔ ایک مذہب دوسری دولت، اس لئے اگر دنیا میں کوئی حکومت ایسی ہے جس میں مذہب و سرمایہ داری دونوں کی رعایت کی جاتی ہے تو چاہے وہ اُلوہی حکومت ہی کیوں نہ ہو، لیکن ہے غلامی کی حکومت اور ہم کبھی اس کو آزاد حکومت نہیں کہہ سکتے۔ پھر جس وقت کانگرس کی طرف سے "پورنا سوراج" کا اعلان ہوا تو میں نے غور کیا کہ کیا واقعی وہ مذہب و دولت کی دنیا سے علٰحدہ صرف "انسانیت" کے اُصول پر عمل کرے گی اور کیا ممکن ہے کہ "یہ خاکدانِ ہند" کسی وقت حکومت کے اس فردوسی تخیل کو بروئے کار لا سکے، لیکن قبل اس کے کہ میں کسی نتیجہ پر پہونچتا، خود کانگرس ہی کے طرزِ عمل نے بتا دیا کہ اتنی بلند چیز سے اس کو نسبت دینا درست نہیں اور وہ قوم جو صدیوں سے غلامی کی زندگی بسر کرتی چلی آرہی ہے، اس کی بلند ترین آزادی کا تصور بھی غلامی کی بُو سے پاک نہیں ہو سکتا

میں اسوقت کانگرس کی ابتدائی یا درمیانی تاریخ سے بحث کرنا نہیں چاہتا اور نہ یہ ذکر مناسب ہے کیونکہ یہ زمانہ محض "جد و جہد" کا تھا۔ بلکہ اس دور کو لیتا ہوں جب کوشش کے بعد نتائج پیدا ہونے لگتے ہیں اور آپ بھی میرے ساتھ غور کیجئے کہ کیا کانگرس واقعی "مکمل آزادی" کی طلبگار ہے

اس سے انکار ممکن نہیں کہ اس وقت ہندوستان میں صرف ایک ہی شخصیت ہے جو کانگرس کے عروق میں خون کی طرح دوڑ رہی ہے اور جسے عرصہ سے ڈکٹیٹر کی حیثیت حاصل ہے۔ پھر اس شخصیت کے دخور سے پہلے کانگرس جو کچھ رہی ہو، لیکن اب وہ بالکل اسی کی آواز ہے، اسی کی نگاہ ہے اور اسی کی مرضی پر اس کی کارگاہ قایم ہے، اسی لئے اگر ہم کو گاندھی جی کی ذہنیت کا اندازہ ہو جائے تو کانگرس کا اُصولِ کار آسانی سے سمجھ میں آسکتا ہے

"پورنا سوراج" غالباً گاندھی جی کا وضع کیا ہوا لفظ ہے اور اس کی جو تفسیر انھوں نے بیان کی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا ترجمہ "آزادیِ کامل" ہی ہو سکتا ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ لفظ پورنا کی جو عملی صورت گاندھی جی کے ذہن میں ہے، وہ یا تو اتنی ناقص ہے کہ ہم اس کا ترجمہ "کامل" کو بھی نہیں سکتے یا پھر وہ اتنی انتہا پسند ہے جسے ہم صرف عصبیت کہہ سکتے ہیں یا زیادہ واضح الفاظ میں "ہندو راج"

یقیناً گاندھی جی کے متعلق یہ خیال کرنا کہ وہ ہندوستان میں خالص ہندو راج چاہتے ہیں ان کی توہین ہے اور میں

پورے وثوق کے ساتھ اس کا دعویٰ نہیں کرسکتا کہ واقعی ان کا منشا یہی ہے، لیکن اسی کے ساتھ ہمیں یہ حق بھی حاصل نہیں کہ ہم کسی کے مافی الضمیر سے بحث کریں۔ ہم زیادہ سے زیادہ یہی کرسکتے ہیں کہ ایک شخص کے اقوال وافعال یا ارشادات وہدایات کو دیکھیں اور انھیں سے اس کے مقصود کا سراغ لگائیں

میں پہلے ظاہر کرچکا ہوں کہ ایک ملک کی کامل آزادی ایک کامل ڈماکریسی چاہتی ہے اور صحیح ڈماکریسی میں "مذہب و دولت" دونوں کا گزر نہیں لیکن گاندھی جی بذات خود نہایت شدید وشن پرست انسان ہیں اور مذہب کا کوئی ایسا بلند نظریہ ان کے سامنے نہیں ہے جو ملتوں کے اختلاف کو نظرانداز کردے۔ اسی کے ساتھ وہ سرمایہ دار طبقہ کے بھی حامی ہیں، ہرچند ان کی زندگی رشیوں کی سی زندگی ہے جس میں دنیاوی تعلقات سے کنارہ کشی اختیار کرلیجاتی ہے، لیکن بسا اوقات دنیا سے احتراز کرنا ہی، شدید دنیاوی تعلق بن جاتا ہے اور اس طرح جو اقتدار انسان کو حاصل ہوتا ہے، اس پر قیصر وکسریٰ کی حکومتیں بھی قربان ہیں۔ دولت کا مقصود بھی یہی ہوتا ہے کہ اس کے ذریعہ سے زیادہ سے زیادہ انسانوں کو اپنا فرمانبردار بنایا جاسکے اس لئے جب دولت سے احتراز اس مقصود کو پورا کرنے والا ثابت ہوتا ہے تو پھر فربہی نفس کے لئے کسی اور دولت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ صحیح ہے کہ اس صورت میں خالص ذاتی اغراض متعلق نہیں ہوتیں، لیکن ان کی جگہ اجتماعی اغراض لے لیتی ہیں اور عصبیت کی وہ صورت پیدا ہوجاتی ہے جس میں فرد کا مقابلہ فرد سے نہیں ہوتا، بلکہ ایک جماعت کا دوسری جماعت سے ہوتا ہے۔ الغرض گاندھی جی کا ضمیر کیسا ہی پاک وصاف ہو، لیکن جو راہ انھوں نے کانگرس کے لئے متعین کی ہے اس میں ضرور ایسی آلودگیاں نظر آتی ہیں، جو ایک بلند تخیل کی ڈیماکریسی کے لئے ناقابل برداشت ہیں

گاندھی جی کے ڈپلومیٹ ہونے میں شک نہیں، لیکن انکی ڈپلومیسی میں وہ بلندی نہیں پائی جاتی جو خالص انسانیت پرست انسان کی راہِ عمل میں پائی جانا چاہئے۔ ان کے غرائم میں ایک شیر کا سا ولولہ نہیں ہے بلکہ گھات میں لگے رہنے کا سا انداز ہے تاکہ کم سے کم خطرہ میں پڑکر زیادہ سے زیادہ فایدہ اُٹھایا جائے۔ ان کی ستیاگرہ، اُن کا چرخا اور ان کا کھدر الغرض اُن کی ہر اسکیم میں، مطالبہ کا وہی انداز ہے جو ایک دھرنا دیکر بیٹھ جانے والے سایل کا ہوا کرتا ہے۔ ہرچند مقابلہ کی یہ صورت بہت سخت ہوا کرتی ہے اور دشمن ایک اخلاقی دباؤ محسوس کرکے پریشان ہوجاتا ہے، لیکن اس کامیابی کا ردِ عمل ہمیشہ تنگ نظری ہوا کرتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ گاندھی جی کی ڈکٹیٹرشپ نے کانگرس کی طرف سے ملک کے بعض طبقوں کو بدظن کردیا ہے اور وہ کانگرسی حکومت میں وہ صاف باطنی نہیں پاتے جو مختلف الخیال جماعتوں میں اعتماد پیدا کرکے مرکزیت پیدا کردیتی ہے۔ یہ درست ہے کہ ملک کی اصلاح کے لئے گاندھی جی نے بہت کوشش کی لیکن یہ اصلاح بھی صرف اسی طبقہ تک محدود رہی جس سے وہ وابستہ ہیں، انھوں نے ہریجن تحریک سے ہندو جماعت کی اکثریت کو قوی کرکے کوئی فایدہ پہونچایا ہو تو پہونچایا ہو، لیکن اس سے ملک کو کوئی فایدہ نہیں پہونچا۔ اگر بجائے گاندھی جی کے کوئی ایسا شخص لیڈر ہوتا جو مذہب وسرمایہ داری سے متاثر نہ ہوتا، تو سب سے پہلے وہ ہندؤں اور مسلمانوں کی چھوت چھات کو دور کرتا جو ہریجن تحریک سے زیادہ ضروری تھا، لیکن چونکہ گاندھی جی سخت قسم کے

ہندو ہونے کی وجہ سے خود بھی مسلمانوں کے ساتھ کھانے پینے کو اچھا نہیں سمجھتے اور سرمایہ دار ہندوؤں سے بگاڑنا بھی مناسب نہیں جانتے اس لئے انھوں نے ذات پات مٹانے کی تحریک اسی جماعت میں شروع کی جو بہرنوع ہندو تھی یا ہندویت سے قریب تر، اور مسلمانوں کو بدستور ملکش رہنے دیا۔ الغرض گاندھی جی نے پورنا سوراج کا تو اعلان کر دیا۔ لیکن اس کے حصول کے لئے جو راہ عمل انھوں نے متعین کی وہ مستعمراتی آزادی کی منزل سے آگے نہیں جاتی، اور حقیقت یہ ہے کہ ہندو جماعت جس کا ذہن آزادی کامل کے تصور سے بالکل خالی ہے، اس سے زیادہ کی تمنا کر بھی نہیں سکتی

اب دیکھئے کہ قبول وزارت کے بعد کیا ہوا اور کانگرسی حکومت سے پبلک کو کیا فایدہ پہونچا۔ دنیا کی اور چیزوں کی طرح حکومت کے بھی دو پہلو ہوا کرتے ہیں، داخلی و خارجی۔ خارجی پہلو کے متعلق تو خیر کچھ کہنا ہی فضول ہے، کیونکہ صفائی و پاکیزگی کا جو مفہوم ہندو قوم نے متعین کیا ہے وہ بالکل علحدہ ہے اور اس لئے اگر ہم کو کانگرسی حکومت کے دفاتر میں ظاہری بدترتیبی، گندگی اور پھوہڑپن نظر آتا ہے تو حیرت نہ کرنا چاہئے، لیکن افسوس تو یہ ہے کہ اس کا داخلی پہلو بھی قابل تعریف نہیں اور یہی وہ چیز ہے جو ہمیں یہ سمجھنے میں مدد دیتی ہے کہ ہندوؤں کا واقعی منشا کیا ہے اور گاندھی جی کی رہنمائی میں کونسی ذہنیت نشوونما پا رہی ہے

اس سے انکار ممکن نہیں کہ ان صوبوں میں جہاں کانگرس کی حکومت ہے، ہندوؤں کے حوصلے بہت بڑھ گئے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ اگر مسلمانوں کو انھوں نے ستایا تو حکومت ان کی مدد کرے گی۔ یقیناً کانگرس حکومت نے کبھی سرکاری طور پر اس کا اعلان نہیں کیا کہ وہ دوسری قوموں کے مقابلہ میں ہندوؤں کا ساتھ دیگی، لیکن اس کے عمل سے یہی نتیجہ پیدا ہوتا ہے۔ اس باب میں سب سے بڑا الزام جو کانگرس حکومتوں پر قایم کیا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ ان کی پیدا کی ہوئی ذہنیت مسلمانوں کے ساتھ اتحاد کے بجائے اور زیادہ افتراق کی صورتیں پیدا کرتی چلی جا رہی ہے۔ یہ ہم اس سے پہلے بھی کئی بار لکھ چکے ہیں اور اب پھر اس کا اعادہ کرتے ہیں کہ مسلمانوں کی تہذیب و معاشرت ہندوؤں سے بالکل مختلف ہے اور ہندوؤں نے اگر انکی خصوصیات قومی کو ملحوظ نہ رکھا تو اتحاد ناممکن ہے۔ اس سلسلہ میں سب سے زیادہ اہم مسئلہ زبان کا ہے لیکن بدقسمتی سے اسکو بہت معمولی سمجھا جاتا ہے

آل انڈیا کانگرس کمیٹی اعلان کرتی ہے کہ وہ ایک مشترک زبان "ہندوستانی" کے نام سے رائج کرنا چاہتی ہے جو اردو و ہندی دونوں رسم خط دونوں میں لکھی جائے۔ لیکن کانگرس حکومتوں کو جو مطلب اس کا بتایا جاتا ہے وہ کچھ اور ہے۔ چنانچہ ہمارے صوبہ کی حکومت کا طرز عمل ملاحظہ ہو کہ جب کسی مضمون یا قانون کا ترجمہ انگریزی سے ہندوستانی میں کیا جاتا ہے تو اردو میں علحدہ اور ہندی میں علحدہ، یعنی ان دونوں ترجموں میں صرف رسم خط کا اختلاف نہیں ہوتا بلکہ الفاظ کا بھی ہوتا ہے اور ایسا نمایاں اختلاف کہ دونوں ترجمے دو مختلف زبانوں کے معلوم ہوتے ہیں۔ کیا مشترک زبان پیدا کرنے کی یہی صورت ہوا کرتی ہے؟ ہندوستانی مشترک زبان کی خصوصیت صرف یہ ہونی چاہئے کہ ہر شخص اس کے الفاظ کا مفہوم آسانی سے سمجھ سکے

خواہ وہ الفاظ عربی فارسی کے ہوں یا انگریزی و سنسکرت کے۔ لیکن ہمارے صوبہ کی کانگرسی حکومت نے ہندوستانی "زبان" کا معیار یہ قرار دیا ہے کہ ہر وہ لفظ جو فارسی یا عربی الاصل ہے خارج کر دینے کے قابل ہے، خواہ وہ کتنا ہی عام فہم کیوں نہ ہو اس وقت قانونی کتابوں کے جو ترجمے یہاں رائج ہیں اُن سے گاؤں والے بھی مانوس ہو چکے ہیں اور اس حد تک کہ ساقط الملکیت وغیرہ ایسے الفاظ بھی وہ سمجھ جاتے ہیں، لیکن کانگرسی حکومت ان کی روادار نہیں اور وہ بجائے ان کے اور الفاظ کی جستجو میں ہیں۔ غالباً نامناسب نہ ہوگا اگر اس سلسلہ میں اس ذہنیت کے بعض لطائف یہاں بیان کر دئے جائیں۔

ترجمہ کمیٹی کے سامنے لفظ Enforce یا Applicable کے ترجمہ کا سوال پیش تھا، اس وقت اس کا ترجمہ یوں کیا جاتا تھا کہ "یہ قانون فلاں فلاں جگہ نافذ ہوگا"، اور ہر شخص اسے سمجھ لیتا تھا لیکن چونکہ نافذ عربی الاصل ہے اس لئے اس کو نکالدیا گیا اور اسکی جگہ لاگو کا لفظ تجویز کیا گیا چنانچہ اب جو ترجمے شایع ہو رہے ہیں ان میں یہ عبارت یوں نظر آئے گی کہ "یہ قانون فلاں فلاں جگہ لاگو ہوگا" گویا قانون کوئی بھیڑیا ہے جو کبھی کبھی لاگو بھی ہو جاتا ہے

حال ہی کی بات ہے کہ یہاں کی وزارت کے ایک نہایت زبردست رُکن نے تجویز پیش کی کہ:۔ "صوبۂ متحدہ" کا نام بھی کوئی دوسرا ہونا چاہئے، لوگوں نے پوچھا کوئی نام آپ ہی تجویز فرمائیے، انھوں نے نہایت غور و فکر کے بعد انتہائی متانت سے فرمایا کہ میری رائے میں بجائے "صوبۂ متحدہ" کے "جُٹ صوبہ" زیادہ موزوں ہوگا۔ اس سے زیادہ دلچسپ لطیفہ یہ ہے کہ جسوقت (Supplementry question) کا ترجمہ آپ سے دریافت کیا گیا تو آپ نے بلا تامل فرمایا کہ:۔ "دُم سوال" ——— جل جلالہ ——— "بوجھیں لال بجھکڑ اور نہ بوجھے کوئے"

اس سے بحث نہیں کہ ان کے تجویز کئے ہوئے ترجمے منظور کئے گئے یا نہیں، لیکن دیکھنا یہ ہے کہ وہ کیا ذہنیت تھی جس نے انھیں اس گل افشانی پر مجبور کیا

یہ حال ہے ارکانِ وزارت اور اکابر کانگرس کے تعصب کا جو کونسل چیمبر کے حال میں دن دہاڑے برتا جا رہا ہے اور اسی سے آپ کو اندازہ ہو سکتا ہے کہ دفاتر میں جو پہلے ہی سے مسلمانوں کے خلاف ریشہ دوانیوں کا مرکز بنے ہوئے ہیں، کیا کچھ نہ ہوتا ہوگا۔ کانگرس کی وزارت سے پہلے جب کسی مسئلہ میں مجسٹریٹ ضلع کی رپورٹ استناداً پیش کی جاتی تھی تو

کہا جاتا تھا کہ اس رپورٹ کا کیا اعتبار، لیکن آج جب بدامنی یا ہندو مظالم چھپانے کی ضرورت ہوتی ہے تو اسی مجسٹریٹ کی رپورٹ کو بطور سند پیش کیا جاتا ہے اور معترض کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ اس کا یقین کرے

میں نے بہت غور کیا کہ ایسا کیوں ہے اور ہندؤں کی ذہنیتوں میں یہ تغیر کیوں ہوا، تو اس کا سبب سوائے اسکے کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ مسلمانوں سے بالکل علٰحدہ ہو کر اپنی حکومت قایم کرنا چاہتے ہیں اور ہندوستان میں اسی کو زندہ رہنے کا مستحق سمجھتے ہیں جو گاتیری کا جاپ کر سکتا ہے اور گائے کی پوجا — ہندو مہا سبھا اور اس جماعت میں اگر کوئی فرق ہے تو صرف یہ کہ وہ علی الاعلان مسلمانوں کی مخالف ہے اور یہ گھات سے کام لے رہی ہے

اس سے قبل کی اشاعت میں، یہ ظاہر کر چکا ہوں کہ کانگرس بظاہر وفاق کی مخالف ہے، لیکن جب وقت آئے گا تو وہ ضرور اس میں شریک ہو جائے گی۔ گاندھی جی اور لارڈ لنتھگو کی ملاقات کا بھی یہی مقصود تھا اور اب مسٹر جینا سے جو گفتگو ہو رہی ہے وہ بھی اسی غرض کی تکمیل کے لئے ہے۔ پھر ہو سکتا ہے کہ اس وقت مسلمانوں کو بعض مخصوص رعایتوں کا سبز باغ دکھا کر وفاق کے لئے آمادہ کر لیا جائے، لیکن اس سے مسلمانوں کو یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ ہندؤں کا زاویۂ نظر حکومت کے باب میں بدل گیا ہے۔ وہ اگر مستعمراتی آزادی پر راضی ہیں تو اس لئے کہ برطانیۂ عظمیٰ کی "کامن ویلتھ" سے متعلق ہوئے بغیر وہ یہاں اپنے ہندو راج کے خواب کو پورا ہوتے نہیں دیکھ سکتے اور وہ اس وقت کچھ کھونے کے بعد بھی یہ سودا کرنے کے لئے طیار ہو جائیں گے

لیکن مسلمانوں کو ضرور اپنی جگہ سوچنا چاہئے کہ انھیں کیا کرنا ہے۔ میں نے ہمیشہ یہی کہا اور اب پھر کہتا ہوں کہ وہ کانگرس کی اس پالیسی کا جواب کانگرس میں شریک ہونے کے بعد ہی دے سکتے ہیں۔ کانگرس اپنا نصب العین کامل آزادی متعین کر چکی ہے اور مسلمانوں کا مطمح نظر بھی یہی ہے۔ اس لئے کوئی وجہ نہیں کہ یہ کانگرس میں شریک ہونے سے احتراز کریں

کانگرس اگر ہندو جماعت میں تبدیل ہو گئی ہے تو اس کے ذمہ دار بھی مسلمان ہی ہیں اور اگر وہ اسی طرح آہستہ آہستہ ہندو راج کی تشکیل میں کامیاب ہو گئی تو اس کی ذمہ داری بھی مسلمانوں ہی پر عاید ہو گی — لیکن انفرادی طور پر چند نفوس کی شرکت کوئی معنی نہیں رکھتی — ضرورت ہے کہ اجتماعی حیثیت سے جوق در جوق شرکت کی جائے اور کانگرسی وزارتوں کے اس طرز عمل پر جو مسلمانوں کے مفاد کے خلاف ہو نکتہ چینی کی جائے اور ان کے خلاف نہایت وسیع محاذ جنگ طیار کیا جائے

مسلمانوں کی شرکت سے کانگرس کی موجودہ پالیسی کا بدلجانا بالکل یقینی ہے، کیونکہ مسلمان کبھی مستعمراتی آزادی کا نصب العین لیکر کانگرس میں نہیں جائے گا، بلکہ آزادی کامل کو اپنا مقصود قرار دیکر اس میں شریک ہو گا اور اس طرح کانگرس کی سوشلسٹ جماعت جسے گاندھی جی نے خدا جانے کس طرح اپنے قابو میں کر رکھا ہے قوی ہو جائے گی اور وفاق کے بعد جو ذلت آمیز سودا "ڈومی نین ہوم رول" کا کانگرس کے پیش نظر ہے اس سے ملک کو نجات حاصل ہو جائے گی۔

دہلی ولکھنؤ اسکول کی شاعری

(مولانا عبدالمالک آرزوی کا مقالہ جو انجمن بہار ادب لکھنؤ کے سالانہ جلسہ میں پڑھا گیا)

فلسفہ کے مختلف مسالک، تصوف کے مختلف خانوادوں، فن مصوری و موسیقی کے مختلف اسکول کی طرح شاعری کے بھی بہت سے اسکول گزرے ہیں۔ اور جب تک فطرت انسانی میں تنوع اور طبایع میں اختلاف و تضاد قایم ہے۔ اسی طرح مسلک و اسکول کی تخلیق بھی ہوتی رہیگی صرف فلسفہ یونان کی تاریخ میں سالیس ملیطی سے لیکر فلاطینوس تک تقریباً ایک درجن فلسفہ کے مختلف مسالک کی ہنگامہ زائیاں رہیں کبھی پیروان زرد نقش کو فروغ رہا کبھی سوفسطائیہ کو کبھی اکادیمیین مشائین اور رواقیون، کی سرگرمیاں رہیں کبھی ابیقورین متشککین اور اشراقیون کی گیرائیاں، ہندوستان میں بھی فلسفہ ویدانت، وسانکھیہ، مذاہب جین اور بدھ اسی اختلاف نظر و فکر کی پیداوار ہیں، تصوف کی دنیا میں آیئے وہاں بھی وجود و فنا، عرفان و حضور کے نظریوں کا اختلاف نظر آئے گا ورنہ کوئی وجہ نہ تھی کہ قادریہ و چشتیہ سہروردیہ و فردوسیہ کے خانوادے معرض وجود میں آتے، مصوری کی تاریخ میں بھی آپ کو اطالوی، ایرانی راجپوت و مغل، چینی و جاپانی آرٹ کی رنگینیاں نظر آئیں گی، موسیقی کا بھی یہی حال ہے، مولدات بصرہ اور قینات حجاز اسلامی موسیقی کی تاریخی حقیقتیں ہیں پھر کوئی وجہ نہ تھی کہ شاعری کی دنیا اس کلیہ سے ممتاز رہتی، چنانچہ یہاں بھی آپ کو طرز و ادا کا یہی اختلاف مختلف اسکول کی شکل میں نظر آئے گا، اس وقت میں صرف اُردو شاعری سے بحث کروں گا۔

تاریخ و تذکروں میں اُردو شاعری کے صرف دو اسکولوں کا نام لیا جاتا ہے، یعنی دہلی اسکول اور لکھنؤ اسکول، لطف یہ ہے کہ اگر صرف دہلوی اور لکھنوی تذکروں میں یہ تخصیص و تعیین پائی جاتی تو تعجب کی بات نہ تھی، کیونکہ بہار اور دکن اُردو کے ان مرکزی مقامات سے اسقدر دور واقع ہوئے ہیں کہ میر و قایم گردیزی، و میر حسن سے یہ توقع کرنا درست نہیں کہ وہ بہار و دکن کی خدمات اُردو کو اس عہد میں جسوقت ذرایع رسل و رسایل میں اتنی آسانیاں نہ تھیں۔ بہ وضاحت بیان کریں گے متوسطین تذکرہ نگاروں میں مصحفی نے البتہ بہار کی طرف کافی توجہ کی، دکنی تذکرے بالخصوص خواجہ خاں حمید اورنگ آبادی کا تذکرہ "گلشن گفتار" خود دہلوی شعرا کے حالات سے بڑی حد تک تشنہ ہے، "چمنستان شعرا" شفیق کا بھی یہی حال ہے، گو "گلشن گفتار" کی ایجاز و اختصار کے بدلے اس میں تفصیل و اطناب پایا جاتا ہے، بہاری تذکروں میں سے اکثر طبع ہی نہ ہوئے اور جو طبع بھی ہوئے وہ اب ناپید ہیں،

انجمن ترقی اُردو دکن اور مولانا عبدالحق صاحب کا ملک کو ممنون ہونا چاہئے کہ ان کی کوششوں کی بدولت اہم اور مفید تذکرے شایع ہوئے، انھیں میں تذکرۂ گلزار ابراہیم (نواب ابراہیم خاں خلیل) اور تذکرۂ "گلشن ہند" (مرزا علی لطف) ہیں، خلیل نے آغوش بہار میں نشو و نما پائی لطف، بہاری نہیں ہیں، لیکن "گلشن بیخار" شیفتہ کی روایت کے مطابق وہ کچھ دنوں نواح عظیم آباد میں بھی رہے ہیں، یہی وجہ ہے کہ علی لطف نے اپنے تذکرہ میں جو گلزار ابراہیم سے ماخوذ ہے۔ بہاری شعراء کے حالات لکھے ہیں، ان تذکروں کے علاوہ بہار کے مشہور تذکرے، تذکرۂ عشقی، تذکرۂ شورش، تذکرۂ روز روشن و "معراج الخیال"، عبرتی، بہار کے محققین کے علاوہ دہلی، لکھنؤ اور دکن کے ارباب فکر و ذوق کی نظروں سے ناپید ہیں، بہار کے دور متاخرین میں بعض شعراء نے مفید تذکرے لکھے اور وہ طبع ہو کر اطراف ملک میں پہونچے بھی مثلاً شوق نیموی کا تذکرہ "یادگار وطن" شاد کی "نوائے وطن" اور "حیات فریاد" صفیر کا تذکرہ "جلوۂ خضر"، نواب امداد امام اثر کی "کاشف الحقایق"، شوق اور شاد کے تذکروں میں عموماً معاصرین کے حالات ہیں جلوۂ خضر اور کاشف الحقایق بہت بسیط تذکرے ہیں لیکن بہار کے چند شعراء کے کمالات کا اعتراف کرنے کے علاوہ، ان میں کوئی بہاری شاعری کی خصوصیات سے بحث نہیں کرتا، صفیر نے تو یہاں تک لکھدیا کہ زبان اُردو کا عروج، دہلی اور لکھنؤ تک محدود ہے، (جلوۂ خضر جلد ۲۔ ص ۱۳) لیکن میری یہ تحقیق ہے کہ دہلی اور لکھنؤ کی طرح دکن اور بہار کے بھی مخصوص اسکول ہیں جس طرح حکومت کی سرپرستی، ایرانی صوفیہ و شعراء کی آمد اور مقامی اثرات نے دہلی و لکھنؤ اسکول کی تخلیق کی، انھیں اثرات کے ماتحت بہار اور دکن میں بھی اُردو شاعری کو عروج ہوا

سب سے پہلے یہ غور کرنا ہے کہ دہلی اسکول اور لکھنؤ اسکول کی تخلیق جن اثرات کے اتحت ہوئی بہار اور دکن پر بھی وہی اثرات مترتب ہوئے یا نہیں، محض اس بنا پر کہ بہار یا دکن میں دہلی اور لکھنؤ سے شعراء گئے اور انھوں نے وہاں اپنا اثر پیدا کیا۔ بہار اور دکن کے اسکول شاعری کو دہلی اور لکھنؤ کا پرتو نہیں کہا جا سکتا، بیشک بہار میں دہلی سے کثیر تعداد میں شعراء آئے قائم و میر حسن نے اپنے تذکروں میں ان کا حال لکھا ہے، مصحفی نے تذکرہ "ہندی گویان" میں اور خلیل نے "گلزار ابراہیم" میں ان کے نام گنائے ہیں ان تذکرہ نگاروں کی روایات کے مطابق فغاں، فدوی، ضیاء، عشق دہلی سے بہار میں آکر بہت دنوں رہے، اور ان میں بعض یہیں سپرد خاک ہو گئے، شاہ رکن الدین عشق تو بہت پھولے پھلے، آپ صوفی سجادہ نشین تھے، مریدوں کا حلقہ ہو گیا، آج بھی پٹنہ میں آپکی خانقاہ "تکیہ شریف" کے نام سے موجود ہے جہاں سالانہ عرس ہوا کرتا ہے

خود بہار کے مشہور غزل گو شیخ غلام علی راسخ (متوفی ۱۲۳۸ھ) میر سے جا کر ملے[1] شاد کہتے ہیں یہ ملاقات لکھنؤ میں ہوئی اشکی و جمال نے خواجہ میر درد سے شرف نیاز حاصل کیا[2] لکھنؤ سے مرزا دبیر و میر انیس اور ان کے برادران و عزیزان باکمال بارہ سال تک مسلسل ہر سال ہفتوں تک پٹنہ میں مہمان رہے[3] اور دبیر نے تو آرہ کو بھی رونق بخشی، امیر مینائی ۱۳۰۵ھ میں عظیم آباد

---

[1] تذکرہ آبحیات — [2] حیات فریاد — [3] جلوۂ خضر جلد ۲، ص ۴۶۲ —

میں تشریف لائے اور لوگوں کو اپنے کلام سے محظوظ فرمایا[1]، محض اس آمد و رفت سے بہار کو دہلی یا لکھنؤ کا ذیلی رہا نہیں کہا جا سکتا، ورنہ پھر یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ دہلی اسکول کی تخلیق دکن نے کی، اور لکھنؤ اسکول دہلی اسکول کی پیداوار ہے، تذکروں میں مذکور ہے کہ ولی دکنی کا دیوان دہلی میں آیا تو لوگوں نے ریختہ گوئی کی طرف توجہ کی[2]۔ اسی طرح دہلی سے میر و سودا، ضاحک و انشا، ضیا و حسن، مصحفی و جرأت وغیرہ کا لکھنؤ میں آکر سکونت اختیار کرنا تذکروں میں موجود ہے، ان واقعات کے ہوتے ہوئے اگر دہلی اسکول کی اصلیت تسلیم کی جاتی ہے، اور لکھنؤ اسکول کو دہلی اسکول کا پرتو نہیں کہا جاتا، تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ صفیر بلگرامی کی طرح اردو زبان کی ترقی و عروج کو دہلی اور لکھنؤ تک محدود کر دیا جائے، اور بہار و دکن کو اس کا خوشہ چیں سمجھ لیا جائے۔

دنیا میں اکثر ایسا ہوا ہے کہ ایک ہی دور میں ایک ہی قسم کے اثرات و ماحول نے چند مسالک کی تخلیق کی، فلسفہ و مذہب دونوں کی تاریخیں اس حقیقت سے مالا مال ہیں یہودی فلسفۂ اسکندریہ اور فلسفۂ اشراقی دونوں ایک ہی دور کی چیزیں ہیں، سابق الذکر کے علمبردار "فیلو" (Philo) اور آخر الذکر کے بانی فلاطینوس (Plotinus) دونوں کے افکار میں مماثلت پائی جاتی ہے بعض سطحی اہل قلم نے ان دونوں کو ایک دوسرے کے اثر و تاثر، فعل و انفعال کا نتیجہ بتایا لیکن محققین کے نزدیک یہ نظریہ حقیقت سے دور ہے، واقعہ یہ ہے کہ یہودیوں سے یونانی بت پرست نفرت رکھتے تھے، اور اس لئے یہ کبھی ممکن نہ تھا کہ ان میں باہم اثر و تاثر کی کارفرمائیاں ہوتیں اس لئے اہل نظر و تحقیق نے یہ فیصلہ کیا کہ فلسفہ کے ان دونوں اسکولوں نے ایک ہی اثر کے ماتحت خود مختارانہ ترقی کی، بدھ و جین مذاہب کی تاریخ میں بھی اسی قسم کی شہادت ملتی ہے قدیم علماء کا خیال تھا کہ یہ دونوں ایک ہی مسلک کے دو نام ہیں، یا پھر جین مذہب بدھ مذہب کا پرتو ہے درانحالیکہ اس کو واقعہ سے کوئی سروکار نہیں جین مذہب بدھ مذہب سے بہت قدیم ہے

یہی حال بہار و دکن کے اسکولوں کا ہے۔ ہر چند اسوقت وضاحت کے ساتھ اس پر بحث نہیں ہو سکتی، کہ دہلی اسکول اور لکھنؤ اسکول کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟ اور کیا یہی اجزائے ترکیبی بہار اور دکن اسکول کی تخلیق میں معاون ہوئے، پھر بھی ایجاز و اختصار کے ساتھ عرض کیا جائے گا

دہلی اسکول کی تخلیق میں ایرانی شعراء و صوفیہ کی آمد، اور سلاطین و امراء کی ادب نوازی و بارش کرم کو بڑا دخل ہے، چنانچہ محمد مقیم ہروی، (صاحب اکبرنامہ) اور بدایونی (صاحب منتخب التواریخ) نے سیکڑوں شعراء کے نام گنائے ہیں، جو عہد اکبری میں وارد ہندوستان ہوئے، عبد الباقی نہاوندی نے عبد الرحیم خانخانان کے نام سے "مآثر رحیمی" لکھی، اور خانخانان کی سخاوت دریا دلی اور علم دوستی کے بے شمار واقعات سپرد قلم کئے، عرفی، ظہوری، نظیری، ملک قمی سیکڑوں شعرا اس کے خوان کرم کے ریزہ چیں تھے، اس کے بعد جہانگیر سے لیکر اورنگ زیب تک برابر شعرائے ایران کی آمد رہی، صائب، رکنائے کاشی، ابو طالب کلیم

---

[1] جلوۂ خضر جلد ۲ ص ۲۸۹ — [2] مخزن نکات ص ۱۰۔ تذکرہ جلوۂ خضر جلد ۱ ص ۷۹ — ۸۷۔

طالب آملی، مرزا محمد رفیع سودا، میر تقی میر، قائم اور گردیزی نے شعرائے ریختہ کے حالات میں اپنے تذکرے کسی قدر تقدم و تاخر کے ساتھ اسی عہد میں لکھے ان تذکروں سے پتہ چلتا ہے کہ فارسی شعراء تیزی کے ساتھ ریختہ کی طرف رجوع کرتے جاتے تھے، الغرض ایرانی شعراء کی آمد، فارسی و ہندوستانی زبان کے میل جول، اور سلاطین و امراء کی علمی و ادبی سرپرستی نے اُردو شاعری میں دہلی اسکول کی بنیاد ڈالی، اب آیئے ہم بتائیں کہ بہار و دکن میں انھیں اثرات نے خود مختارانہ اُردو کو نشو و نما دی، دکن کے متعلق صرف اشارے کروں گا، عہد بہمنیہ میں حافظ و جامی کو بلانے کے لئے ایران میں دعوت نامہ جاتا ہے، حافظ شیرازی ہورمز تک آتے ہیں لیکن پھر وطن واپس چلے جاتے ہیں، جامی خواجہ محمود گاوان وزیر اعظم سے معذرت کر لیتے ہیں، شیخ آذری اسفرائنی احمد شاہ بہمنی کے زمانہ میں دکن میں آتے ہیں، فیروز شاہ بہمنی خود بڑا شاعر تھا، تاریخ فرشتہ میں اس کے اشعار بہت ہیں عروجی تخلص کرتا تھا، آوان عادلشاہیہ میں بھی سلاطین نے شاعری کی، یوسف عادل شاہ یوسف اور اسمٰعیل عادل شاہ دو بلند پایہ شعراء گزرے ہیں، قطب شاہی حکومت کا بانی سلطان قلی قطب شاہ خود ریختہ کا شاعر گزرا ہے، قائم کی روایت کے مطابق محمد قلی قطب شاہ کے زمانہ میں ریختہ گوئی کو بڑا عروج تھا اسی زمانہ میں استر آباد سے میر مومن تشریف لائے ان کو حکومت کے معاملات میں بھی دخل تھا، شفیق دکنی نے اپنے تذکرہ "شام غریباں" میں ان ایرانی شعرا کو جمع کر دیا ہے جو ہندوستان میں آئے۔ بہار میں بھی شعرائے ایران اور صوفیہ کی آمد رہی، تذکرۂ صبح صادق میں ان کثیر ایرانی شعراء کے حالات مذکور ہیں جو عظیم آباد میں مقیم رہے، خان آرزو نے مجمع النفائس میں شیخ علی حزیں کے ورود عظیم آباد کا حال لکھا ہے ..... عہد عالمگیری کے مشہور ایرانی شاعر معز فطرت بھی عظیم آباد کے حاکم مقرر ہو کر گئے تھے، ان کا ایک فارسی اُردو مخلوط شعر نکات الشعرا، مخزن نکات، اور جلوۂ خضر (جلد ۱ صفحہ ۱۰۷) میں مذکور ہے، عظیم آباد میں ایرانی شعراء کی اس آمد کا سلسلہ شاد کے زمانہ تک جاری رہا، چنانچہ انھوں نے بھی ملا حاجی بابا کا ذکر کیا ہے، (ملاحظہ ہو حیات فریاد ص ۱۳۲) بہار نے جو شش راسخ اور شاد پیدا کر کے یہ ثابت کر دیا کہ اس کا بھی ایک مخصوص اسکول ہے اور خود ہمارے عہد کے مایۂ ناز مفکر حضرت نیاز کا یہ قول کہ "شاد کا مثل نہ تو دہلی اسکول میں کوئی شاعر ہوا اور نہ لکھنؤ اسکول میں" اس حقیقت پر مہر توثیق ثبت کر دیتا ہے۔ خیر یہاں تک تو ایک ضمنی بحث تھی، اب آیئے غور کریں کہ اصطلاحات دہلی اسکول، اور لکھنؤ اسکول کی کیا تعریف ہے؟ عام طور پر جذبات کی شاعری کو دہلی اسکول کی شاعری اور صنائع بدائع اور لفظی تکلفات کو لکھنؤ کی شاعری سے تعبیر کیا جاتا ہے، اسی لحاظ سے دہلی اسکول کی

شاعری میر سے شروع ہو کر غالب پر ختم ہوتی ہے اور لکھنؤ اسکول کا دور ناسخ سے شروع ہو کر امیر وغیرہ پر تمام ہوتا ہے، اب سوال یہ ہے کہ میر سے قبل اُردو شعراء، خان آرزو، شاہ حاتم، آبرو کو کس اسکول کی طرف منسوب کیا جائے گا، میں شاکر ناجی، یکرنگ وغیرہ کو نظر انداز کر دیتا ہوں، حالانکہ یہ لوگ بھی سلسلۂ ارتقا کی کڑی کے لحاظ سے اپنی جگہ سنگین حقیقتیں ہیں، میں یہ تقسیم ماننے کے لئے طیار نہیں کہ جس مقام اور ماحول میں افراد کے اندر انقلاب ہو اور وہ افراد کوئی سیاسی یا ادبی شاہراہ اختیار کریں تو اس سیاست و ادب کو اسی مقام اور ماحول کی طرف منسوب ہونا چاہئے۔ غالب کے بعد دہلی میں کون شاعر ہوا جس نے دہلی اسکول کی صحیح علمبرداری کی۔ بعض اصحاب نسیم اور داغ کا نام لیں گے لیکن مجھے اس سے اتفاق نہیں" داغ کی زبان دہلوی تھی، لیکن ان کے جذبات پر اودھ ہی کے تخیلات کام کر رہے تھے، وہ دہلی اور لکھنؤ اسکول کے امتزاج و اختلاط کا حقیقی آئینہ ہیں، یہی وجہ ہے کہ یوپی کے مشاہیر شعرا ریاض[1] نے داغ ہی کے دامن تربیت میں پناہ لی، داغ کے رجحان و ذوق پر اودھ کی رنگینیاں اثر انداز تھیں، اسی ہمرنگی نے یو۔پی کے اور شعراء کو بھی داغ کی طرف متوجہ کر دیا

یہ حقیقت ہے کہ لکھنؤ اسکول، غازی الدین حیدر سے قبل کوئی چیز نہ تھا، میں نے ابھی ابھی ظاہر کیا ہے کہ دور محمد شاہی سیاسی اعتبار سے بہت زیادہ نازک تھا لیکن ادبی اعتبار سے حد درجہ انقلاب آفریں گزرا ہے، اسی عہد یعنی ۱۱۳۳ھ میں سلطان محمد شاہ رنگیلے کی طرف سے سید محمد امین کاظمی اودھ کے صوبہ دار مقرر ہوئے، یہ نیشاپور کے رہنے والے تھے، یہی سلطنت اودھ کے بانی گزرے ہیں، انھوں نے شیخ زادوں کو نکال کر لکھنؤ پر قبضہ کیا، ان کے بعد ان کے داماد ابو المنصور صفدر جنگ صوبہ دار اودھ ہوئے جب ۱۱۶۶ھ میں ان کا انتقال ہو گیا تو شجاع الدولہ کو صوبہ داری ملی، یہ بھی ۱۱۸۸ھ میں رہرو ملک بقا ہوئے ان کے بعد نواب آصف الدولہ نے صوبہ کی حکومت سنبھالی آصف الدولہ خود بڑے پایہ کے شاعر تھے، آصف تخلص کرتے تھے، دہلی میں شاہ عالم آفتاب شعر کہتے تھے، اسی زمانہ میں کسی قدر تقدم و تاخر کے ساتھ، میرزا مظہر، خان آرزو، میر اور سودا گزرے ہیں، آصف الدولہ نے ۱۲۱۲ھ میں رحلت کی، نواب سعادت علی خاں نے صوبہ داری کا نظم و نسق شروع کیا، اسی عہد میں انشا اور خلیل نے مشترکہ سعی سے اُردو کی مایۂ ناز کتاب " دریائے لطافت" لکھی۔ ۱۲۳۹ھ میں سعادت علی خاں نے وفات پائی، اور غازی الدین حیدر نے عنان حکومت ہاتھ میں لی، اکبر شاہ ثانی کا زمانہ تھا، انگریزوں نے غازی الدین حیدر کو مطلق العنان بادشاہ بنا دیا اور حکومت کی تبدیلی کے ساتھ زبان میں بھی تبدیلی ہوئی۔ ابھی تک لکھنؤ دہلی اسکول کا تبع تھا۔

میر و مرزا، ضاحک و ضیا، انشا و جرأت شعرائے دہلی کا دور دورہ تھا، کہ قدرت نے اُردو شاعری میں انقلاب کی ضرورت سمجھی اور اسی نے ناسخ کی تخلیق کی۔ " ما ننسخ من آیۃ او ننسہا نات بخیر منہا او مثلہا"۔ ناسخ نے فک زبان کی اصلاح کی طرف توجہ کی دہلی اسکول میں میر و مرزا نے بھی اصلاحیں کی تھیں، لیکن ناسخ کی اصلاحات و اُصول زبان نے اُردو کی

---

[1] ریاض خیرآبادی نے کبھی داغ سے اصلاح نہیں لی۔ ریاض فی الحقیقت امیر کے شاگرد تھے لیکن بعد کو امیر مینائی سے بھی کچھ دنوں استفادہ کیا۔ (نیاز)

کا بابا پسند دی، دہلی اسکول میں مومن کے زمانہ تک اُردو کا وہ انداز نہ تھا، جو ناسخ نے ان سے بہت قبل لکھنؤ اسکول میں جاری کر دیا تھا، ناسخ نے زبان اُردو پر جو احسانات کئے ہیں وہ لسانیات کی نہایت اہم چیزیں ہیں، اس سلسلہ میں صفیر بلگرامی کی جلوۂ خضر (جلد ۲ ص ۳۲-۴۰) قابل مطالعہ ہے۔ ناسخ کے عہد میں لکھنؤ کے اندر خواجہ آتش بھی تھے۔ ایک طرف ناسخ اور ان کے تلامذہ رشک، برق، وزیر، بحر، آباد، سحر، شہید، اثر، کوثر اور مسیحا لکھنؤ اسکول کو چار چاند لگا رہے تھے، دوسری طرف انکے ہمچشم خواجہ آتش اور ان کے تلامذہ اصغر، اعظم، افضل، اوج، بسمل وغیرہ یا بقول صفیر "۳۸ ماہ اوج کمال" اپنی ضیا باریوں سے لکھنؤ اسکول کے نخل کی آبیاری کر رہے تھے۔ ناسخ اسکول نے بہار پر بھی بہت اثر ڈالا تھا، چنانچہ اسی خانوادہ کے مشہور چشم و چراغ شمشاد نے شوق، نیموی، قیس آروی، تمنا پھولواروی اور بدر آروی پیدا کئے، لیکن زمانہ نے اتنی کروٹیں بدلیں، زبان و طرز بیان میں اتنا انقلاب ہوگیا کہ اب نہ تو دہلی اسکول ہی باقی ہے اور نہ لکھنؤ اسکول اور نہ صرف اودھ بلکہ بہار میں بھی ناسخ اسکول کے چند بے کیف اور بے مایہ مقلدین سسک رہے ہیں، یہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ زبان اُردو اس قدر آگے بڑھ گئی ہے، کہ اب نہ تو دہلی اسکول کوئی قابل قدر چیز رہ گیا ہے اور نہ لکھنؤ اسکول جس کو متاخرین نے چوٹی، کنگھی، مسی، جوبن کے مزخرفات سے بدنام کر رکھا تھا، ناسخ نے زبان میں جو انقلاب پیدا کر دیا تھا، اس کو ان کے تلامذہ نے تکمیل تک پہونچا دیا، اب ان کی باقیات محض سعی لاطایل سے کام لے رہی ہے، یہی وجہ ہے کہ صوبہ اودھ کے مشہور بلاد موہان، مراد آباد، کاکوری، بدایوں، میرٹھ اور اکبر آباد سے ایک جدید اسکول پیدا ہوا جس کو نہ دہلی سے واسطہ ہے اور نہ لکھنؤ سے حالی پر جو عہد حاضر کے نظم نگاروں کے اولین اُستاد ہیں غالب کا کافی اثر تھا لیکن صرف تغزل میں، ان کی نظم نگاری انقلاب زمانہ کی پیداوار ہے، اور یہ فخر اودھ ہی کو حاصل ہوا کہ اس جدید اسکول کی ترقی و سربلندی کا سہرا اسی کے سر رہا[1]۔ حالی کے بعد پنجاب کے فرزند اقبال نے اس کو بہت بڑی ترقی دی، اس پر مغربی ادب و خیال کا اضافہ کیا۔ اب یو۔پی میں جوش، سیماب، دکن میں علی اختر، بہار میں ڈاکٹر عظیم جمیل، شمس، ارمان اس اسکول کو فروغ دے رہے ہیں۔ بہرحال عہد حاضر میں اُردو زبان کے اندر تغزل، نظم نگاری کے اعتبار سے جو انقلاب ہوگیا ہے، اس کو میں محض دہلی اسکول کی طرف منسوب کرنے کے لئے تیار نہیں ہاں صوبۂ اودھ کو یہ فخر کرنا چاہئے کہ اس نے حسرت، فانی، جگر اور جوش پیدا کر کے اپنی انقلاب پسندی کا ثبوت دیا ہے، میں صوبۂ اودھ کے اس دور کی شاعری کو "لکھنؤ اسکول کی انقلابی شاعری" سے تعبیر کرتا ہوں اب آیئے فرداً فرداً اودھ کے ان باکمال شعرا کے کلام پر کسی قدر مفصل تبصرہ کیا جائے

حسرت — حسرت کی شاعری پر نقد و تبصرہ کا حق جلیل احمد قدوائی نے جس بصیرت اور نکتہ رسی کے ساتھ ادا کیا ہے اس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا، اس انتقاد نے خود جلیل صاحب کی زندگی کے بعض نقوش نمایاں کر دئے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ذوق سلیم

---

[1] حالی پانی پت کے رہنے والے تھے، یو۔پی یا اودھ سے انھیں کوئی تعلق نہ تھا، اس لئے جدید اسکول کی ترقی و سربلندی کا سہرا پنجاب کے سر رہا نہ کہ اودھ کے (نیاز)

کے ساتھ جب تک راہ عشق سے آگہی نہ ہو، جلیل صاحب کی طرح کوئی حسرت کی شاعری کے حقایق و نکات کو سمجھ بھی نہیں سکتا یہ اُردو زبان کی خوش نصیبی ہے کہ اسے حسرت جیسا شاعر نصیب ہوا، اور حسرت کو ممنون ہونا چاہئے جلیل کا جنھوں نے صحیح معنی میں دنیا سے ان کا تعارف کرایا۔ جلیل صاحب کے نقد و تبصرہ کے بعد حسرت کے متعلق کچھ خامہ فرسائی کرنا تحصیل حاصل ہے لیکن آہنگ تسلسل کو قایم رکھنے کے لئے مجبوراً چند سطور لکھنا ہی ہیں

سب سے پہلے میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ حسرت کی شاعری کے محرکات کیا ہیں؟ جلیل کی طرح میرا بھی ایمان[1] ہے کہ حسرت کی شاعری کا اولین محرک انکا ولولہ عشق ہے، جسے زمانہ نے ہمیشہ محروم کامرانی رکھا، خود حسرت کا اعتراف ہے

یاد ایام کہ ہم جوشِ جنوں میں حسرت — خوار پھرتے تھے پریشان بیابانوں میں

شاعر نے دشت نوردی کی ہو یا نہیں لیکن یہ بالکل حقیقت ہے کہ اس نے شاعرانہ مبالغہ سے کام نہیں لیا، یقیناً وہ میر کی طرح "جوشِ جنوں" کے دور سے گزرے اور اسی عشقبازی نے ان کے اخلاق و کردار پر گہرا اثر ڈالا، فرماتے ہیں:-

گئے عیب سب عشقبازی میں حسرت — نہ بغض و حسد ہے نہ غصہ نہ کینہ

بے اختیار ہمیں اسوقت ظہوری ترشیزی کا یہ شعر یاد آرہا ہے:-

شدہ است سینہ ظہوری پر از محبت یار — برائے کینہ اغیار در دلم جا نیست

حسرت کی شاعری میں نہ کوئی فلسفیانہ پیام ہے، نہ کوئی شاعرانہ معنی آفرینی و نکتہ سنجی بلکہ وہ سیدھے سادے الفاظ میں اپنی کیفیات عشقیہ کو بیان کر دیتے ہیں انھوں نے جس معصومانہ اور پاکبازانہ انداز میں عشقیہ معاملات پر روشنی ڈالی ہے، وہ ہمیں خسرو اور اطالوی شاعری ڈانٹے (Dante) کی یاد دلاتے ہیں، اس میں شک نہیں اسی عشق نے گوئٹے سے "آلام ورتھر" (Sorrows of Werther) لکھوایا اور نواب مرزا شوق سے "زہر عشق"، لیکن گوئٹے اور شوق دونوں کے یہاں غم عشق ولولہ انگیز ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ماہرین نفسیات کی تحقیق کے مطابق ان کے عشق کے اندر جذبۂ جنسی (Sex Instinct) کا غلبہ تھا، اس کے برخلاف خسرو، ڈانٹے اور حسرت ہمیں، محبت افلاطون کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔ خسرو کی شاعری بھی تمثالیم (Romantic) ہے لیکن اس میں میر، ضیا، قایم اور فانی کی قنوطیت نہیں پائی جاتی، کیونکہ ان کے یہاں غم سرمایہ نشاط بن جاتا ہے، اس کے برخلاف خسرو اور حسرت کے یہاں غم و یاس، دل و جگر میں ایک جانکاہ ہوک پیدا کر دیتے ہیں خسرو کا شعر ہے:- شاد باد ات گلستانِ جوانی ہر روز — گرچہ با خسرو از و برگ و نوائے نہ رسید

---

[1] آپ اور جلیل دونوں کا "ایمان" غلط ہے حسرت میں کبھی وہ ولولۂ عشق پیدا نہیں ہوا جس کی محرومی و ناکامی ایک شخص کو شاعر بنا سکتی ہے حسرت شاعر پیدا ہوا تھا جو بغیر عشق کئے بھی شعر کہہ سکتا تھا حسرت کی شاعری عشق سے پیدا نہیں ہوئی بلکہ اسکی شاعری نے اُسے عاشق مزاج بنایا۔ فاضل مقالہ نگار نے ثبوت میں جو شعر پیش کیا وہ درست نہیں کیونکہ حسرت بیابانوں میں کبھی خوار نہیں پھرا، زندانوں میں گرفتار ضرور رہا ہے۔ اس نوع کے ادعائے شاعری سے کسی شاعر کی سیرت پر حکم لگانا مناسب نہیں (نیاز)

حسرت فرماتے ہیں :-

آہ وہ یاد کہ جس یاد کو ہو کر مجبور دل مایوس نے مدت سے بھلا رکھا ہے

دونوں شعروں کو پڑھئے اور پھر سوچئے کہ خسرو اور حسرت سپردگی وفتادگی اور حسرت سنجی و ناکامی کے اعتبار سے کس قدر ایک دوسرے سے قریب ہیں

حسرت کا دیوان ہمیں بے طرح ڈانٹے (Dante) کی یاد دلاتا ہے، جو بقول اطالوی نقاد ادب میزینی ڈانٹے کے عنفوان شباب کی خوشبو ہے، ڈانٹے نے اپنی زندگی کے اٹھائیسویں برس نظم و نثر دونوں میں "بیٹرس" (Beatrice) کے ساتھ اپنے عشق کا حال لکھا، ڈانٹے نے جہاں پر اپنی محبوبہ کی رحلت کا تذکرہ کیا ہے وہاں طرز و بیان کے اندر ایسی عظمت و کشش پیدا ہوگئی ہے کہ میزینی بول اٹھتا ہے کہ اس کا ترجمہ یا تو صرف شیلی (Shelley) کر سکتا تھا یا پھر عہد حاضر میں اس کا حوصلہ کسی عورت ہی کے دل و دماغ کو ہو سکتا ہے، ہاں تو میں کہہ رہا تھا کہ حسرت کی شاعری میں فلسفیانہ و حکیمانہ پیام نہیں، بلکہ وہ خسرو اور ڈانٹے کی طرح اپنی عشقیہ کیفیات، سوگ اور بروگ کا حال بیان کرتے ہیں، ان کا شعر ہے :-

علم و حکمت کا جنھیں شوق ہو آئیں نہ ادھر کچھ نہیں فلسفۂ عشق میں حیرت کے سوا

اس سلسلہ میں انھوں نے محبت و سرفروشی کے اتنے اسرار و نکتے بیان کئے ہیں کہ رہ عشق کا ایک بے خبر انسان حیرت زدہ ہو کر رہ جاتا ہے، میں نے اگلے سطور میں اشارہ کیا تھا کہ حسرت کے عشق میں جوانی کی ہوس رانیوں کو مطلق دخل نہیں انھوں نے بالکل سچ کہا ہے

دیار شوق میں ماتم بپا ہے مرگ حسرت کا وہ وضع پارسا اسکی وہ عشق پاکباز اس کا

اور یہیں سے عشق افلاطونی (Platonic Love) کا سراغ ملتا ہے، عشق افلاطونی کیا ہے ؟ ایک پاکباز محبت ! گوشت پوست کی دنیا سے مجرد، ایک معصومانہ تخیل۔ یہاں ایک غلط فہمی پیدا ہو سکتی ہے، میں حسرت کی شاعری کو اسی دنیا کی چیز سمجھتا ہوں، وہ فلسفہ اشراقی (New Platonism) کے نفس کل اور وحدت و کثرت ( ) کے مسایل نہیں بیان کرنے لگتے، اور نہ ان کا محبوب ماوراء آب و گل کوئی چیز ہے، بلکہ ان کا معاملۂ عشق اسی دنیا کے ایک پیکر مادی کے ساتھ وابستہ ہے، لیکن اس کے اندر جوانی کی سیہ مستیوں اور جذبۂ جنسی کی داعیات کا پتہ نہیں، ان کے سارے کلام میں ان کی "وضع پارسا" اور "عشق پاکباز" کی کارفرمائیاں نظر آتی ہیں

حسرت نے اپنے کلام میں نسیم، مومن و میر کے ساتھ اپنی ارادت و عقیدت کا اظہار کیا ہے اور اپنے خیال میں خود کو انکا ہمرنگ بتایا ہے، اس سلسلہ میں ان کے مفصلہ ذیل اشعار قابل ذکر ہیں :-

حسرت تری شگفتہ کلامی پہ آفریں یاد آگئیں نسیم کی رنگیں بیانیاں

حسرت یہ وہ غزل ہے جسے سن کے سب کہیں مومن سے اپنے رنگ کو تو نے ملا دیا

شیرینیٔ نسیم ہے سوز و گداز میر حسرت ترے سخن پہ ہے لطف سخن تمام

مگر حسرت صاحب مجھے معاف فرمائیں گے مجھے ان سے اتفاق نہیں اور میرے خیال میں انھیں فارسی شعرا کی روش پر مقطعات میں اس نوع کی شاعرانہ رائے زنی کا حق تو ضرور تھا، خواجہ حافظ، خواجو ظہیر کی سیادت تسلیم کرتے ہیں۔ رومی:۔ "جاز پئے سنائی و عطار آمدیم" لکھتے ہیں، غالب ظہوری کے تتبع پر نازاں ہیں:۔

غالب بہ شعر کم ز ظہوری نیم ولے عادل شہ سخن رسد دریا نوال کو

حسرت کو بھی یہ حق حاصل تھا، ان سے کوئی مواخذہ نہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ حسرت کو نسیم و مومن سے دور کا بھی واسطہ نہیں، اور میر کے نشاط انگیز غم کا حسرت کے یہاں باوجود کوشش بھی پتہ نہیں لگتا، میر کے یہاں غم سرمایہ لذت ہے، اسپر میر کے محاسن شعری مستزاد ہیں۔ میر کا شعر ہے:۔

مغاں مجھ مست بن پھر خندۂ قلقل نہ دیگا مئے گلگوں کا شیشہ ہچکیاں لے لیکے رو دیگا

اس نوع کی شاعری کا حسرت کے کلام میں کہیں پتہ نہیں، یا پھر میر کا یہ شعر پڑھئے:۔

قاصد جو واں سے آیا تو شرمندہ میں ہوا بیچارہ گریہ ناک و گریباں دریدہ تھا

اس طرح کے تخیل شعری اور شاعرانہ معنی آفرینی سے حسرت کو کوئی لگاؤ نہیں، اور انھوں نے خود اعتراف کیا ہے

شعر میرے بھی ہیں پر درد ولیکن حسرت میر کا شیوۂ گفتار کہاں سے لاؤں

ہاں ان کا یہ ادعائے سخن ایک حد تک صحیح ہو سکتا ہے:۔

قایم ہے ترے دم سے طرز سخن قایم پھر ورنہ کہاں حسرت یہ رنگ غزل خوانی[1]

بعض مستثنیات کے ساتھ میر، ضیا اور قایم ایک ہی سرچشمۂ انوار کی کرنیں ہیں، میر حسن نے قایم کو طالب آملی کا ہمرنگ بتایا ہے یہ بالکل بے جوڑ سی بات ہے، پھر بھی اس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا، کہ حسرت کے کلام میں میر کا سوز و گداز اور قایم کی سوختہ سامانی دونوں پائی جاتی ہیں۔ اب آیئے ان کے اشعار پر مختصر سا تبصرہ کریں

بھولے سے وہ ادھر بھی جو آ نکلے تھے کہیں اس دن کا بھولتا ہی نہیں ماجرا مجھے

جلیل صاحب نے بھی مقدمہ میں یہ شعر لکھا۔ اور اس پر اپنے خالص معصومانہ انداز میں روشنی ڈالی ہے، یہیں سے مجھے سراغ لگا کہ جلیل صاحب بھی حسرت کی طرح "حریف باد پیما" ہیں، حقیقت یہ ہے کہ "انتخاب شعر" سے بھی انسان کبھی "رسوا" ہو جایا کرتا ہے

---

[1] حسرت کا یہ دعویٰ کہ ان کے کلام میں مومن، نسیم اور میر تینوں کا رنگ پایا جاتا ہے بالکل صحیح ہے۔ حیرت ہے کہ عبدالمالک صاحب حسرت کے یہاں مومن کا رنگ نہیں پاتے۔ درانحالیکہ کلام حسرت میں طرز مومن کی مثالیں بکثرت ملتی ہیں، اسی طرح نسیم کا رکھ رکھاؤ بھی حسرت کے یہاں بہت پایا جاتا ہے۔ البتہ میر کا رنگ بیشک پھیکا ہے اور وہ بھی لفظی حیثیت سے معنوی حیثیت سے نہیں۔

(نیاز)

جلیل صاحب نے مقدمہ میں حسرت کا یہ شعر بھی دیا ہے :۔

ہم سے ہر چند وہ ظاہر میں خفا ہیں لیکن کوشش پرسش حالات چلی جاتی ہے

حسرت نے اس شعر میں جس عاشقانہ احساس و پندار کا اظہار کیا ہے وہ انھیں کا حصہ ہے، عشقیہ معاملات کے نکتہ داں نے اس عمق نظر کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ بعض اوقات ہم حیران رہجاتے ہیں اور حسرت کے کشف و کرامت کا اقرار کرنا پڑتا ہے، لیکن کشف و کرامت سے آپ یہ نہ جان لیں کہ میں حسرت کو صوفی صافی سمجھتا ہوں، گو اپنی بلندی اخلاق اور پاس وضع کے لحاظ سے کسی بڑے سے بڑے زاہد شب برگزیدہ سے کم نہیں کیا شعر کہے ہیں :۔

نہ بھولے گا وہ وقت رخصت کسی کا مجھے مڑ کے پھر اک نظر دیکھ لینا

وہ شرمائی صورت وہ نیچی نگاہیں وہ بھولے سے انکا ادھر دیکھ لینا

مصر کے مشہور نقاد اور ڈاکٹر زکی مبارک نے، نقد شعر و ادب کے سلسلہ میں "صور شعریہ" کو بڑی اہمیت دی ہے، صور شعریہ یہ ہے کہ ہم کسی منظر، یا کیفیت کو اس طرح بیان کریں کہ منظر کی تصویر ہماری آنکھوں کے سامنے آجائے، یا وہ کیفیت خود ہمارے اندر طاری ہو جائے، حسرت کے اشعار بالا پڑھئے اور غور کیجئے اگر مرقع چغتائی کی طرح کبھی کسی مصور کے موئے قلم نے اس کو نقش کیا تو دیکھنے والوں کا کیا حال ہوگا۔ غالب کا مشہور شعر ہے :۔

نگاہ بے محابا چاہتا ہوں ، تغافلہائے تمکیں آزما کیا

حسرت کہتے ہیں :۔

ہے وہاں شان تغافل کو جفا سے بھی گریز التفات نگہ یار کہاں سے لاؤں ،

الغرض حسرت اپنے ادائے بیان اور شعریت کے اعتبار سے ایک مخصوص انفرادیت رکھتے ہیں۔ ان کی شاعری منطق و مطالعہ کی مرہون منت نہیں بلکہ اس کے اندر محض داخلیت کی کارفرمائیاں ہیں۔

اصغر ۔۔ اصغر کی شاعری پر کچھ روز ہوئے نگار میں ہمارے محترم حضرت نیاز مدظلہ نے نقد و تبصرہ کیا تھا، میں حضرت موصوف کو محض ادیب و شاعر نہیں جانتا بلکہ میں ان کو عہد حاضر کا سب سے بڑا مفکر اور پیام بر سمجھتا ہوں، ممکن ہے لوگوں کو اس میں فرط ارادت کی کارفرمائیاں نظر آئیں اور وہ میری اس "نیاز کیشی" کو (Negative self-feeling) کا نتیجہ سمجھیں، لیکن اس اعتقاد کے لئے میرے پاس دلائل و براہین ہیں جو "نیاز نامہ" کی صورت میں بہت جلد ملک کے سامنے آئیں گے، بہرحال باوجود اس ارادت کے میں ان کا مقلد نہیں اور میں ان کی اصابت رائے کا پیہم تجربہ رکھنے کے باوجود ان کی ہر رائے سے پہلے بلا ذاتی تحقیق کے اتفاق نہیں کرتا حالانکہ میری ذاتی تحقیق و کاوش بھی اکثر و بیشتر اسی نتیجہ پر پہونچاتی ہے، اصغر کے متعلق بھی میں نے ذاتی تحقیق کی اور مجھے صاف گوئی کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس معاملہ میں مجھے حضرت نیاز سے اتفاق نہیں۔ نیاز صاحب اصغر کی شاعری کو بہ حیثیت مجموعی اچھی چیز ضرور سمجھتے ہیں لیکن ان کے صوفیانہ رنگ کو وہ پسند نہیں کرتے۔

ان کے نزدیک تغزل کے اندر صوفیانہ افکار کا اختلاط مستحسن نہیں، مجھے یہیں سے نیاز صاحب سے اختلاف ہے، یہ اختلاف ذوق و وجدان کا ہے اس لئے یوں بھی اس کے لئے دلیل و برہان کی ضرورت نہیں، لیکن پھر بھی کچھ کہنا ہی ہے۔

سوال یہ ہے کہ جب عورت و محبت، حسن و رنگ، لذت و الم، حیات و موت ہمارے جذبات کے اندر برانگیختگی اور عضلات میں ہنگامہ پیدا کر دیتے ہیں، تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ تصوف جو نام ہے ایک پاکباز محبت کا اور کثرت کے اندر وحدت کی جلوہ آرائیوں کا، انسان کے اندر شعر گوئی کی صلاحیت نہ پیدا کر دے، یہی وجہ ہے کہ تصوف، فلسفہ اور شعریت کے امتزاج سے دنیا میں بڑے بڑے شعرا پیدا ہوئے، شوپنہار اور ابن سینا، فلسفہ کے ساتھ شاعری کا بھی بلند ذوق رکھتے تھے

ابن عربی، رومی، میر، درد کی صوفیانہ شاعری، بالخصوص صوفیانہ رنگ تغزل سے کس کو انکار ہو سکتا ہے، ترجمان الاشواق اور دیوان شمس تبریز ہمیں اس حقیقت کی طرف متوجہ کرتے ہیں کہ مادی محرکات عشق نے میر، کیٹس، نظیری اور ابن ابی ربیعہ پیدا کئے تو روحانی محرکات عشق نے بھی اس دنیا میں کچھ کم خدمتیں انجام نہیں دیں، جس طرح تخیلات و تصورات ایک اسکول سے دوسرے اسکول ایک عہد سے دوسرے عہد میں منتقل ہوتے ہیں اسی طرح صوفیانہ شاعری کے تخیلات دوسری صدی ہجری سے برابر شعرائے متاخرین کو اثر پذیر کرتے رہے ہیں۔ درد و غالب دونوں کے کلام پر اس رنگ کا اثر پڑا، دونوں نے ادائے بیان میں مختلف اسلوب اختیار کئے ہاں یہ اعتراض ہو سکتا ہے کہ سنائی و عطار، رومی و عراقی کے کلام میں بے ساختہ پن ہے اور صوفیانہ افکار ان کی شاعری پر نفسیاتی ابتہاجیت کے طور پر چھائے ہوئے ہیں لیکن متاخرین میں صوفیانہ شاعری کے اندر تقلیدی رنگ غالب ہو، محسوسات کی دنیا سے الگ ہو کر اصول و ضابطہ کے ماتحت صوفیانہ شاعری کرتے ہیں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کے اشعار فلسفۂ اشراقی کا مسئلہ بن جاتے ہیں، غالب کے یہاں یہ بدعت زیادہ ہے، اصغر نے اسی کی تقلید کی، بہرحال اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ (Suggestionism) کے اندر جہاں کسی کے اندر کسی شخص کی برتری و فوقیت کا احساس ہوتا ہے وہاں "قانون مقارنت" کو بھی بڑا دخل ہے، ہمارے عہد میں بہت بڑے بڑے علما، و ادب موجود ہیں لیکن ہم کسی ایک سے زیادہ اثر پذیر ہوتے ہیں اس کی وجہ وہی ہے کہ اس کے افکار ہمارے نفسیاتی "حال" کے زیادہ مطابق ہیں، اصغر کا بھی یہی حال ہے کہ صوفیانہ شاعری بالخصوص غالب کے تتبع میں انھوں نے اپنے تغزل کی بنیاد تصوف پر رکھی[1]

اب آیئے اس تمہیدی بیان کے بعد اصغر کی شاعری پر بحث کریں، اصغر کی شاعری کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟ میرا خیال ہے کہ

---

[1] میرے متعلق اکثر لوگوں کو یہ غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے کہ میں شعر میں "رنگِ تصوف" پسند نہیں کرتا اور اسی لئے میں اصغر کی شاعری کا معترف نہیں ہوں۔ تفصیل کے ساتھ اظہار خیال کا موقع تو یہ نہیں ہے، تاہم چونکہ بات "سخن گسترانہ" آپڑی ہے، اسلئے مختصراً کچھ عرض کرنا ضروری ہے۔

"تصوف" کا مفہوم دنیا نے جو کچھ قرار دیا ہو، مگر میں اُسے اتنی بلند چیز سمجھتا ہوں کہ اگر ریگزارِ مذہب میں اس کا وجود نہ ہو تو پھر مذہب میں کوئی کشش باقی نہیں رہتی، لیکن اسی کے ساتھ یہ بھی جانتا ہوں کہ وہ ریاضی طبیعیات کی طرح کوئی ایسا علم نہیں ہے جو نظریات و اصطلاحات کا محتاج ہو۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۲۰ پر ملاحظہ ہو)

غالب کی صوفیت اور مومن کی معنویت دونوں کو ملا دیجئے اصغر کی شاعری کا ہیولی بن جائے گا[1]۔ جس طرح مومن کے اشعار ہمیں دعوت غور و فکر دیتے ہیں اسی طرح اصغر کا کلام بھی ہمیں فوراً لطف اندوز نہیں ہونے دیتا، میر و حسرت کی طرح آپ اس کے کلام کو سنتے ہیں

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۹)

وہ بالکل اخلاقی دنیا کی چیز ہے اور اس کا تعلق انسان کے وجدان سے ہے۔ مثلاً یہ محسوس کرنا کہ تمام افراد نوع انسان ایک ہی چیز ہیں اور ان سب کو باہمد گر محبت و ہمدردی کی زندگی بسر کرنا چاہئے، یقیناً تصوف ہے، لیکن اس احساس کی صداقت و حقانیت کے ثبوت کے لئے جیز اصلی، مظہر کل، ناہد، اناہد وغیرہ کی اصطلاحات وضع کرنا اور "ذات و صفات" کے جھگڑے پیدا کرنا قطعاً تصوف سے خارج ہے۔ میں شاعری میں وجدانِ تصوف کے آثار و علائم دیکھ کر بہت لطف اندوز ہوتا ہوں لیکن اصطلاحات تصوف کا استعمال میری طبیعت کو مکدر کر دیتا ہے اور میں ایسا محسوس کرنے لگتا ہوں کہ میری وجدانی کیفیت کم ہوتی جا رہی ہے اور ایسا ہونا چاہئے کیونکہ اس صورت میں ذہن معنویت کی طرف سے خارج کی طرف منتقل ہوتا ہے اور شاعری بالکل منطق کا مسئلہ ہو کر رہ جاتی ہے۔ شاعری میں نعت گوئی سب سے ادنیٰ درجہ کی چیز سمجھی جاتی ہے، لیکن میں اس سے بھی لطف اٹھاتا ہوں اگر واقعی کوئی کیفیت اس میں پائی جائے۔ صمد الہ آبادی کا شعر ہے:۔

او مدینہ میں خدائی کے بلانے والے
منتظر اور بھی دو چار ہیں آنے والے

میں اس شعر کو تمام کلیات محسن پر ترجیح دیتا ہوں، کیونکہ اس میں صرف جذبات ہیں اور یہاں سوائے تکلفات شاعری کے اور کچھ نہیں۔ شہیدی کا ایک شعر تصوف کے رنگ میں ملاحظہ ہو:۔

اس کے الطاف تو ہیں عام شہیدی سب پر
تجھ سے کیا ہند تھی اگر تو کسی قابل ہوتا

اس کے مقابلہ میں غالب کے اس شعر کو پڑھئے:۔

محرم نہیں ہے تو ہی نواہائے راز کا
یاں ورنہ جو حجاب ہے پردہ ہے ساز کا

اور خود فیصلہ کیجئے کہ ان میں کونسا شعر اپنا اثر چھوڑ جاتا ہے۔

میں شعر میں تصوف کا رنگ بہت پسند کرتا ہوں، لیکن صرف اسی حد تک کہ شعر کی شعریت باقی رہے اور ہمارے وجدان کو اصطلاحات تصوف میں الجھا کر تباہ نہ کیا جائے۔ اصغر کے یہاں تصوف کا رنگ اکثر و بیشتر یہی تشکیل صورت اختیار کر لیتا ہے اور اسی لئے میں اسے پسند نہیں کرتا۔ (نیاز)

[1] مجھے اس تجزیہ سے اختلاف ہے۔ مومن کی تو اصغر کو ہوا بھی نہ لگی تھی اور غالب کے تصوف سے بھی انھیں کوئی واسطہ نہ تھا، اصغر کی شاعری کے اجزائے ترکیبی میری رائے میں تین ہیں، غالب کی دقت پسندی، اقبال کی گہرائی اور خود انکا ذاتی "صوفی پن"۔ سو اپنی کم علمی کی وجہ سے وہ غالب و اقبال کے رنگ کو تو نباہ نہ سکے، رہ گئی ان کی "صوفیت"، سو چونکہ وہ بھی اصطلاحی قسم کی مستعار صوفیت تھی، اس لئے "شاہد و مشہود" کے خشک استدلالات سے آگے نہ بڑھ سکی
اصغر بہت ذہین شخص تھے اور فطرت کی طرف سے انھیں سوچنے کا اچھا سلیقہ عطا ہوا تھا، لیکن افسوس ہے کہ مافی الضمیر کے اظہار کے لئے انکو مناسب الفاظ نہ ملتے تھے۔ لیکن اگر کسی جگہ وہ اس میں کامیاب ہو گئے ہیں تو اس میں شک نہیں کہ بے مثل شعر کہہ گئے ہیں۔ (نیاز)

سر دھننے لگیں ممکن نہیں، یہ شعر گوئی اچھی ہے یا بری یہ طبایع کے ذوق و وجدان اور امعان نظر پر موقوف ہے نیاز صاحب جب مومن کی شاعری کو پسند کرتے ہیں، تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ اصغر کی یہ دقت پسندی ان کو ناگوار گزرے[1]۔

اصغر غالب کے صوفیانہ افکار سے پوری طرح اثر پذیر ہیں، "سرسید" نے اصغر کے کلام پر نہایت بصیرت افروز طریقہ سے روشنی ڈالی ہے وہ لکھتے ہیں:—

حکیمانہ خیالات کو جن میں جذبات کی شدت و لطافت بھی ہو، شعریت کے رنگین و پر کیف لباس میں پیش کرنا جناب اصغر کی وہ امتیازی خصوصیت ہے جسے ان کے ہر ناقد نے تسلیم کیا۔ (مقدمہ "سرود زندگی" ص ۸)

موصوف کی رائے اپنی جگہ پر بالکل قطعی ہے، اصغر کہتے ہیں:—

میں ہوں ازل سے گرم رو عرصۂ وجود — میرا ہی کچھ غبار ہے دنیا کہیں جسے

اس شعر کے پڑھنے کے بعد ہم کسی قدر سوچ میں پڑ جاتے ہیں کیا واقعۃً اصغر نے جو تخیل اپنے شعر میں پیش کیا ہے اس پر ان کا اعتقاد بھی تھا، اگر میں غلطی نہیں کر رہا ہوں تو ان کے شعر سے فلسفہ کا ایک خاص مسلک ہمارے سامنے آجاتا ہے۔

جرمنی کے شہرۂ آفاق فلسفی "ہیگل"، کی طرح اسی سرزمین کا ایک اور مفکر ہیکل (Haeckel) گزرا ہے وہ کہتا ہے کہ حدوث کے سوا، کوئی شے مستقل و پایدار نہیں، صرف "جوہر" قدیم اور ناتغیر پذیر ہے، خواہ ہم اس جوہر کو فطرت یا ہیولیٰ سے تعبیر کریں یا خدا یا روح عالم سے "جوہر" کا قانون ہمیں سکھاتا ہے کہ وہ ہمارے سامنے لامتناہی انواع و اقسام کی صورتوں میں ظاہر ہوتا ہے لیکن اس کی مخصوص صفات مادہ اور قوت مستقل ہیں، جوہر کے تمام انفرادی اشکال و صور برباد ہو جانے والے ہیں اصغر نے بھی ہستی کی گرم روی کا جو فلسفہ بیان کیا ہے وہ ہیکل سے ملتا جلتا ہے[2]

اصغر کے کلام پر غالب کا کافی اثر ہے، انکے بعض خیالات، صوفیہ (بالخصوص رومی) کے افکار سے اثر پذیر معلوم ہوتے ہیں، ملاحظہ ہو

نظام دہر کیا بیتابیوں کے کچھ مظاہر ہیں — گداز عشق گویا روح ہے اجزائے عالم کی

شعاع مہر خود بیتاب ہے جذب محبت سے — حقیقت ورنہ سب معلوم ہے پرواز شبنم کی

اس سلسلہ میں رومی کی وہ غزل پڑھئے جس کے دو شعر یہ ہیں:—

تن من چو ماہ ماند کہ ز عشق می گداز د، — دل من چو زنگ زہرہ کہ گسستہ دار بادا

بہ گداز ماہ منگر بہ گسستگی زہرہ، — تو حلاوت غمش بیں کہ یکے ہزار بادا

اصغر فرماتے ہیں کہ "نظام دہر جسے تم کہتے ہو، وہ کوئی نظام ہے تھوڑا ہی، دہر ایک تماشا گاہ بیتابی ہے، عالم کے اجزائے ترکیبی ہی

---

[1] کجا مومن کی دقت آفرینی اور کجا اصغر کی اہمال پسندی، مومن "محذوفات" سے فنی اشارے (Artistic suggestion) پیدا کرتا ہے اور اصغر "زواید" سے مفہوم کو مسخ اور انداز بیان کو غیر شاعرانہ بنا دیتے ہیں "دشتان بین خل و خم" "شراب و سرکہ میں کچھ تو فرق کرنا چاہئے

[2] اسی قسم کے مباحث شعر کو مکروہ بنا دیتے ہیں اور تصوف کا یہی وہ پہلو ہے جس نے تصوف کو لغو و بیکار کر دیا۔ (نیاز)

عشق کی گھلاوٹ ہے، اس کا ثبوت یہ ہے کہ آفتاب بھی کشش عشق کی بنا پر شبنم کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے، ورنہ بیچاری شبنم میں جو اڑنے کی طاقت ہے وہ ہمیں اور آپ کو معلوم ہی ہے، رومی کہتے ہیں کہ میرا جسم عشق سے اسی طرح گھلا جا رہا ہے جس طرح چاند گھل گھلکر گھٹتا ہے، اور میرا دل چنگ زہرہ کی طرح گسستہ تار ہے پھر فرماتے ہیں کہ چاند کی گھلاوٹ اور زہرہ کی گسستہ تاری پر نہ جاؤ، بلکہ انکی علاوت غم پر غور کرو، کہ جس نے ایک شے کے مختلف اجزا کر دئے" اصغر نے جہاں فلسفیانہ اشارات اور صوفیانہ رموز نہیں پیش کئے، وہاں ان کے کلام میں اور زیادہ کیفیت پیدا ہو گئی ہے، فرماتے ہیں:۔

بہائے درد والم در دو غم کی لذت ہے — وہ ننگ عشق ہے جو آہ ہو، اثر کے لئے

ان کا یہ شعر مجھے بیحد پسند ہے:۔

نہ میں دیوانہ ہوں اصغر نہ مجھ کو شوق عریانی — کوئی کھینچے لئے جاتا ہے خود جیب و گریباں کو

"جیب و گریباں" پر کسی صاحب نے اعتراض کیا تھا جس کا جواب نیاز صاحب نے دیدیا ہے

جگر ۔ جگر کا کلام "شعلۂ طور" کے نام سے میرے پیش نظر ہے، اس کی ورق گردانی کرنے کے بعد جو عجیب و غریب چیز نظر آئی وہ جناب سید سلیمان ندوی کا تعارف ہے، سید سلیمان صاحب میں جہاں بہت سی خوبیاں ہیں وہاں بعض خطرناک یا تکلیف دہ قسم کی کمزوریاں بھی ہیں، سید صاحب اپنے اُستاد مولانا شبلی کی طرح علم و ادب کے ہر شعبہ پر کچھ نہ کچھ اپنا تصرف ثابت کرنا چاہتے ہیں شبلی مرحوم تو ( ) تھے، نباہ گئے، ہر چند اس زمانہ میں مشکل ہی سے ان کی کوئی تصنیف ہوگی جو محققین کی ایراد و اعتراض سے پاک ہو، ان کے حواریین کہہ سکتے ہیں اعتراض تو قرآن پر بھی ہوتا ہے، لیکن میں کہوں گا کہ ایسا اعتراض نہیں بلکہ المبرد کی طرح جس نے ابو نواس کے چند شعر پر اعتراض کیا تھا اور جسے اس نے اپنی کتاب العقد میں درج کیا ہے۔ ابن خلکان وفیات الاعیان میں اپنا ایک خواب لکھتے ہیں، جس میں المبرد ظاہر ہوتا ہے اور آپ معترضین کے اقوال نقل کرتے ہیں، ابو نواس کے سلسلہ میں اس کی ایراد پر جو لوگوں نے کئے ہیں، وہ خواب میں بھی اپنی غلطی کا اعتراف کرتا ہے، شبلی مرحوم اگر زندہ ہوتے، تو ان کو سیرۃ النبی، سیرۃ النعمان، شعر العجم کی خامیاں اور غلطیاں ماننا ہی پڑتیں۔ مگر ہمارے سید صاحب کو قدرت کی طرف سے شبلی جیسا ذہن بھی نہیں لیکر آئے ہیں اس پر آپ کی یہ اپج حد درجہ حیرت انگیز ہے، انسان بھی ذوق نمود سے بعض اوقات کس حد تک مجبور ہو جاتا ہے۔ نتیجہ وہی ہوا، کہ "ارض القرآن" سے لیکر آپ کی کل تصنیفات پر لوگوں نے اعتراضات کی بھرمار کر دی اور آج تک آپ کسی کا شافی جواب نہ دے سکے، ممکن ہے کسی کا جواب دیا ہو، میری نظر سے نہیں گزرا، بہر حال "شعلۂ طور" کا تعارف بھی سید صاحب کی اس جابرانہ تصرفات کی قسم کی چیز ہے، اس سے پہلے جناب نیاز صاحب نے "نگار" میں آپ کے ذوق شعری پر تبصرہ کیا تھا، ابھی تک آپ کا وہ مقدمہ داغ جگر نظر سے نہیں گزرا، میں آج تک سمجھے بیٹھا تھا کہ نیاز صاحب نے سنجیدہ شوخی کی، اور کبھی کبھی فرط ہیجان میں وہ ایسا کر بیٹھتے ہیں گو جب وہ شوخ سنجیدگی پر اُتر آتے ہیں تو اپنی مثال نہیں رکھتے۔

سید صاحب کا "تعارف" پڑھنے کے بعد میں دنگ رہ گیا، کیونکہ آج تک مجھے صرف یہ خبر تھی کہ لوگ ان کی علمی تحقیقات

اور ادبی ذوق کے منکر ہیں میرے اندر کبھی بھولے سے بھی یہ بدعقیدگی نہیں پیدا ہوئی کہ سید صاحب کے اخلاق و سلوک کی طرف سے بھی کبھی شک وارتیاب ہو سکتا ہے، مگر میں نے "شعلۂ طور" میں "تعارف" کے یہ چند سطور پڑھے تو آپ یقین مانئے کہ خلاف معمول میری طبیعت میں سخت قسم کی برہمی پیدا ہوئی آپ فرماتے ہیں:۔

اسوقت حاضرین میں مولانا مسعود علی ندوی، مولانا عبدالسلام صاحب ندوی اور دوسرے کمرے میں جہاں آواز جا سکتی تھی، پروفیسر عبدالباری صاحب ندوی تھے اور ان میں سے ہر ایک اپنی اپنی جگہ پر سخن فہمی کا مدعی اور موجودہ شعرا کے عیب و ہنر سے واقف، ان عنایت فرما کے اس تعارف نے گدگدی پیدا کی اور جی چاہا کہ شاعر صاحب سے کچھ سنا جائے اور ان کے اس دعوائے سخنوری کا امتحان لیا جائے، سب کی نظریں ایک خاص نگاہ تبسم کے ساتھ شاعر کے چہرے کی طرف اٹھیں، مگر اس نے اس ماحول سے بے پروا ہو کر ایک عجیب درد انگیز ترنم مست لہجے اور سرشار انداز میں ایک غزل کا ترانہ چھیڑا، ایک دو شعر پڑھے تھے کہ سب کو سنبھل جانا پڑا، ذہن کی رو کو ظرافت سے متانت کی طرف پھیرنا پڑا تبسم کی نگاہ میں تحیر ہوا۔ (شعلۂ طور ص ۲-۳)

میں نہیں کہہ سکتا مولویانہ بطون کی اس سے بڑھکر کوئی افسوسناک تشہیر ہو سکتی ہے، میں پوچھتا ہوں، یہ نووارد شاعر جگر تھے، انھوں نے شبلی ہال کے دنگل میں سب کو پچھاڑ دیا، اگر کوئی معمولی درجہ کا انسان ہوتا، تو کیا آپ لوگ اپنے زعم کمال میں اسی طرح لنکھیاں چلاتے، اسی طرح پھبتیاں کرتے، یہ حال ہے اس جماعت کا جو جلوۂ محراب و منبر کے وقت رو رو کر "ان الذین اجرموا کانوا من الذین آمنوا یضحکون و اذا مروا بہم یتغامزون و اذا نقلبوا الی اہلہم انقلبوا فکہین" کا وعظ کہا کرتی ہے جو اپنے ظاہری تقدس اور مصنوعی ریزش جبیں کے صلہ میں قوم سے دست بوسیوں کی طلبگار رہے ہے

گر نبید بر اں دیدہ کانجا نہ شود گریاں

آپ ہی جیسے حضرات کی کرامت نے تو علما کی شان برقرار رکھی ہے، سچ ہے صومعہ سے نکلکر جب کوئی مولوی صنمخانہ، اور میکدہ میں پہونچتا ہے، تو اس کی گرم نگاہیاں اور دست درازیاں بڑے سے بڑے کہنہ مشق شاہد بازوں، اور بلانوش میخواروں کو بھی شرما دیتی ہیں۔ اسی "تعارف" کے سلسلہ میں ہمارے مولانا فرماتے ہیں:۔

"آخر اعظم گڈھ اور شبلی منزل کی یہی تحسین و آفرین تھی، جو داغ جگر کی دل پذیر شکل میں ملک کے سامنے آئی اور سب نے جگر کو جگر جانا"، میں اس پر صرف اس جملہ کا اضافہ کر دینا چاہتا ہوں کہ شبلی منزل کی اس جگر نوازی کی اشاعت میں حضرت نیاز نے بھی بہت بڑا حصہ لیا ورنہ دنیا جگر کے محاسن شعری کا احساس تو کبھی نہ کبھی ضرور کرتی مگر شبلی ہال کا ذوق سخن فہمی پردۂ کتمان ہی میں رہجاتا۔ سید صاحب جگر کی شاعری پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"جگر مست ازل ہے اس کا دل سرشار الست ہے، وہ محبت کا متوالا اور عشق حقیقی کا جویا، وہ مجاز کی راہ سے حقیقت کی منزل تک اور بتخانے کی گلی سے کعبے کی شاہراہ کو اور خمخانہ کے بادۂ کیف سے خود فراموش ہو کر بزم ساقی کوثر تک پہونچنا چاہتا ہے"

جی ہاں، مولانا سچ کہا وہ تو جگر نے خود ہی فرمایا ہے:۔

قدم ڈگمگائے نظر بہکی بہکی جوانی کا عالم ہے سرشاریاں ہیں

اسوقت مجھے جناب نیاز کے یہ جملے بے طرح یاد آرہے ہیں کہ "جگر کی شاعری پر نقد و تبصرہ کرنے سے سید سلیمان ندوی کا مقصود یہ کچھ تھوڑا ہی تھا کہ جگر کے محاسن شعری پر روشنی ڈالی جائے، بلکہ خیال یہ تھا، کہ اپنے ذوق سخن فہمی پر مہر توثیق ثبت کردیجائے" اور میرے خیال میں سید صاحب نے یہ کر ڈالا۔ "فبای حدیث بعدہٗ یومنون" ۔ اب آیئے جگر کی شاعری پر ایک سرسری نظر ڈالی جائے، یہ تو ظاہر ہے کہ جگر نے اصغر کی تربیت و اصلاح سے استفادہ کیا جس کا اعتراف خود انھوں نے شعلۂ طور میں کیا ہے، جگر کے بہت سے اشعار میں اُستاد کے رنگ کی جھلک پائی جاتی ہے، لیکن ہر جگہ جگر کی انفرادیت بھی قایم ہے، جگر نے اصغر کی طرح غالب و مومن کا گہرا مطالعہ کیا ہے، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کے بعض اشعار سے جگر کے کلام کا توارد ہوگیا، جگر کا شعر ہے:۔

عشق کو مطمئن نہ رکھ حسن کے اعتماد پر وہ تجھے آزما چکا تو اسے آزمائے جا

غالب کا مشہور شعر ہے:۔

حسن اور اسپہ حسن ظن رہگئی بوالہوس کی شرم اپنے پہ اعتماد ہے غیر کو آزمائے کیوں

دونوں شعر ایک ہی مرکزی تخیل کے پرتو ہیں۔

مومن کہتے ہیں:۔

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا ، ، جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

جگر کا شعر ہے:۔

وہ ہمارے قریب ہوتے ہیں جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ غالب و مومن کے مطالعہ نے جگر کے تخیل پر اپنے کافی نقوش چھوڑے ہیں، اس حد تک کہ بعض اوقات وہ غیر شعوری طور پر ان کے کلام کو اپنا کلام سمجھنے لگتے ہیں۔

سید سلیمان ندوی صاحب نے "تعارف" میں ضمناً حافظ، خیام اور ابن یمین کا نام لیا ہے، لیکن یہ نہیں لکھا کہ اُردو میں حافظ کے رنگ کا کوئی شاعر ہوسکتا ہے تو وہ جگر ہے، وہی سرشاری، وہی خماری، وہی رنگینی، و شاہد بازی جس پر تصوف کا دھوکہ ہوجائے، جگر کے یہاں بھی ہیں، خواجہ حافظ کی شاعری نشاط و ابتہاج، رجائیت و تفاول (Optimism) کی شاعری ہے، ان کے یہاں آرزو و تمنا کی ربوبیت، بدرجۂ اتم ہے، یہاں تک کہ جب وہ اپنے شاہد کو "حبیب بادہ پیما" کے ساتھ بادہ نوشی کے لئے مستعد پاتے ہیں تو بھی " بیاد آر حریفان بادپیمارا " کہہ بیٹھتے ہیں جو رجائیت کی انتہا ہے۔

جگر کی غزلیں پڑھنے والے کے دل و دماغ پر ایک کیف و سرمستی پیدا کردیتی ہیں، ان کی بعض غزلیں جو بحر طویل میں ہیں حد درجہ اثر آفریں ہیں، ان کا شعر ہے:۔

عجب انقلاب زمانہ ہے مرا مختصر سا فسانہ ہے یہی اب جو بار ہے دوش پر یہی سر تھا زانوئے یار پر

پوری غزل پڑھ جایئے، اس کا ہر شعر ایک کیفیت و اثر میں ڈوبا ہوا ہے اسی طرح ان کی وہ غزل بھی بہت دلآویز ہے جس کا مطلع یہ ہے:۔

اے حال و قال سے واسطہ نہ غرض مقام و قیام سے جسے کوئی نسبت خاص ہو ترے حسن برق خرام سے

فانی ۔۔ جس طرح شبلی اپنے عہد بلکہ اپنی صدی کے سب سے بڑے غزل گو کی حیثیت سے ہمیں میر سے قریب نظر آتا ہے، اسی طرح فانی اسکاٹ لینڈ کے مشہور ترین غزل گو رابرٹ برنس کے مثل معلوم ہوتے ہیں، اہل نظر ان کو عہد حاضر کا میر کہتے ہیں میرا خیال ہے ضیا اور فانی اور بڑی حد تک قائم میں بھی میر ہی کا سوز و گداز پایا جاتا ہے، ضیا تو بقول مصحفی، میر کے شاگرد ہی تھے۔ (تذکرہ ہندی گویان ذکر ضیا) فانی کے اندر میر کی شاعرانہ رفعت خیال تو نہیں لیکن والہانہ جذبات وہی ہیں، میر ہی کی طرح ان کے یہاں بھی غم سرمایہ نشاط بن جاتا ہے، فانی کے مشہور اشعار ہیں:۔

چلے بھی آؤ یہ ہے قبر فانی دیکھتے جاؤ تم اپنے مرنے والوں کی نشانی دیکھتے جاؤ

سنے جاتے نہ تھے تم سے مرے دن رات کے شکوے کفن سرکاؤ میری بے زبانی دیکھتے جاؤ

حسرت اور فانی میں فرق یہ ہے کہ حسرت کی غمناکیوں کے اندر ایک جانکاہ کیفیت ہے اس کے برعکس فانی کے یہاں غم میں بھی ایک ولولہ ہے، وہ اس سے بھی ایک لذت انگیز کیفیت حاصل کرتے ہیں، فانی کا دوسرا شعر غالب کے اس خیال سے ملجاتا ہے

زمن بہ جرم تپیدن کنارہ می کردی بیا بہ خاک من و آرمیدنم بنگر

یہ فخر صرف یو۔پی کو حاصل ہے کہ ہندوستانی ادب اور مسلمانوں کی زندگی میں ایک انقلاب پیدا کرنے کی خدمت اسی سرزمین کے ہونہار فرزندوں نے انجام دی۔ گو حالی نے اردو ادب میں ایک نئی زندگی پیدا کر دی اور اُن کا مسدس اردو ادب کا ایک غیر فانی شاہکار ہے لیکن اسمٰعیل میرٹھی نے بھی کم خدمت نہیں کی ہے۔ ان کی اخلاقی، قومی اور اصلاحی نظموں اور اکبر کی شوخ تنقیدوں نے نہ صرف مسلمانوں کی اجتماعی زندگی میں ایک عالمگیر آگہی و بیداری پیدا کر دی بلکہ وہ اقبال، جوش، سیماب، جیسے باقیات صالحات بھی چھوڑ گئے جنھوں نے ان کے مشن کو ترقی دی، اور نہیں کہا جا سکتا ارتقا کا یہ سلسلہ کس سطح پر جا کر تمام ہوگا ۔۔ یہ بات لطف سے خالی نہیں کہ اردو ادب کی اس نئی صنف کو ترقی دینے میں یو۔پی ہی کے نوجوانوں اور پختہ کاروں نے زیادہ حصہ لیا، گو اردو نظم کے بانی مولانا حالی پنجاب کے رہنے والے تھے، لیکن اسمٰعیل، جوش، سیماب اور احسان کا وطن یو۔پی ہی ہے۔

جوش نے تغزل کی طرف سے گویا منھ موڑ لیا ہر چند ان کی کتاب "شعلہ و شبنم" میں ان کی قدیم غزلوں کے ساتھ جدید غزلیں بھی چھپی ہیں، اب انھوں نے نظم نگاری ہی کو اپنا طرۂ امتیاز بنا لیا اس صنف پر ان کی قابل قدر کتابیں "نقش و نگار"، "شعلہ و شبنم" اور "فکر و نشاط" وغیرہ شایع ہو چکی ہیں ان کے مطالعہ کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ حالی نے اردو ادب میں جس صنف کی داغ بیل ڈالی تھی، اور جسے اقبال نے مغربی ادب کے امتزاج سے چمکایا، جوش بھی اسی نخل کی آبیاری کر رہے ہیں۔ اس میں

شک نہیں جوش ابھی حکیمانہ ارشاد [illegible] اقبال کی سطح سے بہت نیچے ہیں اقبال نے یورپ جاکر اس سمت کا گہرا مطالعہ کیا اور جرمن اور انگریز شعراء سے کافی طور پر استفادہ کیا، اقبال اپنی علمی استعداد کے اعتبار سے انگریز شاعر گولڈ سمتھ اور ندرت فکر کے اعتبار سے گوئٹے کی ہمنوائی کرتے ہیں [illegible] کا انکار نہیں ہو سکتا کہ جوش کی نظموں میں اقبال سے زیادہ ادبی شگفتگی اور کشش پائی جاتی ہے۔ الغرض اقبال کے بعد [illegible] میں اول درجہ جوش ہی کا ہے ان کی کتاب "شعلہ و شبنم" بہت سی اخلاقی اور قومی نظموں کی حامل ہے، شعلہ و شبنم کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ وہ بائرن (Byron) سے بہت قریب ہیں، بائرن کے ہنگامہ زائیوں نے اسے عرفی کی طرح وطن سے ہجرت کرنے پر مجبور کیا میزنی (Mazzini) کا بیان ہے کہ قریب تھا کہ یورپ سے اسکو نکالا جائے، جوش کی نظمیں "نازک اندامان کالج سے خطاب" اور "ذاکر سے خطاب" اسی نوع کی چیزیں ہیں

جوش کے بعد سیماب کے کارنامے نظر آتے ہیں آپ کی کتابیں "کلیم عجم" اور "کارامروز" چھپ کر شایع ہو چکی ہیں، اقبال کی طرح داغ ہی سے تلمذ حاصل ہے۔

سیماب کی کتابوں کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ انہیں تخلیقی (Reproductive) سے زیادہ (Reproductive) رجحان کا غلبہ ہے "کلیم عجم" اور "کارامروز" میں ان کی بہت سی نظمیں ہیں لیکن انہیں بیشتر تقلیدی رنگ پایا جاتا ہے، آپ کی ایک نظم گوتم بودھ پر ہے اس میں فرماتے ہیں:-

روشنی جس کی نہ ہوگی ماند وہ مشعل ہے تو سرزمین ہند کا عرفانی اول ہے تو (کارامروز)

پہلے تو "عرفانی اول" کی ترکیب ہی کچھ غیر مانوس سی ہے، اس کے علاوہ آپ کا یہ دعویٰ بھی واقعات کے اعتبار سے صحیح نہیں گوتم بودھ سے پہلے جین مذہب کے ۲۴ "فری تھنکر" پیدا ہو چکے ہیں اور یہ سب بہت بڑے زاہد متاس اور عارف باللہ گزرے ہیں خود گوتم بودھ کے معاصر مہاویر جن کا مولد صوبہ [illegible] کا ایک مقام "کنڈگام" ہے "بودھ" سے زیادہ معمر تھے، اور گوتم سے پہلے مرے[1]

سیماب صاحب نے "مولد غالب" پر ایک نظم لکھی ہے، فرماتے ہیں

مولد غالب کی یہ ویرانیاں مٹ جائیں گی نغمۂ سیماب اس پر زندگی برسائے گا (کارامروز ص ۲۴۳)

ویرانیوں کا مٹ جانا کچھ عجیب سی بات ہے[2] آثار باقیہ البتہ مٹا کرتے ہیں، اس سے مقصود یہ نہیں کہ میں سیماب کی شاعری پر ایراد کروں بلکہ میرا یہ عقیدہ ہے کہ شاعری سے زیادہ جس کا وہ عہد صبوت سے خود کو شیفتہ بتاتے ہیں نثر نگاری ان کو زندگی میں کامیاب بناتی اور وہ مفید تر خدمتیں انجام دے سکتے، ان کے ادبی خطبے جو انھوں نے ہندوستان کے مختلف طول و عرض میں شرکت مشاعرہ کی تقریب میں پڑھے ہیں، نظموں سے زیادہ مفید ہیں، بالخصوص وہ خطبے جو انھوں نے مشاعرۂ بزم ادب جہلم اور نائی منڈی آگرہ میں پڑھے۔

(کلیم عجم ص ۱۴۱-۱۵۵-اور ص ۱۶۱-۱۷۱)

---

[1] The comparatie study of Religion مرتبہ فارلنگ

[2] کوئی عجیب بات نہیں ہے۔ شاعر کا مقصود یہی ظاہر کرنا ہے کہ میں اپنے نغمہ سے اس کی ویرانیاں مٹا دوں گا (نیاز)

ابھی تک تو "جدید لکھنؤ اسکول" کی شاعری پر انفرادی حیثیت سے بحث کی گئی ہے، اب آیئے قدیم لکھنؤ اسکول کی اس خصوصیت پر بھی ایک طائرانہ نگاہ ڈال لی جائے جس نے بہیئت مجموعی ایک مخصوص رنگ اختیار کیا اور جس کے علمبرداروں میں بعض ہماری نظروں سے ہمیشہ کے لئے اوجھل ہو گئے اور کچھ تبرکات کی حیثیت سے ابھی قایم ہیں جس طرح دہلی اسکول غالب اور مومن کے بعد فنا ہو گیا اور باوجودیکہ خاندان مومن میں نسیم خاندان غالب میں حالی اور خاندان ذوق میں داغ ہوئے لیکن انھوں نے اپنے اپنے اُستادوں کی شاہراہ سے الگ ہٹ کر شاعری شروع کی: اسی طرح لکھنؤ اسکول بھی خاندان ناسخ کے نام لیوا سید ضامن علی جلال اور خاندان اسیر کے چشم و چراغ امیر مینائی پر ختم ہو گیا اور اس کے بعد لکھنؤ اسکول میں عزیز، ریاض خیرآبادی، صفدر نوح، اثر، ہوئے اور سب نے بہ استثنائے حضرت نوح مختلف راہیں اختیار کیں، عرصہ ہوا آرہ میں ایک عظیم الشان مشاعرہ ہوا تھا، دہلی، اودھ اور بہار کے بڑے بڑے شعرا تشریف لائے تھے، میرے بچپن کا زمانہ تھا، صفدر اور نوح بھی رونق افروز بزم تھے، حضرت نوح نے اپنا کلام سنایا اس کے نقوش اس قدر گہرے تھے کہ اب بھی وہ نقشہ اور سماں پیش نظر ہے، اس کے بعد کبھی نوح کا کلام ان کی زبانی سننے کا اتفاق نہ ہوا، آپ کے کلام میں قدیم لکھنؤ کی شاعری کا پورا اثر ہے، اُسوقت بھی مجھے یہی محسوس کیا کہ آپ نے صناع لفظی سے زیادہ کام لیا تھا، اور اب بھی میرا خیال ہے کہ اس میں کوئی تغیر و تبدل نہیں ہوا ہے، ریاض پر داغ کا کافی اثر ہے، ان کی خمریات کے مطالعہ سے بے اختیار ——— ابونواس کی یاد آتی ہے، ان کی طبیعت کی رنگینی اور شباب نما سرمستی دل کے اندر غیر معمولی ابتہاج، و ہیجان پیدا کر دیتی ہے، عہد پیری میں ان کے کلام کے اندر اتنی شوخی تھی کہ ان کے بوڑھاپے پر جوانی کا دھوکا ہوتا ہے، فرماتے ہیں:-

ہم تو بس اس ادا پہ مرتے ہیں — منہ چھپائے جو کوستا جائے

اور یہ چھیڑ یہیں پر ختم نہیں ہوتی بلکہ اس پر طرہ یہ ہے:-

کوئی منہ چوم لیگا اس تمہیں پر — شکن رہجائے گی یونہی جبیں پر

آپ کا ایک شعر ہے، اس کا تیور، اور انداز بیان قابل دید ہے:-

بڑے پاک باطن بڑے صاف طینت — ریاض آپ کو کچھ نہیں جانتے ہیں

الغرض، جرأت، داغ، ریاض زندگی کو ابیقورین فلسفہ کی طرح عیش و خرمی میں بسر کر دینا اپنا نصب العین سمجھتے تھے یہ شوخی، لذت و نشاط صاف بتا رہی ہے کہ ان کی طبیعت کا اُٹھان ہی ایسا تھا کہ وہ زندگی کو ہنسی اور ٹھٹھول کے سوا کسی سوگ و بروگ میں ضایع کرنا نہیں چاہتے تھے، بعض انسان طبعاً نشاط پسند ہوتے ہیں ریاض بھی انھیں لوگوں میں تھے

چند ماہ گزرے پوجا کی تعطیل میں جب میں پہلے پہل لکھنؤ آیا، تو یہاں کے بعض بزرگوں سے نیاز حاصل کیا، اسی سلسلہ میں حضرت صفی کے دولتکدہ پر بھی حاضری دی، آپ وضع قطع، اخلاق، و طرز انداز بیان، الغرض اپنے صوری و معنوی خصوصیات کے لحاظ سے قدیم لکھنؤ کی تہذیب و شائستگی، کی باقیات میں سے ہیں، آپ سے درخواست

کی گئی کہ اپنے کلام سے فیض یاب فرمائیں، آپ نے بزرگانہ محبت کے تبسم کے ساتھ اسے قبول فرمایا اور اپنی ایک غزل پڑھی سنکر میں بڑی دیر تک سوچتا رہا کہ تذکروں میں لکھنؤ اسکول کی شاعری اور لکھنؤ کے شعراء کے کلام کا جو حصہ نظر سے گزرا ہے اس سے ہٹکر یہ دوسری چیز معلوم ہوتی ہے۔ میں آرہ واپس آیا، لیکن قیام لکھنؤ کے بعض تصورات مہینوں دل و دماغ پر مسلط رہے ان میں امید امیٹھوی کا فسانۂ غم اور حضرت صفی کی غزل کا ایک شعر بھی تھا، جب کبھی غم روزگار سے فرصت ملتی تو صفی کا وہ شعر جس کا صرف اب ایک مصرعہ یاد رہگیا، "بلبل کی طرح نالہ یا اشک بہانا ہے"، گنگناتا اور سر دھنتا، صفی نے اس شعر میں یہ پیام دیا ہے کہ "اس منزل ہستی میں انسان کو چین کہاں نصیب، اس کی قسمت میں تو بلبل کی طرح نالہ کرنا یا شمع کی طرح اشک بہانا لکھا ہے"، حضرت نے اپنی بعض تالیفات کا تذکرہ کیا جن میں ایک "تنظیم حیات" ہے اور بعض دوسری غیر مطبوعہ تصنیفات کا حال بیان فرمایا، الغرض میں آپ کی شاعری اور اخلاق دونوں سے بہت متاثر ہوا۔

یہاں تک، تو تصویر کا ایک رخ تھا، لیکن اس کے دوسرے رخ پر اسوقت نظر پڑی جب میں لکھنؤ آیا انجمن بہار ادب کے ارکان و منصب داروں کی علمی سرگرمیاں دیکھیں اور بزم مشاعرہ میں شعرائے لکھنؤ کا کلام سنا۔ میں نے اس سے قبل جو کچھ لکھا تھا اس کا ماخذ مطبوعہ کتابیں تھیں، تذکرے تھے، اور بعض سنی سنائی روایتیں، لیکن لکھنؤ میں آکر ایک دوسری دنیا نظر آئی، جو حد درجہ دلچسپ بھی تھی اور حیرت زا بھی، یقیناً میں نے عہد حاضر کے لکھنؤ اسکول کے متعلق جو کچھ لکھا تھا وہ بالکل سنگین حقیقت ہے اور خاص لکھنؤ والے اپنے تخیل کدہ کے کتنے ہی عجیب و غریب نقوش کیوں نہ پیش کریں، میری رائے میں ترمیم نہیں ہو سکتی

میں نے اپنے مقالہ میں لکھنؤ اسکول کی جدید شاعری کا معیار حسرت، اصغر، جگر، فانی، جوش، سیماب، صفی، اثر، آرزو کے کلام کے مطالعہ کی بنا پر قیام کیا تھا، یقیناً ان حضرات نے قدیم لکھنؤ اسکول کی روش سے ہٹکر غزلیں اور نظمیں لکھیں، بعض حضرات کو شکوک ہوں گے کہ حسرت، اصغر، جگر، فانی، سیماب وغیرہ کو دہلی اسکول کی طرف منسوب کیا جا سکتا ہے، کیونکہ ان کے کلام میں دہلی اسکول کا رنگ پایا جاتا ہے اور انھوں نے دہلوی اساتذہ سے اصلاحیں لیں، حسرت نے نسیم دہلوی و مومن سے عقیدت کا اظہار کیا ہے سیماب خود داغ کے شاگرد تھے، اس کا جواب یہ ہے کہ خود ان کے اساتذہ کے یہاں دہلی اسکول کے محاسن نہیں پائے جاتے بلکہ دہلی اور لکھنؤ کے امتزاج سے ایک نئے رنگ کی جلوہ گری ان کے اساتذہ کے یہاں موجود ہے حسرت، اصغر اور فانی پر ان کے اساتذہ کا رنگ نہیں چڑھا، بلکہ انھوں نے اپنا انداز بیان ہی جداگانہ اختیار کیا، یہی وجہ ہے کہ حسرت و اصغر، جگر و سیماب صوبۂ اودھ کے مشاہیر شعرا اور خاص لکھنؤ کے باکمال اساتذہ، اثر، آرزو، صفی کے کلام کا مطالعہ کرنے کے بعد قدرتی طور پر میں اس نتیجہ پر پہونچا کہ لکھنؤ اسکول کی شاعری میں انقلاب ہو گیا ہے اور اسی بنا پر میں نے اسے "جدید لکھنؤ اسکول" سے تعبیر کیا، اگر بات یہیں ختم ہو جاتی تو کچھ مضایقہ نہ تھا لیکن انجمن بہار ادب نے اپنا تاریخی مشاعرہ کرکے دنیا کی نظروں سے عقیدت و ارادت کے بعض پردے اٹھا دئے، انجمن کی مجلس شوریٰ کے فیصلہ کے مطابق مجھے لکھنؤ آنے پر مجبور کیا گیا اور میں ۲۰ فروری کو لکھنؤ پہونچا اور سرزمین اودھ کے اس مشہور جلوہ گاہ رنگ و نور میں قیام کیا جو اپنی آغوش میں عشرت ماضی کے بہت سے رنگین فسانے چھپائے ہوئے ہے

قیصر باغ کے ایک محل میں ٹھیرا جناب سراج، بدرالدین بدر اور احسان بن دانش سے بھی ملاقاتیں ہوئیں، تھوڑی دیر کے اندر پیاپے انجمن بہار ادب کے سرگرم ارکان نظم و نسق، کے سلسلہ میں آئے، اور سب سے تعارف ہوا

انجمن بہار ادب کے اس تاریخی جلسہ میں مشاعرہ بھی تھا، اور مناظرہ و مناثرہ بھی اور سارے لائحۂ عمل کو کامیاب بنانے کے لئے ارکان انجمن کی ہمت و مستعدی بھی، دہلی، کانپور، لکھنؤ اور اس کے مضافات کے نامی شعرا آئے، اتوار کے دن شب کے وقت جب میں مشاعرہ میں شریک ہوا، تو اتنا بڑا مجمع تھا کہ اتنا بڑا علمی مجمع میں نے صرف علیگڈھ میں اُردو کانفرنس کے موقعہ پر دیکھا تھا، قیصر باغ میں آخری شاہ اودھ کا دیوان عام سامعین کی کثرت اور علما و فضلا، ادبا و شعرا سے بھرا پڑا تھا آلہ اکبر الصوت نصب کیا گیا تھا اور اسی کے سامنے شعرا نے اپنی غزلیں و نظمیں اور ادیبوں نے اپنے مقالے پڑھے

مشاعرہ کی مختلف صحبتوں میں حاضر رہا اور شام سے دو اور تین بجے شب تک گرمی محفل دیکھا کیا۔ مشاعرہ کی پہلی صحبت میں جب میں شریک ہوا، تو طلبہ کی تمسخر انگیز تالیاں، سامعین کا قہقہہ نواز شور و فغاں اور سب سے بڑھکر شعرا کا بر الصوت کے سامنے بے سُرتال کے لحن کے ساتھ نغمہ و ترنم دیکھ کر دنگ رہگیا کہ بارالٰہا یہ بزم مشاعرہ ہے یا کچھ اور — شعرا اپنا کلام سنا رہے ہیں یا موسیقی ذبح کی جا رہی ہے — یہ شاعرانہ ترنم ریزیاں جناب مجذوب کی بڑے سے لیکر جناب قتیل و مانی کی بلند پایہ غزلوں تک، اور جناب روش کی عشقیہ غزلوں اور احسان بن دانش کی اثر انگیز نظموں سے لیکر جناب سراج اور قدیر کے سقیم شعروں[1] تک یکساں جاری و ساری تھیں، لکھنوی شعرا نے موسیقی کے پردوں میں خصائص شعریہ کو گم کر دیا، لکھنؤ میں آج وہی کامیاب شاعر ہے جو اچھا گویا ہے اور مشاعرہ میں اسی کو زیادہ داد ملتی ہے جو سب سے زیادہ الاپنے کی اہلیت رکھتا ہے، شعر و غنا کے اس لایعنی امتزاج نے اچھے اچھے شعرا کے کلام سے بھی لطف و امتزاز نہ ہونے دیا، جناب رضا و جناب آرزو لکھنوی کے خوش ذوق شعرا میں سے ہیں، جناب آرزو کی اصلاحوں نے ان کے اندر ایک مخصوص شاعرانہ اہلیت پیدا کر دی ہے، لیکن انھوں نے بھی اپنے شعر سے زیادہ اپنے نغموں کے ذریعہ لوگوں کو مسخر کرنا چاہا، اور مجھے اس کا اعتراف کرنے میں مطلق باک نہیں کہ جناب رضا شعر بھی اچھا کہتے ہیں اور اچھا گاتے بھی ہیں رضا صاحب کا وہ انداز شعر خوانی جس کا یہ اسٹیج پر مظاہرہ کرتے تھے، دل سے کبھی محو نہیں ہو سکتا، جب کبھی دماغ میں وہ نقوش اُبھرتے ہیں تو بے اختیار ہنسنے کو جی چاہتا ہے، رضا صاحب اپنے پاکیزہ اخلاق کے لحاظ سے شاعر سے زیادہ انسان ہیں، اس لئے ان کی طرف سے دل میں ہر شخص ایک جذبۂ لطیف محسوس کرتا ہے، اسی سلسلہ میں جناب عرشی بھی ایک خاص امتیاز کے مالک ہیں وہ نہایت نیک سرشت اور بلند اخلاق کے انسان ہیں اور شعر کا بہت پاکیزہ ذوق رکھتے ہیں، وہ بھی گا کر پڑھتے ہیں، لیکن ایک خاص دلکش لحن میں کہ شعر کی خصوصیت بھی قائم رہتی ہے اور نغمہ کی دل آویزی بھی۔ ان سے ملکر مجھے بے انتہا مسرت ہوئی۔ انجمن بہار ادب کے اس مشاعرہ نے بحیثیت مجموعی میرے دماغ پر بہت بُرا اثر ڈالا، میں نے لکھنؤ اسکول کے دور جدید کے متعلق جو نظریہ قائم کیا تھا، اس سے خود لکھنوی شعرا کی اکثریت بہت دور تھی، اس میں شک نہیں عہد حاضر میں لکھنؤ اسکول تعمیر ہے، حسرت و اصغر، جگر و فانی، آرزو و اثر،

[1] میں نے یہ غزلیں نہیں دیکھیں، لیکن یہ جانتا ہوں کہ سراج و قدیر یہاں کے خوشگو و خوش فکر شعرا میں سے ہیں (نیاز)

صفی و آسی، جوش، روش و احسان کی ذات سے لیکر ان میں صفی، آرزو و اثر کے سوا سب لکھنؤ سے باہر کے رہنے والے ہیں، لکھنوی شعرا میں جناب سراج وقدیر اور حضرت آشفتہ کے دوسرے تلامذہ[1] میں شاعرانہ ابتذال اور فنی و ادبی خامیاں ہیں اور یہ لوگ زیادہ مرثیہ خوانی و غنا نوازی کی طرف رجحان رکھتے ہیں[2]۔ اسی بنا پر میں نے رائے قایم کی تھی کہ مشاعرہ میں لکھنؤ کے شعرا نے جو غزلیں پڑھیں ان میں فنی و افادی خصوصیت تو خیر کیا، البتہ مرثیہ خوانی والا سوز و گداز ضرور پایا جاتا تھا۔ لکھنؤ کے یہ شعرا چاہے لکھنؤ اسکول اور قدیم لکھنؤ دونوں سے بہت دور ہیں قدیم اسکول کی کم از کم یہ اہمیت تو ہمیشہ قایم رہیگی کہ یہ زبان اور فن کے اعتبار سے بہت بلند سطح کی چیز ہے عہد حاضر کے اکثر لکھنوی شعرا نے تغزل میں مرثیہ کا رنگ اور شعر خوانی میں غنا کی صورت پیدا کر دی ہے، انجمن بہار ادب نے احسان و روش کو بلا کر بہت بڑی کامیابی حاصل کی ورنہ مشاعرہ تو کم از کم بے کیف ضرور ہو جاتا، احسان کاندھلا کے رہنے والے ہیں جو غالباً مظفر نگر کے مضافات میں ہے، اسی طرح روش کا وطن جوالاپور ضلع سہارنپور ہے، احسان کے اندر معاملہ فطرت کا بہت گہرا ذوق ہے، اور وہ بہت عمق نظر کے ساتھ مناظر کی جزئیات کا مشاہدہ کرتے ہیں، وہ احساسات کے اعتبار سے بہت ہی ذکی الحس اور جذبۂ الفت کے لحاظ سے مکمل انسان ہیں احسان کے دل میں ایک لازوال ہوک ہے، وہ ہر منظر سے عبرت و بصیرت کا پیام حاصل کرتے ہیں وہ ہر دردانگیز سماں دیکھ کر اس قدر متاثر ہوتے ہیں کہ "غم" ان کی زندگی کا سرمایہ بنکر رہ گیا ہے، احسان کو کس چیز نے اس بلند سطح تک پہونچایا، ہر چند ان کی اپنی زندگی کے معمولی واقعات بھی ہمارے پیش نظر نہیں لیکن میرا خیال ہے جس ماحول میں ان کی پرورش ہوئی وہ ان کے لئے حد درجہ حوصلہ آزما رہا ہے ہر زمانہ اور اہل زمانہ نے اپنی کم نگاہیوں سے ان کو ہمیشہ دردمند اور سوگوار رکھا، جہاں تک میرا گمان ہے وہ اس خاندان میں پیدا ہوئے، جس میں شرافت کا سربلندی تو ضرور تھی لیکن دنیا کی نظر میں دولت و ثروت اور اعزاز و تکریم کے اعتبار سے اس کا کوئی خاص مرتبہ نہ تھا، یہی وجہ ہے کہ احسان نے اس ماحول میں آنکھیں کھولیں تو خود اپنی زندگی انکو سوگوار اور دردمند نظر آئی، اپنی پامالی اور زبوں حالی کے ساتھ ان کے اندر دنیا کے مصیبت زدہ انسانوں کے ساتھ سچی ہمدردی کا جذبہ پیدا ہوا، چنانچہ یہی وجہ ہے کہ ان کی نظموں میں مزدور کی عید اور مزدور کی موت وغیرہ حد درجہ اثر انگیز ہیں انھوں نے مشاعرہ میں اپنی نظم "مزدور کی موت" پڑھی تو سارا مجمع اشکبار تھا اور بے اختیار میرا جی چاہتا تھا کہ احسان سے لپٹ کر خوب روؤں، احسان کی یہ نظم ان کا شاہکار ہے اور میرا خیال ہے اس کی نظیر اردو ادب میں مشکل ہی سے کسی دوسری جگہ مل سکتی ہے اس میں شک نہیں، احسان اپنے مبلغ علمی کے اعتبار سے کسی خصوصیت کے مالک نہیں، یہاں تک کہ وہ زبان اور فن کی عامیانہ غلطیاں بھی کر جاتے ہیں، لاہور کے قیام نے ان کی زبان پر پنجابی محاورہ کا اثر بھی ڈالا ہے

---

[1] سراج وقدیر، آشفتہ کے شاگرد نہیں ہیں (نیاز)

[2] میری رائے میں عبدالمالک صاحب کا یہ فیصلہ صحیح نہیں ہو سکتا ہے کہ اس مخصوص جلسہ کی غزلوں میں خامیاں ہوں (عامۃ کہ میں نے نہیں سنا) لیکن عمومی طور پر یہ حکم لگا دینا کہ سوائے ابتذال و خامی یا مرثیہ و غنا کے ان کے کلام میں کچھ نہیں پایا جاتا، زیادتی ہے۔ (نیاز)

لیکن ان تمام خامیوں کے باوجود ان کی نظمیں اس قدر اثر انگیز ہیں کہ جب وہ مجمع کے سامنے پڑھتے ہیں تو مجمع پر ایک کیف بیخودی طاری ہو جاتا ہے احسان اپنی معصومانہ فطرت نگاری کے اعتبار سے انگریزی زبان کے مشہور شاعر ورڈسورتھ سے بہت قریب ہیں جناب روش نوجوان شاعر ہیں، غزل بھی کہتے ہیں اور نظم بھی، شعریت ان پر اس قدر طاری ہے کہ یکسر حال، نظر آتے ہیں، صورت میں بھی ایک خاص دلکشی ہے، ژولیدہ مو، سادہ وضع، مضطرب الحال نوجوان شاعر جب پہلی مرتبہ اسٹیج پہ آیا تو میں اسے دیکھ کر بیحد متاثر ہوا، اس کی غزلیں ایک خاص پایہ کی تھیں، اس کی عمر اور اس کا رنگ تغزل، اس کا دلنواز لحن دیکھکر مجھے بے اختیار کیٹس اور عبدالحی تاباں کی یاد آگئی، خدا اسے چشم زخم سے بچائے، روش نظمیں بھی اچھی کہتے ہیں، لیکن ان کی غزلوں کے عشقیہ رشحات سامعین کو بہت متاثر کرتے ہیں۔ جناب آسی مضافات میرٹھ کے رہنے والے ہیں اور شاعری کا نہایت پاکیزہ ذوق رکھتے ہیں۔ ان کے تلامذہ میں شوکت، امین اور عمر انصاری ہیں، امین نے میرے سامنے غزل نہیں پڑھی، شوکت اور عمر انصاری نے غزلیں پڑھیں، اچھی تھیں

مناظرہ اور مناثرہ کے لئے ۲۸ فروری کا دن مقرر کیا گیا تھا، بلند پایہ ادیب و ماہرین فن تشریف لائے تھے، جناب پروفیسر مسعود حسن نے سنجیدہ پیرایہ میں لکھنؤ اسکول کے محاسن پر ایک بسیط مقالہ پڑھا، مسعود حسن صاحب بہت کمزور واقع ہوئے ہیں، انھوں نے مروت اور محبت میں بہت سی سطحی باتیں بھی کہہ ڈالیں۔ مشیر احمد علوی کا مضمون ادب و انشا کے لحاظ سے تو اچھا تھا لیکن اس میں ضعف استدلال اور معنوی لغویت کی بھی کمی نہ تھی، انھوں نے لکھنؤ اسکول کی تعریف و توصیف میں ہر وہ بات کہہ ڈالی جو ایک لکھنؤ پرست کے شایان شان تھی

قاضی خورشید حسنین اور ڈاکٹر عبدالعلیم (پروفیسر مسلم یونیورسٹی) نے لکھنؤ اسکول کی مخالفت میں تقریریں کیں، قاضی صاحب جوش میں اتنے بے تکلف ہو گئے کہ لکھنؤ والوں کو "آپ لوگ سخت نالایق ہیں" کہہ ڈالا، لیکن انھوں نے فنی خامیاں بھی دکھائیں ان کی بحث اچھی تھی، ڈاکٹر عبدالعلیم صاحب کھڑے ہوئے تو لکھنؤ اسکول کی شاعری پر تنقید کرنے کی بجائے معاشیات اور سیاست مدن پر زور بیان صرف فرمانے لگے، آپ کے نزدیک شاعر کی یہ تعریف ہے کہ وہ اپنا کلام سنائے اور لوگ اسکو سنکر عملی کارنامے پیش کریں، کوئی شاعر مزدور پر نظم لکھے تو لوگ صرف روئیں نہیں بلکہ عمل بھی کریں، یا للعجب! آپ نے ایک سانس میں میر سے لیکر تمام اردو شعرا کو بے مایہ اور نا حقیقت شناس کہہ ڈالا، میر پر آپ نے عجیب و غریب تنقید کی، میرا تو قیاس نہیں یقین ہے کہ آپ نے آبحیات نہیں پڑھی، محمد حسین آزاد نے میر کے متعلق یہ نہیں لکھا ہے کہ ایک کمرہ میں وہ بارہ سال تک بند رہے، لیکن اس کے دریچہ کے باہر کی چیز کبھی نہ دیکھی، اس سے آپ نے یہ استدلال کیا کہ میر صاحب جب فطرت کے مطالعہ سے اس قدر بیگانہ تھے تو بھلا وہ حقیقی معنی میں شاعری کیا کرتے، چہ خوش!

آبحیات میں جو روایت ہے وہ میر صاحب کی شعریت و شاعرانہ محویت پر دلالت کرتی ہے اگر محمد حسین آزاد کی روایت کا مفہوم نہ ہوتا جب بھی ڈاکٹر صاحب کو سمجھنا تھا کہ دنیا میں بہت سے نابینا شاعر گزرے ہیں، اور ان کے کمال سے تاریخ

کے صفحات بھرے ہیں ایک ابوالعلا معری کی مثال لے لیجئے یہ نابینا شاعر تھے، ہومر بھی نابینا تھا۔ عہد حاضر میں مصر کا مشہور ادیب و نقاد ڈاکٹر طہ حسین نابینا ہی ہے، ملٹن بھی آخری عمر میں بصارت سے محروم ہوگیا تھا، کیا دنیا ان کے کمالات سے کبھی انکار کرسکتی ہے

اب دو حضرات اور باقی رہجاتے ہیں ان میں ایک نے اپنے مزاحیہ مضمون اور دوسرے نے اپنی رنگین تقریر سے مجلس میں ہنسنے ہنسانے کا کافی سامان پیدا کردیا۔ ان میں ایک تو جناب شوکت ہیں اور دوسرے جناب بشیر، جناب شوکت کو میں نے ہمیشہ تیسرے درجہ کا مزاحیہ نگار سمجھا، ان کی "منگنی" بھی لوگ دیکھ چکے ہیں اور "سودیشی ریل" بھی، ان کے سارے مضامین میں ایک سامیانہ طبیعت کے سوا کسی بلند ذوقی کا پتہ نہیں، یہی وجہ ہے کہ اہل نظر کے سامنے انکی مزاحیہ نگاری کوئی وقعت نہیں رکھتی، رشید، فرحت اور پطرس نے مزاحیہ نگاری میں نقد ادب و انشا کی اہم خدمتیں انجام دی ہیں، وہ ہنساتے بھی ہیں اور کام کی بات بھی کہہ جاتے ہیں اس کے برخلاف شوکت صرف ہنسانے کی کوشش کرتے ہیں، انکا کوئی مطمح نظر نہیں، یوں بھی جناب شوکت کا علمی پایہ بالکل سطحی ہے جو شخص اپنی کتاب کا نام "سیلاب تبسم" رکھے اور انجمن بہار ادب کی بھری مجلس میں "نسلاً بعد نسلاً" کی غلط ترکیب لکھکر لوگوں کو سنائے، اس سے کسی نوع کی علمی تنقید کی توقع کرنا بے محل سی بات ہے

سب سے آخر میں جناب بشیر کی تقریر کے متعلق کچھ عرض کروں گا، بشیر صاحب کی خوش روئی اور جامہ زیبی صحت و جوانی دیکھنے کے بعد لکھنؤ کے "بانکپن" کی یاد تازہ ہوتی تھی، انھوں نے دہلی اسکول پر ایراد کرتے ہوئے لکھنؤ اسکول کے محاسن پر روشنی ڈالی اور اس سلسلہ میں لکھنؤ کے تانگے والوں کی پھبتی سے لیکر "عید پیچھے پڑ" کے واقعات پر تبصرہ فرمایا، شاہان اودھ کی رنگین مزاجی، خوش ذوقی اور عشرت کامی کے فسانے بیان کئے اور اس شعر

آغا تقی کے باغ میں کچھا انار کا چھاتی پٹک کے مرگیا لونڈا سنار کا

سے بھی فلسفیانہ نتیجہ نکالا، میرا خیال ہے ان کی آزاد تقریر سے لکھنؤ والے کچھ خوش نہ ہوں گے، کیونکہ بیسویں صدی میں انھیں الزامات کو جو زمین اودھ پر دوسروں کی طرف سے عاید کئے جاتے ہیں اپنے دامن عصمت پر داغ سمجھ کر وہ ان واقعات کو دھونے کی کوشش کررہے ہیں، بانکے مقرر نے کچھ اس دلفریب انداز میں بیان کئے کہ چاہے کوئی مانے یا نہ مانے میں جناب بشیر کی اس تقریر سے ان کے فلسفیانہ رجحان کا ضرور قایل ہوگیا، انھوں نے معمولی معمولی واقعات سے اچھے اچھے نتائج نکالے میرے خیال میں ان کی تقریر بہت کامیاب تھی

مجھے آخری دن شب کے وقت مقالہ پڑھنے کا حکم دیا گیا، مجھ سے قبل جن صاحب نے اپنا مقالہ پڑھا تھا انکا انجام دیکھ کر میں ہرگز اس کے لئے تیار نہ تھا لیکن اراکین انجمن کے تقاضہ سے مجبور تھا، طلبہ غزلیں اور نظمیں سننے کے لئے سخت مضطرب تھے، اور وہ اپنے جماعتی اثر و اقتدار کے زعم میں وہ ساری حرکتیں کررہے تھے، جن کی بنا پر جرمن ماہر نفسیات

اڈورڈ ڈاشپر انگر نے لکھا ہے کہ نوجوانوں میں "منوانے" کی اہلیت بہت زبردست ہوتی ہے، وہ تالیاں بجا رہے تھے پھبتیاں کہہ رہے تھے، ہال ان کے شور و شغب اور بے باکانہ ہنگامہ پروری سے گونج رہا تھا ایسی فضا میں کسی خشک علمی بحث کا آغاز و انجام دونوں برابر تھا مجھے طلبہ کی جماعت سے بڑا اُنس ہے اس لئے نہیں کہ میں نوجوانوں کے غیر مہذب طریق زندگی کو پسند کرتا ہوں بلکہ اس لئے کہ ان کی نفسیات کے مطالعہ سے بعض دلچسپ حقایق کا انکشاف ہوتا ہے، بہرحال میرا ارادہ نہ تھا کہ میں اپنا مقالہ پڑھوں اس لئے کہ یہ علمی مجلس طلبہ کی شر انگیزیوں سے اس لایق نہ تھی کہ یہاں کسی سنجیدہ بحث پر ایک لمحہ بھی صرف کیا جائے، لیکن خوف یہ تھا کہ انجمن بہار ادب کے وہ افراد جو پہلے ہی بدگمان نظر آرہے تھے کہیں یہ نہ فیصلہ کرلیں

زاہد نہ یافت تاب جمال پری رخاں کنجے گرفت و ترس خدا را بہانہ ساخت

جہاں تک افادیت کا تعلق تھا، پڑھنا نہ پڑھنا دونوں برابر تھا، لیکن "حق نمک" سمجھ کر میں نے اپنے مقالہ کا حصہ ادھر اُدھر سے غیر مربوط طریقہ پر پڑھ دیا، میں مقالہ ختم کرکے اسٹیج سے اُترا تو جناب پنڈت انند نرائن ملا اور انجمن کے دوسرے اراکین نے مقالہ طلب کیا، چونکہ انجمن غزلوں اور نظموں کے ساتھ مقالے بھی اپنے اہتمام سے شایع کرے گی، میرے مقالہ کا مسودہ صاف نہ تھا، میں نے یہ کہدیا کہ صاف کرکے اس کی نقل بھیجدوں گا

انجمن نے ملک کے مختلف اطراف سے لوگوں کو بلایا تھا کہ وہ لکھنؤ اسکول کے جدید رنگ کے متعلق اپنی رائیں دیں تاکہ لکھنؤ اسکول کے متبعین کو استفادہ کا موقعہ ملے اور اس طور سے انجمن اپنی زندگی میں اپنی افادیت کا ایک غیر فانی نقش قایم کرجائے، لہذا میں نے فیصلہ کیا کہ میرے اختلافات اتنے سنگین ہیں کہ اراکین انجمن اپنے اہتمام سے اسے شایع کرنے کے لئے تیار نہ ہوں گے اس لئے اب میں اسے اپنے "نگار" میں شایع کئے دیتا ہوں، مجھے بیحد مسرت ہوگی اگر سنجیدہ حضرات اسکے خلاف آواز اُٹھائیں گے کیونکہ بہت ممکن ہے میں نے مشاہدہ اور نتیجہ نکالنے میں غلطیاں کی ہوں۔

"نگار" کے پرانے پرچے

نگار کے مندرجۂ ذیل پرچے دفتر میں موجود ہیں جن کی دو دو تین تین کاپیاں دفتر میں رہ گئی ہیں جن اصحاب کو ضرورت ہو طلب کرلیں، قیمتیں وہی ہیں جو سامنے درج ہیں:-

(۲۲ء) ستمبر ۴ر- (۲۶ء) جنوری، جون، نومبر ۵ر فی پرچہ - (۲۷ء) اپریل، مئی و جون ۴ر فی پرچہ (۲۹ء) دسمبر ۵ر- (۳۰ء) مئی ۴ر- (۳۱ء) جولائی تا دسمبر ۴ر فی پرچہ- (۳۲ء) فروری تا دسمبر (علاوہ اپریل ۴ر فی پرچہ- (۳۳ء) فروری - جولائی و اکتوبر ۴ر فی پرچہ- (۳۴ء) مارچ ۴ر- (۳۵ء) نومبر ۵ر- (۳۶ء) فروری - مارچ - اپریل - جون - نومبر - دسمبر ۵ر فی پرچہ- (۳۷ء) مارچ - اپریل - مئی - جون - جولائی - اگست - اکتوبر - نومبر و دسمبر ۸ر فی پرچہ-

منیجر نگار۔ لکھنؤ

وفاق

(ریاستیں اور حکومتِ بالادست)

وفاق میں شریک ہونے کے بعد ریاستوں کا نظم حکومت کیا شکل اختیار کریگا۔ یہ معلوم کرنے کے لئے متعدد چیزوں کا مطالعہ ضروری ہے۔ سب سے پہلے ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ ایک ریاست کی دستاویز شرکت کن شرائط کی حامل ہے اور اسی کے ساتھ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کا وہ حصہ بھی سامنے رکھنا ہوگا جو دستاویز شرکت سے متاثر نہیں ہوتا۔ پھر مقننۂ وفاق کے قوانین وضوابط، کونسل کے اعلانات، ریاست کے اندرونی قوانین اور حکومت بالادست کے اختیارات، یہ تمام وہ چیزیں ہیں جن پر غور کئے بغیر ایک ریاست کا صحیح پوزیشن معلوم کرنا دشوار ہے۔ لیکن چونکہ اس وقت ان میں سے اکثر باتیں ایسی ہیں جو مستقبل سے تعلق رکھتی ہیں اس لئے ہم نہیں کہہ سکتے کہ آیندہ کیا صورتیں پیدا ہوں گی، لیکن کم ازکم جس حد تک گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ اور اختیارات حکومت بالادست کا تعلق ہے، ہم کسی نہ کسی نتیجہ پر ضرور پہونچ سکتے ہیں

وفاق میں شریک ہونے کے بعد ایک ریاست تین حیثیتیں اختیار کریگی۔ ایک حیثیت تو خود ریاست ہونے کی ہے جہاں رئیس یا فرمانروا شخصی حیثیت سے اپنی رعایا پر حکمرانی کرنے کا مجاز ہے، دوسری حیثیت اُس سیاسی وحدت Political Unity کی ہے جس کے متعلق تاج برطانیہ اپنے حقوق بالادستی استعمال کرنے کا اختیار رکھتا ہے اور تیسری حیثیت وفاق کے ممبر ہونے کی جس کی رو سے وہ ایک مشترک تاج، ایک مشترک مقننہ اور ایک مشترک اگزیکیٹو اور عدلیہ کے تحت، وفاق کے دوسرے ممبروں سے آئینی تعلقات رکھنے پر مجبور ہوگی

ریاستوں کی پہلی حیثیت فیڈریشن میں بہت محفوظ کردی گئی ہے، کیونکہ وفاق کسی ریاست کی رقبائی (Territorial) اور سیاسی حیثیت پر بالکل موثر نہیں ہوتا۔ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ میں پوری صراحت کردی گئی ہے کہ وفاق کا اگزیکٹیو ریاستوں کے اُن معاملات پر کسی طرح موثر نہ ہوگا جو مقننۂ وفاق کے حدود سے باہر ہیں اور جو معاملات مقننۂ وفاق کے حدود کے اندر آتے ہیں ان میں بھی صرف ان شرائط کی پابندی کے ساتھ دست اندازی کی جائے گی جو ریاستوں نے دستاویز شرکت میں متعین کردی ہیں

مقننۂ وفاق ریاست کے صرف ان مسایل کے متعلق قانون وضع کرسکتا ہے جو دستاویز شرکت میں مخصوص شرایط کے ساتھ وفاق کے سپرد کئے گئے ہیں اور ان سے ہٹ کر وہ ریاست کے کسی مسئلہ پر رائے زنی نہیں کرسکتا، اسی طرح عدلیۂ وفاق (Federal judiciary) کو بھی ریاست کے ان معاملات میں فیصلہ صادر کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے جو وفاقی عدالت سے تعلق رکھتے ہیں۔ الغرض حکومت وفاق ریاستوں کے متعلق کوئی طرز عمل ایسا اختیار نہیں کرسکتی جو انکی خود مختارانہ حیثیت پر اثر انداز ہو۔ ملک معظم کو یہ اختیار تو حاصل ہوگا کہ وہ صوبوں کی سرحدیں بدلدیں ان کے رقبے کم وبیش کردیں لیکن ریاستوں کی بابت اس کو اس قسم کا کوئی اختیار حاصل نہ ہوگا علاوہ اس کے تاج نے ریاستوں سے جو معاہدے کئے ہیں یا جو سندیں ریاستوں کو ملی ہیں وہ سب اس ایکٹ سے بالاتر ہیں اور حکومتِ وفاق کو ان میں چون وچرا کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔

عرصہ سے ریاستوں کے نظم ونسق کی صورت یہ چلی آرہی تھی کہ رئیس وہاں کا حاکم مطلق سمجھا جاتا تھا اور اسے اپنی رعایا پر پورا اختیار حاصل ہوتا تھا، اس کا ہر ہر لفظ قانون کی حیثیت رکھتا تھا اور وہ کسی سے مشورہ کرنے پر مجبور نہ تھا، لیکن اب حالات میں تبدیلی پیدا ہورہی ہے اور جب سے برطانوی ہند کی آبادی کے تتبع میں وہاں کی آبادی نے بھی اپنے سیاسی وشہری حقوق طلب کرنا شروع کئے ہیں بعض بڑی بڑی ریاستوں میں کونسلیں قایم ہوگئی ہیں اور کہیں کہیں قانون ساز اسمبلیاں بھی نظر آتی ہیں، لیکن بایں ہمہ رئیس کی ذاتی وشخصی وجاہت حدود ریاست کے اندر بدستور قایم ہے اور وہ کونسلوں واسمبلیوں کا پابند نہیں ہے

البتہ تاج اور ریاستوں کا تعلق ایسا ضرور ہے جو والیان ریاست کی مطلق العنانی اور خود مختاری کی راہ میں ایک سنگ گراں کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہرچند تاج اور ریاستوں کے یہ تعلقات مخصوص معاہدوں اور سندوں پر قایم ہیں اور اس میں شک نہیں کہ ان تمام معاہدوں میں ریاستوں کی خود مختاری کو بڑی حد تک تسلیم کیا گیا ہے لیکن رفتہ رفتہ مختلف حالات ومصالح کی بنا پر ان تعلقات کی صورت ایسی ہوگئی ہے کہ جو آزادی وخود مختاری رؤسا ہند اپنی ریاستوں کے حدود کے اندر چاہتے ہیں وہی مطلق العنانی حکومت بالادست نے ریاستوں کے باب میں اختیار کرلی ہے۔ رؤسا کا عزل ونصب، ریاستوں کا بٹانا بگاڑنا، گھٹانا بڑھانا (جس کی متعدد مثالیں تاریخ میں نظر آتی ہیں) حکومتِ بالادست نے اپنا حق سمجھ لیا ہے اور جب وہ اپنے اغراض کے تحت کوئی ایسی دست اندازی ضروری سمجھتی ہے، تو اس کے سامنے نہ معاہدات کا سوال ہوتا ہے نہ سندات کا، اور چونکہ یہ اغراض زیادہ تر سیاسی ہوتی ہیں اس لئے رفتہ رفتہ پولٹکل ڈپارٹمنٹ کا اثر ریاستوں میں قوی ہوتا جارہا ہے اور تاج کے اختیارات گویا حکومتِ ہند کے محکمۂ سیاسیات ہی کے سپرد کردئے گئے ہیں۔

یہ صورت چونکہ ریاستوں کے لئے نہایت تلخ وناگوار ہے اس لئے دستور جدید کی تنظیم سے قبل ہی انھوں نے اپنی چیمبر میں بارہا اس سوال کو اٹھایا اور جب وفاقی حکومت کی تشکیل ہونے لگی تو زیادہ زور اسی پر دیا کہ ان کے جو تعلقات تاج سے قایم ہیں وہ تاج ہی سے وابستہ رہنا چاہئے اور محکمۂ سیاسیات کی گرفت دور کرکے اُن کے ساتھ وہی تعلقات پیدا کرنے چاہیں جو معاہدات وسندات میں متعین ہوچکے ہیں اور یہ کہنا غالباً خلاف حقیقت ہوگا کہ وفاقی حکومت میں رئیسوں کے ان مطالبات کی رعایت ملحوظ

نہیں رکھی گئی

جدید ایکٹ کی دفعہ ۲۸۵ میں پوری صراحت کے ساتھ درج ہے کہ سوائے ان مسایل کے جو ریاستوں نے خود اپنی رضامندی شرکت کی رو سے وفاق کے سپرد کردئے ہیں اور تمام مسایل میں تاج اور ریاستوں کے تعلقات علی حالہا قایم رہیں گے اور جو حقوق آزادی رئیسوں کو پہلے حاصل تھے ان میں کوئی تغیر پیدا نہ ہوگا

سر سموئیل ہور نے مارچ ۳۵ء میں جو ڈسپیچ حکومت ہند کے پاس روانہ کیا تھا اس میں لکھا تھا کہ "بل میں کوئی بات ایسی نہیں ہے جو حکومت بالادست کے اختیارات پر اثر انداز ہو۔ بل کا مقصود صرف یہ ہے کہ سوائے ان معاملات کے جو ریاستیں خود اپنی مرضی سے وفاقی مقننہ و مجلس عاملہ کے سپرد کردیں اور کسی معاملہ میں حکومت بالادست اور ریاستوں کے تعلقات اثر پذیر نہ ہوں یہاں تک کہ ریاستیں وفاق میں شریک نہ ہوں تو بھی اس بل کی رو سے ان کے اور تاج کے تعلقات میں کوئی فرق پیدا نہ ہوگا"

اب قوت بالادست کی اہمیت اور اس کی نوعیت و وسعت کو سامنے رکھکر ریاستوں کی پوزیشن پر غور کرنا چاہیئے

قوت بالادست قوت بالادست کا واقعی مفہوم کیا ہے؟ اس کی صراحت کمیٹی ریاستہائے ہند نے ان الفاظ میں کی ہے کہ "قوت بالادست سے مراد تاج ہے جو بواسطہ وزیر ہند و گورنر جنرل بہ اعتبار اس کونسل و ذمہ داری پارلیمنٹ ریاستوں سے تعلق رکھتا ہے" لیکن اسی کے ساتھ یہ اصرار بھی ہے کہ ہندوستانی ریاستوں پر تاج کی برتری ہندوستان کے فرمانروا ہونے کی حیثیت سے حاصل ہے اور اس لئے ہندوستان کی عنان حکومت جس کے ہاتھ میں ہوگی وہی اختیارات بالادستی استعمال کرسکے گا یعنی اگر ہندوستان کو مستعمراتی آزادی مل گئی تو تاج کی ہندوستانی فرمانروائی اسکی برطانوی فرمانروائی سے علٰحدہ ہوجائے گی اور اس صورت میں ہندوستان کی حکومت کو حقوق بالادستی حاصل ہوجائیں گے۔

والیان ریاست نے اس کی مخالفت میں دو دلیلیں پیش کیں۔ ایک یہ کہ تاج اور رؤسا ہند کے تعلقات بالکل ذاتی حیثیت رکھتے ہیں اور یہ کسی طرح مناسب نہ ہوگا کہ ہندوستان کی ڈماکریٹک حکومت کو اتنے اختیارات دیدئے جائیں کہ وہ والیان ریاست کی شخصی وجاہت اور خاندانی اہمیت کے سوالوں کو طے کرنے لگے۔ دوسری دلیل انھوں نے یہ پیش کی کہ ریاستوں کے معاہدے براہ راست تاج سے ہوئے ہیں اس لئے تاج کو کوئی حق حاصل نہیں کہ اپنے وہ تمام حقوق جو معاہدوں کے ذریعہ سے حاصل ہوئے ہیں، رؤسا کی مرضی حاصل کئے بغیر کسی اور فریق کو سونپ دے

سچ پوچھئے تو رؤسا ہند کی یہ دونوں دلیلیں کمزور ہیں۔ ان کا یہ کہنا کہ تاج کے ساتھ ان کے تعلقات بالکل ذاتی حیثیت رکھتے ہیں اس لئے درست نہیں کہ تاج برطانیہ خود فی الحقیقت حکمراں نہیں ہے بلکہ یہ خدمت کا بینہ انجام دیتی ہے اور اسکی مرضی کے بغیر تاج کچھ نہیں کرسکتا، اب رہی دوسری دلیل کہ ریاستوں کے معاہدے براہ راست تاج سے ہوئے ہیں سو اسکی کمزوری اس سے ظاہر ہے کہ ۵۸ء سے قبل جو معاہدے ہوئے تھے وہ تاج سے نہیں بلکہ ایسٹ انڈیا کمپنی اور اُنکے گورنروں سے ہوئے تھے اور انھیں کو وہ ذمہ دار سمجھتے تھے چنانچہ ان معاہدوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں تاج برطانیہ کو فریق ثانی قرار نہیں دیا گیا ہے۔ کمیٹی ریاستہائے ہند نے اسکی تردید

اس طرح کی ہے کہ چونکہ ۱۸۵۷ء تک ایسٹ انڈیا کمپنی، نمایندۂ تاج کی حیثیت سے کام کرتی رہی تھی اس لئے بہ وساطت کمپنی فی الحقیقت تاج ہی قوتِ بالادست کی حیثیت رکھتا تھا لیکن ریاستوں کے پرانے معاہدوں سے اس کا پتہ نہیں چلتا کہ ایسٹ انڈیا کمپنی نمایندۂ تاج کی حیثیت سے کام کر رہی تھی، چنانچہ اس کا بڑا ثبوت یہ ہے کہ جب غدر کے بعد گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۵۸ء نافذ ہوا تو اس میں وضاحت کی ضرورت سمجھی گئی کہ کمپنی سے جتنے معاہدے رئیسوں کے ہوئے ہیں ملکۂ معظمہ ان سب کی پابند رہیں گی" اگر تاج برطانیہ پہلے ہی سے فریقِ ثانی کی حیثیت رکھتا تو پھر ایکٹ ۵۸ء میں اسکے اظہار کی ضرورت نہ تھی

لیکن اگر تھوڑی دیر کے لئے تسلیم کر لیا جائے کہ کمپنی کے ساتھ جو معاہدے ہوئے تھے وہ فی الحقیقت تاج ہی سے ہوئے تھے تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب تاج نے کمپنی کی بجائے "حکومتِ ہند" کو اپنا نمایندہ قرار دیا تو اسوقت ریاستوں نے کیوں احتجاج نہیں کیا کہ بغیر ان کی مرضی کے "حقوقِ معاہدہ" دوسرے فریق کے سپرد کئے جا رہے ہیں

حقیقت یہ ہے کہ چونکہ تاج کو قانونی حیثیت سے آزادی و خود مختاری حاصل نہیں ہے بلکہ اپنے مشیروں کے مشورہ پر عمل کرنا اس کا فرض ہے اس لئے ریاستوں کا براہِ راست تاج کو فریق سمجھ کر اس سے معاملہ کرنا کوئی معنی نہیں رکھتا، تاہم بٹلر کمیٹی نے رئیسوں کے ان اعتراضات کو صحیح مان کر اسکا مداوا یوں کر دیا ہے کہ جدید ایکٹ میں گورنر جنرل اور وائسرائے کی دو حیثیتیں علحدہ کر دی گئی ہیں اول الذکر حیثیت مرکزی حکومت کے حاکمِ اعلیٰ ہونے کی ہے اور موخر الذکر نمایندۂ تاج ہونے کی۔ اور غالباً اس سے زیادہ قابلِ اعتماد صورت ریاستوں کے لئے اور کوئی پیدا نہ ہو سکتی تھی۔ کیونکہ اس طرح وفاق میں شرکت کے بعد رئیسوں کی پوزیشن پہلے سے زیادہ مضبوط ہو جاتی ہے اور حکومتِ ہند کے محکمۂ سیاسیات کی گرفت سے وہ بڑی حد تک آزاد ہو جاتے ہیں

اس سلسلہ میں ایک پہلو بہت زیادہ غور طلب ہے یعنی قوت بالادست اور ریاستوں کے درمیان جو تعلقات اسوقت پائے جاتے ہیں وہ وفاق کے بعد علی حالہا قایم رہیں گے یا نہیں اور اگر ان میں کوئی تغیر پیدا ہوا تو اس کی نوعیت کیا ہوگی۔ اس کا فیصلہ کرنے سے قبل یہ دیکھنا چاہئے کہ قوتِ بالادست کو خود ریاستیں کیا سمجھتی ہیں اور وہ خود اپنے کو کیا سمجھانا چاہتی ہے

مسٹر پانیکار نے تاج اور ریاستوں کے باہمی تعلقات کی تعیین میں، اسناد و معاہدات کو سامنے رکھ کر بہت زیادہ وسیع زاویۂ نظر سے کام لیا ہے، لیکن کمیٹی ریاستہائے ہند نے صاف صاف ظاہر کر دیا ہے کہ قوتِ بالادست (پارامونٹسی) کی کوئی جامع و مانع تعریف کرنا بہت دشوار ہے کیونکہ وقت و ضرورت کے لحاظ سے اس کا وسیع ہوتے رہنا ضروری ہے، لیکن اسکا اثر اس اعتماد پر کچھ نہیں پڑتا جو ریاستوں نے تاج کی طرف سے قایم کیا ہے اور اس میں شک نہیں کہ قوتِ بالادست خواہ کتنی ہی وسیع ہو جائے لیکن اس کی یہ وسعت ریاستوں کی حفاظت کی ذمہ دار ضرور ہے اور جو نسلیں ریاستوں میں حکمران چلی آ رہی ہیں ان کا انقطاع کبھی تاج یا قوتِ بالادست کو گوارا نہیں ہو سکتا۔

ریاستیں جس نقطۂ نظر سے اپنے اور تاج کے تعلقات کو دیکھنا چاہتی ہیں، وہ صحیح نہیں ہے۔ ریاستیں زیادہ تر قدیم معاہدات و اسناد پر زور دیتی ہیں، لیکن انھیں معلوم ہونا چاہئے کہ سلطنتوں کے مواعید، انسانی وعدوں سے بھی زیادہ ضعیف ہوا کرتے ہیں، چنانچہ جن حضرات نے یورپ کی سیاسیات ماضیہ و حال اور حکومتوں کے اتحاد و اختلاف کا مطالعہ کیا ہے انسے مخفی نہیں کہ معاہدوں کی حیثیت اس کاغذ کی سی ہے جو ہر وقت ردی کی ٹوکری میں ڈالا جا سکتا ہے۔ ہر چند ہندوستان کے رؤسا کے ساتھ حکومتِ بالادست نے اتنی زیادہ عہد شکنیاں نہیں کی ہیں، لیکن اسی کے ساتھ بقول لارڈ کرزن "تاج کے اختیارات کو چیلنج بھی نہیں کیا جا سکتا"، اور اس کی تصدیق اُس ڈسپیچ سے بھی ہوتی ہے جو سر سموئیل ہور نے ۱۴ مارچ ۱۹۳۵ء کو رؤسا کی شکایت کی جواب میں روانہ کیا تھا[1]

ریاستوں کا پوزیشن یہ ہے کہ نہ وہ برطانوی عدالتوں میں طاقت اعلیٰ کے خلاف کوئی مقدمہ دایر کر سکتی ہیں اور نہ کسی بین الاقوامی عدالت کا دروازہ کھٹکھٹا سکتی ہیں اس لئے عہدناموں سے ریاستوں کو قانونی حقوق حاصل نہیں ہوتے بلکہ اُنسے صرف سیاسی رہنمائی کا کام لیا جا سکتا ہے اور اس سلسلہ میں حکومت اور ریاستوں کے باہمی طرزِ عمل نے بھی زیادہ تر رواجی صورت اختیار کر لی ہے لیکن یہ رسم و رواج بھی کوئی پایدار و مستقل چیز نہیں کیونکہ حسب ضرورت قوت بالادست وہ صلحنامہ اور رسم و رواج دونوں کو نظرانداز کر کے کوئی تیسری صورت اختیار کر لیتی ہے۔ الغرض قوتِ بالادست کی کوئی تعریف متعین نہیں ہو سکتی، کیونکہ اس کا ارتقار ہنوز ختم نہیں ہوا اور نہ ہو سکتا ہے جب تک ریاستوں کی موجودہ پوزیشن قایم ہے

ریاستوں کے لئے قوتِ بالادست کے طوفان سے بچنے کی صرف دو ہی صورتیں ہو سکتی ہیں، یا تو ان کی حیثیت بین الاقوامی ہو جائے، جو ممکن نہیں، یا پھر وہ فیڈریشن میں شریک ہو کر خود مختار صوبوں کی طرح ایک مستقل سیاسی وحدت اختیار کر لیں

دستورِ جدید کے نفاذ کے سلسلہ میں جب ریاستوں کو معلوم ہوا کہ ان کو بھی وفاق میں شریک ہونے کی دعوت دیجائیگی اور بغیر ان کی شرکت کے وفاق ممکن نہیں ہے، تو اس سیاسی گرفت کے خلاف جو عرصہ سے ریاستوں کو اپنے قابو میں رکھے ہوئے تھی ردِ عمل شروع ہوا اور انھوں نے سوچا کہ اپنی آزادی اور خود مختاری تسلیم کرا لینے کا یہ موقعہ اچھا ہے اور شرکتِ وفاق کی اصلی شرط انھوں نے یہ قرار دی کہ ان کی سیادت (Paramountcy) ان کے علاقوں میں باقی رکھی جائے اور برطانیہ کے محکمۂ سیاسیات سے ان کے تعلقات الگ کر کے براہ راست تاج سے وابستہ کر دئے جائیں

ریاستوں کا یہ خیال اپنی جگہ بالکل برمحل تھا، لیکن انھوں نے اس طرح ایک نہایت پیچیدہ بحث چھیڑ دی اور اس سلسلہ میں خود ان کو بھی سب سے پہلی مرتبہ یہ غور کرنا پڑا کہ سیادت کا اصل مفہوم کیا ہے اور اپنی موجودہ حالت کو دیکھتے ہوئے

---

[1] رؤسا نے شکایت کی تھی کہ ان کے اختیارات سلب کئے جا رہے ہیں اسلئے حکومت بالادست کی تعریف متعین کر دیجائے۔ سر سموئیل ہور نے جواب دیا کہ "مجھے یقین نہیں کہ والیان ریاست نے یہ شکایت اس لئے کی ہے کہ وہ اپنے اور ملک معظم کے موجودہ تعلقات پر کچھ اعتراض کرنا چاہتے ہیں"

جس سیادت کے وہ متمنی ہیں اس کی نوعیت کیا ہوسکتی ہے

صورت یہ ہے کہ جسوقت رؤسا اپنے قدیم عہدناموں اور اسناد کو دیکھتے ہیں تو ان میں سے بعض اپنے آپ کو برطانیہ کا حلیف سمجھنے پر مجبور ہوتے ہیں، لیکن جب اسی کے ساتھ اس کے طریق عمل پر غور کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ بالکل بیدست و پا ہیں اور انھیں حدود ریاست کے اندر بھی وہ سیادت حاصل نہیں ہے جو ایک خودمختار فرمانروا کو حاصل ہونا چاہئے

اس بحث میں سب سے پہلے یہ سوال غور طلب ہے کہ آیا ریاستوں کو سیادت حاصل ہے یا نہیں۔ اگر ہے تو کس نوعیت کے ساتھ اور اگر نہیں ہے تو ان کی سیاسی پوزیشن کیا ہے

کہا جاتا ہے کہ خود ریاستیں مدعی ہیں کہ وہ مطلق العنان (Sovereign) ہیں اور ان کا یہ دعویٰ معاہدوں اور اسناد کی بنا پر ہے، لیکن چونکہ آزادی و مطلق العنانی کا تعلق صرف کاغذات سے نہیں بلکہ عمل سے ہے اس لئے ریاستوں کا یہ دعویٰ درست نہیں معلوم ہوتا

ایک ریاست ہمیشہ اسی وقت صحیح معنے میں آزاد و خودمختار سمجھی جاسکتی ہے جب اس کو بین الاقوامی حیثیت حاصل ہو یعنی وہ دوسری اجنبی ریاستوں سے براہ راست سیاسی تعلقات پر گفت و شنود کرسکتی ہو، اپنے اختیار سے صلح و معاہدہ کرسکتی ہو اور اگر کوئی قوت اس کی مخالفت پر آمادہ ہو تو اس سے جنگ کرسکتی ہو۔ مختصر یوں سمجھئے کہ سیاسیات میں اس کی انفرادی حیثیت کا قایم ہونا ضروری ہے۔ اور ہندوستان کی اسوقت کوئی بڑی سی بڑی ریاست ایسی نہیں ہے جو ان تمام باتوں پر قادر ہو۔

کوئی خودمختار حکومت و سیادت نہ کسی کو عطا کی جاتی ہے اور نہ اسے فنا کیا جاسکتا ہے اور نہ اس میں تغیر و تبدل ہوسکتا ہے اور اگر کوئی طاقت ایسی ہے جو یہ سب کچھ کرسکتی ہے تو اصل سیادت و ملوکیت اسی طاقت کی مانی جائے گی۔ ریاستوں کی تاریخ دیکھنے سے واضح ہوتا ہے کہ برطانیہ نے یہ سب کچھ کیا ہے۔ نئی ریاستوں کی تخلیق کے مثال میں میسور، ٹونک، راج پیپلا، جھالاواڑ، گڑھوالی، بنارس اور کپورتھلہ کو پیش کیا جاسکتا ہے۔ قوت بالادست نے کئی ریاستوں کو فنا بھی کیا ہے اور انیسویں صدی کے ابتدائی ۶۰ سال میں اس کی متعدد مثالیں ملتی ہیں۔ یہ ریاستیں کسی جنگ یا فتح کے سلسلہ میں ختم نہیں ہوئیں بلکہ اس وقت برطانوی حکومت میں شامل کی گئیں جب ملک میں امن و امان تھا اور ریاست کی طرف سے مطلقاً کوئی وجہ اشتعال پیدا نہ ہوئی تھی۔ ریاست تنجور کا برطانوی علاقہ میں شامل کرلیا جانا اس کی کھلی ہوئی مثال ہے۔ ہرچند اب ریاستیں برطانوی علاقہ میں شامل نہیں کی جاتیں، مگر اس کا سبب یہ نہیں ہے کہ برطانیہ کو اس کا حق حاصل نہیں بلکہ بقول سر لیوس سپڑ (Sir Lewis Dyer) وجہ صرف یہ ہے کہ ریاستوں کا قایم رکھنا خود برطانیہ کے لئے مفید ہے

ریاستوں کا رقبہ بڑھا دینے کی مثال دامودر۔ گوردن والے مقدمہ میں ملتی ہے اور کسی ریاست کے حدود کم کردینے کی مثال برار ہے۔ علاقہ چھین لینے کی ایک اور مثال ریاست بئود کا واقعہ ہے کہ بغیر استمزاج رئیس ایک پرگنہ خود لے لیا اور ایک پرگنہ ریاست سونی پور میں منتقل کردیا

اس میں شک نہیں کہ والیان ریاست کی نقل و حرکت کے وقت اکثر وہی مراسم ادا کئے جاتے ہیں جو خود مختار بادشاہوں کے لئے مخصوص ہیں اور برطانیہ کی عدالتوں میں رئیسوں کا وہی درجہ ملحوظ رکھا گیا ہے جو بادشاہوں کا، لیکن یہ سب کچھ ذاتی اعزاز کی حیثیت رکھتا ہے اور سیاسی مصلحت اس کی مقتضی ہے

اس قدر بیان سے یہ امر واضح ہو گیا ہوگا کہ ریاستوں کو خود مختار سلطنت کی سی پوزیشن حاصل نہیں ہے اور نہ وہ اسکا دعویٰ کر سکتی ہیں ان کی پوزیشن کے متعلق اگر کسی حد تک کوئی صحیح تخیل قایم ہو سکتا ہے تو وہ قریب قریب وہی ہوگا جو اقطاعی نظام (Feudalism) کا یعنی کسی کو اس شرط پر زمین دیدینا کہ وہ ضرورت کے وقت فوجی امداد کرے گا۔ ہر چند قوت بالادست اور ریاستوں کے باہمی تعلقات پر اقطاعی نظام پوری طرح منطبق نہیں ہوتا تاہم اگر کسی نظام سے اسے تشبیہ دیجا سکتی ہے تو وہ اقطاعی حکومت ہی ہے

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر ریاستیں مطلق العنان حکومتیں نہ تھیں اور ان کی زندگی بالکل قوت بالادست کے رحم و کرم پر منحصر تھی، تو ان کو کیوں باقی رکھا گیا اور برطانیہ نے ریاستی ہند کو کیوں نہ اپنی حکومت میں شامل کر لیا۔

ریاستوں کی خود مختاری کی دلیل میں یہ سوال پیش کرنا بے خبری کی علامت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ انیسویں صدی کی ابتدا ہی میں برطانوی مدبرین کے سامنے یہ سوال آیا تھا کہ ریاستوں کا قایم رکھنا مناسب ہے یا نہیں۔ لیکن چونکہ اسوقت ہندوستان میں انگریزی فوج کم تھی اور بحری قوت بھی اتنی زبردست نہ تھی کہ انگلستان میں بیٹھکر ہندوستان کی حفاظت بہ آسانی ہو سکتی، اس لئے پورے ہندوستان پر قبضہ رکھنا بڑی ذمہ داری کا کام سمجھا گیا اور ریاستوں کے بقا کو ضروری قرار دیا گیا۔ علاوہ اس کے لارڈ ڈلہاوزی نے ریاستوں کو فنا کر کے برطانوی ہند میں شامل کر لینے کی جو پالیسی اختیار کی تھی اس کا نتیجہ اچھا نہ نکلا، عوام ناراض ہو گئے اور کہا جاتا ہے کہ غدر کے اسباب میں سے ایک بڑا سبب یہ بھی تھا۔ چنانچہ بغاوت فرو کرنے کے بعد لارڈ کیننگ نے ۱۸۶۰ء میں جو ڈسپیچ لندن روانہ کیا اس میں یہی لکھا گیا تھا کہ ریاستوں کو برطانوی ہند میں شامل کرنا مناسب نہیں ہے بلکہ ان کا باقی رہنا ہی مفید ہے اور اس کے ثبوت میں انھوں نے بتایا کہ بغاوت کے دوران میں ریاستوں نے حکومت کی کتنی مدد کی

لیکن اب نہ لارڈ ڈلہاوزی کا زمانہ ہے نہ لارڈ کیننگ کا۔ حالات بالکل بدل گئے ہیں شخصی حکومتیں فنا ہو رہی ہیں، جمہوریت و ڈیماکریسی سے بڑھکر اشتراکیت کی طرف دنیا کا میلان بڑھتا جا رہا ہے، ایک عام بیداری ہر طرف نظر آرہی ہے، ملکی و وطنی جذبات قوی ہوتے جا رہے ہیں اور سیاسیات یورپ نے اب اس کا امکان بالکل باقی نہیں رکھا کہ کوئی حکومت رعایا کی عام آواز کی مخالفت کر کے چین سے بیٹھ سکے، اس لئے اگر ریاستیں ایک صدی پیچھے ہٹ کر اس مسئلہ پر غور کرنا پسند کرتی ہیں تو وہ کبھی اسمیں کامیاب نہیں ہو سکتیں ان کو سمجھنا چاہئے کہ حکومت بالادست رفتہ رفتہ کس طرح ان کے اختیارات سلب کرتی جا رہی ہے اور وقت و زمانہ کے مطالبہ کے مقابلہ میں خود حکومت اپنے اقتدار کو بھی آہستہ آہستہ کھوتی جا رہی ہے، اس صورت میں یہ توقع کرنا کہ پھر وہی اگلا سا دورِ ملوکیت واپس آجائے خواب و خیال ہے اور اگر ریاستیں یہ چاہتی ہیں کہ وہ ہندوستان کے دوسرے حصوں

سے بے نیاز رہکر اپنے حدود کے اندر جو چاہیں کریں تو اب یہ بالکل ناقابل عمل ہے، ان کو دیکھنا ہوگا کہ زمانہ کیا چاہتا ہے، ان کو سمجھنا ہوگا کہ سیلاب کا رُخ کیا ہے اور ان کو اُسی طوفان میں پڑکر ساحل تلاش کرنا پڑے گا جس نے اسوقت نہ صرف ہندوستان بلکہ ساری دنیا کو گھیر لیا ہے

اگر ہندوستان کا نظام حکومت وفاقی صورت اختیار کرنا چاہتا ہے تو یہ ہوکر رہے گا اور کوئی قوت اس کی مخالفت میں کامیاب نہیں ہوسکتی۔ ہرچند ریاستوں کے لئے وفاق میں شرکت لازم نہیں ہے لیکن اسی کے ساتھ حالات ایسے ہیں کہ جلد یا بدیر ان کو شریک ہونا پڑے گا اور وہ ریاستیں جو اسوقت پس وپیش کر رہی ہیں ان کو بجائے پانے کے کچھ کھوکر شریک ہونا پڑے گا

میں پہلے کسی مضمون میں ظاہر کرچکا ہوں کہ قیام وفاق کے لئے جتنی ریاستی آبادی یا ریاستی نمایندگی کی ضرورت ہے وہ ان ریاستوں کی شرکت سے پوری ہوجائے گی جو فی الحال اپنی خود مختاری کو کھو بیٹھی ہیں یا جن میں قوت بالادست کے فیصلہ کے خلاف زبان ہلانے کی ہمت نہیں۔ اس لئے اگر بعض بڑی بڑی ریاستیں شریک نہ ہوئیں تو وفاق کو کوئی نقصان نہ پہونچے گا لیکن خود ان کی ہستی ضرور خطرہ میں پڑجائے گی

اول تو سب سے بڑا نقصان یہ پہونچے گا کہ پورا ملک اُن کا مخالف ہوجائے گا اور یہ ایسی زبردست اخلاقی ضرب ہوگی کہ اس کا متحمل ہونا آسان کام نہیں، علاوہ اس کے چونکہ یہ بات ریاستوں کے اختیار سے بالکل باہر ہے کہ وہ برطانوی ہند کے انقلابات سے اپنی رعایا کو متاثر نہ ہونے دیں اس لئے اگر وفاق سے الگ رہنے کے بعد کوئی اندرونی کشمکش پیدا ہوئی تو پھر نہ حکومت وفاق ان کی مدد کرے گی اور نہ تاج ان کی حمایت پر آمادہ ہوگا

تیسری بات جو سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے یہ ہے کہ شرکت وفاق کے بعد وہ حکومت کے محکمۂ سیاسیات کی گرفت سے آزاد ہوجائیں گی اور چونکہ بصورت شرکت وفاق ان کے معاملات پر وفاقی حیثیت سے غور کیا جائے گا اس لئے بہت ممکن ہے کہ بعض صورتوں میں وہ برطانوی ہند کی ہمدردی بھی حاصل کرسکیں اور موجودہ حالت کے مقابلہ میں وہ زیادہ آزادی سے سانس لے سکیں

نگار کا غالب نمبر

جو جنوری ۳۲ء میں شایع ہوا تھا اب اُس کی چند کاپیاں دفتر میں رہ گئی ہیں۔ نگاریوں بھی تمام رسایل میں جو ممتاز حیثیت رکھتا ہے وہ محتاج بیان نہیں نہ کہ غالب ایسے بلند پایہ اور شوخ نگار شاعر کے مطائبات پر تنقید و تبصرہ، یوں سمجھئے کہ حسن اُس پر یوش کا اور پھر بیاں اپنا ۔ اس کی قیمت رعایتی ۱۲ ہے علاوہ محصول

مینجر نگار لکھنؤ

شیخ امام بخش ناسخ

(پروفیسر فراق گورکھپوری کی تقریر جو ۱۹ اپریل ۱۹۳۸ء کو ریڈیو اسٹیشن لکھنؤ سے نشر ہوئی)

کچھ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاعری ہو یا زندگی کا کوئی اور کام کسی بات میں کچھ لوگ اوروں سے بہت آگے بڑھ جاتے ہیں اور اس لئے وہ بڑے آدمی خیال کئے جاتے ہیں مگر کچھ لوگ بڑے آدمی ہوتے ہیں اور اس لئے وہ کسی بات میں اوروں سے آگے بڑھ جاتے ہیں۔ مثلاً میر، آتش، انیس کے کلام کو دیکھئے تو معلوم ہوگا کہ یہ لوگ محض بڑے شاعر نہیں تھے بلکہ غیر معمولی آدمی بھی تھے۔ یہ لوگ زبردست مفکر تھے، قوم کے رہبر تھے اور اگر شاعری نہ بھی کرتے یا کچھ بھی نہ کرتے تو بھی اپنے ہمعصروں میں انکی ہستیاں اوروں سے بلند مانی جاتیں۔ کارلائل کا قول ہے کہ ایک ہیرو ہر طرح سے ہیرو ہوتا ہے (no hero a hero at all points) وہ کہتا ہے کہ شیکسپیر اگر زبردست ڈرامانویس نہ ہوتا تو ایک زبردست سپاہی ہوتا۔ اُردو کے مشہور شاعروں میں میر اور سودا میں غالب اور ذوق میں انیس اور دبیر میں، ناسخ اور آتش میں غور کیجئے کہ کون محض بڑا فن کار تھا اور کون واقعی بڑا آدمی تھا۔ میں یہ سوال پیش کر کے خاموش ہو جاتا ہوں اور فیصلہ آپ پر چھوڑتا ہوں

فیصلہ آپ جو کچھ بھی کریں لیکن ناسخ کا نام آتے ہی کچھ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت کرنا اور لیڈری کرنا ناسخ کا پیدائشی حق تھا۔ ناسخ مفکر نہ سہی، حقیقی معنوں میں زبردست شاعر بھی نہ سہی اس کی تمام توجہ تمام کوشش اور تمام زندگی نذر فروعات سہی لیکن وہ کسی ماحول، کسی ملک، کسی طبقے اور کسی زمانہ میں ہوتا، تو بھی اس کی ہستی غیر معمولی ہستی مانی جاتی اور اس کی شخصیت کو نظر انداز کرنا آسان نہ ہوتا۔ بحیثیت شاعر کے آج آپ ناسخ کو جو چاہیں کہیں اُس کے دو دیوان دیکھ کر اُردو شاعری پر اس کے اثر کو دیکھ کر آپ اُس کے تخلص کو تخریبی چیز سمجھیں یا تعمیری چیز لیکن اس کی شخصیت میں وہ تیور ہے جو اُردو کے تمام مشاہیر میں ہمیں صرف میر کی یاد دلاتا ہے۔ بحیثیت شاعر کے نہیں بلکہ بحیثیت ایک انسان کے ناسخ کو میر کا مزاج ملا تھا۔ اس کے علاوہ ناسخ کی شخصیت میں ایک ڈپٹ ہے ایک تحکمانہ انداز ہے ایک کس بل ہے جو غالباً کیا یقیناً میر کی شخصیت میں بھی نہیں ہے۔ انگریزی ادب کی تاریخ میں ناسخ کی شخصیت بن جانسن اور ڈاکٹر

سیمویل جانسن کی یاد دلاتی ہے۔ یہ تین کے تینوں جسمانی حیثیت سے پہلوانانِ سخن تھے اور اقلیم سخن کے حکمران تھے۔ تینوں ڈکٹیٹر تھے۔ تینوں کے کارناموں اور اثرات میں جیسے کوئی مادی طاقت یا مرعوب کُن جسامت کام کر رہی ہو، تین کے تینوں جسم، دل و دماغ علمیت اور کلام کے لحاظ سے ٹھوس آدمی تھے۔ اگر آپ ان تینوں سے بہت ناخوش ہیں تو بجائے ٹھوس کے ٹھس کہہ لیجئے۔ لیکن ان کا ٹھوس ہونا یقینی ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ ناسخ کی شاعری کے بارے میں کہا گیا ہے کہ کوہ کندن د کاہ برآوردن۔ کاہ یعنی گھاس کتنی ہی بے حقیقت چیز ہو لیکن کوہ کنی ذرا ٹھوس کام ہے۔ بہرحال اگر میر کی نازک دماغی مسلم ہے اور آتش کا بانکپن، تو ناسخ کا ٹھوس ہونا بھی تسلیم کرنا پڑے گا

ذرا غور کیجئے۔ شیخ امام بخش ناسخ زندگی اور شاعری دونوں میں یتیم تھے۔ باپ کا نام خدا بخش تھا۔ وطن لاہور تھا، زمانہ کی گردش نے باپ سے وطن چھوڑوایا اور عالم غربت میں فیض آباد کا منھ دکھایا جہاں ناسخ پیدا ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ ناسخ خدا بخش کے بیٹے بھی نہیں تھے بلکہ متبنّیٰ تھے۔ خدا بخش کے مرنے کے بعد بھائیوں نے دعویٰ کیا کہ امام بخش کوئی نہیں ہوتے اور خدا بخش کی کل دولت انھیں ملنی چاہیئے۔ مگر ناسخ کی خود اعتمادی دیکھئے کہ انھوں نے کہدیا کہ مجھے مال و دولت سے کچھ غرض نہیں جس طرح ان کو باپ سمجھتا تھا آپ کو سمجھتا ہوں۔ آتا ہے کہ جس طرح وہ میری ضروریات کی خبرگیری کرتے تھے اس طرح آپ فرمائیے۔ انھوں نے قبول کیا۔ کہا جاتا ہے کہ جایداد کے جھگڑے میں بدنیت چچا نے بیسنی روٹی اور گھی میں ناسخ کو زہر دیا۔ لیکن یہ زہر کارگر نہ ہوا۔ کچھ پیش نہیں جاتی ہے قسمت کے دھنی سے۔ عمر بھر کسی کی نوکری نہیں کی۔ پہلی دفعہ جب الہ آباد آئے راجہ چندولال نے ۱۲ ہزار روپے بھیج کر بلا بھیجا۔ انھوں نے لکھ بھیجا اب جاؤں گا تو لکھنؤ ہی جاؤں گا۔ راجہ موصوف نے پھر خط لکھا بلکہ ۱۵ ہزار روپے بھیجکر بڑے اصرار سے کہا کہ یہاں تشریف لائیے گا تو ملک الشعرا خطاب دلواؤں گا، حاضری دربار کی قید نہ ہوگی ملاقات آپ کی خوشی پر رہے گی۔ انھوں نے منظور نہ کیا۔ پھر سنئے کہ غازی الدین حیدر کے عہد میں جب ان کی تعریفوں کا آوازہ بہت بلند ہوا تو انھوں نے کہلوایا کہ اگر شیخ ناسخ ہمارے دربار میں آئیں اور قصیدہ سنائیں تو ہم انھیں ملک الشعرا خطاب دیں۔ جب یہ پیغام ان کے شاگرد نواب معتمد الدولہ نے پہونچایا تو ناسخ نے بگڑکر جواب دیا کہ مرزا سلیمان شکوہ بادشاہ ہو جائیں تو وہ خطاب دیں۔ ان کا خطاب لیکر میں کیا کروں گا۔ غازی الدین حیدر ذرا خطرناک آدمی تھے۔ ناسخ کو لکھنؤ چھوڑکر غربت اختیار کرنی پڑی لیکن غازی الدین حیدر کے دربار میں نہ گئے اور اُن کے لئے یا کسی کیلئے عمر بھر کوئی قصیدہ نہ کہا حالانکہ کچھ نقادوں کو اس کی حسرت رہ گئی کہ ناسخ قصیدہ کی طرف مایل ہوتے۔ اُردو شعرا پر جو سہل پسندی سے یہ حکم لگا دیا جاتا ہے کہ وہ لالچی، خوشامدی، دربار پرست اور ثروت پرست ہوتے ہیں یا ہوتے تھے وہ تصویر کا محض ایک رُخ ہے اور وہ بھی سب سے زیادہ نظر فریب اور دلکش رُخ نہیں ہے۔ مجھے تو اُردو شاعروں کی دنیا پرستی میں بھی ایک لطیف عنصر ملتا ہے۔ ناسخ کا دل کتنا بڑا تھا اس کی ایک جھلک تو ہم آپ نے دیکھ لی۔ اب دیکھئے کہ شاعری میں بھی کس انداز سے بے یار و مددگار شخص اپنی دھاک بٹھا کر رہا اور دہلی سے لکھنؤ تک بلکہ براعظم ہند کے اس تمام حصہ پر چھا گیا جہاں

ہندوستانی زبان بولی یا سمجھی جاتی ہے۔ ناسخ کی شاعری کس طرح شروع ہوئی اس کا حال مصنف آب حیات سے سنئے "شاعری میں کسی کے شاگرد نہ تھے۔ روایت ہے کہ ایک بار ناسخ نے آغاز شاعری کا حال یوں بیان فرمایا کہ میر تقی مرحوم ابھی زندہ تھے جو مجھے ذوق سخن نے بے اختیار کیا۔ ایک دن اغیار کی نظر بچا کر کئی غزلیں خدمت میں لے گیا۔ انھوں نے اصلاح نہ دی۔ میں دل شکستہ ہو کر چلا آیا اور کہا کہ میر صاحب بھی آخر آدمی ہیں۔ فرشتہ تو نہیں۔ اپنے کلام کو آپ ہی اصلاح دوں گا۔ چنانچہ عرصہ کے بعد پھر فرصت میں نظر ثانی کرتا اور بناتا۔ غرض مشق کا سلسلہ برابر جاری تھا۔ لیکن کسی کو سناتا نہ تھا۔ جب تک خوب اطمینان نہ ہوا مشاعرہ میں غزل نہ پڑھی۔ نہ کسی کو سنائی۔ مرزا حاجی صاحب کے مکان پر مشاعرہ ہوتا تھا۔ سید انشا۔ مرزا قتیل۔ جرأت۔ مصحفی وغیرہ سب شعرا جمع ہوتے تھے سب کو سنتا تھا مگر وہاں کچھ نہ کہتا تھا۔ ان لوگوں میں جولون، مرچ سید انشا اور جرأت کے کلام میں ہوتا تھا وہ کسی کی زبان میں نہ تھا۔ غرض سید انشا اور مصحفی کے معرکے بھی ہو چکے جرأت اور ظہور اللہ خاں نوا کے ہنگامے بھی طے ہو گئے۔ جب زمانہ سارے ورق الٹ چکا اور میدان صاف ہو گیا تو میں نے غزل پڑھنی شروع کی"۔ گلستاں کی وہ روایت تو شاید آپ کو یاد ہو گی جس میں ایک شاعر شیخ سعدی کے پاس آکر بدہضمی کی شکایت کرتا ہے۔ سعدی نے کہا کہ تو نے کوئی شعر کہا ہو گا اُسے سنا۔ اس نے سنایا اور وہ شعر سعدی نے اس سے تین بار پڑھوایا اور پھر کہا کہ جا اب تیری بدہضمی دور ہو گئی۔ ناسخ نے نوجوانی میں دن رات شعر کہتے ہوئے بھی جس صبر و استقلال، جس خود اعتمادی، سیر چشمی اور اعلیٰ ظرفی کا ثبوت دیا ہے اُسے آپ نے دیکھا۔ اگر یہ قوت ارادی اور قوت انتظار کسی عاشق کو نصیب ہو تو شاید حسن بے نیاز کی تمکنت بھی ڈانواں ڈول ہو جائے۔ لیکن دل و دماغ کے اُبھار کو اتنے دنوں تک بائے رہنے کے لئے شعر کہہ کر اُسے پی جانے کے لئے شاعری کے ہنگاموں میں لب پر مہر سکوت لگا لینے کے لئے بڑے ٹھوس کردار بڑے سخت قوت ہاضمہ کی ضرورت ہے

اب آزاد ہی کی زبان سے ناسخ کے کچھ اور حالات سنئے۔ کہتے ہیں "ابتدائے عمر سے ورزش کا شوق تھا۔۔۔۔ ۱۲۹ ڈنٹر کا معمول تھا کہ یا غفور کے عدد ہیں۔ یہ وظیفہ قضا نہ ہوتا تھا۔ البتہ موقع اور موسم پر زیادہ ہو جاتے تھے۔ جیسا ریاضت کا شوق تھا ویسا ہی ڈیل ڈول بھی لائے تھے۔ بلند بالا۔ فراخ سینہ۔ منڈا ہوا سر۔ کھاروے کا لنگ باندھے بیٹھے رہتے تھے۔ جیسے شیر بیٹھا ہے۔ جاڑے میں تنزیب کا کرتا۔ بہت ہوا تو لکھنؤ کی چھینٹ کا دھرا کرتا پہن لیا۔ دن رات میں ایک دفعہ کھانا کھاتے تھے۔ ظہر کے وقت دسترخوان پر بیٹھتے تھے اور کئی وقت کی کسر نکال لیتے تھے۔۔۔۔ دسترخوان اُٹھتا تھا تو دو خوان فقط خالی برتنوں کے بھرے اُٹھتے تھے۔ قوی ہیکل بلونت جوان تھے۔ ان کی صورت دیکھکر معلوم ہوتا تھا کہ ۵ سیر کھانا ان کے آگے کیا مال ہے"۔

"یہ بھی معمول تھا کہ پہر رات رہے سے ورزش شروع کرتے تھے۔ صبح تک اس سے فارغ ہوتے تھے۔ مکان مردانہ تھا۔ عیال کا جنجال رکھا ہی نہ تھا۔ اول نہائے اور پھر صحن میں کہ صفائی سے آئینہ رہتا تھا مونڈھے بچھے ہیں،

اندر ہیں تو فرش اور سامان آرائش سے آراستہ ہے۔ صبح سے احباب اور شاگرد آنا شروع ہوتے تھے۔ دوپہر کو سب رخصت اور دروازہ بند۔ عصر سے پھر آمد شروع ہوئی۔ مغرب کے وقت سب رخصت۔ خدمتگار کو بھی باہر کیا اور اندر سے قفل بند کر دیا کوٹھے پر ایک کمرہ خلوت کا تھا۔ وہاں گئے کچھ سو رہے اور تھوڑی دیر بعد اُٹھکر فکر سخن میں مصروف ہوئے۔ عالم خواب غفلت میں پڑا سوتا تھا اور وہ خواب راحت کے عوض کاغذ پر خون جگر ٹپکاتے تھے۔"

"آداب محفل کا بہت خیال تھا۔ آپ تکیہ سے لگے بیٹھے رہتے تھے۔ شاگرد باادب بچھونے کے حاشیہ پر بیٹھتے جاتے تھے۔ دم مارنے کی مجال نہ تھی۔ شیخ صاحب کچھ سوچتے کچھ لکھتے۔ جب کاغذ ہاتھ سے رکھتے تو کہتے ہوں! ایک شخص غزل سنانی شروع کرتا، اور یہ اصلاح دیتے جاتے۔

یہ تو تھا ناسخ کا معمول زندگی۔ میں آپ سے کہہ چکا ہوں کہ ناسخ کی شخصیت ہمیں میر کی یاد دلاتی ہے۔ دونوں بے انتہا نازک مزاج تھے یا ٹھیٹ زبان میں دونوں نہایت جھکی تھے۔ مگر میر کی جھک اور نازک مزاجی اور ناسخ کی جھک اور نازک مزاجی میں بڑا فرق ہے۔ میر کے بارے میں جو روایتیں مشہور ہیں وہ تلخ اور ناگوار ہوتے ہوئے بھی ایک لطیف اور تیز معنویت رکھتی ہیں اور میر کے مزاج کی شعریت، میر کی شاعری اور میر کے متعلق ان روائتوں میں ایک نازک مطلب اور ہم آہنگی ہے:۔

سہل ہے میر کا سمجھنا کیا　　اس کی ہر بات اک مقام سے ہے

لیکن ناسخ کی جھک اور نازک مزاجی ذرا مزاحیہ یا کامک قسم کی ہے مثلاً دوران فکر میں ایک دیرینہ دوست کا ناسخ سے ملنے آنا اور ٹال مٹول کے بعد بھی جب وہ نہ اُٹھے تو گھر میں آگ لگا دینا۔ کسی رئیس زادے کا ان کے یہاں آکر شیشے کے چچوں سے کھیلنا اور جب ایک چمچ اتفاق سے ٹوٹ گیا تو دوسرا یہ کہکر پیش کر دینا کہ اب اس سے شغل فرمائیے۔ دوران فکر سخن میں ایک پاس بیٹھے ہوئے شخص کا ایک تنکا توڑتے رہنا اور ناسخ کا ملازم کو یہ حکم دینا کہ ایک ٹوکری خس و خاشاک ان کے پاس لاکر ڈال دے۔ ایک فارسی شعر کا مطلب دریافت کرنے پر یہ کہکر کہ میں فارسی کا شاعر نہیں دوسروں سے باتیں کرنے لگنا اور پوچھنے والے کا نادم واپس آنا۔ شعر سنانے کی فرمائش کرنے پر بالکل مہمل اور بے معنی شعر سنا کر یہ دیکھنا کہ یہ شخص کچھ سمجھتا بھی ہے یا یونہی تعریف کرنے آیا ہے، یا اپنے دیوان کی نقل پیش کر دینا کہ ملاحظہ کر لیجئے، یہ تمام لطایف و ظرایف نہ صرف ناسخ میر کے رنگ طبیعت کے فرق کو نمایاں کرتے ہیں بلکہ دہلی کے مزاج شاعری میں جو داخلی پہلو ہے اور لکھنؤ کے مذاق میں جو خارجی پہلو ہے اس فرق کو بھی نمایاں کرتے ہیں۔ میر اور ناسخ دونوں کو خبط سہی ——— ہر کس بخیال خویش خبطے دارد۔

لیکن ناسخ کی شخصیت سے بڑھکر جب ہم ناسخ کی شاعری پر نظر ڈالتے ہیں تو تاریخ ادب کی اس ستم ظریفی کی مثال ہمارے سامنے آتی ہے جس کی بدولت شاعری کا ریفارم کرنے والا حقیقی معنوں میں شاعر ہو ہی نہیں سکا۔ مثلاً میں یہ تو نہیں کہتا کہ اُردو ادب میں سودا شاعر نہیں لیکن اصلاح زبان اور اصلاح ادب میر سے اس نے زیادہ کی پھر بھی غزل میں کہاں

میر کہاں سودا، انگریزی ادب میں بن جانسن کی اُستادی مسلم پھر بھی بغیر کاٹ چھانٹ کے کلام شیکسپیر وہ صحرائے خودرو ہی جس کی قوت نمو کے سامنے بن جانسن کی باغبانی دہری رہ جاتی ہے۔ یہی حال ناسخ اور آتش، انیس اور دبیر، داغ اور امیر کا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ناسخ پیدائشی لیڈر اور ڈکٹیٹر تھا۔ اس نے سختی سے تکمیل کے ساتھ اور جزرسی کے ساتھ اُردو زبان کو منضبط اور منظم کیا اور ہمیشہ کے لئے زبان اور بیان کی بدنظمیوں کو مٹا دیا اور اس معنے میں کہ جتنا بڑا کلیسکس (Classics) دیوان ناسخ ہے آج تک اُردو کا کوئی اور دیوان نہیں ہو سکا۔ جس طرح آگسٹس (Augustus) نے روم کو اینٹ کا پایا اور اُسے سنگ مرمر کا بنا کر چھوڑا اسی طرح جہاں تک زبان، بیان اور شاعری کے خارجی اُصولوں اور میونسپل قانونوں کا تعلق ہے ناسخ نے اقلیم غزل کو ایک خودرو جنگل پایا اور اسے کم از کم ظاہری شکل وصورت کے لحاظ سے ایک وسیع البسط باغ بنا کر چھوڑا۔ شاعرانہ حیثیت سے نہ سہی لیکن تاریخی حیثیت سے یہ معمولی کارنامہ نہیں۔ لوگ یہ اکثر بھول جاتے ہیں کہ دیوانِ ناسخ سے پہلے جو اُردو دیوان مرتب ہوئے تھے ان میں سب سے مشہور دیوان میر۔ دیوان سودا، اور جرأت، مصحفی اور انشا کے دیوان ہیں۔ ان دواوین کے مرتب ہونے کے پچاس برس کے اندر اندر دیوان ناسخ مرتب ہوا۔ لیکن مقابلہ کر کے دیکھئے تو دیوان ناسخ کی زبان میں اور ان کے بزرگ ہمعصروں کی زبان میں ایک صدی کیا شاید کئی صدیوں کا فرق نظر آئے گا۔ کہا جاتا ہے کہ جب پہلے پہل دیوان ناسخ کی کچھ جلدیں دہلی پہونچیں تو غالب، مومن، ذوق اور دوسرے اُستادوں نے کہا کہ ابتک جو انداز بیان رائج تھا اس کی آخری گھڑی آگئی ہم سب کو اب اسی نئے رنگ میں کہنا ہے۔ شیفتہ ایسا اہلِ نظر ایسا مرعوب ہوا کہ بمقابلہ آتش کے ناسخ کے یہاں اسے زیادہ بشتر نظر آئے

بحیثیت ادبی ڈکٹیٹر کے تو ناسخ کا ثانی کوئی ہوا ہی نہیں اور اب سے سو برس پہلے کے مغرور ہندوستان سے کسی کو خاطر میں نہ لانے والے لکھنؤ سے کمزور ہستیوں کی گت بنا دینے والے لکھنؤ سے اپنا لوہا منوالینا جیسا میں کہہ چکا ہوں بڑی ٹھوس شخصیت کا کام تھا۔ اب بحیثیت شاعر کے اگر دیکھا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ وہ نہایت ثقیل الفاظ استعمال کرتے ہیں، صفائی کے کوچے میں آتے ہیں تو اکثر پھبتی پر اُتر آتے ہیں، ناجایز تصرفات بھی کر جاتے ہیں، کبھی کبھی غلط محاورہ بھی استعمال کر جاتے ہیں۔ عموماً خیال بندی کرتے ہیں اور ان کی اکثر نازک خیالیاں کوہ کندن اور کاہ برآوردن کا مصداق ہوتی ہیں اور مصنف کاشف الحقایق نے بالکل صحیح رائے دی ہے کہ "وہ خیالات ناسخ کی بدولت بڑی کثرت سے احاطۂ غزل گوئی میں داخل ہو گئے جو درحقیقت احاطۂ غزل سرائی سے باہر ہیں۔ اس زور آزمائی کا نتیجہ یہ ہوا کہ واردات وجذبات قلبیہ اور دیگر امور ذہنیہ کے مضامین سے شیخ کی غزلیں معرا ہو گئیں اور غزل سرائی کا مطلب فوت ہو کر ایک ایسی قسم کی شاعری ایجاد ہو گئی جس پر قصیدہ گوئی اور غزل سرائی دونوں سے کسی کی تعریف صادق نہیں آتی"۔

خیر یہ تو صحیح ہے کہ ناسخ نے غزل کو نہ غزل رکھا نہ قصیدہ رکھا بلکہ ایک معجونِ مرکب بنا دیا لیکن اس کے اشعار کی بلند آہنگی، انداز بیان کی تکمیل، بندش کی چستی، مصرعوں کا کس بل اور زور وہ چیزیں ہیں جو اس پہلوان سخن کے ۱۲۹۷ ڈنٹر کا

اثر اس کی شاعری میں بھی نمایاں کر رہے ہیں۔ اس کے معنی اور مفہوم کو آپ سراسر تصنع کہیں لیکن جہاں تک منضبط اسلوب بیان کا تعلق ہے ناسخ کے احسان سے اور تو اور غالب، ذوق، مومن، آتش اور ناسخ کے بعد کے اُردو زبان کے تمام شعرا گراں بار ہیں۔ یہ بات شاید ہمیشہ صیغۂ راز میں رہے گی کہ غالب نے جو ایک بہت بڑا حصہ اپنے اُردو دیوان کا منسوخ کر دیا اس نظم و نسخ میں دیوان ناسخ کا بھی فیصلہ کن اثر پڑا تھا یا نہیں۔ لیکن مصحفی، انشا، جرأت کی زبان تو دور رہی کیا زبان کا جو اسلوب آج ہمارا جزو دماغ ہو چکا ہے وہ اسلوب وہ انداز بیان غالب، ذوق اور مومن کے مروجہ دواوین سے مرتب ہو سکتا۔ غالباً نہیں۔ یہ تو ہوا زبان پر ناسخ کا عالمگیر اور مستقل اثر۔ اب رہی ناسخ کی شاعری سو اس کے محاسن و معائب کچھ تو عرض کئے ہی جا چکے۔ لگے ہاتھوں یہ بھی کہہ دوں کہ باوجود تصنع اور مبالغہ کے اور باوجود آج سے سو برس پہلے کا لکھنوی شاعر ہوتے ہوئے بھی ابتذال سے جتنا ناسخ کا کلام پاک ہے اتنا آتش کا بھی نہیں۔ تصنع اور خارجیت اس میں شک نہیں ناسخ کے یہاں کوٹ کوٹ کر بھرے ہوئے ہیں لیکن ناسخ کے انداز بیان میں جو صفات ہیں وہ کامیاب داخلی شاعری کے لئے کہاں تک کارآمد ہو سکتے ہیں یا داخلی شاعری کی جھلک کہاں تک دکھا سکتے ہیں اس پر شاید بہت کم غور ہمارے نقادوں نے کیا ہے کیا آتش نے جہاں کھلی ہوئی تقلید ناسخ کی کی ہے اس کے علاوہ اپنے داخلی اور کامیاب کلام میں وہ ناسخ سے متاثر نہیں۔ امیر مینائی کا پہلا دیوان مراۃ الغیب ناسخ کے اسلوب سے پورا پورا فیضیاب ہوتا ہوا خارجی اور تمثیلی شاعری میں بھی ایک دلکش داخلی پہلو لئے ہوئے ہے اور ناسخ کے خاندان ہی میں حضرت آسی غازی پوری شاگرد رشک نے تو اپنے یہاں ناسخ کی آواز سے میر اور غالب کی آواز ملا دی ہے۔ ناسخ کی زبان میں میر کے رنگ کا حضرت آسی کا صرف ایک شعر سنئے:۔

کوچۂ زلف صنم میں اہل دل جاتے ہیں کیوں اور جاتے ہیں تو دل سی چیز کھو آتے ہیں کیوں

آخر مثنوی گلزار نسیم تو خاندان آتش کی چیز ہے لیکن تصنع اور تکلف جس انداز سے یہاں دلوں میں چٹکیاں لے رہے ہیں اُسے کیا کہا جائے۔ کیا اس مثنوی پر ناسخ کی تحریک کا اثر نہیں۔ میں کہہ چکا ہوں کہ ناسخ پورے ہندوستان پر چھا گیا تھا اور اسکے حریف بھی اس کا اثر لئے بغیر نہ رہے۔ ناسخ کی شاعری اور شخصیت ایک شگون کا حکم رکھتی ہے۔ ناسخ کے شاگردان رشید اور براہ راست مقلد وزیر، رشک، قلق وغیرہ کے کلام کو آپ جو کچھ کہیں لیکن اسی خاندان میں تعشق لکھنوی اور جلال لکھنوی نے جو زبان ناسخ میں نشتریت بھر دی ہے اُسے آپ کیا کہیں گے۔ اس سلسلہ میں ایک ایسا نام یاد آیا کہ میں خود چونک گیا۔ آج حسرت موہانی کی فارسی ترکیبوں میں مومن، معاملہ بندی میں جرأت، تشکیل بیان، رنگینی اور البیلے پن میں مصحفی کی آواز بازگشت ہم سنتے ہیں لیکن ان کی چست و چاق بندشیں اور اسلوب و زبان کی حیرت انگیز پختگی اگر ناسخ کی دین نہیں ہیں تو کس کی دین ہیں سب سے کامیاب پیروی ذرا کر اسے کی جاتی ہے۔ بہر حال ناسخ کا کلام چٹان کی طرح ٹھوس سہی لیکن یہ چٹان اتنی خشک و بے فیض نہیں کہ ٹھوکر ماریں تو اُس سے صاف شفاف اور ٹھنڈے چشمے بھی نہ اُبل پڑیں

خود ناسخ اپنے رنگ کے فروعاتی عنصروں سے گزر کر دیکھئے کیسے کیسے شعر کہتا ہے:۔

شب فرقت میں شمع کا کیا ذکر
زندگی کا چراغ بھی گل ہے

عشق جب کامل ہوا ہے عین حسن
آگ میں پڑ جائے جو شے آگ ہے

روٹھے ہوئے تھے آپ کئی دن سے من گئے
بگڑے ہوئے تمام مرے کام بن گئے

وہ نہیں بھولتا جہاں جاؤں،
ہائے میں کیا کروں کہاں جاؤں

شب فراق گئی روز وصل آپہونچا
طلوع صبح ہے عالم تمام روشن ہے

تیرے نظارہ سے ہو جاتی ہے کیا خاطر جمع
چھوڑ دیتا ہے پریشاں نظری آئینہ

جنوں پسند ہوا ہے مجھے ببولوں کی
عجب بہار ہے ان زرد زرد پھولوں کی

دل کو خوش آتی ہیں صحرا کی ببولیں پرخار
اب کسی سرو گل اندام سے کچھ کام نہیں،

تمام عمر یونہی ہو گئی بسر اپنی،
شب فراق گئی روز انتظار آیا

زاہد وہ بادہ کش ہوں کہ مانگوں اگر دعا
اٹھیں ابھی شراب سے بادل بھرے ہوئے

آتی جاتی ہے جا بجا بدلی،،
ساقیا جلد آ ہوا بدلی،،

آب حیواں پیوں بجائے شراب
ایسی اے خضر مجھ کو پیاس نہیں

چلا عدم سے میں جبراً تو بول اٹھی تقدیر
بلا میں پڑنے کو کچھ اختیار لیتا جا

تمام صفحۂ عالم ہے ایک ہی صفحہ
سر کتاب کا یہ اک ورق تمام نہیں

عشق سے کس کے دل کو لاگ نہیں،
کون سا گھر ہے جس میں آگ نہیں

ایسے اشعار کہنا ہر شخص کے بس کی بات نہیں۔ یہ وہ اشعار ہیں جنھیں میر، غالب اور اقبال بھی اپنے مجموعے میں شامل کرنا باعث فخر سمجھتے۔ ناسخ اگر چاہتا تو ایسے اشعار کی ایک بہت بڑی تعداد کھ ڈالتا لیکن وہ آیا تھا زبان کو سنوارنے، میں نے سر۔ صرف زبان کا ہو کر رہ گیا اور شاعری کو بھول گیا۔

آئندہ جنوری ۳۹ء کا نگار

مصحفی نمبر ہوگا۔ اس سلسلہ میں نگار کے جو خاص نمبر شایع ہو چکے ہیں وہ اتنے زیادہ مقبول اور اپنی جامعیت و افادیت کے اعتبار سے اتنے مکمل تھے کہ بعض پرچوں کی فرمائشیں اسوقت تک آتی رہتی ہیں۔ چنانچہ اس نمبر کی ترتیب بھی اسی پیمانہ پر ہو رہی ہے۔ پھر نگار کو اس خصوصیت میں ہندوستان کے رسایل میں جو امتیاز حاصل ہے وہ آپ سے مخفی نہیں۔ تفصیل آیندہ پرچے میں ملاحظہ فرمایئے۔

منیجر نگار لکھنؤ

سیاسیات یورپ

(۴)

مسولینی

"میں، خود اپنی زندگی کو ایک شاہکار بناؤں گا"۔۔۔ مسولینی

مسولینی، طوفانی مزاج مسولینی، جدید روما کا خالق اور جنگ حبش کا مصنف، ۲۹ جولائی ۱۸۸۳ء کو رومیگنا (Romagna) کے ایک گاؤں ڈوویا ڈی پری ڈیپیو (Dovia de Predappio) میں پیدا ہوا تھا۔ اس کی زندگی بالکل وہی ہے جو ایک انقلاب پسند خود سر لیکن انتہائی زیرک انسان کی ہونی چاہئے۔ مسولینی کا باپ لوہار تھا اور انقلاب پسند۔ لیکن خود مسولینی کی زندگی میں کوئی خاص واقعہ ایسا نظر نہیں آتا جو زندگی میں اتنا زبردست انقلاب پیدا کر سکے

کہا جاتا ہے کہ نوجوانی میں مسولینی پر غالباً سوئٹزرلینڈ کی ایک روسی جلاوطن خاتون کا بہت زیادہ اثر پڑا جو غالباً مسولینی اور لینن کی اولین ملاقات کا باعث ہوئی

مسولینی ابتداہی سے بہت ذہین تھا اور اُس نے مارکس، ہیگل، میشی ولی، لاسلے، نزش، پریٹو اور سورل کی تصانیف بہت غور سے پڑھی تھیں

اس کی ابتدائی زندگی انتہائی عسرت کے عالم میں بسر ہوئی بیس برس کی عمر تک اُس نے کافی نہیں پی، سونے کے واسطے اُسے چٹائی بھی میسر نہ تھی

اگرچہ مسولینی کا باپ، لوہاری کا پیشہ کرتا تھا مگر اس کے آبا و اجداد، کاشتکار تھے۔ چنانچہ اکتوبر ۳۵ء میں مسولینی نے خود کسانوں کے ایک مجمع میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ "بعض لوگوں نے جو پرانے کاغذات کی چھان بین کیا کرتے ہیں یہ خیال کیا کہ اگر انھوں نے مجھے کسی بڑے معزز خاندان کا فرد ثابت کر دیا تو میں بہت خوش ہو جاؤں گا۔ مگر میں نے ان کو

روکدیا۔ میرے دادا، پردادا سب کھیتی کرتے تھے اور میں نے پرانے فارم، پر یہ کتبہ لگوا دیا ہے کہ مجھ سے قبل مسولینی کا پورا خاندان اپنے ہاتھ سے کھیت جوتتا تھا"

بچپن میں، اپنی ماں کے اصرار سے (ہٹلر اور کمال کی طرح) مذہبی تعلیم حاصل کرنے کے لئے یہ بھی ایک مذہبی درسگاہ میں داخل کیا گیا (اگرچہ اُس کا باپ اس تعلیم کے بہت خلاف تھا) اور اس کے بعد وہ خود اُس مدرسہ میں ملازم ہوگیا۔ ۱۹ برس کی عمر میں وہ سوئٹزرلینڈ بھاگ گیا۔ یہاں ایک فیکٹری میں وہ معماری اور مزدوری کرتا رہا۔ اس زمانہ میں وہ اکثر بھوکا رہا کرتا تھا لیکن سوشلزم کی کتابوں کا مطالعہ کبھی ترک نہ ہوتا تھا۔ جب اُس نے سوئٹزرلینڈ کے انقلاب میں حصہ لینا شروع کردیا تو وہ کئی مرتبہ گرفتار ہوکر ایک شہر سے دوسرے شہر کو بھیجا گیا

مسولینی کو جیل اور جیل کی زندگی سے ہمیشہ نفرت رہی اور غالباً جیل کی تنگ و تاریک کوٹھریوں میں رہنے ہی کا یہ ردعمل ہے کہ مسولینی کو وسیع کمروں کا بہت شوق ہے چنانچہ اس کے دفتر کا کمرہ ۶۰ فیٹ لانبا اور ۴۰ فیٹ چوڑا ہے

سوئٹزرلینڈ سے مسولینی ۲۱ برس کی عمر میں واپس آیا اور دس برس تک اُس نے یہاں ایک نہایت سرگرم سوشلسٹ کارکن کی حیثیت سے زندگی بسر کی

اس دوران میں اس کا ذریعۂ معاش معلمی اور صحافت تھی۔ مسولینی، برنارڈشا یا ٹراٹسکی کی طرح پمفلٹ باز نہیں ہے مگر وہ دورِ حاضر کے بہترین صحافت نگاروں میں سے ہے۔ اُس کی سب سے پہلی تصنیف "پادری کی معشوقہ" (Cardinals Mistress) ہے۔ اُس نے جان ہس (John Huss) کی سوانح عمری بھی لکھی ہے ۱۹۰۹ء میں بہ مقام فورلی (Forli) اُس نے لارڈڈی کلاسی، (طبقہ دارانہ جنگ) نامی اخبار نکالا جسکی وجہ سے وہ اٹلی کے تمام انقلابیوں اور سوشلسٹوں میں مشہور ہوگیا۔ ۱۹۱۲ء میں وہ سوشلسٹ کے سرکاری آرگن 'اوانٹی' (Avanti) کا اڈیٹر مقرر ہوا اور تین ہی مہینہ میں اس کی اشاعت تگنی کردی۔ ۱۹۱۴ء میں "سرخ ہفتہ" منانے کے سلسلہ میں اس نے کافی حصہ لیا

جنگ عظیم نے اُس کے سوشلسٹ خیالات پر بہت اثر ڈالا۔ انتہا پسند سوشلسٹ چاہتے تھے کہ اٹلی، غیر جانبدار رہے مگر مسولینی اتحادیوں کی طرف سے جنگ کرنے کے موافق تھا۔ چنانچہ اس نے اوانٹی، کی ادارت سے استعفےٰ دیدیا اور سوشلسٹ جماعت سے اُسے خارج کردیا گیا۔ چند مہینوں کے بعد اُس نے پوپولو ڈی اٹیلیا (Popolo d'Italia) نامی اخبار نکالا جس کا وہ ابھی تک نگراں ہے۔ چونکہ فرانس، اٹلی کو میدان کارزار میں لے آنا چاہتا تھا اس لئے فرانس نے اس موقع پر اُسے مالی امداد بھی دی۔ اس کے بعد سے مسولینی، جو ابھی تک جنگ کا بہت مخالف تھا، جنگ کا زبردست حامی بن گیا۔ ایک موقع پر اُس نے لکھا کہ جنگ جنگ میں بھی فرق ہوتا ہے۔ ہم "ممی" نہیں ہیں کہ عمر بھر خاموش بیٹھے رہیں ہم انسان ہیں اور تخلیق تاریخ میں ہم کو حصہ لینا چاہئے، مگر وہ خود ۱۹۱۶ء تک محاذ جنگ پر نہیں گیا اور اس کے بعد

جب گیا بھی تو تقریباً سوا مہینے کے بعد ہی ایک خندق میں بم پھٹ جانے سے زخمی ہوگیا اور سات مہینے تک اسپتال میں رہا
جنگ کے بعد، ۲۳ مارچ ۱۹۱۹ء کو اُس نے ایک جماعت کی بنیاد ڈالی جس کا نام Fasci di Combattimento) تھا، اُس میں زیادہ تر وہ لوگ شامل ہوئے جو شرکتِ جنگ کے مسئلہ میں اُسکے موید تھے۔ مسولینی ابھی تک سوشلسٹ تھا اور سرمایہ دارانہ استبداد کا سخت مخالف تھا

(Fascio) "فیسیو" کے معنے اطالوی زبان میں "جماعت" کے ہیں۔ فسطیوں کی یہ جماعت ابتدا میں کوئی "پارٹی" نہ تھی بلکہ ایک فوجی جماعت تھی اور اس میں زیادہ تر فوجی والنیٹر شامل تھے۔ چنانچہ مسولینی نے اس جماعت کے بارہ میں لکھا تھا کہ ہم لوگ جو جنگ میں زندہ بچ گئے ہیں اور اپنے ملک واپس آئے ہیں اٹلی پر حکومت کرنا چاہتے ہیں

اس وقت اٹلی کی یہ حالت تھی کہ معزول سپاہی بے روزگار تھے اور جمہوری کابینہ بے حد کمزور، پارلیمنٹ میں سخت بدنظمی تھی اور قوم کی بے چینی بڑھتی جارہی تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ مسولینی کی جماعت روز بروز طاقتور ہوتی گئی اور فوج نے اسکی تائید شروع کردی ۱۹۲۲ء میں مسولینی نے اپنا اقتدار، تشدد کے ذریعہ سے بڑھانا شروع کیا (جس کی نقل بعد کو دوسرے ڈکٹیٹروں نے کی) اور وہ گویا ڈاکوؤں کے گروہ کا سرغنہ بن گیا۔ رفتہ رفتہ مسولینی کے گروہ نے تقریباً نصف درجن شہروں میں اپنا اثر جمالیا اور ملک بھر میں ایک قسم کی خانہ جنگی شروع ہوگئی۔ مسولینی ابھی تک سوشلسٹ ہونے کا دعویٰ کرتا تھا مگر طاقت حاصل کرنے کے لئے اُسے لڑنے کی ضرورت تھی اس لئے مزدوروں کو آزاد کرانے کے بہانہ سے جنگ شروع کردی اور جب اسے یقین ہوگیا کہ فوج اس کی مخالفت نہ کرے گی تو پچاس ہزار فسطائیوں کے ساتھ اس نے روم پر حملہ کرکے اپنا اقتدار قایم کرلیا

۱۹۲۲ء کے بعد سے مسولینی کی تاریخ سب پر ظاہر ہے۔ پہلے تو اُس نے ایک اتحادی حکومت بنائی مگر دس برس کے بعد اُس نے غیر فسطیوں کو نکال دیا۔ ۳۵ء میں جنگ حبش سے قبل سب سے زیادہ نازک صورت نوجوان سوشلسٹ لیڈر میٹیوٹی (Matteotti) کے قتل سے پیدا ہوئی۔ کہا جاتا ہے کہ مسولینی، میٹیوٹی پر پارلیمنٹ میں بھی ناراض ہوا اور تخلیہ میں بھی اُس نے اس کا نام لیکر اپنے انتہائی غیظ و غضب کا اظہار کیا۔ اس پر اس کے آدمیوں کو خیال ہوا کہ ہمارا لیڈر چاہتا ہے وہ قتل کردیا جائے۔ چنانچہ انھوں نے اس کو قتل کر ڈالا۔ اس قسم کے واقعات ایک ڈکٹیٹر کی طرف سے تعجب خیز نہیں ہیں۔ اور مسولینی نے نہایت جرأت سے اس قتل کی ذمہ داری اپنے سر لے لی اور کہدیا کہ قاتل فسطائی تھے اس قتل سے مسولینی کو صدمہ ضرور پہونچا مگر اس کے بعد وہ اپنے مخالفوں کا زور توڑنے میں جلد کامیاب ہوگیا

مسولینی بحیثیت انسان کے

مسولینی دراز قامت انسان نہیں بلکہ صرف ۵ فٹ ۶ انچ کا قد رکھتا ہے اس کے بازو مضبوط اور ہاتھ نرم ہیں۔ عموماً وہ فوجی لباس پہنتا ہے اور روم کے وسط میں رہتا ہے

مسولینی کی بیوی بھی کچھ عرصہ سے یہیں رہنے لگی ہے۔ اس کی ابتدائی زندگی کا حال نہیں معلوم ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ وہ کسی ہوٹل میں ملازم تھی اور بعض کا خیال ہے کہ خود مسولینی کے باپ کی ملازمہ تھی۔ بہرحال اُس سے مسولینی کے پانچ بچے ہوئے ہیں

مسولینی ہی موجودہ ڈکٹیٹروں میں سب سے زیادہ صاحب اولاد ہے اُسے اپنی خانگی زندگی کا بھی بہت خیال ہے اُس کو اپنے بھائی آرنیلڈو پر بڑا اعتماد تھا اور اس کی موت کا اسے بے انتہا صدمہ ہوا۔ اُس کی لڑکی اڈا، مسولینی کے مزاج میں بہت دخیل ہے اور اس کا شوہر کاؤنٹ گیلنزو کیانو، آج کل اٹلی کا وزیر خارجہ ہے

۵۳ برس کی عمر میں اب بھی مسولینی کافی تندرست ہے جس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ وہ اپنے اوقات کا بہت پابند ہے وزیر اعظم ہونے کے کچھ ہی عرصہ بعد وہ پیٹ کی درد کی بیماری میں مبتلا ہوگیا۔ اب آج کل وہ پھل اور دودھ کے علاوہ بہت کم کھاتا ہے۔ اُس نے حال میں ایک امریکن اخبار نویس سے انٹرویو کے دوران میں پھلوں کی ایک ٹوکری کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ میری تندرستی کا راز یہی ہے۔ صبح کو میں ایک پیالہ کافی اور پھل کھاتا ہوں، دوپہر کو شوربہ اور پھل اور رات کو پھر پھل استعمال کرتا ہوں، میں گوشت کبھی نہیں کھاتا البتہ کبھی کبھی تھوڑی سی مچھلی چکھ لیتا ہوں۔" مسولینی کو ورزش کا بہت شوق ہے۔ اس کے علاوہ گھوڑے کی سواری، شمشیر زنی اور تیراکی سے بھی اُسے کافی دلچسپی ہے۔ وہ نہ سگرٹ پیتا ہے اور نہ شراب۔ نوجوانی میں اُسے عورتوں سے ضرور دلچسپی تھی مگر چند سال سے اس طرف توجہ بہت کم کردی ہے

مسولینی کی سوشل زندگی کچھ بھی نہیں ہے۔ جب اُسے سیاسی حیثیت سے کسی کی دعوت کرنا ہوتی ہے تو اُسے نہ تو وہ اپنے دفتر میں مدعو کرتا ہے نہ گھر پر بلکہ اس کام کے لئے وہ کوئی ہوٹل کرایہ پر لے لیتا ہے۔ اس کی دوستی کسی دولتمند آدمی سے نہیں ہے بلکہ اٹلی کے عیاش طبقۂ امرا سے اُسے نفرت ہے۔ تھیٹر کا کسی وقت وہ بہت شوقین تھا مگر وقت نہ ہونے کی وجہ سے اُس نے تھیٹر جانا بھی ترک کردیا ہے البتہ بعض وقت گھر پر سینما کے پرائیویٹ شو، دیکھ لیتا ہے

مسولینی عموماً ۵-۶ گھنٹہ محنت سے کام کرتا ہے۔ البتہ جب کوئی نازک صورت پیدا ہوجاتی ہے تو اس وقت میں تو سب ہوجاتی ہے ورنہ باقی ماندہ وہ مطالعہ اور ورزش وغیرہ میں گزارتا ہے۔ وہ نہایت صفائی پسند اور پابند اوقات ہے اور جب تک اس کا دفتری کام نہ ختم ہوجائے وہ دفتر نہیں چھوڑتا

اگرچہ دوسرے ڈکٹیٹروں کے برعکس مسولینی کو ایک بڑے خاندان کا کفیل ہونے کی حیثیت سے روپیہ کی زیادہ ضرورت ہے مگر اُسے روپیہ کی پرواہ نہیں ہے۔ اس کی سرکاری تنخواہ تقریباً ۱۳۵ پونڈ ماہوار ہے اپنی خود نوشت سوانح عمری سے اُسے امریکہ میں ۵ ہزار پونڈ ملے تھے جس کا کچھ حصہ اُس نے روم کے غربا میں تقسیم کردیا۔ عرصہ تک اس کا ذریعہ آمدنی غالباً ہیرسٹ پریس (Hearst Press) رہا مگر ۳۵ء میں اس نے مستقل مضامین اس وجہ سے لکھنا ترک کردئے کہ بین الاقوامی سیاسیات اس قدر پیچیدہ ہوگئی تھی کہ وہ صفائی سے اپنے خیالات کا اظہار نہیں کرسکتا تھا۔ غالباً مسولینی ہی ایسا ڈکٹیٹر ہے

جو مذہب کا مخالف نہیں ہے۔ یورپ کے تمام ڈکٹیٹروں میں مسولینی تک سب سے زیادہ آسانی کے ساتھ رسائی ہو سکتی ہے اور وہ کافی آدمیوں سے روز ملاقات کرتا رہتا ہے، ایک مرتبہ خود مسولینی نے یہ کہا تھا کہ میں نے ۶۰ ہزار آدمیوں کو ملنے کا موقع دیا ہے اور ۱۸۸۷۱۱۲ آدمیوں کے ذاتی معاملات میں دلچسپی لے چکا ہوں

مسولینی لوگوں کی باتیں ضرور سنتا ہے مگر وہ کسی سے مشورہ بہت کم لیتا ہے۔ اور جب اُس کا جی چاہتا ہے تو اتنا خلوت پسند بن جاتا ہے جیسے تبت کا لاما۔ مسولینی کو ہزاروں ملاقاتی رکھنے کے باوجود کوئی دوست نہ رکھنے پر فخر ہے۔

مسولینی نہایت عمدہ اخبار نویس ہے اور اخبار نویس اُسے سب سے زیادہ پسند بھی ہیں۔ بعض وقت وہ اپنے انٹرویو کرنے والوں سے جواب سے زیادہ خود سوال کر لیتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ انٹرویو بہترین پروپیگنڈا ہوتا ہے چنانچہ وہ انٹرویو منظور کرنے میں بہت فیاض ہے دوسری طرف کوئی اوسط درجہ کا اخبار نویس اپنے لئے یہ قابل فخر چیز سمجھتا ہے کہ اتنی بڑی ہستی سے اُسے ملاقات کا شرف حاصل ہوا ہے لہذا وہ عموماً اس کے موافق ہی اپنا بیان شایع کرتا ہے۔ ایک مرتبہ ایک برطانوی اخبار نویس نے مسولینی سے انٹرویو کیا۔ مسولینی نے کسی بات کا ہنس کر جواب دیا تو اخبار نویس نے اس ہنسی کا بھی انٹرویو کی رپورٹ میں تذکرہ کر دیا لیکن جب مسولینی نے تیار شدہ رپورٹ کا مسودہ دیکھا تو اس ہنسی کے تذکرہ کو کاٹ دیا۔ ڈکٹیٹر کبھی نہیں ہنستے!

مسولینی اکثر اوقات مطالعہ کرتا رہتا ہے اور شاید مارکس کو مستثنیٰ کر کے اُسے موجودہ ادبیات پر دور حاضرہ کے دوسرے مدبروں سے کہیں زیادہ عبور ہے۔ اُس نے اپنے مطالعہ کی ایک نوٹ بک بھی بنائی ہے اُس کی تاریخی معلومات بہت صحیح و وسیع ہیں۔ اس کی انشا پردازی میں بھی کسی کو شک نہیں ہو سکتا اپنے اُصول بیان کرنے میں ہٹلر کو چھ سو صفحات کی ایک کتاب لکھنی پڑی مگر مسولینی نے وہی کام فسطائیت پر تقریباً ایک درجن صفحات کا پمفلٹ لکھ کر پورا کر دیا قصہ مختصر یہ کہ مسولینی، موجودہ فرمانرواؤں میں تعلیمی حیثیت سے سب سے زیادہ قابل ہے۔ وہ فرانسیسی، جرمنی اور انگریزی سے بھی اچھی طرح واقف ہے

مسولینی کو سب سے زیادہ نفرت، ہٹلر (مگر اب نہیں) طبقۂ امرا، روپیہ، بلی اور بڑھاپے سے ہے۔ خاص کر بڈھی عورتوں سے اُسے بہت چڑ ہے۔ وہ اپنے متعلق یہ تذکرہ بھی شایع ہونے دینا نہیں پسند کرتا کہ وہ کسی بچہ کا نانا ہو چکا ہے جب اُس کی عمر ۵۰ برس کی ہوئی تو اُس نے اطالوی پریس کو حکم دیدیا کہ اس کا ذکر اخبار میں نہ کریں اُسے سب سے زیادہ روم، اپنی لڑکی اڈا، کسانوں، کتابوں، ہوائی جہازوں اور تیز رفتاری سے محبت ہے۔ وہ اکثر ہوائی جہاز کے حادثوں سے دوچار ہو چکا ہے

مسولینی کی کامیابی کے راز

مسولینی کی اس زندگی سے اُس کی کامیابی کے راز بھی معلوم ہو سکتے ہیں:۔ باتیں بگھارنے کے باوجود، اُس کا ذہن تجزیہ کن اور نتیجہ خیز ہے اس کی خود پرستی کو

اٹلی والے بہت اچھی نگاہوں سے دیکھتے ہیں وہ ایک عملی انسان ہے

اس کی سیاسی اور ذاتی دور بینی بہت تیز ہے۔ وہ خود کہتا ہے کہ میں اپنے آپ کو بدل نہیں سکتا۔ میں درندوں کی طرح ہوں۔ میں موسم بدلنے کے قبل ہی اُسے سونگھ لیتا ہوں اور اگر میں اپنے محرکات کا تابع ہو جاتا ہوں تو میں کبھی غلطی نہیں کرتا

وہ قلم کا بڑا دھنی ہے۔ اس نے صرف اپنے قلم کے زور سے طاقت حاصل کی۔ ہر ڈکٹیٹر کی طرح وہ بھی لڑنے کے بعد صلح نہیں کرتا۔ کسی ہٹلر، کسی اسٹیلن اور کسی مسولینی نے کسی دشمن کو کبھی معاف نہیں کیا ہے۔ وہ نمائشی انسان نہیں ہے نہ اُسنے کبھی اپنے عزائم کو چھپایا ہے۔ بلکہ یہ صاف صاف کہدیا ہے کہ میرا عزم، طاقت حاصل کرنا اور حتی الامکان حاصل کئے رہنا ہے اس کے ساتھ ہی وہ یہ بھی کہتا ہے کہ میں یہ سب ذاتی غرض کے لئے نہیں بلکہ اپنے ملک کے لئے چاہتا ہوں۔

اُسے ایکٹنگ کرنا خوب آتا ہے اور شاید ٹراٹسکی کے علاوہ اور کوئی مدبر اس کا اس فن میں مقابلہ نہیں کر سکتا۔

مسولینی ایک جسمانی کشش بھی رکھتا ہے۔ اس کے ہر کام میں مستعدی اور پھرتی ہے اور جب وہ فوج کا معائنہ کرنے آتا ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے گویا فوج کے ہر سپاہی کے بدن میں بجلی دوڑ گئی ہے

وہ حساس بھی بہت ہے۔ اگست ۱۹۳۵ء میں ایک اخبار نویس جسے مسولینی کافی عزت کی نگاہ سے دیکھتا تھا، مسولینی سے انٹرویو کرنے اٹلی آیا انٹرویو کا وقت بھی مقرر ہو گیا مگر اتفاق سے وہ ایک مضمون پہلے لکھ چکا تھا جس میں اُس نے یہ بتایا تھا کہ حبش کی مہم دنیا میں اچھی نظروں سے نہیں دیکھی جا رہی ہے۔ انٹرویو سے کچھ دیر پہلے مسولینی نے اس مضمون کو دیکھ لیا اور انٹرویو کو منسوخ کر دیا۔ اسی طرح اس نے ایک اخبار 'فار چون' (Fortune) کے اٹلی نمبر کا داخلہ اٹلی میں اس لئے روک دیا کہ اُس نے مسولینی کی ابتدائی زندگی کا کہا ہوا یہ فقرہ اپنے اخبار میں کہیں لکھ دیا تھا کہ "جب میں بیدار ہوتا ہوں تو سب سے پہلے کیا کرتا ہوں؟ بستر سے فوراً اُٹھ پڑتا ہوں — خواہ تکیہ پر میرے قریب کتنا ہی حسین سر نہ رکھا ہوا ہو!"

وہ توہم پرست بھی ہے۔ ایک مرتبہ اس نے ایک ممی کا تحفہ قبول کر لیا تھا مگر جب مصر کے آثار قدیمہ کے مشہور ماہر لارڈ کارنرون کا انتقال ہوا تو مسولینی کو ایسی وحشت ہوئی کہ اُس نے ممی کو فوراً اپنے دفتر سے باہر کرا دیا

وہ شکی مزاج بھی ہے۔ چنانچہ جب اٹلی کے بادشاہ نے روم سے اُس کو ملن ٹیلیفون کیا اور وزارت عظمی کا عہدہ دینا چاہا تو اُس نے کہا کہ سرکاری تار آنے تک میں اس حکم پر عمل نہیں کر سکتا۔ اس کا دماغ اوریجنل نہیں ہے۔ اس کی فسطائیت مارکس (Marx) اور سورل (Sorel) کے خیالات کا بگڑا ہوا خاکہ ہے۔ مسولینی نے نہ فسطی سلام ایجاد کیا اور نہ سیاہ یونیفارم۔ مسولینی بہت صاف گو بھی ہے اور وہ اپنے جذبات کا اظہار اکثر بہت کھلے لفظوں میں کر دیتا ہے۔

تشدد

مسولینی کا پہلا مطبوعہ مضمون جو ۲۱ برس کی عمر میں اُس نے شائع کیا تھا 'تشدد' پر تھا۔ اُس زمانہ میں وہ تعلیمات (Nietzsche) کے زیر اثر تھا مگر 'تشدد' اُس کو ہمیشہ اچھا معلوم ہوا ہے۔

لیکن، وہ کہتا ہے، تشدد کی حیثیت جراحی کی ہونا چاہئے نہ کہ کھیل کی۔ انفرادی ہستیوں کو دوسرے سے خلط ملط کرنے سے اُسی طرح روک دینا چاہئے جیسے ایک ڈاکٹر متعدی مرض کے انسان کو دوسروں کے پاس سے دور کر دیتا ہے۔

مسولینی نے لکھا ہے کہ "کیا کبھی تاریخ میں کوئی حکومت ایسی ہوئی ہے جس نے کبھی تشدد کا استعمال نہ کیا ہو۔ جب کبھی ملک کی یکجہتی ختم ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے تو تشدد ہی کے ذریعہ سے اُسے روکا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی حکومت تشدد پر عمل کرنا بالکل چھوڑ دے تو وہ حکومت اُس جماعت سے دب جائے گی جو اس وقت سب سے زیادہ منظم ہے

مسولینی کے قتل کرنے کی سازشیں بارہا ہو چکی ہیں چنانچہ وہ پولیس کے افسر اعلیٰ کے مشورہ کے بغیر کسی سڑک پر نہیں چلتا مگر یہ عجیب بات ہے کہ جب وہ گھر سے اپنے دفتر آتا ہے تو اُس کے ساتھ کوئی خاص گارڈ نہیں ہوتا

کہا جاتا ہے کہ ہٹلر کی میز کے خانہ میں ایک پستول رکھا ہوتا ہے تاکہ اگر اُس کی حکومت کو یکایک شکست ہو جائے تو وہ بُرا دن دیکھنے سے قبل فوراً ہی گولی مار کر اپنا خاتمہ کر لے

زندگی بھر اس کی صحافتی اور مصورانہ قوتوں میں جنگ ہوتی رہی ہے ہر اخبار نویس کی طرح وہ ڈراما نویس اور ناول نویس بننا چاہتا تھا۔ چنانچہ قیصر روم اور نپولین کے بعد وہ سب سے زیادہ احترام شیکسپیر، بالذک، ٹیراک، لیپکل کا کرتا ہے۔ شاعر کی حیثیت سے وہ ناکام رہا تو اُس نے آرٹ کی زندگی اختیار کی وہ ڈکٹیٹر اس وجہ سے اور بھی ہو گیا کہ اس میں تخلیقی آرٹ نہیں پایا جاتا تھا

اُس کے نزدیک جولیس سیزر، دنیا کا سب سے بڑا انسان تھا، نپولین سے بھی اُسے بہت محبت ہے اور وہ اُسے اطالوی ہی سمجھتا ہے۔ مسولینی نے روم میں ایسے کتبے تیار کرائے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ قیصر روم کے زمانہ میں انگلستان، سلطنت روم کی ایک چوکی کی حیثیت رکھتا تھا اور اب وہی برطانیہ، 'بحر روم' کو برطانوی سمندر بنانا چاہتا ہے!

فسطائیت کیا ہے

جب مسولینی برسر اقتدار آیا تو اس کے پاس کوئی پروگرام نہ تھا۔ مگر اُس نے فوراً ایک پروگرام تیار کر لیا جس کا مقصد یہ تھا کہ بجائے طبقہ وارانہ جنگ کے طبقہ وارانہ اتحاد ہو سکے۔ یہ تھی عملی حیثیت سے فسطائیت کی ابتدا۔ یہاں ہٹلر اور مسولینی کا مقابلہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہٹلر کے پاس طاقت حاصل کرنے سے قبل ایک معین پروگرام تھا مگر وہ جلد ہی اُسے بھول گیا مسولینی کے پاس طاقت پانے سے قبل کوئی پروگرام نہ تھا مگر اُس نے فوراً ہی ایک تیار کر لیا

فسطائیت کے موٹے موٹے اُصول ہر شخص کو معلوم ہیں۔ ذاتی جائدادیں اور ذاتی املاک محفوظ ضرور رہیں گے مگر حکومت کی سخت نگرانی میں! ملک کی پیدا کرنے والی طاقت (یعنی مالکان و مزدور) ۲۲ کارپوریشنوں پر مشتمل کر دی گئی ہے جس میں سے ملک کے ایوان ادنیٰ کے ممبران منتخب کئے جاتے ہیں۔ نمایندگی، جغرافیائی رقبہ کے لحاظ سے نہیں

بلکہ پیشہ کے اعتبار سے ہوتی ہے

ہر کارپوریشن میں فسطائی جماعت کے تین نگراں ڈیلیگیٹ ہوتے ہیں۔ ہر کارپوریشن کا افسر کابینہ کا ایک وزیر یا مسولینی کا مقرر کردہ ایک انڈر سکریٹری ہوتا ہے۔ یہ ممبران اس فہرست میں سے بھیجے جاتے ہیں جسے مجلس فسطائیت (Grand Fascist Council) منظور کرتی ہے

فسطائیت کے اندر، مزدوروں کو فایدے بھی ہیں اور نقصانات بھی مثلاً فایدے یہ ہیں:۔

کوئی کارخانہ دار، مزدور کو حکومت کی مرضی کے بغیر برخاست نہیں کرسکتا اور نہ اپنے کارخانہ کی توسیع کرسکتا ہے اُجرت کی شرح بھی حکومت ہی طے کرتی ہے

نقصانات یہ ہیں:۔

آزادی ختم ہوجاتی ہے۔ مزدوروں کی انجمنیں توڑدی گئی ہیں اور وہ سرمایہ داروں کے مقابلہ میں کمزور ہوگئے ہیں سرکاری قوانین کے ذریعہ سے ان کی تنخواہیں بے انتہا کم کی جاسکتی ہیں (اور کی گئی ہیں)

ان کو اسٹرائک کرنے کا حق نہیں رہگیا ہے۔

آپ کے فایدہ کی بات

اگر حسب ذیل کتابیں آپ علٰحدہ علٰحدہ خرید فرمائیں گے تو حسب ذیل قیمت ادا کرنا پڑے گی اور محصول علاوہ برین

نگارستان	جمالستان	ترغیبات جنسی	شہاب کی سرگزشت	استفسار و جواب ہر سہ جلد
دو روپیہ	چار روپیہ	تین روپیہ	ایک روپیہ	نو روپیہ

معرکۂ سخن	مکتوبات نیاز	اُردو شاعری	ہندی شاعری	میزان کل
ڈھائی روپیہ	ڈھائی روپیہ	دو روپیہ	ڈیڑھ روپیہ	ستائیس روپیہ آٹھ آنے

لیکن

اگر یہ تمام کتابیں ایک ایک ساتھ طلب فرمائیں تو صرف بیس روپیہ میں مل جائیں گی اور محصول بھی ہمیں ادا کرینگے

منیجر نگار لکھنؤ

گناہ

حیات۔ مظہرِ صد شور و اضطراب گناہ
شباب ہے کہ ہے اک دلکشیِ خوابِ گناہ

گناہ کیا ہے؟ تخیل پہ پردۂ ظلمت
کہیں حرم تو کہیں دیر ہے کتابِ گناہ

یہ ہے حقیقتِ انکارِ سجدۂ ابلیس
سمجھئے شرک نہ کرنا بھی از حسابِ گناہ

اُلٹ دیا رخِ انور سے حسن نے پردہ
ازل سے عشق جنوں زا ہی فیضیابِ گناہ

میں کچھ سمجھ ہی کے دنیائے دل لٹا بیٹھا
نہ حرصِ خیر نہ ہے ہیبتِ عذابِ گناہ

تری بہشت کی ہیئت سے واہ واعظِ زاہد
دماغ و دل میں عجیب و غریب بابِ گناہ

دلِ حزیں! یہ ہیں لفظِ کریم کے معنے
عبث شمارِ گناہ و عبث حسابِ گناہ

گریزِ خیر بہ اندازۂ رمِ آہو،
مثالِ گریۂ مسکیں تنِ شبابِ گناہ

عدم جمود و تعطل کی زیست کا ضامن
وجود لخلخۂ گردانِ مشکنابِ گناہ

پکارتا ہے یہ اندازِ دوست لے زاہد!
اُٹھا حجابِ ثواب اور اُلٹ نقابِ گناہ

ذرا تو بیٹھ کے خلوت میں سوچ لے واعظ!
کہ نازِ زہد ہے اک درسِ پیچ و تابِ گناہ

میں کیا ہوں؟ بندہ نوازی کا معجزہ مضطر
مری طرح بھی نہ ہوگا کوئی خرابِ گناہ

منظور حسین خاں مضطر ایم۔ اے شاہجہاں پوری

غزل

شرف زیدی رامپوری

جو اشک سرخ سے دامن کو لالہ زار کرے
خزاں کی فصل کو وہ رشک صد بہار کرے

صلائے عام ہے وہ آئے طور کی جانب
جو چشم دل سے تماشائے حسن یار کرے

ہزار وعدے ہوں جھوٹے مگر ہمارا دل
تمہارے وعدے کا ہر بار اعتبار کرے

یہی وہ آنکھ ہے جو سب کے ہوش کھوتی ہے
یہی جو چاہے تو دم بھر میں ہوشیار کرے

ابھی تک اُس کو یہ سمجھو کہ ہوش باقی ہے
جو اپنے جیب و گریباں کو تار تار کرے

یہ جستجو میں اب اُس کی ہوئی ہے مایوسی
وہ سامنے ہو مگر دل نہ اعتبار کرے

سمجھ لے جو کوئی کیفیت فراق و وصال
تو عمر بھر وہ تمنائے ہجر یار کرے

پیام ہے یہ اسیروں کا باغباں کے لئے
کہ ابکی سال ہمارا نہ انتظار کرے

رضائے یار پہ راضی رہے شرف انساں
کبھی نہ شکوۂ آلام روزگار کرے

اب دل کا حال نہ پوچھو کچھ غم سہتا ہوں غم سہنے دو
چھڑ جائیں گے پھر لاکھوں قصے یہ بات یہیں تک رہنے دو

الفت میں تو یہ بھی ہوتا ہے تھپکی بھی لگیں کروٹ بھی بدلیں
ہیں پاگل بھی سودائی بھی کہتی ہے جو دنیا کہنے دو

زلفیں رخ روشن پر چھوٹیں اندھیر نہ ہو پردہ بھی رہے
چھنتے جو رہیں کچھ کچھ جلوے یوں چاند گہے تو گہنے دو

ان قہر کی نظروں سے منہ پر کیوں مہر لگائی جاتی ہے
شکووں کا مزا تو آئیں ہے کچھ سننے دو کچھ کہنے دو،

دریائے محبت میں ڈوبا جو کوئی یہ سمجھو پار ہوا
ساحل ہے نہ کچھ ہاتھ آئیگا منجدھار میں کشتی بہنے دو

اے چارہ گرو گھبراؤ نہیں جاتا ہی رہیگا دردِ جگر
روکو نہ مجھے اب رونے سے کچھ خون کے آنسو بہنے دو

تم نے تو نہیں دیکھا ہے شرف پھر کم ہے وہ مجنون الفت
ہیں چاک گریبان و دامن زنجیریں پاؤں میں پہنے دو

اس لئے اس نے اس ذریعہ سے لوگوں کو مالوف کرنا چاہا اور ایک بڑی جماعت اپنے ساتھ کرلی ضیاء برنی لکھتا ہے کہ:-

"ہر منزل پر پانچ من زریں ستارے (اختر زر) ایک سبک سی منجنیق میں رکھ کر اُڑائے جاتے تھے۔ اور ہزاروں آدمی اُن کے لوٹنے کے لئے جمع ہو جاتے تھے"

اسی طرح جب بعض امراء و خوانین دہلی سے علاؤالدین کے روکنے کے لئے روانہ کئے گئے تو علاؤالدین نے اُن سے جنگ کرنا مناسب نہ سمجھا بلکہ صرف دولت سے اُن کا مقابلہ کیا اور اس طرح سلطان جلال الدین (مرحوم) کی تمام فوج کو اپنا طرف دار بنالیا۔ حسب روایت تاریخ علائی ۲۲ ذی الحجہ ۶۹۵ھ کو اور حسب روایت بیان تاریخ وصاف ذی قعدہ ۶۹۵ھ میں علاؤالدین دہلی پہونچا جہاں وہ دوبارہ (صحیح معنی میں) تخت نشین ہوا۔

---

۱ علاؤالدین، سلطان جلال الدین خلجی کے عہد میں کڑہ مانک پور کا حاکم تھا ۱۲۹۴ء یعنی ۶۹۴ھ میں تخت نشین ہونے کے سال ڈیڑھ سال قبل اس نے مالوہ اور بندیلکھنڈ کی شورشوں کو دفع کرکے کوہستان دھیا کے دشوار گزار دروں کو طے کیا اور صرف ۷۰۰ آدمیوں کی جمعیت سے دیوگر پہونچا جو مرہٹہ راج کا پایہ تخت تھا اور اس کو فتح کرکے دکن کی طرف بڑھکر ایلچ پور پر قبضہ کیا یہ مسلمانوں کا پہلا قدم تھا جو دکن کی طرف بڑھا ان فتوحات سے علاءالدین نے بے شمار دولت حاصل کرلی تھی جسے وہ اب اپنے قیام سلطنت کے لئے بیدریغ صرف کر رہا تھا

۲ جب سلطان جلال الدین کے قتل کی خبر پہونچی تو اس کی بیوی ملکۂ جہاں نے اپنے چھوٹے بیٹے قدر خاں ابراہیم کو رکن الدین کا خطاب دیکر تخت نشین کردیا اور بڑے بیٹے ارکلی خاں کی آمد کا انتظار نہیں کیا جو اُسوقت ملتان میں تھا اس سے ارکلی خاں برہم ہوگیا اور دہلی نہیں آیا یہی ناعاقبت اندیشی تھی جس نے علاءالدین کو تخت دہلی کی طرف مایل کیا۔ ورنہ وہ صرف سلطنت لکھنوتی کا ارادہ رکھتا تھا۔ رکن الدین کی سلطنت اسوقت تک رہی جب تک علاءالدین دہلی نہیں آیا تاہم لین پول کی تحقیق سے ثابت ہے کہ اس نے اتنا زمانہ ضرور پایا کہ وہ اپنے نام کے سکے جاری کرسکا

۳ تاریخ فیروز شاہی (الیٹ) ۳-۱۵۹

۴ تاریخ علائی جسے خزائن الفتوح بھی کہتے ہیں حضرت امیر خسرو کی تصنیف ہے جس میں عہد سلطان علاءالدین خلجی کے (جسے امیر خسرو نے محمد شاہ سلطان بھی لکھا ہے) ابتدائی و درمیانی حالات (۶۹۵ھ سے لیکر ۷۱۰ھ تک کے درج ہیں۔

امیر خسرو کا نام فرشتہ نے ابوالحسن لکھا ہے اور الیٹ نے (جلد سوم صفحہ ۵۲۳ میں) یمین الدین محمد حسن تحقیق کیا ہے۔ ان کے باپ کا نام سیف الدین محمود تھا۔ ایک ترکی قبیلہ لاچین کے مشہور فرد تھے۔ دولت شاہ نے اپنے تذکرہ میں لکھا ہے کہ وہ امراء بلخ میں سے تھے اور فتنۂ چنگیز خانی سے بھاگ کر ہندوستان میں آئے۔ امیر خسرو بمقام مومن آباد جسے اب پٹیالی کہتے ہیں ۶۵۱ھ/۱۲۵۳ء میں پیدا ہوئے۔ مولوی شبلی نے بیان خسرو میں تاریخ ولادت ۶۰۵ھ لکھی ہے جو کسی طرح صحیح نہیں ہوسکتی کیونکہ ۶۰۵ھ میں خاندان غلام کا سب سے پہلا بادشاہ قطب الدین ایبک فرمانروا تھا اور یہ خود مولوی شبلی نے لکھا ہے کہ:- "جب امیر خسرو سن رشد کو پہونچے تو دہلی کے تخت پر سلطان غیاث الدین بلبن صدر نشین تھا۔ اور اسکا زمانۂ حکومت ۶۶۴ھ سے شروع ہوا ہے"

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۷۶ پر ملاحظہ ہو)

مخالفین کا استیصال

تخت نشین ہوتے ہی اس نے ایک طرف خاندان و امراء جلالی میں سے ان لوگوں کو جن کی طرف سے ادعائے سلطنت یا تحریک بغاوت کا شبہ ہو سکتا تھا تہ تیغ کرنا شروع کیا اور دوسری طرف اپنے خزانہ کا دروازہ کھول دیا تاکہ جو بر بھی اس کی طرف سے

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۷۵)

یقیناً کاتب کی غلطی سے یہ تاریخ بیان خسرو میں نادرست درج ہوگئی۔ پھر قران السعدین میں امیر خسرو نے خود تحریر فرمایا ہے کہ ۶۸۸ھ میں ان کی عمر ۳۶ سال کی تھی۔ امیر صاحب کو سب سے پہلے ملک چھجو (برادر زادۂ بلبن) کے دربار میں رسائی ہوئی اور دو برس تک اس کے پاس ملازم رہے اس کے بعد بغرا خاں (بلبن کے بیٹے) حاکم سامانہ کے ندیم ہو گئے۔ جب بلبن نے طغرل حاکم لکھنوتی (بنگال) کی بغاوت فرو کر کے وہاں کی حکومت بغرا خاں کو سپرد کی تو امیر صاحب بھی ساتھ گئے لیکن وہاں جی نہ لگا اور دلی واپس آئے یہاں سلطان بلبن کا بڑا بیٹا سلطان محمد (مشہور بہ خان شہید) کا ملین فن کا بڑا قدر شناس تھا اس نے امیر صاحب کو بلا کر اپنے دربار سے متعلق کر لیا اور جب ملتان کی حکومت اس کے سپرد ہوئی تو انھیں بھی ساتھ لے گیا۔

جب تیمور خاں (جو ارغو خاں فرمانروائے ایران نبیرۂ ہلاکو خاں کا سردار تھا) لاہور اور دیپال پور کو فتح کر کے ملتان پہونچا اور سلطان محمد شہید ہوا تو امیر خسرو تاتاریوں کے قیدی ہو گئے۔ لیکن دو برس بعد کسی طرح انھوں نے رہائی پائی اور وہاں سے بھاگ کر دلی آئے اور چند دن قیام کر کے پٹیالی پہونچ گئے۔ جب ۶۸۶ھ میں بلبن نے وفات پائی اور اس کا پوتا کیقباد تخت نشین ہوا تو اس نے امیر صاحب کو اپنے دربار میں طلب کیا لیکن چونکہ ملک نظام الدین وزیر امیر صاحب سے کچھ خلش رکھتا تھا۔ اس لئے انھوں نے تعلق پسند نہ کیا۔ اور خان جہاں کی ملازمت اختیار کر لی جو امراء شاہی میں سے تھا۔ جب خان جہان اودھ کا صوبہ دار مقرر ہوا تو امیر صاحب بھی ساتھ چلے گئے لیکن دو برس کے بعد والدہ کی محبت اور طلب سے مجبور ہو کر پھر دلی آئے اس زمانہ میں جلال الدین خلجی طبقۂ امراء میں خاص امتیاز رکھتا تھا، اس نے امیر صاحب کی بہت قدر کی جس کا ذکر ہم اصل کتاب میں کر چکے ہیں۔

جب کیقباد، (غلام خاندان کے آخری بادشاہ) کے بعد یہی جلال الدین خاندان خلجی کا سب سے پہلا بادشاہ ہوا تو اس نے دل کھول کر امیر صاحب کے کمالات کی قدر کی۔ جلال الدین کے بعد سلطان علاء الدین کا زمانہ آیا تو اس نے بھی امیر صاحب کو بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھا اور ایک ہزار تنکہ سالانہ وظیفہ مقرر کر دیا۔ علاء الدین کے بعد قطب الدین مبارک بادشاہ ہوا اور اس نے امیر صاحب کی قدر دانی بہت زیادہ کی چنانچہ جب ۷۱۸ھ میں امیر خسرو نے اس کے نام پر مثنوی نہ سپہر لکھی تو اس نے ہاتھی کے برابر روپیہ تول کر امیر صاحب کو انعام دیا۔

اس کے بعد جب خلجی خاندان سے حکومت منتقل ہوئی اور تغلق خاندان کا اولین فرمانروا سلطان غیاث الدین صدر نشین ہوا تو اس نے بھی امیر صاحب کی قدر شناسی میں کوئی کمی نہیں کی اور اپنے دربار میں جگہ دیکر اپنا ندیم خاص بنایا۔ جب امیر صاحب نے تغلق کے ساتھ بنگال کا سفر کیا تو وہیں آپ کو معلوم ہوا کہ آپ کے پیر و مرشد حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء نے انتقال کیا۔ آپ فوراً دلی واپس آئے اور تمام دولت خواجہ صاحب کے نام پر نثار کر کے وہیں گوشہ نشین ہو گئے اور ۶ ماہ بعد ذی قعدہ ۷۲۵ھ میں انتقال کیا۔ آپ کا مزار حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کے پائیں میں موجود ہے اور اب بھی زیارت گاہ خاص و عام ہے۔ (بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۷۷ پر ملاحظہ ہو)

لوگوں کو پیدا ہوگئی تھی دور ہوجائے اور چچا کے قتل کرنے کا داغ بھی محو ہوسکے۔ چنانچہ وہ اس میں بہت کامیاب ہوا اور اس کی

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۷۷)

امیر صاحب کی ذات صرف ہندوستان کی بلکہ تمام اسلام کے لئے مایۂ ناز ہے اور یہ حقیقت ہے کہ اس درجہ کے جامع کمالات نفوس دنیا میں بہت کم پیدا ہوتے ہیں۔ علاوہ شاعری کے موسیقی کے بھی آپ بہت بڑے ماہر تھے اور اس فن کے کاملین میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ عربی و ترکی و ہندی زبانوں میں بھی آپ نے کثرت سے اشعار لکھے۔ صرف فارسی زبان کے اشعار کا شمار تین اور چار لاکھ کے درمیان کیا جاتا ہے سنسکرت میں بھی آپ کو کامل وقوف حاصل تھا پھر اسی کے ساتھ جب آپ کے کمالات باطنی پر نظر کی جاتی ہے تو حیرت ہوتی ہے کہ وہ شخص جو امراء دربار اور بادشاہوں کی صحبتوں میں زندگی بسر کرتا تھا وہ روحانیت میں کیونکر اتنی ترقی کرسکا کہ خود ان کے پیر نے دعا کی کہ "الٰہی بہ سوز سینۂ ایں ترک مرا بخش"۔

نفحات الانس میں مولانا جامی نے لکھا ہے کہ امیر صاحب نے ۹۲ کتابیں تصنیف کیں جن میں اب صرف چند نظر آتی ہیں:۔

۱۔ **دیوان تحفۃ الصغر** — اس میں ۱۶ سال کی عمر سے ۱۹ برس تک کا کلام درج ہے

۲۔ **دیوان وسط الحیات** — ۲۰ سال کی عمر سے ۳۴ سال تک کا کلام پایا جاتا ہے اس میں وہ قصاید بھی ہیں جو سلطان شہید اور ملک چھجو وغیرہ کی مدح میں آپ نے لکھے تھے

۳۔ **دیوان غرۃ الکمال** — اس میں ۳۴ سال کی عمر سے لیکر ۴۴ سال تک کا کلام درج ہے۔ دیباچہ میں اپنی مختصر سوانح حیات بھی لکھی ہے اور کیقباد اور جلال الدین خلجی کے مدحیہ قصاید بھی اس میں پائے جاتے ہیں۔ صرف دو ہفتہ میں اسکو مرتب کرکے دیباچہ لکھا

۴۔ **بقیہ نقیہ** — ضعیفی کا کلام ہے اس میں سلطان علاء الدین خلجی کا مرثیہ درج ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسمیں کم از کم ۷۱۵ھ کے بعد تک کا کلام درج ہے

۵۔ **نہایۃ الکمال** — پانچواں اور آخری دیوان ہے جس میں قطب الدین مبارک کا مرثیہ اور اس کے ولی عہد کی مدح بھی پائی جاتی ہے

۶۔ **قران السعدین** (مثنوی) — امیر صاحب کی سب سے پہلی مثنوی ہے جو انھوں نے اپنی ۳۶ سال کی عمر میں کیقباد اور بغراخاں (باپ بیٹے) کی مصالحت پر لکھی ہے

۷۔ **مطلع الانوار** (مثنوی) — مخزن الاسرار کا جواب ہے اور سلطان علاء الدین کے نام سے منسوب ہے ۳۳۱۲ اشعار ہیں اور صرف دو ہفتہ میں تمام ہوئی

۸۔ **شیریں خسرو** (مثنوی) — مشہور مثنوی ہے اور ۶۹۸ھ میں ختم ہوئی ۴۱۲۴ اشعار ہیں

۹۔ **آئینہ اسکندری** (مثنوی) — سکندر نامہ کا جواب ہے ۴۴۵۰ اشعار ہیں ۶۹۹ھ میں تمام ہوئی

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۷۸ پر ملاحظہ ہو)

بے نظیر فیاضیوں نے بہت جلد تمام لوگوں کو اس کا طرفدار بنا دیا۔ اُن امرا میں سے جنھوں نے علاء الدین کی توجہ اپنی طرف جذب کی

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۷۷)

۱۰ — لیلےٰ مجنوں (مثنوی) — ۶۹۸ھ میں ختم ہوئی ۲۶۶۰ اشعار ہیں

۱۱ — ہشت بہشت (مثنوی) — نظامی کی ہفت پیکر کا جواب ہے ۷۰۱ھ میں تمام ہوئی ۳۳۸۲ اشعار ہیں

۱۲ — تاج الفتوح — سلطان جلال الدین کی تخت نشینی کے سال اول یعنی ۶۸۹ھ سے ۶۹۰ھ تک کے حالات درج ہیں۔

۱۳ — نہ سپہر — قطب الدین خلجی کے نام سے منسوب ہے

۱۴ — عشقیہ — خضر خاں (علاء الدین کا بیٹا) اور دیول رانی (والی گجرات کی لڑکی) کی داستان عشق و محبت ہے پہلے

عشقیہ دول رانی خضر خاں — ۴۲۰۰ اشعار لکھ کر اس کو ختم کر دیا تھا لیکن جب خضر خاں مارا گیا تو ۳۱۹ اشعار دیول رانی کے حال میں اور اضافہ کئے اور اس طرح ۷۱۵ھ میں یہ مثنوی تمام ہوئی

۱۵ — اعجاز خسروی — تین جلدوں میں ہیں۔ اس میں نثر نویسی کے اُصول منضبط کئے اور سیکڑوں صنائع اختراع کئے ۷۱۹ھ میں تمام ہوئی

۱۶ — تغلق نامہ — غیاث الدین تغلق کے حالات و فتوحات اس میں درج ہیں

۱۷ — خزائن الفتوح و تاریخ علائی — اس میں سلطان علاء الدین کے حالات درج ہیں

۱۸ — افضل الفوائد — ملفوظات ہیں حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کے

۱۹ — مناقب ہند تاریخ دہلی — ان کتابوں کا ذکر دولت شاہ نے اپنے تذکرہ میں کیا ہے

ان میں سے اکثر کتابیں ایسی ہیں جو ایک مورخ کے لئے فراہمی مواد میں بہت مدد دیتی ہیں اور دنیائے شاعری میں صرف امیر خسرو ہی کی وہ ذات جن کے لڑیری کارنامے تاریخی نقطۂ نظر سے بھی اتنی اہمیت رکھتے ہوں۔ (ماخوذ از تذکرۂ دولت شاہ، فرشتہ، بدایونی، بیان خسرو وغیرہ)

۵ — تاریخ فرشتہ نے علاء الدین کے دہلی پہونچنے کا زمانہ آخر ۶۹۶ھ لکھا ہے لیکن صاحب طبقات اکبری اور ضیاء برنی نے ۶۹۵ھ ظاہر کیا ہے حضرت امیر خسرو نے اپنی تاریخ علائی میں تو تاریخ بھی (۲۲ ذی الحجہ ۶۹۵ھ) متعین کر دی ہے۔ چونکہ حضرت امیر خسرو، خاندان خلجی اور اس میں بھی خصوصیت کے ساتھ عہد علائی کے مورخ و شاہد تسلیم کئے جاتے ہیں۔ اس لئے انھیں کا بیان زیادہ مستند ہو سکتا ہے۔ اور اسی کو عام طور سے محققین تاریخ نے صحیح تسلیم کیا ہے۔

۶ — تاریخ وصاف کا اصلی نام "تزجیۃ الامصار و تجزیۃ الاعصار" ہے۔ اس کا مصنف عبداللہ ابن فضل اللہ شیرازی ہے، جو وصاف کے نام سے شہرت رکھتا ہے اور اسی لئے یہ کتاب تاریخ وصاف کے نام سے تعبیر کی جاتی ہے۔

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۷۹ پر ملاحظہ ہو)

ضیاء برنی کے چچا اور باپ بھی تھے

برنی کا چچا ملک علاؤالملک کو ولایت کڑہ سپرد کی گئی اور اس کے باپ موید الملک کو قصبہ برن (بلند شہر کی) نیابت و خواجگی مرحمت ہوئی[1]

سلطان علاؤالدین اس میں کلام نہیں کہ بے انتہا سخت اور ظالم ہونے کی حد تک سخت گیر تھا لیکن یہ ماننا پڑے گا کہ وہ ایک بے مثل سپاہی اور بڑے زبردست عزم کا بادشاہ تھا

عزم و تیاری

جس وقت علاؤالدین کو معلوم ہوا کہ قتلغ خواجہ[2] پسر دواخاں (ماوراءالنہر کا بادشاہ) دو لاکھ مغلوں کے جمعیت سے دریائے سندھ کو عبور کر چکا ہے اور اب تسخیر دہلی کے لئے چلا آرہا ہے تو وہ بہت متردد ہوا کیونکہ فتنۂ مغل سے خائف ہو کر ہزاروں آدمی قرب و جوار کے بھاگ بھاگ کر روزانہ دہلی میں پہونچ رہے تھے۔ گلیوں، بازاروں، مسجدوں اور محلات میں کوئی جگہ ایسی نہ تھی جو ان پناہ گزینوں سے نہ بھر گئی ہو، غلہ اور تمام اشیاء سخت گراں ہو گئی تھیں چنانچہ علاؤالدین نے امراء کو جمع کر کے سب کی رائے طلب کی۔ چونکہ دہلی کی حالت اس وقت ایسی نہ تھی کہ مغلوں کی مدافعت آسانی سے ہو سکتی۔ اس لئے اکثر امراء نے یہی رائے دی کہ جہاں تک ممکن ہو صلح و آشتی سے کام لیکر اس فتنہ کو دفع کر دینا چاہئے۔ علاؤالدین نے یہ سنکر کہا کہ:-

"جو کچھ آپ نے کہا ہے وہ صحیح ہے لیکن یہ بتائیے کہ میں دنیا کو اپنی صورت کیونکر دکھا سکوں گا۔ کیا منہ لیکر گھر میں جاؤنگا اور میں کیا سلطنت کروں گا نتیجہ جو کچھ ہو میں ان مغلوں سے جنگ کروں گا"

(بقیہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۷۸)

شعبان ۶۹۹ھ میں یہ کتاب ختم ہوئی اور اسی وقت پہلی چار جلدیں شائع بھی ہو گئیں کیونکہ رشید الدین نے اپنی مشہور کتاب جامع التواریخ میں اس کا حوالہ دیا ہے۔ اسکے بعد مصنف نے ایک جلد اور لکھی اور ۷۲۸ھ تک کے واقعات اس میں درج کئے۔

اس تاریخ میں اُس عہد سے ترتیب واقعات کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے جس عہد میں تاریخ جہاں کشا کی ترتیب ختم ہوئی یعنی منگوخاں کے انتقال اور قبلائی خاں کی تخت نشینی سے اس کتاب کی ابتداء ہوتی ہے

یہ کتاب مغلوں کے نہایت معتبر تاریخ سمجھی جاتی ہے اور یورپ کے اکثر مصنفین نے اس کتاب سے بہت مدد لیا ہے

تیسری اور چوتھی جلد میں اسنے ہندوستان کے کچھ حالات درج کئے ہیں اور اس میں شک نہیں کہ اس نے بہت کاوش سے کام لیا ہے

[1] طبقات اکبری ۶۸ - فیروز شاہی (الیٹ) - ۳ - ۱۶۱

[2] فرشتہ اور بدایونی نے پسر دواخاں لکھا ہے۔ طبقات اکبری میں پسر داؤد درج ہے لیکن صحیح دُوا یا تو معلوم ہوتا ہے کیونکہ چغتائی سلسلہ میں اسکا نام ایک شخص تھا جو قبلائی کا مشہور دشمن تھا۔ یہ ۱۳۰۱ء میں مرا اور کئی لڑکے اپنے بعد چھوڑے جن کا ذکر مغلوں کی تاریخ میں پایا جاتا ہے

چنانچہ اس نے شہر کا مناسب انتظام کرکے فوج جمع کی اور میدان کیلی میں مغلوں سے ایسا مردانہ مقابلہ کیا کہ تاریخ میں اس کی دوسری نظیر مشکل سے مل سکتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ مغلوں کو سخت شکست ہوئی اور علاؤالدین تاج فتح مندی سر پر رکھے ہوئے دلی واپس آیا۔ اور اپنے نام کے خطبہ میں اور سکون میں سکندر ثانی کا لقب اضافہ کیا۔[1]

مغلوں کی شکست۔ مشاورت فی الامر سے اجرا اور فتح عالم کا خیال

سلطان علاؤالدین، باوجود ایک جابر و خودسر بادشاہ ہونے کے، ہمیشہ تمام امور میں اپنے امراء سے مشورہ طلب کرتا تھا اور ایک صائب رائے کے مقابلہ میں اپنے بڑے سے بڑے ارادہ کو ترک کر دیتا تھا

جب سلطان علاؤالدین تخت نشین ہونے کے بعد دو سال کے اندر تمام خطرات کو دفع کر چکا، مسلسل کامیابیوں اور فتوحات نے اس کے حدود سلطنت کو بہت زیادہ وسیع کر دیا اور گجرات وغیرہ پر قابض ہو کر تمام امور سلطنت اس کی مرضی کے مطابق طے ہو گئے تو اس کو اپنی عظمت و جبروت کا ایک سخت پندار پیدا ہو گیا۔ چنانچہ اس نے ایک دن سوچا کہ جس طرح نبی آخر الزماں نے اپنے چار اصحاب کی مدد سے ایک دین و شریعت کو رواج دیا اسی طرح اگر میں بھی اپنے چار یار (الماس بیگ الغ خاں، ملک نہر برالدین ظفر خاں، ملک نصرت خاں، سنجر الپ خاں) کی مدد سے کوئی شریعت قایم کروں تو میرا نام قیامت تک قایم رہے گا۔ اسی کے ساتھ دوسرا خیال اس نے یہ قایم کیا کہ جس طرح سکندر رومی نے کشور کشائی اور ملک گیری میں شہرت حاصل کی، اسی طرح میں بھی خراسان و ماوراء النہر وغیرہ پر قبضہ کرکے تمام عراق و فارس، عجم و شام، ترکستان و حبش وغیرہ کو مفتوح کروں اور اپنی شریعت کو رواج دوں

جب وہ نشہ کی حالت میں ہوتا تو اکثر اس مسئلہ پر بحث کرتا اور اس کے امراء ندیم خوف کی وجہ سے کچھ نہ کہہ سکتے ایکدن علاء الملک کوتوال کے سامنے بھی یہی ذکر ہوا اس نے حد درجہ جرأت سے کام لیکر علاءالدین کو سمجھایا کہ منصب نبوت خدا کی طرف سے عطا ہوتا ہے اور چونکہ اب سلسلہ نبوت ہمیشہ کے لئے ختم ہو گیا ہے اس لئے یہ خیال قایم کرنا سخت نادانی اور خلاف انصاف ہے۔ رہا سکندر کی طرح عزم جہاں کشائی کرنا، سو اس کے لئے دیکھ لیجئے کہ آپ کے پاس کوئی وزیر ارسطاطالیس کی طرح ہے جو آپ کی غیبت میں انتظام سلطنت کو درہم برہم نہ ہونے دے۔" یہ سنکر علاؤالدین نے کہا کہ پھر اب میں کیا کروں یہ تمام خزائن و دفائن کس کام میں لائے جائیں۔ علاؤالملک نے کہا کہ ابھی تو ہندوستان کا سارا جنوبی حصہ تسخیر کے لئے پڑا ہوا ہے، تنبھور چندیری چتور، مالوہ، دھار، اجین فتح کیجئے علاوہ اس کے حدود کابل کا مستحکم کرنا ضروری ہے تاکہ مغلوں کی طرف سے اطمینان کلی حاصل ہو جائے۔"

علاؤالدین کی خود پسندی

سلطان علاء الدین نے یہ سنکر اپنے خیال سے توبہ کی اور اسی وقت علاء الملک کو دس ہزار تنکہ دو آراستہ گھوڑے نہایت قیمتی زریں خلعت۔ طلائی کمربند جو وزن میں نصف من تھا، اور دو گاؤں انعام میں دئے[2]

---

[1] فیروز شاہی (الیٹ) ۳-۲۶۶۔ بدایونی ۴۷، فرشتہ ۱۰۳-۱۰۴۔ طبقات اکبری ۷۰۔ ڈیول انڈیا ۹۶-۹۷۔ [2] فیروز شاہی (الیٹ) ۳-۱۷۰-۱۷۱

سلطان علاؤالدین راست پسندی کے ساتھ اُصولِ سیاست سے بھی کما حقہ واقف تھا اور نظم ونسق قائم رکھنے کے لئے وہ اپنے تمام ذرائع صرف کردیا کرتا تھا۔ جب وہ قلعۂ رنتھبور کی تسخیر کے لئے آمادہ ہوا اور وہاں توقع سے زیادہ اس کو دیر لگی تو دہلی میں مسلسل تین چار سازشیں اس کے خلاف ہوئیں۔ سب سے پہلے سلیمان شاہ اکت خاں (برادر زادہ علاؤالدین) نے سازش کی اور اپنے نزدیک سلطان علاؤالدین کو ہلاک کرنے میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی۔ لیکن کامیاب نہیں ہوا۔ اسکے بعد عمر وخاں اور منگو خاں (علاؤالدین کے ہمشیرزادگان) نے سلطان کی غیبت سے ناجائز فایدہ اُٹھاکر علم بغاوت بلند کیا، لیکن یہ بھی گرفتار ہوکر اپنی سزا کو پہونچے۔ پھر آخر میں حاجی نامی ایک شخص نے زیادہ سنگین بغاوت کی۔ یہ امیرالامراء فخرالدین کوتوال سابق کا غلام تھا اس نے دہلی کو خالی پاکر ہنگامہ مچادیا، جو مشکل سے فرو ہوسکا۔ گجرات کے نومسلموں کی بغاوت اس سے قبل ظاہر ہوچکی تھی۔ الغرض سلطان علاؤالدین متردد ہوا اور بغاوتوں کے اس سلسلہ کو ختم کردینے کے لئے اس نے امراء کو جمع کرکے مشورہ طلب کیا۔ ان میں بعض نے کہا کہ بدامنی کے چار اسباب ہوا کرتے ہیں:۔

۱۔ خلق کے نیک وبد سے بادشاہ کا لاعلم رہنا

۲۔ شراب کا علانیہ استعمال کیونکہ نشہ کی حالت میں لوگ مافی الضمیر کو آزادی کے ساتھ ظاہر کردیتے ہیں اور اس طرح باہم دگر فتنہ وفساد پر لوگوں میں اتفاق ہوجاتا ہے

۳۔ امراء واعیان کا ایک دوسرے سے تعلق رشتہ داری اور خلوص ومحبت کا بڑھ جانا کہ ایک پر اگر آفت آتی ہے تو سب اس کی مدد کرتے ہیں

۴۔ زر ومال کی کثرت کہ جب بداصل آدمی دولت مند ہوجاتے ہیں تو ہمیشہ ان میں خیالات فاسد ہی پیدا ہوتے ہیں۔

علاءالدین یہ سنکر متنبہ ہوا اور سب سے پہلے اس نے اپنی بخیری دور کرنے کے لئے تمام ملک میں جاسوس مقرر کئے اور خبر رسانی کا ایک ایسا مکمل انتظام کیا کہ امراء وغیرہ جو باتیں رات کو اپنے گھر کے اندر کرتے تھے۔ وہ صبح کے وقت بادشاہ کو معلوم ہوجاتی تھیں اور جب امیر آتا تو بادشاہ ایک پرچہ پر لکھ کر اس کو دکھادیتا کہ رات کو تم نے یہ یہ باتیں کی ہیں۔ رفتہ رفتہ لوگ اس قدر خایف ہوگئے کہ خلوت وجلوت میں گفتگو کرنا دشوار ہوگیا۔ اور سازش وسرگوشی کا بالکل سدباب ہوگیا۔ اسی کے ساتھ اس نے اپنے ملک کے تمام راستوں کو اس قدر محفوظ کردیا کہ تمام قافلے آزادی کے ساتھ سفر کرتے تھے اور رات کو اپنا اسباب بغیر کسی حفاظت کے یونہی کھلا چھوڑ دیتے تھے، پھر یہ انتظام صرف دہلی ہی کے قرب وجوار میں نہ تھا بلکہ کابل وکشمیر سے لیکر بنگال تک، سندھ وگجرات سے لیکر تلنگانہ ومعبر تک ہر جگہ راستوں کے پرامن ہونے کی یہی کیفیت تھی اور رہزنی وقزاقی بالکل مفقود ہوگئی تھی اگر کوئی سیاح یا مسافر گاؤں میں پہونچتا تو مقدم اور اُس گاؤں کے لوگ، اس کو عزت کے ساتھ ٹھہراتے اور کھانے پینے کا بندوبست کرتے

دوسرا انتظام شراب خواری کا تھا۔ ہرچند یہ ذرا مشکل کام تھا کیونکہ علاؤالدین خود اس کا عادی تھا ــــــ

لیکن اس نے اپنی طبیعت پر سخت جبر کیا اور سب سے پہلے اپنے آبدارخانہ کو درہم و برہم کیا۔ جس قدر چینی کے برتن تھے ان کو تڑوا دیا اور طلائی و نقرئی ظروف کو گلوا کر دارالضرب میں بھیجدیا اور تمام ملک میں اعلان کر دیا کہ بادشاہ نے شراب سے توبہ کرلی ہے اس لئے اب اگر کوئی شراب بنائے گا یا پیئے گا تو قتل کر دیا جائے گا

معاملات از دواجی کی ممانعت

مورخین کا بیان ہے کہ اس فرمان کے بعد اس قدر شراب کے قرابے لوگوں نے اپنے گھروں سے نکال نکال کر لنڈھائے کہ تمام راستوں میں کیچڑ ہوگئی۔ الغرض جب وہ اس انتظام سے بھی فارغ ہوا۔ تو امراء و اعیان کے لئے ایک فرمان جاری کیا کہ آیندہ سے بلاحکم سلطانی آپس میں نہ کوئی رشتہ قایم کریں نہ ایک دوسرے کی دعوت کریں۔ اس سے تمام امراء کا ایک دوسرے سے ملنا جلنا اور آپس میں تعلقات رشتہ داری پیدا کرنا مسدود ہوگیا

مالگذاری کے اصول

چوتھے سبب کا اس نے یہ انتظام کیا کہ سوائے مخصوص امراء و اعیان کے اور لوگوں کے پاس جتنے گاؤں، وقف، انعام، جاگیر یا منصب کی صورت میں پائے جاتے تھے، سب کو ضبط کرکے خالصہ کرلیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سب پر معاش تنگ ہوگئی اور فتنہ و فساد کا خیال دور ہوگیا

اس انتظام سے فارغ ہونے کے بعد وہ دیہات کی طرف متوجہ ہوا۔ اسوقت تک انتظام کی صورت یہ تھی کہ مقدم اور چودھری سے وصولی مالگذاری کا معاملہ ہوا کرتا تھا اور یہ لوگ رعایا کو سخت تباہ کر رہے تھے چنانچہ سلطان نے پیمایش زمین کے مطابق مالگذاری فی بسوہ مقرر کی اور حکم دیا کہ نصف پیداوار بلا کسی استثناء و کمی کے سب سے وصول کرلی جائے۔ علاوہ اس کے مقدموں سے جو وصول ہو وہ خزانہ میں داخل کیا جائے۔ اسی کے ساتھ یہ بھی حکم دیا کہ کوئی شخص خواہ مقدم ہو یا معمولی کاشتکار۔ چار بیل، دو بھینس، دو گائے اور بارہ بکریوں یا بھیڑوں سے زیادہ نہیں رکھ سکتا۔ پھر چرائی بھی مقرر کی اور آباد گھروں کا کرایہ بھی معین کیا۔ اگر کوئی محرر یا عامل بددیانتی کرتا یا ان احکام کی پوری پابندی نہ کرتا تو اس کو سخت سزا دیجاتی اور اگر سوائے چارہ کے وہ کوئی اور چیز گانوں سے حاصل کرتا تو پٹواری کے کاغذات سے دیکھکر اسکی قیمت وصول کرلی جاتی۔

اس سختی کا نتیجہ یہ ہوا کہ خاین عمال و محرر ملازمت سے بیزار ہوکر نوکریاں ترک کرنے لگے اور تمام مقدم و چودھری جو معزز و امیرانہ زندگی بسر کرتے تھے بالکل محتاج ہوگئے اور ان کی عورتیں محنت و مزدوری کرنے لگیں

مغلوں کا حملہ اور اسکی تدابیر

یہ ہم پہلے بھی بیان کرچکے ہیں کہ علاؤالدین ایک بار میدان کیلی میں مغلوں کو شکست دے چکا تھا لیکن وہ ان کے فتنہ کی طرف سے بالکل مطمئن نہ تھا اور نہ مغل اپنے حوصلوں کو ترک کرچکے تھے۔ جب انھیں موقع ملتا ہندوستان کی طرف بڑھتے اور دہلی کو فتح کرنے کی تدابیر اختیار کرتے۔ چنانچہ جب علاؤالدین ۷۰۳ھ میں قلعہ چتور کے محاصرہ میں مصروف تھا تو ماوراءالنہر میں یہ خبر پہونچی کہ میدان خالی ہے اور مغل فوجیں دہلی کی طرف بڑھنے لگیں۔ علاؤالدین قلعۂ چتور فتح کرنے کے بعد مجبوراً پھر دہلی واپس آیا لیکن چونکہ شاہی افواج کا ایک بڑا حصہ ورنگل کی طرف فتوحات میں مصروف تھا اس لئے یہ بہت

متردد ہوا کہ کیا کرے۔ تاہم اس نے خاربندی اور خندقوں سے دہلی کو محفوظ کیا اور اپنی افواج منتشر کو فراہم کرنا چاہا اتفاق سے دو ماہ محاصرہ کرنے کے بعد مغلوں میں از خود خوف و ہراس پیدا ہو گیا اور وہ واپس چلے گئے۔ اس کے بعد علاؤالدین نے مستقلاً ایسے ذرائع اختیار کرنے چاہے جن سے آیندہ کے لئے بھی مغلوں کی طرف سے اطمینان ہو جائے۔ اس کے لئے اسنے حصار دہلی کو از سر نو تعمیر کرایا۔ قصر ہزار ستون اور دوسری عمارات طیار کیں لیکن صرف حصار و عمارات بیکار تھیں اس لئے اسنے یہ بھی چاہا کہ عساکر سلطانی کی مقدار و تعداد زیادہ کر دی جائے اور یہ اس وقت ممکن تھا جب تنخواہیں کم کر دی جائیں ورنہ یوں تو موجودہ خزانہ صرف ۶ سال کے مصارف کے لئے کافی ہو سکتا تھا۔ امراء سے مشورہ کیا تو انھوں نے کہا کہ لشکریوں کی تنخواہ اسوقت کم ہو سکتی ہے جب تمام اشیاء ارزاں ہو جائیں چنانچہ اس کے لئے علاؤالدین نے چند قواعد مقرر کئے اس کا اثر یہ ہوا کہ غلہ کپڑا وغیرہ بہت ارزاں ہو گیا اور باوجود اس کے کہ پھر قحط بھی رونما ہوا لیکن ارزانی بدستور باقی رہی۔ کہا جاتا ہے کہ یہ قواعد سلطان علاؤالدین کی خصوصیاتِ حکومت میں داخل ہیں جس کی طرف اس سے قبل کسی کو توجہ نہیں ہوئی اور نہ اس قدر ارزانی اس سے پہلے کبھی دیکھی گئی۔ پھر لطف یہ کہ یہ ارزانی عارضی نہ تھی بلکہ علاؤالدین کے بقیہ ایام حکمرانی تک بدستور باقی رہی۔ اور اس میں کوئی تغیر پیدا نہیں ہوا۔ وہ ضوابط و قواعد مجملاً یہاں بیان کئے جاتے ہیں۔

۱۔ اہلِ بازار کو نرخ مقرر کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ صرف بادشاہ نرخ مقرر کرے گا۔ چنانچہ تمام مملکت میں حسب تفصیل ذیل نرخ مقرر کیا گیا:۔

ایک من گیہوں	۷½ جیتل	ایک سیر شکر تری	۱½ جیتل[1]
" جو	۴ "	" شکر سرخ (گڑ)	⅓ "
" چاول	۵ "	۲½ سیر گھی، مکھن	۱ "
" ماش	۵ "	۳ سیر روغن کنجد	۱ "
" چنا	۵ "	۲½ من نمک	۵ "
" موٹھ	۲ "		

۲۔ ملک قبول الغ خاں (جو انتظامی معاملات میں نہایت صحیح فراست رکھتا تھا) منڈی کا داروغہ یا شحنہ مقرر کیا گیا جس کا کام صرف یہ تھا کہ مقررہ نرخ میں کوئی تفاوت نہ ہونے دے

---

[1] عہدِ علائی کا من موجودہ وزن کے لحاظ سے ۱۲½ سیر کا تھا۔ ایک سیر موجودہ ۶ چھٹانک کے برابر اور ایک جیتل تقریباً دو پیسہ یا ایک ادھنے کی قیمت کا۔ اس لئے اگر حساب لگایا جائے، تو معلوم ہو سکتا ہے کہ موجودہ ارزانی اور سکوں کے لحاظ سے عہدِ علائی میں ایک من (یعنی موجودہ ۴۰ سیر) گیہوں کی قیمت ۱۲ر (۳/۴ سکۂ انگریزی) تھی

۳ - دوآب کے تمام خالصہ دیہات کی مالگذاری غلہ کی صورت میں وصول کی جائے اور سلطنت کی طرف سے غلہ کے انبار محفوظ رہیں اگر بازار کا غلہ کم ہو جائے تو شاہی غلہ کو بازار کے نرخ سے فروخت کریں

۴ - سلطنت کے تمام سفری غلہ فروشوں (بنجاروں) کو طلب کر کے ساحل جمن پر آباد کیا جائے اور اُن سے معاہدہ لیا جائے کہ باہر سے غلہ منگا کر شہر میں مقررہ نرخ سے فروخت کریں گے

۵ - غلہ جمع کرنے کی سخت ممانعت کر دی گئی - اگر کوئی شخص غلہ جمع کرتا تو بحق سلطنت قرق کر لیا جاتا اور سخت تنبیہ کی جاتی ولایت دوآبہ کے افسران مال سے اقرار نامہ لیا گیا کہ کوئی شخص اُن کے علاقہ میں غلہ جمع نہ کرے

۶ - افسران مال (ریونیو) سے اقرار نامہ لیا گیا کہ وہ کھیتوں ہی پر بنجاروں سے قیمت دلا کر غلہ دیدیں اور سوائے اپنے ضروری خرچ کے غلہ کا ایک دانہ بھی کوئی کاشتکار گھر نہ لیجائے اس سے یہ فایدہ ہوا کہ بنجاروں کو غلہ آسانی سے ملنے لگا، اور بازار میں افراط ہو گئی

۷ - منڈی کے حالات معلوم کرنے کے لئے اس نے تین عہدہ دار مقرر کئے ایک شحنۂ منڈی، دوسرے بریدِ منڈی تیسرے جاسوس منڈی - ان میں سے ہر ایک علٰحدہ علٰحدہ بازار کے حال اور منڈی کے نرخ سے روزانہ بادشاہ کو اطلاع دیتا اگر ان اطلاعوں میں ذرا بھی تفاوت ہوتا تو شحنہ سے سخت باز پرس کی جاتی - اس کا نتیجہ یہ تھا کہ کوئی شخص مقررہ قواعد سے انحراف کرنے کی جرأت نہ کر سکتا تھا اور تمام بازار کا بازار ایک مشین کی طرح چل رہا تھا اور حیرت یہ ہے کہ امساک باراں کے زمانہ میں کبھی غلہ کے نرخ میں کوئی فرق نہیں ہوتا تھا - ایک بار قحط کے زمانہ میں شحنہ نے صرف نصف جیتل (ایک پیسہ) فی من نرخ بڑھا دینے کی درخواست کی تو سلطان نے ۲۱ چوب اس کے ماریں

کوئی شخص ایک وقت میں روزانہ خرچ کے علاوہ نصف من سے زیادہ نہیں خرید سکتا تھا - اگر قحط کی وجہ سے مساکین کا ہجوم زیادہ ہو جاتا اور ان کا کوئی معقول انتظام نہ ہوتا تو شحنہ کو سخت سزا دیجاتی - شہر کا ہر محلہ ایک بنجارے کے سپرد تھا اور اس کا فرض تھا کہ وہ اس محلہ کے لوگوں کو روزانہ غلہ مہیا کرے

۸ - اسی طرح کپڑے کا نرخ مقرر کیا گیا - اعلیٰ درجہ کا سوتی کپڑا بیس گزی تنکہ[1] (نقرہ) اوسط درجہ کا سوتی کپڑا تیس گزی تنکہ (نقرہ) فروخت کرنیکا حکم دیا گیا - اور اسی مناسبت سے اور تمام قسم کے کپڑوں کی قیمت متعین کی گئی - اس کے لئے اس نے ایک مکان سرائے عدل کے نام سے تعمیر کرایا اور حکم دیا کہ یہاں صبح سے لیکر نماز پیشین تک دکانیں کھلی رہیں

۹ - سوداگران شہر و اطراف کے نام دفتر میں درج کئے گئے اور ان سے اقرار نامہ لیا گیا کہ اس قدر کپڑا اور اس قسم کا ہر سال

---

[1] فرشتہ نے لکھا ہے کہ تنکہ نقرئی ہو یا طلائی ایک تولہ چاندی یا سونے کا ہوتا تھا ہر نقرئی تنکہ کی قیمتِ تبادلہ پچاس جیتل (ثمانیہ کلیہ) ہوتی تھی جیتل کا وزن البتہ مشتبہ ہے بعض کہتے ہیں ایک تولہ ثمانیہ کا ہوتا تھا بعض پونے دو تولہ کا بتاتے ہیں -

لاکر سرائے عدل میں مقررہ نرخ پر فروخت کیا کریں گے

۱۰۔ ملتانیوں (ملتان کے رہنے والے سوداگروں کو) بیس لاکھ تنکہ (نقرہ) خزانہ شاہی سے دیا گیا کہ اطراف ممالک سے کپڑا خرید کر کے لائیں اور نرخ مقررہ سے بازار میں فروخت کریں

۱۱۔ امراء وغیرہ میں سے جس کو نفیس اور قیمتی کپڑوں کی ضرورت ہو پہلے رئیس بازار کا پروانہ حاصل کرے۔ یہ قید اسلئے لگائی تھی کہ سوداگر یہاں سے نرخ سلطانی پر ارزاں کپڑا خرید کر کے باہر گراں قیمت پر فروخت نہ کر سکیں

۱۲۔ گھوڑوں کی قیمت ۲۰ تنکہ (نقرہ) سے بارہ تنکہ (نقرہ) تک مقرر کی گئی۔ اور حکم دیا گیا کہ صرف بازار ہی میں نرخ مقررہ کے مطابق گھوڑوں کی خرید و فروخت ہو

۱۳۔ لونڈی غلاموں کی قیمت ۲۰۰ تنکہ (نقرہ) سے ۵ تنکہ نقرہ تک مقرر کی گئی

الغرض اس نے، گائے، بھینس، بکری اور بازار کی تمام چیزوں یعنی ٹوپی سے موزہ تک، شانہ سے سوزن تک، نیشکر سے سبزی تک، ہر قسم سے شوربہ تک، حلوائے صابونی سے ریوڑی تک، بریانی سے روٹی تک، پان پھول سے ساگ پات تک، الغرض تمام ضروری اشیاء حتےٰ کہ ایک ندیم خاص کے کہنے پر شاہدان بازاری تک کا نرخ مقرر کر دیا۔ چنانچہ فرشتہ نے لکھا ہے کہ:-

"عہد علائی میں مصری بحساب فی سیر دو جیتل[1]۔ شکر تری فی سیر ایک جیتل۔ شکر سرخ فی سیر نصف جیتل۔ نمک ۵ سیر فی جیتل فروخت ہوتا تھا"

۱۴۔ بادشاہ صرف شحنہ وغیرہ کی اطلاع پر کفایت نہ کرتا بلکہ کمسن لڑکوں کو جنھیں کوئی وقوف نہ ہوتا دام دے کر بازار بھیجتا اور پھر ان چیزوں کو وزن کراتا۔ اگر وزن یا قیمت میں خلاف قاعدہ کوئی فرق ہوتا تو سخت سزا دی جاتی اور کمترین سزا یہ تھی کہ ناک کان کاٹ لئے جاتے یا جس قدر کم اس نے دیا ہے اتنا ہی گوشت اس کی ران یا کوہے سے کاٹ کر اس کے سامنے ڈال دیا جاتا

الغرض علاؤالدین نے مستحکم اور عجیب و غریب انتظام بازار کا کیا کہ اس کی حالت میں پھر کوئی تغیر نہیں ہوا اور کبھی کسی نے قانون مقررہ کی خلاف ورزی نہیں کی۔

۱۵۔ جب علاؤالدین بازار کا سارا انتظام کر چکا تو اس نے سپاہیوں کی تنخواہیں حسب ذیل مقرر کیں:-

سپاہی درجہ اول — دو سو چونتیس تنکہ (تقریباً ۲۴ پونڈ طلائی موجودہ انگریزی سکہ کے مطابق) ماہوار

سپاہی درجہ دوم — ۱۵۶ تنکہ ماہوار

سپاہی درجہ سوم — ۸۷ تنکہ ماہوار

---

[1] حسب بیان فرشتہ اس وقت سیر، وزن میں ۲۴ تولہ کا ہوتا تھا

جس کے پاس دو گھوڑے ہوتے اس کو ۸ تنکہ اور زیادہ ملتا

۱۶ - عارضِ ممالک (جسے موجودہ اصطلاح انگریزی میں MASTERMASTER کہہ سکتے ہیں) تمام سپاہ کا معائنہ کرتا اور جو فنِ تیر اندازی و شمشیر زنی وغیرہ کا ماہر ثابت ہوتا اسے گھوڑے کی قیمت دیدی جاتی اور گھوڑا داغ دیا جاتا

عارض ممالک کی خدمات

جب علاؤالدین ان تمام انتظامات سے فارغ ہوگیا اور اس نے فوج کا جایزہ لیا تو معلوم ہوا کہ صرف سواروں کی تعداد چار لاکھ بہتر ہزار ہے

عہد علائی میں فوج کی تعداد

اسی عسکری انتظام کا نتیجہ تھا کہ اس کے بعد جب مغلوں نے عہد علائی میں ہندوستان کا قصد کیا تو ہمیشہ انکو شکست ہوئی اور نہایت کثیر تعداد میں مقتول و مقید ہوئے

علاؤالدین پہلے بالکل ناخواندہ شخص تھا اور بعد کو اس نے صرف معمولی نوشت و خواند سیکھ لی تھی۔ فرشتہ لکھتا ہے کہ جتنے ماہرانِ فن، بزرگانِ دین، علماء کرام، شعراء عظام، اس کے زمانہ میں ہوئے ہیں کسی عہد کو نصیب نہیں ہوئے۔

حضرت شیخ الاسلام شیخ نظام الدین اولیاؒ، شیخ علاؤالدین صابر نبیرہ شیخ فریدالدین گنج شکر، قطب الاولیا شیخ رکن الدین بن صدرالدین عارف ملتانی۔ اسی عہد کے بزرگوں میں سے تھے

علاوہ ان حضرات کے شیخ صدرالدین جو بے مثل فیاض تھے تاج الدین ولد صدرالدین جو اپنی جود و سخاوت علم و حلم کے لحاظ سے بہت مشہور تھے۔ سید مغیث الدین و سید نجیب الدین، قاضی جلال الدین، قاضی صدرالدین، مولانا ضیاءالدین بیانوی حمیدالدین ملتانی جو اپنے کمالات ظاہری و باطنی میں مخصوص درجہ رکھتے تھے اسی بادشاہ کے دربار سے متعلق تھے

علماء ظاہری میں اس وقت ۴۶ صرف وہ لوگ تھے جو درس و تدریس کے مشغلہ میں مصروف تھے۔ فنِ قرأت کے جاننے والوں میں مولانا نشاطی، مولانا علاؤالدین، خواجہ زکی خواہرزادہ شیخ حسن بصری خاص طور سے قابل ذکر ہیں

اہل وعظ میں سے مولانا حسام الدین۔ مولوی جلال الدین مولانا شہاب الدین عبلیل۔ مولانا کریم وہ نفوس تھے جنھیں نوادر روزگار میں جگہ دی جاتی ہے

عہد علائی کے کاملین فن

طبقۂ شعراء میں صدرالدین عالی، فخرالدین، حمیدالدین، مولانا عارف، عبدالحکیم، شہاب الدین جن میں سے ہر ایک شیوہ شاعری میں ایک خاص طرز کا مالک تھا اور ان سب کے سرتاج حضرۃ امیر خسرو جو جامع کمالات ظاہری و باطنی ہونے کی حیثیت سے دنیا میں فرد تسلیم کئے جاتے ہیں اسی دربار کے زلہ ربا تھے

اطباء میں صدرالدین، جوینی طبیب، علیم الدین اور مولانا بدرالدین دمشقی خاص لوگ تھے۔ مولانا بدرالدین کی مسیحائی و حذاقت کا یہ عالم تھا کہ اسوقت تک کوئی دوسرا طبیب اس ذہانت و فراست کا پیدا نہیں ہوسکا ان کی نسبت مشہور ہے کہ اگر چند جانوروں کا قارورہ ایک جگہ ملا دیا جاتا تو یہ بتا دیتے کہ فلاں فلاں جانوروں کا بول اس میں شامل ہے

علاوہ انکے دیگر فنون کے ماہرین جن میں مغنی مطرب، اہل نجوم وغیرہ شامل تھے کثرت سے پائے جاتے تھے اور انکا شمار مشکل تھا۔

باب ۱۰

معلم اکبر کا فیصلہ

ہرچند گزشتہ واقعات نے میرے اندر ایک کیفیتِ اعتماد پیدا کردی تھی لیکن دفعتاً مجھے خیال آیا کہ معلوم نہیں کسوقت میرا زمانۂ قیام یہاں ختم ہو جائے اور بعض کام ادھورے رہ جائیں اس لئے میں نے تمام ان تدابیر پر غور کرنا شروع کیا جو مقصد کی تکمیل کے لئے ضروری تھیں اور جلد سے جلد ان پر عمل کرنے کا ارادہ کرلیا

جسوقت میں اس جامعۃ الجامعات میں داخل ہوا، میرا مقصود صرف یہ تھا کہ یہاں کی ذہنی و روحانی تربیت پوری طرح حاصل کرلوں، اور کرۂ ارض واپس جاکر اس کی اشاعت کروں اور یہ کہنا غالباً ناشکری ہوگی کہ قدرت نے اس کے حصول میں میری مدد نہیں کی۔ کرۂ زمین کی اصلاح کی طرف عملی قدم اُٹھانے کے لئے میں نے جن کی ہمدردی حاصل کی، ان میں خاص خاص یہ تھے:— دلآرام - جام زر - دوست - حاکم حاکمیان - آزاد پا - آتش بار - شہناز نور — آہنگ زن — اور پسند بنا۔

صرصر کا نام بھی اس فہرست میں نظر آتا اگر اسے اپنے کرۂ مریخ میں واپس جانا ضروری نہ ہوتا۔ اسوقت تک جتنے نفوس کی ہمدردی حاصل ہوئی سب کے سب وہ منتخب تھے۔ لیکن کچھ ذہین و مشہور ہستیاں اور بھی ایسی تھیں جنکی امداد و ہمدردی میں چاہتا تھا

مجھے لڑکپن سے تھیٹر کی طرف میلان تھا، میں خود بھی کبھی کبھی ڈرامے لکھتا تھا، ڈراموں کے جلسوں میں شریک ہوتا تھا۔ میں یہاں آیا، تو اپنا یہ شوق بھی ساتھ لایا اور آسمانی تمثیل نگاروں اور اداکاروں سے کافی مراسم پیدا ہو گئے۔ انھیں میں ایک بازدل تھا جو سیارہ الطایر سے یہاں آیا تھا یہ بڑا زبردست اداکار، بڑا قابل تمثیل نگار تھا، رفتہ رفتہ مجھ سے بہت مانوس ہوگیا۔ میں نے اس سے بھی درخواست کی کہ وہ مصلحین کرۂ ارض کی فہرست میں [illegible]، لیکن اس نے مجھے ایک ناتجربہ کار نوجوان سمجھ کر خاص توجہ نہیں کی

جیسا کہ میں نے ابھی ظاہر کیا، مجھے کرۂ ارض میں تھیٹر سے بہت دلچسپی تھی، لیکن اس کے یہ معنے نہیں کہ میں اسی کا ہو رہا تھا۔ فطرتاً میں بہت تنوع پسند واقع ہوا ہوں اور زندگی کا ہر شعبہ میرے لئے خاص کشش رکھتا ہے، چنانچہ میں وہاں کلیساؤں میں بھی جاتا تھا، مسجدوں مندروں میں بھی حاضری دیتا تھا، راہبوں، پنڈت اور ملاؤں سے بھی ملتا تھا۔

علاوہ ان کے میں نے مشہور تاریخی مقامات کا بھی سفر کیا، مشہور مشہور جگہوں کا جا ترا کیا۔ جوگیوں، فقیروں اور سادھوؤں سے ملا، حکام و عمال سے ملا، حکماء و فلاسفہ کے پاس گیا اور سب سے نہایت کشادہ دلی سے باتیں کیں، لیکن میرا دل جوں کا توں خالی رہا

ماہرین سائنس نے یقین دلایا کہ دنیا میں جو کچھ ہے وہ صرف جوہر فرد کی طاقت کا نتیجہ ہے، فقیروں نے کہا، جب تک ترک دنیا نہ کی جائے روحانی ترقی محال ہے، مندر والوں نے اپنے ناقوس کے پوتر ہونے کی کتھا سنائی، مسجد والوں نے اپنی اذان کی پاکیزگی کا دعوٰی کیا، اہل کلیسا نے آسمانی بادشاہت کے مواعید بتائے، لیکن وہ چیز جس کے لئے میرا دل بیتاب تھا کہیں نہ ملی۔ اور اسی لئے گھبرا کر میں آسمانی جامعۃ الجامعات میں چلا آیا

یہاں پہونچکر علاوہ اُن روحوں کے جن کا میں نے ابھی ذکر کیا، کچھ اور فن کار روحیں بھی مجھ سے مالوف ہوگئی تھیں ان میں ایک ارانوس کا نقاش جہاں نما تھا، دوسرا پنچون کا بت ساز تصویر کش تھا، تیسرا انطارس کا ماہر جمالیات روح افزا تھا۔ اسی طرح ارقطورس کا حکیم صحت دہ، کانولیس کا پہلوان زور افشاں، ویگا کا مدبر دربار عدلی اور کپیلا کا ماہر نفسیات علم پرداز میرے دوست ہوگئے تھے۔ میں چاہتا تھا کہ یہ سب میرے معاون ہوکر کرۂ ارض کی اصلاح میں حصہ لیں۔ چنانچہ ایک دن میں نے معلم اکبر کی روح سے عرض کیا۔ اس نے اول اول تو پس و پیش کیا کیونکہ ان روحوں کی ضرورت خود اُنکے سیاروں کو بھی تھی، لیکن جب میں نے زیادہ اصرار سے کام لیا اور کہا کہ "کرۂ ارض سے زیادہ سقیم حالت کسی کرہ کی نہیں ہے اور سب سے زیادہ توجہ اسی پر صرف ہونا چاہئے" تو اس نے وعدہ کیا کہ وہ ان روحوں کو اس طرف متوجہ کرنے کی کوشش کرے گا اور جس طرح یہ کوشش کامیاب ہوئی، اس کا حال ذیل کے بیان سے معلوم ہوگا

سیارۂ اعلیٰ کی جمہوریت کا پریسیڈنٹ، فراواں طاہر حال ہی میں منتخب ہوا تھا اور جامعۃ الجامعات کے طلبہ نے اس تقریب میں ایک جلسہ کیا تھا تاکہ فراواں طاہر کے خیالات جمہوریت معلوم کئے جائیں۔ یہ جلسہ نہایت وسیع پیمانہ پر کیا گیا تھا اور بڑا زبردست اجتماع ہونے والا تھا

سب سے پہلے آہنگ زن سے اس جلسہ کی ابتدا ہوئی۔ اس نے سیارۂ اعلیٰ کا ترانہ سنایا جسے سب نے کھڑے ہوکر نہایت خاموشی سے سنا، اس کے بعد آتشبار نے پریسیڈنٹ کے محاسن بیان کئے اور پھر شہناز نور نے مختلف کروں کے مختلف شعراء کی نظمیں سنائیں۔ آخر میں دلآرام اس چبوترہ پر لائی گئی جہاں فراواں طاہر اور افسر شاد بیٹھے ہوئے تھے اور پریسیڈنٹ نے کھڑے ہوکر مجمع کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ:-

"خدا خوبصورت ہے اور اس نے انسان کو اپنی ہی شکل کا پیدا کیا ہے، اس لئے سب سے بڑا مذہب وہی ہے جو سب سے زیادہ پرستار جمال ہے۔ اس لئے اے دلآرام میں تجھے "ملکۂ آسمان" کا خطاب پیش کرتا ہوں اور یہ جواہر کا تاج تیرے سر پر رکھتا ہوں"

یہ کہکر وہ آگے بڑھا اور دلآرام کے خوبصورت سر پر ایک سپید تاج ہیروں کا رکھ دیا۔ اسی اثنا میں معلم اکبر کی روح بھی آگئی تھی، لیکن کسی کو اس کا علم نہ تھا۔ جب یہ تمام مراسم ادا ہو گئے تو وہ ظاہر ہوئی اور سب نے اس سے التجا کی کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کرے۔ چنانچہ اسنے ایک ایسی سنجیدگی کے ساتھ جو یکسر تبسم بھی تھی جلسہ سے خطاب کیا کہ:۔

"اے میرے عزیزو، کامیابی کا سب سے بڑا راز یہ ہے کہ پہلے اپنے اوپر بھروسہ کرنا سیکھو۔ اور اسکی صورت صرف یہ ہے کہ سچائی کو خود اپنے اندر تلاش کرو اور خود اپنی فکر سے کسی نتیجہ پر پہونچو۔ اس آنکھ کے پیچھے جو نظر آرہی ہے ایک اور آنکھ ہے نظر نہ آنے والی۔ اس کان کے پیچھے جسے تم چھو سکتے ہو ایک اور کان ہے محسوس نہ ہونے والا اور تمھارے نفس حساس سے آگے ایک اور نفس ہے اس سے زیادہ حساس، اسلئے میں تمھیں نصیحت کرتا ہوں کہ تمھارا دیکھنا، سننا اور سوچنا اسی آنکھ، اسی کان اور اسی نفس سے ہونا چاہئے جو ماورائی کیفیت رکھتا ہے۔ اپنی شمع کو ایسی جگہ روشن کرو جہاں ہوا کا اندیشہ نہ ہو۔ دیکھو جب اپنا چراغ تم طاق کے اندر رکھتے ہو، تو وہ کیونکر یکساں روشن رہتا ہے۔ تمھاری شمع کا طاق تمھارا دل ہے، تمھاری روح ہے، جہاں کسی مخالف ہوا کا گزر نہیں۔ اس لئے اسی طرف دھیان رکھو اور اپنی اندرونی قوتوں کو قابو میں رکھو تاکہ تم فطرت کے ساتھ ہم آہنگ رہ کر زندگی بسر کرسکو۔ یاد رکھو کہ اصل چیز یہی ہم آہنگی ہے۔ تمھارا چلنا پھرنا، اُٹھنا بیٹھنا، بولنا چالنا، سونا جاگنا، سب اسی ہم آہنگی کے اندر ہونا چاہئے اور جب ایک بار تمھاری روح میں یہ ہم آہنگی سما گئی تو پھر تم اسوقت بھی مسرور نظر آؤ گے، جب مسرور ہونا دشوار ہوتا ہے اور اس وقت بھی تم متحمل وضابط ثابت ہو گے جب صبر وضبط کا دامن ہاتھ سے چھوٹ جایا کرتا ہے

اب میں تم سے مستقبل کے متعلق ایک اعلان کرنا چاہتا ہوں۔ میں تمھارے درمیان بہت عرصہ سے ہوں اور مجھے تم سب سے بہت محبت ہو گئی ہے، لیکن اب میری روانگی کا وقت آگیا ہے"

یہ سنتے ہی سب حیران رہ گئے۔ اس کی روانگی کی خبر۔ یہ معلوم ہوا گویا آسمان سے ایک ستارہ ٹوٹا اور غائب ہو گیا۔ سب پریشان ہو گئے۔ کسی کی سمجھ میں نہ آیا کہ وہ کہاں جانے والا ہے اور کیوں۔ اس نے تھوڑی دیر سکوت اختیار کرنے کے بعد کہا:۔

"اے میرے عزیزو، ایک اور ستارہ کے بسنے والے مجھے بلا رہے ہیں اور میں اپنے شاگردوں کا ایک منتخب قافلہ اپنی مدد کے لئے ساتھ لے جانا چاہتا ہوں تاکہ میں وہاں پہونچکر ان کو وہی تعلیم دوں جو تم نے حاصل کی ہے"

یہ کہہ کر اس نے مجھے دیکھا، ایک معنی خیز تبسم کے ساتھ میری طرف اس نے اپنی نظر پھیری۔ اسوقت میری کیفیت عجیب تھی۔ میں کچھ سمجھنا چاہتا تھا، لیکن دماغ کام نہ کرتا تھا، میں اس کی نگاہوں کا مدعا جان گیا تھا، لیکن یقین نہ آتا تھا۔

میں سوچ رہا تھا کیا واقعی دوسرے ستارے سے، میرا کرۂ ارض مراد ہے اور کیا معلم اکبر اب وہاں جانا چاہتا ہے، لیکن مجھے اپنی خوش قسمتی پر اعتبار نہ آتا تھا۔ میں گھبرا گیا، پسینے پسینے ہو گیا اور میرا دل اس طرح دھڑکنے لگا، گویا وہ باہر نکل پڑے گا اور میری آنکھوں میں آنسوؤں کا سیلاب امنڈ امنڈ کر آنے لگا۔ معلم اکبر کی آواز پھر بلند ہوئی اس نے کہا:۔

"ہاں، میں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ اب کرۂ "کشمکش" جاؤں گا۔ میں نے اپنی ایک جماعت طیار کر لی ہے جو اٹھارہ نفوس پر مشتمل ہے، جن میں سے ہر ایک اپنی اپنی جماعت اٹھارہ نفوس کی طیار کرے گا اور اسی طرح ہم ایک پورے نوری لشکر کے ساتھ "کرۂ کشمکش" کا سفر کریں گے"

اس وقت مجمع کے تعجب کی کوئی انتہا نہ تھی، ہر شخص کے چہرہ سے عجیب قسم کی حیرانی ٹپک رہی تھی، کیونکہ "کرۂ کشمکش" کا نام بہتوں نے سنا بھی نہ تھا اور جب انھیں معلوم ہوا کہ معلم اکبر کا مستقر اب یہ سیارہ ہوگا تو وہ حیران رہ گئے۔ ایک دوسرے سے پوچھ رہا تھا۔ یہ کرہ کہاں ہے۔ کس قسم کا ہے۔ کن لوگوں کی بستی ہے، اس میں وہ کیا خاص بات ہے کہ معلم اکبر وہاں جانا چاہتا ہے اور وہ اٹھارہ شاگرد کونسے ہیں جن کا انتخاب اس نے کیا ہے

معلم اکبر کی آواز پھر بلند ہوئی۔ اس نے کہا:۔

"سنو، جن کو میں نے منتخب کیا ہے ان میں سب سے پہلا نام "کرۂ کشمکش" کے آوارہ گرد کا ہے"

یہ سنتے ہی سب کی نگاہیں میری طرف پھر گئیں اور میری حالت اس وقت ایسی ہو گئی جیسے کوئی خواب دیکھتے دیکھتے دفعتاً چونک پڑے اور پھر سو جائے

میرا نام لینے کے بعد اس نے دلآرام۔ جام زر۔ دوست پرست۔ حاکم حاکمیاں۔ آزاد پا۔ آتش بار۔ شہناز نور۔ آہنگ زن۔ بازدل۔ جہاں نما۔ تصویر کش۔ پسند بنا۔ روح افزا۔ صحت دہ۔ زور افشاں۔ دربار عدلی۔ علم پرواز کے سلسلہ وار نام گنائے اور آخر کار اس طرح میرا وہ خواب پورا ہو کر رہا جس کے لئے میں اس قدر بیقرار تھا۔

نیاز فتحپوری کی دیگر تصانیف

مکتبۂ نگار لکھنؤ

ترغیبات جنسی (یا) شہوانیات

اس کتاب میں فحاشی کی تمام مظاہری اور غیر فطری قسموں کے حالات اور انکی تاریخ و نفسیاتی اہمیت پر نہایت شرح و بسط کیساتھ محققانہ تبصرہ کیا گیا ہے جسمیں بتایا گیا ہے کہ فحاشی دنیا میں کب اور کس کس طرح رائج ہوئی۔ نیز یہ کہ مذاہب عالم نے اسکے رواج میں کتنی مدد کی۔ اس کتاب میں آپ کو حیرت انگیز واقعات نظر آئیں گے

قیمت تین روپیہ (عہ) علاوہ محصول

خریداران نگار سے ایک روپیہ کم

مجموعۂ استفسار و جواب ۳ جلد

ان تینوں جلدوں میں ۲۲ء سے لیکر ۳۶ء تک کے استفسار و جواب شائع کئے گئے ہیں۔ اس مجموعہ کی اہمیت کا اظہار بیکار ہے کیونکہ نگار کو جو خصوصیت اس باب میں حاصل ہے وہ کسی سے مخفی نہیں ان تینوں جلدوں میں سیکڑوں ادبی تاریخی و تنقیدی مسایل شامل ہیں اور اسکی حیثیت ایک مختصر سی سائکلوپیڈیا کی ہے

قیمت فی جلد تین روپیہ (عہ) علاوہ محصول

خریداران نگار سے فی جلد ایکروپیہ کم

جذبات بھاشا

جناب نیاز نے ایک دلچسپ تمہید کے ساتھ بہترین ہندی شاعری کے نمونے پیش کرکے ان کی ایسی تشریح کی ہے کہ دل بیتاب ہوجاتا ہے۔ اُردو میں یہی سب سے پہلی کتاب اس موضوع پر لکھی گئی ہے اور ہندی کلام کے بے مثل نمونے نظر آتے ہیں۔

قیمت علاوہ محصول بارہ آنہ (۱۲ر)

خریداران نگار سے تین آنہ (۳ر) کم

فلاسفۂ قدیم

اس مجموعہ میں حضرت نیاز کے تین علمی مضامین شامل ہیں:-

۱- چند گمنام فلاسفۂ قدیم کی روحوں کے ساتھ۔

۲- مادیین کا مذہب۔

۳- حرکت کے کرشمے۔

نہایت مفید و دلچسپ کتاب ہے۔

قیمت ایک روپیہ (عہ)

علاوہ محصول

خریداران نگار سے چار آنہ (۴ر) کم

شاعر کا انجام

جناب نیاز کے عنوان شباب کا لکھا ہوا افسانہ حسن و عشق کی تمام نشہ بخش کیفیات اسکے ایک ایک جملہ میں موجود ہیں یہ فسانہ اپنے پلاٹ اور انشاء کے لحاظ سے اس قدر بلند چیز ہے کہ دوسری جگہ اس کی نظیر نہیں مل سکتی۔

قیمت دس آنے (۱۰ر)

علاوہ محصول

خریداران نگار سے دو آنہ (۲ر) کم

فراست الید

مولفۂ نیاز فتحپوری جس کے مطالعہ سے ایک شخص بآسانی ہاتھ کی شناخت اور اس کی لکیروں کو دیکھ کر اپنے یا دوسرے شخص کے مستقبل سیرت عروج و زوال موت و حیات صحت و بیماری شہرت و نیکنامی وغیرہ پر صحیح پیشین گوئی کر سکتا ہے۔

قیمت ایک روپیہ (عہ)

علاوہ محصول

خریداران نگار سے چار آنہ (۴ر) کم

مذاکرات نیاز

یعنے حضرت نیاز کی ڈائری جو ادبیات و تنقید عالیہ کا عجیب و غریب ذخیرہ ہے ایک بار اس کو شروع کر دینا اخیر تک پڑھ لینا ہے۔ اس کتاب کی بہت کم جلدیں باقی رہ گئی ہیں۔

قیمت بارہ آنے (۱۲ر)

علاوہ محصول

خریداران نگار سے تین آنہ (۳ر) کم

کہوارۂ تمدن

یہ وہ معرکۃ الآرا کتاب ہے جس میں تاریخ و اساطیر سے ثابت کیا گیا ہے کہ تمدن کی ترقی میں عورت نے کتنا زبردست حصہ لیا اور دنیائے تہذیب و شائستگی اس کی کس قدر ممنون ہے اُردو میں اس موضوع پر اس سے قبل کوئی کتاب نہیں لکھی گئی مصنف کو اس کتاب پر ریاست بھوپال سے ایک ہزار روپیہ انعام ملا تھا۔

قیمت دو روپیہ (عہ)

علاوہ محصول


رجسٹرڈ نمبر ۱۱۰۴

کمال طاقت

کمال نوجوانی — کمال جوانمردی — کمال حوصلہ — کمال اُمنگ

KAMAL * کمال

REGD. رجسٹرڈ



خون کی افزائش کے لئے دُنیا کی بہترین دَوا ہے۔ رگ و ریشہ مین خون پہنچا کر جوش اور [illegible] پیدا کرتی،

اعصاب کو تقویت دے کر اعضا، کو قوی اور مضبوط بناتی،

دل و دماغ کو قوت دیتی، کسل و ماندگی، سُستی و کاہلی کو دفع کرکے چُستی و چالاکی پیدا کرتی ہے،

غرض کہ جو قوت ایک مرد کو صحیح معنی مین مرد کہلا سکتی ہے "وہ **کمال**" ہی کی رہین منت ہے

نشے والی اور زہریلی چیزون سے پاک ہے

قیمت فی شیشی آٹھ روپے

مزید معلومات کیلئے فہرست طلب کیجئے!

TAYYEBI DAWAKHANA UNANI
INDORE, BOMBAY, 3.

پتہ

طبّی دَواخانہ یُونانی

چوک بازار، اِندَور	۶۶، محمّد علی روڈ بمبئی ۳
تار کا پتہ: "شاہی" اِندَور	ٹیلیفون نمبر ۲۶۹۸۳

TRADE MARK
U N A N I

۸۹۱۵۴۳۰۵

لگار جلد ۳۳
۱۹۳۸ء

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ لیا جائیگا۔

لائبریرین

جامعہ کے تمام

۱۔ اراکین مجلس

۲۔ اساتذہ جامعہ

۳۔ طلبا

۴۔ مصنفین

۵۔ ہر کتاب

۶۔ کتابوں

۷۔ قلمی نسخے

۸۔ کتاب